# نور میں مستور سخن

منظوم سیرت

حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم

فقیر عبدالمجید چٹھہ

Marfat.com

برائے پنجاب یونیورسٹی لاہور لائبریری

5/10/18

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# نورِ ہدایت

(جلد اول)

آصف جاوید عظیمی



Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# نور میں مستور سخن

(منظوم سیرت حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)

Marfat.com

297.16
۱۴۱۲۲۲


| | | |
|---|---|---|
| کتاب | : | نورِ ہدایت (جلد اوّل) |
| مؤلف | : | آصف جاوید عظیمی |
| کمپوزنگ | : | عظیمی کمپوزرز، بحریہ ٹاؤن، اسلام آباد |
| تحقیق و تدوین | : | آصف جاوید عظیمی |
| پروف ریڈنگ و معاونت | : | عمران الطاف عظیمی، عاشق حسین بٹ عظیمی، ظفر محمود عظیمی |
| تعدادِ اشاعت | : | 1000 |
| سنِ اشاعت | : | اکتوبر 2017ء |
| ہدیہ | : | 900روپے |
| پیشکش | : | مراقبہ ہال اسلام آباد |
| ای میل | : | aj_azeemi@hotmail.com |
| آئی ایس بی این | : | ISBN 978-969-23253-0-1 |
| پتہ | : | 1) مراقبہ ہال سواں کیمپ اسلام آباد (بحریہ ٹاؤن فیز 7 اسلام آباد) |
| | : | 2) عظیمیہ دواخانہ، قاضی مارکیٹ، مریڑ حسن، راولپنڈی |
| برائے رابطہ | : | 0515169242,03005186419,03345838315 |




Marfat.com

Marfat.com

# انتساب

مرشدِ کریم

## حضرت خواجہ شمس الدّین عظیمی صاحب

کے شاگردِ رشید اور نگران مراقبہ ہال اسلام آباد

## محترم قاضی مقصود احمد عظیمی

کے نام



Marfat.com

# نور میں مستور سخن

(منظوم سیرت حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)

عبدالمجید چٹھہ

M-32937
DATA ENTERED

دھنک مطبوعات
0300-8873052
Shams.ua786@gmail.com

Marfat.com

جُملہ حقُوق نوعِ انسانی کے لئے محفُوظ ہیں۔
اِس کتاب کا کوئی بھی حِصّہ یا پوری کتاب،
ہر علم دوست انسان چھاپ سکتا ہے۔



Marfat.com

اہتمام اشاعت

زاہد محمود زاہد

297.9921
ق 53 ن
141197

## ضابطہ

نام کتاب : نُور میں مستور سُخن (منظوم سیرت حضرت محمد ﷺ)

شاعر : عبدالمجید چٹھہ

سرورق : احسن گل

سالِ اشاعت: ستمبر 2018

کمپوزنگ : زرناب کمپوزنگ سنٹر، لاہور

مطبع : حاجی منیر اینڈ سنز پریس، لاہور

قیمت : -/600روپے

دھنک مطبوعات

0300-8873052

Shams.ua786@gmail.com

Marfat.com

# فہرست مضامین

## جلد اوّل


| | | |
|---|---|---|
| | سورہ مبارکہ مع موضوعات جلد اوّل | 2 |
| بِسۡمِ اللّٰہِ | **بسم اللہ** | 4 |
| | آغاز اللہ کے نام سے | 4 |
| سُوۡرَۃُ الۡفَاتِحَۃِ | **اِنعام یافتہ لوگ** | 9 |
| | خوش نصیبی | 11 |
| سُوۡرَۃُ الۡبَقَرَۃِ | **غیب** | 24 |
| | غیب اور متقی | 24 |
| | غیب اور مظاہر | 25 |
| | غیب پر یقین | 26 |
| | تسخیر | 26 |
| | یقین کا حصول | 28 |
| سُوۡرَۃُ الۡبَقَرَۃِ | **اللہ تعالیٰ کی مہر** | 30 |
| | لطائف | 31 |
| | لطائف کے نام | 31 |
| سُوۡرَۃُ الۡبَقَرَۃِ | **اللہ کا نائب** | 34 |
| | نائب کے معنی | 35 |
| | نائب کے اختیارات | 35 |
| | آدمؑ کی حاکمیت اور علم الاسماء | 36 |
| | کائنات اللہ تعالیٰ کے علم کا جزو | 37 |
| | کائنات اور اللہ تعالیٰ کے اسماء | 37 |
| | علم کی تین جہتیں | 38 |
| | آدمؑ کا تعارف | 39 |




Marfat.com

# انتساب

والدہ محترمہ حمیدہ شریف (مرحومہ)

والد محترم محمد شریف چٹھہ (مرحوم)

بھائی شوکت علی چٹھہ (مرحوم)

بھائی اشفاق حسین چٹھہ (مرحوم)

ہمشیرہ یاسمین شریف چٹھہ (مرحومہ)

Marfat.com

فرشتوں کی عاجزی ---------- 39
آدم علیہ السلام کا اظہارِ علوم ---------- 39
آدم علیہ السلام کی فرشتوں پر برتری ---------- 39
اللہ تعالیٰ کا خزانہ ---------- 40
انسان کا مقصدِ حیات ---------- 40
انسان کا حقیقی شرف اللہ کی نیابت ---------- 41
سُوْرَۃُ الْبَقَرَۃِ **تکوین** ---------- 43
چار شعبے ---------- 44
خلاصہ ---------- 45
تکوین کے عہدے ---------- 45
تکوینی شعبے ---------- 46
صدر الصدور ---------- 46
قلندر کا مقام ---------- 48
ابدال اور قطب ---------- 48
قلندر ---------- 49
ملامتی ---------- 49
خضرِ وقت ---------- 49
غوث ---------- 49
ابدال ---------- 49
اوتاد ---------- 49
صوفی ابولوقت ---------- 50
صوفی ابن الوقت ---------- 50
عارف ---------- 50
ولی ---------- 50
اہلِ تفرید ---------- 50




Marfat.com

Marfat.com

| | | |
|---|---|---|
| 51 | انجارج ہفت اقلیم | |
| 52 | **جنّت** | سُوْرَۃُ الْبَقَرَۃِ |
| 52 | درخت | |
| 53 | شجرِ ممنوعہ کی روحانی تفسیر | |
| 54 | آدمؑ، جنّت اور ابلیس | |
| 55 | آدمؑ کا جنّت سے خروج | |
| 55 | اعترافِ گناہ | |
| 55 | زمین کی مادی زندگی | |
| 56 | جنّت کی اقسام/نام | |
| 57 | **نماز اور زکوٰۃ کا پروگرام** | سُوْرَۃُ الْبَقَرَۃِ |
| 57 | صلوٰۃ/نماز | |
| 58 | زکوٰۃ | |
| 58 | جمع | |
| 60 | **انتقال کے بعد** | سُوْرَۃُ الْبَقَرَۃِ |
| 61 | شعور کیا ہے؟ | |
| 61 | کیا رُوح شعور ہے؟ | |
| 63 | کوانٹم فزکس | |
| 63 | شعور اور کوانٹم کمپیوٹر | |
| 64 | مائیکروٹیوبیولز کیا ہیں؟ | |
| 64 | Orchestrated Objective Reduction Theory | |
| 65 | اعلیٰ فیبرک یا تانا بانا | |
| 67 | **پھٹکارے ہوئے بندر** | سُوْرَۃُ الْبَقَرَۃِ |
| 68 | حضرت شاہ ولی اللہ رحمۃ اللہ علیہ | |
| 69 | **من و سلویٰ** | سُوْرَۃُ الْبَقَرَۃِ |
| 71 | **اللہ دیکھ رہا ہے** | سُوْرَۃُ الْبَقَرَۃِ |




Marfat.com

# فہرست


❀ مطالعہ سیرت کا ایک نیا زاویہ — ڈاکٹر ممتاز احمد سدیدی الازہری ۱۹
❀ حمد باری تعالیٰ ۲۲
❀ پیدائش ۲۳
❀ حضرت حلیمہ سعدیہؓ کے گھر آمد ۲۸
❀ حُسنِ سراپا ۲۹
❀ سیدنا عبدالمطلبؓ کی محبت ۳۶
❀ سیّدہ آمنہؓ کی وفات اور آپؐ ۳۶
❀ پہلا تجارتی سفر اور بحیرہ راہب کا انکشاف ۳۷
❀ کعبہ معظّمہ کی تعمیرِ نو میں آپ کی عظمت ۳۸
❀ تنصیب حجرِ اسود ۴۰
❀ شام کی طرف تجارتی سفر اور ازدواجی زندگی کا آغاز ۴۰
❀ روشنی، آواز اور پہلی وحی غارِ حرا میں ۴۲
❀ دارِ ارقم پہلا تربیتی مرکز ۴۵
❀ جنات/شیاطین کا آسمان پہ جانا ۴۶
❀ افضل واوّل صحابہؓ ۴۶


Marfat.com

| | | |
|---|---|---|
| سُوْرَۃُ الْبَقَرَۃِ | **آزمائش** | 74 |
| سُوْرَۃُ الْبَقَرَۃِ | **اِنَّا لِلّٰہِ وَ اِنَّآ اِلَیْہِ رٰجِعُوْنَ** | 76 |
| | ادراک + آواز = الفاظ | 76 |
| | کائنات اللہ تعالیٰ کی آواز | 76 |
| | ادراک کی وسعت | 77 |
| | اللہ تعالیٰ کا علم | 78 |
| | اِنَّا لِلّٰہِ وَ اِنَّآ اِلَیْہِ رٰجِعُوْنَ | 79 |
| | خیالات کا منبع | 79 |
| سُوْرَۃُ الْبَقَرَۃِ | **روزہ** | 83 |
| | مظاہر کی نفی | 84 |
| | دو طرح کے حواس | 85 |
| | روزے کے فضائل | 87 |
| | قیام الیل | 89 |
| | تلاوتِ قرآن | 89 |
| | انفاق فی سبیل اللہ | 90 |
| | سوچ کا فروغ | 90 |
| | لیلۃ القدر | 91 |
| | اعتکاف | 91 |
| | استقبالِ رمضان | 91 |
| | عید الفطر اور عید الاضحیٰ | 92 |
| سُوْرَۃُ الْبَقَرَۃِ | **سریع الحساب** | 94 |
| سُوْرَۃُ الْبَقَرَۃِ | **حُرمت والا مہینہ** | 96 |
| سُوْرَۃُ الْبَقَرَۃِ | **قانونِ قُدرت** | 98 |
| | حکمت | 99 |




Marfat.com

| | |
|---|---|
| ❀ اعلانیہ دعوت و تبلیغ | ۴۷ |
| ❀ حضرت حمزہؓ کا اسلام لانا | ۴۹ |
| ❀ حضرت عمرؓ کا اسلام لانا | ۵۱ |
| ❀ فروغ دین اور کفار کی پریشانی | ۵۳ |
| ❀ شعب ابی طالبؓ | ۵۶ |
| ❀ شق قمر | ۵۶ |
| ❀ عہد نامہ مقاطعہ | ۶۰ |
| ❀ معاہدے کو دیمک چاٹ گئی | ۶۲ |
| ❀ شعب ابی طالب سے رہائی | ۶۲ |
| ❀ جاں نثاری کا پیکر اتم حضرتِ ابوطالب | ۶۳ |
| ❀ سیّدہ خدیجۃ الکبریٰؓ کا وصال | ۶۵ |
| ❀ ''طائف کے سفر میں'' | ۶۶ |
| ❀ ابولہب قبیلے کا سردار | ۶۸ |
| ❀ حضورؐ پرنور طائف میں | ۶۹ |
| ❀ پہاڑوں کا فرشتہ بارگاہِ رسالت میں | ۷۰ |
| ❀ ''طائف سے واپسی'' | ۷۳ |
| ❀ طائف سے واپسی اور مکہ مکرمہ میں داخل ہونا | ۷۴ |
| ❀ سفرِ معراج | ۷۵ |
| ❀ قوم کے سامنے بیانِ معراج | ۷۶ |
| ❀ ہجرت | ۷۹ |
| ❀ دارالندوہ میں ابلیسی قوتوں کا اجلاس | ۷۹ |

Marfat.com

| | | |
|---|---|---|
| سُوْرَۃُ الْبَقَرَۃِ | دین میں زبردستی نہیں | 101 |
| | سعید اور شقی ارواح | 101 |
| سُوْرَۃُ الْبَقَرَۃِ | حضرت ابراہیمؑ کا نمرود سے مکالمہ | 103 |
| سُوْرَۃُ الْبَقَرَۃِ | حیات و ممات | 107 |
| | حیات و ممات | 108 |
| | حکمت | 109 |
| | سانس کی سائنس | 109 |
| | حضرت بہاؤلدین ذکریا ملتانی رحمۃ اللہ علیہ | 110 |
| | کافر شاہؒ | 111 |
| | پہاڑ کا نظام تنفس | 114 |
| | مثال | 114 |
| | ٹائم اسپیس کا قانون | 114 |
| | مثال | 115 |
| | مثال | 115 |
| سُوْرَۃُ الْبَقَرَۃِ | یقین | 116 |
| | یقین | 117 |
| | علم الیقین، عین الیقین، حق الیقین | 117 |
| | مثال 1 | 118 |
| | مثال 2 | 118 |
| | مثال 3 | 118 |
| | چار پرندے | 118 |
| | پیغمبرانہ طرز فکر | 120 |
| سُوْرَۃُ الْبَقَرَۃِ | سُود خوری کی ممانعت | 123 |
| | دولت پرستی | 124 |



Marfat.com

- ❀ حضرت علیؓ کا اعزاز ۸۰
- ❀ محاصرین کے سروں پر نامرادی کی خاک ۸۱
- ❀ سراقہ کاروانِ ہجرت کے تعاقب میں ۸۳
- ❀ غارِ ثور میں آمد ۸۴
- ❀ حضرت اُمّ معبدؓ کی سعادت ۸۵
- ❀ بریدہ بن حصیب الاسلمی سے ملاقات ۸۷
- ❀ انتظار آمدِ رسولؐ ۸۹
- ❀ قبا کی فضاؤں میں ادب واحترامِ رسولؐ کی خوشبو ۹۱
- ❀ قبا میں حضورؐ کا قیام ۹۲
- ❀ مدینہ منورہ میں آمد ۹۳
- ❀ حضرت ابوایوبؓ انصاری کا اعزاز ۹۴
- ❀ تعمیر مسجد اور تاجدارِ کائنات ۹۶
- ❀ صفہ کا چبوترہ ۹۷
- ❀ قبلہ کی تبدیلی ۹۸
- ❀ مسجد میں اذان ۹۹
- ❀ مواخات ۱۰۱
- ❀ صفہ اور اصحابؓ صفہ ۱۰۲
- ❀ میثاقِ مدینہ ۱۰۲
- ❀ سیّدہ فاطمہؓ کی حضرت علیؓ سے شادی ۱۰۴
- ❀ اُمّ المومنین حضرت سودہؓ ۱۰۶
- ❀ اُمّ المومنین حضرت عائشہؓ ۱۰۷


Marfat.com

| | | |
|---|---|---|
| سُوْرَةُ اٰلِ عِمْرٰنَ | **یقین کا پیٹرن** | 126 |
| | انبیاء کی طرزِ فکر | 127 |
| | خیر یا شر | 128 |
| | طرزِ فکر کے حصول کا طریقہ | 129 |
| | دوست تک رسائی | 131 |
| | اطمینانِ قلب کا حصول | 132 |
| سُوْرَةُ اٰلِ عِمْرٰنَ | **لیل و نہار** | 134 |
| | نیند سے بیداری تک کے مراحل | 134 |
| | بیداری سے نیند تک کے مراحل | 135 |
| | بیداری میں دیکھنے کا پہلا قانون | 136 |
| | بیداری میں دیکھنے کا دوسرا قانون | 136 |
| | بیداری میں دیکھنے کا تیسرا قانون | 136 |
| | تلوین اور استرخاء | 136 |
| سُوْرَةُ اٰلِ عِمْرٰنَ | **رات اور دن کے حواس** | 138 |
| | رات اور دن کے حواس / شعور اور لاشعور | 138 |
| | بیداری اور نیند کی روحانی حیثیت | 138 |
| | خواب | 139 |
| | خواب نبوت کا چھیالیسواں حصہ ہے | 140 |
| | تمام زمینوں پر نشر ہونے والی اطلاع ایک ہے | 141 |
| | قانون | 142 |
| | قلم لکھ کر خاموش ہو چکا | 144 |
| سُوْرَةُ اٰلِ عِمْرٰنَ | **وحی** | 146 |
| | نبی کی تعریف اور وحی | 146 |
| | وحی میں پیغام کے ذرائع | 147 |
| | وحی کی اقسام | 148 |




Marfat.com

| | |
|---|---|
| ❀ اُمّ المومنین حضرت حفصہؓ | ۱۰۸ |
| ❀ اُمّ المومنین حضرت زینب بنت خذیمہؓ | ۱۱۰ |
| ❀ ولادت حضرت امام حسنؓ | ۱۱۱ |
| ❀ اُمّ المومنین حضرت اُمّ سلمہؓ | ۱۱۲ |
| ❀ حضرت علیؓ کی والدہ محترمہ کی وفات | ۱۱۳ |
| ❀ اُمّ المومنین حضرت جویریہؓ سے شادی | ۱۱۵ |
| ❀ اُمّ المومنین حضرت زینبؓ بنت جحش سے نکاح | ۱۱۶ |
| ❀ اُمّ المومنین حضرت اُمّ حبیبہؓ | ۱۱۷ |
| ❀ اُمّ المومنین سیدہ صفیہؓ | ۱۱۹ |
| ❀ اُمّ المومنین سیّدہ میمونہؓ | ۱۲۰ |
| ❀ دعوتِ حق کی توسیعی مہم | ۱۲۲ |
| ❀ عزیزِ مصر والیٔ مقوقس کے نام خط | ۱۲۲ |
| ❀ رئیس شام منذر بن الحارث کے نام | ۱۲۳ |
| ❀ قیصر روم ہرقل کے نام خط | ۱۲۴ |
| ❀ شاہِ فارس کسریٰ کے نام خط | ۱۲۶ |
| ❀ غزوہ بدر | ۱۲۷ |
| ❀ مرکزِ قیادت | ۱۲۸ |
| ❀ ابوجہل کا قتل | ۱۳۱ |
| ❀ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی دُعا | ۱۳۲ |
| ❀ فرشتوں کی نصرت | ۱۳۳ |
| ❀ اُمیہ بن خلف کی ہلاکت | ۱۳۴ |


Marfat.com

| | | |
|---|---|---|
| | جلی وحی | 148 |
| | خفی وحی | 148 |
| | وحی کی ابتداء | 148 |
| | خواب اور نبوت | 149 |
| | القاء | 149 |
| | الہام | 149 |
| | کشف | 150 |
| | سچے خواب | 150 |
| سُوْرَۃُ اٰلِ عِمْرٰنَ | **حضرت عیسٰی علیہ السلام کا معجزہ** | 151 |
| | حصہ اوّل | 151 |
| | حصہ دوم | 152 |
| | تخلیقی فارمولہ | 154 |
| سُوْرَۃُ اٰلِ عِمْرٰنَ | **تخلیق کا علم** | 155 |
| | مرحلہ اول | 155 |
| | مرحلہ دوم | 155 |
| | اسمِ اطلاقیہ | 156 |
| | عالمِ عینیہ | 156 |
| | مٹی | 157 |
| | روشنی + مٹی = جسم | 157 |
| سُوْرَۃُ اٰلِ عِمْرٰنَ | **اللہ کی نعمت** | 159 |
| | اللہ کی نعمت | 159 |
| سُوْرَۃُ اٰلِ عِمْرٰنَ | **نبی کریم ﷺ کا وصال** | 161 |
| سُوْرَۃُ اٰلِ عِمْرٰنَ | **صاحبِ اِستقامت لوگ** | 163 |
| | مومن اور ناامیدی | 164 |
| سُوْرَۃُ اٰلِ عِمْرٰنَ | **سخاوت** | 165 |




Marfat.com

❀ کفار کی لاشوں سے خطاب ۱۳۵

❀ بدر کا گڑھا ۱۳۶

❀ مدینے کو واپسی ۱۳۷

❀ مجاہدین بدر کا استقبال ۱۳۸

❀ اسیرانِ جنگ کا انجام ۱۳۹

❀ جنگِ اُحد کے اسباب ۱۴۰

❀ انتقامی جنگ کے لیے قریش کی تیاری ۱۴۱

❀ مدینے میں اطلاع ۱۴۲

❀ کفار کے لشکر کی مدینہ آمد ۱۴۳

❀ مسلمانوں کی مشاورت ۱۴۴

❀ میدانِ جنگ کی تیاری ۱۴۴

❀ لشکر اسلام اُحد اور مدینے کے درمیان ۱۴۶

❀ عبداللہ بن ابی کا کردار ۱۴۷

❀ اسلامی لشکر دامن اُحد میں ۱۴۸

❀ جنگ کی ابتدا ۱۴۹

❀ حضرت ابو دجانہؓ کی خوش قسمتی ۱۵۰

❀ ابوسفیان کی اپنے لشکر کو ترغیب ۱۵۱

❀ تلوار کا حق ۱۵۳

❀ حضرت حمزہؓ کی شہادت ۱۵۴

❀ مسلمانوں کی بالا دستی ۱۵۶

❀ تیر اندازوں کے کارنامے ۱۵۷


Marfat.com

| | | |
|---|---|---|
| سُوْرَۃُ اٰلِ عِمْرٰنَ | **اولی الباب** | 168 |
| | اولی الباب کی تعریف | 169 |
| | تخلیقات پر گہری نظر | 169 |
| | دو گروہ | 169 |
| | انسانی ترقّی | 170 |
| | موجودہ سائنسی ترقّی باعثِ رحمت؟ | 170 |
| | ایجادات کا قانون | 171 |
| | سائنسی علوم کا روحانی علوم سے تعلق | 173 |
| | خیال | 174 |
| | انتقالِ خیال | 174 |
| | مسلمان اور تسخیرِ کائنات | 175 |
| سُوْرَۃُ النِّسَآءِ | **حقوقِ نسواں** | 178 |
| | خواتین کے حقوق | 178 |
| سُوْرَۃُ النِّسَآءِ | **نفسِ واحدہ** | 181 |
| | نسبتِ وحدت | 181 |
| | لطائف | 182 |
| | لطائف کی تفصیل | 184 |
| | مخلوقات میں لطائف کی تعداد | 184 |
| | لطائف نام اور رنگ | 185 |
| | چار نہریں | 185 |
| | نہر تسوید | 185 |
| | نہر تجرید | 185 |
| | نہر تشہید | 186 |
| | نہر تظہیر | 186 |
| | لطیفہ اخفیٰ | 186 |




Marfat.com

| | |
|---|---|
| ❀ تیراندازوں کی خوفناک غلطی | ۱۵۸ |
| ❀ اسلامی لشکر نرغے میں | ۱۵۹ |
| ❀ آپؐ کے دلیرانہ اقدام | ۱۶۰ |
| ❀ مسلمانوں میں انتشار | ۱۶۱ |
| ❀ حضورؐ کے پاس خون ریز معرکہ | ۱۶۲ |
| ❀ صحابہ کا جوشِ جانثاری | ۱۶۴ |
| ❀ حضرت مصعبؓ بن عمیر کی شہادت | ۱۶۷ |
| ❀ حضورؐ کی پیہم معرکہ آرائی اور حالات پر قابو | ۱۶۸ |
| ❀ مشرکین کا آخری حملہ | ۱۷۰ |
| ❀ گھاٹی میں قرار یابی کے بعد | ۱۷۱ |
| ❀ مشرکین کی واپسی | ۱۷۱ |
| ❀ شہیدوں اور زخمیوں کی خبر گیری | ۱۷۳ |
| ❀ مدینے کو واپسی | ۱۷۳ |
| ❀ حضرت حنظلہؓ کی شہادت | ۱۷۵ |
| ❀ غزوۂ خندق/ یہود اور قریش کی مشترکہ کوشش | ۱۷۷ |
| ❀ خندق کی کھدائی | ۱۷۸ |
| ❀ ایک عجیب چٹان | ۱۸۰ |
| ❀ حضرت جابرؓ کی دعوت | ۱۸۱ |
| ❀ بابرکت کھجوریں | ۱۸۳ |
| ❀ اسلامی فوج میں مورچہ بندی | ۱۸۴ |
| ❀ کفار کا حملہ | ۱۸۴ |


Marfat.com

| | | |
|---|---|---|
| | لطیفہ خفی | 186 |
| | لطیفہ سری | 186 |
| | لطیفہ روحی | 186 |
| | لطیفہ قلبی | 187 |
| | لطیفہ نفسی | 187 |
| | اللہ تعالیٰ کے ساتھ نسبت | 187 |
| سُوْرَۃُ النِّسَآءِ | **حق مہر** | 190 |
| | حق مہر | 190 |
| | مہر کی رقم کتنی ہونی چاہیے | 191 |
| سُوْرَۃُ النِّسَآءِ | **قوامون** | 192 |
| سُوْرَۃُ النِّسَآءِ | **اللہ کا نور** | 195 |
| | ذات اور صفات کا مفہوم | 195 |
| | وحدانیت سے مراد | 195 |
| | اللہ تعالیٰ کا نور | 196 |
| | روح کی شناخت | 197 |
| | کائنات اللہ کے علم کا مظاہرہ | 197 |
| | وَ كَانَ اللّٰهُ بِكُلِّ شَيْءٍ مُّحِيْطًا کا عکس | 198 |
| سُوْرَۃُ النِّسَآءِ | **رفع المسیحؑ** | 200 |
| سُوْرَۃُ النِّسَآءِ | **خوشخبری سنانے والے** | 203 |
| | دوہرا پن | 204 |
| سُوْرَۃُ الْمَآئِدَۃِ | **وضو** | 205 |
| | مخلوقات میں برقی رو | 205 |
| | وضو کی سائنس | 206 |
| | ہاتھ دھونا | 206 |
| | کلی کرنا | 208 |




Marfat.com

❀ بنو قریظہ کی غداری ۱۸۵
❀ قریش کی پریشانی ۱۸۷
❀ حضرت سعدؓ بن معاذ کی شہادت ۱۸۹
❀ حضرت سیّدہ صفیہؓ کی بہادری ۱۹۰
❀ حضرت نعیمؓ کا مشرکوں کو دھوکہ ۱۹۱
❀ کافروں کا آپس میں توڑ ۱۹۵
❀ حضرت حذیفہؓ کی جاسوسی اور لشکر کفار کی واپسی ۱۹۷
❀ حدیبیہ کا واقعہ/مسلمانوں میں روانگی کا اعلان ۱۹۹
❀ قریش کی جنگ کے لیے تیاری ۲۰۰
❀ حدیبیہ میں آمد ۲۰۱
❀ بدیل بن ورقاء کی خدمت اقدس میں حاضری ۲۰۲
❀ قریش کے ایلچی ۲۰۳
❀ حلیس بن علقمہ ۲۰۳
❀ عروہ بن مسعود ثقفی ۲۰۵
❀ روکے ہیں ہاتھ وہ جس نے انہی کا ذکر ہے یہ ۲۰۶
❀ حضرت عثمانؓ کی سفارت ۲۰۷
❀ حضرت عثمانؓ کی شہادت کی خبر اور بیعت رضوان ۲۰۸
❀ بیعت رضوان ۲۰۹
❀ صلح اور دفعاتِ صلح ۲۱۰
❀ حضرت ابو جندلؓ کی واپسی ۲۱۲
❀ مہاجرہ عورتوں کی واپسی سے انکار ۲۱۳

Marfat.com

| | | |
|---|---|---|
| | ناک میں پانی ڈالنا | 207 |
| | چہرہ دھونا | 207 |
| | کہنیوں تک ہاتھ دھونا | 208 |
| | مسح کرنا | 208 |
| | گردن کا مسح | 208 |
| | پیروں کا مسح کرنا یا دھونا | 209 |
| سُوْرَۃُ الْمَآئِدَۃِ | **ہابیل قابیل** | 210 |
| سُوْرَۃُ الْمَآئِدَۃِ | **وسیلہ** | 213 |
| | نیک ہستیوں کے ارادے کی قوت | 213 |
| سُوْرَۃُ الْاَعْرَافِ | **صاحبِ جنت و دوزخ** | 215 |
| سُوْرَۃُ الْاَعْرَافِ | **چھ دن اور کائنات** | 217 |
| | وقت | 218 |
| | مثال | 220 |
| | علم کی دو طرزیں | 221 |
| | قربِ فرائض | 221 |
| | مثال | 222 |
| | قربِ نوافل | 222 |
| | عالم ناسوت | 222 |
| | عالم ملکوت | 223 |
| | عالم جبروت | 223 |
| | عالم لاہوت | 223 |
| | یکجائی پروگرام کاڈسپلے | 224 |
| سُوْرَۃُ الْاَعْرَافِ | **تباہی کا سبب** | 225 |
| سُوْرَۃُ الْاَعْرَافِ | **ایڈز** | 229 |
| | ایڈز | 230 |




Marfat.com

| | |
|---|---|
| ❀ فتح مبین | ۲۱۴ |
| ❀ صلح حدیبیہ کے ثمرات | ۲۱۵ |
| ❀ غزوہ خیبر | ۲۱۶ |
| ❀ مسلمان خیبر چلے | ۲۱۸ |
| ❀ اسلامی علم بردار | ۲۱۹ |
| ❀ یہود کی تیاری | ۲۲۰ |
| ❀ فاتح خیبر | ۲۲۲ |
| ❀ خیبر کا انتظام | ۲۲۶ |
| ❀ حضورؐ کو زہر دیا گیا | ۲۲۸ |
| ❀ حضرت جعفرؓ کی حبشہ سے واپسی | ۲۳۰ |
| ❀ اہل وادی القریٰ کی صلح | ۲۳۰ |
| ❀ فِدک کی صلح | ۲۳۲ |
| ❀ عمرۃ القضا | ۲۳۳ |
| ❀ حضرت حمزہؓ کی صاحبزادی | ۲۳۶ |
| ❀ جنگ موتہ | ۳۷ |
| ❀ لشکر کے امرا اور وصیت | ۲۳۹ |
| ❀ معان میں مجلس شوریٰ | ۲۴۰ |
| ❀ دشمن کی طرف اسلامی لشکر کی پیش قدمی | ۲۴۱ |
| ❀ جنگ کا آغاز اور سپہ سالاروں کی شہادت | ۲۴۲ |
| ❀ جھنڈا اللہ کی تلواروں میں سے ایک تلوار کے ہاتھ میں | ۲۴۵ |
| ❀ غزوہ فتح مکہ | ۲۴۶ |


Marfat.com

| | | |
|---|---|---|
| سُوْرَۃُ الْاَعْرَافِ | **اَلَسْتُ بِرَبِّکُم قَالُوْبَلٰی** | 232 |
| | مقصدِ تخلیق | 232 |
| | کن اور قالو بلیٰ کا وقفہ | 233 |
| | کائناتی پراسس کا آغاز | 233 |
| | مائکرو فلم | 234 |
| | تصوف کا مقصد | 234 |
| | عالمین | 235 |
| | دیکھنے کی طرز | 236 |
| | وحدت الوجود اور وحدت الشہود | 237 |
| | سعید روحیں | 238 |
| سُوْرَۃُ الْاَعْرَافِ | **مذکر مونث** | 239 |
| | حضرت اماں حوا کی تخلیق | 239 |
| | مونث و مذکر کا تخلیقی راز | 239 |
| | غالب اور مغلوب پرت | 240 |
| سُوْرَۃُ الْاَنْفَالِ | **جنگ بدر** | 241 |
| سُوْرَۃُ الْاَنْفَالِ | **حضرت ابو ایوب انصاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ** | 242 |
| | انتخابِ درِ ابو ایوبؓ کی وجہ | 243 |
| سُوْرَۃُ التَّوْبَۃِ | **غار ثور** | 245 |
| سُوْرَۃُ التَّوْبَۃِ | **مشرکین کے لئے مغفرت** | 247 |
| سُوْرَۃُ التَّوْبَۃِ | **عرش العظیم** | 248 |
| | لوحِ محفوظ | 248 |
| | سات آسمان | 248 |
| | کائنات کی چار جہتیں | 249 |
| | عرش | 249 |
| | بیت المعمور | 249 |




Marfat.com

| | |
|---|---|
| ❀ تجدید صلح کے لیے ابوسفیان مدینہ میں | ۲۴۹ |
| ❀ غزوہ کی تیاری اور اخفا کی کوشش | ۲۵۳ |
| ❀ اسلامی لشکر مکہ کی راہ میں | ۲۵۸ |
| ❀ میلوں تک آگ ہی آگ | ۲۵۹ |
| ❀ قریش کے جاسوس | ۲۶۰ |
| ❀ حضرت ابوسفیانؓ کا قبولِ اسلام | ۲۶۳ |
| ❀ اسلامی لشکر اچانک قریش کے سر پر | ۲۶۵ |
| ❀ اسلامی لشکر ذی طویٰ میں | ۲۶۹ |
| ❀ مکّہ میں اسلامی لشکر کا داخلہ | ۲۷۰ |
| ❀ مسجد حرام میں رسول اللہ کا داخلہ اور بتوں کی تطہیر | ۲۷۱ |
| ❀ خانہ کعبہ میں رسول اللہ کی نماز اور قریش سے خطاب | ۲۷۳ |
| ❀ آج کوئی سرزنش نہیں | ۲۷۵ |
| ❀ کعبۃ اللہ کی مبارک کنجی | ۲۷۵ |
| ❀ کعبے کی چھت پر اذانِ بلالی | ۲۷۶ |
| ❀ فتح یا شکرانے کی نماز | ۲۷۸ |
| ❀ فتح کے دوسرے دن رسول اللہ ﷺ کا خطبہ | ۲۷۹ |
| ❀ صفوان بن اُمیہ کا قبولِ اسلام | ۲۸۰ |
| ❀ اکابر مجرمین کا خون رائیگاں قرار دیا | ۲۸۱ |
| ❀ صفوان بن اُمیہ | ۲۸۱ |
| ❀ فضالہ بن عمیر کا اسلام لانا | ۲۸۲ |
| ❀ عکرمہ بن ابی جہل کا اسلام لانا | ۲۸۳ |


Marfat.com

سدرۃ المنتہیٰ ---------- 249

حجابِ عظمت ---------- 250

حجابِ کبریاء ---------- 250

حجابِ محمود ---------- 250

مقامِ محمود ---------- 250

عین اور صادر العین ---------- 250

مثالیت اور عنصریت ---------- 251

سُوْرَۃُ التَّوْبَۃِ **وقت** ---------- 253

وقت ---------- 253

وقت کے بارے میں نظریات ---------- 253

وقت کے بارے میں ارسطو کا نظریہ ---------- 254

نیوٹن کا نظریہ ---------- 254

آئن سٹائین کا وقت کے بارے میں نظریہ ---------- 255

کوانٹم فزکس ---------- 255

وقت کے بارے میں اسٹیفن ہاکنگ کی رائے ---------- 256

وقت الہامی کتابوں کے مطابق ---------- 256

مسلم مفکرین کی وقت کے بارے میں رائے ---------- 257

حضرت شاہ ولی اللہ رحمۃ اللہ کی رائے ---------- 258

حضرت علامہ اقبال رحمۃ اللہ علیہ کا نظریہ ---------- 258

وقت کے بارے میں حضور قلندر بابا اولیاء رحمۃ اللہ علیہ کا نظریہ ---------- 259

زمانِ حقیقی ---------- 259

زمانِ غیر متواتر ---------- 259

زمانِ متواتر ---------- 260

وقت کی زمینی اکائیاں ---------- 261

آٹو سیکنڈ ---------- 261




Marfat.com

❀ بی بی ہندہ کا اسلام لانا ۲۸۵
❀ وحشی کا اسلام لانا ۲۸۶
❀ مکّہ میں حضورؐ کا قیام اور کام ۲۸۷
❀ عزیٰ، سواع اور مناۃ کا انہدام ۲۸۸
❀ سواع کا توڑنا ۲۹۰
❀ مناۃ کا توڑنا ۲۹۱
❀ فیصلہ کن غزوہ ۲۹۲
❀ غزوۂ حنین ۲۹۳
❀ مقابلے کی تیاری ۲۹۴
❀ اسلامی لشکر پر تیراندازوں کا اچانک حملہ ۲۹۵
❀ مسلمانوں کی پسپائی کے بعد فتح ۲۹۸
❀ رضاعی بہن سے ملاقات ۲۹۹
❀ طائف کا محاصرہ ۲۹۹
❀ مالِ غنیمت کی تقسیم ۳۰۲
❀ قیدیوں کی رہائی ۳۰۴
❀ مالک بن عوف کا اسلام لانا ۳۰۵
❀ عمرہ جعرانہ ۳۰۷
❀ حاتم طائی کی بیٹی اور بیٹا مسلمان ۳۰۷
❀ غزوہ تبوک ۳۰۹
❀ فوج کی تیاری ۳۱۰
❀ تبوک کی روانگی ۳۱۲

Marfat.com

| | | |
|---|---|---|
| | پیکو سیکنڈ | 261 |
| | نینو سیکنڈ | 261 |
| | مائیکرو سیکنڈ | 262 |
| | ملی سیکنڈ | 261 |
| | ایک سیکنڈ | 261 |
| | ایک گھنٹہ | 261 |
| | دن | 262 |
| | ہفتہ | 262 |
| | سال | 262 |
| | زمان میں ردوبدل | 262 |
| سُوْرَۃُ یُوْنُس | **شک** | 264 |
| | خیال، اطلاع اور وہم | 264 |
| سُوْرَۃُ یُوْنُس | **قناعت اور استغناء** | 267 |
| | اللہ کے دوست | 267 |
| | استغناء | 268 |
| | استغناء کے انسانی صحت پر اثرات | 269 |
| | خوش رہنے کا فارمولا | 270 |
| | غم اور خوف کا قانون | 270 |
| | روح کے تقاضے | 271 |
| | مسرت اور حزن کی کیفیات کا بغور جائزہ | 271 |
| سُوْرَۃُ یُوسُف | **کتاب المبین** | 273 |
| | کائنات | 273 |
| سُوْرَۃُ یُوسُف | **حضرت یعقوب علیہ السلام** | 276 |
| | حکمت | 277 |
| | اختیارات کا استعمال یا عجز و انکساری | 277 |




Marfat.com

❀ دیارِ ثمود سے گزر ۳۱۴

❀ تبوک کا چشمہ ۳۱۵

❀ تیز آندھی ۳۱۶

❀ ذوالبجادین کی وفات ۳۱۶

❀ ابن لعیت منافق ۳۱۸

❀ رستے میں حضورؐ کا معمول ۳۱۹

❀ اسلامی لشکر تبوک میں ۳۱۹

❀ رسولؐ اللہ کا خالدؓ بن ولید کو اُکیدر دومہ کی طرف روانہ فرمانا ۳۲۱

❀ تبوک سے واپس آنے کے بعد مسجد ضرار کا بیان ۳۲۳

❀ مدینہ کو واپسی ۳۲۵

❀ حجۃ الوداع ۳۲۶

❀ رفیق اعلیٰ کی جانب نبی کریمؐ نے وصال کی خود خبر دی ۳۲۸

❀ نبی کریمؐ نے وفات کے دن اور مقام کی خبر دے دی ۳۳۱

❀ مرض کا آغاز ۳۳۲

❀ آخری ہفتہ ۳۳۳

❀ وصالِ مبارک سے پانچ دن پہلے ۳۳۴

❀ وصال سے ''چار دن پہلے'' ۳۳۷

❀ وصال مبارک سے ایک دن یا دو دن پہلے ۳۳۹

❀ وصال کا دن ۳۴۰

❀ بوقت وصال مسواک کا استعمال ۳۴۲

❀ غسل دینے والے ۳۴۴


Marfat.com

| | | |
|---|---|---|
| | استغناء کی تعریف | 277 |
| | مثال | 278 |
| سُوْرَۃُ الرَّعْدِ | **قرآنی اعلان** | 279 |
| سُوْرَۃُ الرَّعْدِ | **اللہ کا ذکر** | 281 |
| | ذکرِ لسانی | 281 |
| | ذکرِ قلبی | 282 |
| | مراقبہ | 282 |
| | اسفل کا دماغ | 283 |
| | مراقبہ کے مدارج | 283 |
| | مراقبہ میں واردات وکیفیات | 284 |
| | ورود، مکاشفہ اور مشاہدہ | 284 |
| سُوْرَۃُ الرَّعْدِ | **لوحِ محفوظ** | 286 |
| | علم لا اور الّا کی نفی | 286 |
| | القاء اور اسکی اقسام | 286 |
| | کائنات کے چار تنزلات | 286 |
| | تنزل نمبر 1 علم القلم | 286 |
| | تنزل نمبر 2 تجلیات | 287 |
| | تنزل نمبر 3 تقدیر مبرم | 287 |
| | تنزل نمبر 4 عنصریت | 287 |
| | مثال | 288 |
| | لوحِ محفوظ تک رسائی | 288 |
| | لوحِ محفوظ پر تبدیلی | 289 |
| سُوْرَۃُ الرَّعْدِ | **زمین کے کنارے** | 290 |
| سُوْرَۃُ الْحِجْرِ | **علم البروج** | 295 |



Marfat.com

| | |
|---|---|
| ❀ کیفیتِ غُسل | ۳۴۴ |
| ❀ قبر مبارک | ۳۴۶ |
| ❀ تدفین مقدس | ۲۳۷ |
| ❀ تدفین کا وقت | ۳۴۹ |


Marfat.com

| | | |
|---|---|---|
| | علم البروج | 295 |
| | مثال | 296 |
| | سبعہ طلسم | 296 |
| | طلسم نمبر 1 یاقوت | 296 |
| | طلسم نمبر 2 تیلسان | 297 |
| | طلسم نمبر 3 | 297 |
| | طلسم نمبر 4 حرز | 297 |
| | طلسم نمبر 5 موّاج | 297 |
| | طلسم نمبر 6 ہلال | 297 |
| | طلسم نمبر 7 ہیکل | 297 |
| سُوْرَةُ الْحِجْرِ | **سبع مثانی** | 298 |
| سُوْرَةُ الْحِجْرِ | **اپنے حبیب ﷺ کی دلجوئی** | 300 |
| سُوْرَةُ النَّحْلِ | **سائے** | 303 |
| | سائے کا بننا | 305 |
| سُوْرَةُ النَّحْلِ | **الوان** | 306 |
| | انسانی زندگی پر رنگوں کے اثرات | 311 |
| سُوْرَةُ النَّحْلِ | **حضرت عمار بن یاسرؓ** | 312 |
| سُوْرَةُ بَنِیْٓ اِسْرَآءِیْلَ | **معراج** | 313 |
| | جبریل امینؑ | 313 |
| | انبیائے کرام سے ملاقات | 314 |
| | مراقبہ شب معراج | 315 |
| سُوْرَةُ بَنِیْٓ اِسْرَآءِیْلَ | **نبی اور رسول** | 316 |
| | پیغمبر۔۔۔غیب کا نمائندہ | 316 |
| | نبی۔۔۔غیب بین | 316 |
| | رسول۔۔۔غیب کا قاصد | 316 |




Marfat.com

# مطالعہ سیرت کا ایک نیا زاویہ

دنیا میں تقریباً ایک لاکھ چوبیس ہزار انبیائے کرام تشریف لائے اور ہدایت کا نور پھیلانے کے لیے مشکلات، مصائب اور مخالفتوں کا خندہ پیشانی سے مقابلہ کرتے رہے اور سرخرو ہو کر اپنے رب کی بارگاہ میں حاضر ہوتے چلے گئے۔ بہت سے انبیاء کے اسمائے گرامی بھی طاقِ نسیاں کا شکار ہو گئے۔ بہت سے انبیائے کرام کی آرام گاہیں معروف نہیں رہیں۔ کسی نبیؑ کے تفصیلی حالات بھی محفوظ نہیں رہے۔ یہ فقط رحمتِ دو عالم ﷺ کی شان ہے کہ چودہ سو سال گزرنے کے باوجود آپؐ کے امتیوں کے دلوں میں آپ ﷺ کی محبت کے چراغ روشن ہیں، رحمت دو عالم ﷺ نے اپنے ان امتیوں کے حوالے سے فرمایا:

من اشد الناس لی حبا ناس یکونون بعدی یود احدھم لو رانی باھله وماله (رواہ مسلم)

لوگوں میں سے میرے ساتھ لامحدود محبت کرنے والے لوگ میرے بعد ہوں گے۔ ان میں سے کوئی شخص پسند کرے گا کہ وہ اپنے مال و اہل عیال کے بدلے میری زیارت کر سکے۔''

آپ ﷺ کی آرام گاہ پر چودہ سو سال سے شمع رسالت کے پروانے دیوانہ وار حاضری دے رہے ہیں اور حج کے ایام میں تو لاکھوں فرزندان توحید اپنے آقا کی بارگاہ میں حاضری دے کر درود و سلام کے نذرانے پیش کرتے ہیں۔ یہ سلسلہ صبح قیامت تک جاری و

Marfat.com

| | | |
|---|---|---|
| سُوْرَۃُ بَنِیۡۤ اِسۡرَآءِیۡلَ | **مقامِ حیرت** | 318 |
| | مقامِ حیرت | 318 |
| | اصحابِ صفہ کی روحانی تربیت | 319 |
| | سلاسلِ طریقت میں تربیت | 320 |
| سُوْرَۃُ بَنِیۡۤ اِسۡرَآءِیۡلَ | **عمدہ ضابطہ حیات** | 321 |
| | سولہ احکام | 325 |
| | بارگاہِ رب العزت سے عطیات | 326 |
| سُوْرَۃُ بَنِیۡۤ اِسۡرَآءِیۡلَ | **رُوح** | 327 |
| | مقاماتِ روح | 329 |
| | مادی دنیا کی دوئی | 330 |
| | قلندر شعور | 330 |
| | خلاء اور رُوح | 330 |
| | رُوح میں سے رُوح | 331 |
| | مثال سے سمجھئے | 331 |
| | صورت پر تخلیق کرنے کا مفہوم | 332 |
| | بلٹ ان کمپیوٹر | 332 |
| | سلسلہ عظیمیہ کا پیغام | 334 |
| سُوْرَۃُ الْکَھْفِ | **اصحابِ کہف** | 335 |
| | مسیحی روایات کا خلاصہ | 337 |
| | کوتوالِ شہر | 339 |
| | اصحاب کہف کے نام | 339 |
| | حکمت | 340 |
| سُوْرَۃُ الْکَھْفِ | **اللہ کے دوست** | 341 |
| | کامل | 341 |
| | اکمل | 341 |




Marfat.com

ساری رہے گا۔

اللہ تبارک وتعالیٰ نے ہر دور میں جہاں اپنے حبیب ﷺ کی احادیث جمع کرنے اور دنیا تک پہنچانے والے افراد پیدا فرمائے وہیں آپ کی سیرت طیبہ کو مدون کرنے اور اس کی خوشبو کو چار دانگ عالم میں پھیلانے کے لیے رجال کار بھی پیدا فرمائے جنہوں نے اپنے اپنے انداز میں سیرت طیبہ سے پھوٹنے والی کرنیں دنیا بھر میں پہنچائیں۔ رحمت دو عالم ﷺ کی سیرت طیبہ روایتی واقعات پر مبنی نہیں بلکہ زندگی کے ہر شعبے سے تعلق رکھنے والوں کو ہر حوالے سے رہنمائی مہیا کرتی ہے۔ کوئی سربراہِ حکومت ہو، کوئی فوجی سپہ سالار ہو، کوئی قاضی ہو، کوئی معلم ہو، کوئی تاجر ہو، ہر کسی کے لیے سیرت طیبہ میں کامیاب اور خوشگوار زندگی گزارنے کا بہترین نمونہ ہے اور لطف کی بات یہ ہے کہ سیرت طیبہ کا جتنا بھی مطالعہ کیا جائے پڑھنے والا اُکتاتا نہیں بلکہ اسے ہر مرتبہ نیا شعور اور آگہی کا نور ملتا ہے، کسی نئے زاویے سے ہدایت اور رہنمائی ملتی ہے۔

عہد رواں میں اسلام دشمن عناصر وقتاً فوقتاً قرآن کریم کی بے حرمتی اور اہانت رسول ﷺ کے ذریعے اہل اسلام کی دل آزاری کرتے رہتے ہیں۔ وہ اپنی ان حرکتوں کے بعد سمجھتے ہیں کہ وہ مسائل کی چکی میں پسے ہوئے مسلمانوں کے دلوں سے روشن عشق رسول ﷺ کے چراغ بجھالیں گے یا مغربی دنیا کو رحمت دو عالم ﷺ کی سراپا نور سیرت اور تعلیمات سے دور رکھنے میں کامیاب ہو جائیں گے۔ مگر ان شر پسند عناصر کی ان ناپاک سرگرمیوں سے انہیں مطلوبہ نتائج میسر نہیں آ رہے۔ بلکہ مغربی دنیا کے حقیقت پسند، غیر جانبدار اور حقیقت متلاشیوں میں مطالعہ، قرآن اور مطالعہ سیرت کا ذوق بڑھ رہا ہے جس کی بدولت اسلام کا نور دلوں کو فتح کرتا جا رہا ہے۔ جبکہ دوسری طرف مسلمانوں کی اپنے آقا و مولیٰ سے وابستگی میں مزید پختگی آتی جا رہی ہے۔ مغربی دنیا کو ایک خاموش پیغام جا رہا

Marfat.com

| | | |
|---|---|---|
| | تکمل | 342 |
| سُوْرَۃُ الْکَھْفِ | **صاحب باطن** | 344 |
| | صاحب باطن | 344 |
| | صاحب تکوین | 345 |
| | صاحب ارشاد | 345 |
| سُوْرَۃُ مَرْیَمَ | **کُن فیکون** | 346 |
| | آغازِ کائنات | 346 |
| | کُن فیکون کی تشریح | 347 |
| | کُن اور کائنات کی تخلیق | 347 |
| | نسبت اور طرز فکر | 348 |
| سُوْرَۃُ مَرْیَمَ | **دوست احباب کے آداب** | 351 |
| سُوْرَۃُ مَرْیَمَ | **حضرت ادریسؑ** | 353 |
| | نام ونسب اور جائے پیدائش | 353 |
| | قلم کے موجد | 354 |
| سُوْرَۃُ طٰهٰ | **حضرت عمرؓ کا قبولِ اسلام** | 355 |
| | حضرت سعید بن زیدؓ کی تلاوت | 356 |
| سُوْرَۃُ طٰهٰ | **ذاتِ مُطلق کی روشنی** | 359 |
| سُوْرَۃُ طٰهٰ | **جسمِ مثالی** | 362 |
| | جسم مثالی اور معنویت | 364 |
| | آسیب زدہ شخصیت | 365 |
| | نسمہ اور نمک | 366 |
| | ماخذ کتب کے حوالہ جات | 367 |




Marfat.com

ہے کہ مسلمان بھوک، بیماری اور دیگر مسائل تو برداشت کر سکتے ہیں مگر حرمت رسول ﷺ پر آنچ آنے کو برداشت نہیں کر سکتے۔ اس تناظر میں سیرت طیبہ پر نئی جہتوں سے تحقیقات ہو رہی ہیں۔ عہد رواں کے تناظر میں نئے زاویوں سے مطالعہ سیرت کیا جا رہا ہے۔ چشم فلک ہر لحظہ رحمت دو عالم ﷺ کی نئی شان اور نئی آن کا مشاہدہ کر رہی ہے۔

سیرتِ طیبہ پر پیش نظر منظوم کتاب ''نور میں مستور سخن'' بھی اسی سلسلے کی ایک اہم اور منفرد کڑی ہے۔ یہ بارگاہِ رسالت مآب ﷺ میں سینئر ماہرِ تعلیم عبدالمجید چٹھہ صاحب کا منظوم خراجِ عقیدت ہے۔ انہوں نے نہایت وارفتگی کے عالم میں نبی رحمت ﷺ کی ولادت سے وصال تک کے اہم واقعات کو نظم کے سانچے میں ڈھالا ہے اور انہوں نے فقط سنی سنائی باتوں یا قدیم مطالعہ کا حاصل پیش نہیں کیا بلکہ بڑے اہتمام سے سیرتِ طیبہ پر قدیم و جدید کتب کا مطالعہ کیا اور پھر ان حالات و واقعات کو قلب و روح کی گہرائیوں میں اتارنے کے بعد نظم کیا۔ ان اشعار میں تاریخی ثقاہت، جذبوں کی روانی اور زبان و بیان کی چاشنی واضح طور پر جھلکتی ہے۔ ایسے تابدار موتی تب ہی نصیب ہوتے ہیں جب کوئی شاعر رسالت مآب ﷺ کے عشق و محبت کی گہرائیوں میں اُتر کر اپنے دل کی دھڑکنوں کو اشعار کا روپ دیتا ہے۔ جذبوں کی سچائی اور عشق و محبت کی حرارت کے بغیر ایسے شاہکار معرضِ وجود میں نہیں آتے۔ اللہ کریم جناب عبدالمجید چٹھہ صاحب کے علم و عمل، ذوق و شوق اور عمر میں بہت برکتیں عطا فرمائے۔ وہ ایسی دل سوزی اور وارفتگی کے ساتھ رب کریم جل جلالہ کی حمد اور اس کے حبیب ﷺ کی نعتیں لکھتے رہیں۔ اللہ کریم ان کی اس کاوش کو قبول فرمائے اور امت کے قلوب میں محبت رسولؐ کے چراغ روشن کرنے کا ذریعہ بنائے۔ آمین بجاہ سیّد المرسلین

۱۶/اگست ۲۰۱۲ء ڈاکٹر ممتاز احمد سدیدی الازہری

Marfat.com

## عرضِ مؤلف:

سائنس غیر مادی، روحانی مسائل METAPHYSICAL ISSUES کو مادی ذرائع سے حل کرنے کی کوشش کر رہی ہے اور بُری طرح سے ناکام ہوئی ہے۔ دنیا میں موجود بے چینی، بد اَمنی، اِنتشار اور جنگ و جَدَل کی وجہ یہی ہے کہ ایک طرف تو سائنس نے کائنات کے ذرّہ ذرّہ کی چھان بین کا ذِمّہ لے لیا ہے اور دوسری طرف اُس نے خالقِ کائنات کے متعلق اہم ترین سوالات کا جواب تلاش کرنے میں کوتاہی برت رکھی ہے۔ ساری دنیا یہ معلوم کرنا چاہتی ہے کہ کائنات کی اصلیّت کیا ہے؟ کس طرح اور کب وجود میں آئی؟ خالقِ کائنات کون ہے؟ اِس کی حقیقت کیا ہے؟ وہ کہاں ہے؟ کائنات کا، خالقِ کائنات سے کیا تعلق ہے؟ اِنسان کی حقیقت کیا ہے؟ اِس کی زندگی کا مقصد کیا ہے؟ وہ مقصد کس طرح سے حاصل ہو سکتا ہے؟ یہ ایسے سوالات ہیں جن کا جواب معلوم کرنے کے لئے دنیا تڑپ رہی ہے مگر کسی وجہ سے سائنسدانوں اور دانشوروں نے اِن سوالات کا جواب تلاش کرنے کے بجائے راہِ فرار اختیار کر رکھی ہے۔ چونکہ اِن اہم ترین سوالات کا جواب تلاش کرنے میں مغربی تہذیب بے بس ہے اِس لئے جگہ جگہ ٹھوکریں کھا رہی ہے۔

یہ اور اِنہی سے ملتے جلتے دیگر سوالات کا تسلّی بخش جواب خانقاہی نظام کے تحت پڑھائے جانے والے سلیبس میں موجود ہے۔

خانقاہی نظام میں عظیمی SCHOOL OF THOUGHT کے سربراہ محمد عظیم برخیاء المعروف حضور قلندر بابا اولیاءؒ ہیں۔ ایسے لوگ جنہیں حضور قلندر بابا اولیاءؒ کی قُربت کی سعادت حاصل ہوئی، وہ یہ بات جانتے ہیں کہ بابا صاحبؒ کی شخصیت کا محور توحیدِ باری تعالیٰ، ذاتِ رسالت مآب ﷺ اور قرآن پاک تھا۔ بابا صاحبؒ کو یہ عظیمُ الشّان اعزاز حاصل ہے کہ آپ دربارِ نبوت ﷺ سے فیض یافتہ ہیں۔ اس فیض سے ہی آپ کو قرآن پاک کی تفہیم کی وہ روشنی حاصل ہوئی جو سیّدنا حضور ﷺ کی طرزِ فکر کی پرتو ہے۔

میرے مُرشد کریم الشیخ خواجہ شمس الدین عظیمی صاحب کی صُوفیانہ اور رُوحانی تعلیم و تربیت حضور قلندر بابا اولیاءؒ نے فرمائی۔ آپ 16 سال شب و روز حضُور قلندر بابا اولیاءؒ کی خدمت میں حاضر باش رہے۔ حضور قلندر بابا اولیاءؒ نے ہی آپ کو خواجہ کا لقب عطا کیا۔ حضور قلندر بابا اولیاءؒ کے وصال کے بعد سلسلہ عظیمیہ کی سربراہی کا مرتبہ آپ کو ملا۔ آپ سلسلہ عظیمیہ کے مُرشد، روحانی سکالر، ماہنامہ روحانی ڈائجسٹ اور ماہنامہ قلندر شعور کے چیف ایڈیٹر ہیں۔ حضور نبی کریم ﷺ، روحانیت، پیرا سائیکالوجی اور دیگر موضوعات پر 70 سے زائد کتابوں کے مُصنّف ہیں۔ بہاؤالدین ذکریا یونیورسٹی (ملتان) میں ایسوسی ایٹ پروفیسر بھی رہے۔ آپ کے زیرِ سرپرستی دنیا بھر میں خانقاہی نظام کی طرز پر مراقبہ ہالز کے نام پر سینٹرز قائم ہیں جن کی تعداد پاکستان میں 61 اور بیرون ممالک میں 23 ہے۔ آپ کی تصنیف " احسان و تصوّف " بہاؤالدین ذکریا یونیورسٹی (ملتان) کے ایم اے اسلامیات کے نصاب میں شامل ہے۔ پاکستان اور بیرون



Marfat.com

# حمد باری تعالیٰ

دن جو غُربت میں اذیّت سے ہیں گزارے میں نے
اے خدا پائے ہیں تیرے ہی سہارے میں نے

تیرے محبوبؐ کی اُلفت مری چاہت ٹھہری
انؐ کے صدقے میں نصیب اپنے سنوارے میں نے

میرے مسکن پہ خدا تیری ہی رحمت برسے
نقشِ نعلین کے ٹانکے ہیں ستارے میں نے

نظریں اور ہاتھ فقط تیری طرف اُٹھتے ہیں
کبھی سوچا ہی نہیں اور کے بارے میں نے

تیری رحمت سے منافع ہی بنے میرے لیے
زندگی بھر میں کئے جتنے خسارے میں نے

۱۶۲۹۷۱

Marfat.com

پاکستان کی یونیورسٹیز اور تعلیمی اداروں میں لیکچرز کے لئے آپ کو مدعو کیا جاتا رہا ہے۔ آپ نے گلاسگو یونیورسٹی، مغرب میں روحانیت کے مرکز "آرتھر فنڈلے کالج"، کراچی یونیورسٹی، فیصل آباد زرعی یونیورسٹی، لاہور بار کونسل، کنگ ایڈورڈ میڈیکل کالج، ٹاؤن ہال والتھم اسٹو (برطانیہ)، اور دیگر مؤقر اداروں کے طالب علموں اور پروفیشنلز کو لیکچرز دیے ہیں۔ والتھم اسٹو کی LORD MAYORESS کی جانب سے آپ کو والتھم اسٹو کی شیلڈ سے بھی نوازا گیا ہے۔ سالفورڈ یونیورسٹی یو کے کے ڈیپارٹمنٹ آف REHEBILITATION میں آپ کی تحریر کردہ تین کتابیں شامل نصاب رہی ہیں۔ برطانیہ کے معروف اشاعتی ادارے واٹکنز بکس کے تصوّف، رُوحانیّت اور باطنی علوم کے موضوع پر شائع ہونے والے مجلّے MIND, BODY AND SPIRIT میں موجودہ دور میں مصروفِ عمل دنیا کے 100 بااثر ترین روحانی شخصیات کی فہرست میں آپ کا نام شامل کیا گیا۔ میرے مُرشدِ کریم پر حضور قلندر بابا اولیاءؒ کا فیض اور سیّدنا حضور نبی کریمؐ کی رحمت سے اللہ تعالیٰ کا خصوصی کرم ہے۔ آپ کے پیغام کو نہ صرف مخلوق خدا نے سنا ہے بلکہ اِس پر عمل بھی کیا، نتیجے میں مخلوق کی بڑی تعداد پُر سکون زندگی گزار رہی ہے۔ عظیمی صاحب جس سادگی اور آسان الفاظ میں اسرار و رموز پر سے پردہ اُٹھاتے ہیں بلاشبہ اُن پر یہ اللہ تعالیٰ کا فضل ہے اور جس طرح افراد کی توجّہ فلاح و بہبود کی طرف مبذُول ہو جاتی ہے یہ بھی فضلِ ایزدی ہے۔

نُورِ ہدایت سلسلہ عظیمیہ کی کتب و تحاریر میں موجود قرآنی آیات کی تشریحات کو پیش کرنے کی ایک سعی ہے۔ میں نہ تو کوئی عالم ہوں اور نہ ہی کوئی ادیب بلکہ میری حیثیت سلسلہ عظیمیہ کے ایک ادنیٰ سے طالب علم اور خدمت گار کی ہے، مراقبہ ہال اسلام آباد سے منسلک ہوں۔ مجھے اپنی کم علمی اور بے بضاعتی کا پوری طرح احساس ہے۔ "نُورِ ہدایت" کو پایہ تکمیل تک پہنچانا میری بساط و بضاعت اور اہلیت و قابلیت سے بالا تھا، لیکن یہ میرے مرشد کی توجّہ اور نظر کرم کا کرشمہ ہے۔

مجھے اس بات کا بھی اعتراف ہے کہ تنہا آدمی اتنا بڑا کام نہیں کر سکتا بڑے کام کے لئے ضروری ہے کہ کئی افراد کی صلاحیتیں بطور وسائل، یکجا ہوں۔ یہ اللہ تعالیٰ کا خاص کرم ہے کہ سلسلہ عظیمیہ کے کسی بھی فرد نے جب بھی حضور قلندر بابا اولیاءؒ کے روحانی مشن اور ترویج و ترقی کے لئے کوئی ارادہ کیا اور ارادہ کو عملی جامہ پہنانے کے لئے قدم بڑھایا تو اللہ تعالیٰ کی مدد اُسے حاصل ہوئی۔ ہمیں کبھی اِس بات کا تردُّد نہیں ہوا کہ ہم سلسلہ کا کام کریں گے تو ہمیں کامیابی ہوگی یا نہیں ہوگی۔

اللہ کا شکر ہے کہ نُورِ ہدایت کی ترتیب و تدوین میں مجھے مُخلص دوستوں کی رفاقت نصیب ہوئی۔ میں اپنے محسن قاضی مقصود احمد عظیمی (نگران مراقبہ ہال اسلام آباد) کی رہنمائی و تعاون کا تہہ دل سے مشکور ہوں۔ میں اپنی شریک حیات سارہ آصف عظیمی اور دختران ملائیکہ آصف اور مناحل آصف کی معاونت کا بھی شُکر گزار ہوں۔ اِن کے علاوہ اپنے رفقاء



Marfat.com

# پیدائش

وقتِ مولود نبیؐ نُور میں ڈوبا تھا جہاں
برکتوں والی گھڑی تھی تو بہاروں کا سماں
سارے اجرامِ سماوی بھی جھکے جاتے تھے
بوسہ دینے کے لیے سارے چلے آئے تھے
حورِ عینین سلامی کے لیے آئی تھیں
باصفا اُنؐ کی غلامی کے لیے آئی تھیں
اُنؐ کے اعزاز میں ماؤں پہ یہ اکرام کیا
سب کو اولادِ نرینہ کا ہی انعام دیا
کعبے سے آئی ندا نُور مرا لوٹے گا
چشمہ بھی نورِ ہدایت کا یہاں پھوٹے گا
منہ کے بل گرتے ہوئے دیکھے تھے اصنام وہاں
برہنہ رُکنے لگے آنے سے اجسام وہاں

Marfat.com

عمران الطاف عظیمی(نائب نگران مراقبہ ہال اسلام آباد) ، عاشق حسین بٹ عظیمی ، قاضی کاشف عظیمی، عرفان فاروقی عظیمی، محترمہ حمیرا شہزادی صاحبہ اور خلیل الرّحمٰن صاحب کے تعاون کا شکریہ ادا کرتا ہوں ۔ اللہ تعالیٰ ہم سب کو دینی، دنیاوی علوم کے ساتھ ساتھ رُوحانی علوم سیکھنے اور سمجھنے کی توفیق عطا فرمائے۔

غلطیوں کا رہ جانا لازمہ بشریت ہے، کتاب میں کوئی غلطی محسوس کریں تو تو از راہِ کرم وعنایت آگاہ فرمائیں۔

کسی نے پوچھا بساط میری　　کہا جو ابا گدائے مُرشد...
یہی ہے میرا کُل اثاثہ　　نگاہِ مُرشد دُعائے مُرشد...

دعا گو، دعا جو



آصف جاوید عظیمی
روحانی فرزند
حضرت خواجہ شمس الدین عظیمی
17 اکتوبر، 2017
مراقبہ ہال سواں کیمپ اسلام آباد



Marfat.com

بے قراری میں گلی کوچوں میں ہلچل سی تھی
یہ یہودی تھے جو کہتے تھے کہ آیا ہے نبیؐ
جن کی آمد کی کبھی عیسیٰؑ گواہی دیتے
یہ سماں عید کا تھا یا کہ یہ دن عید کے تھے
آپؐ کا اسم گرامی جو بتایا اُن کو
یہ محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہیں یہی نام سنایا اُن کو
والدہ پیارے نبیؐ پاک کی فرماتی ہیں
نام سرکارِؐ مدینہ کا وہ بتلاتی ہیں
میرے پاس آیا فرشتہ وہ ہدایت والا
یہ گزر جائے جونہی لمحہ ولایت والا
یہ دعا مانگو الٰہی سے اے پیاری بی بی
اپنے اللہ کی پناہوں میں انہیں ہوں دیتی
وہ بچائے گا انہیں شر سے ہر اک حاسد کے
وہ ہی رکھے گا حفاظت میں ہر اک حاسد سے

Marfat.com



Marfat.com

نام اُنؐ کا ہے تمہیں رکھنا محمدﷺ بی بی
یہ ہے توریت میں انجیل میں احمدﷺ بی بی
آپؐ کا نام ہے قرآنِ مقدّس میں بھی
نام قرآن ہے جس کا ہے کتاب ان ہی کی
آپؐ کا مثل زمانے میں اُتارا ہی نہیں
بحرِ اوصافِ جمیلہ کا کنارہ ہی نہیں
ملتی رہتی ہے ضیاء ان کو نبیؐ آقاؐ سے
آپ ہی چمکے زمانے میں ستارا ہی نہیں
پھٹ گیا کسریٰ کا مضبوط محل اس لمحے
ہو گئے اس کے زمیں بوس وہ چودہ کنگرے
حمد سے نکلا ہوا نام محمدﷺ احمدﷺ
جس سے ملتی ہے جلا نام محمدﷺ احمدﷺ
اُنؐ کی توصیف پہ تعریف پہ شاداں قرآں
ہونے دیتا ہی نہیں ہم کو پشیماں قرآں

Marfat.com




Marfat.com

جن کی سیرت نے جہالت کو کیا ہے تاراج
اُن کی نظروں نے کرم ہم پہ کیا دیکھو آج
جن کے فیضاں سے یہ تہذیب و تمدن نکھرے
ان مہ و سال کے صدیوں کے مقدّر جاگے
آپؐ کے چہرہ انور کو بنایا ایسا
جیسی منشا تھی نبیؐ کی تو کِیا تھا ویسا
کوئی حاسد بھی نہ انگشت نمائی کرتا
ہر کوئی آپؐ کی بس مدح سرائی کرتا
خلعتِ نور میں لپٹا ہے مدینہ تیرا
بحرِ ظلمات میں ڈوبے نہ سفینہ میرا
شرف ہو ذاتی تو آقاؐ ہی ہیں سب سے اعلیٰ
نسلِ انسانی کے طبقات میں سب سے اعلیٰ
ربّ غالب پہ مہرباں پہ توکل کرتے
دُور امت کی وہ ہر ایک تھے مشکل کرتے

Marfat.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم

# جلد اوّل

## سُوْرَۃُ الْفَاتِحَۃِ تا سُوْرَۃُ طٰہٰ



Marfat.com

آپؐ سے اعلیٰ و افضل تو زمانے میں نہیں
ایسا کردار زمانے کا فسانے میں نہیں
آپؐ کے نورِ مبارک کی امیں ہر ہستی
برتر و فائق و اعلیٰ ہے زماں پر ملتی
شہرِ خوباں کی مدثر وہ مزمل ہستی
نور کے ہالے میں لپٹی وہ مکمل ہستی
نسبِ نبویؐ سی کسی اور کی توقیر نہیں
انؐ کے جیسی تو زمانے میں بھی تنویر نہیں
نعت لکھتا ہوں مدینے کی ہواؤں میں میں
چاندِ سورج کی ستاروں کی قباؤں میں مَیں
جو کمالات و محاسن پہ نظر جاتی ہے
اوج پہ شانِ محمد ﷺ ہی نظر آتی ہے
آنکھ بھر کر بھی انہیں دیکھ نہیں سکتے تھے
دل رُبا نور کے ہالے میں رہا کرتے تھے

Marfat.com

# سورہ مبارکہ مع موضوعات جلد اوّل


| | | |
|---|---|---|
| 1) | بِسۡمِ اللهِ | بسم اللہ |
| 2) | سُوۡرَةُ الۡفَاتِحَةِ | اِنعام یافتہ لوگ |
| 3) | سُوۡرَةُ الۡبَقَرَةِ | غیب |
| 4) | سُوۡرَةُ الۡبَقَرَةِ | اللہ کی مُہر |
| 5) | سُوۡرَةُ الۡبَقَرَةِ | اللہ کا نائب |
| 6) | سُوۡرَةُ الۡبَقَرَةِ | تکوین |
| 7) | سُوۡرَةُ الۡبَقَرَةِ | جنّت |
| 8) | سُوۡرَةُ الۡبَقَرَةِ | نماز اور زکوٰۃ کا پروگرام |
| 9) | سُوۡرَةُ الۡبَقَرَةِ | انتقال کے بعد۔۔۔؟ |
| 10) | سُوۡرَةُ الۡبَقَرَةِ | پھٹکارے ہوئے بندر |
| 11) | سُوۡرَةُ الۡبَقَرَةِ | من و سلویٰ |
| 12) | سُوۡرَةُ الۡبَقَرَةِ | اللہ دیکھ رہا ہے |
| 13) | سُوۡرَةُ الۡبَقَرَةِ | آزمائش |
| 14) | سُوۡرَةُ الۡبَقَرَةِ | اِنَّا لِلّٰهِ وَ اِنَّآ اِلَيۡهِ رٰجِعُوۡنَ |
| 15) | سُوۡرَةُ الۡبَقَرَةِ | روزہ |
| 16) | سُوۡرَةُ الۡبَقَرَةِ | سریعُ الحساب |
| 17) | سُوۡرَةُ الۡبَقَرَةِ | حُرمت والا مہینہ |
| 18) | سُوۡرَةُ الۡبَقَرَةِ | قانونِ قُدرت |
| 19) | سُوۡرَةُ الۡبَقَرَةِ | دین میں زبردستی نہیں |
| 20) | سُوۡرَةُ الۡبَقَرَةِ | حضرت ابراہیمؑ کا نمرود سے مکالمہ |
| 21) | سُوۡرَةُ الۡبَقَرَةِ | حیات و ممات |
| 22) | سُوۡرَةُ الۡبَقَرَةِ | یقین |
| 23) | سُوۡرَةُ الۡبَقَرَةِ | سُود خوری کی ممانعت |
| 24) | سُوۡرَةُ اٰلِ عِمۡرٰنَ | یقین کا پیٹرن |
| 25) | سُوۡرَةُ اٰلِ عِمۡرٰنَ | لیل و نہار |
| 26) | سُوۡرَةُ اٰلِ عِمۡرٰنَ | رات اور دن کے حواس |
| 27) | سُوۡرَةُ اٰلِ عِمۡرٰنَ | وحی |
| 28) | سُوۡرَةُ اٰلِ عِمۡرٰنَ | حضرت عیسیٰؑ کا معجزہ |
| 29) | سُوۡرَةُ اٰلِ عِمۡرٰنَ | تخلیق کا علم |
| 30) | سُوۡرَةُ اٰلِ عِمۡرٰنَ | اللہ کی نعمت |
| 31) | سُوۡرَةُ اٰلِ عِمۡرٰنَ | نبی کریم ﷺ کا وصال |
| 32) | سُوۡرَةُ اٰلِ عِمۡرٰنَ | صاحبِ استقامت لوگ |
| 33) | سُوۡرَةُ اٰلِ عِمۡرٰنَ | سخاوت |
| 34) | سُوۡرَةُ اٰلِ عِمۡرٰنَ | اولی الباب |
| 35) | سُوۡرَةُ النِّسَآءِ | حقوقِ نسواں |
| 36) | سُوۡرَةُ النِّسَآءِ | نفسِ واحدہ |
| 37) | سُوۡرَةُ النِّسَآءِ | حقِّ مہر |
| 38) | سُوۡرَةُ النِّسَآءِ | قوّامون |
| 39) | سُوۡرَةُ النِّسَآءِ | اللہ کا نور |
| 40) | سُوۡرَةُ النِّسَآءِ | رفعِ المسیحؑ |




Marfat.com

مسندِ حُب محمد ﷺ تو ہے یکتا تنہا
فہم و دانش سے تو ہر ایک بشر سے بالا
سب سے پرنور زمانے میں ہے چہرہ اُن ؐ کا
اعلیٰ دُنیا کے فسانے میں ہے چہرہ اُن ؐ کا
نُور کی کرنوں کی رِم جھم ہے سراپا اُن ؐ کا
ایسا لگتا ہے ضیاء کو ہے سہارا اُن ؐ کا
ہے معطّر مشام تو اسی خوشبو سے
پھوٹتی تھی جو صحابہؓ کے لیے خوش رو سے

## حضرت حلیمہ سعدیہؓ کے گھر آمد

اُن ؐ کو لے آئیں رضاعت کے لیے گھر بی بی
ہر طرف نورِ محمد ﷺ تھا جدھر بھی جاتی
اپنے گھر لائیں تو پھر گھر کو معطّر پایا
پھر بنو سعد کے ہر گھر میں یہ منظر دیکھا

Marfat.com

41) سُوْرَۃُ النِّسَآءِ — خوشخبری سنانے والے
42) سُوْرَۃُ الْمَآئِدَۃِ — وضو
43) سُوْرَۃُ الْمَآئِدَۃِ — ہابیل قابیل
44) سُوْرَۃُ الْمَآئِدَۃِ — وسیلہ
45) سُوْرَۃُ الْاَعْرَافِ — صاحبِ جنت و دوزخ
46) سُوْرَۃُ الْاَعْرَافِ — چھ دن اور کائنات
47) سُوْرَۃُ الْاَعْرَافِ — تباہی کا سبب
48) سُوْرَۃُ الْاَعْرَافِ — ایڈز
49) سُوْرَۃُ الْاَعْرَافِ — اَلَسْتُ بِرَبِّکُمْ
50) سُوْرَۃُ الْاَعْرَافِ — مذکر مونث
51) سُوْرَۃُ الْاَنْفَالِ — جنگِ بدر
52) سُوْرَۃُ الْاَنْفَالِ — حضرت ابوایّوب انصاریؓ
53) سُوْرَۃُ التَّوْبَۃِ — غارِ ثور
54) سُوْرَۃُ التَّوْبَۃِ — مشرکین کے لئے مغفرت
55) سُوْرَۃُ التَّوْبَۃِ — عرشِ العظیم
56) سُوْرَۃُ یُوْنُسَ — وقت
57) سُوْرَۃُ یُوْنُسَ — شک
58) سُوْرَۃُ یُوْنُسَ — قناعت اور استغناء
59) سُوْرَۃُ یُوْسُفَ — کتابُ المبین
60) سُوْرَۃُ یُوْسُفَ — حضرت یعقوبؑ
61) سُوْرَۃُ الرَّعْدِ — قرآنی اعلان
62) سُوْرَۃُ الرَّعْدِ — اللہ کا ذکر
63) سُوْرَۃُ الرَّعْدِ — لوحِ محفوظ
64) سُوْرَۃُ الرَّعْدِ — زمین کے کنارے
65) سُوْرَۃُ الْحِجْرِ — علم البروج
66) سُوْرَۃُ الْحِجْرِ — سبع مثانی
67) سُوْرَۃُ الْحِجْرِ — اپنے حبیب ﷺ کی دلجوئی
68) سُوْرَۃُ النَّحْلِ — سائے
69) سُوْرَۃُ النَّحْلِ — الوان
70) سُوْرَۃُ النَّحْلِ — حضرت عمار بن یاسرؓ
71) سُوْرَۃُ بَنِیْٓ اِسْرَآءِیْلَ — معراج
72) سُوْرَۃُ بَنِیْٓ اِسْرَآءِیْلَ — نبی اور رسول
74) سُوْرَۃُ بَنِیْٓ اِسْرَآءِیْلَ — مقامِ حیرت
74) سُوْرَۃُ بَنِیْٓ اِسْرَآءِیْلَ — عمدہ ضابطہ حیات
75) سُوْرَۃُ بَنِیْٓ اِسْرَآءِیْلَ — رُوح
76) سُوْرَۃُ الْکَھْفِ — اصحابِ کہف
77) سُوْرَۃُ الْکَھْفِ — اللہ کے دوست
78) سُوْرَۃُ الْکَھْفِ — صاحبِ باطن
79) سُوْرَۃُ مَرْیَمَ — کُن فَیَکُوْنُ
80) سُوْرَۃُ مَرْیَمَ — دوست احباب کے آداب
81) سُوْرَۃُ مَرْیَمَ — حضرت ادریسؑ
82) سُوْرَۃُ طٰهٰ — حضرت عمرؓ کا قبول اسلام
83) سُوْرَۃُ طٰهٰ — ذاتِ مُطلق کی روشنی
84) سُوْرَۃُ طٰهٰ — جسمِ مثالی




Marfat.com

جب نبیؐ پاک کے چہرے پہ پسینہ دیکھا
بڑھ کے کستوری کی خوش بُو سے قرینہ دیکھا
محترم رحمتِ عالم جو کہیں بھی جاتے
راستے لوگ معطّر ہی معطّر پاتے

## حُسنِ سراپا

سرمدی حُسن سراپا کا بیاں ہو کیسے
چاند طیبہ کا نگاہوں سے نہاں ہو کیسے
ابر و خمدار تھے باریک تھے گنجاں بھی تھے
باخدا نُورِ مجسّم بھی تھے قرآں بھی تھے
مہبطِ حُسنِ الٰہی کا تو رعنائی کا
کر سکا کوئی احاطہ بھی نہ زیبائی کا
آپؐ کا چہرۂ انور تو تھا قرآں جیسا
اور اصحابؓ کو لگتا تھا وہ فرقاں جیسا

Marfat.com

موضوع 1/84

# بسم اللہ

IN THE NAME OF ALLAH

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

ترجمہ: اللہ کے نام سے شروع جو نہایت مہربان اور بہت رحم کرنے والا ہے۔

*In the name of Allah The Most Compessionate, The Most Merciful.*

## آغاز اللہ کے نام سے:

لوحِ محفوظ کا قانون یہ ہے کہ جب کوئی فرد کسی دوسرے فرد سے رُوشناس ہوتا ہے تو اپنی طبیعت میں اُس کا اثر قبول کرتا ہے۔ اِس طرح دو افراد میں ایک فرد اثر ڈالنے والا اور دوسرا فرد اثر قبول کرنے والا ہوتا ہے۔ اِصطلاح کے لحاظ سے ہم ان دونوں میں سے ایک کا نام حسّاس اور دوسرے کا نام محسُوس رکھتے ہیں۔

حسّاس محسُوس کا اثر قبول کرتا ہے اور مغلُوب کی حیثیت رکھتا ہے۔ مثال کے طور پر زید جب محمود کو دیکھتا ہے تو محمود کے متعلق اپنی معلومات کی بناء پر کوئی رائے قائم کرتا ہے۔ یہ رائے محمود کی صِفت ہے جس کو بطور احساس زید اپنے اندر قبول کرتا ہے یعنی انسان دوسرے اِنسان یا کسی چیز کی صِفت سے مغلُوب ہو کر اور اس چیز کی صِفت کو قبول کر کے اپنی شکست اور محکومیّت کا اعتراف کرتا ہے۔

یہاں آ کر اِنسان، حیوانات، نباتات، جمادات سب کے سب ایک ہی قطار میں کھڑے نظر آتے ہیں اور اِنسان کی افضلیّت گم ہو کر رہ جاتی ہے۔ اب یہ سمجھنا ضروری ہو گیا کہ آخر اِنسان کی وہ کون سی حیثیت ہے جو اس کی افضلیّت کو قائم رکھتی ہے اور اس حیثیت کو حاصل کرنا کس طرح ممکن ہو سکتا ہے؟ انبیاء اس حیثیت کو حاصل کرنے کا اہتمام اِس طرح کیا کرتے تھے کہ وہ جب کسی چیز کے متعلق سوچتے تھے تو اُس چیز کے اور اپنے درمیان کوئی رشتہ، براہِ راست DIRECTLY قائم نہیں کرتے تھے۔ ہمیشہ اُن کی طرزِ فکر یہ ہوتی تھی کہ کائنات کی تمام چیزوں کا اور ہمارا مالک اللہ تعالیٰ ہے۔ کسی بھی چیز کا رشتہ ہم سے براہِ راست نہیں ہے بلکہ ہم سے ہر چیز کا رشتہ اللہ تعالیٰ کی معرفت CARE OF ALLAH ہے۔

رفتہ رفتہ اُن کی یہ طرزِ فکر مستحکم ہو جاتی تھی۔ اُن کا ذہن ایسے رُجحانات پیدا کر لیتا تھا کہ جب وہ کسی چیز کی طرف مخاطب ہوتے تھے تو اُس چیز کی طرف خیال جانے سے پہلے اللہ تعالیٰ کی طرف خیال جاتا تھا۔ انہیں کسی چیز کی طرف توجہ دینے سے بیشتر یہ احساس عادت کے طور پر ہوتا تھا کہ یہ چیز ہم سے براہِ راست DIRECT کوئی تعلق نہیں رکھتی اس چیز کا اور ہمارا واسطہ اللہ تعالیٰ کی وجہ سے ہے۔



Marfat.com

آپؐ کا روئے مبارک بھی ہے ماہِ تاباں
زلفیں بھی آپؐ کی پیاری ہیں اے جانِ جاناں
جونہی اصحابؓ رُخِ تاباں کو دیکھا کرتے
آنکھوں کو سینے کو ٹھنڈک سے بھرا کرتے تھے
کتنے پردوں میں تھا مستور جمال آقاؐ کا
سر تا پا نُور ہی بس نُورِ جمال آقاؐ کا
حُسن تو مُوئے مبارک کا درخشندہ ہے
اُن کی زیبائی سے ہر لعل و گہر زندہ ہے
عنبر بار خمیدہ سی تھیں زُلفیں اُنؐ کی
آنکھوں کو پیاری لگا کرتیں وہ آنکھیں اُنؐ کی
اپنی زُلفوں کو بہت خوب سنبھالا کرتے
کیا حسیں بالوں میں وہ مانگ نکالا کرتے
دیکھ کر آپؐ کی پیشانی جو مسرور ہوئے
مشکلیں ختم ہوئیں غم بھی سبھی دور ہوئے

Marfat.com

جب اُن کی طرزِ فکر یہ ہوتی تھی تو اُن کے ذہن کی ہر حرکت میں اللہ تعالیٰ کا احساس ہو تا تھا۔ اللہ تعالیٰ ہی بحیثیت محسُوس کے اُن کا مخاطب اور مدِ نظر قرار پاتا تھا اور قانُون کی رُو سے اللہ تعالیٰ کی صِفات ہی ان کا احساس بنتی تھیں۔ رفتہ رفتہ اللہ تعالیٰ کی صِفات اُن کے ذہن میں ایک مُستقِل مقام حاصل کر لیتی تھیں۔ یا یوں کہنا چاہیے کہ اُن کا ذہن اللہ تعالیٰ کی صفات کا قائم مقام بن جاتا تھا۔ یہ مقام حاصل ہو جانے کے بعد اُن کے ذہن کی ہر حرکت اللہ تعالیٰ کی صِفات کی حرکت ہوتی تھی اور اللہ تعالیٰ کی صِفات کی کوئی حرکت قُدرت اور حاکمیّت کے وَصف سے خالی نہیں ہوتی۔ چنانچہ اُن کے ذہن کو یہ قُدرَت حاصل ہو جاتی تھی کہ وہ اپنے اِرادوں کے مطابق موجُودات کے کسی ذرّہ کسی فرد اور کسی ہستی کو حرکت میں لاسکتے تھے۔

بسم اللہ شریف کی باطنی تفسیر اس ہی بنیادی سبق پر مبنی ہے۔ اولیائے کرام میں اہلِ نظامت (اللہ تعالیٰ کی ADMINISTRATION کے کارندے) کو اللہ تعالیٰ کی طرف سے یہی ذہن عطا کیا جاتا ہے اور قُربِ نوافِل والے اولیائے کرام اپنی ریاضتوں اور مجاہدوں کے ذریعے ایسے ہی ذہن کو حاصل کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔

قُرآن کریم کی ہر سورت سے پہلے بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ لکھا اور پڑھا جاتا ہے۔ یہ ساری کائنات اللہ تعالیٰ کی صِفات کا مظاہرہ ہے۔ اللہ تعالیٰ کی لاتعداد، بے شمار صِفات ہیں۔ اِن صِفات کا ایک تعارُف اللہ تعالیٰ کے اسماء کے ذریعے ہوتا ہے۔ اللہ تعالیٰ کی صِفات کتنی ہیں اس کا علم تو اللہ ہی کو ہے۔ تاہم اللہ تعالیٰ کے معروف صِفاتی اسماء کی تعداد ننانوے ہے۔ یہ ننانوے اسماء یا تو قُرآن کی آیات میں آئے ہیں یا پھر قُرآن پاک کی آیات سے اَخذ کئے گئے ہیں۔

ہادی عالم، معلمِ اعظم، حضرت محمد ﷺ نے اپنی اُمّت کو یہ تعلیم دی ہے کہ ہر کام کا آغاز اللہ کے نام سے کیا جائے بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ قُرآن کریم کی ایک آیت کا جزو بھی ہے۔

اِنَّهٗ مِنۡ سُلَیۡمٰنَ وَ اِنَّهٗ
بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ۙ﴿۳۰﴾

**وہ سلیمان کی طرف سے ہے اور مضمون یہ ہے کہ شروع اللہ کا نام لے کر جو بڑا مہربان اور نہایت رحم والا ہے۔**
**(سورہ نمل، پارہ 19، آیت 30)**

اس متبرک جملے میں تین اسماء کا ذکر ہے۔ ایک خالق کائنات کا ذاتی نام اللہ اور دو صِفاتی نام رحمٰن اور رحیم۔ عربی زبان اور ادب کے ماہرین نے اسم اللہ کی کئی توجیہات بیان کی ہیں۔ ایک رائے یہ ہے کہ اسم "اللہ"، "الٰہ" یعنی "معبود" کے ساتھ "ال" کے اضافے کے ساتھ بنا ہے یعنی اَل + الٰہ = اللہ

قُرآن پاک کے ذریعے یہ آگہی ملتی ہے کہ اس کائنات کے خالق و مالک وحدہ لاشریک نے اپنی ذات کے لئے خاص طور پر یہی اسم ارشاد فرمایا ہے۔ اللہ کے نبی حضرت موسیٰؑ جب کوہِ طُور پر تشریف لے گئے تو وہاں اللہ تعالیٰ نے ان سے فرمایا:

اِنَّنِیۡۤ اَنَا اللّٰهُ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّاۤ اَنَا فَاعۡبُدۡنِیۡ ۙ
وَ اَقِمِ الصَّلٰوۃَ لِذِکۡرِیۡ ﴿۱۴﴾

**بیشک میں ہی اللہ ہوں۔ میرے سوا کوئی معبود نہیں، تو میری عبادت کیا کرو اور میری یاد کے لئے صلوٰۃ قائم کرو۔**
**(سورہ طٰہٰ، پارہ 16، آیت 14)**



Marfat.com

تھی جبیں اُنؐ کی کشادہ بھی بہت روشن بھی
جن کی برکات سے بھرتے تھے سبھی دامن بھی
یوں تو خمدار تھے باریک تھے گنجاں بھی تھے
ابرو سرکارؐ مقدّس کے تو ذی شاں بھی تھے
اُنؐ کی چشمانِ مقدّس تھیں سیاہ گہری سی
حُسن و زیبائی میں بے مثل مودّتِ اُنؐ کی
آنکھ میں سرخی نما ڈورے دکھائی دیتے
داد و تحسین کے جملے بھی سنائی دیتے
آنکھیں بوجھل نہ کبھی بال بھی اُلجھے ہوتے
ہوتے بیدار جو وہ نیند سے پیارے ہوتے
گوشۂ چشم سے وہ دیکھ لیا کرتے تھے
اپنے اصحابؓ پہ یوں رحم کیا کرتے تھے
سرخی مائل تھے لطافت میں نزاکت میں حسیں
اُنؐ کے لب پاک ہیں رعنائی میں عترت میں حسیں

Marfat.com

ظہورِ اِسلام اور نزولِ قُرآن سے پہلے کے اَدوار میں یہ نام "اللہ" عرب میں معبود کے مفہوم میں ہی معروف و مشہور تھا۔ اسم "اللہ" ہمیشہ اس ہستی کے لئے بولا گیا جو اس کائنات کا خالق اور مالک ہے۔ اہل عرب میں سے جو لوگ شرک میں مبتلا تھے اُنہوں نے کئی کئی معبود بنا رکھے تھے۔ وہ اپنے شرک کے باوجود اس کائنات کے خالق اور منتظم "اللہ" ہی کو مانتے تھے۔ اِس حقیقت کو قُرآن نے کئی مقامات پر بیان کیا ہے:

وَلَئِنْ سَاَلْتَهُمْ مَّنْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَسَخَّرَ الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ لَيَقُوْلُنَّ اللّٰهُ ۚ فَاَنّٰى يُؤْفَكُوْنَ ﴿٦١﴾

اور اگر ان سے پوچھو کہ آسمان اور زمین کو کس نے پیدا کیا۔ اور سورج چاند کو کس نے تمہارے زیرِ فرمان کیا تو کہہ دیں گے اللہ نے۔ تو پھر یہ کہاں اُلٹے جا رہے ہیں۔

(سورہ العنکبوت، پارہ 20، آیت 61)

آگے ارشاد ہوتا ہے:

وَلَئِنْ سَاَلْتَهُمْ مَّنْ نَّزَّلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً فَاَحْيَا بِهِ الْاَرْضَ مِنْۢ بَعْدِ مَوْتِهَا لَيَقُوْلُنَّ اللّٰهُ ۗ قُلِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ ۗ بَلْ اَكْثَرُهُمْ لَا يَعْقِلُوْنَ ﴿٦٣﴾

اگر تم ان سے پوچھو کہ آسمان سے پانی کس نے برسایا پھر اس سے زمین کو اس کے مرنے کے بعد کس نے زندہ کیا تو کہہ دیں گے اللہ نے۔ کہہ دو کہ اللہ کا شکر ہے لیکن ان میں اکثر نہیں سمجھتے۔

(سورہ العنکبوت، پارہ 20، آیت 63)

قُرآن کی تلاوت کے آغاز میں اور دنیا کے دوسرے کاموں کی شروعات میں اللہ کے اسماء رحمٰن اور رحیم کا واسطہ لانا نہایت اہم نقطہ ہے۔

رحمٰن اور رحیم دونوں اسماء کا مصدر ROOT WORD "رحم" ہے۔ اب بظاہر تو ایسا معلوم ہوتا ہے کہ اس جملے میں اللہ تعالیٰ کی ایک ہی صِفت یعنی رحمت کو دو مرتبہ بیان کیا گیا ہے۔ زبان کی فصاحت اور بلاغت سے بہرہ مند ایک عرب کو یا عربی زبان و ادب سے بخوبی واقف کسی شخص کو اس جملے کے مفہوم کو سمجھنے میں مشکل نہیں ہو گی لیکن عربی نہ جاننے والے افراد کے لئے اس جملے کا ترجمہ کرتے وقت اس کے مفہوم کی منتقلی کا اہتمام ضروری ہے۔

اگر اس متبرک جملے کا سیدھا لفظی ترجمہ کیا جائے تو یہ کچھ اس طرح بنتا ہے۔ اللہ کے نام سے جو رحم والا ہے اور رحم کرتا ہے۔ ہمارے ہاں الرحمٰن الرحیم کا ترجمہ عام طور پر بڑا مہربان اور نہایت رحم کرنے والا کیا جاتا ہے اور اُردو دان طبقوں کی اکثریت میں رائج یہ ترجمہ اس مقدس اور متبرک کلمے کا وسیع تر مفہوم پیش کرنے سے قاصر ہے۔ رحمٰن اور رحیم اللہ تعالیٰ کی صِفت رحمت کا اظہار ہیں۔ ان دونوں اسماء کا بنیادی لفظ ایک ہی ہے یعنی "رحم" یہاں یہ بات ذہن میں آتی ہے کہ صِفت رحمت کی ایک دفعہ بہت زیادتی کے ساتھ بصورتِ رحمٰن، ذکر کے بعد اب اسی صِفت کا بیان رحیم کے لفظ کے ساتھ کیوں کیا گیا ہے؟

قُرآن ایک صِفت کو ایک ہی جگہ دو مختلف انداز سے بیان کے ذریعے دراصل ایک بہت بڑی حقیقت سے اِنسان کو آگاہ کر رہا ہے۔



Marfat.com

دہن سے نکلے ہوئے لفظ صداقت ساری
اُنؐ کے فرمان پہ قائم ہے عبادت ساری
اپنی خواہش سے کبھی بات نہیں کرتے تھے
حکمِ ربّی سے وہ ہر بات حسیں کرتے تھے
ریخ ہر دانتِ مقدّس کی منوّر ہوتی
روشنی چاند ستاروں سے بھی انور ہوتی
آپؐ کے چہرے پہ ماتھے پہ محبّت ہوتی
بات کرتے تھے تو پھر نُور سی راحت ہوتی
انؐ کے دندان مقدّس تھے چمکتے موتی
مُسکراتے تھے تو پھر ایسی ہی حالت ہوتی
خوش کلامی میں حلاوت میں تھی یکتا ایسی
انؐ کی آوازِ مبارک تھی محبت جیسی
آپؐ کی ریشِ مقدس تھی بہت ہی اعلیٰ
تھا زیادہ وہ حسیں چاند سے چہرہ اُنؐ کا

Marfat.com

اِنسان کو ملنے والی آگہی کا فطری نتیجہ ــــ ایمان کی پختگی، معاملات دنیا میں اللہ تعالیٰ کی رحمت اور قدرت کی مدد پر مکمل بھروسے، جدوجہدِ مسلسل کے لئے عزم و توانائی، کامیابیوں اور ناکامیوں پر درست ردِّ عمل کا اظہار، اللہ تعالیٰ کے حضور جواب دہی کے احساس کی شکل میں ظاہر ہوتا ہے۔

آیئے دیکھتے ہیں کہ اس مختصر جملے میں بندگی اور دنیاداری کے معاملات کس طرح سموئے ہوئے ہیں۔ عربی زبان میں کسی اسم کا کوئی معنی ہوتا ہے اور اس اسم کا طرزِ بیاں دراصل اس کی کیفیت کا اظہار ہوتا ہے۔ ان کیفیات کا اظہار اوزان کے ذریعے ہوتا ہے۔

فَعلان اور فعیل دونوں مبالغے کی صیغے ہیں۔ عربی زبان میں اس مبالغے کا مطلب ہے کسی صِفت کا بہت زیادہ ہونے کا اظہار۔ فَعلانُ کے وزن پر جو بھی اسم ہو گا وہ اپنی صِفت میں بہت زیادہ ہونے کے ساتھ ساتھ جوش و خروش کی کیفیت کو بھی ظاہر کرے گا۔ فعیل کے وزن پر جو اسم ہو گا وہ اپنی صِفت میں بہت زیادہ ہونے کے ساتھ ساتھ استقلال اور پائیداری کی کیفیت کو بھی ظاہر کرے گا۔ ان نکات کو ذہن میں رکھتے ہوئے بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ کے مفہوم کو سمجھنے کی کوشش کرتے ہیں۔

اِنسان اپنی محدود عقل سے اور خود اپنے جذبات اور احساسات کے مشاہدات سے یہ اَخذ کرتا ہے کہ کسی کام کو شروع کرتے وقت لوگ اکثر بہت پرجوش اور ENTHUSIASTIC ہوا کرتے ہیں۔ سکول، کالج، یونیورسٹی میں تعلیم کی ابتداء ہو، کیرئیر کی شروعات ہو، کسی مقابلہ کی تیاری ہو، نئی نئی شادی ہوئی ہو، اولاد کی خوشی ملی ہو، یا پھر زندگی کے دیگر معاملات۔ ابتداء میں جوش و خروش کی جو حالت ہوتی ہے رفتہ رفتہ اس میں کمی آتی جاتی ہے۔ بعد میں بڑی بڑی باتوں کو بھی اِنسان عام سی باتیں خیال کرنے لگتا ہے۔

یہاں اس مختصر لیکن انتہائی بلیغ جملے کے ذریعے اِنسان کو بہت کچھ سمجھایا جارہا ہے۔ رحمت کا ذکر فَعلانُ کے وزن پر کر کے بتایا جارہا ہے کہ الرحمٰن کی رحمت جوش میں آئی اور اس نے رحمت کی بہت زیادتی کے ساتھ یہ ساری کائنات تخلیق فرمائی اور پھر رحمت کا ذکر فعیل کے وزن پر کر کے یہ سمجھایا جارہا ہے کہ الرحیم کی بہت زیادہ رحمت ایک اِستقلال اور تسلسل کے ساتھ ساری کائنات میں جاری و ساری ہے۔ یعنی یہ نہیں کہ جوش و خروش میں آکر ایک کام کر لیا پھر جیسا کہ اِنسانوں میں عام طور پر ہوتا ہے کہ اس جوش و خروش میں بتدریج کمی آنے لگی۔ اللہ کے ہاں ایسا نہیں ہے۔ اللہ رحمٰن بھی ہے اور رحیم بھی۔ اللہ کی رحمت میں بہت زیادہ جوش و خروش ہے۔ وہ مُستقِل اور پائیدار ہے ان مفاہیم کو ذہن میں رکھتے ہوئے بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ کا مجموعی مفہوم سمجھنے کی کوشش کرتے ہیں۔

اپنے اَحد اور حقیقی معبود، اللہ کے نام سے جس کی بہت زیادہ رحمت نے بہت جوش کے ساتھ تخلیق کیا اور جس کی یہ بہت عظیم نعمت ازل تا ابد ساری کائنات میں جاری و ساری ہے، میں اپنے کام کا آغاز کرتا ہوں۔

ان مفاہیم کے ساتھ غور کریں تو یہ ظاہر ہوتا ہے کہ یہ چار یا پانچ لفظی جملہ اس کائنات کے خالق و مالک، اللہ کی واحدانیت و خالقیت کا اقرار بھی ہے اور اس میں اللہ کے اسمائے رحمت کو واسطہ بھی بنایا گیا ہے۔ یہ جملہ برکتوں اور رحمتوں کے لئے ایک دعا بھی ہے۔

جب ہم بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ پڑھتے ہیں تو دراصل اللہ کی بندگی کا اقرار کرتے ہوئے اپنے کاموں میں اس کے اسمائے رحمت کا واسطہ لاتے ہیں۔ اس سے حفاظت، برکت اور صحت مانگتے ہوئے، اپنے کام یا اپنی کوششوں کے معنی برخیز نتیجے اور عافیت



Marfat.com

اس قدر گوشِ مقدس میں وہ رعنائی تھی
کالی زُلفوں میں ستاروں سی تو زیبائی تھی
دیکھنے والے تو ہر آن کہا کرتے تھے
انؐ کی چشمانِ مقدس میں حسیں ڈورے تھے
یا نبیؐ آپؐ کی آنکھیں تو حسیں ایسی ہیں
جس طرح آپؐ کی خواہش تھی بہت ویسی ہیں
گردنِ پاک تو بس مطلع انوار ہی تھی
ربِ اقدس کی محبت کا وہ اظہار ہی تھی
دوشِ اقدس کی حقیقت کو سنا سکتے ہیں
وہ تو حسنینؑ کریمین بتا سکتے ہیں
وہ تو مسند تھی فقط پسر علیؓ حیدر کی
کیا کسی اور کی ایسے وہ مقدر ہوتی
بال تھے اُنؐ کی کلائی پہ بہت پیارے سے
جیسے افلاک پہ روشن ہیں حسیں تارے سے

Marfat.com

کی دعا کرتے ہیں اور یہ سب نکات رحمت کے اجزاء ہی تو ہیں۔

آیئے اپنی دعاؤں کا آغاز، اپنی تعلیم کا آغاز، اپنے کاموں کا آغاز، اپنے فہم کا آغاز، اپنے ادراک کا آغاز، اپنے وجدان کا آغاز، اپنے انجام کا آغاز اللہ تعالیٰ کے سامنے سر جھکا کر دعا سے کریں۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اَللّٰھُمَّ فَارِجَ الۡھَمِّ کَاشِفَ الۡغَمِّ مُجِیۡبَ دَعۡوَۃِ الۡمُضۡطَرِّیۡنَ رَحۡمٰنَ الدُّنۡیَا وَالۡاٰخِرَۃِ وَرَحِیۡمَھُمَا اَنۡتَ تَرۡحَمۡنِیۡ فَارۡحَمۡنِیۡ بِرَحۡمَۃٍ تُغۡنِیۡنِیۡ بِھَا عَنۡ رَحۡمَتِہٖ مِنۡ سِوَاکَ

ترجمہ: اے اللہ۔۔۔دل کے فکر کو دور کر دینے والے۔۔۔ غم کو کھول دینے والے۔۔۔اے بیقراروں کی پکار سننے والے۔۔۔اے دنیا و آخرت میں رحمت فرمانے والے (رحمٰن) اور دونوں جہانوں میں رحم کرنے والے (رحیم) مجھ پر تو تُو ہی رحم فرمائے گا۔تُو مجھ پر رحم فرما۔ایسی رحمت فرما جو تیرے سوا سب سے بے نیاز کر دے۔ آمین یارب العالمین

حوالہ جات:

1۔ کتاب "لوح و قلم" از حضور قلندر بابا اولیاء، باب اسم ذات

2۔ کتابچہ "سلسلہ عظیمیہ کی تعلیمات" از ڈاکٹر وقار یوسف عظیمی، باب چو تھا نکتہ، صفحہ نمبر 52 تا 55



Marfat.com

دستِ اقدس کی عطا جود و سخا دیکھا ہے
ہم نے ان ہاتھوں میں بس دستِ خدا دیکھا ہے
دستِ رحمت جو کسی سر پہ پھرا کرتا تھا
وہ تو خوشبوؤں کے ہالے میں رہا کرتا تھا
خیر و برکت کی وہ تاثیر لیے ہوتے تھے
دستِ اقدس تھے کہ تنویر لیے ہوتے تھے
اُنگلیاں آپؐ کے ہاتھوں کی بہت سیدھی تھیں
جس طرح چاند کی ڈلیاں تھیں حسیں ایسی تھیں
نظر آتی تھی سفیدی جو اُنہیں بغلوں میں
کرتے محفوظ وہ اصحابؓ اُنہیں آنکھوں میں
ایسا انوار و تجلّی کا خزینہ تھا وہ
کیا کُشادہ سا نبیؐ پاک کا سینہ تھا وہ
آپؐ کا سینہ فراخی کا بھی حامل تھا مگر
وہ توازن کا تناسب کا تھا اعلیٰ مظہر

Marfat.com

موضوع 2/84

# انعام یافتہ لوگ

## THE BESTOWED PEOPLE

## سُوْرَةُ الْفَاتِحَةِ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝۱ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝۲ مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ ۝۳

اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَ اِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ ۝۴ اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ ۝۵

صِرَاطَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ ۙ غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّآلِّيْنَ ۝۷

ترجمہ: سب تعریفیں اللہ ہی کے لئے ہیں جو تمام مخلوقات کا پروردگار ہے۔ بڑا مہربان اور نہایت رحم والا انصاف کے دِن کا حاکم۔ ہم تیری ہی عبادت کرتے ہیں اور تجھ ہی سے مدد مانگتے ہیں ہم کو سیدھے رستے چلا۔ ان لوگوں کے رستے جن پر تُو اپنا فضل و کرم کرتا رہا نہ کہ ان کے جن پر غصے ہوتا رہا اور نہ گمراہوں کے۔

*All the praises and thanks be to Allah , the Lord of tha Alamin. The most Gracious The most Merciful. The only owner of the Day of Recompense.You we worship and You (alone) we ask for help.Guide us to the straight Way. The Way of those on whom You have bestowed Your Grace, not of those who earned Your Anger nor of those who went astray.*

سورۃ فاتحہ عالمِ اسلام میں ہر مسلمان عورت اور مرد کو یاد ہے اور تمام مسلمان نماز کی ہر رکعت میں اس کی تلاوت کرتے ہیں۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ سے مراد ہے تمام تعریفیں اس اللہ کے لئے ہیں جو عالمین کا رب ہے۔ اس آیت میں تشریح طلب بات یہ ہے کہ اللہ سے مراد بے شمار مخلوقات کا پیدا کرنے والا خالق۔ رب سے مراد مخلوقات کو پیدا کر کے ان کی تمام ضروریات کی کفالت کرنے والا۔ مخلوقات کو زندہ رکھنے کے لئے، مخلوقات کو پیدا کرنے کے لئے، مخلوقات کو جوان کرنے کے لئے، مخلوقات کی نسل چلانے کے لئے، مخلوقات کو اس دنیا میں رکھنے کے بعد دوسری دنیا میں منتقل کرنے کے لئے جن جن چیزوں کی ضرورت ہے ان کو فراہم کرنے والا۔ غرض یہ کہ اللہ خالق ہے، پیدا کرنے والا، رب پیدا کرنے کے بعد مخلوق کی زندگی کو RESOURCES وسائل فراہم کرنے والا۔



Marfat.com

منبع رُشد و ہدایت تھا نبیؐ پاک کا دل
مخزنِ راحت و شفقت تھا نبیؐ پاک کا دل
قلبِ اطہر کو کبھی نیند نہیں آتی تھی
آپؐ کی ہستی جو آرام بھی فرماتی تھی
جس سے اصحاب محمدﷺ پہ وفا طاری تھی
پشتِ اقدس پہ نبوّت کی مہر پیاری تھی
جس سے اصحابؓ محمدﷺ پہ وفا طاری تھی
ان کے قدمین شریفین تھے ہموار و نرم
دید کرتے تھے وہی جن پہ الٰہی کا کرم
اُنؐ کے قدمین شریفین کی زیارت کرنا
ہم سمجھتے ہیں کہ ہے عین عبادت کرنا
قد زیبائے مقدّس میں وہ رعنائی تھی
ظاہری حُسن مطہر میں بھی زیبائی تھی

Marfat.com

دوسری غور طلب بات یہ ہے کہ اللہ رب العالم نہیں بلکہ رب العالمین ہے۔ اس آیت میں تفکّر سے یہ بات واضح ہوتی ہے کہ اس دنیا کی طرح اور بھی بے شمار عالمین موجود ہیں اور اِن بے شمار عالمین کو پالنے والی اللہ تعالیٰ کی ذات ہے۔

سب تعریفیں خالق کائنات کے لئے ہیں۔ خالقِ کائنات کی صِفات یہ ہیں کہ جب وہ مخلوق کو پیدا کرتا ہے تو مخلوق کی ضروریات کی کفالت بھی کرتا ہے اور مخلوق کی ضروریات کی کفالت اس وقت ممکن ہے جب مخلوق کی زندگی میں کام آنے والی ہر شے، مخلوق کے پیدا ہونے سے پہلے موجود ہو۔ حضور قلندر بابا اولیا نے فرمایا عالمین میں تقریباً ساڑھے گیارہ ہزار 11,500 مخلوقات SPECIES ہیں پرندے ہیں، چرندے ہیں، چوپائے ہیں، اشجار ہیں، معدنیات ہیں، پہاڑ ہیں اگر نوعی اعتبار سے ان کا شمار کریں تو تقریباً ساڑھے گیارہ ہزار انواع ہیں۔ اللہ تعالیٰ اِن تمام انواع کا رب ہے۔

> سیدنا حضور ﷺ کی نسبت سے ہمیں یہ سعادت اور شرف حاصل ہوا ہے کہ جس کی بناء پر ہم توحید پرست کہلاتے ہیں۔ آپ ﷺ کی ذات گرامی ایسی مبارک اور مسعود ہستی ہے جس کی وجہ سے نوعِ انسانی کو اس بات کا ادراک ہوا ہے کہ انسان اور حیوان میں کیا فرق ہے اور انسان کس بناء پر اشرف ہے۔

اِنسان کی پیدائش اس وقت تک ممکن نہیں جب تک اِنسان کے والدین نہ ہوں والدین کے بارے میں جب ہم تفکّر کرتے ہیں تو اس کے علاوہ ہمارے پاس کوئی جواب نہیں کہ اماں کو ابا کو اللہ جَلَّ جَلَالُہٗ نے پیدا فرمایا۔ یعنی اِنسان کی پیدائش کے لئے پہلا وسیلہ والدین بنے۔ اور والدین کی تخلیق میں نہ والدین کا کوئی ذاتی عمل دخل ہے اور نہ کسی اولاد کا کوئی عمل دخل ہے۔ ماں کے پیٹ میں نو ماہ تک بچے کو نشو ونما کے لئے کتنی چیزوں کی ضرورت تھی؟ جس صِفت رحیمی سے اس خورد و نوش کا انتظام ہوا اس کو رُوحانیت میں رب کہتے ہیں۔ رب نے ماں کے پیٹ میں بچے کو وہ تمام غذائیں فراہم کیں جن غذاؤں کو استعمال کر کے اس کے اندر توانائی پیدا ہونے کی شکل وصورت بنی اور جیتی جاگتی تصویر اس دنیا میں آ گئی۔

آیت قرآنی ہے:

هُوَ الَّذِيْ يُصَوِّرُكُمْ فِي الْاَرْحَامِ كَيْفَ يَشَآءُ ۭ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ۝

**وہی تو ہے جو (ماں کے پیٹ میں) جیسی چاہتا ہے تمہاری صورتیں بناتا ہے اس غالب حکمت والے کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں۔**

**(سورۃ آل عمران پارہ 3، آیت 6)**

کیسی پاک ذات ہے وہ جو ماں کے پیٹ میں تصویر کشی کر کے خوبصورت تصویر دنیا میں لے آتی ہے۔ اب وہ بچہ پیدا ہوا تو بچے کو اپنی زندگی گزارنے کے لئے کوئی چیز خود نہیں بنانی پڑی۔ پیدائش سے پہلے اس کے دودھ کا انتظام ہو گیا۔ اس کے لئے زمین موجود تھی، پیدائش سے پہلے اس کے لئے ہوا بھی موجود تھی، پانی بھی موجود تھا۔ ہر وہ چیز مہیا تھی جس کی زندگی میں ضرورت پیش آتی ہے۔ تعلیمی سلسلہ شروع ہوا، پہلے سے سکول موجود تھے، اساتذہ موجود تھے۔ یعنی پیدائش کے بعد مرتے دم تک اِنسان جو کچھ بھی استعمال کرتا



Marfat.com

## سیدنا عبدالمطلبؓ کی محبت

جب کسی کام کی تکمیل کو دادا کہتے
آپؐ کے دادا نبیؐ پاک سے وہ کروا لیتے
کعبہ کے سائے میں جب آپؐ کی مسند بچھتی
پاس ہی ہوتی وہاں ہستی نبی اقدسؐ کی
جب تلک زندہ رہے آپؐ کے دادا پیارے
انؓ کی آنکھوں کے فقط آپؐ رہے تھے تارے
اس قدر پیار کسی اور نے پایا ہی نہیں
آپؐ سا اور حسیں کوئی بھی آیا ہی نہیں

## سیّدہ آمنہؓ کی وفات اور آپؐ

سیدہ آمنہؓ بی بی نے جو رحلت پائی
اُمّ ایمنؓ ہی انہیں لے کے تھی مکے آئی
اپنے دادا کی کفالت میں نبیؐ اطہر تھے
اپنے پوتے کو جو تنہا نہ کبھی کر پاتے

Marfat.com

ہے وہ پہلے سے موجود تھا۔ کوئی چیز بھی ایسی نہیں ہے جو اِنسان نے پیدا ہونے کے بعد اپنے لئے بنائی ہو۔ خلاصہ یہ کہ اللہ خالق کائنات ہے عالمین کے لئے اس نے صِفت ربوبیت سے وسائل فراہم کئے، مخلوق وجود میں آگئی۔

دوسرا مرحلہ ہے مخلوقات کے لئے وسائل کی تقسیم کا۔ رب العالمین نے جب یہ کائنات بنائی اور کائنات کے لئے وسائل پیدا کر دیے اب رب کائنات نے یہ چاہا کہ وسائل کو تقسیم کرنے والی ہستی مخلوق میں سے ہی منتخب ہو۔

## خوش نصیبی:

آپ ﷺ کو رحمت کے ساتھ وسائل کو تقسیم کرنے کے لئے منتخب فرمالیا۔ کائنات میں دو ہستیاں زیر بحث آئیں ایک پیدا کرنے والی ہستی دوسرے مخلوق میں پیدا شدہ وسائل کو تقسیم کرنے والی ہستی۔

وَمَآ اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا رَحْمَةً لِّلْعٰلَمِيْنَ ﴿١٠٧﴾ اور ہم نے آپ ﷺ کو عالمین کے لئے رحمت بنا کر بھیجا۔

(سورۃ الانبیا، پارہ17، آیت107)

اس لئے کہ آپکی ذات سے پوری کائنات فیڈ ہوتی رہے۔

حضور قلندر بابا اولیاؒ سے جب ان دونوں آیتوں کی تفسیر پوچھی گئی کہ اللہ اپنے لئے رب العالمین فرماتا ہے اور اپنے محبوب بندے محمد رسول اللہ ﷺ کے لئے رحمت للعالمین فرماتا ہے۔ تو رب العالمین اور رحمت للعالمین میں کیا فرق ہوا؟ انہوں نے فرمایا:

"رسول اللہ ﷺ کے ارشاد گرامی کے مطابق اوّل ما خلق اللہ نُوری اللہ تعالیٰ نے جب اس کائنات کو بنانے کا ارادہ فرمایا تو سب سے پہلے رسول اللہ ﷺ کو تخلیق کیا۔ اور رسول اللہ ﷺ کو مقام محمود میں وہ جگہ عطا فرمائی جہاں اللہ اور اللہ کے رسول ﷺ کے علاوہ کوئی بندہ نہیں پہنچ سکتا۔ اللہ رب العالمین کی تجلّیات اور انوارات اتنے شدید ہیں کہ اللہ تعالیٰ کی تجلّی کو کائنات کا کوئی فرد کوئی مخلوق برداشت نہیں کر سکتی"۔

حضرت موسیٰ علیہ السلام کی مثال ہمارے سامنے ہے کہ کوہِ طور پر اللہ کی تجلّی دیکھی اور بے ہوش ہو گئے۔ اللہ نے یہ انتظام فرمایا کہ تجلّیات اور انوارات کے نزول کے لئے رسول ﷺ کا نور بنایا۔ انوار اور تجلّیات کا پہلا نزول رسول ﷺ کے اوپر ہوتا ہے۔ اس کی تیزی، اس کا جلال، اس کی عظمت، اس کی ربوبیت کو رسول اللہ ﷺ جب قبول فرماتے ہیں، کیونکہ رسول اللہ ﷺ کو اللہ تعالیٰ نے خود رحمت للعالمین ﷺ فرمایا ہے، تو وہ جلال رحمت میں تبدیل ہو کر تمام عالمین میں تقسیم ہو جاتا ہے۔

اللہ تعالیٰ نے نظامِ کائنات میں رسول اللہ ﷺ کو اپنے اور مخلوق کے درمیان واسطہ بنایا۔ رسول اللہ ﷺ خاتم النبیین ہیں اور آپ ﷺ کے بعد کوئی نبی نہیں آئے گا۔

اَلْيَوْمَ اَكْمَلْتُ لَكُمْ دِيْنَكُمْ وَاَتْمَمْتُ عَلَيْكُمْ نِعْمَتِيْ وَرَضِيْتُ لَكُمُ الْاِسْلَامَ دِيْنًا ؕ

آج ہم نے تمہارے لئے تمہارا دین کامل کر دیا اور اپنی نعمتیں تم پر پوری کر دیں اور تمہارے لئے اِسلام کو دین پسند کیا۔

(سورۃ المائدہ، پارہ6، آیت3)



Marfat.com

جب کبھی وادیٔ مکہ میں نہ بارش ہوتی
دنیا اولادِ براہیمؑ کے در پر آتی
پھر وہ خورشید جہاں تاب کی صورت والے
ننھے ہاتھوں سے جو بارش کی دعا فرماتے
وادیٔ مکہ میں ہر سمت ہی جل تھل ہوتی
ابرِ رحمت تھی جو صحراؤں میں شامل ہوتی

## پہلا تجارتی سفر اور بحیرہ راہب کا انکشاف

عُمر اقدس جو ہوئی بارہ برس آقاؐ کی
ساتھ چچا کے ہوئی محوِ سفر یہ ہستی
اک دبستان محبّت کی نظر اُن پہ پڑی
اپنے ہاں انؐ کو بلایا تو ضیافت کر دی
پوچھا سردار سے کیوں ساتھ انہیں لائے ہیں
بن کے رحمت یہ جہانوں کے لیے آئے ہیں

Marfat.com

آج کے دن اے محمد ﷺ تمہارے اوپر دین کی تکمیل کر دی اور جن نعمتوں کا وعدہ تھا وہ آپ ﷺ کے اوپر پوری کر دیں اور اللہ آپ ﷺ سے راضی ہو گیا۔ غور طلب بات ہے کہ ہم مسلمان جو حضور ﷺ کے اُمّتی ہیں کتنی خوش نصیب قوم ہیں۔ ہمیں وہ دور ملا جو اللہ کے بعد سب سے بڑی ہستی کا دور ہے۔ اور ہمیں یہ سعادت ملی کہ ہم اس رسُول ﷺ کی اُمّت ہیں جن کی وجہ سے سارے عالمین فیڈ ہو رہے ہیں۔

جب ہم یہ کہتے ہیں کہ ہم رسُول ﷺ کے اُمّتی ہیں تو اس کا مطلب یہ ہے کہ ہمیں رسُول ﷺ کی نسبت اور صِفات حاصل ہیں جب مسلمان رسُول اللہ ﷺ پر صحیح معنوں میں ایمان لے آتا ہے کلمہ پڑھ لیتا ہے تو اپنی نسبت رسُول اللہ ﷺ سے قائم کر لیتا ہے۔ اس کا مطلب یہ ہوا کہ ہر مسلمان عالمین کے لئے رحمت ہے اس لئے کہ وہ رسُول اللہ ﷺ کا اُمّتی ہے۔ مسلمان چونکہ رسُول اللہ ﷺ سے ایک رُوحانی رشتہ رکھتا ہے تو اس کے اندر یہ صِفات منتقل ہو جاتی ہیں کہ جس طرح رسُول ﷺ عالمین کے لئے رحمت ہیں اسی طرح ہر مسلمان پوری نوع اِنسانی کے لئے رحمت کا چلتا پھرتا کردار ہے۔

یہاں یہ بیان کرنا ضروری ہے کہ یہ ہماری سعادت ہے کہ ہم حضور پاک ﷺ کے اُمّتی ہیں۔ اس کے ثمرات تب حاصل ہوں گے جب حضور ﷺ کے اوصاف ہمارے اندر پیدا ہوں گے۔ اگر ہم باعمل ہوں گے تو سچی خوشی اور اطمینان قلب نصیب ہو گا اور اگر خوش نہیں رہیں گے تو سکون نہیں ملے گا اور یقین کے درجے میں داخل نہیں ہو سکیں گے۔

اِسلام اور کفر میں یہ فرق ہوا کہ جب بندہ مسلمان ہو جاتا ہے تو اس کو رحمت للعالمین کی صِفت رحیمی منتقل ہو جاتی ہے غیر مسلمین کو صِفت رحیمی منتقل نہیں ہوتی۔ جب صِفت رحمت منتقل ہو گئی اور مسلمان اپنے مسلمان بھائیوں کے لئے رحمت نہیں رہا تو اس کو سوائے محرومی کے اور کیا کہہ سکتے ہیں۔

جو وسائل آپ استعمال کرتے ہیں۔ وہ آپ کی ملکیت نہیں ہیں۔ ملکیت کا مطلب ہے آپ کسی شے کے مالک ہیں کوئی آپ کی ملکیت میں تصرّف نہ کر سکے آپ سے چھین نہ سکے پوری زندگی کے وسائل کے بارے میں جب آپ غور کریں گے تو یہاں کچھ بھی آپ کی ملکیت نہیں ہے۔

ملکیت کے تصور نے اِنسان کو برباد کر دیا۔ اللہ نے وسائل بنائے رسُول ﷺ نے تقسیم کر دیے رُوحانی نقطہ نگاہ سے جو خرابی کی جڑ ہے وہ یہ ہے کہ اِنسان کے ذہن میں یہ بات آگئی کہ میری کوئی ملکیت ہے۔

اگر مسلمان کے اندر یہ یقین مستحکم ہو جائے کہ نہ صرف اس دنیا میں بلکہ پوری کائنات میں میری کوئی ملکیت نہیں ہر چیز اللہ کی دی ہوئی استعمال کر رہا ہوں تو ہر مسلمان حضور ﷺ کا جیتا جاگتا کردار بن جائے۔ حضور قلندر بابا اولیاء نے فرمایا اِنسانوں میں اور پیغمبروں میں یہ فرق ہے کہ عام اِنسان اپنی ذات میں سوچتا ہے۔ اور پیغمبر CARE OF ALLAH سوچتے ہیں۔ ان کے ذہن میں یہ بات ہوتی ہے کہ ہماری کوئی چیز نہیں۔ ارشاد ہے:

وَالرّٰسِخُوْنَ فِی الْعِلْمِ یَقُوْلُوْنَ اٰمَنَّا بِهٖ ۙ — اور جو لوگ علم میں دست گاہ کامل رکھتے ہیں وہ یہ کہتے ہیں کہ ہم



Marfat.com

میں نے افلاک و شجر سایہ فگن دیکھے ہیں
قافلے والے بھی اُلفت میں مگن دیکھے ہیں
انؐ کے کاندھے پہ حسیں مہرِ نبوت دیکھی
انؐ کے اوصافِ جمیلہ کی حقیقت دیکھی
بولے پھر عجز و محبت سے انہیں لے جائیں
میرے سردار حقیقت سے انہیں لے جائیں
ایک معصوم سے بچپن سے گزر کر آقاؐ
عہدِ بے مثل لڑکپن سے گزر کر آقاؐ
قابلِ رشک جوانی کی طرف بڑھ آئے
زیبِ قامت تھے تو رعنائی بھی لے کر آئے

## کعبہ معظّمہ کی تعمیرِ نو میں آپؐ کی عظمت

سال پینتیس ہی تھی تب عمر مبارک انؐ کی
ازسرِ نو جو وہ تعمیرِ حرم پاک ہوئی

Marfat.com

كُلٌّ مِّنۡ عِنۡدِ رَبِّنَا ۚ ان پر ایمان لائے یہ سب ہمارے پروردگار کی طرف سے ہے۔

(سورۃ آل عمران، پارہ3، آیت7)

رُوحانی لوگ یہ کہتے ہیں کہ ہم نے اس بات کا مشاہدہ کر لیا ہے کہ ہر شے اللہ کی طرف سے ہے۔ ہمیں ہر چیز استعمال کے لئے عارضی طور پر عطا کی گئی ہے۔ اللہ اولاد عطا فرماتے ہیں اگر اِنسان کے ذہن میں یہ بات راسخ ہو جائے کہ یہ اللہ تعالیٰ کے دیئے ہوئے کھلونے ہیں اللہ نے ہمیں یہ اس لئے عنایت کئے ہیں کہ ہم ان سے دل بہلائیں ان کی تعلیم و تربیّت کر کے ایک اچھا اِنسان بنائیں۔ اولاد کی ساری پرورش اللہ کے لئے ہو جائے گی۔

وَاعۡلَمُوۡۤا اَنَّمَاۤ اَمۡوَالُكُمۡ وَ اَوۡلَادُكُمۡ فِتۡنَةٌ ۙ اور جان رکھو کہ تمہارا مال اور تمہاری اولاد بڑی آزمائش ہے۔

(سورۃ انفال، پارہ9، آیت28)

مرشد کریم الشیخ خواجہ شمس الدین عظیمی صاحب نے حضور قلندر بابا اولیاءؒ سے پوچھا "اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں اولاد فتنہ ہے تو کیا ضرورت ہے شادی کی؟ کیا ضرورت ہے اولاد کی؟ کیا ضرورت ہے مال و اسباب کی؟ کیا ضرورت ہے گھر بنانے کی؟ کیا ضرورت ہے کاروبار کی؟ حضور قلندر بابا اولیاء رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا آگے پڑھو:

وَّاَنَّ اللّٰهَ عِنۡدَهٗۤ اَجۡرٌ عَظِيۡمٌ ﴿۲۸﴾

اگر مال اور اولاد کے بارے میں آپ کے ذہن میں ہے کہ اولاد اللہ کی دی ہوئی چیز ہے تو اس سے بڑا کوئی اجر نہیں۔ ہم اولاد کو ملکیت تصور کرتے ہیں اس لئے اولاد ہمارے لئے فتنہ ہے، بیوی شوہر کو ملکیت تصور کرتی ہے شوہر بیوی کے لئے فتنہ بن جاتا ہے۔ ملکیت کا تصور رب العالمین کے سراسر خلاف ہے۔ کوئی چیز آپ کی ملکیت نہیں ہے اگر کچھ آپ کی ملکیت ہے تو وہ چیز آپ سے چھن کیوں جاتی ہے؟

ملکیت کا تصور اِنسان کے لئے سب سے بڑی بربادی کا باعث ہے انبیاء کرام آف اللہ سوچتے ہیں اور ہر سوچ میں اللہ آ جاتا ہے اور اسی طرزِ فکر کو راسخ کرنے کے لئے اللہ نے پیغمبروں کا سلسلہ قائم کیا۔ حضرت ابراہیمؑ خلیل اللہ کو اللہ تعالیٰ نے 82 سال کی عمر میں صاحب زادے حضرت اسماعیل علیہ السلام ذبیح اللہ عطا کیے۔ اس عمر میں اولاد سے محبت اور اُنس کا اندازہ لگایا جا سکتا ہے۔ جب اللہ نے یہ دیکھا کہ ابراہیم علیہ السلام کے اندر بیٹے کی محبت غالب آ گئی ہے تو اللہ نے فرمایا کہ آپ بیٹے کی قربانی دے دیجئیے۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام کے دل میں بیٹے کے لئے ملکیت کا تصور ہوتا تو قربان نہ کرتے۔ چونکہ حضرت ابراہیمؑ جانتے تھے کہ یہ بیٹا میری ملکیت نہیں ہے اللہ کی ملکیت ہے۔ حضرت ابراہیمؑ نے بیٹے کی قربانی سے یہ ثابت کیا کہ انہوں نے حضرت اسماعیل علیہ السلام کو اپنی ملکیت نہیں سمجھا۔

جتنے بھی پیغمبر ہیں وہ سب ایک ہی بات کرتے ہیں کہ سب اللہ کا بنایا ہوا ہے اللہ کی ملکیت ہے:

قُلِ اللّٰهُمَّ مٰلِكَ الۡمُلۡكِ تُؤۡتِى الۡمُلۡكَ مَنۡ تَشَآءُ وَتَنۡزِعُ الۡمُلۡكَ مِمَّنۡ تَشَآءُ وَتُعِزُّ مَنۡ تَشَآءُ وَتُذِلُّ مَنۡ تَشَآءُ ؕ

کہو کہ اے خدا بادشاہی کے مالک تو جس کو چاہے بادشاہی بخشے اور جس سے چاہے بادشاہی چھین لے اور جس کو چاہے عزت دے اور جسے چاہے ذلیل کرے ہر طرح کی بھلائی تیرے ہی ہاتھ ہے



Marfat.com

ساتھ جی بھر کے دیا آپؐ نے سب لوگوں کا
حُسنِ تدبیر ہی آقاؐ کا وہاں کام آیا
حجرِ اسود کو تھا دیوار میں لانا جو اَب
ہر قبیلہ ہی تو جتلانے گا حسب و نسب
خون میں ہاتھ ڈبو کر وہ قسم کھاتے تھے
حجرِ اسود کو لگانے کے لیے آتے تھے
سب کی خواہش تھی سعادت یہ انہیں مل جائے
کعبے میں جنگ کے بادل بھی تو منڈلائے تھے
اُنؐ کے سردار کا پھر ان کو یہ پیغام آیا
ایسا پیغام کہ احباب کو آرام آیا
فیصلہ اس نے کیا آؤ یہ تسلیم کریں
جو وہاں حرمِ مقدس میں ہو تعظیم کریں
قدرتِ حق سے حضورؐ آئے حرم میں پہلے
کھِلکھِلا اُٹھے عقیدت سے سبھی کے چہرے

Marfat.com

بِیَدِكَ الْخَیْرُ ؕ اِنَّكَ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ﴿۲۶﴾ اور بے شک تو ہی ہر چیز پر قادر ہے۔

(سورۃ آل عمران، پارہ 3، آیت 26)

مالک جس کو چاہے ملک دے دے جس کو چاہے عزّت دے دے جس کو چاہے ذلت دے دے وہ قادرِ مُطلق ہے ہر شے پر جس طرح چاہے تصرّف کرے۔ رسُول پاک ﷺ کی سیرت کا مطالعہ کریں آپ ﷺ نے کیسی کیسی تکلیفیں برداشت کیں رشتہ دار، شہر والے سب مخالف ہوگئے۔ اور بائیکاٹ کر دیا۔ حضرت بی بی خدیجہؓ دوا کی عدم دستیابی سے انتقال فرما گئیں مگر رسُول اللہ ﷺ نے حرفِ شکایت نہیں کیا۔

اُمّت مسلمہ میں رسُول کریم ﷺ اور تمام پیغمبران کی یہ طرزِ فکر منتقل ہو جائے کہ یہاں کچھ ہماری ملکیت نہیں ہے یہاں ہر چیز نے ہمیں چھوڑ کر جانا ہے۔ تو ہم سب صراطِ مستقیم پر گامزن ہو جائیں گے۔ رہا سوال اس بات کا کہ اگر ملکیت ہی اللہ کی ہے تو کیا ضرورت ہے کہ فیکٹریاں بنائیں کیا ضرورت ہے کارخانوں کی؟ کیا ضرورت ہے دکانیں بنائیں؟ تو ضرورت ہے۔ وہ اس لئے کہ اللہ نے بحیثیت رب العالمین جو سسٹم بنایا ہے اس کی بنیادی بات یہ ہے کہ اللہ چاہتا ہے کہ اللہ کی مخلوق متحرک رہے۔ اور اللہ کی مخلوق ایک دوسرے کے کام آئے۔ بات طرزِ فکر کی ہے اگر طرزِ فکر انبیاءؑ کی سی ہے تو آپ کا ہر عمل اللہ کے لئے ہے اور اگر طرزِ فکر انبیاء جیسی نہیں ہے تو ہلاکت و بربادی ہے۔ سیرت النبی ﷺ کے مطالعہ کے بعد ایک ہی بات سمجھ میں آتی ہے کہ آپ ﷺ رحمت للعالمین ہیں آپ ﷺ کے سب ماننے والوں کو آپکی یہ نسبت منتقل ہوتی ہے۔ جب اِنسان کے اندر رحمت ہوتی ہے تو اس کے اندر اخلاقِ حسنہ پیدا ہو جاتے ہیں وہ نفرت سے آزاد ہو جاتا ہے۔ رسُول اللہؐ کا اسوہ حسنہ یہ ہے کہ آپ ﷺ ہمیشہ کیئر آف اللہ سوچتے ہیں یعنی ہر شے میں پہلے اللہ پھر وہ شے۔

اس بات کی پوری طرح کوشش کی جاتی ہے کہ تصوف اور رُوحانیّت کی راہوں میں چلنے والے مبتدی کے ذہن میں یہ بات واضح ہو جائے کہ زندگی کی بنیاد یا بساط ایک طرزِ فکر کے اوپر قائم ہے اگر وہ طرزِ فکر ایسی ہے جو بندے کو اللہ تعالیٰ سے دور کرتی ہے تو اس کا نام شیطنت ہے اور وہ طرزِ فکر جو اللہ تعالیٰ سے بندے کو قریب کرتی ہے اس کا نام رحمت ہے یعنی اس کائنات میں دو گروہ ہیں ایک انعام یافتہ اور دوسرا باغی اور ناشکرا۔ اللہ تعالیٰ خود فرماتے ہیں:

**"سب تعریف اللہ کو ہے جو سارے جہانوں کا پالنے والا، بہت بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے، مالک انصاف کے دِن کا۔"**

سورۂ فاتحہ کی ان آیات میں اللہ تعالیٰ نے یوم انصاف متعیّن کر دیا ہے۔ یوم عدالت سے پہلے قبر کے عذاب یا ثواب میں کیا حکمت ہے؟ مرنے کے بعد زندگی کی تشریح کی جائے تو کہا جائے گا کہ جسم مثالی نے مٹّی کے ذرات سے بنائے ہوئے جسم سے رشتہ نقطع کر لیا ہے۔ اور دوسرے عالم میں وہاں کی فضا کے مطابق ذرات یکجا کر کے ایک نیا جسم تخلیق کر لیا ہے۔ عالم اعراف میں دنیا کی آبادی سے برابر جو لوگ منتقل ہوتے رہے ہیں اور ہوتے رہیں گے دراصل یہ اِس عالم سے اُس عالم میں جسم مثالی کی منتقلی ہے۔ عربی زبان میں اسی لئے اس عالم میں جانے کا نام انتقال کرنا ہے یعنی اِس عالم سے اُس عالم میں آدمی منتقل ہو گیا۔ جسم مثالی، زندگی میں ہمہ وقت متحرک و سرگرم رہتا ہے اس کی اپنی صِفات میں سے ایک مخصوص صِفت یہ ہے کہ جب تک یہ اپنے لباس سے کلی طور پر قطع تعلق نہیں کر لیتا



Marfat.com

ہم دل و جاں سے اطاعت ہی کریں گے اُن ؐ کی
ہاں جی ایماں سے اطاعت ہی کریں گے اُن ؐ کی

## تنصیب حجرِ اسود

حُسنِ تدبیر سے حکمت سے بصیرت سے وہاں
حجرِ اسود کو کیا نصب کہ ہونا تھا جہاں
اپنی چادر میں رکھا آپ ؐ نے حجرِ اسود
اور پھر نصب کیا آپ ؐ نے حجرِ اسود
آمنہ ؓ بی بی کے بیٹے نے بتایا ایسے
منتخب لوگوں نے پھر اس کو اُٹھایا ایسے

## شام کی طرف تجارتی سفر اور ازدواجی زندگی کا آغاز

کس قدر عام دیانت تھی امانت اُن ؐ کی
عوج پہ دیکھی تھی لوگوں نے صداقت اُن ؐ کی
پچیس سال فقط عمر مبارک تھی ابھی
کھوٹ سے غل سے رہی پاک تجارت اُن ؐ کی

Marfat.com

اس کی حفاظت کرتا ہے۔

ایک آدمی سویا ہوا ہے، نیند بہت گہری ہے۔ کراچی میں سویا ہوا آدمی امریکہ کے بازاروں میں گشت کر رہا ہے۔ اسے سوئی چبھو دی جاتی ہے۔ جسم مثالی امریکہ سے چل کر فوراً اپنے لباس کی پاسبانی کے لئے آموجود ہوتا ہے۔ سوئی چبھنا، امریکہ سے جسم مثالی کا کراچی میں آجانا۔ اتنا قلیل وقفہ ہے کہ جس کی پیائش کسی بھی طرح ممکن نہیں ہے۔ اس پیائش کو آپ لمحے کا کھربواں حصّہ کہہ سکتے ہیں اور لمحے کا کھربواں حصّہ کہنا پیائش کے دائرے میں نہیں آتا۔ مقصد یہ ہے کہ جسم مثالی کے لئے ٹائم اور اسپیس کوئی چیز نہیں ہے لیکن جب یہ اپنے لئے مادی جسم بناتا ہے تو اس کو ٹائم اسپیس میں بند رکھنے کے لئے پوری حفاظت کرتا ہے۔

قرآن پاک کی تمام تعلیمات کا اگر خلاصہ بیان کیا جائے تو مختصر الفاظ میں کہا جا سکتا ہے کہ اس پوری کائنات میں دو طرزیں کام کر رہی ہیں ایک وہ طرز ہے جو اللہ تعالیٰ کے لئے پسندیدہ ہے اور دوسری طرز وہ ہے جو اللہ تعالیٰ کے لئے ناپسندیدہ ہے۔ اللہ تعالیٰ کی پسندیدہ طرزوں میں زندگی گزارنے والے لوگ اللہ تعالیٰ کی نعمتوں سے بہرہ مند ہیں۔ مطلب یہ کہ اللہ تعالیٰ کی ناپسندیدہ طرزِ فکر کے حامل افراد بھی کھانا کھاتے ہیں، لباس پہنتے ہیں، گھروں میں رہتے ہیں، اللہ تعالیٰ کی نعمتیں انہیں دستیاب بھی ہیں لیکن پھر بھی وہ بے سکونی اور انتشار کی زندگی گزارتے ہیں۔ ان کی زندگی میں جلد بازی اور افراتفری موجود ہوتی ہے۔ جبکہ اللہ تعالیٰ کی پسندیدہ طرز فکر اپنانے والے افراد بھی کھانا کھاتے ہیں، لباس بھی پہنتے ہیں، گھروں میں بھی رہتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ ہی ان کی ضروریات کا خیال رکھتے ہیں۔ لیکن وہ اپنی طرزِ فکر کی وجہ سے امن و سکون اور اطمینان سے رہتے ہیں بلکہ وہ اللہ کی اس مخلوق کو بھی اپنے ساتھ شریک بناتے ہیں جو وسائل میں ان سے کمتر ہیں۔ ان دونوں طرزِ فکر کے حامل افراد میں ایک قدر ضرور مشترک ہے اور وہ ہے ضروریات زندگی۔

جواہرات کے انبار سے ضروریات پورے ہونے کا کوئی تعلق نہیں ہے۔ ایک آدمی کے پاس اگر ایک کروڑ روپیہ موجود ہے تو وہ وہی روٹی کھائے گا۔ دوسرے آدمی کے پاس اگر محل موجود ہے اور اس محل میں 50 کمرے ہیں تو سونے کے لئے اسے ایک چارپائی کی جگہ کی ضرورت پیش آتی ہے ایسا کبھی نہیں ہوا، نہ ہو گا کہ پچاس کمروں کا مالک کوئی بندہ جب سونے کے لئے لیٹے تو اس کا جسم دراز اور اتنا پھیل جائے کہ وہ دس چارپائیوں کی جگہ گھیر لے۔ سونے کے لئے اسے ایک ہی چارپائی کی ضرورت پیش آتی ہے۔ علیٰ ہذا القیاس یہی حال پوری زندگی کے اعمال و حرکات کا ہے۔

اس مختصر تشریح سے یہ ثابت ہوا کہ دنیاوی طرزِ فکر میں اللہ کی ناپسندیدہ طرزِ فکر کے حامل افراد اور اللہ تعالیٰ کی پسندیدہ طرزِ فکر کو اپنانے والے افراد مادی زندگی کے وسائل میں مشترک قدریں رکھتے ہیں۔ اب سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ وہ انعام کیا ہے کہ جس انعام کے مستحق وہ لوگ ہیں جو اللہ تعالیٰ کی پسندیدہ طرزوں میں زندگی گزارتے ہیں اور جن کو اللہ تعالیٰ نے انعام یافتہ کہا ہے اور جن بندوں کے متعلق اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ یہ ہمارے دوست ہیں۔ دوستوں کی تعریف یہ بیان فرماتے ہیں کہ جو بندہ ہمارا دوست بن جاتا ہے ہم اس کے اوپر سے خوف اور غم اُٹھا لیتے ہیں۔ خوف اور غم جس آدمی کی زندگی سے نکل جاتا ہے تو خوشی اور سرُور کے علاوہ کچھ نہیں رہتا۔ یہ اللہ تعالیٰ کا وہ انعام ہے جو ہمیں ظاہری آنکھ سے نظر نہیں آتا یہ وہی انعام ہے جس کے بارے میں اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے کہ جو



Marfat.com

آیا پیغام تجارت کے لیے آقاؐ کو
چُن لیا ایک مسافت کے لیے آقاؐ کو
یہ خدیجہؓ تھیں بہت اعلیٰ سمجھ والی تھیں
اپنے کردار کی مکہ میں بہت عالی تھیں
مال و دولت میں کہاں انؓ کا تھا ہمسر کوئی
انؐ کے جیسا تھا قبیلہ نہ کہیں گھر کوئی
قافلے انؓ کے تجارت کے لیے جاتے تھے
اور پھر صاحب لولاک تجارت کرتے
دی اجازت جو انہیں سیّدی بوطالبؓ نے
کی بہت آپؐ کی امداد خدا غالب نے
میسرہ ساتھ غلامی کے لیے آیا تھا
یوں کہیں جانفشانی کے لیے آیا تھا
دیکھی راہب نے وہاں شکلِ مبارک انؐ کی
برملا اُس نے کہا ہستی ہے صادق اِنؐ کی

Marfat.com

لوگ ہماری ناپسندیدہ طرزوں میں زندگی گزارتے ہیں ہم نے ان کے دلوں پہ مُہر لگادی ہے اور ہم نے ان کے کانوں پر مُہر لگادی اور ان کی آنکھوں پر پردے ڈال دیئے ہیں۔

سورہ فاتحہ قرآن کی پہلی سورہ ہے۔ اسے فاتحہ الکتاب یا دیباچہ قرآن بھی کہا جاتا ہے۔ سورہ فاتحہ ایک دعا بھی ہے۔ معلمِ اعظم حضرت محمد ﷺ پانچ وقت کی صلوٰۃ اور نوافل میں سورہ فاتحہ کی تلاوت کی تاکید فرمائی ہے۔

اللہ کا کلام، قرآن، معانی و تفاسیر کا وسیع و عریض سمندر اور اسرار و معارف کا کبھی نہ ختم ہونے والا خزانہ ہے۔ اس حقیقت کا ادراک قرآن پاک کی پہلی سورہ یعنی سورہ فاتحہ کی تلاوت سے ہی ہونے لگتا ہے۔ قرآن میں کسی مقام پر کسی لفظ کے استعمال میں علیم وخبیر اللہ کی کیا حکمتیں پنہاں ہیں۔ یہ نکتہ واضح ہو تو علم و آگہی کے نئے نئے در کھلنے لگتے ہیں۔

آیئے ہم سب مل کر اللہ تعالیٰ سے دعا مانگیں کہ ہمیں قرآن کی تلاوت کی قرآن کی معانی اور مفاہیم میں غور و فکر کی توفیق اور شرح صدر عطا ہو آمین۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اَلۡحَمۡدُ لِلّٰہِ رَبِّ الۡعٰلَمِیۡنَ ۙ﴿۱﴾ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ۙ﴿۲﴾ مٰلِکِ یَوۡمِ الدِّیۡنِ ؕ﴿۳﴾

سورہ فاتحہ کی پہلی آیت کا اردو ترجمہ عام طور پر ان الفاظ میں کیا جاتا ہے۔ تمام تعریفیں اللہ کے لئے ہیں جو عالمین کا رب ہے۔

اس آیت میں اللہ کی حمد، خالق کائنات کی صفتِ ربوبیت کے ذکر کے ساتھ کی گئی ہے۔ صفتِ ربوبیت کے حوالے کی وجہ سے یہ آیت حمد بھی ہے اور اِنسانوں کے لئے دعوتِ فکر بھی۔ اِس دعوتِ فکر پر عمل کرتے ہوئے جستجو، تلاش اور تحقیق کی جائے تو آخر کار ہر سلیم الفطرت اِنسان خود یہ اعتراف کرلے گا کہ واقعی کوئی سب سے طاقتور سب سے زیادہ قدرت رکھنے والی منظم اور سرپرست ہستی ہے، جو اس کائنات کو چلا رہی ہے۔ اور اِس کائنات کے ایک ایک رکن کو پال رہی ہے۔

ربُّ العالمین کی ربوبیت کی وسعت اور جامعیت پر تھوڑا سا بھی غور کیا جائے تو پہاڑ جیسی حیرتوں کا سامنا ہوتا ہے۔ آج ہماری اس زمین پر صرف اِنسانوں کی آبادی سات اَرب سے زائد ہے۔ اقوام متحدہ کے ماحولیاتی ادارے (یو۔این۔ای۔پی) کی کئی سالوں کی تحقیق کے مطابق اس زمین پر معلوم انواع SPECIES کی تعداد تقریباً اٹھارہ لاکھ ہے۔ ہر نوع کے ارکان نر اور مادہ کی تعداد کو شمار کیا جائے تو ان سب کی تعداد تو کھربوں، سنکھوں میں ہوگی۔ یہ اِس زمین پر آباد مخلوقات کی انواع اور ان کے اراکین کی اب تک معلوم تعداد کے کچھ اندازے ہیں۔ ایک تازہ دریافت کے مطابق اس کہکشانی نظام میں ہماری زمین EARTH سے مشابہہ سیاروں کی تعداد 8.8 ارب سے زیادہ ہے۔ اب آپ زرا اندازہ لگایئے کہ آج اس دنیا میں جتنے اِنسان بستے ہیں کہکشانی نظام میں صرف زمین سے مشابہہ سیاروں کی تعداد، نوعِ اِنسانی کی موجودہ تعداد سے زیادہ ہے۔

ہمارا نظام شمسی جس کہکشانی نظام کا حصہ ہے اُس کہکشاں میں ستاروں کی (صرف ستاروں کی) تعداد دو سو ارب سے زیادہ بتائی جاتی ہے۔ اپنے نظام شمسی کی وُسعت کا اندازہ اس بات سے لگایا جاسکتا ہے کہ اگر کسی جیٹ طیارے میں 500 کلومیٹر فی گھنٹے کی رفتار سے



Marfat.com

ہیں نبیؐ آپؐ یہ دیکھی ہے نشانی میں نے
میسرہ تجھ کو ہے یہ بات بتانی میں نے
قافلہ والوں کے آنے کی خبر آئی تھی
کیا عجب شان نبیؐ پاک کی دکھائی تھی
آ کے بی بی کو بتائی تھیں وہ ساری باتیں
کیسے ایّام گزارے تھے وہ کیسی راتیں
گھر کے پیروں نے کیا عقد مبارک ان کا
اس قدر مہرباں ان پر تھا وہ رازق اُنؐ کا

## روشنی، آواز اور پہلی وحی غارِ حرا میں

کوہِ پرنُور کے دامن میں حضورؐ آنے لگے
جلوے پھر حُسنِ ازل کے وہ وہاں پانے لگے
اہلِ ایمان اُسے غارِ حرا کہتے ہیں
جس جگہ آپؐ عبادت کے لیے رہتے ہیں

Marfat.com




Marfat.com

آج بھی نورِ ہدایت ہے زمانے کے لیے
وہ دل و جان کی راحت ہے زمانے کے لیے
یا محمد ﷺ کی ندا غارِ حرا میں آئی
پیکرِ نُور کو اک روشنی بھی دکھلائی
لے کے جو حکم الٰہی کا حرا آتا تھا
گفتگو آپؐ سے وہ آ کے کیے جاتا تھا
سترہ رمضان مبارک کو تھا دن پیر کا
جب نبیؐ پاک کے سینے سے وہ جبریلؑ لگا
دی بشارت کہ حضورؐ آپؐ نبی اطہر ہیں
ہر طرف آپؐ کی اُلفت کے سبھی مظہر ہیں
لے کے احکام الٰہی سے نبیؐ آئے تھے
اُنؐ پہ رحمٰن مکرّم کے پڑے سائے تھے
آ کے حالات حرا غار کے سنائے تھے
اور احکام نبیؐ پاک جو بھی لائے تھے

Marfat.com



Marfat.com

سن کے حالات نبیؐ پاک نے جو فرمایا
آپؐ کی بیوی خدیجہؓ نے ان کو بتلایا
آپؐ کو آپؐ کا مولا نہ کرے گا رُسوا
میرے سرتاج نہیں آپؐ کی جاں کو خطرہ
جن کے دُنیا میں نہیں کوئی سہارے ہوتے
آپؐ تو ان کو دل و جاں سے ہیں پیارے ہوتے
رشتہ داروں کے حقوق آپؐ ادا کرتے ہیں
مالی امداد غریبوں کی کیا کرتے ہیں
آئی اسلام کے دامن میں یہ پہلی ہستی
معترف اُن کی بڑائی کی تھی ساری بستی
جس کے ہاتھوں سے وہ خیبر میں علم لہرایا
پھر بوطالبؓ کے علیؓ کا ہی وہاں نام آیا
اور صدیقؓ نبیؐ پاک پہ ایماں لائے
ہجرتِ طیبہ میں جو آپؐ کے تھے ساتھ آئے

Marfat.com

مسلسل سفر کیا جائے تو نظام شمسی کے ایک سرے سے دوسرے سرے تک پہنچنے کے لئے ساڑھے تین ہزار سال کا وقفہ لگے گا۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ کے انتہائی اختصار کے ساتھ اس ذکر کے بعد دیکھنا یہ ہے کہ یہاں حمد کا مطلب در حقیقت کیا ہے؟

ہم حسین قدرتی مناظر دیکھتے ہیں۔ پہاڑ، دریا، صحرا، سرسبز میدان، جھیلیں، آبشاریں، دیگر حسین مناظر دیکھ کر دل و زبان سے بے اختیار خالق کی تعریف بیان ہونے لگتی ہے۔ اِنسانوں کی بنائی ہوئی چیزوں کے ساتھ بھی یہی معاملہ ہے۔ ہم کوئی بہت اچھی عمارت دیکھیں، فنِ مصوّری کو کوئی شاہکار دیکھیں، کوئی ادبی شہ پارہ پڑھیں تو بے اختیار اُس کی تعریف کرتے ہیں۔ یہ ضروری نہیں کہ جس چیز کی آپ تعریف کر رہے ہوں اس کا کوئی فائدہ بھی آپ کو مل رہا ہو۔ آپ نے کوئی بہت اچھی تخلیق دیکھی آپ نے کہا سبحان اللہ۔۔۔ ماشاء اللہ۔

ایک صاحب بہت خوش اخلاق مشہور ہیں۔ لیکن آپ کا کبھی اُن سے کوئی واسطہ نہیں پڑا۔ آپ تک ان کی اچھی شہرت پہنچی تو آپ نے بھی ان کی تعریف کی۔ کسی ضرورت کے تحت ان صاحب سے آپ کا واسطہ پڑا تو وہ آپ کے کام آئے اب آپ ان کی تعریف کرنے کے ساتھ ساتھ ان کا شکریہ بھی ادا کریں گے۔

یہاں اس نکتے کو ذہن میں رکھیں کہ کسی کی اچھی صفات کو، اعلیٰ صفات کو بیان کرنا اس کی تعریف کہلاتا ہے۔ کسی سے فیض پایا جائے تو پھر اس کا شکریہ ادا کیا جاتا ہے۔ ان نکات کو ذہن میں رکھتے ہوئے یہ دیکھیں کہ جب ہم الحمدللہ کہیں گے تو اس کے کیا معنی ہوں گے؟ اس کا ایک معنی یہ ہو گا کہ اللہ تعالیٰ نے اتنی شاندار کائنات بنائی۔۔۔ سبحان اللہ۔ یہ اللہ تعالیٰ ہی کی قدرت ہے۔ اللہ ساری کائنات کا خالق و مالک ہے۔

جب ہم اللہ کی تعریف اس کی صفت کے ساتھ کرتے ہیں مثلاً اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ کہتے ہیں تو دراصل اللہ کے نظام سے استفادے کا اقرار بھی کر رہے ہوتے ہیں۔ رب کا مطلب ہے "پالنے والا" تو اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ کہتے ہوئے دراصل اپنے پالنہار، زندگی گزارنے کے تمام وسائل عطا کرنے والے کی حمد بیان کرتے ہیں۔ اس نکتے کو سامنے رکھتے ہوئے اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ کے معنی پر غور کریں تو یہ کچھ اس طرح سامنے آتے ہیں:

"اللہ کے لئے حمد اور شکر، جو سب عالمین کا رب ہے۔"

کسی کی عطا پر شکر گزار ہونا محض لفظی شکریہ ادا کرنا نہیں ہوتا بلکہ شکر گزاری میں احسان مندی بھی پنہاں ہوتی ہے۔

اللہ نے ہمیں یہ زندگی عطا کی ہے۔ زندگی کو اچھی طرح بسر کرنے کے لئے زمین پر بے انتہا وسائل عطا کئے ہیں۔ ان وسائل کو اچھی طرح برتنے کے لئے عقل اور سمجھ عطا فرمائی ہے۔ زندگی کا سفر صحیح راہوں پر گزرے اس کے لئے اللہ نے انبیاء اور ان پر نازل کیے گئے صحیفوں اور کتابوں کے ذریعے راہنمائی عطا فرمائی ہے۔ زندگی کے معاملات، رشتے، ناطے، معیشت و معاشرت، اِنسانوں کے لئے آسودگی، خوشی اور سکون کا ذریعہ ہوں اس کے لئے اللہ نے اپنی رحمتیں نازل فرمائی ہیں۔



Marfat.com

ابن حارثؓ کے بھی پھر نام کا چمکا تارا
جن کے سینے میں الٰہی کا حسیں نُور آیا

(حضرت زید بن حارثؓ)

## دارِ ارقم پہلا تربیتی مرکز

پہلا تربیتی مرکز تھا تو دارِ ارقم
اس پہ رحمت کی گھٹائیں تھیں برستی پیہم
دارِ ارقمؓ میں ہی اصحابؓ عبادت کرتے
اپنے آقاؐ کی محبّت کا بہت دم بھرتے
اب مسلمانوں کی تعداد لگی تھی بڑھنے
ناز قسمت پہ یہاں زیست لگی تھی کرنے

Marfat.com

اللہ تعالیٰ کی نعمتوں کے اعتراف واحساس کے ساتھ اللہ کی تعریف بیان کرنے کا مطلب یہ ہے کہ ایسا بندہ دل کی گہرائیوں سے اللہ تعالیٰ کا شکر گزار اور احسان مند ہے۔اب زرا سوچیئے کہ شکر گزاری اور احسان مندی کے جذبات کے ساتھ کی جانے والی عبادت کن کیفیات کی حامل ہو گی؟

یہ ہماری زندگی کا ایک عام مشاہدہ ہے کہ جو شخص کسی کا احسان مند یا شکر گزار ہوتا ہے وہ اس سے بہت نیاز مندی اور احترام کے ساتھ ملتا ہے۔جو بندہ اپنے دل سے اللہ کا شکر گزار ہو وہ انتہائی ادب و احترام اور قلب کی اتھاہ گہرائیوں سے اللہ تعالیٰ کی عبادت کرے گا۔ایسے بندے کے قیام، رکوع، سجود اور دیگر عبادتوں میں عاجزی اور نیاز مندی اپنی انتہا کو چھو رہی ہو گی۔اس انتہائی مختصر بیان سے اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ کا مفہوم یہ سامنے آیا کہ تمام تر تعریفیں صرف اللہ کے لئے ہیں جو اس کائنات کے سارے عالمین کا رب ہے۔اس کے بعد ارشاد ہوتا ہے۔

الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

رب العالمین کی تعریف اور شکر کے ساتھ اس مقام پر اللہ تعالیٰ کی صفت رحمت کا بصورت الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ذکر بھی قُرآن کے قاری کے لئے بڑی دعوت فکر ہے۔رب العالمین کے ساتھ یہاں صفت ربوبیت سے ہم آہنگ کسی دوسری صفت کا ذکر نہیں ہوا۔یہاں صفت رحمت کا ذکر ایک اہم تکوینی رمز کی طرف اشارہ معلوم ہوتا ہے۔اس مقام پر الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ کے ذکر سے یہ امر واضح ہو رہا ہے کہ اللہ کی صفت ربوبیت کے اظہار میں رحمت کا غلبہ ہے۔یہ عظیم بابرکت مقدس سورہ ہمیں یہ آگہی عطا فرما رہی ہے کہ کائنات کی تخلیق، اس کی تنظیم اور تدبیر میں از ابتداء تا انتہاء اللہ کی رحمتیں غالب ہیں۔اس کائنات کی ہر تخلیق میں اللہ کی صفت رحمت ساتھ ساتھ کام کر رہی ہے۔اس کے بعد ذکر ہوتا ہے:

مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ ۝

پیغمبرِ آخر حضرت محمد ﷺ کے قلب اطہر پر نازل ہونے والے کلام کے ذریعے ساری نوع اِنسانی کو یہ بتایا جا رہا ہے کہ اللہ مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ ہے۔دین کا لفظ قُرآن پاک میں 101 مرتبہ استعمال ہوا ہے۔یوم کا لفظ قُرآن پاک میں 475 مرتبہ نازل ہوا ہے۔یوم آخرت کا ذکر قُرآن سے پہلے نازل ہونے والی اللہ کی تمام کتب میں بھی ہے۔یہاں مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ کا مطلب ہے قیامت کے دن کا مالک۔وہ دن جب حضرت آدمؑ سے لے کر اس دنیا میں زندگی بسر کر کے موت کا ذائقہ چکھنے والے آخری اِنسان تک، سب کو اللہ تعالیٰ کے حضور پیش ہونا ہے، اور اپنے اپنے کاموں کا جواب دینا ہے۔جو حتمی فیصلوں کا دن ہے۔اس کا مالک کوئی اور نہیں صرف اور صرف اللہ ہے۔فیصلے کے اس دن:

يَوْمَئِذٍ يَّصْدُرُ النَّاسُ اَشْتَاتًا ۙ لِّيُرَوْا اَعْمَالَهُمْ ۝ فَمَنْ يَّعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ خَيْرًا يَّرَهٗ ۝

اُس دن لوگ طرح طرح کے ہو کر آئیں گے۔تاکہ اُن کو اُن کے اعمال دکھا دیئے جائیں۔تو جس نے ذرّہ بھر نیکی



Marfat.com

## جنات/شیاطین کا آسمان پہ جانا

کچھ شیاطین یا جنّات فلک پر جاتے
فیصلے ربّی فرشتوں سے وہ کچھ سُن پاتے
عام لوگوں پہ بہت رُعب جمایا کرتے
گمرہی اور ضلالت میں گرایا کرتے
بیٹھے جو تختِ نبوّت پہ مرے پاک آقاؐ
تو شیاطیں کو بھی جانے سے فلک پہ روکا
ان پہ برسے تھے فلک سے ہی شہابِ ثاقب
یہ بنی نوع کو جو دیتے تھے زمیں پر دھوکا

## افضل و اوّل صحابہؓ

کیا مقام اُنؐ کا ہے جو افضل و اوّل ٹھہرے
وہ تھے اصحابؓ نبیؐ جو کہ بہت اعلیٰ تھے
سیّدہ طاہرہؓ کے بعد مسلمان ہوئی
اہلیہ سیّد عباسؓ و اسمٰاء بی بی

Marfat.com

وَ مَنْ یَّعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ شَرًّا یَّرَهٗ کی ہو گی وہ اُسکو دیکھ لے گا۔ اور جس نے ذرّہ بھر بُرائی کی ہو گی وہ اِسے دیکھ لے گا۔ (سورۃ الزلزال، پارہ 30، آیت 6 تا 8)

قدرت کا وضع کردہ جواب دہی کا نظام اس دنیا میں بھی وقتاً فوقتاً اپنی موجودگی کا احساس دلاتا رہتا ہے۔ مکافاتِ عمل کے طور پر ہم اپنے کئی اعمال کا نتیجہ دیکھ لیتے ہیں۔ تاہم مکافاتِ عمل کے نتیجے میں اپنے کسی برے عمل کا نتیجہ اس دنیا میں ہی دیکھ لینے کا مطلب یہ نہیں کہ اب وہ شخص آخرت میں جوابدہی سے بری الذمہ ہو گیا۔ اگر کوئی اِنسان اپنی خطاؤں پر ندامت کی وجہ سے توبہ کر لے اور اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں معافی اور درگزر کی درخواست پیش کرے تو وہ ایک علیحدہ بات ہے۔

آخرت ہمارے ایمان کا حصہ ہے۔ یَوْمِ الدِّیْنِ عدل کا اور انصاف کا دن ہو گا۔

عدل اور انصاف کے لئے طاقت کا ہونا ضروری ہے۔ یہ ایک عام مشاہدہ ہے کہ جو حکومت اور ادارے عدل کے ذمہ دار ہوتے ہیں ان میں اتنی طاقت ہونی چاہیئے کہ وہ اپنے فیصلے نافذ کروا سکیں۔ اگر کوئی عدالت یا اس کے پیچھے موجود ریاست اپنے فیصلے نافذ نہیں کروا سکتی تو ایسی عدالت غیر مؤثر سمجھی جاتی ہے اور ایسے معاشرے تنظیم کے بجائے انتشار کا شکار ہو جاتے ہیں۔ اگر عدلیہ کے پیچھے موجود حکومت طاقتور ہو اور آئین اور قانون کی پابند ہو، تو بڑی عدالت تو ایک طرف، چھوٹی عدالتوں کے فیصلوں پر عمل کے لئے بھی ساری ریاست کمربستہ ہو جاتی ہے۔

مٰلِكِ یَوْمِ الدِّیْنِ سے پہلے اللہ کی رحمت کا ذکر ہو رہا ہے، اس سے پہلے اللہ کی ربوبیت کا ذکر ہوا۔ ہم سب جانتے ہیں کہ پالنے کے لئے شفقت کی ضرورت ہوتی ہے۔ مخلوقات کو پالنے کے حوالے سے تو الرحمٰن الرحیم کا ذکر برمحل معلوم ہوتا ہے۔ اس کے بعد ذکر ہو رہا ہے مٰلِكِ یَوْمِ الدِّیْنِ یعنی فیصلے اور عدل کے دن کا مالک۔ عدل کے لئے تو طاقت اور جبر درکار ہے۔

اپنے اثرات اور نتائج کے اعتبار سے عدل درحقیقت کیا ہے؟ یہ سمجھنے کے لئے ہم اپنے ملک اور بعض دوسرے ممالک سے کچھ مثالیں لیتے ہیں۔

پاکستان میں سڑکوں پر ہر روز بے ہنگم اور غیر منظم ٹریفک کا مشاہدہ ہوتا ہے۔ سُرخ اشارے پر نہ رُکنا ہمارے ہاں عام ہے۔ ٹریفک قوانین کی کھلم کھلا خلاف ورزی کے نتیجے میں ہر سال بڑی تعداد میں لوگوں کا جاں بحق یا زخمی ہو جانا، دوسرے نقصان اٹھانا، یہ تکالیف ہمارے ہاں عام سی باتیں تصوّر کی جاتی ہیں۔ آپ کراچی، لاہور، اِسلام آباد، فیصل آباد، کوئٹہ، ملتان وغیرہ سے ڈیڑھ دو گھنٹے کی فلائیٹ کے ذریعے متحدہ عرب امارات چلے جائیں تو وہاں کوئی ڈرائیور آپ کو سُرخ اشارے کی خلاف ورزی کرتا نظر نہیں آئے گا۔ وہاں رات کو تین، چار بجے سُنسان راستوں پر بھی کوئی ڈرائیور سرخ اشارے کی خلاف ورزی نہیں کرتا۔ یہ مشاہدات سعودی عرب، یورپ، امریکہ، کینیڈا، آسٹریلیا، جاپان اور قانون کی پابندی کروانے والے دوسرے کئی ممالک میں بھی عام ہے۔

ٹریفک تو محض ایک مثال ہے۔ ہم اپنے ملک کے کئی معاملات میں قوانین کی کھلم کھلا خلاف ورزی کرتے ہیں۔ سوال یہ ہے کہ پاکستان میں ایسا کیوں ہے؟ دوسرا سوال یہ ہے کہ دوسرے ممالک، جن میں قوانین کی پابندی کی جاتی ہے۔ وہ کیوں کر ہوتی ہے؟ جواباً



Marfat.com

دامنِ دینِ محمد ﷺ میں وہ سب آنے لگے
اپنی تقدیر کو قسمت کو وہ چمکانے لگے

## اعلانیہ دعوت و تبلیغ

آئے جبریلؑ امیں حکم الٰہی لے کر
رشتہ داروں کو بھی سمجھائیں ہدایت دے کر
اب کھلے عام وہ پیغام سنائیں ان کو
حکم توحید کا دیں اور ڈرائیں اِن کو
ربّ کا پیغام نبیؐ پاک کو آیا جس دن
نام لے لے کے قبائل کو بلایا اُس دن
سُن لی آواز مقدّس تو وہ دوڑے آئے
خود نہ آئے جو نمائندے تھے اُن کے آئے
یہ بتاؤ کہ اگر دوں میں تمہیں ایک خبر
دامنِ جبل میں دشمن کا کھڑا ہے لشکر

Marfat.com

عرض ہے کہ پاکستان میں قانون کے نفاذ کا معاملہ بہت کمزور ہے۔

جن ممالک میں جواب دہی کا نظام بہت سخت ہے وہاں امن وامان کی صورتحال اُن ممالک سے کئی گنا بہتر ہے، جہاں حکومتوں کی کمزوری کی وجہ سے مجرم دندناتے پھرتے ہیں۔

نظامِ عدل کے مؤثر ہونے کے نتیجے میں امن وامان کی صورتحال اچھی ہونا رحمت ہے یا مصیبت؟

یوم آخرت میں اللہ کے قوانین کی پابندی کرنے والے اِنسانوں کو نوازنا اور اِنسانوں میں سے سرکش ونافرمان لوگوں کو سزادینا دراصل اللہ تعالیٰ کی رحمت کا اظہار ہی ہے۔

سورہ فاتحہ کی ابتدائی آیات کی ترتیب میں غور کرنے سے واضح ہوا کہ اللہ کا نظامِ عدل، اللہ ہی کی رحمت کا ایک حصہ ہے۔ چشمِ تصور سے دیکھیں ایک طرف تخلیق اور پیدائش سے لے کر اِس دنیا میں زندگی گزارنے کے تمام معاملات کو اللہ رب العالمین سنبھالے ہوئے ہیں اور دوسری طرف یومِ آخرت میں اللہ کے حضور حاضری ہے۔ ان دو حقائق کے درمیان یعنی اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ کے درمیان اللہ کے اسمائے رحمت الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ کا ذکر ہے۔ زندگی کا آغاز ہو یا زندگی کے مختلف مراحل ہوں یا یومِ آخرت کے مراحل۔ سورہ فاتحہ کے ذریعے بتایا جارہا ہے کہ تخلیق کے پہلے مرحلے سے لے کر ابدالآباد تک اللہ کی رحمت تمام مخلوقات پر سایہ فگن ہے۔

سورہ فاتحہ کی ابتدائی تین آیات، نو الفاظ کے ذریعے اِنسانوں کو اتنی بڑی حقیقت سے آگاہ کرنا فصاحت اور بلاغت کا کتنا بڑا شاہکار ہے؟ یہ معجزاتی بیان، تعلیم کا یہ انداز، صرف اللہ کے کلام قُرآن کا ہی ہے۔

اللہ کی ربوبیّت، اللہ کی رحمت، اللہ کے خالق اور مالک ہونے کے اعتراف، مالک یوم الدّین ہونے کا یقین اور اعتراف کا ذکر کرنے اور اللہ کا شکر ادا کرنے کے بعد بندہ کہہ رہا ہے:

اِیَّاكَ نَعْبُدُ وَ اِیَّاكَ نَسْتَعِیْنُ ؕ

ہم تیری ہی عبادت کرتے ہیں۔ اور اپنی ذات کے لئے، اپنے دنیاوی معاملات کے لئے، اپنی زندگی کے قیام اور بقاء کے لئے اپنی زندگی کی تمام تر ضروریات کی تکمیل کے لئے، اے اللہ ہم تجھ ہی سے مدد طلب کرتے ہیں۔

اِیَّاكَ نَعْبُدُ وَ اِیَّاكَ نَسْتَعِیْنُ یہ بڑی غور طلب بات ہے دینِ اِسلام بندے کو اللہ کی بندگی سکھاتا ہے اور اللہ کے اوپر مکمل انحصار (توکل اور بھروسہ) سکھاتا ہے۔ اللہ کی یہ بندگی خالص بندگی ہے۔ اس بندگی میں بندہ واحد ویکتا اللہ کو اپنا معبود تسلیم کرتا ہے۔

عقیدہ رکھنا بھی اِنسان کی ایک ضرورت ہے۔ اس ضرورت کی تکمیل کچھ لوگ کسی نہ کسی علامت مثلاً سورج کو، درخت کو، معبود بنالیتے ہیں۔ قُرآن کریم نے پہلی ہی سورہ میں نوعِ اِنسانی کو یہ باور کرایا اور یاددہانی کرائی کہ کائنات کا خالق ومالک ایک اللہ وحدہٗ لا شریک ہے۔ اور مخلوق کو اس کی عبادت کرنی ہے لیکن یہ عبادت کسی درخت یا آگ کی پوجا شروع کردینے کی طرح عبادت نہیں ہے۔

بلکہ سورہ فاتحہ کی آیت اِیَّاكَ نَعْبُدُ وَ اِیَّاكَ نَسْتَعِیْنُ ؕ ہمیں بتارہی ہے۔



Marfat.com

کیا مری بات کی تصدیق کرو گے سارے
صبح یا شام کو وہ حملہ کرے گا تم پر
یک زباں ہو کے لگے کہنے کہ ہم مانیں گے
آپؐ نے جھوٹ نہیں بولا کبھی بھی ہم سے
لے کے پھر نام قبیلے کا پکارا اُن کو
دے دیا آگ سے بچنے کا اشارا اُن کو
تھا یہ مقصود مقدّر کو ستارا کر لیں
جھوٹے بتوں کی عبادت سے کنارا کر لیں
شرک سے خود کو بچا لیتے قبیلے والے
نارِ دوزخ سے ضلالت سے قبیلے والے
جوق در جوق جو اصحابؓ مسلمان ہوئے
دیکھ کر کافرِ مکّہ تو پریشان ہوئے
اُن کی اقدار و روایات وہ تھے جن کے امیں
خاک میں ملنے لگیں جانے لگیں زیرِ زمیں

Marfat.com

اے اللہ! میں تیرا ہی بندہ ہوں ــــ میں اعتراف کرتا ہوں ــــ میں تیرے آگے سر جھکاتا ہوں ــــ تیرے آگے ماتھا ٹیکتا ہوں ــــ تُو ہی میرا خالق ہے ــــ تُو ہی میرا مالک ہے ــــ تُو ہی میرا معبود ہے۔

سمجھیے! یہ بندگی محض ایک عقیدے کی ضرورت کی تکمیل نہیں ہے۔ سورہ فاتحہ کے ذریعے یہ رہنمائی ہو رہی ہے کہ بندہ اس ہستی کی عبادت کر رہا ہے جو تمام ضروریات کی کفالت بھی کر رہی ہے۔ اگر کوئی شخص آگ کو پُوجتا ہے سورج کی پرستش کرتا ہے تو ایسا کرنے سے اس کے بندگی کے تقاضے، غلط ہی سہی، تکمیل تو ہو جاتی ہے۔ لیکن وہ آگ کو اپنا کفیل نہیں بنا سکتا۔ سورج یا کائنات کا کوئی اور رُکن اس کی ضروریات کی کفالت نہیں کر سکتا۔

قُرآن یہ بتا رہا ہے کہ اللہ، نوعِ اِنسانی کو اور تمام مخلوقات کو زندگی گزارنے کے تمام وسائل مہیاء کر رہا ہے۔ لٰہذا مدد کے لئے بھی ــــ اللہ ہی کو پکارنا ہے۔ اپنی ضروریات کے لئے بھی ــــ اللہ ہی کی طرف دیکھنا ہے۔ دعا اللہ سے مانگنی ہے ــــ رزق اللہ سے مانگنا ہے ــــ صحت اللہ سے مانگنی ہے ــــ خوشیاں اللہ سے مانگنی ہیں ــــ اولاد اللہ سے مانگنی ہے۔

عبادت محض ایک سادہ سے عمل کا نام نہیں ہے بلکہ اِسلام کے نقطہ نظر سے عبادت کا مطلب مکمل طور پر تسلیم و رضا۔ اللہ کی مرضی کو مکمل طور پر ماننا اللہ کی مرضی کے مطابق خود کو ڈھالنے کی کوشش کرنا۔

سورہ فاتحہ کی پہلی تین آیات میں ہم نے دیکھا کہ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ کے ساتھ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ کا ذکر آیا اور مٰلِكِ یَوْمِ الدِّیْنِ سے پہلے الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ کا ذکر بڑا معنی خیز ہے۔

اس طرح چوتھی آیت میں اِنسان کے شعور، لاشعور میں یہ بات پیوست کی جا رہی ہے کہ بندگی محض اللہ کے لئے ہے اور مدد بھی اللہ ہی سے مانگنی ہے۔ یعنی ہمارا معبود بھی اللہ، ہمارا رازق بھی اللہ، زندگی عطا کرنے والا بھی اللہ، اس دنیا میں زندگی بسر کر کے دوسری دنیا میں منتقل کرنے والا بھی اللہ ہے۔ اللہ نے اِس کے لئے پورا ایک نظام بنایا ہے۔ اور اللہ کا یہ نظام اپنی ہر مخلوق کی تمام ضروریات کی تکمیل کر رہا ہے۔

پہلی تین آیات میں اللہ پر یقین کا اعتراف اور شکر ہے۔ اور اگلی آیت میں اقرار ہے۔ یا اللہ تُو ہی معبُود ہے اور ہم تیری ہی عبادت کرتے ہیں اور تجھی سے ہی زندگی کے تمام معاملات میں مدد مانگتے ہیں۔

اللہ ہی "نافع" ہے اللہ ہی "ضار" ہے۔

اِنسانی زندگی میں جو میل جول اور دیگر سرگرمیاں نظر آتی ہیں۔ اُن میں دو وجوہات بنیادی کردار ادا کرتی ہیں۔ اوّل اپنے فائدے کی خواہش یا اپنا کوئی فائدہ نظر آنا۔

سرد موسم کی شدت خواہ جتنی بھی ہو لیکن سب لوگ اپنے کام پر جاتے ہیں۔ اپنے کاروبار کے لئے دور دراز علاقوں کا سفر کرتے ہیں۔ ضروریات کے لئے مقابلے ہوتے ہیں۔ چھوٹے چھوٹے فائدے کے لئے آپس میں لڑ پڑتے ہیں۔ ہر ایک اپنے مفاد کو پیش نظر رکھتا ہے۔ ایک آدمی کا اپنے فائدے کے لئے گھر سے نکلنا بتدریج پوری سوسائٹی کو متحرک رکھنے کا ذریعہ بنتا ہے۔ اِس عمل سے پھر



Marfat.com

# حضرت حمزہؓ کا اسلام لانا

ایک دن نُورِ نبیؐ کوہِ صفا پر چھایا
دیکھ کر انؐ کو ابوجہل وہاں آ نکلا
دل میں مذموم ارادہ تھا جو پنہاں اُس کا
روبرُو آپؐ کے آیا تو سبھی کہہ ڈالا
دیکھئے شانِ نبیؐ پاک کی عظمت تو ذرا
آپؐ خاموش رہے اس کو مگر کچھ نہ کہا
ایک لونڈی کی نگاہوں نے یہ منظر دیکھا
اس کو بوجہل کا کردار نہ ہرگز بھایا
اس نے سوچا کہ وہ حمزہؓ کو بتا ڈالے گی
یہ ستائے گا نہ پھر آپؐ کو شیطان کبھی
اس نے پھر سیّدی حمزہؓ کو بتایا آ کے
جو بھی دیکھا تھا وہ حمزہؓ کو سنایا جا کے

Marfat.com

نئے نئے اِدارے وجود میں آتے ہیں۔پہلے لوگ بیل گاڑیوں میں سفر کر کے ایک مقام سے دوسرے مقام تک جاتے تھے اِس کے بعد ریل گاڑی بن گئی پھر ہوائی جہاز بن گئے۔اب جیٹ ہوائی جہاز بن گئے ہیں۔

یہ سب کیوں ہو رہا ہے؟

یہ سب اپنے مفاد کے حصول یعنی نفع کے لئے ہو رہا ہے۔

اِنسانی زندگی کو متحرک رکھنے کی دوسری اہم وجہ جذبہ خوف ہے۔نقصان کا ڈر ہے۔

اس دنیا میں مادی ترقی کا ایک نہایت اہم محرک اپنی حفاظت کا خیال ہے۔دشمن کے حملوں کا خوف، موسمی تغیرات سے لاحق ہونے والے نقصان کا خوف، دشمن سے بچنے کے لئے دفاع کو مضبوط کرنے کے نتیجے میں نئے نئے آلات بنے۔دفاعی ضروریات کے لئے بننے والی چیزوں کا استعمال بتدریج عوامی ہو گیا۔اِس سے اِنسانی معاشروں کو ترقی ملی۔بنیادی طور پر ان چیزوں کے وجود میں آنے کا سبب خوف تھا۔نقصان سے بچنے کا احساس تھا۔

کسی کام کا نفع اِنسان کو متحرک کرتا ہے کسی نقصان کا اندیشہ اِنسان کو محتاط اور ڈسپلن میں رکھتا ہے۔اللہ تعالیٰ کا ایک اسم ہے "نافع" اور ایک اسم "ضار" ہے۔یعنی نفع اور نقصان اللہ کے ہاتھ میں ہے۔

نفع اور نقصان اللہ تعالیٰ کے بنائے گئے نظام کے تحت وجود میں آتے ہیں۔تو جب ہم کہتے ہیں اِیَّاکَ نَعۡبُدُ وَ اِیَّاکَ نَسۡتَعِیۡنُ کہ ہم تیری ہی عبادت کرتے ہیں تو اِس کا مطلب محض رسمی عبادت نہیں ہے۔بلکہ اس کا مطلب یہ ہے کہ میں اپنی تمام ضروریات کا کفیل اللہ ہی کو سمجھتا ہوں۔

اِیَّاکَ نَعۡبُدُ وَ اِیَّاکَ نَسۡتَعِیۡنُ جب میں اپنے کسی بھی مقصد کی تکمیل کے لئے نکلتا ہوں تو اے اللہ میں تیری مدد طلب کرتا ہوں اور جب مجھے کسی نقصان کا خوف ہوتا ہے تو اُس وقت بھی اے اللہ میں تیری مدد طلب کرتا ہوں۔اِیَّاکَ نَعۡبُدُ وَ اِیَّاکَ نَسۡتَعِیۡنُ یہ اقرار ہے کہ یا اللہ میں تیری ہی عبادت کرتا ہوں اور میں نے اپنی تمام ضروریات، اپنی تمام خواہشات اور تمام بچاؤ کے ذرائع تجھ ہی سے وابستہ کئے ہوئے ہیں۔

اِھۡدِ نَا الصِّرَاطَ الۡمُسۡتَقِیۡمَ اے اللہ مجھے سیدھے راستے کی ہدایت عطا فرما۔مجھے بتا کہ سیدھا راستہ کون سا ہے؟ مجھے سیدھے راستے پر چلا۔یہ پانچویں آیت اِھۡدِ نَا الصِّرَاطَ الۡمُسۡتَقِیۡمَ ۝ دعا ہے اور یہی وہ آیت ہے جس کی بنیاد پر سورہ فاتحہ کو دعا بھی کہا جاتا ہے۔

"اے اللہ میں تیرا بندہ ہوں اور تجھ ہی سے مدد مانگتا ہوں۔یا اللہ مجھے سیدھا راستہ دکھا دے۔" قرآن دعا مانگنے والے پر مزید واضح کر رہا ہے کہ بندہ اس بات کو بھی سمجھ لے کہ سیدھے راستے پر چلنا کیا ہوتا ہے؟ اس کے اثرات کس طرح ظاہر ہوتے ہیں؟

صِرَاطَ الَّذِیۡنَ اَنۡعَمۡتَ عَلَیۡہِمۡ اس سیدھے راستے پر چلا جس راستے پر چلنے والوں پر تو نے اپنا انعام فرمایا۔جن سے تو راضی ہو گیا۔جس راستے پر چلنے والوں پر تیری رحمتیں نازل ہوتی رہیں، تو ان سے خوش ہو گیا۔



۱۹۱۲۳۲

Marfat.com

سیّدی حمزہؓ نے پھر غصہ اُتارا ایسے
مار کر سر پر کماں سر کو تو پھاڑا ایسے
تُو بھتیجے کو مرے گالیاں دیتا ہے مگر
اُنؐ کی باتوں کا مرے دل پہ ہوا اتنا اثر
میں بھی اس دین مُبین پر ہوں جو آیا آخر
گر ہے طاقت تو میرا کچھ بگاڑ آ کر
جو بھی کہتا ہے بھتیجا یہ میرا وہ سچ ہے
منکشف جو بھی مرے دل پہ ہُوا وہ سچ ہے
میں یہ دیتا ہوں گواہی ہے وہ حاکم کا رسولؐ
روک لے مجھ کو جو اس دیں سے تو ہے تیری بھول
جب ملی دل کو نبیؐ پاک کی اُلفت آخر
ہو گئے دینِ محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم میں وہ داخل آ کر

Marfat.com

سورہ فاتحہ کی یہ آیت واضح اشارہ کر رہی ہے کہ مجھے انعام یافتہ لوگوں کے راستے پر چلا۔ یہاں بندہ کا مفاد آرہا ہے۔ انعام یافتہ لوگوں کے راستے پر چلنے کی درخواست کی جارہی ہے، دعا کی جارہی ہے۔ اور اگلی آیت میں خوف سے بچاؤ کا اور تحفظ کا اہتمام ہورہا ہے۔ غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّآلِّيْنَ ان لوگوں کے راستے پر نہ چلانا، بھٹکنے نہ دینا۔ جن لوگوں پر سرکشی کی وجہ سے، انکار کی وجہ سے، عقل کی بالادستی کی وجہ سے، تیرا غضب نازل ہوا۔ جنہوں نے غلط فیصلے کئے، فطرت کے قوانین سے ٹکرائے اور قوانین کی خلاف ورزی کی۔ اس کے نتیجے میں ان پر تیرا غضب نازل ہوا۔ گمراہ ہونے، بھٹک جانے کا مطلب یہ ہے کہ پہلے وہ صحیح راستے پر چلے۔ ان کو صحیح راستہ دکھایا گیا لیکن آگے جا کر وہ اپنی عقل کے غلط استعمال کی وجہ سے بھٹک گئے۔ کچھ لوگ ایسے ہیں کہ وہ ساری زندگی سمجھتے ہیں کہ وہ صحیح راستے پر چل رہے ہیں حالانکہ انہوں نے غلط راستہ چنا ہوا ہوتا ہے۔ اور ان کی کوششیں رائیگاں چلی جاتی ہیں۔ وہ ساری زندگی یہ سمجھتے رہے کہ وہ صحیح ہیں لیکن وہ غلط راستے پر چل رہے تھے۔

سورہ فاتحہ میں غور کرتے وقت یہ سوچیں کہ آج کا مسلمان خواہ وہ پاکستان میں ہو یا دنیا کے کسی اور ملک میں۔ اس کا طرز عمل کیا بتا رہا ہے؟ ہم کس راستے پر چل رہے ہیں؟ کیا ہم صدیقین، صحیحین، صالحین کے راستے پر چل رہے ہیں ـــــ یا بھٹک رہے ہیں!

دراصل سورہ فاتحہ جسے دیباچہ قرآن بھی کہا جاتا ہے اور جسے دعا بھی کہا جاتا ہے، ایک یقین ہے، ایک اقرار ہے، ایک شکر ہے اور ایک دعا ہے۔

اللہ تعالیٰ ہم سب کو قرآن پاک کی آیات میں تفکر کرنے، ان کے معانی اور مفاہیم کو زیادہ سمجھنے کی توفیق عطا فرمائے اور اللہ تعالیٰ قرآنی آیات کے انوار سے اور ہماری رُوح کو اور ہمارے قلوب کو منور فرمائے۔ سلاسل طریقت کی تعلیمات کا مقصد قرآن پاک میں غور و فکر کرنا ہے۔ ہم سب کو ہمارے آقا، اپنے مولا، معلمِ اعظم حضرت محمد ﷺ کے وسیلے سے اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں دعا کرنی چاہیئے کہ اللہ تعالیٰ ہم سب کو قرآن پاک کی تلاوت کی توفیق اور اس کے معانی و مفاہیم کو سمجھنے کی توفیق عطا فرمائے، قرآن پاک کا صحیح فہم اللہ تعالیٰ ہمیں عطا فرمائے اور قرآن پاک کے انوار، تجلیات سے ہمارے وجود کو، ہمارے قلوب کو اور ہماری روح کو منوّر فرمائے۔ آمین یا رب العالمین۔

حوالہ جات:

1۔ آڈیو لیکچر سے اقتباس از الشیخ خواجہ شمس الدین عظیمی

2۔ کتاب "توجیہات" از الشیخ خواجہ شمس الدین عظیمی۔ صفحہ نمبر 116 تا 118

3۔ کتابچہ "سلسلہ عظیمیہ کی تعلیمات" از ڈاکٹر وقار یوسف عظیمی۔ صفحہ نمبر 55 تا 64



Marfat.com

# حضرت عمرؓ کا اسلام لانا

قافلہ جان نثاروں کا یونہی بڑھنے لگا
میرے آقاؐ نے الٰہی سے یہ مانگی تھی دُعا
دینِ اسلام کو ہے اس کی ضرورت دے دے
اے خدا عمرؓ سے اسلام کو شوکت دے دے
دارِ ارقم کی طرف جاتے ہوئے رستے میں
اک شناسا نے بتایا تھا انہیں ایسے میں
اپنے گھر جا کے ذرا دیکھو بتایا اُن کو
کس نے اسلام کا رستہ ہے دکھایا اُن کو
بہن و بہنوئی مسلمان ہوئے ہیں تیرے
ان کے گھر دین محمد ﷺ نے لگائے ڈیرے
گھر کے دروازے پہ بہنوئی کے وہ آ کے رُکے
لفظ قرآن مقدّس کے جو کانوں میں پڑے

Marfat.com

موضوع 3/84

# غیب

## سُوۡرَةُ الۡبَقَرَةِ (THE COW)

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

الٓمّٓ ۚ ذٰلِكَ الۡكِتٰبُ لَا رَيۡبَ ۛۚ فِيۡهِ ۛۚ هُدًى لِّلۡمُتَّقِيۡنَ ۙ

الَّذِيۡنَ يُؤۡمِنُوۡنَ بِالۡغَيۡبِ

ترجمہ: اس کتاب میں کوئی شک نہیں۔ یہ کتاب ان لوگوں کے لئے ہدایت ہے جو متقی ہیں اور متقی وہ لوگ ہیں جو غیب پر یقین رکھتے ہیں۔

*Alif Laam Meem. This is the Book (the Quran), wherof there is no doubt, a guidance to those who are Al-Muttaqun who believe in the Ghaib.*

### غیب اور متقی:

غیب سے مراد وہ REALITIES یا حقائق ہیں جو انسان کے ظاہری مشاہدات سے باہر ہیں۔ وہ سب کے سب اللہ کی معرفت سے تعلق رکھتے ہیں۔ ایمان سے مراد ہے یقین، یقین وہ حقیقت ہے جو تلاش میں سرگرداں رہتی ہے، اس لئے نہیں کہ اسے کوئی معاوضہ ملے گا بلکہ اس لئے کہ طبیعت کا تقاضہ پورا کرے۔ متقی سے مراد وہ انسان ہے جو سمجھنے میں بڑی احتیاط سے کام لیتا ہے، ساتھ ہی بدگمانی کو راہ نہیں دیتا، وہ اللہ کے معاملے میں اتنا محتاط ہوتا ہے کہ کائنات کا کوئی روپ اسے دھوکہ نہیں دے سکتا۔ وہ اللہ کو بالکل الگ سے جانتا ہے۔

اِنَّ اَكۡرَمَكُمۡ عِنۡدَ اللّٰهِ اَتۡقٰكُمۡ

اللہ کے نزدیک تم میں سے زیادہ باعزت (مکرم) وہ ہے جو تم میں سے زیادہ متقی ہے۔ (سورہ حجرات، پارہ 26، آیت 13)

اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الۡمُتَّقِيۡنَ ۝

اللہ متقیوں کو دوست رکھتا ہے۔ (سورہ توبہ، پارہ 10، آیت 4)

تقویٰ کیا ہے؟ اور متقی لوگ کون ہوتے ہیں؟

اللہ تعالیٰ قرآن کریم میں متقیوں کی صفات بیان فرماتے ہیں کہ:



Marfat.com

اس قدر زور سے دروازے پہ دستک پا کر
بہن نے اُن کی تھا دروازہ وہ کھولا آ کر
ان سے پوچھا کہ سناؤ تو یہ کیا کرتے ہو
اس کی خاطر نہ مرے بھائی ذرا ڈرتے ہو
اس کو بس پاک ہی تو لوگ چُھوا کرتے ہیں
اس کے قاری تو مسلمان ہُوا کرتے ہیں
جو کہا بھائی نے ویسا ہی کیا بھائی نے
اور آیات مقدّس کو پڑھا بھائی نے
عمرِ فاروقؓ یہ بولے کہ مجھے لے کے چلو
بوسہ دوں پاؤں کو میں جا کے چلو آگے بڑھو
ایسے خدمت میں نبیؐ پاک کے آئے تھے عمرؓ
ایسا لگتا تھا کہ آقاؐ کے ہیں یہ بھی دلبر
آپؐ نے کلمہ پڑھا اور مسلمان ہوئے
اہلِ مکّہ سے جو کافر تھے پریشان ہوئے

Marfat.com

الَّذِيْنَ يُؤْمِنُوْنَ بِالْغَيْبِ وَ يُقِيْمُوْنَ الصَّلٰوةَ وَمِمَّا رَزَقْنٰهُمْ يُنْفِقُوْنَ ۝

جو غیب پر ایمان لاتے ہیں اور صلوٰۃ قائم کرتے ہیں اور ہمارے دیے ہوئے مال میں سے خرچ کرتے ہیں۔

(سورۃ بقرۃ، پارہ 1، آیت 13)

متقیوں کی مزید صفات کو قرآن یوں بیان کرتا ہے:

الَّذِيْنَ يُنْفِقُوْنَ فِي السَّرَّآءِ وَالضَّرَّآءِ وَالْكٰظِمِيْنَ الْغَيْظَ وَالْعَافِيْنَ عَنِ النَّاسِ ؕ وَاللّٰهُ يُحِبُّ الْمُحْسِنِيْنَ ۝ وَالَّذِيْنَ اِذَا فَعَلُوْا فَاحِشَةً اَوْ ظَلَمُوْٓا اَنْفُسَهُمْ ذَكَرُوا اللّٰهَ فَاسْتَغْفَرُوْا لِذُنُوْبِهِمْ ۠ وَمَنْ يَّغْفِرُ الذُّنُوْبَ اِلَّا اللّٰهُ ۠ وَلَمْ يُصِرُّوْا عَلٰى مَا فَعَلُوْا وَهُمْ يَعْلَمُوْنَ ۝

جو لوگ آسانی میں اور سختی کے مواقع پر بھی اللہ کی راہ میں خرچ کرتے ہیں، غصہ پینے والے، لوگوں سے در گزر کرنے والے ہیں اللہ ان نیکوکاروں سے محبت کرتا ہے جب ان سے کوئی ناشائستہ کام ہو جائے یا کوئی گناہ کر بیٹھیں تو فوراً اللہ کا ذکر اور اپنے گناہوں کے لئے استغفار کرتے ہیں فی الواقع اللہ تعالیٰ کے سوا کون گناہوں کو بخش سکتا ہے؟ ــــــ اور وہ کبھی دانستہ اپنے کئے پر اصرار نہیں کرتے۔

(سورۃ آل عمران، پارہ 4، آیت 135، 134)

اللہ تعالیٰ نے قرآن پاک میں سورہ بقرہ کی ابتدائی آیتوں میں فرمایا ہے کہ:

ذٰلِكَ الْكِتٰبُ لَا رَيْبَ ۛ فِيْهِ ۛ هُدًى لِّلْمُتَّقِيْنَ ۝ الَّذِيْنَ يُؤْمِنُوْنَ بِالْغَيْبِ

اس کتاب میں کوئی شک نہیں۔ یہ کتاب ان لوگوں کے لئے ہدایت ہے جو متقی ہیں اور متقی وہ لوگ ہیں جو غیب پر یقین رکھتے ہیں۔

(سورۃ البقرۃ، پارہ 1، آیت 3، 2)

## غیب اور مظاہر:

غیب مظاہر سے زیادہ اہمیت رکھتا ہے۔ غیب کو سمجھنا بہت ضروری ہے۔ مذہب یا دین جس چیز کو کہتے ہیں وہ دراصل غیب کی نشاندہی ہے۔ مذہب میں مظاہر کا تذکرہ ضرور آتا ہے لیکن اس کو کسی بھی دور میں اولیت حاصل نہیں ہوئی، اس لئے کہ ہر مادی چیز فنا کے راستے پر گامزن ہے جبکہ خود راستہ بھی فانی ہے۔ ایک خدا کا پرستار جس طرح غیب پر ایمان رکھتا ہے بالکل اسی طرح ایک مادے کا پرستار مادیت کی دنیا پر یقین رکھتا ہے۔ نہ خدا پرست کو غیب کی دنیا پر ایمان رکھے بغیر چارہ ہے اور نہ مادیت پرست کو مادے پر ایمان لائے بغیر چارہ ہے۔ دونوں اپنی ایک انفرادی طرز رکھتے ہیں۔ اور ان میں یہ چیز مشترک ہے کہ اس طرز پر ان کا ایمان اور ایقان ہوتا ہے۔ اسی ایمان اور ایقان کو یہ زندگی کہتے ہیں کوئی زندگی ایمان و ایقان کے بغیر ممکن نہیں خواہ وہ زندگی خدا پرست کی زندگی ہو یا مادہ پرست کی۔



Marfat.com

مل گیا آپؐ کو مطلوب کہ چاہت ہے یہی
جس سے اسلام کو ملتی ہے وہ قوّت ہے یہی
کِس کی قرأت بتاؤ تو یہ تم کرتے ہو
جس کی خاطر نہ یہاں آج ذرا ڈرتے ہو

## فروغ دین اور کفّار کی پریشانی

زلزلہ آیا بڑا کفر کے ایوانوں میں
پیار بڑھتا ہی رہا آپؐ کے دیوانوں میں
دیکھا جو دینِ نبیؐ ان کے لیے ہے جابر
کفر پوشوں کے علمداروں نے سوچا آخر
بات کرتے ہیں ذرا جا کے ابوطالبؓ سے
اس پہ احسان بہت سے ہیں ابی طالب کے
کیوں خداؤں کو ہمارے یہ برا کہتے ہیں
ہم تو بس آپ کی وجہ سے ہی چپ رہتے ہیں

Marfat.com

## غیب پر یقین:

غیب کی دنیا سے متعارف ہونے کے لئے غیب کی دنیا پر یقین رکھنا ضروری ہے۔ مذکورہ بالا آیت میں لوحِ محفوظ کا یہی قانون بیان ہوا ہے نوعِ اِنسانی اپنی زندگی کے ہر شعبے میں اسی قانون پر عمل پیرا ہے، یہ دِن رات کے مشاہدات اور تجربات ہیں جب تک کہ ہم یقین کے ساتھ کسی چیز کی طرف متوجہ نہیں ہوتے ہم اسے دیکھ سکتے ہیں نہ سمجھ سکتے ہیں۔ غیب پر یقین رکھنے سے مراد یہ ہے کہ اِنسان مشاہداتی نظر کا حامل ہو۔ اس کے اندر غیب بین نظر کام کرتی ہو۔ جب اِنسان کے اندر مشاہداتی نظر کام نہیں کرے گی اس کے لئے کائنات تسخیر نہیں ہوگی۔

## تسخیر:

تسخیر یہ ہے کہ آپ اپنے اختیار کے تحت زمین سے، سمندر سے، دریاؤں سے، پہاڑوں سے، چاند سے، سورج سے اور دیگر اجزائے کائنات سے کام لے سکیں ـــــ اور اعلیٰ تسخیر یہ ہے کہ سیّدنا حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام انگلی سے اشارہ کریں تو چاند دو ٹکڑے ہو جائے۔ حضرت عمر فاروقؓ دریائے نیل کو خط لکھ دیں:

" اگر تو اللہ کے حکم سے چل رہا ہے تو سرکشی سے باز آجا ورنہ عمر کا کوڑا تیرے لئے کافی ہے۔"

حضرت جابر بن عبد اللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے پاس ایک بکری تھی۔ انہوں نے بکری کو ذبح کیا ان کی اہلیہ نے گندم پیس کر روٹی اور گوشت پکایا اور ایک پیالے میں ثرید تیار کیا۔ حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ ثرید کا پیالہ لے کر سیّدنا حضور علیہ السلام کی خدمت میں حاضر ہوئے اور سیّدنا حضور ﷺ نے جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے فرمایا:

"اے جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ اپنے ساتھیوں کو جمع کر اور ان کو ایک ایک کر کے میرے پاس بھیج دے۔"

حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ اپنے ساتھیوں کو حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے پاس بھیجتے رہے سب نے سیر ہو کر کھایا۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کھانے والوں سے بس اتنا فرماتے:

"کھاؤ اور ہڈی نہ توڑو"

سب لوگ ثرید کھا کر چلے گئے تو حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ہڈیوں کو جمع کیا اور ان پر اپنا دست مبارک رکھ کر کچھ ارشاد فرمایا بکری کان ہلاتی ہوئی کھڑی ہو گئی۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا:

"جابر اپنی بکری لے جاؤ۔"

حضور قلندر بابا اولیاءؒ نے ایک واقعہ سنایا کہ ایک بہت بڑا نجومی سیدنا حضور ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا۔ پتہ چلا کہ حضور ﷺ اس وقت پہاڑ پر تشریف فرما ہیں۔ نجومی وہاں پہنچ گیا۔ اس نے اپنا تعارف کرایا اور کہا۔ یا رسول اللہ ﷺ! اگر آپ ﷺ کے پیر مبارک کے نیچے یہ پہاڑ موم ہو جائے اور پہاڑ کے اوپر پیر کا نقش آجائے تو میں مسلمان ہو جاؤں گا۔ رسول اللہ ﷺ نے بسم اللہ



Marfat.com

ان کو سمجھائیں ذرا اپنی روش ٹھیک کریں
اب خداؤں کی ہمارے نہ یہ تضحیک کریں

پھر بلا بھیجا نبیؐ پاک کو بوطالبؓ نے
اور سمجھایا نبیؐ پاک کو بوطالبؓ نے

آئی تھی قوم تری مجھ کو بتانے بیٹا
ان کے تیور سے تو لگتا ہے ڈرانے بیٹا

عزم و ہمّت سے سُنیں آپؐ نے باتیں ان کی
بولے یوں سُن کے نبیؐ پاک یہ باتیں اُن کی

چاند سورج کو مرے ہاتھوں پہ لا کر رکھ دیں
جیسے بھی چاہیں مری جاں کو ہلا کر رکھ دیں

جان جاتی ہے چلی جائے مگر اے چچا
دیں کی تبلیغ سے ہرگز نہ جدا میں ہو گا

دستِ اقدس کو اُٹھا کر جو دعا مانگی تھی
وہ نبیؐ پاک نے مالک کی رضا مانگی تھی

Marfat.com

پڑھ کر قدم اٹھایا اور پہاڑ پر رکھ دیا۔ جیسے ہی حضور ﷺ نے پیر اٹھا کر پتھر پر رکھا۔ نجومی نے آسمان کی طرف دیکھا اور پھر پہاڑ کی طرف نظر ڈالی۔ پہاڑ پر پیر کا نقش موجود تھا۔ اس طرح جیسے نرم مٹی پر نقش بن جاتا ہے۔ تسخیر کا یہ عمل دیکھ کر نجومی مسلمان ہو گیا۔ دریافت کرنے پر اس نے بتایا کہ وہ اپنے زمانے کا یکتا اور منفرد نجومی ہے۔ آسمان پر ایک ستارہ ہے۔ وہ ستارہ جب کسی آدمی کے سر پر براہ راست سایہ فگن ہوتا ہے تو اس کے اندر یہ صلاحیت پیدا ہو جاتی ہے کہ سخت مٹی نرم ہو جاتی ہے۔ میرے حساب سے اس ستارے کو اس جگہ جہاں حضور ﷺ کھڑے ہوئے تھے کئی ہزار سال بعد آنا تھا۔ میں نے جب رسول اللہ ﷺ سے درخواست کی اور حضور ﷺ نے بسم اللہ پڑھ کر قدم اٹھایا تو میں نے دیکھا کہ وہ ستارہ اپنی جگہ سے تیزی سے پلٹا اور لمحوں کے لئے حضور ﷺ کے اوپر سایہ فگن ہو کر واپس چلا گیا۔

ایک شخص نے حضرت عمرؓ سے شکایت کی!

"یا امیر المومنین! میں زمین پر محنت کرتا ہوں، بیج ڈالتا ہوں اور جو کچھ زمین کی ضروریات ہیں انہیں پورا کرتا ہوں لیکن بیج جل جاتا ہے"۔

حضرت عمرؓ نے فرمایا:

"جب میرا اس طرف سے گزر ہو تو بتانا"۔

حضرت عمرؓ جب ادھر سے گزرے تو ان صاحب نے زمین کی نشاندہی کی۔ حضرت عمرؓ تشریف لے گئے اور زمین پر کوڑا مار کر فرمایا کہ "تو اللہ تعالیٰ کے بندے کی محنت ضائع کرتی ہے جب کہ وہ تیری ضروریات پوری کرتا ہے۔"

اور اس کے بعد زمین لہلہاتے ہوئے کھیت میں تبدیل ہو گئی۔

ایک تسخیر یہ بھی ہے کہ زمین ایک قاعدے اور ضابطے کے تحت ہمیں رزق فراہم کر رہی ہے۔ ہم زمین پر مکان بناتے ہیں تو زمین مکان بنانے میں حائل نہیں ہوتی۔ زمین اتنی سنگلاخ اور سخت جان نہیں بن جاتی کہ ہم اس میں کھیتیاں نہ اُگا سکیں، اتنی نرم نہیں بن جاتی کہ ہم زمین کے اوپر چلیں تو ہمارے پیر دھنس جائیں۔ سورج اور چاند ہماری خدمت گزاری میں مصروف ہیں۔ ایک قاعدے اور ضابطے میں اپنی ڈیوٹی انجام دے رہے ہیں جو ان کے اوپر فرض کر دی گئی ہے۔ چاند کی چاندنی سے پھلوں میں مٹھاس پیدا ہوتی ہے اور سورج کی گرمی سے میوے پکتے ہیں۔ الغرض کائنات کا ہر ELEMENT اپنا کردار ادا کر رہا ہے اور اس عمل سے ہمیں اختیاری یا غیر اختیاری فائدہ پہنچ رہا ہے۔

ابو بصیر نے حضرت امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے نقل کیا ہے کہ عہدِ اوّل میں کچھ لوگوں نے ساحل عدن پر ایک مسجد تعمیر کی لیکن وہ گر گئی، دوسری بار تعمیر کی گئی لیکن پھر گر گئی۔ اسی طرح کئی بار ہوا۔ سب کے سب خلیفہ اول حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے پاس آئے اور واقعہ بیان کیا انہوں نے حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے پاس بھیج دیا۔ لوگوں نے حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے واقعہ بیان کیا تو حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا:



Marfat.com

پؐ کی اُنگلی مبارک کا اشارہ پا کر
چاند دو ٹکڑے ہوا اُن کا سہارا پا کر
چاند نے حقِ نبوّت کی گواہی دے دی
آپؐ کے قبضے میں مولا نے خدائی دے دی
پھر بھی ایمان نہ لائے تھے کمینے سارے
اور مضبوط کیے کُفر سے سینے سارے
بحرِ اُلفت میں تو آتے ہی رہے چلتے رہے
عشق والوں کی محبت کے سفینے سارے
وہ قبائل جو کہ دشمن تھے سبھی ایک ہی تھے
جو لُٹیرے تھے کہ رہزن تھے سبھی ایک ہی تھے
ایک ناپاک ارادے میں وہ سنجیدہ تھے
سُن کے چچا بھی یہ باتیں ذرا رنجیدہ تھے

Marfat.com

"قبلہ کی طرف داہنے ہاتھ تھوڑی سی زمین کھودو وہاں پر دو قبریں نکلیں گی ان پر لکھا ہو گا۔____ انا رضوی واختی حبا____ میں رضوی اور میری بہن حبا اس حالت میں مرے کہ کسی طرح سے بھی ذات خدا میں شرک کو روا نہ رکھا۔ پس ان دونوں لاشوں کو غسل و کفن دے کر نماز پڑھو اور دفن کر دو اور پھر شوق سے وہاں مسجد بناؤ۔"

چنانچہ لوگوں نے ایسا ہی کیا اور پھر وہ مسجد نہ گری۔

ہم جانتے ہیں ساری کائنات اللہ تعالیٰ نے انسان کے لئے تخلیق کی ہے۔ کائنات کے تمام اجزا بشمول اِنسان اور اِنسان کے اندر کام کرنے والی تمام صلاحیتیں ایک مرکزیت پر قائم ہیں۔

آیئے ،اِنسان کے اندر کام کرنے والی صلاحیتوں کا سراغ لگائیں۔ روز مرہ کا مشاہدہ ہے کہ ہمارے تصوّرات اور احساسات گوشت پوست کے ڈھانچے کے تابع نہیں ہیں بلکہ رُوح کے تابع ہیں۔ اللہ تعالیٰ کے ارشاد کے مطابق رُوح کا عِلم قلیل دیا گیا ہے مگر لامحدود کا قلیل جزو بھی لامحدود ہوتا ہے رُوح لامحدود عِلم ہے اس عِلم کو جاننے والے حضرات نے اس عِلم کو سمجھنے کے لئے اس کی درجہ بندیCLASSIFICATION کی ہے اور فارمولے بنائے ہیں اور ان فارمولوں سے اپنے شاگردوں کو رُوشناس کرایا ہے۔

باطن روشن علماء قُرآن کی تشریح اس طرح کرتے ہیں اگر بندے کے اندر شک اور وسوسہ ہے تو یہ کتاب اس بندے کی راہنمائی نہیں کرتی۔ یہ کتاب صرف ان لوگوں پر ہدایت کے راستے کھولتی ہے جو غیب پر یقین رکھتے ہیں۔ آخری کتاب قُرآن کے ارشاد کے مطابق متّقی لوگوں کی نشانی اور صِفت یہ ہے کہ وہ غیب پر یقین رکھتے ہیں غیب سے مراد وہ تمام چیزیں وہ تمام عوامل وہ تمام حالات وہ تمام دنیائیں ہیں جو ظاہری آنکھ سے نظر نہیں آتیں۔ قانُون یہ بنا کہ غیب کی دنیا سے متعارُف ہونے کے لئے غیب کی دنیا پر یقین رکھنا ضروری ہے۔

## یقین کا حصُول:

یہ بات اَمر مسلمہ ہے کہ اَن دیکھی چیزوں پر یقین کی تکمیل نہیں ہوتی۔ یہ قانُون صرف غیب کی دنیا میں ہی نافذ نہیں ہے، ہماری روز مرہ زندگی میں بھی یہ قانُون نافذ اور جاری وساری ہے۔ نوعِ اِنسانی کی زندگی کا ہر شعبہ اس قانُون کا پابند ہے۔ اس قانُون کی حدود میں رہتے ہوئے جب ہم زندگی کا تجزیہ کرتے ہیں یا اپنے افعال، کردار کا محاسبہ کرتے ہیں تو ہم یہ جان لیتے ہیں کہ جب تک ہم کسی چیز کی طرف یقین کے ساتھ متوجہ نہیں ہوتے ہم اسے نہ دیکھ سکتے ہیں نہ سمجھ سکتے ہیں۔

اللہ تعالیٰ نے ان آیات میں فرمایا ہے کہ یہ کتاب ایسی ہے کہ جس میں کسی قسم کا شک وشبہ وسوسہ یا ابہام نہیں ہے۔ یہ کتاب متّقی لوگوں کیلئے ہدایت کا سرچشمہ ہے پھر اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ متّقی لوگ کون ہیں؟ متّقی وہ لوگ ہیں جن کا غیب پر یقین ہوتا ہے۔ غیب پر ایمان سے اللہ تعالیٰ پر یقین قائم ہوتا ہے اور یہ کتاب ان لوگوں کو ہدایت بخشتی ہے کہ جو کچھ وہ خرچ کرتے ہیں اس کے بارے میں وہ یہ کہتے ہیں وہ یہ جانتے ہیں اور ان کا ایمان ہوتا ہے کہ ہم جو کچھ خرچ کر رہے ہیں یہ ہمارا نہیں بلکہ یہ سب اللہ کا ہے۔ خرچ کرنے کا مطلب یہ ہے کہ جتنے بھی وسائل ہمارے لئے موجود ہیں۔ زمین کے اوپر جیسے ماں باپ ہوں، اَولاد ہو، بیوی بچے ہوں، رشتہ دار ہوں،



Marfat.com

## شعب ابی طالبؓ

اپنے بیٹے کی محبّت میں تو راحت کے لیے
ہاں دل و جان کی اُلفت کی محبّت کے لیے
فیصلہ شعب میں جانے کا کیا چچا نے
قابلِ فخر وہ بیٹے کی وفا چچا نے
حکمِ سردار پہ اس درّے میں سب جا پہنچے
جب تلک حکم الٰہی تھا اسی میں ٹھہرے
دہر کی شان کو شوکت کو زر و دولت کو
آپؐ نے رد کیا لوگوں کی تو ہر رشوت کو

## شقِ قمر

ایک دن سوچا یہ شیطاں کے پرستاروں نے
بت پرستوں نے جفاؤں کے علم داروں نے
ایسا کرتے ہیں مطالبہ نہ ہو جو پورا
اس طرح ہوگا مکمل یہ ارادہ اپنا

Marfat.com

کاروبار ہو۔ یہ سب اللہ کی عنایت ہے۔ اللہ کا دیا ہوا ہے، وہی لوگ ہدایت یافتہ ہیں اور وہی لوگ فلاح پانے والے ہیں۔

قرآن کی ان آیتوں سے یہ بات بالکل پوری طرح واضح ہو جاتی ہے کہ:

قرآن کو سمجھنے کیلئے قرآن سے ہدایت پانے کیلئے چار باتوں کا ہونا ضروری ہے۔

1۔ ایک یہ کہ آدمی متقی ہو۔

2۔ دوسرے یہ کہ اس آدمی کا غیب پر یقین ہو۔ غیب کے یقین کو روحانی لوگ مشاہدہ کہتے ہیں۔ یعنی وہ غیب کو دیکھتا ہو۔

3۔ تیسرے یہ کہ اللہ تعالیٰ کا اس سے تعلق قائم ہو اور

4۔ چوتھے یہ کہ جو کچھ اس کو مل رہا ہے یعنی پیدا ہونا، مرنا، جینا، جوان ہونا، اولاد، کاروبار سب کو وہ منجانب اللہ سمجھتا ہو۔

جب یہ چاروں صفات کسی انسان کے اندر آجائیں گی اس کو قرآن سے ہدایت ملے گی اس میں کوئی شک وشبہ کی گنجائش نہیں ہے۔

حوالہ جات:

1۔ کتاب "کشکول" از الشیخ خواجہ شمس الدین عظیمی، موضوع نمبر 29، صفحہ نمبر 42

2۔ کتاب "پیراسائیکالوجی" از الشیخ خواجہ شمس الدین عظیمی، حوالہ حضور ﷺ کے پیر مبارک کے نیچے پہاڑ نرم ہو گیا۔

3۔ کتاب "نظریہ رنگ و نور" از الشیخ خواجہ شمس الدین عظیمی، موضوع یقین، صفحہ نمبر 100 تا 101

4۔ کتاب "روح کی پکار" از الشیخ خواجہ شمس الدین عظیمی، موضوع اس کتاب میں شک وشبہ کی گنجائش نہیں ہے، صفحہ نمبر 263 تا 264



Marfat.com

سب نے ہی پائی وہ ذلت کہ خدا شاہد ہے
جو کہ یکتا ہے اکیلا ہے وہی واحد ہے
آپؐ اک ایسی نشانی بھی دکھا دیتے رسولؐ
تا کہ ہم جان سکیں آپؐ ہی ہیں سچے رسولؐ
یہ نشانی ہو فلک پر ہی نہ کہ ارضی ہو
اور ہم مان سکیں آپؐ ہی ہیں سچے رسولؐ
آپؐ کی شانِ نبوت کی صداقت جانیں
ملتمس آپؐ سے ہیں چاند کے ٹکڑے کر دیں
آپؐ ہیں سچے نبیؐ پھر تو یہ ممکن ہوگا
فیصلہ پھر ہی نبوّت کا یہ ضامن ہوگا
چودھویں رات تھی پھر چاند فلک پر آیا
پہلے سے زیادہ حسیں اس کو جہاں نے پایا
دُور اندیش بہت دانا تھے چچا پیارے
نظروں کے سامنے رکھتے تھے نبیؐ کو سارے

Marfat.com

موضوع 4/84

## اللہ کی مُہر ALLAH'S SEAL

## سُوۡرَةُ الۡبَقَرَةِ (THE COW)

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

خَتَمَ اللّٰهُ عَلٰى قُلُوۡبِهِمۡ وَعَلٰى سَمۡعِهِمۡ‌ؕ وَعَلٰٓى اَبۡصَارِهِمۡ غِشَاوَةٌ‌ وَّلَهُمۡ عَذَابٌ عَظِيۡمٌ ﴿۷﴾

ترجمہ: اللہ نے ان کے دلوں اور ان کی سماعتوں پر مُہر لگادی ہے۔ اور ان کی آنکھوں پر پردہ (پڑ گیا) ہے اور ان کے لئے سخت عذاب ہے۔

*Allah hath sealed their hearing and their hearts, and on their eyes there is a covering. Theirs will be an awful doom.*

اگر کوئی بندہ باوجود اس کے کہ روشن راستہ اس کے سامنے ہے باوجود اس کے کہ اس کو روشن راستے پر چلنے کی ترغیب دی جا رہی ہے اور باوجود اس کے کہ روشن راستے پر انعامات و اکرامات کی جو بارش برس رہی ہے اس کی بھی اطلاع اس کو دی جا رہی ہے وہ پھر بھی اس روشن راستے کو قبول نہیں کرتا تو اللہ تعالیٰ اس کا تاریک راستے پر چلنا قبول کر لیتے ہیں۔

اللہ تعالیٰ اس بندے کا تاریک راستے پر چلنا اس لئے قبول کر لیتے ہیں کہ وہ شیطان کی طرح نافرمانی اور بغاوت پر آمادہ ہے تو اس کے اوپر روشن راستے کے دروازے بند ہو جاتے ہیں یعنی دلوں اور کانوں پر مہر لگانے کا مطلب یہ ہوا کہ آدمی نے از خود وہ راستہ اختیار کر لیا جس راستے پر چل کر آدمی عقل سلیم سے بے بہرہ ہو جاتا ہے، سماعت سے محروم ہو جاتا ہے اور بینائی پس پردہ چلی جاتی ہے۔ اللہ تعالیٰ اسے اس بات سے منع نہیں کرتے کیونکہ اللہ تعالیٰ اس کا یہ عمل قبول کر لیتے ہیں چنانچہ وہ اب کبھی روشن راستے پر گامزن نہیں ہو سکتا۔ یہ اس آیت مبارکہ کی عِلمی توجیہہ بیان ہوئی۔

اب ہم اس آیت کی تفسیر رُوحانی نقطہ نظر سے بیان کرتے ہیں رُوحانیّت سے تعلق رکھنے والے حضرات کم و بیش اس بات سے واقف ہیں کہ مخلوق کے اندر ایسے GENERATORS یا نقطے موجود ہیں جن نقطوں میں زندگی میں کام آنے والی روشنی ذخیرہ ہوتی رہتی ہے۔ یہ نقطے فرشتوں میں بھی ہوتے ہیں، جنّات میں بھی ہوتے ہیں، سیاروں میں بھی ہوتے ہیں، درختوں میں بھی ہوتے ہیں یوں کہیے کہ نباتات، جمادات، حیوانات سب میں ہوتے ہیں۔ یہ نقطے ایک ہاتھی کی زندگی کو بھی فیڈ کرتے ہیں اور ایک چیونٹی کے اندر رہ کر بھی



Marfat.com

رات ہوتے ہی بدل دیتے تھے بستر اُنؑ کا
کون مولا کے سوا سوچو ہے رہبر اُنؑ کا
وقت رفتار سے اپنی تو گزرتا ہی رہا
دشمنِ دیں کا وہ غصّہ تھا کہ بڑھتا ہی گیا
اپنی تدبیر سے دشمن سے بچائے رکھا
اپنے پوتے کو بھی سینے سے لگائے رکھا
بُت پرستوں کو جو معلوم ہوئی تدبیر اب
ان کے پاؤں کی یہ تدبیر بنی زنجیر اب
جو بنو ہاشم و مطلب ہوئے حائل تھے وہاں
ان کی نصرت سے وہ سارے ہوئے گھائل تھے وہاں
سارے رشتے جو سماجی تھے بھسم کر ڈالے
جو بھی بن پائے مسلماں پہ ستم کر ڈالے
قوم کو اپنی ابولہب نے بس چھوڑا تھا
ناطہ بھی اُس نے تو اپنوں سے ہی بس توڑا تھا

Marfat.com

اس کی زندگی کو جاری اور ساری رکھتے ہیں۔ یہ بات طویل ہو جائے گی کہ چیونٹی کے اندر کتنے نقطے کام کرتے ہیں جنّات کتنے نقطوں سے مرکّب ہیں، فرشتے کتنے نقطوں کی مخلوق ہیں، پہاڑ کے اندر یہ نقطے کس فامولے کے تحت کام کرتے ہیں اور گھاس کے اندر یہ نقطے کس فارمولے پر متحرک ہیں۔

## لطائف GENERATORS:

اس وقت ہمارے پیش نظر آدم زاد ہے اس لئے کہ یہ آیت مبارکہ

خَتَمَ اللّٰہُ عَلٰی قُلُوْبِھِمْ وَعَلٰی سَمْعِھِمْ ؕ وَعَلٰٓی اَبْصَارِھِمْ غِشَاوَۃٌ ۫ وَّلَھُمْ عَذَابٌ عَظِیْمٌ

نوعِ انسانی کے لئے نازل ہوئی ہے۔ تصوّف اور رُوحانیّت سے دلچسپی رکھنے والے حضرات ان نقطوں سے واقفیت رکھتے ہیں اور ان نقطوں کو چھ لطیفوں یا GENERATORS سے تعبیر کرتے ہیں۔ رُوحانیّت میں ان کا اِصطلاحی نام لطائف ستہ ہے۔

## لطائف کے نام :

| | | |
|---|---|---|
| 1۔اخفیٰ (بنفشی Purple) | 2۔ خفی (نیلگوں Blue) | 3۔رُوحی (زرد Yellow) |
| 4۔سری (سبز Green) | 5۔ قلبی (نارنجی Orange) | 6۔ نفسی (سرخ Red) |

یعنی ایک آدم زاد انفرادی طور پر یا اجتماعی اعتبار سے چھ نقطوں کے اندر سفر کرتا ہے ان چھ نقطوں کو قرآن پاک کے قانون کے مطابق تین دائروں میں تقسیم کیا جا سکتا ہے۔ ایک دائرہ وہ ہے جس کے اندر وہ نقطے موجود ہیں جو آدمی کے اوپر دو راہیں کھولتے ہیں۔ ایک وہ راستہ جو شیطنت ہے اور دوسرا وہ راستہ جو رحمت ہے۔ ایک دائرہ رحمت کی طرف سفر کرنے کا ایک ذریعہ ہے اور ایک دائرہ منزل ہے۔ یعنی اس دائرے میں بندے کو اللہ تعالیٰ کا عرفان حاصل ہوتا ہے۔ یہ تینوں دائرے ہمہ وقت چار نُورانی نہروں سے فیڈ ہوتے رہتے ہیں۔









Marfat.com

جوف کعبہ پہ وہ تحریر لگائی جا کر
دستاویز تھی کہ زنجیر لگائی جا کر
حوصلے پست نہ کر پائے تھے وہ پیاروں کے
حملے تو خوب ہوئے آپؐ پہ اغیاروں کے
عہد و پیمان پہ لوگوں نے عمل خوب کیا
حکمِ شیطان پہ لوگوں نے عمل خوب کیا
کتنے کٹھن تھے ایّام وہ راتیں ساری
چیختے بچّوں کی وادی میں وہ آہیں ساری
نیک لوگوں کا تو جی درد سے بھر جاتا تھا
روتے بچوں کی صداؤں پہ ترس آتا تھا
شیر خواروں کی صداؤں نے جگایا دل کو
ان کی امداد کرو رب نے بتایا دل کو
ابن عمرو ہی تھے ہشام مدد کو آئے
اونٹ پر کھانے کی چیزیں بھی وہاں وہ لائے

Marfat.com

دائرے تین ہیں نہریں چار ہیں۔ ان نہروں کا سورس کیا ہے؟ یہ نہریں کہاں سے نکلتی ہیں؟ ان نہروں میں کس قسم کے انوار کا نزول یا صعود ہوتا ہے؟ نہروں کے اندر نازل ہونے والے انوار یا روشنیاں کس طرح وہم، خیال، تصور، ادراک اور احساس میں تبدیل ہوتی ہیں۔ یہ ایک لمبا بیان ہے۔

مختصر یہ کہ ان چار نہروں میں سے ایک نہر اس دائرے کو جس میں شیطینت اور رحمت کے راستے متعیّن ہیں، سیراب کرتی ہے۔ اگر آدمی باوجود ترغیب کے، باوجود تلقین کے، باوجود سمجھانے بجھانے کے ضد بحث اور نافرمانی کا مرتکب ہو کر صراط مستقیم سے ہٹ کر تاریکی کا راستہ اختیار کر لیتا ہے تو تینوں میں سے ایک دائرے کا پہلا نقطہ زہریلا ہو جاتا ہے اور یہ زہر اس کو ایک متعفّن پھوڑا بنا دیتا ہے۔ اِس نقطے کے اندر ایک ایسی سڑاند اور بدبو پیدا ہو جاتی ہے کہ اوپر کے دو دائرے اسے زندہ رکھنے کے لئے فیڈ تو کرتے ہیں، لیکن ان کا ذہنی رابطہ یا ہمدردی تیسرے نقطے کے ساتھ نہیں رہتی۔ دوسری طرف کیونکہ اوپر کے دو دائرے سراپا نُور اور روشنی ہیں، لطافت اور خوشبو ہیں اس لئے یہ متعفن پھوڑا یا نقطہ ان کی طرف متوجّہ ہی نہیں ہوتا۔ جب متوجّہ ہی نہیں ہوتا تو وہ راستہ بھی نظر نہیں آتا۔ جس راستے پر چل کر آدمی آسمانوں کی سیر کرتا ہے، فرشتوں سے ملاقات کرتا ہے اور اللہ تعالیٰ کا عرفان حاصل کرتا ہے اس بات کو اللہ تعالیٰ نے

خَتَمَ اللّٰهُ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ وَعَلٰى سَمْعِهِمْ ؕ وَعَلٰۤى اَبْصَارِهِمْ غِشَاوَةٌ ؗ وَّلَهُمْ عَذَابٌ عَظِيْمٌ

کہہ کر نوعِ اِنسانی کی توجہ اس طرف مبذول کرائی ہے۔

ایسا بندہ جس کے دل پر کانوں پر مہر لگی ہوئی ہے اور آنکھوں پر پردہ پڑا ہوا ہے وہ اس دنیا میں سوچتا بھی ہے، سنتا بھی ہے، دیکھتا بھی ہے۔ مطلب یہ ہوا کہ مہر اور آنکھوں پر پردہ ڈالنے کا مطلب یہ نہیں ہے کہ وہ دنیاوی طور پر اندھا ہو گیا ہے یا اس کی عقل سلب ہو گئی ہے یا اس کے کانوں میں سیسہ ڈال دیا گیا ہے یا وہ بہرہ ہو گیا ہے۔ عقل پر مہر لگانے کا مطلب یہ ہے کہ اس کے اندر سے ان صِفات کو نکال لیا گیا ہے، جن صِفات سے آدمی اللہ تعالیٰ کا مشاہدہ کرتا ہے۔ اُس کی سماعت میں سے وہ صِفت نکال لی گئی ہے جس کے ذریعے سے غیب کی آوازیں سنتا ہے۔ فرشتوں سے ہم کلام ہوتا ہے۔ اُس کی آنکھوں پر پردہ ڈال دیا گیا ہے جن آنکھوں سے وہ (اگر ان آنکھوں پر پردہ نہ پڑا ہوا ہو) حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے دربار اقدس میں حاضر ہو کر کھلی آنکھوں سے حضور ﷺ کی ذات اقدس کا مشاہدہ کر لیتا ہے۔

اِس آیتِ مبارکہ کی تفسیر میں اگر تفکّر کیا جائے تو یہ کہے بغیر چارہ نہیں ہے کہ جن لوگوں کے قلب میں اتنی سکت نہیں ہے کہ وہ اللہ تعالیٰ کا مشاہدہ کر سکیں۔ ان کے اندر اتنی سکت نہیں ہے کہ فرشتوں کی آواز سن سکیں۔ ان کی آنکھوں میں اتنی چمک نہیں ہے کہ وہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کا دیدار کر سکیں۔ وہ سب لوگ ذریت ابلیس میں آتے ہیں۔ بات بہت زیادہ سخت ہے لیکن امر واقعہ یہی ہے کہ ارکان اِسلام کی ماہیّت اور حقیقت میں اگر تفکّر کیا جائے تو ہر رکن اس بات کا کھلا ثبوت ہے کہ اس کا تعلق رُوحانی طرزوں، رُوحانی صِفات اور رُوحانی صلاحیتوں سے ہے۔ اِسلام میں بنیادی رکن اللہ تعالیٰ پر ایمان لانا ہے۔ ایمان لانے کے بعد حضور ﷺ کی رسالت کی



Marfat.com

ابن حزامؓ نے بھی ساتھ نبھایا آخر
اونٹ پہ لاد کے گندم تھا وہ لایا آخر
آؤ لکھا ہے معاہدہ ختم کرتے ہیں
اس کا آغاز چلو آج سے ہم کرتے ہیں
پانچ افراد یہ طے کر کے حرم میں آئے
ہوگی امداد یہ طے کر کے حرم میں آئے
کیا مناسب ہے کہ ہم سارے یہاں پہ کھائیں
اہلِ مکّہ یہ بتا دو کہ وہ مر ہی جائیں
وہ خریداری کسی سے بھی نہیں کر سکتے
ہم ہیں موجود تو وہ بھوکے نہیں مر سکتے ہیں

## عہد نامہ مقاطعہ

وعدہ اللہ کا نہ چین سے ہم بیٹھیں گے
یہ صحیفہ جو لکھا تم نے اُسے پھاڑیں گے

Marfat.com




Marfat.com

قدرتِ حق سے ہی سرکارؐ کے چچا آئے
جن سے اُمیدیں تھیں وابستہ وہ آقاؐ آئے
دیکھے سردار جو ذیشان چلے آئے ہیں
وہ لعیں سمجھا پریشان چلے آئے ہیں
آج کرلیں گے یہ منظور بھی شرطیں ساری
غرضِ اصلاح سے لگتے ہی نہیں ہیں عاری
آپؓ نے آ کے وہاں ساری کہانی کہہ دی
بھائی کے بیٹے نے یہ مجھ کو بتایا ہے ابھی
لفظ اللہ فقط چھوڑا ہے دیمک نے وہاں
کھول کے دیکھو کہ دیمک نے سجایا ہے جہاں
سچا ہے میرا بھتیجا تو مری بات سنو
گر وہ جھوٹا ہے تو پھر وعدہ ہے جو بھی کرلو
کھول کر اس کو ذرا دیکھو حقیقت کیا ہے
ختم کر ڈالو یہ ساری ہی عقوبت کیا ہے

Marfat.com



Marfat.com

## معاہدے کو دیمک چاٹ گئی

اپنے خوابوں کی جو تعبیر نظر آئی تھی
وہ خوشی اُن کو جو بہلاتی بہت جھوٹی تھی
ان کا ایماں تھا صحیفہ تو نہ ضائع ہوگا
اتنا محفوظ ہے دیمک نے نہ کھایا ہوگا
کھول کر دیکھی جو تحریر وہاں لکھی تھی
لفظ اللہ تھا اور ساری ہی وہ خالی تھی
بات ہر ایک نبیؐ پاک کی سچّی نکلی
قدموں میں جو تھی ابوجہل کے مٹی نکلی
ہاتھ بھی خشک ہوا شل بھی ہوا تھا اس کا
جس نے تحریر کیا تھا یہ صحیفہ اس کا

## شعب ابی طالب سے رہائی

عہد و پیماں سے وہ بدعہد لگے تھے پھرنے
خود ہی پہنائی میں ذلّت کی لگے تھے گرنے

Marfat.com

شہادت دینا ہے لیکن دنیا کا کوئی قانون اس بات کو تسلیم نہیں کرتا کہ بغیر دیکھے شہادت معتبر ہو سکتی ہے۔ کلمہ شہادت ہمیں یہ بتاتا ہے کہ اگر اِنسان شیطانیّت سے آزاد ہو کر فی الواقع ایمان کے دائرے میں قدم رکھ دیتا ہے تو سیّدنا حضور ﷺ اس کی آنکھوں کے سامنے آ جاتے ہیں اور وہ برملا حضور ﷺ کی رسالت کی شہادت دیتا ہے۔ قانون شہادت یہ ہے کہ شہادت بغیر دیکھے معتبر نہیں ہوتی۔ مسلمان ہونے کے بعد حق باتوں پر یقین ضروری ہے، جو ایمان کی شرائط میں داخل ہیں ان میں پہلی بات غیب پر یقین ہے۔ ہم غیب پر یقین رکھتے ہیں۔ قانون یہ ہے کہ جب تک کوئی بات مشاہدے میں نہیں آتی، یقین متزلزل رہتا ہے۔ اس کے بعد ملائکہ کا تذکرہ آتا ہے پھر ان کتابوں کا تذکرہ آتا ہے جو حضور ﷺ سے پہلے انبیاء پر نازل ہوئیں پھر یوم آخرت کا تذکرہ آتا ہے یہ تمام تذکرے اس بات کا منہ بولتا ثبوت ہیں کہ اِنسان کے اندر کوئی ایسی آنکھ موجود ہے جو پردوں کے پیچھے دیکھتی ہے۔ اِنسان کے اندر ایسے کان موجود ہیں جو ماورائی آوازیں سن کر ان کے معانی اور مفہوم کو سمجھتے ہیں۔ ایسی آنکھیں موجود ہیں جو آنکھیں زمان و مکاں کی تمام حد بندیوں کو توڑ کر عرش پر اللہ تعالیٰ کا دیدار کرتی ہیں۔ ایسا قلب موجود ہے جو محسوس کرتا ہے۔ قلب اللہ کا گھر ہے اور اس گھر میں مکین کو دیکھتا ہے۔

رُوحانیّت اور تصوّف سالکانِ طریقت کو اسی طرف متوجہ کرتے ہیں کہ آدمی ظاہری حواس سے ہٹ کر ان حواس کا کھوج لگائے جن حواس میں لطافت ہے، نرمی ہے، رحمت ہے، محبت ہے، حلاوت ہے، نُور ہے، روشنی ہے، جن حواس سے بندہ اپنے آقا رسول اللہ ﷺ کے قدموں میں سرنگوں ہوتا ہے۔ جہاں تک دنیاوی زندگی گزارنے کے لئے مفروضہ حواس کا تعلق ہے ان حواس میں آدم، بکری اور کتا برابر کے شریک ہیں۔ کتا بھی عقل رکھتا ہے، آدمی بھی عقل رکھتا ہے۔ دوسری بات جو زیر بحث آتی ہے وہ ساخت کی ہے۔ اللہ تعالیٰ نے اِنسان کو جس ساخت پر تخلیق کیا ہے وہ ساخت اس قسم کی ہے کہ اس ساخت کی وجہ سے وہ عقل سے زیادہ سے زیادہ کام لے سکتا ہے اگر بلی کی ساخت اِنسانوں کی طرح ہوتی اور جس طرح اِنسان دو پیروں پر چلتا ہے اسی طرح بلی بھی پیروں پر چلتی تو کوئی وجہ سمجھ میں نہیں آتی کہ بلی کار ڈرائیو نہ کر سکتی۔ دنیاوی عقل کا تعلق جہاں تک ہے اللہ کی سب مخلوق عقل رکھتی ہے۔ جہاں تک عقل میں کمی بیشی کا تعلق ہے وہاں ہم روزانہ دیکھتے ہیں کہ آدمی بھی سب عقل مند نہیں ہوتے۔ ہزاروں لاکھوں میں چند دانش ور نکلتے ہیں اور اس دانش وری کے اندر غوطہ لگا کر جب کوئی گوہر نایاب تلاش کرنے کی کوشش کی جاتی ہے تو وہاں بھی بے عقلی کے سوا کچھ ہاتھ نہیں آتا۔

حوالہ جات:

1۔ کتاب "توجیہات" از الشیخ خواجہ شمس الدین عظیمی، موضوع اللہ کی مُہر



Marfat.com

اُن کے ناپاک عزائم بھی ملے مٹی میں
سارے افکار و خرافات رہے مٹی میں
سُرخرو ہاشمی سردار ہوئے آپؐ ہوئے
اُن کے ناپاک ارادے بھی سبھی خاک ہوئے
تین سال آپؐ تو گھاٹی میں رہے تھے محصور
بچے بھی پیر و جواں سارے ہوئے تھے رنجور
لوٹ کے اہل نبیؐ اپنے گھروں میں آئے
اہلِ مکہ کے معزز تھے انہیں وہ لائے

## جاں نثاری کا پیکرِ اَتم حضرتِ ابوطالب

بڑھ کے اولاد سے جو اُن کی حفاظت کرتے
وہ ہی مشکل میں فقط اُن کی حمایت کرتے
کون بھولے گا ذرا اُن کی سیانت آخر
ہر گھڑی وہ ہی تو کرتے تھے اعانت آخر

Marfat.com

موضوع 5/84

# اللہ کا نائب

# VICEROY OF GOD

## سُوْرَةُ الْبَقَرَةِ (THE COW)

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

وَ اِذۡ قَالَ رَبُّكَ لِلۡمَلٰٓـئِكَةِ اِنِّىۡ جَاعِلٌ فِى الۡاَرۡضِ خَلِيۡفَةً ؕ قَالُوۡٓا اَتَجۡعَلُ فِيۡهَا مَنۡ يُّفۡسِدُ فِيۡهَا وَيَسۡفِكُ الدِّمَآءَ ۚ وَنَحۡنُ نُسَبِّحُ بِحَمۡدِكَ وَنُقَدِّسُ لَـكَ ؕ قَالَ اِنِّىۡٓ اَعۡلَمُ مَا لَا تَعۡلَمُوۡنَ ﴿۳۰﴾ وَعَلَّمَ اٰدَمَ الۡاَسۡمَآءَ كُلَّهَا

ترجمہ: جب تمہارے پروردگار نے فرشتوں سے کہا۔ میں ایک ایسی مخلوق بنانے والا ہوں جسے زمین کا اقتدار دیا جائے گا۔ انہوں نے عرض کیا۔ "کیا آپ اس میں وہ مخلوق بنائیں گے جو وہاں فساد اور خوں ریزی کرے گی؟ اور (ادھر ہمارا معاملہ یہ ہے کہ) آپ کی حمد وثنا کے ساتھ آپ کی تسبیح و تقدیس تو ہم کر ہی رہے ہیں"۔ اللہ نے فرمایا "میں وہ کچھ جانتا ہوں جو تم نہیں جانتے"۔ اس کے بعد پروردگار نے آدمؑ کو سب اسماء سکھا دیے۔

*And ( remember) when your Lord said to the angels: "Verily, I am going to place ( mankind) generations after generations on earth.". They said: "Will You place theirin those who will make mischief therein and shed blood,-while we glorify You with praises and thanks and sanctify You." He (Allah) said: "I know that which you do not know." And He taught Adam all the names (of everything)*

جب آدم علیہ السلام کو پیدا کیا گیا تو اللہ تعالیٰ نے فرشتوں سے فرمایا:

اِنِّىۡ جَاعِلٌ فِى الۡاَرۡضِ خَلِيۡفَةً ؕ میں دنیا میں اپنا نائب بنانے والا ہوں۔

(سورۃ بقرۃ، پارہ 1، آیت 30)



Marfat.com

ایک لمحہ بھی نگاہوں سے نہ اوجھل کرتے
وہ نبیؐ پاک کو ہر شخص سے افضل کرتے
یہ ہی ہستی تو نبیؐ پاک کی نصرت ٹھہری
یہ ہی ہستی تو نبیؐ پاک کی اُلفت ٹھہری
وجہِ تسکین و دل جاں تھے نبیؐ اطہر ہی
واسطے اُن کے ہی اپنوں سے وہ نفرت کرتے
ایک حصّار کی مانند تھی ہستی اُن کی
وہ دل و جاں سے نبیؐ پاک کی عزت کرتے
جتنا عرصہ بھی رہے زندہ رہے آقاؐ کے
آنکھوں کے نُور تھے من ٹھار تھے وہ چاچا کے
تھے ابو طالبؓ آقاؐ کے وہ پیارے چچا
یہ ہی تاریخ بتاتی ہے سہارے چچا
اُن کی رحلت نے نبیؐ پاک کو غمناک کیا
جس نے دشمن کے ارادوں کو تہہ خاک کیا

Marfat.com

## نائب کے معنی:

نائب کا مطلب یہ ہے کہ ایسا بندہ جو اللہ کے دیے ہوئے اختیارات استعمال کرے۔ اللہ نے اِنسان کو اپنا نائب بنایا ہے۔ اس کے اندر اپنی صِفات کا علم پھونکا ہے۔ اِس کو اپنی صوُرت پر تخلیق کیا ہے۔ نائب کا مفہوم یہ نہیں ہے کہ اگر ایک مملکت کا صدر اپنے اختیارات کو استعمال کرنے میں کاغذ قلم کا محتاج نہ ہو تو اس کا نائب اختیارات استعمال کرنے میں کاغذ قلم کا محتاج ہو۔ اللہ وسائل کی محتاجی کے بغیر حاکم ہے تو اس کا نائب بھی وسائل کا دستِ نگر نہیں ہوتا۔ جس طرح خدا نے "کُن" کہہ کر کائنات کو وجوُد بخشا ہے، خدا کا نائب بھی اپنے ذہن کو حرکت دے کر خدا کی تخلیق میں تصرُّف کر سکتا ہے کیوں کہ اللہ کا نائب اس بات سے واقف ہوتا ہے کہ کائنات میں موجود تمام مظاہر ایک ہی ذات سے ہم رشتہ ہیں۔

## نائب کے اختیارات JURISDICTION :

اِنسان کو اللہ نے اشرف المخلوقات کا درجہ دیا ہے یعنی اِنسان کی حاکمیّت کو تسلیم کرایا ہے لہٰذا اِس مخلوق کے لئے تمام خدمات فرشتوں سے لی جاتی ہیں جب اِنسان رُوحانی مدارج کے اعلیٰ عہدوں پر فائض ہو جاتا ہے تو وہ براہِ راست تمام احکامات اللہ سے لیتا ہے اور فرشتوں کے ذریعے اس پر عملدرآمد IMPLEMENT کراتا ہے۔اس شعبے کو شعبہ تکوین DEPARTMENT OF ADMINISTRATION کہا جاتا ہے۔ جس میں بے شمار عہدے ایسے لوگوں کو دیے جاتے ہیں جن کا کام اس کائنات کو متحرّک رکھنا ہے۔ اللہ تعالیٰ چاہتا تو اس کائنات کو متحرّک رکھنے کے لئے کسی کی مدد کی ضرورت نہیں تھی لیکن اس نے اِنسان کو اپنا نائب بنا کر یہ اعزاز HONOR بخشا ہے کہ وہ اللہ تعالیٰ کے نائب کی حیثیّت سے کائنات کو حرکت میں رکھتا ہے۔

سورہ کہف آیت 60 تا 82 میں حضرت موسیٰ علیہ السلام اور ایک بندے کی ملاقات کا ذکر ہے۔ جسے اللہ تعالیٰ نے خاص عِلم بخشا تھا جس میں اس عہدے کے متعلق ارشادات ہیں۔ حضرت داتا گنج بخش رحمۃ اللہ علیہ کی کتاب "کشف المحجوب" میں ان عہدوں کا تفصیلی ذکر موجود ہے۔

فرشتوں نے نائب بنانے کے حکم کے بارے سن کر اللہ تعالیٰ سے کہا:

اَتَجْعَلُ فِيْهَا مَنْ يُّفْسِدُ فِيْهَا وَ يَسْفِكُ الدِّمَآءَ ۚ وَنَحْنُ نُسَبِّحُ بِحَمْدِكَ وَنُقَدِّسُ لَكَ ۭ

اے ہمارے رب یہ شخص زمین میں فساد برپا کرے گا اور زمین میں ہر طرف خون پھیلائے گا اے پروردگار ہم تیری تسبیح کرتے ہیں اور تیری پاک ذات کو یاد کرتے ہیں۔

(سورۃ بقرۃ، پارہ 1، آیت 30)

اللہ تعالیٰ نے فرمایا:

اِنِّيْٓ اَعْلَمُ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ

جو میں جانتا ہوں وہ تم نہیں جانتے۔

(سورۃ بقرۃ، پارہ 1، آیت 30)



Marfat.com

# سیّدہ خدیجۃ الکبریٰؓ کا وصال

پیکرِ صبر و رضا اور مودّت ہی تھیں
صحنِ خانہ میں وہ تصویرِ محبّت ہی تھیں
مال و زر اپنا نبیؐ پاک پہ قرباں کرتیں
جیسے حالات بھی ہوتے تھے وہ احساں کرتیں
ربّ نے بھی خیر و کرامت سے نوازا تھا انہیں
پیکرِ جود و سخا ایسا بنایا تھا انہیں
مکّہ میں ان کا حسب اور نسب اعلیٰ تھا
شہہ لولاک کی ڈھارس ہی تھا منصب اُنؓ کا
شعب طالب میں مصائب کا ہوا اُن پہ اثر
آخری سفر حیاتی کا کیا طے آخر
جن کی قسمت میں وفاؤں کا یہ درجہ آیا
آپؐ کی زوجہ اطہر تھیں خدیجہؓ کبریٰ

Marfat.com

اللہ تعالیٰ نے آدم علیہ السلام کو کائناتی امور سکھا کر فرشتوں سے پوچھا اگر تم اس علم سے واقف ہو تو بیان کرو۔ فرشتوں نے کہا کہ ہم تو اتنا ہی جانتے ہیں جتنا آپ نے ہمیں سکھا دیا ہے۔ آدمؑ نے علوم بیان کیے تو فرشتوں نے یہ جان لیا کہ اللہ تعالیٰ نے آدم علیہ السلام کو جو علوم سکھا دیے ہیں، وہ ہم نہیں جانتے لہٰذا انہوں نے آدم علیہ السلام کی اطاعت اور فرمانبرداری کو قبول کر لیا۔

## آدمؑ کی حاکمیّت اور عِلم الاسماء:

تمام کائنات اللہ تعالیٰ کے اسماء سے رنگین ہے۔ ہر ہر ذرّے میں اللہ تعالیٰ کا جلوہ اور صِفت موجود ہے۔ اِنسان اگر تفکّر کی آنکھ سے کائنات میں غور کرے تو اسی نتیجے پر پہنچے گا کہ ہر طرف عِلم الاسماء متحرک ہیں جو اس کائنات کی OPERATING KEYS یا کنجیاں ہیں یہی عِلم الاسماء اللہ تعالیٰ نے اپنے نائب یعنی اِنسان کو عطا فرمائے ہیں۔ اللہ تعالیٰ کا ہر اسم اپنی صِفات کی بدولت اس کائنات کو چلا رہا ہے۔ ظاہر ہے جب یہ اسماء اِنسان کے اندر INSTALL کر دیے گئے یعنی جب یہ کنجیاں اِنسان کو نائب کی حیثیت سے سپرد کر دی گئیں تو اِنسان میں بھی یہ صلاحیّت پیدا ہو گئی کہ کائناتی نظام کو نہ صرف سمجھ سکے بلکہ اس نظام کو چلانے کے لئے عِلم الاسماء کو اپنے زیرِ استعمال لا سکے۔

مسلمان ہونے کے ناطے اُمّتِ محمّدی ﷺ قرآن پاک کو بحیثیتِ کلامِ الٰہی تسلیم کرتی ہے اور اس کی اکملیّت پر یقین رکھتی ہے اور اس بات سے بخوبی واقف ہے کہ اس کتاب المبین کے تمام علوم آدم علیہ السلام کو عطا کئے گئے ہیں۔ جنہیں قرآن پاک کی زبان میں عِلم الاسماء کہا گیا ہے۔ اللہ تعالیٰ اپنے کلام میں فرماتے ہیں کہ ہم نے آدم علیہ السلام کو اسمائے الٰہیہ کے کُل علوم عطا کر دیے۔ یہ بات نہایت ہی غور طلب ہے کہ جو لوگ کلامِ الٰہی کے کسی بھی اسم کسی بھی حرف کسی بھی آیت کے متعلق یہ نظریہ رکھتے ہیں کہ اس کے علوم آدم یا اِنسان کو عطا نہیں کئے گئے وہ سخت غلطی پر ہیں۔ اللہ تعالیٰ کی یہ شان نہیں ہے کہ وہ اپنے نازل کردہ کلام کو خود ہی جھٹلا دے۔ اللہ رب ذوالجلال کی بزرگی و برتری سے یہ بات بھی بعید از گمان ہے کہ وہ اپنے علوم کو کسی پر ظاہر کر دے اور کسی سے چھپا لے۔ اپنی شانِ بُزرگی کی حکمتوں کو اس نے آدم کے اندر یہ کہہ کر پوشیدہ کر دیا ہے کہ ہم نے آدم علیہ السلام کو اسمائے الٰہیہ کے کُل علوم سکھا دیے۔ آدم تمام بنی نوعِ اِنسانی کا نمائندہ ہے۔ یہ کسی ایک فردِ بشر کا نام نہیں ہے۔ پس جو لوگ قانُونِ قُدرت کے مطابق اسمائے الٰہیہ کے علوم سیکھنے میں جدوجہد اور غور و فکر کرتے ہیں۔ ان پر اللہ تعالیٰ کے کلام کی وہ حکمتیں، اسرار و رموز کھول دیے جاتے ہیں جو اس کے حروف کے پردے میں پنہاں ہیں۔ سب اِنسانوں کے باپ حضرت آدم علیہ السلام ہیں۔ قُرآن کریم میں آپ علیہ السلام کی تخلیق اور خلافت کا ذکر عِلم کے ساتھ ہوا ہے۔ مُعلّمِ حقیقی، اللہ تعالیٰ نے آدم علیہ السلام کو عِلم الاسماء عطا کیا تو اِنسان کا شرف عِلم بن گیا۔ اللہ تعالیٰ نے اِنسان کو اشرف اس لئے بنایا ہے کہ سماوات، زمین اور دونوں کے اندر جو کچھ ہے سب کا سب اِنسان کے تابع ہے۔

کائناتی تزئین و آرائش کے روشن وسائل سورج، چاند، ستارے سب اِنسان کے محکوم ہیں اور یہ حاکمیت اس عِلم کی بنیاد پر ہے جو عِلم اللہ تعالیٰ نے آدم علیہ السلام کو سکھا دیا ہے۔



Marfat.com

معتبر شخص قبیلے میں رہا ناں باقی
دل کی جو پیاس بجھا دیتا رہا ناں باقی
دشمن دین نبیؐ پاک کی رہ میں آئے
وہ ابی لہب کو سردار بنا کر لائے
دھمکی دی اُس نے کہ تبلیغ کو اب ختم کرو
لوگوں کو اپنا بناتے ہو یہ سب ختم کرو

## ''طائف کے سفر میں''

مکّہ سے دُور جو شاداب سی اک بستی تھی
اس میں خوش حال امیروں کی نسل ٹھہری تھی
مال و دولت نے تو حیوان بنا رکھا تھا
جاہ و منصب نے بھی شیطان بنا رکھا تھا
اُن کو احکام مرے جا کے سنا دے پیارے
جو بھی نازل ہے کِیا مَیں نے بتا دے پیارے

Marfat.com

## کائنات اللہ تعالیٰ کے علم کا جزو:

کائنات اور کائنات میں موجود تمام تخلیقات، تخلیقات میں تمام نوعیں اور نوع کے الگ الگ افراد، افراد کا پھیلنا اور سمٹنا، پیدائش کا تسلسل اور موت کا وارد ہونا، زمین اور سماوات، سورج، چاند، ستارے، بے شمار کہکشانی نظام، جنّت، دوزخ، جنّت دوزخ میں زندگی گزارنے کے تمام حواس اور تقاضے، حواس میں ردوبدل کے ساتھ حواس میں کمی بیشی، ذہنی رفتار کا گھٹنا یا بڑھنا، حواس کا الگ الگ تعین، سُننا، دیکھنا، سونگھنا، چکھنا، محسُوس کرنا، جسمانی خدوخال کا اُلٹ پلٹ ہونا، جذبات میں اشتعال پیدا ہونا، کسی بندے یا کسی ذی شعور کا نرم خو ہونا یہ تمام چیزیں اللہ تعالیٰ کے ذہن میں موجود علم کا عکس ہیں۔

کائنات میں موجود کوئی ایک شے، اس کی حیثیت کسی بڑے سے بڑے ستارے کی ہو یا زمین کے چھوٹے سے چھوٹے ذرّے کی ہو اللہ تعالیٰ کے ذہن میں موجود تھی۔ جب اللہ تعالیٰ نے ذہن کے اندر موجود اس خوبصورت دنیا کو مظہر بنانا چاہا تو فرمایا "کُن" اور کائنات میں تمام چیزیں من و عن اسی طرح جس طرح اللہ تعالیٰ کے ذہن میں تھیں موجود ہو گئیں۔

اوّل — اللہ تعالیٰ کی ذات

دوم — اللہ تعالیٰ کی صفت

سوم — صفت کے ساتھ قُدرت

علیم ہونا ذات باری تعالیٰ کی صِفت ہے اور ذات باری تعالیٰ اپنی تمام صِفات میں قدیم ہے۔ اس کی صِفت علیم میں کائنات ہمیشہ سے تھی اور ہے۔ صِفت علیم میں کائنات کی حیثیت اللہ تعالیٰ کے ذاتی علوم کا ایک عنصر ELEMENT ہے۔ جب اللہ تعالیٰ نے چاہا کہ کائنات کے علوم ظاہر کئے جائیں تو کُن کہہ کر کائنات کو تخلیقی صورت بخش دی اور کائنات کے امور کی ذمہ داریوں کو سنبھالنے کے لئے کائنات میں بسنے والی ایک مخلوق کو چن لیا۔ تاکہ کائناتی نظام اللہ تعالیٰ کے ارادے اور فطرت کے مطابق جاری و ساری رہے یہ منتخب شدہ ہستی آدم زاد ہے جس کو نظام کائنات کی اہم ذمہ داریوں کو سنبھالنے کے لئے اللہ تعالیٰ نے اپنے ذاتی علوم میں سے ایک علم عطا فرمایا اور یہ علم، علمِ کائنات ہے۔ جس کو قرآن پاک نے علم الاسماء کا نام دیا۔ علم الاسماء اللہ تعالیٰ کی ایک فکر یعنی UNIVERSE کا احاطہ کرتا ہے۔

## کائنات اور اللہ تعالیٰ کے اسماء:

کائنات مجموعی طور پر اللہ کی صِفات کا عکس ہے اور صِفات اللہ کے اسماء ہیں۔ اللہ تعالیٰ کا ہر اسم ایک تجلّی ہے اور تجلّی کے ساتھ قُدرَت اور رحمت شامل ہے۔ گویا اللہ تعالیٰ کا ہر اسم تین تجلّیوں کا مرکز ہے۔

جب ہم "اللہ" کا تذکرہ کرتے ہیں یا اللہ کا کوئی اسم ذہن یا زبان سے ادا کرتے ہیں تو تجلّی اپنی صِفت اور قُدرَت کے ساتھ حرکت میں آجاتی ہے۔ یعنی جب ہم اللہ کو "بصیر" کہہ کر مخاطب کرتے ہیں یا اللہ کے اسم بصیر کا ورد کرتے ہیں تو ہمارے اندر اللہ کی نگاہ



Marfat.com

یہ تھے احکامِ الٰہی کے مرے آقاؐ کو
آئے جبریلِ امیں آ کے ملے آقاؐ کو
کوئی خوشخبری سنانے کے لیے ناں آیا
کہہ نہ دیں ہم کو ڈرانے کے لیے ناں آیا
آپؐ کا پکّا ارادہ تھا کہ جاؤں طائف
اس کے سرداروں سے ہرگز نہ ہوئے تھے خائف
تین سرداروں کی سرداری یہاں قائم تھی
بے وفائی بھی یہاں عوج پہ تھی دائم تھی
ان کو بھی دین سکھانے کے لیے جاتا ہوں
حق کی میں باتیں بتانے کے لیے جاتا ہوں
نسل درنسل تو وہ لوگ رہے تھے بگڑے
بت پرستی کی آلائش میں سبھی تھے جکڑے
حق کا پیغام سنایا تو وہ گرجے ایسے
آتشِ غیض و غضب بن کے نبیؐ پر جھپٹے

Marfat.com

اور اللہ کی نگاہ سے متعلق قُدرت اور نگاہ سے متعلق رحمت کا عِلم متحرّک ہو جاتا ہے۔ کائنات ایک عِلم ہے۔ یہ عِلم نزول کر کے حواس کی شکل و صورت میں نمایاں ہو رہا ہے۔

> **دو اسماء**
>
> نظامِ کائنات کے قیام، ترتیب و تدوین پر اللہ تعالیٰ کے دو اسماء کی حکمرانی ہے۔ ایک اسم "اللہ" اور دوسرا اسم "قدیر"۔ تمام اسمائے صفات میں سے ہر اسم ان دونوں اسماء کے ساتھ منسلک ہے۔ اگر ایسا نہ ہوتا تو افرادِ کائنات ایک دوسرے سے روشناس نہیں ہو سکتے تھے اور نہ ان سے ایک دوسرے کی خدمت گزاری ممکن تھی۔
>
> (لوح و قلم از حضور قلندر بابا اولیاء رحمۃ اللہ علیہ)

## عِلم کی تین جہتیں DIMENSIONS :

جب ہم عِلم کی ہیئت، اصلیت اور حقیقت پر غور کرتے ہیں تو ہمارے پاس یہ کہے بغیر کوئی چارہ نہیں کہ عِلم کی بنیاد دراصل کسی چیز کی خبر یا کسی چیز کی شکل و صورت کو یا کسی چیز کے وصف کو جاننا ہے۔ عِلم کے معنی بھی یہی ہیں کہ آدمی کے اندر جاننے اور کسی چیز سے واقف ہونے کا عمل پیدا ہو جائے۔ جب تک ہمیں کسی چیز کے بارے میں عِلم حاصل نہیں ہوتا اس وقت تک وہ چیز ہمارے لئے معدوم کی حیثیت رکھتی ہے۔

باطن روشن علماء، عِلم کے تین رُخ یا DIMENSION بیان کرتے ہیں۔ پہلی DIMENSION یا رُخ تجلّی ہے جو لطیفہ اخفیٰ کے اندر نزول کرتی ہے اور تجلّی کا عِلم بن جاتی ہے۔ دوسری DIMENSION یا رُخ اس تجلّی کا وصف ہے یعنی تجلّی کی INTERPRETATION تشریح ہے۔ تجلّی کی یہ DIMENSION یا وصف لطیفہ سرّی میں متحرک ہوتی ہے۔ تیسری DIMENSION تجلّی کے وصف کی COMPLETION ہے یعنی تجلّی اپنے وصف کے ساتھ PHYSICAL APPEARANCE اختیار کرتی ہے اور اس وصف کا نزول لطیفہ قلبی میں ہوتا ہے۔ اس وصف کا نام نگاہ ہے۔

لطیفہ قلبی کے اندر جب گفتار، سماعت اور شامہ شکل و صورت اختیار کر کے مزید حرکت کرتے ہیں تو نقش و نگار کا ایک رنگین پیکر بن جاتا ہے۔ گفتار، سماعت اور شامہ کا یہ رنگین پیکر لطیفہ نفسی کو اپنی طرف کھینچتے ہیں۔ لطیفہ قلبی اور لطیفہ نفسی کے درمیان کشش کا یہ عمل مظاہراتی طور پر ہمارے سامنے آجاتا ہے۔

تین حرکتیں بیک وقت صادر ہوتی ہیں۔ پہلی حرکت کسی چیز کو جاننا ہے۔ جب ہم کسی چیز کو جاننے کا ارادہ کرتے ہیں ہمارے ذہن کی حرکت کسی چیز کو جاننے میں استعمال ہوتی ہے تو یہ عمل لطیفہ اخفیٰ میں ہوتا ہے۔ جاننے کے بعد دوسری حرکت کسی چیز کو محسوس کرنا ہے۔ محسوس کرنا لطیفہ سری کا عمل ہے جاننے اور محسوس کرنے کے بعد کسی چیز کے بارے میں خواہش پیدا ہوتی ہے۔ خواہش کے بعد عمل کا صدور ہوتا ہے۔ خواہش اور عمل کا صادر ہونا لطیفہ قلبی اور لطیفہ نفسی کی حرکت ہے۔ کسی چیز کا عِلم یا کسی چیز کو جاننے کی حرکت ثابتہ سے شروع ہو کر جویّہ پر ختم ہو جاتی ہے اور یہ عِلم ہر ہر اسٹیج پر ہر ہر نزول پر ریکارڈ ہوتا رہتا ہے۔ جاننا لطیفہ اخفیٰ میں واقع ہوتا ہے اور اس کو لطیفہ خفی ریکارڈ کر لیتا ہے۔ لطیفہ سری میں محسوساتی عمل شروع ہوتا ہے جس کو لطیفہ رُوحی ریکارڈ کر لیتا ہے۔



Marfat.com

صفت فرعون سی نمرود سی ہامان سی تھی
تینوں سرداروں کی فطرت بھی شیطان سی تھی

## ابولہب قبیلے کا سردار

پھر قبیلے کا ابو لہب جو سردار بھی تھا
بغض اسلام میں اتنا ہی وہ بیمار بھی تھا
عمر بھر آپؐ کو جی بھر کے ستایا جس نے
گھر میں دعوت پہ نبیؐ کو بھی بلایا جس نے
سارے افراد قبیلے کے وہاں آئے تھے
سوچ رکھا تھا جو اک نقطہ اُٹھایا اُس نے
آپؐ کہتے ہیں کہ دوزخ میں ہیں مشرک سارے
کس جگہ آپؐ کے رہتے ہیں وہ دادا پیارے
سورۂ توبہ کی نبیؐ پاک نے آیت پڑھ دی
ایک سے چودھویں آیت کی تلاوت کر دی

Marfat.com

لطیفہ قلبی میں جاننے اور محسوس کرنے کے بعد عمل واقع IMPLEMENT ہوتا ہے اور یہ عمل لطیفہ نفسی میں ریکارڈ ہو جاتا ہے۔ اخفیٰ، خفی یعنی رُوح اعظم نے جانا۔ سِرّ اور رُوح یعنی رُوح اِنسانی نے محسُوس کیا قلب اور نفس یعنی رُوح حیوانی نے عمل کیا۔ جاننا محسُوس کرنا عمل کرنا بیک وقت صادر ہوتا ہے اور بیک وقت ختم ہو جاتا ہے۔ ختم ہونے سے مُراد یہ ہے کہ اللہ کی تجلّی کا وصف قُدرت اور رحمت کے ساتھ عِلم کی حیثیت میں نزول کر کے پہلے جاننے کا عمل بنتا ہے پھر یہ عمل محسُوساتی عِلم بن جاتا ہے۔

## آدم کا تعارف:

آدم علیہ السلام کو بارگاہ رب العزّت سے علم الاسماء عطا ہوا۔ یہ عُلوم تھے جو خلافتِ الٰہی کی گراں قدر ذمہ داریوں سے عہدہ برا ہونے کے لئے آدم کے اندر INSTALL کئے گئے تھے۔ ان عُلوم سے نوازنے کے بعد اللہ تعالیٰ نے آدم علیہ السلام کو فرشتوں کے سامنے لا کر فرشتوں سے دریافت کیا اگر تم سچے ہو اِن عُلوم کے بارے میں اظہار کرو۔

## فرشتوں کی عاجزی:

فرشتوں نے اپنی عاجزی کا اظہار کرتے ہوئے عرض کی:

"پاک ہے آپ کی ذات ہم تو اتنا ہی جانتے ہیں جتنا آپ نے سکھایا ہے اور حقیقت تو یہی ہے کہ فقط آپ ہی کی ذات علیم اور حکیم ہے۔"

## آدم علیہ السلام کا اظہارِ علوم:

اس پر اللہ تعالیٰ نے آدم علیہ السلام کو عطا شدہ علوم کے اظہار کا حکم دیا۔ جب آدم علیہ السلام نے تعمیلِ حکم میں ان علوم کا اظہار کیا تو ارشاد باری تعالیٰ ہوا:

**"کیا میں نے تمہیں یہ نہ بتایا تھا کہ میں ہی زمین اور آسمان کے بھید جانتا ہوں اور میں وہ بھی جانتا ہوں جسے تم ظاہر کرتے ہو یا جسے تم چھپاتے ہو۔"**

## آدم علیہ السلام کی فرشتوں پر برتری:

آدم علیہ السلام کی فرشتوں پر برتری ثابت کرنے کے بعد اللہ تعالیٰ نے فرشتوں کو حکم دیا کہ وہ آدم علیہ السلام کو سجدہ کریں اور آدم علیہ السلام سے کہا:

وَقُلْنَا يٰۤاٰدَمُ اسْكُنْ اَنْتَ وَزَوْجُكَ الْجَنَّةَ وَكُلَا مِنْهَا رَغَدًا حَيْثُ شِئْتُمَا ۠ وَلَا تَقْرَبَا هٰذِهِ الشَّجَرَةَ فَتَكُوْنَا مِنَ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۳۵﴾

**اور کہا کہ اے آدم تم اپنی بیوی کے ہمراہ جنّت میں رہو اور کھاؤ پیو جب اور جہاں سے تمہاری مرضی ہو لیکن اس ایک درخت کے قریب بھی مت جانا ورنہ تم اپنے اوپر ظلم کرنے والوں میں شامل ہو جاؤ گے۔**

(سورۃ البقرۃ، پارہ 1، آیت 35)



Marfat.com

آپؐ کے چچا کے بارے میں بھی پوچھا اُس نے
تم مرے بھائی کا بتلاؤ کیا بخشا اُس نے
آپؐ نے ان کو بتایا ہے جو ربّ کی مرضی
غور سے سن لو ذرا لوگو کرے گا وہ ہی
سن کے یہ باتیں وہ شیطان بڑا اِترایا
اُس نے سارے ہی وہاں لوگوں کو بھی بھٹکایا
بولا بولہب قبیلے سے نکالا تم کو
اب نہیں دے گا یہاں کوئی سہارا تم کو

## حضورؐ پرنور طائف میں

شافع کون و مکاں مکّے سے طائف آئے
کرنے تبلیغ یہاں پاک نبیؐ پہنچے تھے
آپؐ نے فرض جو تبلیغ کا انجام دیا
لوگوں نے بھٹکے ہوئے لڑکوں کو یہ کام دیا

Marfat.com

## اللہ تعالیٰ کا خزانہ:

حدیث قدسی کے مطابق اللہ پاک فرماتے ہیں:

**ترجمہ:" میں ایک چھپا ہوا خزانہ تھا جب میں نے چاہا کہ پہچانا جاؤں تو میں نے محبت کے ساتھ کائنات تخلیق کر دی۔"**

اللہ تعالیٰ نے آدم علیہ السلام کو وہ تمام علوم دیے جن کو اللہ تعالیٰ نے خزانہ کہا ہے اور یہ علوم اسمائے الٰہیہ کے علوم ہیں جو اللہ تعالیٰ کی صِفات کے علوم ہیں۔ اللہ کی صِفات ہی اللہ تعالیٰ کا خزانہ ہیں۔ اِنسان کو اس خزانے کے علوم اس وجہ سے دیئے گئے ہیں۔ تا کہ وہ اللہ تعالیٰ کی ہستی کو اس کی صِفات کے ساتھ پہچانے۔ جب تک کوئی بندہ خود اپنی ذات سے واقف نہ ہو گا وہ اللہ تعالیٰ سے بھی واقف نہیں ہو سکتا اپنی ذات سے واقف ہونے کا مطلب یہ ہے کہ بندہ اس بات سے واقف ہو کہ:

وہ یہاں کیوں آیا ہے؟ کہاں سے آیا ہے؟ کچھ عرصہ گزارنے کے بعد کہاں چلا جاتا ہے؟ اس کی زندگی کی حرکات کی بنیاد کیا ہے؟ زندگی کی حرکات کی بنیاد کا مطلب کیا ہے؟ زندگی کی حرکات کا محرّک کیا ہے؟ ان سب سوالوں کے جوابات علوم کا وہ خزانہ ہے جو اللہ تعالیٰ نے آدم کے اندر INSTALL کر دیا ہے۔

## اِنسان کا مقصدِ حیات:

اِن علوم سے استفادہ کرنا آدم علیہ السلام کی میراث ہے اپنی میراث کو پانے کی تلاش و جستجو بنی نوع اِنسان کا مقصد حیات ہے۔ اسمائے الٰہیہ کے علوم اللہ تعالیٰ کی وہ امانت ہیں کہ کائنات کی کوئی اور CREATION اس کی متحمّل نہ ہو سکی سوائے آدمؑ کے۔ اللہ تعالیٰ اس امانت کو کسی نہ کسی مخلوق کے سپُرد کرنا چاہتے تھے۔ جس کے بھی سپرد کی، اُس کا مقصد آفرینش ہی امانت کی ذمّہ داریوں کو سنبھالنا ہے۔ پس آدم کا مقصد حیات اس کے سوا کچھ نہیں ہے کہ وہ اپنی تخلیق کی اس حکمت کو پہچان لے، جس حکمت کے ساتھ اللہ نے اسے پیدا کیا ہے۔ اور وہ حکمت اللہ رب العزّت کی ذات کا تعارُف حاصل کرنا ہے۔ ذات خالق کی پہچانے جانے کی یہی حکمت خود آدم بن کر خالق کے ارادے کی تکمیل میں کمربستہ ہے۔

ہمارے پیارے رسُول پاک صلی اللہ علیہ والہ واصحابہ وسلم کا قول مبارک ہے کہ:

**"اللہ تعالیٰ نے اِنسان کو اپنی صورت پر پیدا کیا"**

دراصل صورت سے مراد فواد یا ذہن ہے۔ وہ ذہن جس سے اللہ تعالیٰ نے کائنات کی تخلیق کی ہے۔ اللہ تعالیٰ نے اِنسان کے اندر علم الاسماء کی شکل میں وہ ذہن منتقل کر دیا ہے۔ اور اسی کے علوم اسمائے الٰہیہ کے علوم کہلاتے ہیں۔ ورنہ اللہ تو ظاہری شکل و صورت کے اعتبار سے پاک اور ماوراٗ ہے۔ وہ تو نُور کا ایک بحر بیکراں ہے جو شکل و صورت اور نقش و نگار سے ماوراء ہے۔ مگر یہ نُور علیٰ نُور ہستی اپنی ذات و صِفات میں ایسی عظیم و یکتا ہے کہ اس کی عظمت و توحید کائنات کے ذرّے ذرّے میں نمایاں ہے۔ بلاشبہ یہی ہستی ذاتِ خالق ہے جو اِنسان کی رگِ جاں سے بھی زیادہ قریب ہے۔ اور اس ہستی نے اِنسان کو اپنی قربت سے بہرہ مند ہونے کے لئے ایسے حواس عطا کئے ہیں۔ جن کے ذریعے اِنسان اللہ تعالیٰ کو اپنی رگِ جان سے بھی زیادہ قریب تر محسُوس کر لیتا ہے۔ اور جب محبوب اتنا قریب ہو گا۔ تو اس سے



Marfat.com

لڑکوں نے آپؐ پہ اتنے جو تھے پتھر پھینکے
آپؐ کے ٹخنوں پہ قدموں پہ ورم آئے تھے
شدّت کرب سے گر آپؐ کہیں جُھک جاتے
وہ کھڑا کرتے اگر آپؐ کہیں رُک جاتے
اس قدر آپؐ پہ پتھراؤ کیا لوگوں نے
نورِ اطہر سے یہ برتاؤ کیا لوگوں نے

## پہاڑوں کا فرشتہ بارگاہِ رسالت میں

دشتِ ظلمت میں تو جبریل امیں بھی آئے
ساتھ اپنے وہ پہاڑوں کا فرشتہ لائے
بولے دیں حکم تو میں بستی کو برباد کروں
آج بدبختوں کی اس وادی کو برباد کروں
آقاؐ بولے کہ نہیں ایسا نہیں کرنا ہے
پیارے جبریلؑ امیں ایسا نہیں کرنا ہے

Marfat.com

راز و نیاز کی باتیں بھی ہوں گی۔ سچ تو یہ ہے کہ ذہنی ہم آہنگی ہی ایک دوسرے کو قریب لاتی ہے۔ اور ذہنی ہم آہنگی ایک سی عادات و اطوار اور صفات کی وجہ سے ہوتی ہے۔ دو ذہن جب ایک ہو جائیں، تو ان دونوں کے درمیان ایک نہ ٹوٹنے والا رشتہ قائم ہو جاتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ جب اِنسان کو اللہ تعالیٰ نے اپنی خلافت و نیابت کے لئے منتخب کر لیا۔ تو اِنسان کو کائناتی علوم کے ساتھ ساتھ اپنی ذات و صفات کے علوم بھی عطا کر دیئے۔ تاکہ اس کا خلیفہ و نائب کائناتی امور میں خالقِ کائنات کے ذہن سے تفکّر کرے اور اُس کے احکامات کو صحیح طریقے سے انجام دے۔ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں ہم نے اِنسان کے لئے ساری کائنات کو مسخر کر دیا ہے۔ یعنی اِنسان کائنات کی ہر شے کو اپنے ارادے و مرضی کے مطابق اپنے تصرف میں لا سکتا ہے۔ مگر ایک شے کے صحیح استعمال سے آدمی فائدہ اٹھاتا ہے اور غلط استعمال سے نقصان کی تکلیف جھیلنی پڑتی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ اصول و قوانینِ فطرت کو جاننا اور سمجھنا انتہائی اہمیت رکھتا ہے۔ کائنات اللہ تعالیٰ کا ملک ہے اور حکومت کے قوانین سنّتِ الٰہیہ ہیں۔ اس ملک کا بادشاہ اللہ تعالیٰ کی ذات ہے۔ اور بادشاہ کا نائب اِنسان ہے۔ بس بادشاہ کے بنائے ہوئے قوانین کا جاننا نائب کے لئے بھی انتہائی اہمیت رکھتا ہے بلکہ نائب کے لئے تو اس کے سوا کوئی چارہ ہی نہیں ہے۔ کہ وہ سنتِ الٰہی یا حکومت کے قوانین کو اچھی طرح جانے۔ جانے گا نہیں تو نیابت کے فرائض کیسے انجام دے گا؟

## انسان کا حقیقی شرف، اللہ کی نیابت:

سالک جس کو اللہ تعالیٰ کی صفات یا علم الاسماء کا علم حاصل ہے اگر ازل سے ابد تک کا پورا پروگرام دیکھنا چاہے تو لوحِ محفوظ پر دیکھ سکتا ہے۔ اسی طرح اس اجتماعی پروگرام میں کائنات میں موجود الگ الگ نوعوں کا پروگرام دیکھنا چاہے تو وہ لوحِ دوئم یا عالمِ جو میں دیکھ سکتا ہے۔ کائنات کا اجتماعی پروگرام لوحِ محفوظ پر نقش ہے۔ جس طرح پروگرام لوحِ محفوظ پر نقش ہے اسی طرح ہر فرد کے اندر بھی موجود ہے۔ کائنات کا اجتماعی پروگرام جب نزول کرتا ہے تو تین حصوں میں تقسیم ہو جاتا ہے۔

1۔ روحِ اعظم

2۔ روحِ انسانی

3۔ روحِ حیوانی

تمام علوم کی بنیاد علم الاسماء پر قائم ہے۔ قرآن میں اللہ نے جہاں آدم علیہ السلام کی نیابت اور خلافت کا تذکرہ کیا ہے وہاں یہ بات بنیادی طور پر بیان ہوئی ہے کہ آدم علیہ السلام کو علم الاسماء عطا کیا گیا ہے۔ جو کائنات میں کسی کو حاصل نہیں ہے اور یہ علم الاسماء ہی ہے جس کی بنیاد پر فرشتوں نے آدم علیہ السلام کو سجدہ کیا۔ جو علم آدم علیہ السلام کو اللہ تعالیٰ کی طرف سے ودیعت کیا گیا ہے اس کو روحانیت میں "تدلّٰی" کہتے ہیں۔

انسان کا شرف اس بات پر قائم ہے کہ اسے اللہ کی نیابت حاصل ہے۔ اسے اللہ تعالیٰ کے اختیارات حاصل ہیں کوئی بندہ جب تکوین ADMINISTRATION کے شعبے میں داخل ہوتا ہے تو یہ اطلاعات اس کو فراہم کر دی جاتی ہیں کہ اسے اللہ تعالیٰ کی نیابت کے اختیارات حاصل ہیں اور نیابت کے اختیارات کو جاننے، سمجھنے اور استعمال کرنے کے لئے اسے یہ علم حاصل ہو جاتا ہے کہ اللہ تعالیٰ کا ہر



Marfat.com

میں عذابوں سے چھڑانے کے لیے آیا ہوں
قوم کو اپنی بچانے کے لیے آیا ہوں
ایک دن ان کی تو نسلیں بھی مسلماں ہوں گی
پاسباں دین محمد ﷺ کی یہی ہاں ہوں گی
باغ میں عتبہ و شیبہ کے تھے پرنور آئے
زخموں سے چور مرے آقاؐ بھی رنجور آئے
آپؐ انگور کے پیڑوں کے تلے آ بیٹھے
ابن ربیعہ رہے پاک نبیؐ کو تکتے
جو بھی تکلیفیں نبیؐ پاک کو دشمن نے دیں
اپنے نوکر سے کہا جا کے نبی سے بولیں
انؐ کو انگوروں کا گچھا بھی کہا دے آؤ
ان سے کہہ دینا کہ انگور ذرا یہ کھاؤ
پڑھ کے بسم اللہ انگور نبیؐ نے کھائے
اس کے چہرے پہ بھی حیرت کے تھے آثار آئے

Marfat.com

اسم اللہ تعالیٰ کی ایک صفت ہے۔اور یہ صفت بندے کو اللہ تعالیٰ کی طرف سے ازل میں حاصل ہو گئی تھی۔بندے سے مراد نوع انسانی اور نوع انسانی کے تمام افراد ہیں۔مطلب یہ کہ آدم کو جب اللہ تعالیٰ نے علم الاسماء عطا کر دیا اور اپنی تخلیقی صفات سے آدم کو آگاہ کر دیا تو آدم کا یہ علم پوری نوع انسانی کا ورثہ بن گیا۔اس علم کو پریکٹیکل میں لانے کے لئے مراقبے کی تلقین کی جاتی ہے۔مراقبہ صرف ایک عمل کا نام نہیں بلکہ مختلف علوم کے حصول کے لئے مختلف مراقبہ جات ہیں۔حضور مرشد کریم الشیخ خواجہ شمس الدین عظیمی صاحب نے ان کی تعداد سترہ بتائی ہے۔

حوالہ جات:

1۔ کتاب "کشکول" از الشیخ خواجہ شمس الدین عظیمی، موضوع نمبر 75، صفحہ نمبر 85
2۔ کتاب "خلیفۃ الارض" از نعمان ریاض عظیمی، موضوع متوقع جواب نمبر 3، صفحہ نمبر 10
3۔ کتاب "بارانِ رحمت" از الشیخ خواجہ شمس الدین عظیمی، موضوع تعلیمی نظام، صفحہ نمبر 256
4۔ کتاب "خلیفۃ الارض" از نعمان ریاض عظیمی، موضوع تفکرات متوقع جواب نمبر 4، صفحہ نمبر 10
5۔ کتاب "معرفتِ عشق" از سیّدہ سعیدہ خاتون عظیمی، موضوع ایک نکتہ، صفحہ نمبر 235
6۔ کتاب "یہ تیرے بندے" از میاں مشتاق احمد عظیمی، باب اللہ تعالیٰ کے علم کا عکس، صفحہ نمبر 215
7۔ کتاب "معرفتِ عشق" از سیّدہ سعیدہ خاتون عظیمی، موضوع حقیقتِ محمدی ﷺ، صفحہ نمبر 122
8۔ کتاب "شرح لوح وقلم" از الشیخ خواجہ شمس الدین عظیمی، لیکچر نمبر 9 تجلّیات، صفحہ نمبر 80 تا 82
9۔ کتاب "معرفتِ عشق" از سیّدہ سعیدہ خاتون عظیمی، موضوع رُوحانی شعور، صفحہ نمبر 203 تا 204
10۔ کتاب "معرفتِ عشق" از سیّدہ سعیدہ خاتون عظیمی، موضوع راہِ طریقت، صفحہ نمبر 18 تا 19
11۔ کتاب "شرح لوح وقلم" از الشیخ خواجہ شمس الدین عظیمی، باب نیابت وخلافت، موضوع تدلّی، صفحہ نمبر 71 تا 72



Marfat.com

اُس نے جو چہرۂ انور تھا نبیؐ کا دیکھا
بولا یہ کلمہ یہاں کوئی بھی نہیں پڑھتا
پوچھا پھر آپؐ نے کس شہر سے تم آئے ہو
کون سے دین کے احکام بجا لائے ہو
سن کے وہ بات نبیؐ پاک کی پھر یوں بولا
ہوں میں نصرانی وطن میرا تو ہے نینوا
شہرِ یونسؑ سے جو ہیں ابنِ متی آئے ہو
بھائی میرے ہیں وہ ہیں سچے نبیؑ آئے ہو
جُھک کے پھر اُس نے دیا بوسہ سرِ اقدس کا
چُومے تھے ہاتھ تو قدموں کو بہت چوما تھا
آپؐ اللہ کے بندے ہیں، ہیں اللہ کے نبیؐ
وہ مسلمان ہوا اور گواہی دے دی
عتبہ و شیبہ نے جو دُور سے منظر دیکھا
جب عداس آیا تو پھر دونوں نے اس سے پوچھا

Marfat.com

موضوع 6/84 تکوین ADMINISTRATION

سُوْرَةُ الْبَقَرَةِ (THE COW)

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

قَالُوۡا سُبۡحٰنَكَ لَا عِلۡمَ لَنَاۤ اِلَّا مَا عَلَّمۡتَنَا ؕ اِنَّكَ اَنۡتَ الۡعَلِيۡمُ الۡحَكِيۡمُ ۝

قَالَ يٰۤاٰدَمُ اَنۡۢبِئۡهُمۡ بِاَسۡمَآئِهِمۡ ۚ فَلَمَّاۤ اَنۡۢبَاَهُمۡ بِاَسۡمَآئِهِمۡ ۙ

ترجمہ: انہوں نے کہا، تو پاک ہے ہمیں کوئی علم نہیں مگر (صرف وہ) جو تو نے ہمیں سکھا دیا، بیشک تو ہی جاننے والا حکمت والا ہے۔ اس نے فرمایا اے آدم! انہیں ان کے نام بتلا دے، تو اس نے ان کو نام بتا دئے۔

*They (angels) said :"Glory is to You, we have no knowledge except what You have taught us. Verily, it is You, the All Knower, the All Wise. He said: "O Adam! Inform them of their names," and when he had informed them of their names.*

اللہ تعالیٰ نے قرآن پاک میں فرمایا ہے کہ:

اِنِّیۡ جَاعِلٌ فِی الۡاَرۡضِ خَلِيۡفَةً ؕ — میں نے زمین پر اپنا خلیفہ اور نائب مقرر کیا ہے۔

(سورہ بقرہ، پارہ 1، آیت 30)

حضرت آدم علیہ السلام کو نیابت اور خلافت اس وقت منتقل ہوئی اور وہ مسجودِ ملائک ٹھہرے جب اللہ تعالیٰ نے آدم علیہ السلام کے اندر رُوح پھونکی اور علم الاسماء سکھایا۔ اللہ تعالیٰ کی طرف سے اس کائنات کے انتظامی امور کو سمجھنا اور اللہ تعالیٰ کے دیئے ہوئے علم الاسماء کی روشنی میں ان انتظامی امور کو چلانا، نیابت کے دائرے میں آتا ہے۔ انسان کو بحیثیت خلیفۃ اللہ علم الاسماء کی حکمت، تکوین کے اسرار و رموز اس لئے سکھائے گئے کہ وہ نظامتِ کائنات کے امور میں نائب کے فرائض پورے کر سکے۔

تکوینی علوم چونکہ براہِ راست خالق کے تخلیقی فارمولوں سے متعلق ہیں اس لئے انسان کی حیثیت اللہ تعالیٰ کے نائب کی ہے۔ جب اللہ تعالیٰ نے انسان کو اپنی نیابت اور خلافت کے منصب پر فائز فرمادیا تو یہ بات از خود یقین بن گئی کہ اللہ تعالیٰ کے بنائے ہوئے تمام کائناتی شعبوں میں انسان کو تصرف کا حق حاصل ہے۔ یعنی اللہ تعالیٰ نے علم الاسماء کی روشنی میں انسان کو کائنات چلانے، کائنات کو متحرک رکھنے اور قائم رکھنے کا اختیار عطا کیا ہے۔ نیابت کا یہی اختیار ہے جس کو اللہ تعالیٰ نے قرآن کریم میں اپنی امانت فرمایا ہے۔



Marfat.com

کیا ہوا تم کو کہ اس شخص کے سر کو چوما
ہاتھ چومے تھے تو پاؤں کو دیا تھا بوسہ
ابن حارثؓ ہی نبیؐ پاک کے تھے ساتھ اُدھر
اپنے وہ جسم پہ لیتے تھے جو آتے پتھر

## ''طائف سے واپسی''

نُور سے خالی وہ ویران زمیں سے نکلے
چلتے چلتے ہی وہ پھر وادیٔ نخلہ پہنچے
قدرتی حُسن سے بھرپور تھی دل کش وادی
آپؐ کی طبع مبارک بھی یہاں پہ سنبھلی
کچھ تھے جنّات جو اس لمحے وہاں سے گزرے
فجر کے وقت نبیؐ پاک تلاوت کرتے
سُن کے آوازِ تلاوت تو کہا آپس میں
چُپ رہیں اور نبی پاک سے قرآں سن لیں

Marfat.com

نیابت کے تذکرے میں یہ ضروری ہے کہ کائنات کی بنیادی حیثیت کو سمجھا جائے۔ کائنات جن اصولوں، قاعدوں اور فارمولوں پر تخلیق کی گئی ہے اور جن قاعدوں، قوانین پر کائنات چل رہی ہے ان سب امور کے یکجائی پروگرام کا نام تکوین ہے۔

جس طرح ملک کے انتظامی شعبوں کو ADMINISTRATION کہا جاتا ہے اسی طرح کائناتی نظام کو تکوین کہا جاتا ہے۔ حکمتِ تکوین پر جب ہم تفکّر کرتے ہیں تو یہ بات زیر بحث آتی ہے کہ کائنات کس طرح وجود میں آئی۔

## چار شعبے:

رُوحانی ماہرین بتاتے ہیں کہ کائنات کی تخلیق چار شعبوں پر مشتمل ہے۔




1۔ وسائل کے بغیر تخلیق

2۔ حرکت کا آغاز

3۔ ترتیب خود شناسی

4۔ قضاء و قدر (اللہ تعالیٰ کی مرضی جس طرح اللہ چاہیں)

1۔ کائنات کا پہلا مرحلہ اسطرح وجود میں آیا کہ کائنات کی موجودگی میں وسائل کا دخل نہیں ہے۔ بغیر اسباب و وسائل کے افراد کائنات کی تخلیق کے مرحلے کو ابداء کہتے ہیں۔ یہ کائنات کا آغاز بھی ہے اور کائناتی انتظام کا پہلا شعبہ بھی۔ یعنی کائنات اس طرح وجود میں آئی کہ وسائل زیر بحث نہیں آئے۔ اللہ تعالیٰ نے جب کُن فرمایا تو کائنات وجود میں آگئی۔



Marfat.com

کتنے مسرور ہوئے صاحب قرآں پا کر
یہ مسلمان ہوئے آپؐ پہ ایماں لا کر

## طائف سے واپسی اور مکہ مکرمہ میں داخل ہونا

ربّ اطہر کے میں احکام کی تبلیغ کروں
دل یہ کہتا ہے چلوں زید میں مکے کو چلوں
آپؐ کی ابن عدی نے تو حمایت کر دی
آپؐ کی پشت پناہی و حفاظت کر دی
ان کی ہمراہی میں سرکارؐ حرم میں آئے
شاہِ ابرار وہ انوار حرم میں آئے
حج کے ایام میں افراد حرم میں آتے
ربِ اعلیٰ کا یہ پیغام انہیں پہنچاتے

Marfat.com

2۔ عالم موجودات میں شکل وصورت، حرکت وسکون کی طرزیں جب نمایاں ہوئیں اور زندگی کے مراحل وقوع میں آنا شروع ہوئے تو کائنات کا دوسرا شعبہ بنا۔ اس شعبے کا نام خلق ہے۔

3۔ تیسرا شعبہ تدبیر ہے جس میں موجودات کی زندگی کے تمام اعمال وحرکات ترتیب کے ساتھ مرتّب ہو گئے۔

4۔ چوتھا شعبہ تدلّی ہے جس کا مطلب یہ ہے کہ افراد کائنات میں انتظامی امور کے تحت قضاء وقدر کی حکمت اور فیصلے مرتّب ہو گئے۔

## خلاصہ:

1۔ پہلا شعبہ جہاں تکوین کا آغاز ہوا یہ ہے:

ساری کائنات وجود میں آگئی لیکن اسباب ووسائل کے بغیر، جبکہ ہمارا مشاہدہ یہ ہے کہ کوئی چیز بغیر وسائل کے وجود میں نہیں آتی۔ زمین کے اوپر پھیلی ہوئی ایجادات اور تخلیقات اور نئی نئی چیزوں پر جب ہم تفکّر کرتے ہیں تو ہمیں کوئی ایک چیز بھی نظر نہیں آتی جہاں وسائل کی محتاجی نہ ہو لیکن خالق کائنات کی تعریف یہ ہے۔

خالق کائنات اسباب ووسائل کا محتاج نہیں۔ اس کے ارادے اور اختیار سے ازخود وسائل مہیاء ہو جاتے ہیں اور یہ وسائل کائناتی خدوخال اختیار کر کے مظہر بن جاتے ہیں۔

2۔ دوسرا شعبہ:

دوسرے شعبے میں کائنات میں حرکت کا آغاز ہوا اور کائنات کے افراد کو اس بات کا علم حاصل ہوا کہ ان کے اندر حرکت اور سکون ہے اور کائنات میں ہر فرد شکل وصورت کا محتاج ہے۔

خلاصہ یہ ہوا کہ کائنات وسائل واسباب کے بغیر موجود ہو گئی۔ اس کے اندر حرکت وسکون کی طرزیں نہیں تھیں اور نہ ہی کائنات کے افراد اپنی شکل وصورت سے واقف تھے۔ ایک حیرت کا عالم تھا اور بس! پھر کائنات میں حرکت کا آغاز ہوا تو موجودات کی زندگی میں ترتیب واقع ہوئی اور موجودات نے یہ جان لیا کہ ان کی انفرادی حیثیّت ہے۔

جب موجودات کے علم میں یہ بات آگئی کہ ان کی انفرادی حیثیّت ہے اور ان کے اندر حرکت وسکون کی طرزیں موجود ہیں تو انہیں اس بات کا وقوف حاصل ہوا کہ زندگی ایک ایسے دائرے میں بند ہے جہاں اِنسان اور کائنات قضاء وقدر کے فیصلوں کی محتاج ہے۔

## تکوین کے عہدے:

جس طرح دنیا میں کسی حکومت یا نظام کو چلانے کے لئے مختلف شعبے اور MINISTRIES قائم کی جاتی ہیں اسی طرح اللہ تعالیٰ نے بھی اپنا نظام چلانے کے لئے باقاعدہ ایک سیکریٹیریٹ قائم کیا ہوا ہے۔ اس سیکریٹیریٹ میں مختلف وزارتیں ہیں۔ اس نظام کا نام تکوین



Marfat.com

# سفرِ معراج

وجہ تخلیق زمانہ سے محبّت جانیں
آؤ معراج محمد ﷺ کی حقیقت جانیں
بارہویں سالِ نبوّت میں ہوئی تھی معراج
سترہ رمضان کو حقیقت میں ہوئی تھی معراج
آیا جب پاس مرے ایک وہ آنے والا
اپنے ہی ساتھ جو آیا تھا یہی اس سے کہا
یہ وہ شخص جو لیٹے ہیں یہاں لوگوں میں
اُس گھڑی کعبہ میں لیٹا تھا وہاں لوگوں میں
انھوں نے سینہ اقدس کو مرے چاک کیا
دھو کے پھر قلب کو ایمان سے حکمت سے بھرا
لے کے جبریلؑ امیں آئے سواری ایسی
تھی حسیں اور وہ تھی اُجلی سی رنگت والی

Marfat.com

ہے اس نظام میں مختلف DEPARTMENTS یا عہدے ہیں۔ چند اہم عہدوں کے نام کچھ اس طرح ہیں۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| 1۔ نجباء | 2۔ نقباء | 3۔ ابرار | 4۔ اخیار |
| 5۔ اوتاد | 6۔ مخدوم شاہ ولایت | 5۔ صاحبِ خدمت | 6۔ اہلِ نظامت |
| 7۔ اہلِ تفصیل | 8۔ غوث | 9۔ مدار تفہیم | 10۔ قطب |
| 11۔ قطبِ عالم | 12۔ قطبِ تفہیم | 13۔ قطبِ تعلیم | 14۔ قطبِ مدار |
| 15۔ قطب الاقطاب | 16۔ کوچک ابدال | 17۔ ابدالِ حق | 18۔ مثلین |
| 19۔ صدر الصّدور | | | |

یہ حضرات اپنے عہدے اور علم کے مطابق تکوینی امور سرانجام دیتے ہیں علم الاسماء سے واقفیت اور تکوینی عہدے پر فائز ہونا اللہ تعالیٰ کا کسی بندے پر فضل و کرم اور انعام ہے۔ سورہ کہف میں حضرت موسیٰ علیہ السلام اور ایک بندے کا واقعہ بیان ہوا ہے۔ اس واقعہ میں اللہ تعالیٰ نے ہمیں ایک ایسے بندے سے متعارف کروایا ہے جو نظام تکوین کا رکن تھا۔ عرف عام میں اس بندے کو حضرت خضر علیہ السلام کہا جاتا ہے۔

## تکوینی شعبے ADMINISTRATIONAL DEPARTMENTS:

اس دنیا اور دوسری لاشمار دنیاؤں میں چار تکوینی شعبے کام کر رہے ہیں۔




1۔ شعبہ اول: قانون

2۔ شعبہ دوم: علوم

3۔ شعبہ سوم: اجرامِ سماوی

4۔ شعبہ چہارم: نظامت

ان شعبوں کے انچارج HEAD چار ابدال ہوتے ہیں۔

## صدر الصّدور:

نظامت کے عہدے پر فائز ابدال حق کو صدر الصّدور کہتے ہیں۔ صدر الصّدور کو VITO POWER حاصل ہوتی ہے۔ ابدالِ حق قلندر بابا اولیاء اس وقت صدر الصّدور ہیں۔ آپ کا مزار شریف شادمان ٹاؤن نارتھ ناظم آباد کراچی میں مرجع خاص و عام ہے۔ سیّدنا حضور ﷺ نے بطریق اویسیہ حسن اخریٰ کے نام سے



Marfat.com

بیٹھ کر اس پہ جو میں بیتِ مقدس آیا
یہ ہی براق مجھے پہلے فلک پر لایا
میری پھر حضرتِ آدمؑ سے ملاقات ہوئی
مرحبا مجھ کو کہا اور دعا بھی دی تھی
ہفت افلاک تلک لے کے مجھے وہ آئے
ہر جگہ میں نے نبیؑ دیکھے پیغمبرؑ دیکھے
بیتِ معمور مرے پاس وہ لائے ایسے
جس میں ہر روز ہزاروں ہی فرشتے آتے

## قوم کے سامنے بیانِ معراج

آ کے معراج سے پھر گھر میں بتایا سب کو
فاصلہ طے جو کیا وہ بھی سنایا سب کو
اُمّ ہانیؓ نے جو آقاؐ کے تھیں پاس بیٹھیں
آپؐ کی چادرِ اطہر کو پکڑ کر بولیں

Marfat.com

مخاطب فرمایا۔ مرتبہء قلندریت کے اعلیٰ مقام پر فائز ہونے کی وجہ سے ملائکہ ارضی و سماوی اور حاملان عرش میں قلندر باباولیاءؒ کے نام سے مشہور ہیں۔ تکوین ADMINISTRATION کو اللہ تعالیٰ کے بندے چلاتے ہیں۔ حضور قلندر باباولیاءؒ کا فرمان ہے:

☆ ایک کتاب المبین ہے۔

☆ ایک کتاب المبین میں تیس کروڑ لوحِ محفوظ ہیں۔

☆ ہر لوحِ محفوظ پر 80000 حضیرے۔

☆ ایک حضیرے میں ایک کھرب سے زیادہ مُستقل اور بارہ کھرب غیر مُستقل نظام آباد ہیں۔

☆ ایک نظام کسی ایک سورج کا دائرہ وسعت ہوتا ہے۔

☆ ہر سورج کے گرد نو، بارہ یا تیرہ سیارے PLANETS گردش کرتے ہیں۔

نظام تکوین کو اللہ تعالیٰ کے مقرب بندے چلا رہے ہیں اس نظام میں فرشتے ان کے HELPING HANDS ہوتے ہیں۔

اللہ تعالیٰ نے ایک کائناتی نظام تخلیق کیا اور اس نظام کو چلانے کے لئے اِنسانوں میں سے خلیفہ (نائب) بنائے۔ فرشتوں سے کہا کہ جو نظام میں نے بنایا ہے اس کو اِنسان چلائے گا۔ فرشتوں نے کہا آپ نے اِنسان کو نظام کائنات چلانے کے لئے منتخب کیا ہے اِنسان فساد کرے گا خون خرابہ کرے گا۔ اللہ تعالیٰ نے آدم علیہ السلام کو اپنی صِفات کا علم سکھایا۔ کائنات کے تخلیقی فارمولے سکھائے اور حضرت آدم علیہ السلام سے کہا، "بیان کر جو کچھ ہم نے تجھے سکھایا ہے"۔ اور جب حضرت آدم علیہ السلام نے حکم کی تعمیل کی تو فرشتے دم بخود رہ گئے اور کہا، "بے شک ہم نہیں جانتے تھے ہم تو اتنا ہی جانتے ہیں جتنا آپ نے ہمیں بتایا ہے"۔

اس کے بعد فرشتوں نے حضرت آدم علیہ السلام کی حاکمیّت قبول کرلی۔ اِس اَمر سے یہ بات ظاہر ہوتی ہے کہ اِنسان کا شرف یہ ہے کہ اُسے وہ عِلم آتا ہو جو علم اللہ تعالیٰ نے فرشتوں کو نہیں سکھایا۔ ہماری بد قسمتی یہ ہے کہ ہم نے اس علم کو بھلا دیا جس سے ہمارے اَسلاف واقف تھے اور اس میں تفکّر کرتے تھے نتیجہ یہ کہ وہ ساری دنیا کے حاکم تھے۔

قُرآن پاک میں اللہ تعالیٰ نے حضور علیہ الصلوٰۃ السلام سے فرمایا:

وَ يَسْـَٔلُوْنَكَ عَنِ الرُّوْحِ ؕ قُلِ الرُّوْحُ مِنْ اَمْرِ رَبِّیْ

یہ لوگ تم سے رُوح کے بارے میں سوال کرتے ہیں آپ کہہ دیجئے رُوح میرے رب کے امر سے ہے۔

(سورۃ بنی اسرائیل، پارہ 15، آیت 85)

اَمر کی تعریف سورہ یٰسین کی آخری آیات میں اس طرح کی گئی ہے۔

اِنَّمَآ اَمْرُهٗۤ اِذَآ اَرَادَ شَیْـًٔا اَنْ یَّقُوْلَ لَهٗ كُنْ فَیَكُوْنُ ﴿۸۲﴾

اس کا امر یہ ہے کہ جب وہ کسی چیز کا ارادہ کرتا ہے تو کہتا ہے ہو جا اور وہ ہو جاتی ہے۔

(سورۃ یٰسین، پارہ 23، آیت 82)



Marfat.com

لوگ جھٹلائیں گے اس رات یہ معراج ہوئی
صبح لوگوں سے میں مکہ کے الگ بیٹھا تھا
اہلِ مکّہ نے وہاں بیٹھے مجھے دیکھا تھا
دیکھ کر مجھ کو ابوجہل وہاں آ بیٹھا
کیا کوئی بات ہوئی اور یہ اُس نے پوچھا
بات استہزا کے انداز میں کی تھی اُس نے
جس کی سوچوں میں عداوت ہی بھری تھی اُس نے
آپؐ نے اس کو بتایا کہ سفر آج کی رات
مسجد اقصیٰ مجھے لے کے گئی پاک وہ ذات
آج کی رات مجھے سیر کرائی رب نے
مسجد اقصیٰ کی ہر چیز دکھائی رب نے
بولا وہ رات کے لمحے میں کہاں پہنچے تھے
قوم کو اپنی بتائیں وہ جہاں پہنچے تھے
آن ہی آن میں لوگوں کو بلایا اُس نے
اپنے سینے کا جو کینہ تھا دکھایا اُس نے

Marfat.com

اِن آیات سے فارمولا یہ بنا کہ آدمی جسمانی اعتبار سے ناقابل تذکرہ شے ہے۔ اس کے اندر رُوح ڈال دی گئی تو اسے حواس مل گئے۔ رُوح اللہ کا امر ہے اور اللہ کا امر یہ ہے کہ وہ جب کسی چیز کو کہتا ہے ہو جا تو وہ ہو جاتی ہے۔ فارمولا یہ بنا۔ آدمی پتلا ہے، پتلا خلا ہے، خلا میں رُوح ہے، رُوح امر رب ہے اور امر رب یہ ہے کہ جب وہ کسی چیز کا ارادہ کرتا ہے تو وہ چیز مظہر بن جاتی ہے۔

اللہ تعالیٰ نے حضرت شیخ محی الدین عبد القادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ کو رُوح اور تخلیقی فارمولوں کا علم عطا کیا حضرت شیخ رحمۃ اللہ نے ان رموز الٰہیہ کے فارمولوں کو جب نافذ کیا تو مُردہ قبر میں سے باہر نکل آیا۔ حضرت شیخ محی الدّین عبد القادر جیلانی رحمۃ اللہ نے لوگوں کی رُوحانی تعلیم و تربیّت کا جو نظام ترتیب دیا، وقت کے ساتھ ساتھ اس نظام کی معنویت کو تازہ رکھنے کے لئے اور رُوحانی سلاسل بھی سامنے آتے رہے۔ اس وقت دنیا میں رائج رُوحانی سلاسل دو سو کے لگ بھگ ہیں۔ جو مختلف علاقوں اور مختلف افتادِ طبع کے لوگوں کے مزاج کی ضرورتوں سے ہم آہنگ ہیں۔ ان رُوحانی تعلیمات کے نظام کو خانقاہی نظام کہا جاتا ہے۔

## قلندر کا مقام:

ان بندوں میں سے جو بندے قلندر ہوتے ہیں وہ زماں و مکاں TIME AND SPACE کی قید سے آزاد ہو جاتے ہیں اور سارے ذی رُوح اس کے ماتحت کر دیے جاتے ہیں۔ کائنات کا ذرّہ ذرّہ ان کے تابع فرماں ہوتا ہے۔ لیکن اللہ کے یہ نیک بندے غرض، طمع اور لالچ سے بے نیاز ہوتے ہیں مخلوق جب ان کی خدمت میں کوئی گزارش پیش کرتی ہے وہ اس کو سنتے بھی ہیں اور اس کا تدارک بھی کرتے ہیں۔ جن کے بارے میں اللہ کہتا ہے۔

**"میں اپنے بندوں کو دوست رکھتا ہوں اور ان کے کان آنکھ اور زبان بن جاتا ہوں۔ پھر وہ میرے ذریعے بولتے ہیں۔ میرے ذریعے سنتے ہیں اور میرے ذریعے چیزوں کو پکڑتے ہیں۔"**

اِن اَزلی سعید بندوں کی تعلیمات یہ ہیں کہ ہر بندے کا اللہ کے ساتھ محبوبیت کا رشتہ قائم ہو جاتا ہے جس میں بندہ اللہ کے ساتھ راز و نیاز کرتا ہے۔

## ابدال اور قطب:

اہلِ تکوین میں قطب، ابدال، اخیار، ابرار، اوتاد، نقباء، غوث وغیرہ شامل ہیں یہ تمام بزرگان ایک دوسرے کو پہچانتے ہیں اور معاملات کی انجام دہی میں ایک دوسرے کی اجازت کے محتاج ہوتے ہیں۔

قطب لغت میں چکی کی کیل کو کہتے ہیں جس پر تمام چکی چلتی ہے۔ اگر قطب جہاں میں نہ ہوں۔ تو نظام عالم تباہ و برباد ہو کر رہ جائے اور ارشاد کے معنی راہنمائی کے ہیں۔ قطب ارشاد وہ ہے جس سے خلق اللہ کو ہر طرح کا نفع پہنچے۔ خواہ وہ ظاہری ہو یا باطنی۔ قطب مدار وہ ہے جو اپنی جگہ سے نہ ہلے اور بذات خود کامل و اکمل ہو۔ مدار کے معنی ہیں گردش یعنی ساری مخلوق اس کی گرویدہ ہو اور اپنے کاموں اور مشکلوں میں اس سے مدد چاہے۔ اسی کو قطب الاقطاب بھی کہتے ہیں۔



Marfat.com

اے بنی کعب ارے ابنِ لوی آ جاؤ
سُن لو یہ بات انوکھی ہے اگر سُن پاؤ
بولا وہ ان کو بتائیں جو بتایا ہے ابھی
آپؐ کے ذہن مقدس سے یہ سن لیں گے سبھی
شاہِؐ کونین نے لوگوں سے یہ ارشاد کیا
بیت اقدس میں مجھے رات کو لے جایا گیا
مکہ کے لوگو یہاں آپ میں موجود مَیں تھا
پھر مجھے جلدی ہی کعبے میں تو لوٹایا گیا
باتوں باتوں میں وہ تصدیق کیے جاتے تھے
سب سوالوں کے جوابات لیے جاتے تھے
جنہوں نے آپؐ کو جھٹلایا وہ زندیق ہوئے
جنہوں نے آپؐ کو سچ مانا وہ صدیقؓ ہوئے
ابن عباسؓ سے مروی ہے یہ آقاؐ نے کہا
آنکھوں سے اللہ پھر دل کی نظر سے دیکھا

Marfat.com

بسم الله الرحمن الرحيم

الله لا إله إلا هو الحي القيوم لا تأخذه
سنة ولا نوم له ما في السموات وما في
الأرض من ذا الذي يشفع عنده
إلا بإذنه يعلم ما بين أيديهم وما خلفهم
ولا يحيطون بشيء من علمه إلا بما شاء
وسع كرسيه السموات والأرض ولا
يؤده حفظهما وهو العلي العظيم

Marfat.com

# ہجرت

اپنے اصحابؓ سے فرمایا وحی آئی ہے
دارِ ہجرت ہے جہاں مجھ کو وہ دکھلا دی ہے
جس علاقے میں ہمیں جا کے ٹھہرنا ہوگا
ہے وہ پتھریلا، کھجوروں کے درختوں سے بھرا
جب خبر ایسی سنی پیارے مسلمانوں نے
کر لیا وعدہ وہاں سارے مسلمانوں نے
جونہی کفار مسلمانوں کے پیچھے بھاگے
یہ مسلمان تو محفوظ جگہ جا پہنچے

# دارالندوہ میں ابلیسی قوتوں کا اجلاس

اب یقیناً یہ نبیؐ اُن کی طرف جائیں گے
ہم تو تکلیف وہاں کوئی نہیں دے سکتے
فیصلہ آج ہمیں کوئی تو کرنا ہوگا
مار دیں ان کو یا پھر ہم کو ہی مرنا ہوگا

Marfat.com



Marfat.com

دارِ ندوہ میں وہ پھر سارے لعیں آئے تھے
مشورہ آپؐ کے بارے میں سبھی کرتے تھے
شیخِ نجدی کی وہاں شکل میں شیطاں آیا
وہ یہ سمجھے تھے کہ اچھا ہے جو انساں آیا
ہر قبیلے سے جواں ایک وہاں آ جائے
لے کے ہاتھوں میں وہ شمشیر عیاں آ جائے
یہ تھی تدبیر ابوجہل کی خناسی کی
جس کی شیطان نے جی بھر کے پذیرائی کی

## حضرت علیؓ کا اعزاز

آپؐ کی خدمت اطہر میں جو جبریل آئے
ربّ قدوس کا پیغام وہ ساتھ لائے
حکمِ ربّی ہے کہ ہم آپؐ سے یہ کہہ ڈالیں
یا نبیؐ آج نہ آرام یہاں فرمائیں

Marfat.com

## قلندر:

وہ ہے جو تجرید و تفرید میں یکتا و بے پرواہ ہو۔ اور عالم کا حال اس پر روشن ہو، مجذوب بھی ہو اور سالک بھی جیسا کہ بو علی شاہ قلندرؒ۔ دوسری جگہ قلندر کی تعریف یہ ہے کہ صرف ضروری عبادات کرے باقی اوقات ذکر و فکر میں گزارے۔

## ملامتی:

ملامتی وہ ہے جو کہ تمام فرائض و نوافل کا پابند ہو مگر لوگوں کی نظروں سے مخفی رہے۔

## خضرِ وقت:

وہ ہے جس پر علم لدنی منکشف ہوں اور اسرار سے واقف ہو اور جس پر ایک نظر بھی ڈالے۔ اسے کامل بنا دے۔ مثال کے طور پر حضرت خضر علیہ السلام۔

## غوث:

غوث وہ ہے جو بندگانِ خدا کے معاملات میں ظاہر اور باطن عدل و انصاف فرمائے ان کی یہ شناخت بہت مشہور ہے کہ جب چاہیں اپنے اعضاء جدا کر لیتے ہیں۔

## ابدال:

اگر یہ گروہ نہ ہوتا تو تمام عالم مسخ ہو جاتا یہ سب ابدال اپنی اپنی خدمت پر مامور ہیں اور انہیں ابدال اس لئے کہا جاتا ہے کہ اگر کوئی ان میں کم ہو جاتا ہے تو اوتاد میں سے کوئی ایک بدل کر ان کی جگہ مقرر کر دیا جاتا ہے۔

حضرت شیخ عبد القادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ نظام تکوین میں ممثل کے درجہ پر فائز ہیں اور نظامت کے امور میں حضور ﷺ کے وزیرِ حضوری ہیں۔ رجال الغیب اور تکوینی امور پر فائز حضرات کا بڑے پیر صاحب رحمۃ اللہ علیہ سے بحیثیت وزیر حضوری ہر وقت کا واسطہ رہتا ہے۔ حضور اکرم ﷺ کے دربار میں بڑے پیر صاحب کا بلند مقام ہے۔ حضور اکرم ﷺ نے آج تک ان کی کوئی درخواست نامنظور نہیں فرمائی اس کی وجہ یہ ہے کہ بڑے پیر صاحب رحمۃ اللہ علیہ حضور ﷺ کے اتنے مزاج شناس ہیں کہ وہ ایسی کوئی بات کرتے ہی نہیں جو حضور ﷺ کی طبیعت اور مزاج کے خلاف ہو۔

## اوتاد:

اوتاد "وتد" کی جمع ہے اور اس کے معنی میخ کے ہیں۔ یعنی یہ ایک آہنی میخ کی مانند اپنے مقام پر جمے رہتے ہیں اگرچہ ظاہری و باطنی طور پر ان کا فائدہ نہیں ہوتا لیکن ان کی متعلقہ برکات تمام عالم میں محیط و منتشر رہتی ہیں۔ مثال کے طور پر حضرت امام احمد بن حنبلؒ، حضرت جنید بغدادیؒ، شیخ عبد القادر جیلانیؒ اور حضرت سری سقطیؒ۔



Marfat.com

رات ہوتے ہی درِ پاک پہ کافر آئے
یہ حقیقت ہے کہ لڑنے کو تھے جابر آئے

## محاصرین کے سروں پر نامرادی کی خاک

سورۂ یٰسین کی آیت کی تلاوت کرتے
آپؐ ہمراہی صدیق میں گھر سے نکلے
دستِ اقدس میں جو مٹی تھی وہ پھینکی اُن پر
اس سے وہ اندھے ہوئے مٹی جو پھینکی اُن پر
دشمن دین سمجھتے تھے نبیؐ سوئے ہیں
بسترِ نبوی پہ دیکھا تو علیؓ سوئے ہیں
ہو کے حیران لعینوں نے علیؓ سے پوچھا
ہیں کہاں تیرے نبیؐ ایسا ولی سے پوچھا
اُنؐ کے بستر پہ میں سویا ہوں ذرا دیکھو تو
کیا پتہ تجھ کو کہاں پر ہیں نبیؐ تم سوچو

Marfat.com

## صوفی ابو الوقت:

صوفی ابو الوقت انہیں کہا جاتا ہے جو کہ وقت پر قادر ہوں۔ یعنی حالت پر قادر ہوں۔ جب چاہیں اسے طاری کریں اور جب چاہیں اسے دور کر دیں اور ہوش میں آ جائیں۔ یہ صوفی ابن الوقت سے درجے میں اعلیٰ ہوتے ہیں۔ مگر ایسے لوگ اس وقت موجود نہیں ہیں۔ البتہ اگلے زمانے میں حضرت بایزید بسطامیؒ ان مراتب پر پہنچے ہیں۔ اس زمانے کے صوفی اکثر ابو الوقت ہیں۔

## صوفی ابن الوقت:

صوفی ابن الوقت وہ ہیں جو کہ ظاہر اور باطن کی صفائی رکھتے ہیں اور وقت کے پابند ہوں۔ یعنی جب کوئی حال اس پر باری تعالیٰ کی طرف سے ظاہر ہو تو مدہوش و بے ہوش ہو جائے۔ جس طرح کسی کو بخار یا لرزہ چڑھتا ہے اور وہ بے اختیار ہو کر اس کو دور نہیں کر سکتا۔

## عارف:

عارف کی بڑی کرامت یہ ہے کہ شریعت پر مستقیم ہوتا ہے۔ ان کا بڑا کشف یہ ہے کہ

(1) طالبانِ حق کی استعداد معلوم کر کے تربیّت کرے۔

(2) کشف و الہام سے باطنی علوم کے حصول میں اضافہ کرے۔

(3) قلب کی غذا ذکر، اور رُوح کی غذا علمِ حضوری سے منسلک رہے۔

## ولی:

جو شخص سنت و شریعت کا پابند ہو ولی ہے اور جو شخص دائرہ سنت سے خارج ہو اور شریعت نبوی کا پابند نہ ہو تو اس کا مطلب یہ ہوا کہ وہ سیدھے راستے سے مکمل طور پر بھٹکا ہوا ہے۔

## اہلِ تفرید:

اہلِ تفرید وہ بندہ ہے جو اللہ کو کثرت سے یاد کرتا ہے اور ہر وقت یادِ الٰہیٰ میں مشغول رہتا ہے۔

اظہار کرامت بھی اولیاء کے اختیار سے خارج ہیں جب تک حکم الٰہی نہ ہو۔ کسی ولی سے کوئی بھی کرامت سرزد نہیں ہو سکتی جب تک حکم الٰہی نہ ہو۔ حضرت امام غزالیؒ احیائے علوم میں لکھتے ہیں کہ قلب کی غذا یاد الٰہی ہے۔ ورنہ دل تاریک ہو جاتا ہے اور اللہ کو یاد کرنے سے اطمینان قلب حاصل ہوتا ہے۔

صحیحین میں بروایت حضرت معاویہ بن ابی سفیانؓ مذکور ہے کہ حضرت محمد ﷺ نے فرمایا۔ کہ میری اُمّت میں قیامت برپا ہونے تک ایک گروہ حق کو ظاہر کرتا رہے گا اور اگر کوئی انہیں خوار کرنا چاہے یا مخالفت کرنا چاہے گا تو وہ انہیں نقصان نہ پہنچا سکے گا۔



Marfat.com

اب جو صدیقؓ کی اُلفت میں چلے پیارے نبیؐ
ربِّ اقدس کی حفاظت میں چلے پیارے نبیؐ

## سراقہ کاروانِ ہجرت کے تعاقب میں

دشمنِ دین نے آقاؐ کو بہت ڈھونڈا تھا
ابنِ مالک سراقہ نے کیا پیچھا تھا
دھنسی جاتی تھی سواری بھی زمیں میں اُس کی
دیکھی بھالی تھی خواری بھی زمیں میں اُس کی
اُس نے بھی جان لیا یہ ہیں رسولِؐ عربی
اور پہچان لیا یہ ہیں رسولؐ عربی
درگزر اور رواداری بھی اُلفت دیکھی
اُس نے پھر آپؐ کی ہستی میں محبّت دیکھی
آقاؐ سے بولا مصیبت سے بچائیں آقاؐ
دیں دعا اور ہزیمت سے بچائیں آقاؐ

Marfat.com

## انچارج ہفت اقلیم:

تمام عالم کو اللہ تعالیٰ نے نظام تکوین میں سات حصوں میں تقسیم کیا ہے جو سات (ہفت) اقلیم کہلاتے ہیں۔ چنانچہ حضور اکرم ﷺ کا وہ نائب جس کے انتظام و اختیار میں سات اقلیم ہیں شہنشاہ ہفت اقلیم کہلاتا ہے۔ سلسلہ تاجیہ کے امام حضور بابا تاج الدین ناگپوری رحمۃ اللہ علیہ شہنشاہِ ہفت اقلیم کے عہدے پر فائز ہیں۔ آپ کا مزارِ اقدس ناگپور بھارت میں مرجع خلائق ہے۔

حوالہ جات:


1۔ کتاب "بارانِ رحمت" از الشیخ خواجہ شمس الدین عظیمی، باب تکوین، صفحہ نمبر 433 تا 434

2۔ کتاب "بارانِ رحمت" از الشیخ خواجہ شمس الدین عظیمی، باب تکوین کے عہدے، صفحہ نمبر 438

3۔ کتاب "آگہی" از الشیخ خواجہ شمس الدین عظیمی، باب 30 سال پہلے

4۔ کتاب "خانقاہی نظام" از میاں مشتاق احمد عظیمی، باب زوج کیا ہے؟ صفحہ نمبر 79 تا 80

5۔ کتاب "خانقاہی نظام" از میاں مشتاق احمد عظیمی، باب قلندر کا مقام، صفحہ نمبر 92

6۔ کتاب "خانقاہی نظام" از میاں مشتاق احمد عظیمی، باب اولیاء اللہ کے درجات، صفحہ نمبر 94 تا 97




Marfat.com

قدرتِ حق سے بھی محفوظ رہے اس سے نبیؐ
آپؐ کو کوئی بھی تکلیف نہ ہرگز آئی

## غارِثور میں آمد

غارِ ثور میں وہ صدیقؓ کے ہمراہ پہنچے
راتیں بھی تین وہاں پاک نبیؐ جی ٹھہرے
بولے صدیقؓ کہ جاتا ہوں میں پہلے اندر
اس کو میں ختم کروں موذی ہے گر چیز اندر
کر کے محفوظ اُسے پھر ہی بلایا اُنؐ کو
سامنے اپنی نگاہوں کے بٹھایا اُنؐ کو
بھر دیے کپڑوں سے بل جتنے بھی دیکھے خالی
رہ گیا ایک جو بِل اُس میں پھر ایڑی ڈالی
آپؐ کے قدموں کے پیچھے ہی وہ مکّی نکلے
غارِ ثور کے دہانے پہ وہ مکّی پہنچے

Marfat.com

موضوع 7/84

## THE PARADISE جنّت

## سُوۡرَةُ الۡبَقَرَةِ (THE COW)

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

وَقُلۡنَا يٰٓـاٰدَمُ اسۡكُنۡ اَنۡتَ وَزَوۡجُكَ الۡجَـنَّةَ وَكُلَا مِنۡهَا رَغَدًا حَيۡثُ شِئۡتُمَا ۖ

وَلَا تَقۡرَبَا هٰذِهِ الشَّجَرَةَ فَتَكُوۡنَا مِنَ الظّٰلِمِيۡنَ ﴿۳۵﴾

ترجمہ: اور ہم نے کہا اے آدم رہو تم اور تمہاری بیوی جنّت میں، اور تم دونوں اس میں سے کھاؤ جہاں سے تم چاہو اطمینان سے، اور نہ قریب جانا اس درخت کے (ورنہ) تم ہو جاؤ گے ظالموں میں سے۔

*And We said : "O Adam! Dwell you and your wife in the Paradise and eat both of you freely with pleasure and delight of things therein as wherever you will, but come not near this tree or you both will be of the Zalimun (wrong-doers)"*

قرآن پاک کے بیان کردہ قانون کی روشنی میں اصل اِنسان حواس SENSES کا پابند کبھی نہیں ہوتا۔ حواس ہمیشہ اِنسان کے پابند رہے ہیں۔ آیئے یہ تلاش کریں کہ اِنسان کو حواس، سوچنا، سمجھنا، متاثر ہونا، غم زدہ یا خوش ہونا، زندہ رہنے کی کوشش کرنا یا موت سے ہم آغوش ہو جانا کہاں سے ملے ہیں؟ اور اس کی حیثیّت کیا ہے؟ اللہ کریم فرماتے ہیں:

وَقُلۡنَا يٰٓـاٰدَمُ اسۡكُنۡ اَنۡتَ وَزَوۡجُكَ الۡجَـنَّةَ وَكُلَا مِنۡهَا رَغَدًا حَيۡثُ شِئۡتُمَا ۖ وَلَا تَقۡرَبَا هٰذِهِ الشَّجَرَةَ فَتَكُوۡنَا مِنَ الظّٰلِمِيۡنَ ﴿۳۵﴾

اے آدم! تو اور تیری بیوی جنّت میں رہو اور جہاں سے تمہارا دل چاہے خوش ہو کر کھاؤ پیو (تمہارے اوپر زمانیت اور مکانیت کی کوئی پابندی نہیں) لیکن اس درخت کے قریب نہ جانا ورنہ تم اپنے اوپر قید و بند کا عذاب مُسلّط کر لو گے۔

(سورۃ بقرۃ، پارہ 1، آیت 35)

### درخت:

درخت معنوی نقطہ نظر سے ایک ایسی چیز کو کہا جاتا ہے جس میں شاخ در شاخ پتے اور پھل پھول کی موجودگی پائی جاتی



Marfat.com

غار کے منہ پہ مکڑی نے بنایا جالا
جس سے لگتا تھا یہاں کوئی نہیں تھا آیا
ابن مالکؓ سے ہے منسوب روایت ایسے
ہم کو بوبکرؓ نے بتلائی حقیقت ایسے
غار میں بیٹھے ہوئے ان کو نظر ہم آتے
اپنے قدموں پہ نظر تھوڑی عدو گر پاتے
دیکھے حالات تو صدیقؓ سے آقاؐ نے کہا
دو ہیں گر ہم تو ہے پھر ساتھ ہمارے اللہ
مالکِ دونوں جہاں غار سے باہر نکلے
اپنے اصحابؓ کے وہ ساتھ مدینے ہی چلے
ماہرِ رہ گزر ابنِ اریقط لیثی
نام عبداللہ تھا، تھا وہ مگر کافر ہی
راستہ اس نے سمندر کے کنارے کا چنا
قافلہ عشق و محبت کا جہاں چلتا رہا

Marfat.com

ہو۔ قرآن کریم کے فرمان کا مفہوم یہ ہے:

اے آدم! زمان و مکان کی پابندی قبول نہ کرنا ورنہ تو اس میں اس طرح جکڑا جائے گا جس طرح اس درخت میں شاخ میں سے شاخ اور پھر شاخ میں سے شاخ اور ہر شاخ میں بے شمار پتے پیدا ہو رہے ہیں اور جب تو خوشی کے بدلے قید کی زندگی قبول کرلے گا تو اپنے اوپر ظلم کرے گا۔

جب شیطان کے بہکانے سے آدم علیہ السلام نے قید و بند کی زندگی کو اپنایا تو جنّت نے آدم علیہ السلام اور حوا علیہ السلام کو EXPELL کر دیا۔ چونکہ اِنسان جنّت کے حواس کھو بیٹھا تھا جو اس کے اپنے اصلی حواس ہیں اس لئے اِنسان کو زمین پر پھینک دیا گیا جہاں وہ پابندی اور صعوبت کے حواس میں گرفتار ہے۔ زمین کے اوپر کام کرنے والے حواس FICTION یا مفروضہ ہیں۔ یہ بات مبنی بر حقیقت اس لئے ہے کہ یہ اِنسان کے اصل حواس نہیں بلکہ نافرمانی کے بعد مُسلّط شُدہ TEMPORARY یا عارضی حواس ہیں۔ اِنسان کے اَصل حواس وہ ہیں جہاں اس پر زمان اور مکان کی حد بندیاں عائد نہیں ہوتیں۔ اگر اِنسان ان عارضی اور فکشن حواس کے تسلّط سے نجات پا جائے تو پھر وہ اپنے اصل اور آزاد حواس کو حاصل کر سکتا ہے۔ اصل حواس میں غم، پریشانی، جذباتی کشمکش، اعصابی کشاکش اور دل و دماغ کا کرب نہیں ہے۔

نوعِ اِنسانی کی تاریخ میں ایک بھی مثال پیش نہیں کی جا سکتی کہ اِنسان بیداری اور سونے کی حالتوں میں کسی ایک حالت پر قُدرَت رکھتا ہو۔ اِنسان جس طرح سونے پر مجبور ہے بالکل اسی طرح بیداری بھی اس کی طبعیت کا ایسا تقاضہ ہے جس کو کسی صورت میں رَد نہیں کر سکتا۔ بیداری کے اعمال و واقعات میں اِنسان کا دماغ جس طرح توہمات، خیالات، تصورات، احساسات اور عمل کرنے کی تحریکات کا آماجگاہ بنا رہتا ہے، بالکل اسی طرح خواب میں اِنسانی دماغ ایک لمحہ چین سے نہیں بیٹھتا۔ خواب کے اندر کیے ہوئے اعمال اگر حافظہ کی گہرائی میں نقش نہ ہوں تو وہ اسی طرح بھول کے خانے میں جا پڑتے ہیں جس طرح بیداری میں کیے ہوئے اعمال فراموش ہو جاتے ہیں۔ یہ کوئی تمثیل نہیں ہے۔ عام تجربات اور مشاہدات ہیں جس سے ہر شخص کو واسطہ پڑتا ہے۔ اِنسان خواب اور بیداری کے حواس کا مجموعہ ہے۔ اگر اِنسان کے اندر خواب کے حواس نہ ہوتے تو اِنسان کبھی بھی مستقبل میں قدم نہیں رکھ سکتا تھا، جنّت جہاں ماضی ہے وہاں مستقبل بھی ہے جو اِنسان کا اصل مقام اور وطن ہے۔ اگر بیداری کے حواس کو خواب کے حواس پر غلبہ حاصل ہو جاتا تو اِنسان غیب کی دنیا میں اپنے لئے کوئی مقام منتخب نہیں کر سکتا تھا۔

## شجرِ ممنوعہ کی رُوحانی تفسیر:

قُرآن پاک میں اس درخت کا کوئی نام نہیں لیا گیا ہے۔ صرف شجر کے نام سے یاد کیا گیا ہے۔ رُوحانی نقطہ نظر سے جب لاشعوری واردات و کیفیات میں اس درخت کا مشاہدہ کیا جاتا ہے تو دراصل یہ طرزِ فکر کا سمبل ہے۔ اس بات کو سمجھنے کے لئے ہمیں آدم علیہ السلام کی ان دونوں حالتوں کا تجزیہ کرنا پڑے گا جو جنّت اور زمین پر ہیں۔ اس لئے کہ وہ درخت ہی ہے جس نے آدم علیہ السلام کو ایک حالت سے دوسری کیفیّت میں داخل کر دیا۔ مذکورہ آیت میں حَیۡثُ شِئۡتُمَا کے الفاظ قابلِ توجہ ہیں۔



Marfat.com

# حضرت اُمّ معبدؓ کی سعادت

آخرِ کار ہوا ان کا گزر ایسی جگہ
اُمّ معبدؓ نے لگایا تھا جہاں پر خیمہ
وہ بہادر بھی تھیں سردارِ قبیلہ بھی تھیں
اپنے خیموں سے نکل کر وہ وہاں بیٹھی تھیں
آنے والوں کے لیے کام وہ ایسا کرتیں
کھانے پینے کا وہ سامان مہیّا کرتیں
کھانے پینے کی جو اشیا تھیں میسّر اس دم
کر دیں سرکارؐ کی خدمت میں وہ حاضر اس دم
اُمِ معبدؓ کے گھرانے میں کھڑی تھی بکری
پوچھا آقاؐ نے اے خاتون ہے بکری کیسی
اُمّ معبدؓ نے سنی بات تو فوراً بولی
ہے یہ بیمار جو ریوڑ کے نہیں ساتھ گئی

Marfat.com

حَیۡثُ شِئۡتُمَا جس جگہ چاہو (حیث بہ معنی اسپیس) ان دو لفظوں سے معلوم ہوتا ہے کہ اسپیس کو آدم علیہ السلام کا محکوم کر دیا گیا۔ حیث یا اسپیس کائنات کی ہر چیز پر محیط ہے چنانچہ جنّت میں آدم علیہ السلام کی یہ حیثیت تھی۔ اللہ تعالیٰ نے آدم علیہ السلام کو جنّت کے لامحدود رقبے پر تصرف عطا کر دیا تھا یعنی آدم علیہ السلام کے لئے جنّت کا وسیع و عریض رقبہ، ٹائم اور اسپیس سے آزاد تھا لیکن پھر۔۔۔۔۔۔

**"شیطان نے ان کو گمراہ کر دیا اور جس آرام میں وہ تھے اس سے محروم کر دیا"۔ (القرآن)**

لیکن جب یہی آدمؑ اسفل میں پہنچتا ہے تو اس کی پوزیشن بالکل متضاد ہو جاتی ہے۔ اس طرح کہ اسپیس اس پر حاوی ہے۔ قدم قدم پر اس کو وسائل کی پابندیاں گھیرے ہوئے ہیں۔ یہاں تک کہ انسان وسائل کے ہاتھ کٹھ پتلی بن کر رہ گیا ہے۔ جنّت میں یہ ہو رہا ہے کہ جو کچھ جنّت میں موجود ہے وہ دروبست آدمی کے ارادے کے تابع ہے۔ آدمی کا دل چاہا کہ وہ سیب کھائے لیکن سیب کا کاشت کرنا اور توڑنا زیر بحث نہیں آتا۔ سیب کھانے کو دل چاہا اور سیب موجود ہو گیا۔ پانی پینے کو دل چاہا پانی موجود ہو گیا۔ اس طرز فکر میں تصرف کی دو طرزیں سامنے آتی ہیں۔

تصرُّف کی ایک طرز یہ ہے کہ ایک بندہ سیب کا درخت لگاتا ہے اس کی نشو و نما کا انتظار کرتا ہے۔ طویل عرصے کے بعد سیب کا درخت اس قابل ہوتا ہے کہ اس پر پھل لگے۔ اس کے اندر سیب کھانے کی خواہش پیدا ہوتی ہے وہ درخت کی طرف چلتا ہے اور درخت پر سے سیب توڑ کر کھالیتا ہے۔

تصرُّف کا دوسرا طریقہ یہ ہے کہ سیب، درخت پر لگے ہوئے ہیں۔ اس درخت کو نہ کسی بندے نے زمین پر بویا ہے نہ اسکی نگہداشت کی ہے اور نہ اس درخت کو پروان چڑھانے میں کوئی خدمت انجام دی ہے اور نہ اسے درخت پر سے سیب توڑنے کی زحمت کرنا پڑی۔ دل چاہا کہ سیب کھاؤں اور سیب موجود ہو گیا۔

اس تفصیل کا خلاصہ یہ ہے کہ جب تک اِنسانی صلاحیتیں زمان و مکاں کی حد بندیوں سے آزاد ہو کر کام کرتی ہیں۔ وہ سب جنّت کی زندگی ہے اور جب اِنسانی صلاحیتیں اسپیس میں بند یا قید ہو کر کام کرتی ہیں تو یہ ساری زندگی اسفل کی زندگی ہے۔ ہر انسان کے اندر جنّت اور اسفل کی زندگی ہر لمحہ متحرّک رہتی ہے۔ کبھی جنّت کی زندگی یعنی اسپیس (مکان) سے آزاد زندگی کا غلبہ ہو جاتا ہے اور کبھی اسفل زندگی یعنی مکانیّت میں قید زندگی حواس پر غالب آ جاتی ہے۔ رُوحانی اِنسان اسفل زندگی کے غلبہ کو ختم کر کے، اعلیٰ اور جنّت کی زندگی کے حواس کو غالب کرنے کی جدوجہد کرتے ہیں۔ اس جدوجہد میں پہلا سبق یا پہلی کلاس کو مراقبہ MEDITATION کا نام دیا جاتا ہے۔

## آدم علیہ السلام، جنّت اور ابلیس:

آدم علیہ السلام علوم الٰہیہ سے آراستہ ہو کر جنّت میں براجمان ہو چکے تو شیطان نے ان کو بہکا دیا اور اس شاندار حالت میں جس میں وہ رہ رہے تھے نکلوا دیا۔ شیطان کے بہکاوے میں آ کر آدم علیہ السلام سے غلطی سرزد ہو گئی۔ اس پر اللہ تعالیٰ نے انہیں جنّت سے نکل جانے کا حکم دیتے ہوئے فرمایا تم یہاں سے نیچے اتر جاؤ اور زمین پر بسیرا کرو۔ جہاں تمہیں ایک مدت تک رہنا ہو گا۔



Marfat.com

پوچھا سرکارؐ نے گر آپؓ اجازت دے دیں
دودھ کچھ بکری سے ہم آپؓ کہیں تو لے لیں
بولیں ممکن ہے تو پھر کیسے میں روکوں اس سے
فائدے آپؐ کی نسبت سے بھی لے لوں اس سے
جو جماعت کی کفالت کے لیے کافی تھا
دودھ دوہنے کے لیے آپؐ کو برتن وہ ملا
پڑھ کے بسم اللہ پھر دے کے دعا بکری کو
پھر نبیؐ پاک نے جی بھر کے دوہا بکری کو
وہ جو کمزور تھی لاغر تھی توانا نہ تھی
وہ نبیؐ پاک کی عظمت سے بھی بیگانہ تھی
اتنا پھر دودھ جو لاغر تھی وہ بکری نے دیا
اُمّ معبدؓ نے پیا قافلہ والوں نے پیا
اُمّ معبدؓ نے پڑھا کلمہ نبیؐ اطہر کا
وہ ہی کرتی ہیں بیاں حلیہ نبیؐ انور کا

Marfat.com

## آدم علیہ السلام کا جنّت سے خروج EXPELTION:

اس پر آدم علیہ السلام نے زمین پر زندگی کی دشواریوں، سختیوں اور تکلیفوں کا اندازہ ہونے کے باعث اللہ کے حضور اپنی نافرمانی اور بہکاوے میں آنے کی غلطی کا اعتراف کرتے ہوئے توبہ استغفار کی اور عرض کی:

رَبَّنَا ظَلَمْنَآ اَنْفُسَنَا ﵻ وَ اِنْ لَّمْ تَغْفِرْ لَنَا وَ تَرْحَمْنَا لَنَكُوْنَنَّ مِنَ الْخٰسِرِيْنَ ﴿٢٣﴾

اے ہمارے رب بیشک ہم اپنے اوپر ظلم کر بیٹھے ہیں اور اگر آپ نے ہماری غلطی کو معاف نہیں کیا اور ہم کو اپنی رحمت و عفو سے ڈھانپ نہ لیا تو ہم نقصان اٹھانے والوں میں سے ہو کر رہ جائیں گے۔ (سورۃ اعراف، پارہ 8، آیت 23)

روشنیوں کی ایک معین مقدار ہے جو ملوکیت اور بشریت کا توازن برقرار رکھتی ہے۔ روشنیوں کے توازن میں اگر مقدار کم ہو جائے تو حیوانی اور مادی تقاضے بڑھ جاتے ہیں۔ یہ بات ذہن نشین رکھنا ضروری ہے کہ صفت ملوکیت عالم امر میں صعود کرتی ہے۔ یعنی انسان کے اندر بشری صفت کے متضاد ملوکیت ایسی صفت ہے جو انسان کو حاکم مطلق اللہ کی طرف کھینچتی ہے اور اللہ کی طرف کھینچ جانا ہی عالم امر کی طرف صعود ہے۔

اس کے برعکس انسان کے اندر جب بشری تقاضے بڑھ جاتے ہیں اور مکانیت میں استغراق بڑھ جاتا ہے تو صفت ملوکیت کی جگہ مادی تقاضے یا دنیا میں دلچسپیاں اتنی زیادہ ہو جاتی ہیں کہ انسان عالم ناسوت میں قید ہو جاتا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے آدم علیہ السلام سے فرمایا تھا کہ خوش ہو کر کھاؤ پیو اور اس درخت کے قریب نہ جانا ورنہ تمہارا شمار ظالموں میں ہو گا۔ جیسے ہی ذہن ماوراء ہستی سے دور ہوا روشنیوں کا توازن بگڑ گیا اور آدم علیہ السلام کے اوپر بشریت کا اظہار ہوا۔ آدم علیہ السلام نے خود کو ننگا محسوس کیا اور آدم علیہ السلام نے اپنے اوپر کثافتوں کا ہجوم محسوس کیا کثافتوں کے ہجوم کی وجہ سے آدم نے خود کو جنت میں رہنے کے قابل نہیں سمجھا۔

## اعترافِ گناہ:

اللہ تعالیٰ نے آدم علیہ السلام کے اعترافِ غلطی پر ان کو اس پردے سے نکلنے کا راستہ تعلیم کر دیا، جو نافرمانی کے باعث ان کے اوپر آن پڑا تھا اور کہا کہ تم زمین پر جاؤ ہم تمہاری راہنمائی اور ہدایت کا وہاں پر ایسا بندوبست کئے دیتے ہیں کہ اگر تم نے اس پر عمل کیا تو ہم تمہیں خوف اور غم سے نجات دے دیں گے اور تم دوبارہ جنّت حاصل کر سکو گے۔ اور یہ بھی فرما دیا اور وہ جو ہماری نشانیوں کو جھٹلائیں گے اور ان کی تکفیر کریں گے وہ مزید غلطی کے باعث آگ کے ہم نشین ہو جائیں گے۔

## زمین کی مادی زندگی:

اس کے بعد آدم علیہ السلام اپنی بیوی حضرت حوا علیہ السلام کے ہمراہ جنّت کی پر سکون اور پُر آسائش زندگی کو چھوڑ کر دنیا میں آ گئے۔ دنیا میں رہن سہن اور بود و باش کا ایک نظام قائم ہو گیا۔ جنّت میں اِنسان نہ صرف مادے، ٹائم اور اسپیس سے آزاد تھا بلکہ ان



Marfat.com

بانٹنے امن کی خیرات نبیؐ چلتے رہے
عشق و ایمان و تیقن کے دیے جلتے رہے
قافلے آپؐ کو رستے میں ملے دو آخر
جن کو ایمان میسّر تھا ملے وہ آ کر
لے کے سامانِ تجارت جو یہاں آئے تھے
آپؐ کی خدمت اقدس میں وہاں آئے تھے
سربراہ ان کے تو زبیر تھے وہ طلحہ تھے
شام سے لے کے جو سامان تجارت آئے

## بریدہ بن حصیب الاسلمی سے ملاقات

آپؐ چاہیں تو بدل دیتے ہیں کایا اُس کی
جو تعاقب میں نبیؐ پاک کے آیا اُس کی
ایک سو اُونٹوں کے لالچ میں بریدہ آیا
وہ گرفتاری کی نیّت سے تھا بندے لایا

Marfat.com

پر حکمران تھا لیکن دنیا کی زندگی میں وہ ٹائم اور اسپیس میں CAPTURED ہو کر راہ زندگی گزارنے کا پابند ہے۔ یہاں RESOURCES یا وسائل کا محتاج ہے وہاں وسائل اس کے چشم و آبرو کے اشارے کے منتظر تھے۔ اللہ تعالیٰ نے اِنسان کو جن علوم سے نوازا تھا ان کے باعث وہ ٹائم اور اسپیس پر حاوی تھا۔ مادے اور وسائل پہ اس کی حکمرانی تھی لیکن شیطان کے بہکاوے میں آکر کی گئی نافرمانی کے باعث اس زمین پہ آن گرا اس پردے کو اٹھانے اور ان رُوحانی علوم سے جو آدم کو عطا ہوئے تھے۔ دوبارہ استفادہ کرنے کے لئے اللہ تعالیٰ نے اِنسان کی تربیّت، راہنمائی اور ہدایت کے لئے یہ بندوبست فرمایا کہ اپنے مخصوص بندوں کو ان علوم سے نواز کر انہیں دنیا میں بھیجنا شروع کر دیا تاکہ دوسرے اِنسانوں کی اس طرح تربیّت کریں کہ وہ بھی ان علوم سے آراستہ ہو کر اس پردے کو اٹھالیں جو دنیا اور جنّت کی زندگی کے درمیان پڑا ہوا ہے۔

## جنّت کی اقسام/نام:

| | | |
|---|---|---|
| 1 | جنّت النعیم (جنّت کے باغ) | سورہ المائدہ آیت 65 |
| 2 | جنّت عدن (سدا رہنے کا باغ) | سورہ التوبہ آیت 72 |
| 3 | جنّت الفردوس (ٹھنڈے چھاؤں کا باغ) | سورہ کہف آیت 107 |
| 4 | جنّت الخلد (ہمیشہ رہنے کا باغ) | سورہ الفرقان آیت 15 |
| 5 | جنّت الماویٰ (آرام سے رہنے کی جگہ) | سورہ السجدہ آیت 19 |
| 6 | روضات الجنّات (جنتوں کے باغات) | سورہ الشوریٰ آیت 22 |
| 7 | جنّت عالیہ (اونچے باغ) | سورہ الحاقہ آیت 22 |

حوالہ جات:

1۔ کتاب "خواب اور تعبیر" از الشیخ خواجہ شمس الدین عظیمی، باب اِنسان خواب اور بیداری کے حواس کا مجموعہ، صفحہ نمبر 40 تا 42

2۔ کتاب "رُوحانی ڈاک 1" از الشیخ خواجہ شمس الدین عظیمی، موضوع شجر ممنوعہ کی رُوحانی تفسیر، صفحہ نمبر 257 تا 259

3۔ کتاب "خلیفۃ الارض" از نعمان ریاض عظیمی، باب جنت کی اقسام، صفحہ نمبر 61

4۔ کتاب "شرح لوح و قلم" از الشیخ خواجہ شمس الدین عظیمی، باب ملکوتی صفت اور بشری صفت، صفحہ نمبر 177 تا 178



Marfat.com

جب ملاقات ہوئی اس کی نبیؐ اطہر سے
اور پھر بات ہوئی اس کی نبیؐ اطہر سے
آپؐ کے حسن و جمال میں وہ ڈوبا ایسا
سینے میں نُور تھا ایماں کا وہ چمکا ایسا
کلمہ توحیدٖ و رسالت کا بریدہ نے کہا
ملتمس آپؐ کی خدمت میں وہ پھر ایسے تھا
آپؐ اللہ کے بندے ہیں نبی اللہ ہیں
کوئی معبود نہیں ایک وہی اللہ ہیں
صبح جب آپؐ مدینے کے لیے چل نکلے
آپؐ کی خدمتِ اطہر میں بریدہؓ پہنچے
یا نبیؐ آپؐ ہوں جیسے ہی مدینے داخل
اپنے جھنڈے کو فضاؤں میں کریں گے شامل
ابن حصیب بریدہؓ کی محبت دیکھیں
اپنے محبوب نبیؐ پاک سے اُلفت دیکھیں

Marfat.com

موضوع 8/84

# نماز اور زکوۃ کا پروگرام

## سُوْرَةُ الْبَقَرَةِ (THE COW)

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

وَاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ وَارْكَعُوْا مَعَ الرّٰكِعِيْنَ ﴿٤٣﴾

ترجمہ: اور نماز پڑھا کرو اور زکوۃ دیا کرو اور اللہ کے آگے جھکنے والوں کے ساتھ جھکا کرو۔

*Establish worship, pay the poor-due, and bow your heads with those who bow (in worship).*

## صلوٰۃ / نماز:

نماز اس مخصوص عبادت کا نام ہے جس میں بندے کا اپنے خالق کے ساتھ براہِ راست ایک ربط اور تعلق قائم ہو جاتا ہے۔ نماز ارکان اسلام میں وہ رکن ہے جسے کوئی باہوش و حواس مسلمان کسی حالت میں نہیں چھوڑ سکتا۔ قرآن پاک میں تقریباً سو جگہ نماز کے قیام کی تاکید کی گئی ہے جس سے اس اہم اسلامی رکن کی فضیلت، عظمت و جلالت اور اہمیت کا بخوبی اندازہ ہوتا ہے۔

عبادات میں نماز کو ایک مرکزی حیثیت حاصل ہے۔ یہ بندے کو ایک ایسی روحانی کیفیت سے آشنا کرتی ہے جس سے بندہ اپنی اور اپنے ماحول میں موجود ہر چیز کی نفی کر کے اللہ تعالیٰ کی حضوری حاصل کرتا ہے۔ نماز انسان کے باطنی حواس کے لئے ایک پاسبان کی حیثیت رکھتی ہے اور لوگوں میں اجتماعی نظم و ضبط کی تشکیل کرتی ہے۔ نماز کے اخلاقی، تمدنی، معاشرتی، جسمانی و روحانی بے شمار فوائد ہیں۔ اجتماعی نماز کی پابندی باہمی تعلقات میں استحکام پیدا کرتی ہے۔ صلوٰۃ (نماز) عربی زبان کا لفظ ہے۔ اس کے معنی دعا، تسبیح، استغفار، رحمت، تعریف اور طلب رحمت کے ہیں۔ نماز کے معنی تعظیم کے بھی ہیں۔ یعنی صلوٰۃ اس عبادت کا نام ہے جس میں اللہ تعالیٰ کی بڑائی اور تعظیم بیان کرنا مقصود ہے۔ نماز کو ٹھیک طریقہ پر ادا کرنا اولین رکن دین ہے۔ قبولیت نماز سے دین و دنیا کی ساری سربلندیاں حاصل ہو جاتی ہیں۔

ہر حرکت زمین کی سطح پر قائم ہے۔ نزول ایسی حرکت ہے جو نقطہ ذات سے نیچے کی طرف سفر کرتی ہے۔ صعود ایسی حرکت ہے جو نقطہ ذات تک صعود کرتی ہے۔ اور نزول و صعود کی دونوں حرکتیں قدرت کے اشاروں پر عمل کرتی ہیں۔ کائنات کا ہر فرد ان کا پابند ہے۔ صعود کی حالت ذات سے قریب کرتی ہے اور نزول کی حالت ذات سے دور کرتی ہے۔ صعودی حالت وجدان اور نزولی حالت



Marfat.com

پھر اُتارا وہ عمامہ جو تھا سر پہ اُنؓ کے
باندھ کر نیزے کی انی پہ چلے وہ آگے

## انتظار آمدِ رسولؐ

منتظر آپؐ کی آمد کی وہ بستی ساری
آپ کی پیاری نگاہوں میں رہی تھی ساری
عقبہ کے سارے امیں شہر میں جو رہتے تھے
راہوں میں آنکھیں بچھا کے وہ سبھی بیٹھے تھے
جانوں سے اپنی نبیؐ پاک تھے پیارے ان کو
کس جگہ پر ہیں کوئی آ کے بتا دے اُن کو
قافلہ حرج مقام کے قریب آتے
آقاؐ نے اوسؓ کے ساتھ ابن ہندہؓ بھیجے
اہلِ یثرب کو ذرا بات بتا دیں جا کے
کچھ ہی روز میں حضورؐ آپ کے مہماں ہوں گے

Marfat.com

عقل ہے۔ یہ وہ پروگرام ہے جو بلا کسی تعطل کے تواتر کے ساتھ جاری ہے۔ کائنات کا ایک ممتاز فرد انسان اس بات کا پابند ہے کہ وہ نزول وصعود کے قانون کو سمجھے اور اللہ تعالیٰ کے بتائے ہوئے قانون کے مطابق اسے اپنے اندر متحرک کرے۔

اس پروگرام کی بنیاد نماز اور زکوٰۃ ہے۔ نماز اور زکوٰۃ دونوں روح اور جسم کا وظیفہ ہیں۔ صلوٰۃ روح کا وظیفہ ہے اور زکوٰۃ جسم کا وظیفہ ہے۔ نماز مجموعی طور پر ایک ایسا عمل ہے کہ جس عمل میں تمام انسانی حرکات و سکنات کو سمو دیا گیا ہے۔ مثلاً کھڑے ہونا، ہاتھ اوپر اٹھانا، بولنا، پڑھنا، سننا، دیکھنا، ہاتھ باندھنا، جھک کر دوبارہ کھڑے ہونا، کھڑے ہونے کے بعد لیٹنا (سجدے کی حالت)، لیٹنے کے بعد بیٹھنا، بیٹھنے کے بعد پھر لیٹنا پھر کھڑے ہونا، اِدھر اُدھر دیکھنا۔

نماز کے ارکان پر غور کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ نماز زندگی کے ہر عمل اور زندگی کی ہر حرکت کا احاطہ کرتی ہے اور یہ ساری حرکات و سکنات بندہ اللہ کے لئے کرتا ہے۔

نماز ایک ایسا پروگرام ہے جس پروگرام کی کامیابی کے نتیجے میں انسان کا ذہن اور ذہن کی ہر حرکت اور ہر عمل اللہ تعالیٰ سے وابستہ ہو جاتا ہے۔ نماز قائم کر کے بندہ یہ دیکھ لیتا ہے کہ اللہ اسے دیکھ رہا ہے یا وہ اللہ کو دیکھ رہا ہے۔

یہ تربیتی پروگرام دس بارہ سال سے شروع ہوتا ہے اور اٹھارہ بیس سال تک اس کی تکمیل ہو جاتی ہے۔ انسان جب پندرہ بیس سال تک وظیفہ اعضاء کی حرکت کے ساتھ ذہنی طور پر اس بات کی مشق کرتا ہے کہ اس کے ہر عمل میں اللہ تعالیٰ کے ساتھ وابستگی قائم ہو تو وہ کامیاب ہو جاتا ہے اور زندگی کے ہر شعبے میں اللہ کی طرف متوجہ رہ کر سارے کام انجام دینا اس کا معمول بن جاتا ہے۔ جب بندہ نماز قائم کرتا ہے تو وہ رُبودگی اور بیداری دونوں کیفیات سے یکساں طور پر روشناس ہو جاتا ہے۔ ربودگی اور بیداری یا صعود و نزول وجدان اور عقل کے ساتھ اللہ کے ساتھ وابستگی زندگی کی تکمیل ہے۔ زندگی کی تکمیل میں نماز اہم کردار ادا کرتی ہے۔

## زکوٰۃ:

دوسرا پروگرام زکوٰۃ ہے۔ زکوٰۃ ایک ایسا عمل ہے جس کا منشاء مخلصانہ اور بے لوث خدمتِ خلق ہے۔ زکوٰۃ اللہ تعالیٰ کی اپنی عادت ہے۔ جب بندہ، مخلصانہ قدروں میں اللہ کی مخلوق کی خدمت کرتا ہے تو اس کا مفہوم یہ ہے کہ اس نے وہ کام شروع کر دیا ہے جو اللہ تعالیٰ کرتے ہیں۔ سب جانتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ مخلوق کی خدمت کرتے ہیں۔

## جمع:

اللہ تعالیٰ کے ساتھ ذہنی وابستگی اور بے لوث خدمت کو تصوف میں "جمع" کہتے ہیں۔ یعنی انسان خدمت خلق کے جذبہ سے سے سرشار ہر وقت اللہ کی مخلوق اور اللہ کے ساتھ ذہنی ہم آہنگی رکھتا ہے۔ جب تک کوئی بندہ جمع کی کیفیت میں داخل نہیں ہوتا اس کے اوپر عرفان کا رستہ نہیں کھلتا۔ عرفان حاصل کرنے کے لئے ضروری ہے کہ انسان کی عادت میں یہ بات داخل ہو جائے کہ وہ اللہ کی مخلوق کی مخلصانہ خدمت کرے اور ہمہ وقت اس کا تعلق اللہ کے ساتھ قائم رہے۔



Marfat.com

دیکھنے آپؐ کو میدانِ حرا جاتے تھے
تین دن آپؐ کی آمد کے لیے آتے تھے
ایک بستی ہے نرالی جو ہے کہلاتی قبا
اس کے ہے ساتھ جو میدان وہ ہی کہلائے حرا
تھے جو مشتاق وہ مرجھانے لگے تھے چہرے
لوٹ کے آج وہ گھر آنے لگے تھے اپنے
پھر جو میدانِ حرا خالی نظر آتا تھا
ایک تھا شخص یہودی جو اِدھر سے گزرا
منتظر وہ بھی نبیؐ پاک کے آنے کا تھا
ایسے مقصد کے لیے ایک وہ ٹیلے پہ چڑھا
قافلہ نُور الٰہی کا جو دیکھا اس نے
اہلِ یثرب کو محبّت سے پکارا اس نے
یا بنی قِیلہ تمہارے ہیں نبیؐ وہ آئے
کھل اُٹھے چہرے، جو پہلے تھے سبھی کملائے

Marfat.com

سیدنا حضور ﷺ نے اپنی امت کو صلوٰۃ کا پروگرام عطا کیا ہے۔ جس طرح کوئی انسان مراقبے کے ذریعے اس بات کی کوشش کرتا ہے کہ اپنے اندر مخفی علوم کو تلاش کرے اسی طرح نماز بھی ایک مکمل پروگرام ہے۔ اس پروگرام کو صحیح طور پر ادا کر لینے کے بعد انسان از خود ایسی کیفیت میں داخل ہو جاتا ہے کہ وہ اللہ کو دیکھ لیتا ہے اور جب کوئی انسان زکوٰۃ کا پروگرام (اللہ کی مخلوق کی خدمت) پورا کر لیتا ہے تو کائنات کا ایک یونٹ بن جاتا ہے۔ اللہ کی عادت جب اس کے اندر داخل ہو جاتی ہے تو اللہ تعالیٰ اسے پسند کر کے اس کے اوپر عرفان کے دروازے کھول دیتے ہیں۔

حوالہ جات:

1۔ کتاب "روحانی نماز" از الشیخ خواجہ شمس الدین عظیمی، باب نماز مومن کی معراج

2۔ کتاب "شرح لوح و قلم" از الشیخ خواجہ شمس الدین عظیمی، باب نماز اور زکوٰۃ کا پروگرام، صفحہ نمبر 207 تا 209



Marfat.com

اس قدر آپؐ کے آنے کی خوشی تھی اُن کو
چاند خوشیوں کو لگانے کی خوشی تھی اُن کو
یارسولؐ اللہ تشریف یہاں لے آئے
ابن عبداللہؓ تشریف یہاں لے آئے

## قبا کی فضاؤں میں ادب واحترامِ رسولؐ کی خوشبو

آپؐ جو آئے تو بستیٔ قبا مہک اُٹھی
باغوں میں ساری ہی مخلوقِ خدا چہک اُٹھی
کتنی تکلیف سے مشکل سے قبا تک آئے
لوگ سرکارِؐ مقدس کو نہ پہچاں پائے
دیکھا اُلجھن میں جو لوگوں کو تو پھر ایسا کیا
چادرِ پاک سے بوبکرؓ نے سایہ کیا
شہر کا شہر اُمڈ آیا زیارت کرنے
دیکھ کے آپؐ کے چہرے کو عبادت کرنے

Marfat.com

موضوع 9/84

# انتقال کے بعد۔۔۔؟

## AFTER THE TRANSFER.........?

## سُوْرَةُ الْبَقَرَةِ (THE COW)

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

ثُمَّ بَعَثۡنٰكُمۡ مِّنۡۢ بَعۡدِ مَوۡتِكُمۡ لَعَلَّكُمۡ تَشۡكُرُوۡنَ ﴿۵۶﴾

ترجمہ: پھر موت آجانے کے بعد ہم نے تم کو از سرِنو زندہ کر دیا تاکہ احسان مانو۔

*Then We revived you after your extinction, that ye might give thanks.*

"اچانک مجھے ایسا محسوس ہوا کہ میرا دل دھڑکنا بند ہو گیا ہے اور میں اپنے جسم سے پھسل کر باہر نکل رہی ہوں... پہلے میں فرش پر پہنچی، پھر آہستہ آہستہ اوپر اٹھنے لگی، یہاں تک کہ میں ایک کاغذ کے پرزے کی طرح اڑتی ہوئی چھت سے جا لگی... وہاں سے میں صاف دیکھ رہی تھی کہ میرا جسم نیچے بستر پر پڑا ہوا ہے اور ڈاکٹر اور نرسیں اس پر اپنی آخری تدبیریں آزما رہے ہیں... ایک نرس نے کہا "اوہ خدایا! یہ تو گئی"... اور دوسری نرس نے میرے جسم کے منہ سے منہ لگا کر اسے سانس دلانے کی کوشش کی، مجھے اس نرس کی گدی پیچھے سے نظر آ رہی تھی اور اس کے بال مجھے اب تک یاد ہیں... پھر وہ ایک مشین لائے جس نے میرے سینے کو جھٹکے دیئے اور میں اپنے جسم کو اچھلتا دیکھتی رہی..."

یہ الفاظ ہیں ایک خاتون کے جو دل کے دورے کی وجہ سے ہسپتال میں داخل تھیں۔ موت کے قریب وہ جن لمحات و کیفیات سے گزریں ان کیفیات کو اپنے تئیں بیان کرنے کی کوشش کی۔

برطانیہ، امریکا اور آسٹریلیا کے 15 ہسپتالوں کے 2060 مریضوں کو ایک ریسرچ کا حصہ بنایا گیا تھا۔ سائنسدانوں کو ایسے شواہد ملے، جہاں مریضوں نے طبی موت کے تین منٹ بعد تک حقیقی زندگی کے تجربوں کو شیئر کیا انہوں نے موت کے بعد اس موقع پر ہونے والے واقعات کو بالکل درست انداز میں بیان کیا۔

رضاکاروں میں ایک شخص نے اپنا تجربہ بیان کیا۔ اسے دل کے دورے کے دوران ڈاکٹر اور نرس دوبارہ زندہ کرنے کی کوشش کر رہے تھے۔ مریض کا کہنا تھا کہ وہ کمرے کے کنارے سے اپنے آپ کو زندہ کرنے کی کوشش کا مشاہدہ کر رہا تھا۔

اسٹیٹ یونیورسٹی آف نیویارک SUNY کے اسٹنٹ پروفیسر DR. SAM PARNIA کا کہنا تھا کہ ہم جانتے ہیں کہ دل کے رک جانے کے بعد دماغ کام نہیں کر سکتا، لیکن اس معاملے میں شعور موت کے تین منٹ کے بعد تک برقرار رہا۔ انہوں نے بتایا کہ اس شخص نے اس کمرے میں ہونے والی تمام سرگرمیاں بیان کیں جس میں اہم ترین بات مشینوں کی دو بیپ کی آوازوں کے حوالوں سے بتائیں جن سے ہمیں اندازہ ہوا کہ موت سے لیکر واپس زندہ کیے جانے کا وقت تین منٹ تھا۔ پارنیا کے مطابق ان کی معلومات بظاہر کافی



Marfat.com

عمرؓو بن عوف قبیلے میں قبا میں پہنچے
آپؐ کلثومؓ صحابی کے تھے گھر میں ٹھہرے
حضرتِ سعدؓ کے گھر میں بھی رہا کرتے تھے
آ کے اصحابؓ جہاں ان سے ملا کرتے تھے

## قبا میں حضورؐ کا قیام

اپنی آمد کے فقط تین ہی ایّام کے بعد
ایک مسجد کی حضورؐ نے رکھی تھی بنیاد
مسجد پاک کی بنیاد بھی تقویٰ پہ ہی تھی
یہ جگہ آپؐ کو کلثومؓ صحابی نے دی
پہلی مسجد تھی قبا میں یہ مسلمانوں کی
متقی لوگوں کے رہنے کا یہ حق رکھتی تھی
مسجد پاک کی تکمیل ہوئی تھی جیسے
اہلِ یثرب کی نگاہ راہِ قبا پر ٹھہری

Marfat.com

قابل اعتماد ہیں اور جو کچھ انہوں نے بیان کیا وہ واقعی اس کمرے میں ہوا تھا۔

ایک برطانوی ٹیم نے چار سال تک کے دل کے امراض کے مریضوں کا مطالعہ کیا اس دوران حاصل کردہ نتائج کا گہرائی سے تجزیہ کیا گیا۔ ان کی حاصل کردہ تجزیاتی رپورٹ کے مطابق تقریباً چالیس سے زائد مریضوں کا کہنا تھا کہ جب انہیں مردہ قرار دے دیا گیا تھا اس وقت بھی ان میں کسی نہ کسی طرح کا شعور تھا۔

ماہرین کہتے ہیں کہ دل کی حرکت رک جانے کے بعد دماغ بیس سے تیس سیکنڈ کے اندر ہی کام کرنا بند کر دیتا ہے اور اس میں کسی بھی قسم کا شعور ہونے کا سوال ہی نہیں ہوتا۔ تاہم اس نئے مطالعے کے دوران ایسے شواہد سامنے آئے جہاں دل کے مریضوں نے تین منٹ تک حقیقی زندگی کے تجربات بیان کئے۔ ان ہی میں سے ایک ابتداء میں بیان کیا گیا ہے۔

## شعور کیا ہے؟

بات آگے بڑھانے سے پہلے اگر ہم یہ بھی سمجھ لیں کہ شعور کی تعریف دراصل سائنسی بنیادوں پر ہے کیا؟ اب تک شعور پر کی جانے والی تحقیقات کے مطابق اپنے آپ سے باخبر ہونے کو یعنی ہوش و حواس میں ہونے کو شعور میں ہونا کہا جاتا ہے۔ انگریزی میں اسے CONSCIOUSNESS کہتے ہیں۔ جبکہ طب ونفسیات میں اس کی تعریف یوں کی جاتی ہے کہ "شعور دراصل عقل کی وہ کیفیت ہے جس میں حِس، خود آگاہی، دانائی پائی جاتی ہو اور ذاتی اور ماحولی حالتوں میں ایک ربط قائم ہو۔"

یہاں شعور کا بیان اس لئے ضروری تھا تاکہ ہم یہ واضح کر سکیں کہ شائع ہونے والے تحقیقی مقالے کی بنیاد اسی بات پر ہے کہ انسان کا باطن یعنی اس کی روح دراصل اس کا شعور ہے۔

## کیا رُوح شعور ہے؟

اب تک سامنے آنے والی تمام مطالعاتی تحقیقات میں مختلف مقامات پر مختلف افراد نے جو کیفیات بیان کی ان میں سے چند بطور خاص اہمیت رکھتی ہیں۔

1۔ تاریک سرنگ
2۔ جسم سے علیحدگی
3۔ مرے ہوئے رشتہ داروں اور دوستوں کو دیکھنا
4۔ ایک نورانی وجود
5۔ اپنی زندگی کے گزرے ہوئے واقعات کا نظارہ

تاریک سرنگ سے گزرنے کے تجربے کو کسی نے یوں تعبیر کیا ہے کہ میں ایک تاریک خلا میں تیر رہا تھا، کسی نے کہا کہ یہ ایک گھٹاٹوپ اندھیرا تھا اور کسی نے اسے اندھیرے غار کا نام دیا ہے۔ میں اس میں نیچے بیٹھے جارہا تھا کسی نے اسے ایک کنوئیں سے تعبیر کیا ہے۔ کسی نے کہا ہے کہ وہ ایک تاریک وادی تھی، کوئی کہتا ہے کہ میں اندھیرے میں اوپر اٹھتا چلا گیا۔ مگر یہ بات سب نے کہی ہے کہ



Marfat.com

جمعہ کے روز نبیؐ پاک نے یوں فرمایا
لاؤ قصویٰ کو مرے پاس ہمیں ہے جانا

## مدینہ منورہ میں آمد

جا کے یثرب کو مدینہ ہے بنانا ہم کو
جس طرف اُونٹنی جائے گی ہے جانا ہم کو
حال طیبہ کی فضاؤں کا ہوا تھا ایسا
ہے روایت کہ صدیقؓ نے یوں فرمایا
جب نبیؐ پاک مدینہ کے لیے چل نکلے
لوگ رستوں میں تو چھتوں پہ نظر آتے تھے
سارے بچوں کے تو خدام کے بھی تھے نعرے
آقاؐ سردارِ زمانہ جو ہوئے تھے ان کے
اہلِ نجّار کی بچیوں نے کہا تھا ایسا
گونجتی آج بھی کانوں میں ہے ان کی یہ صدا

Marfat.com

ہمارے الفاظ اس کیفیت کو بیان کرنے کے لیے ناکافی ہیں، جس مشاہدے کو تمام افراد نے بڑی حیرت کے ساتھ بیان کیا ہے وہ یہ تھا کہ وہ اپنے جسم سے الگ ہو گئے۔

جسم سے باہر آنے کی اس حالت کو بعض افراد نے اس طرح تعبیر کیا ہے کہ ہم ایسے نئے وجود میں آ گئے تھے جو جسم نہیں تھا، اور بعض نے کہا کہ وہ بھی ایک دوسری قسم کا جسم تھا جو دوسروں کو دیکھ سکتا تھا مگر دوسرے اسے نہیں دیکھ سکتے تھے۔ اس حالت میں بعض افراد نے نظر آنے والے ڈاکٹروں اور نرسوں سے بات کرنے کی بھی کوشش کی مگر وہ لوگ ان کی آواز نہ سن سکے اور ہم اس بے وزنی کے عالم میں تیرتے رہے بلکہ اگر ہم نے کسی چیز کو چھونے کی کوشش کی تو ہمارا وجود اس شے کے آر پار ہو گیا۔ بہت سوں نے یہ بھی بتایا کہ اس حالت میں وقت ساکت ہو گیا تھا اور ہم یہ محسوس کر رہے تھے کہ ہم وقت کی قید سے آزاد ہو چکے ہیں۔

بعض ڈاکٹروں نے مریضوں کے ان بیانات اور تجربات پر یہ خیال ظاہر کیا کہ بعض منشیات اور دواؤں کے استعمال سے بھی اس قسم کی کیفیات پیدا ہو جاتی ہیں جن میں انسان اپنے آپ کو ماحول سے الگ محسوس کرتا ہے۔ بعض اوقات اس کا دماغ جھوٹے تصورات کو مرئی شکل دے دیتا ہے۔ ایسے میں اسے بعض پر فریب نظارے HALLUCINATIONS نظر آنے لگتے ہیں، ڈاکٹروں کا خیال ہے کہ ہو سکتا ہے کہ ان افراد کو اسی قسم کی کسی کیفیت سے سابقہ پیش آیا ہو لیکن DR. RAYMOND MOODY نے کئی لوگوں کے بیرونِ جسم تجربات پر مبنی اپنی مشاہداتی رپورٹ میں تجزیات پیش کئے۔

انہوں نے دونوں قسم کی کیفیات یعنی منشیات یا دواؤں کے زیر اثر پر فریب نظاروں اور روح کی جسم سے علیحدگی کا الگ الگ تجزیہ کیا ان تجربات کے بعد ڈاکٹر ریمنڈ موڈی نے یہی رائے ظاہر کی ہے کہ جن لوگوں سے انہوں نے انٹرویو کیا ان کے مشاہدات ان پر فریب نظاروں سے مختلف تھے۔ ڈاکٹر میلون مورس MELVIN MORSE نے اس احتمال پر زیادہ سائنٹیفک انداز میں تحقیق کرنے کے بعد اپنا حتمی نتیجہ یہ بتایا ہے کہ یہ مشاہدات HALLUCINATION یا فریب قطعی طور پر نہیں تھے۔ اس کا مطلب یہ کہ موت کے تجربے سے گزرنے والوں کو کسی نہ کسی طرح کا شعور حاصل تھا۔ انہوں نے اس احتمال کہ شاید تجربات بیان کرنے والے لوگوں کے مذہبی تصورات ان کے ذہن پر اس طرح مسلط تھے کہ بے ہوشی یا خواب کے عالم میں وہی تصورات ایک مخصوص واقعے کی شکل میں ان کے سامنے آ گئے، ڈاکٹر ریمنڈ مودی کا کہنا تھا کہ اس سوال کی تحقیق کے سلسلے میں جن لوگوں سے ان کی ملاقات ہوئی ان میں سے بہت سے لوگ ایسے بھی تھے جو مذہب کے قائل نہ تھے، یا اس سے اتنے بیگانہ تھے کہ ان پر مذہبی تصورات کی کوئی ایسی چھاپ غالب نہیں آ سکتی تھی۔

تحقیقاتی دنیا کو یہ سوال پریشان کرتا رہا ہے کہ اگر یہ تمام واقعات حقیقت سے قریب تر ہیں اور ہیلوسینیشن یا فریب نہیں ہیں تو پھر یہ مشاہدات کیا ہیں؟..... وہ کونسا جسم ہے جو اس لمحے الگ ہوا اور وہ زندہ جسم میں کہاں ہوتا ہے؟

اس سوال کی حقیقت کو سمجھنے کے لئے KENTUCKY UNIVERSITY (Lexington USA) کے طبی عملے نے قریب الموت افراد کے دماغ میں آلات کی مدد سے برقی فعالت کی موجیں ریکارڈ کیں اور اس بات کی طرف اشارہ کیا کہ موت کے



Marfat.com

آج وداع کی گھاٹی سے ہے چاند نکلا
شکر واجب ہے جو داعی کا ادا ہے کرنا

آپؐ کے آنے سے شاداں تھے وہ یثرب والے
مانتے آپؐ کا احساں تھے وہ یثرب والے

وہ جو وحشی تھے جو تلوار زنی کرتے تھے
مسکراتے ہوئے دیدارِ نبی کرتے تھے

ابنِ نجّار محلے کی یہ خوش بختی ہے
اُونٹنی آپؐ کی قصویٰ جو یہاں رُکتی ہے

قصویٰ کو رب نے بتایا تھا کہاں رُکنا ہے
اپنی گردن کو اسے آ کے کہاں رکھنا ہے

## حضرت ابوایوبؓ انصاری کا اعزاز

ابو ایوبؓ صحابی کے وہ گھر کے آگے
ہیں جو محبوبؐ الٰہی وہ وہاں اُترے تھے

Marfat.com

وقت دماغی نیورونز جب OXYGEN کی کمی کا شکار ہوتے ہیں تو ان میں برقی تحریک نمودار ہوتی ہے۔ یہ برقی تحریک ہی ان افراد کے دماغ میں تجربات بیرون جسم OBE جیسے تجربات کی بنیاد بنتی ہے۔ سائنسدانوں نے اس کی تحقیق کے دوران یہ نظریہ پیش کیا کہ سونے کے دوران جب ریم (RAM) سلیپ کا مرحلہ آتا ہے۔ جس میں عموماً خواب نظر آیا کرتے ہیں، در حقیقت یہ ریم سلیپ یا RAPID EYE MOVEMENT کے دوران متحرک ہونے والے دماغ کے وہ نیورانز ہی ہیں جو کہ تجربات قریب الموت NDE کا سبب بنتے ہیں اور دماغی موت کی حالت میں بھی ان تجربات کے واقع ہونے کی وجہ یہ بتائی جاتی ہے کہ چونکہ اس عمل میں حصہ لینے والا دماغ کا حصہ، نچلی جانب برین سٹیم ہوتا ہے جو کہ بالائی یا اعلیٰ دماغ کی موت کے باوجود بھی اپنا کام جاری رکھ سکتا ہے۔

بہر حال مختلف تجربات اور مشاہدات کی روشنی میں مختلف نظریات سامنے آتے رہے مگر عرصہ دراز سے ان سوالات کا تسلی بخش جواب تلاش کرتی ہوئی تحقیق میں انقلاب اس وقت برپا ہوا جب کوانٹم فزکس متعارف ہوئی۔

سائنسی تحقیقاتی میدان میں کوانٹم فزکس کو اپنی جگہ بنانے میں زیادہ وقت نہیں لگا۔ اب تک جو سائنسدان ایٹم کو ہی انتہائی چھوٹا ذرہ سمجھتے آرہے تھے۔ ان کے سامنے اب ایٹم کے اندر کی اس سے بھی زیادہ انتہائی چھوٹی باریک دنیا آموجود ہوئی۔ یہاں ہم کوانٹم فزکس کا مختصر تعارف پیش کر رہے ہیں۔

## کوانٹم فزکس:

یہ طبیعات کی وہ شاخ ہے جو توانائی اور مادہ کا آپس میں تعلق کا مشاہدہ کرتی ہے۔ کوانٹم فزکس کے مطابق تمام کائنات کی حرکت مادی ہے اور اس میں حرکت توانائیوں کی وجہ سے ہے۔

یہ سائنس کی وہ شاخ ہے جس کے قوانین و نظریات کائنات کی ایٹمی یا جوہری ذرات جیسے بہت چھوٹی اور باریک ترین دنیا کے اسرار و رموز کو جاننے کی کوششوں میں سرگرداں ہیں۔

مزید آسان الفاظ میں کوانٹم فزکس دراصل ایٹم کے انتہائی چھوٹے چھوٹے ذرات کے مطالعہ اور تحقیقات کا علم ہے۔ اب اگر غور کریں تو ابتداء میں بیان کردہ شعور کی تعریفیں بھی ادھوری اور نامکمل محسوس ہوتی ہیں۔ حقیقت تو یہ ہے کہ ابھی تک شعور کی صحیح تعریف تک نہ تو فلسفہ پہنچ پایا ہے نہ ہی نفسیات اور نہ ہی طب۔ تاہم کوانٹم فزکس نے دماغ کی ان پیچیدہ گتھیاں سلجھانے میں نئے در وا کئے ہیں۔ یہ ہمیں بتاتی ہے کہ انسانی دماغ اپنی مادی حیثیت میں مختلف نیورونز سے مل کر بنا ہوا ایک مجموعہ ہے انہیں نیورونز کے فعال ہونے سے حس بنتی ہے اور عقل و شعور پیدا کرتی ہے۔

## شعور اور کوانٹم کمپیوٹر:

PROFESSOR STUART HAMMEROFF امریطس یونیورسٹی آف ایریزونا میں CENTER OF CONCSIOUSNESS STUDY DAPARTMENT کے ڈائریکٹر اور انستھزیالوجی اور سائیکولوجی کے پروفیسر ہیں۔ ان کے پیش کیے جانے والے نظریئے کوانٹم تھیوری آف کونشیس نیس کے مطابق ہوش و حواس یعنی کہ شعور دماغ میں موجود کوانٹم



Marfat.com

پیکرِ فقر و غنا جود و سخا آئے ہیں
منبع لطف و عطا مہر و وفا آئے ہیں
ابو ایوبؓ کی قسمت کا ستارا چمکا
ان کا گھر رحمت عالم کا جو مسکن ٹھہرا
ہے روایت یہ رہے سات مہینے اس میں
پائے اصحابؓ نے رحمت کے خزینے اس میں
آپؐ حجرات کی تعمیر تلک تھے اس میں
مسجدِ پاک کی تعبیر تلک تھے اُس میں
یہ جگہ رحمتِ عالم کو پسند آئی تھی
تھی یتیموں کی جگہ قصویٰ جہاں بیٹھی تھی
کون مالک ہیں جگہ اس کے بلائیں ان کو
ہم خریدیں گے اسے جا کے بتائیں اُن کو
آپؐ کی خدمت اقدس میں جو بچے آئے
نام انہوں نے سہیلؓ اور سہلؓ بتلائے

Marfat.com

کمپیوٹر کے لئے ایک پروگرام کی حیثیت رکھتا ہے جو کہ موت کے بعد بھی کائنات میں قائم رہ سکتا ہے۔ انھوں نے ایک دستاویزی فلم کے ذریعے وضاحت کرتے ہوئے کہا ہے کہ موت کے قریب ترین ہونے کا تجربہ اس وقت ہوتا ہے جب QUANTUM SUBSTANCE جو روح کی تشکیل کرتا ہے نروس سسٹم سے نکل کر بالاخر کائنات میں داخل ہو جاتا ہے پروفیسر STUART اور ان کے ساتھی سائنسدان ROGER PENROSE کہتے ہیں کہ ہماری روح دماغ کے خلیوں کی گہرائی میں موجود MTs یا MICROTUBULES کا اصل جوہر ہے اور ان کے مابین اختلاط سے وجود میں آتی ہیں۔

## مائیکروٹوبیولز کیا ہیں؟

مائیکروٹوبیولز دماغ کے CYTOPLASM میں پائے جانے والا لحمی ریشہ TISSUE ہے جو خلیوں کے تقسیم ہونے یا دو لخت ہونے پر تکلہ نما تار بنانے میں کام آتا ہے۔ یہ انتہائی باریک لچھے دار ساخت ہوتی ہیں جو ہر خلیہ میں موجود ہوتے ہیں۔ یہ ہر خلیہ کی پہلی بنیادی تقسیم کے ذمہ دار ہوتے ہیں۔ خلیے کی حرکت اس کی ساخت اس کا کردار یہ تمام معلومات اور ہدایات مائیکروٹوبیولز ہی ان تک پہنچاتے ہیں۔ چونکہ ان کی اپنی ساخت ایک باریک نلی کی طرح ہوتی ہے اس لئے ان کو مائیکروٹوبیول کہا جاتا ہے۔ جبکہ ان کا کیمیائی بناوٹی مادہ ایک پروٹین ہے جو ٹوبیولن کہلاتا ہے۔ ڈاکٹر اسٹیوارٹ ہیمر آف کے مطابق الیکٹرون مائیکروسکوپ میں مشاہدے سے یہ بات سامنے آئی کہ ان مائیکروٹوبیولز میں ہمہ وقت ایک ارتعاشی عمل یا ایک مسلسل حرکت ہوتی رہتی ہے۔ اس کی رفتار کم سے کم ایک سیکنڈ میں 40 بار نوٹ کی گئی ہے۔ مائیکروٹوبیولز کی اہمیت پر بات کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ نیند کے دوران مختلف درجات پر پیدا ہونے والی برین ویز یا الفا، بیٹا تھیٹا لہریں اور ان کی رفتار میں کمی زیادتی بھی دماغ کے انہی خلیات میں پائے جانے والے مائیکروٹوبیولز کی بدولت ہوتی ہے۔ ان کا مزید کہنا ہے کہ قدرت کا یہ اعلیٰ درجے کا اعصابی نظام اور اس کی فعالیت کا انحصار خالصتاً انہیں مائیکروٹوبیولز کی فعالیت اور ان سے جاری کردہ ہدایات پر ہے۔ مائیکروٹوبیولز کی اس سرگرمی کو جس کے تحت یہ ہدایات جاری کرتے ہیں کوانٹم انفارمیشن یا شعور کہہ سکتے ہیں۔

## ORCHESTRATED OBJECTIVE REDUCTION THEORY:

ڈاکٹر ہیمر آف اور ان کے ساتھ پین روز نے سائنسی چینل پر ورم ہول ڈاکومنٹری کے ذریعے حیات کا مائیکروٹوبیولز سے گہرے تعلق کی وضاحت کرتے ہوئے بتایا کہ موت کی صورت میں جیسے ہی دل رُکتا ہے خون کا بہاؤ بھی بند ہو جاتا ہے۔ اس دوران مائیکرو ٹیوبولز اپنی حالت بدل لیتے ہیں۔ اس کے لئے وہ ایک مثال ایسے مریضوں کی بھی دیتے ہیں جنہیں سرجری کے لئے انستھیزیا کے انجکشن لگا کر بے ہوش کیا جاتا ہے۔ جس کے بعد مریض کا رابطہ اپنی حسیات سے عارضی طور پر منقطع ہو جاتا ہے وہ درد یا تکلیف محسوس نہیں کر پاتا اور نہ ہی ہوش و حواس میں ہوتا ہے۔ پروفیسر ہیمر آف کا کہنا ہے کہ اس صورت میں جب انستھیزیا دینے والے چند مریضوں کے سیلز کا جائزہ لیا گیا تو ہم نے ان کے دماغی خلیوں میں پائے جانے والے مائیکروٹوبیول کی حرکت اور حالت میں واضح تبدیلی نوٹ کی۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ قریب المرگ زندگی کے تجربے سے یہ نتیجہ اخذ ہوا ہے کہ مائیکروٹیوبولز اپنی کوانٹم حالت کو چھوڑ دیتے ہیں تا کہ یہ



Marfat.com

بولے وہ آپؐ سے نہ لیں گے ہم اس کی قیمت
ربّ اطہر سے تو ہاں لیں گے ہم اس کی قیمت
کیسے کرتے یہ گوارا وہ رقم نہ دیتے
ہیں یتیموں کا سہارا وہ رقم نہ دیتے
دس درہم میں جگہ بچوں سے آقاؐ نے لی
یہ رقم بچوں کو صدیقؓ عظیم نے دی
مرحلے پہلے میں ہموار کیا تھا اس کو
اور پھر آپؐ نے انوار کیا تھا اس کو

## تعمیر مسجد اور تاجدارِ کائنات

اس کی تکمیل کرو موسیٰؑ کے چھپر جیسی
اس کی چھت اونچی رکھو موسیٰؑ کے چھپر جیسی
اپنے چھپر میں کبھی موسیٰؑ کھڑے ہوتے تھے
اپنے ہاتھوں سے وہ چھپر کو بھی چھو لیتے تھے

Marfat.com

Marfat.com

مسجدِ پاک کی تعمیر میں شامل ہوتے
ساتھ اصحابؓ کے گارا بھی وہاں تھے لاتے
سارے انصار و مہاجر نے کِیا تھا کام
جو بھی تعمیر میں تھا کام دیا انجام
رحمتِؐ کون و مکاں انؐ کو دعائیں دیتے
اور سرکارؐ کے اصحابؓ دعائیں لیتے
کچی اینٹوں سے تھیں دیواریں اُٹھائیں ساری
دیکھنے والوں کو لگتی تھیں بہت ہی پیاری
ایک کونے میں بنایا تھا چبوترہ بھی
کیا حسیں نام مبارک ہے صفہ اُس کا ہی

## صفہ کا چبوترہ

سارے اصحاب نبیؐ پاک یہیں ہوتے تھے
جن کے گھر بار مدینے میں نہیں ہوتے تھے

Marfat.com




Marfat.com

ساتھ مسجد کے جو تعمیر کیے نوؔ حجرے
ان کے دروازوں پہ کمبل کے لگے تھے پردے
آپؐ کے آنے سے پہلے تھی مدینے میں وبا
آپؐ نے مانگی دعا اور اُسے ختم کیا
اس زمیں پاک کا رکھتے ہیں فرشتے بھی خیال
شہرِ اطہر میں نہ طاعون نہ آئے گا دجال
ربِّ اطہر سے نبیؐ پاک دعا مانگی تھی
جو دعا مانگی حضورؐ نے وہ کچھ ایسی تھی
جیسی مکّے میں ہے برکت وہ مدینے میں بھی ہو
جیسی مکّے میں ہے راحت وہ مدینے میں بھی ہو

## قبلہ کی تبدیلی

ماہِ شعبان میں آپؐ اُمّ بشر کے گھر تھے
اپنے اصحابؓ کے ہمراہ تھے نماز پڑھتے

Marfat.com

انفارمیشن جسم سے نکل کر کائنات میں واپس چلی جائے۔ اگر مریض دوبارہ ہوش میں آجاتا ہے تو یہ کوانٹم انفارمیشن دوبارہ مائیکروٹیوبیولز میں واپس آجاتی ہے اور مریض کہتا ہے کہ اس نے تو موت کا منظر دیکھ لیا ہے۔ اگر یہ بحال نہیں ہوتا اور موت واقع ہو جاتی ہے تو اس انفارمیشن یعنی شعور سے رابطہ مکمل طور پر منقطع ہو جاتا ہے۔ لیکن اس صورت میں یہ عین ممکن ہے کوانٹم انفارمیشن جسم کے باہر شاید لامتناہی مدت تک کے لیے موجود رہے۔

ان کا مزید کہنا ہے کہ تحقیقات سے واضح ہوا ہے کہ مائیکروٹیوبیولز میں موجود یہ کوانٹم انفارمیشن تباہ نہیں ہوتی اور نہ ہی یہ تباہ ہو سکتی ہے۔ یہ محض تقسیم ہوتی ہے اور جسم سے رابطہ منقطع ہونے کی صورت میں ایک خاص وقت پر بالآخر کائنات میں پرواز کر جاتی ہے۔

اس تھیوری کو ORCHESTRATED OBJECTIVE REDUCTION نام دیا گیا ہے۔ اس تحقیق میں مصروف دونوں سائنسدانوں نے بیان کیا ہے کہ ہماری روحیں دماغ کے نیورونز کے باہمی اختلاط سے مزین ہیں۔ جو شاید کائنات کے وجود میں آنے کے وقت بھی موجود تھیں۔ یہ حقیقت میں کائنات کے انتہائی اعلیٰ فیبرک سے تشکیل پائی ہیں۔

ڈاکٹر ہیمر آف کے وضاحت کردہ اس اعلیٰ فیبرک کو ہم تانا بانا بھی کہہ سکتے ہیں۔

## اعلیٰ فیبرک ــــــ یا تانابانا:

یہاں آپ یہ سوال بھی کر سکتے ہیں کہ اعلیٰ فیبرک کیا ہے؟ یا اس تانابانا سے کیا مراد ہے؟۔

دوسرا سوال یہ کہ ان مائیکروٹوبیولز کو اطلاع کہاں سے ملتی ہیں؟

اگر زندگی سے تعلق رکھنے والا ہر خلیہ ان مائیکروٹوبیولز کی ہدایت پر عمل پیرا ہے تو پھر یہ مائیکروٹوبیول کس کی ہدایات پر عمل کرتے ہیں؟

سائنسدان اس کا جواب ڈھونڈنے میں مصروف ہیں سائنسی تحقیقات کو فی الحال خاصا وقت اور خاصے مراحل بھی درکار ہیں۔ بہر حال اگر اس لحہ ذرا دیر ٹھہر کر ہم اپنے اسلاف اور روشن ضمیر بزرگوں کی کتابوں اور ان کی تعلیمات پر غور فکر کریں تو اس کا جواب با آسانی پا سکیں گے۔

لوح و قلم اور نظریہ رنگ و نور میں قلندر بابا اولیاءؒ اور حضرت خواجہ شمس الدین عظیمی اعلیٰ فیبرک یا تانے بانے کی وضاحت اس طرح فرماتے ہیں کہ پورا کائناتی ڈھانچہ اور سارا ماورائی نظام لہروں کے تانے بانے پر قائم ہے۔ یہ بھی ایک مسلمہ حقیقت ہے اور آئن سٹائن کی نظریہ اضافیت کے بعد ثابت ہو چکا ہے کہ ہر شئے دو رخوں پر قائم ہے۔ اسی طرح نوعِ آدم بھی روشنی اور عناصر کا مجموعہ ہے۔ آپ وضاحت فرماتے ہیں کہ کائنات میں موجود کوئی بھی وجود دو رخوں کے بغیر مکمل نہیں ہوتا۔

کتاب لوح و قلم میں حضور قلندر بابا اولیاء رحمۃ اللہ علیہ روشنی کی تعریف بیان کرتے ہوئے فرماتے ہیں کہ روشنی خلاء ہے۔ اس خلا کا ایک وجود ہے۔ خلا کا وجود ہے تو اس میں حرکت بھی ہے یعنی خلاء میں مسلسل ایک ارتعاشی عمل جاری ہے۔ جس کا سفر



Marfat.com

دو رکعتوں کے توقف سے فرشتہ آیا
حکمِ سرکارِ مدینہ کے لیے وہ لایا
موڑ لیں کعبہ کی جانب ہی رُخِ انور کو
یہ ہے فرمانِ خدا موڑیں رُخِ اطہر کو
جو بھی ہے آپؐ کو مطلوب وہی تو ہوگا
یا نبیؐ آپؐ جو سوچیں ہے وہی تو ہوتا
یہ فرشتے نے بتایا تھا نبیؐ کو آ کر
خواہشِ پاک کو مانا ہے خدا نے آخر
اذن تبدیلیٔ قبلہ کا وہ جونہی آیا
خانہ کعبہ کی طرف آپؐ نے چہرہ موڑا

## مسجد میں اذان

سب کو اوقاتِ نماز پہ بلانا ہوتا
بولے عبداللہؓ تجویز ہے میرے آقا

Marfat.com

ازل سے ابد کی طرف ہے۔ اب خلا کی اکہری حرکت کو مفرد لہر یا نسمہ مفرد کہا جاتا ہے۔ در حقیقت یہی مفرد اکہری لہر ہی ہے جو تمام حیات کی بنیاد یا بساط یا بیس BASE ہے۔

باباصاحب رحمۃ اللہ علیہ اس کی وضاحت یوں فرماتے ہیں کہ کائنات میں موجود ہر شئے کی زندگی کی بنیاد اسی روشنی کی اکہری مفرد لہر کی حرکت پر قائم ہے۔ جب روشنی کی اس اکہری مفرد لہر میں افقی سمت میں دوسری مرکب لہر کا اضافہ ہوتا ہے تو تانے بانے کی صورت میں ایک جال یا گراف کی تشکیل ہوتی ہے۔ یہ بالکل اسی طرح ہے جس طرح دھاگوں کی انتہائی باریک ڈوریں عمودی اور افقی سمت میں ایک دوسرے میں پیوست ہو کر ایک کپڑے کی صورت میں ظاہر ہوتی ہیں۔ یہ دھاگوں کی ڈوریں بظاہر ایک دوسرے میں پیوست نظر آتی ہیں مگر ایک دوسرے سے الگ بھی ہوتی ہیں۔ اسی طرح روشنی کی دو لہریں مل کر تانا بانا بُنتی ہیں جن کے درمیان موجود کشش کا قانون انہیں ایک دوسرے میں توازن کے ساتھ پیوست یا جوڑے رکھتا ہے۔ اس تانے بانے کو قلندر بابا اولیاءؒ نے اپنی کتاب لوح و قلم میں نسمہ کا نام دیا ہے۔

یہ تانا بانا ہی ہے جو زمان و مکان کہلاتا ہے۔ شعور لاشعور کہلاتا ہے۔ جس میں حیات کے خدوخال تشکیل پاتے ہیں۔ مخلوق کے نقش و نگار بنتے ہیں۔ آپ مزید وضاحت فرماتے ہیں کہ ہر تخلیق کے لئے اس تانے بانے کی تشکیل معین مقداروں پر ہوتی ہے۔ یہی معین مقداریں مختلف نوعوں جمادات، حیوانات، نباتات، بشمول آدمی کی صورت میں ہمیں نظر آتی ہے۔ یعنی اس تانے بانے میں مرکب لہر پر نقش و نگار بنتے ہیں اور روشنی کی مفرد لہر زندگی کے ان نقش و نگار کو فیڈ کرتی ہے۔

اس جملے کی وضاحت اس طرح کی جاسکتی ہے کہ جس رخ کا دنیا میں ظہور ہوا وہ مادیت یا مکانیت ہے اور جو رخ بظاہر نظر نہیں آتا اس میں ظاہر ہونے والے ان نقش و نگار کی اطلاع یا انفارمیشن موجود ہے۔ یعنی کہ باطن زمانیت یا روشنی ہے جو زندگی کو فیڈ کرتی ہے۔ قلندر بابا اولیاءؒ کے بتائے ہوئے ان کلیات کے مطابق اگر کسی بھی وجہ سے روشنی کی اس اکہری یا مفرد لہر کا مرکب لہر پر غلبہ ہو جائے تو انسان کو OBE بیرونِ جسم تجربات کا مشاہدہ ہو سکتا ہے۔ اس کی ایک انتہائی سادہ اور جامع مثال نیند کے دوران خواب کی حالت ہے۔ ہم گہری نیند میں ہوتے ہوئے بھی خواب کے دوران بیداری کے حواس کی طرح کھاتے پیتے بھی ہیں، چلتے پھرتے بھی ہیں۔ اگر خواب میں ڈر جائیں تو بیدار ہونے پر ہم اس ڈر کو محسوس کرتے ہیں۔ کوئی چوٹ لگے تو اس کے درد کو محسوس کرتے ہیں جبکہ بحیثیتِ مادی جسم ہم بستر پر تقریباً بے جان حالت میں پڑے ہوتے ہیں۔

ڈاکٹر ہیمر آف اور پین روز کی تھیوری آف کونشیس نیس اور مائیکرو ٹوبیولز کے کردار پر بحث سے کم سے کم یہ تو واضح ہو جاتا ہے کہ وہ وقت دور نہیں جب سائنسدان شعور کے ساتھ لاشعور اور زمان و مکان کے اس تانے بانے کو صحیح رخ پر سمجھ پائیں گے۔

حوالہ جات:

1۔ ماہنامہ "روحانی ڈائجسٹ" موضوع" زمان و مکان کے تانے بانے میں روح کی تلاش"



Marfat.com

انہوں نے خواب میں دیکھا ہے اک شخص وہاں
پاس مسجد کے کھڑا ہو کے وہ دیتا ہے اذاں
پاک آقاؐ نے سنا ان سے طریقہ ایسا
پھر نبیؐ پاک نے عبداللہؓ سے یوں فرمایا
ٹھیک ہے اللہ نے خیر دکھایا تجھ کو
یہ طریقہ ہے پیارا جو سنایا مجھ کو
انہوں نے لفظ نبیؐ پاک کو بتلائے تھے
کرنے تصدیق بھی فاروقؓ وہاں آئے تھے
بولے پھر آوَ بلالؓ یوں اذاں کہہ ڈالو
جو تمہیں زیدؓ بتاتے ہیں یہاں کہہ ڈالو
جیسے ہی شہرِ مقدّس میں صدا گونجی تھی
سُن کے مخلوق محبّت میں چلی آئی تھی

Marfat.com

موضوع 84/ 10

# پھٹکارے ہوے بندر

# THE DESPISED MONKEYS

## سُوۡرَۃُ الۡبَقَرَۃِ (THE COW)

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

وَلَقَدۡ عَلِمۡتُمُ الَّذِیۡنَ اعۡتَدَوۡا مِنۡکُمۡ فِی السَّبۡتِ فَقُلۡنَا لَہُمۡ کُوۡنُوۡا قِرَدَۃً خٰسِئِیۡنَ ﴿۶۵﴾

ترجمہ: ۔ جنھوں نے ہفتے کے دِن کے قانون کی بے حرمتی کی تو ہم نے کہا جاؤ ذلیل بندر بن جاؤ۔

*And indeed you knew those amongst you who transgressed in the matter of the Sabbath (i.e Saturday). We said to them: "Be you monkeys, despised and rejected.*

حضرت داؤد علیہ السلام کے دور میں لوگوں نے سنیچر (ہفتہ) کے دِن کا احترام ترک کر دیا تھا۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام کی شریعت کے مطابق بنی اسرائیل کو سنیچر (ہفتہ) کے احترام کی تاکید کی گئی تھی۔ انھیں حکم تھا کہ ہفتہ کا دِن عبادت کے لئے مخصوص ہے اِس روز شکار نہ کریں اور دنیاوی مشاغل ترک کر دیں۔

ایلہ شہر میں آباد اسرائیلیوں نے یہ طریقہ اختیار کیا کہ جمعہ کے دِن دریا کے کنارے بہت سے گھڑے کھود دیتے تھے اور نالیاں بنا کر دریا کا پانی گھڑوں میں جمع کر دیتے تھے۔ پانی کے ساتھ مچھلیاں بھی گھڑوں میں جمع ہو جاتی تھیں۔ اور بنی اسرائیل اتوار کی صبح مچھلیاں پکڑ لیتے تھے۔

حضرت داؤد علیہ السلام نے انھیں اِس عمل سے باز رہنے کی ہدایت کی۔ لیکن بنی اسرائیل نے اُن کا کہنا نہیں مانا۔ نافرمانی کی وجہ سے اُن کی شکلیں مسخ ہو گئی۔ اور وہ بندر بن گئے۔ عقل و حواس تو قائم رہے لیکن قوتِ گویائی ختم ہو گئی۔ اُن کے جسم سے بدبو کے بھپکے اُٹھنے لگے اور تین روز تک روتے روتے مر گئے۔

وَلَقَدۡ عَلِمۡتُمُ الَّذِیۡنَ اعۡتَدَوۡا مِنۡکُمۡ فِی السَّبۡتِ فَقُلۡنَا لَہُمۡ کُوۡنُوۡا قِرَدَۃً خٰسِئِیۡنَ ﴿۶۵﴾

اور جان چکے ہو کہ جنھوں نے تم میں زیادتی کی ہفتے کے دِن میں، تو ہم نے کہا ہو جاؤ بندر پھٹکارے ہوئے۔

(سورۃ البقرہ، پارہ 1، آیت 65)



Marfat.com

## مواخات

مسجدِ نبوی کی تعمیر ابھی جاری تھی
اب مواخات نبیؐ پاک نے فرما دی تھی
حضرت انسؓ کے ہاں سب کو بلایا اک دن
اور انصارِ مدینہ کو بتایا اک دن
آج سے سارے مہاجر ہیں تمہارے بھائی
ان کو یثرب میں ہماری ہے محبّت لائی
بعد ہجرت کے جو اصحابؓ مدینے آتے
اہلِ یثرب سے وہ اس قدر محبّت پاتے
بھول جاتے تھے سبھی درد وہ مکّے والے
اتنا وہ پیار عطا کرتے مدینے والے
اُن کو احساس جدائی کا نہ ہونے پاتا
مکّے سے جو بھی مہاجر تھا مدینے آتا

Marfat.com

## حضرت شاہ ولی اللہؒ:

حضرت شاہ ولیؒ اللہ نے شکلیں مسخ ہونے کی تشریح INTERPRETATION اس طرح کی ہے:

حضرت شاہ ولی اللہؒ فرماتے ہیں:

" مچھلی فاسد المزاج اور بدبودار ہوتی ہے۔ اللہ کے حکم کے خلاف، نافرمانی کر کے جب بنی اسرائیل اس کو کھاتے رہے تو ان میں فسادِ مزاج سرائیت کر گیا۔ اور ان کے جسم میں بگاڑ پیدا ہو گیا۔ (اس کا مطلب یہ بھی ہے کہ اللہ تعالیٰ کے منع کرنے کے بعد غذا حرام ہو گئی) ۔ حلال خوراک سے جو انرجی بنتی تھی اس میں تبدیلی آ گئی۔ یہ تبدیلی بڑھتے بڑھتے جب تکمیل کو پہنچ گئی تو ان کے جسموں پر بندروں کی طرح بال نکل آئے۔ وہ بندر بن گئے۔ اور ان پر ذلت ورسوائی مُسلّط ہو گئی"۔



Marfat.com

## صفہ اور اصحابؓ صفہ

کر کے ہجرت مدینے سے جو اصحابؓ آتے
یا جو بے گھر تھے وہ اصحابؓ صفہ پہ جاتے
اس جگہ آ کے معلم بھی رہا کرتے تھے
جھولیاں عِلم نبوّت سے بھرا کرتے تھے
دعوتِ دین و تعلم کے چراغ جلتے
اور قرآن کی اُلفت کے گلاب کھلتے
یہ نبیؐ پاک سے تعلیم لیا کرتے تھے
اور تقلید نبیؐ پاک کیا کرتے تھے
اب مدینے کی حسیں پاک ریاست کے لیے
شہرِ اطہر کے مکینوں کی حفاظت کے لیے

## میثاقِ مدینہ

سارے طیبہ کے مکینوں سے جو میثاق کیا
اس نے مکّہ کے لعینوں کو تھا غمناک کیا

Marfat.com

موضوع 11/84

# من وسلویٰ

# AL-MANNA AND THE QUAILS

## سُوْرَةُ الْبَقَرَةِ (THE COW)

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

وَاَنۡزَلۡنَا عَلَیۡکُمُ الۡمَنَّ وَالسَّلۡوٰی ؕ کُلُوۡا مِنۡ طَیِّبٰتِ مَا رَزَقۡنٰکُمۡ ؕ

من وسلویٰ کی غذا تمھارے لیے فراہم کی (اور تم سے کہا کہ) کھاؤ یہ پاکیزہ چیزیں جو ہم نے عطا کی ہیں۔

*And sent down on you Al-Manna and the Quails: "Eat of the good lawful things We have provided for you.*

قرآن حکیم میں اللہ نے بار بار اُن نعمتوں کا ذکر کیا ہے جن سے بنی اسرائیل کو نوازا تھا۔ مثلاً بحیرہ قلزم کو چیر کر اُن کے لئے راستہ بنانا۔ فرعون کو غرق کرنا، صحرائے سینا میں اُن کے لئے بارہ چشمے جاری کرنا۔ دھوپ سے بچانے کے لئے اُن کے سروں پر بادل تان دینا۔ اور من وسلویٰ نازل کرنا۔

وَاَنۡزَلۡنَا عَلَیۡکُمُ الۡمَنَّ وَالسَّلۡوٰی ؕ اور ہم نے تم پر من وسلویٰ نازل کیا۔ (سورۃ بقرۃ، پارہ 1، آیت 75)

سلویٰ سے مراد بٹیروں کی ڈاریں ہیں۔ جو ہر سحر کو اُن کے خیموں کے قریب اترتیں۔ اور یہ اُنہیں پکڑ لیتے تھے۔ مَنّ سے مراد ایک سفید رنگ کی لذیذ مٹھائی ہے جو ہر صبح منوں کے حساب سے برستی۔ اور لوگ اُسے جمع کر لیتے۔ اگر وہ بعد از طلوع کچھ دیر تک رہ جاتی تو تحلیل ہو کر شبنم کی طرح اُڑ جاتی۔ اُس کا ذائقہ شہد جیسا تھا۔

صحرائے سینا میں ایک پودے تمرکس (Tamarix) کے ساتھ بالکل مَنّ جیسا پھل لگتا ہے یہ صبح کے وقت زمین پر خود بخود گرتا ہے اور دھوپ میں پگھل جاتا ہے وہاں کے لوگ اسے پگھلا کر بوتلوں میں بھر لیتے اور شہد کی طرح ڈبل روٹی کے ساتھ لگا کر کھاتے ہیں اسے عموماً آسمانی پھل کہا جاتا ہے۔

کہتے ہیں کہ ایک دفعہ آئس لینڈ میں آگ بھڑک اُٹھی۔ دو آدمیوں کے سوا باقی سب کچھ جل گیا۔ اُن کا گزارہ شبنم پر تھا جو گرنے کے بعد جم جاتی۔ آئس لینڈ کی موجودہ آبادی اُنھیں دو افراد کی اولاد ہے۔

نیوزی لینڈ کے موری قبائل کہتے ہیں کہ ایک مرتبہ آندھیوں، گھٹاؤں اور طوفانوں سے اُن کے گھر تباہ ہو گئے۔ بعد میں دیر



Marfat.com

اس میں سارے وہ یہودی بھی ہوئے تھے شامل
جن کو اس شہر میں تھا اثر و رسوخ حاصل
اب مسلمان مدینے میں سکوں سے رہتے
آگ میں سارے مدینے کے منافق جلتے
ایک افواہ مدینے میں اُڑا رکھی تھی
ایک ترکیب ستانے کی بنا رکھی تھی
کہ مسلمانوں کے گھر کوئی نہ بچہ ہوگا
ہم نے جادو ہے کیا اور یہ سچا ہوگا
تھا یہ مقصود صحابہؓ کو ڈرا کے رکھنا
جھوٹے خوابوں کو خیالوں کو سجا کے رکھنا
ایسی افواہوں کو پھر ختم کیا تھا ربّ نے
جو کہ ان پہ ہوا دیکھ لیا تھا سب نے
سیّدہ اسماءؓ کے ہاں پیدا ہوا جو بیٹا
نام عبداللہؓ تھا نورِ نظر وہ بیٹا

Marfat.com

تک کُہر چھائی رہی۔ اور فضاء سے بھاری منجمد شبنم برستی رہی۔

بُدھی روایات میں ہے کہ جب دنیا کا ایک چکر ختم ہو جاتا ہے تو آسمان سے غذا برسنے لگتی ہے۔ رگوید اور اتھروارید میں بھی بادلوں سے شہد برسنے کا ذکر ملتا ہے۔

یونانیوں کے ہاں ایک ایسی آسمانی غذا کا ذکر ملتا ہے جس کا ذائقہ شہد جیسا تھا۔ یہی شہد جب دریاؤں پر برسا تو اُن کا رنگ دودھ کی طرح سفید ہو گیا۔ اور ذائقہ شہد جیسا۔ اسی بنا پر رومن شاعر اووڈ (Ovid) 43 (ق۔م) نے کہا تھا کہ ہمارے ملک میں شیر و شہد کی نہریں بہتی ہیں۔

حوالہ جات:

1۔ کتاب "میری آخری کتاب" از ڈاکٹر غلام جیلانی برق، باب من وسلویٰ، صفحہ نمبر 192 تا 193



Marfat.com

دوسرا بچہ جو انصار کے گھر میں آیا
نام نعمانؓ رکھا اس کا کرم فرمایا
بعد ہجرت کے ہوئے پیدا مدینے بیٹے
اس سے افواہوں کے سارے ہی طلسم ٹوٹے
یہ نبیؐ پاک کی رحمت تھی مسلمانوں پر
ربّ اطہر کی محبت تھی مسلمانوں پر

## سیّدہ فاطمہؓ کی حضرت علیؓ سے شادی

ایک دن شیرِ خدا آ کے ملے آقاؐ سے
ایک حاجت تھی جو دل میں وہ لیے بیٹھے تھے
فاطمہؓ زہرا سے شادی کے لیے وہ آئے
پیکرِ شرم و حیا منہ سے نہ کچھ کہہ پائے
پوچھا حیدرؓ سے نبیؐ پاک نے کیا حاجت ہے
فاطمہؓ بیٹی سے شادی کی تری چاہت ہے

Marfat.com

موضوع 12/84

# اللہ دیکھ رہا ہے

## سُوْرَۃُ الْبَقَرَۃِ (THE COW)

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

وَاللّٰہُ بَصِیۡرٌۢ بِمَا یَعۡمَلُوۡنَ ﴿۹۶﴾

ترجمہ: اور جو کام یہ کرتے ہیں اللہ ان کو دیکھ رہا ہے۔ *Allah is Seer of what they do.*

ایک سوال یہ نکلتا ہے کہ کیا ہماری زندگی میں کوئی بھی ایک ایسا عمل موجود ہے کہ جس کو ہم تخیّل کے علاوہ کوئی نام دے سکیں۔ کھانا، پینا، سونا، جاگنا، ان سب کا تعلق بھی خیال سے ہی ہے۔ اگر کسی آدمی کو زندگی میں پانی پینے کا خیال نہ آئے تو آدمی کبھی پانی نہیں پیئے گا۔ پہلے خیال آتا ہے پانی پینے کا یعنی پیاس لگتی ہے، پھر آدمی پانی پیتا ہے۔ بغیر پیاس کے کوئی آدمی پانی نہیں پیتا۔ اسی طرح اللہ تعالیٰ نے پیٹ ساتھ لگا دیا ہے۔ جب تک آدمی کو بھوک نہیں لگتی، آدمی روٹی نہیں کھاتا۔

بھوک لگنا کیا ہے؟ بھوک لگنا بھی ایک خیال ہے۔ ایک خیال کا نام بھوک رکھ لیا، پانی پینے کے خیال کا نام پیاس رکھ لیا، اعصاب تھک جاتے ہیں تو ان کو آرام کی ضرورت پیش آتی ہے، آرام کا نام نیند رکھ لیا۔ لیکن جب تک کسی آدمی کو نیند نہیں آئے گی وہ سوئے گا نہیں۔

آج کل تو یہ بہت زیادہ ہو گیا ہے کہ نیند کی گولیاں بھی کھاتے ہیں پھر بھی نیند کا خیال نہیں آتا ہے۔ اس میں کہیں گڑبڑ ہو جاتی ہے۔ پھر یہی صورتحال ہر انسان کے ساتھ آپ دیکھتے ہیں کہ سونے کے بعد جاگنا بھی پڑتا ہے۔ کوئی انسان ساری زندگی سو نہیں سکتا۔ کوئی انسان ساری زندگی بیدار نہیں رہ سکتا۔ تو سونے کے بعد جو اٹھنا ہے وہ بھی ایک خیال ہے۔ تو یہ ساری زندگی خیال کے اوپر DEPEND کرتی ہے۔ زندگی کا کوئی بھی ایک عمل، کوئی بھی ایک جذبہ، کوئی بھی ایک تقاضہ ایسا نہیں ہے کہ جس کو آپ یہ کہہ سکیں کہ یہ بغیر خیال کے ہم پورا کر لیتے ہیں۔

زندگی کے جتنے بھی جذبات ہیں ان کا تعلق خیال سے ہے۔ پہلے خیال آئے گا۔ آپ اس خیال کو قبول کریں گے اس کے بعد آپ عمل کریں گے۔ یہ ساری زندگی عالم تخیّل ہے۔ عالم تخیّل کا مطلب ہے خیالات کے اوپر DEPEND کرنا۔

اس سوال کا جواب کہ روحانیت میں ہم جو کچھ دیکھتے ہیں کیا وہ حقیقت پر مبنی ہے تو اس کا جواب یہ ہے کہ اگر انسان کے اندر یقین کا پیٹرن موجود ہو تو جو کچھ وہ دیکھ رہا ہے حقیقت پر مبنی ہے اور اگر انسان کے اندر یقین کا پیٹرن موجود نہیں ہے تو وہ بھی فکشن ہے۔



Marfat.com

ہاں رسولؐ اللہ فقط اتنا علیؓ کہہ پائے
لمحے اس آپؐ کے ہونٹوں پہ یہ الفاظ آئے
ایسا منظور خدا کو تھا یہی آقاؐ کو
اپنا داماد بنائیں گے علیؓ مولا کو
اُنؐ کی بیٹی کی علیؓ سے ہی تو شادی ہوگی
انؐ کو معلوم تھا ہے یہ ہی رضا اللہ کی
فاطمہؓ بیٹی کی پھر شادی علیؓ سے کر دی
جھولی سرکارِ مدینہ نے علیؓ کی بھر دی
شادی کے موقع پہ بیٹی کو جو ساماں دیا
چارپائی تھی گھڑے دو تھے اک مشکیزہ
گدا چمڑے کا تھا چکیاں تھیں وہاں چھاگل تھی
ماسوا ان کے کوئی چیز نہیں حاصل تھی

Marfat.com

اس کی مثال یوں ہے کہ اللہ تعالیٰ قرآن کریم میں فرماتے ہیں:

وَاللّٰہُ بَصِیۡرٌۢ بِمَا یَعۡمَلُوۡنَ

ہم سب کہتے بھی ہیں کہ اللہ ہے، اللہ دیکھ رہا ہے اور باوجود کہ ہم کہتے ہیں کہ اللہ دیکھ رہا ہے، ہم گناہ کر رہے ہیں۔ یہ کیسے ممکن ہے؟ یعنی ایک آدمی کسی آدمی کے سامنے بے ستر ہونا پسند نہیں کرتا۔ شرم و حیا کی وجہ سے۔ اس لئے کہ وہ آدمی یہ دیکھ رہا ہے کہ ایک آدمی کھڑا ہے اور اُس سے وہ شرم کرتا ہے، حالانکہ وہ اسی جیسا آدمی ہے لیکن دوسری طرف جب وہ یہ کہتا ہے کہ اللہ دیکھ رہا ہے تو کوئی آدمی گناہ کیسے کر سکتا ہے؟

اِس کا مطلب کیا ہے؟

وہ جو یہ کہہ رہا ہے کہ مجھے اللہ دیکھ رہا ہے یہ اس کے لئے محض الفاظ ہیں۔ یقین کا پیٹرن اس کے اندر موجود نہیں ہے جب یہ بات یقین بن جائے کہ اللہ دیکھ رہا ہے تو آدمی گناہ کیسے کر سکتا ہے؟ کوئی آدمی اللہ کی مرضی کے خلاف کوئی قدم کیسے اٹھا سکتا ہے؟

ایک قصہ ہے کسی بزرگ کا کہ ان کے دو مرید تھے۔ ایک مرید پر وہ بہت زیادہ شفقت کرتے تھے۔ جس مرید پر زیادہ شفقت کرتے تھے اسے دوسرے لوگ ذرا محسوس کرتے تھے۔ انہوں نے ایک دفعہ تجربے کیلئے اپنے ایک مرید کو کہا کہ بھائی یہ چیز کسی ایسی جگہ دبا آؤ جہاں کوئی نہ دیکھ رہا ہو۔ وہ جنگل میں کہیں گیا، اِدھر اُدھر سب جگہ دیکھا وہاں کوئی آدمی نہیں تھا، وہ چیز وہیں دبا کے آ گیا۔ پھر اس کو بلایا جس پہ زیادہ شفقت تھی کہ میاں یہ ایک چیز ہے کسی ایسی جگہ دبا کے آؤ جہاں کوئی نہ دیکھ رہا ہو۔ وہ صاحب صبح کے گئے شام ہو گئی۔ لوگوں نے اپنے پیر صاحب سے کہا کہ دیکھئے حضرت اتنا ذرا سا کام تھا سارا دن لگا دیا، شام کو وہ تھکے ماندے ہانپتے کانپتے آئے اور وہ چیز پیر صاحب کے سامنے رکھ دی۔ پیر صاحب نے کہا کہ ہم نے تم سے کہا تھا کہ اس کو دبا کے آنا جہاں کوئی نہ دیکھ رہا ہو۔ کہنے لگے صاحب صبح سے شام ہو گئی تلاش کرتے ہوئے کوئی جگہ ایسی نہیں ملی، جہاں بھی گیا اللہ دیکھ رہا تھا۔ تو دیکھئے یہ یقین کا پیٹرن ہے تو اگر کوئی انسان مراقبے میں کچھ دیکھتا ہے اس کے اندر اگر یقین کا پیٹرن ہے تو وہ جو کچھ دیکھ رہا ہے، صحیح دیکھ رہا ہے اور اگر اس کے اندر یقین کا پیٹرن نہیں ہے تو اگر وہ صحیح دیکھ رہا ہے تو بھی غلط دیکھ رہا ہے۔

مراقبہ کا تعلق ایک طرزِ فکر سے ہے۔ ہر انسان کے اندر دو طرزِ فکر کام کرتی ہیں۔ ایک طرزِ فکر یہ ہے کہ انسان اپنی ذات کو سامنے رکھتا ہے اور صرف اپنی ذات کو سامنے رکھنا شیطنیت کے علاوہ کچھ نہیں ہے۔ اللہ تعالیٰ نے شیطان کو حکم دیا کہ آدم کو سجدہ کرو۔ اس نے کہا صاحب میں تو اس سے بہت زیادہ پڑھا لکھا ہوں۔ میں تو مُعلّمُ الملکوت ہوں۔ میں تو آگ کا بنا ہوا ہوں میں اسے کیسے سجدہ کروں؟ سڑی ہوئی مٹی سے بنے ہوئے آدمی کو میں کیسے سجدہ کر سکتا ہوں؟

اِس کا کیا مطلب ہوا؟

اس کا مطلب یہ ہوا کہ شیطان کی اپنی ذات سامنے تھی۔ اللہ کا حکم سامنے نہیں تھا۔ غلطی آدم بھی کرتے ہیں۔ اللہ نے کہا ہم



Marfat.com

## اُمّ المومنین حضرت سودہؓ

سیّدہ سودہؓ بھی مکّے میں رہا کرتی تھیں
حُسن و اخلاق میں بے مثل بڑی ہستی تھیں
جب مسلمانوں پہ تھی تنگ مکّے کی وادی
سیدہؓ پاک نے اس لمحے پہ ہجرت کی تھی
مالک زمعہؓ صحابی تھے جو بھائی ان کے
ساتھ تھے ہجرت حبشہ میں وہ بھائی ان کے
ہجرت حبشہ میں سکران چلے آئے تھے
ان کی ترغیب سے خاوند بھی مسلماں ہوئے
دورِ اوّل میں مسلمان ہوئی تھیں بی بی
دین اسلام کا احسان ہوئی تھیں بی بی
ان سے منسوب احادیث نبیؐ اقدس کی
پانچ محبوب احادیث نبیؐ اقدس کی

Marfat.com

نے تمہیں منع کیا تھا۔ تم نے ہماری حکم عدولی کیوں کی۔ دیکھئے! اب اللہ تعالیٰ کے سامنے آدم نے یہ نہیں کہا کہ اللہ تعالیٰ آپ نے جنّت بنائی۔ آپ نے درخت بنایا۔ اگر آپ درخت ہی نہ بناتے تو میں اس کے قریب ہی نہ جاتا وغیرہ وغیرہ۔ بس انہوں نے کہا تو کیا کہا۔

قَالَا رَبَّنَا ظَلَمْنَآ اَنْفُسَنَا سکتہ وَ اِنْ لَّمْ تَغْفِرْ لَنَا وَ تَرْحَمْنَا لَنَكُوْنَنَّ مِنَ الْخٰسِرِيْنَ ﴿۲۳﴾

دونوں عرض کرنے لگے کہ پروردگار ہم نے اپنی جانوں پر ظلم کیا اور اگر تو ہمیں نہیں بخشے گا اور ہم پر رحم نہیں کرے گا تو ہم تباہ ہو جائیں گے۔ (سورہ اعراف، پارہ 8، آیت 23)

یعنی اے میرے ربّ، میں نے تو اپنے اوپر ظلم کر لیا۔ اگر آپ نے مجھے معاف نہیں کیا تو میرا تو کہیں ٹھکانا ہی نہیں ہے۔ آپ میرے اوپر رحم فرمادیں مجھے معاف کردیں۔

اب فرق دیکھئے، شیطان نے اپنی ذات کو سامنے رکھا وہ ملعون قرار پایا۔ آدمؑ نے اپنی ذات کی نفی کر دی، وہ پیغمبرؑ ہو گئے۔ تو اگر اپنی ذات کی نفی ہے، پھر تو وہ روحانی طرزِ فکر ہے اور اگر انسان کی اپنی ذات کی نفی نہیں ہے، تو وہ جو کچھ بھی دیکھ رہا ہے اس میں شیطانی وسوسہ ضرور ہے۔

حوالہ جات:

1۔ کتاب "روح کی پکار" از الشیخ خواجہ شمس الدین عظیمی، موضوع کیفیت اور خیال میں فرق، صفحہ نمبر 167 تا 170



Marfat.com

حبشہ میں آپؓ کے خاوند نے وفات پائی
بعد میں شادی نبیؐ پاک نے تھی فرمائی
دورِ فاروقیؓ میں ہی دورِ جدائی آیا
دنیا سے جانے کا جو حکم الٰہی آیا
آپؓ عائشہؓ سے بھی پیار بہت ہی کرتیں
جس کا آقاؐ سے وہ اظہار بہت ہی کرتیں

## اُمّ المومنین حضرت عائشہؓ

جس نے اسلام کی آغوش میں آنکھیں کھولیں
وہ تو صدیقؓ کی بیٹی تھی وہ عائشہ تھیں
عقل و دانش بھی شعور بھی تدبّر ایسا
دیکھنے والوں کو صدیقؓ کے جیسا لگتا
اپنے بابا سی وہ سیرت میں تھیں کردار میں تھیں
جس گھرانے میں وہ تھیں مطلع انوار میں تھیں

Marfat.com

موضوع 84/ 13

# آزمائش THE TEST

## سُوۡرَةُ الۡبَقَرَةِ (THE COW)

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

وَلَنَبۡلُوَنَّکُمۡ بِشَیۡءٍ مِّنَ الۡخَوۡفِ وَالۡجُوۡعِ وَنَقۡصٍ مِّنَ الۡاَمۡوَالِ وَالۡاَنۡفُسِ وَالثَّمَرٰتِ ؕ وَبَشِّرِ الصّٰبِرِیۡنَ ﴿۱۵۵﴾

ترجمہ: اور ہم کسی قدر خوف اور بھوک اور مال اور جانوں اور میووں کے نقصان سے تمہاری آزمائش کریں گے اور صبر کرنے والوں کو بشارت سنادو۔

*And surely We shall try you with something of fear and hunger, and loss of wealth and lives and crops; but give glad tidings to the steadfast,*

سلاسلِ طریقت کے ساتھ وابستہ تمام اراکین کو چاہیئے کہ وہ ظرف میں وسعت اور گہرائی کے لئے مسلسل کوشش کرتے رہیں۔ کسی بھی سلسلہ کے ذمّہ داران کو اِس کام کے لئے دوسروں کی نسبت زیادہ کوشش کرتے رہنے کی ضرورت ہے۔ اِس مقصد کے حصول کے لئے یعنی اپنے ظرف کو سمجھنے اور اعلیٰ ظرفی کے لئے ضروری ہے کہ اپنے نفس پر کنٹرول کرنا سیکھا جائے۔ اِنسانی نفس خرابیوں کی طرف تیزی سے مائل ہوتا ہے۔ انا پرستی، خود غرضی، لالچ، تکبر، دولت اور اقتدار کی حرص اِنسان کو اعتدال سے ہٹا کر سیدھے راستے سے بھٹکا دیتی ہے۔ نفس کی بے جا خواہشات سے مغلوب، حق اور ناحق کا خیال نہیں رکھتا۔ وہ اپنی ذات کی پرستش میں، اپنی خواہشات کے حصار میں ہی بند رہتا ہے۔ اعلیٰ ظرفی کئی صفات سے مل کر وجود میں آتی ہے۔ اعلیٰ ظرفی کا ایک مطلب ہے نفس کی مندرجہ بالا خرابیوں پر قابو پانا۔

زندگی کے سفر میں ہر اِنسان اپنے لئے کامیابیوں کا متمنی ہوتا ہے۔ کامیابیوں کے لئے محنت کرتا ہے، اور کامیابی ملنے پر خوش بھی ہوتا ہے۔ کامیابی پر خوش ہونا فطری ہے۔ لیکن بعض لوگ کامیابی پر پھولے نہیں سماتے۔ اس خوشی میں خود کو معزز اور پیچھے رہ جانے والوں کو کمتر سمجھتے ہیں۔ اسی طرح زندگی میں کبھی ناکامی کا سامنا بھی ہو سکتا ہے۔ ناکامی کی صورت میں افسردہ ہونا بھی فطری ہے۔ لیکن بعض لوگ ناکامی پر ڈپریشن اور مایوسی میں مبتلا ہو جاتے ہیں۔ ایسے بعض لوگ خود کو مظلوم سمجھتے ہوئے اپنے سامنے کامیاب ہونے والوں



Marfat.com

سیدہ سودہؓ کے بعد آپؓ نکاح میں آئیں
آپؓ سرکارِؐ مدینہ کی وفا میں آئیں
حافظہ آپؓ بھی قرآنِ مقدس کی تھیں
عالمہ آپؓ بھی قرانِ مقدس کی تھیں
آقاؐ کی بیٹی کی تھی آپؓ سے اُلفت سوا
زندگی بھر نہ ہوئیں اُن سے کبھی بھی خفا
ان کا حجرہ ہی نبیؐ پاک کا مدفن ٹھہرا
عرشِ اعظم سے زمیں کا ہے یہ ٹکڑا اعلیٰ

## اُمّ المومنین حضرت حفصہؓ

سیّدہ حفصہؓ باہمت تھیں وہ با سیرت تھیں
حضرتِ عمرؓ کے کردار کی وہ صورت تھیں
انؓ کے خاوند کا نبیؐ پاک سے تھا پیار ایسا
چونکہ سرکارِؐ مدینہ ہی تھے انؓ کے آقاؐ

Marfat.com

سے مخاصمت حتیٰ کہ کچھ لوگ حسد میں بھی مبتلا ہو جاتے ہیں۔ اعلیٰ ظرفی کا ایک مطلب یہ بھی ہے کہ کامیابی اور ناکامی دونوں صورتوں میں اپنے جذبات پر قابو رکھنا اور دوسروں کی عزّت اور دوسروں کے حقوق کا خیال رکھنا۔ اِنسان کی زندگی میں کبھی مشکلات اور کبھی رکاوٹیں بھی آسکتی ہیں۔ کسی نظریہ یا مشن سے وابستہ لوگوں کو خود ان کی اپنی صفوں میں موجود بعض مفاد پرست عناصر کی طرف سے یا بیرونی مخالف افراد کی جانب سے کبھی لالچ یا کبھی خوف کا سامنا بھی ہو سکتا ہے۔ اس لالچ یا خوف سے متاثر نہ ہونا یا ایسی ترغیب یا تعزیر کے سامنے ثابت قدم رہنا بھی اعلیٰ ظرفی کا اظہار ہے۔ اور وہ لوگ جو راہ حق پر چلنے والوں کو بھٹکانے کی کوشش کرتے ہیں۔ ایسے لوگوں کے بارے میں قرآن پاک آگاہ کرتا ہے کہ:

اُولٰٓئِكَ الَّذِیْنَ اشْتَرَوُا الْحَیٰوةَ الدُّنْیَا بِالْاٰخِرَةِ

یہ وہ لوگ ہیں جنہوں نے آخرت کے بدلے دنیا کی زندگی خریدی۔ (سورہ بقرہ، پارہ 1، آیت 86)

مختلف مخالفانہ حالات میں کسی نقصان کی صورت میں کسی قریبی یا عزیز ترین ہستی کی جدائی کی صورت میں صبر کا دامن تھامے رکھنا اور اللہ تعالیٰ کی مرضی پر راضی رہنا بھی اعلیٰ ظرفی ہے۔ اور یہ اعلیٰ ظرفی اللہ تعالیٰ کی رحمتوں کے نزول کا ذریعہ بنتی ہے۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے۔

وَلَنَبْلُوَنَّكُمْ بِشَیْءٍ مِّنَ الْخَوْفِ وَالْجُوْعِ وَنَقْصٍ مِّنَ الْاَمْوَالِ وَالْاَنْفُسِ وَالثَّمَرٰتِ ؕ وَبَشِّرِ الصّٰبِرِیْنَ ﴿۱۵۵﴾ الَّذِیْنَ اِذَآ اَصَابَتْهُمْ مُّصِیْبَةٌ ۙ قَالُوْٓا اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّآ اِلَیْهِ رٰجِعُوْنَ ﴿۱۵۶﴾ اُولٰٓئِكَ عَلَیْهِمْ صَلَوٰتٌ مِّنْ رَّبِّهِمْ وَرَحْمَةٌ ۟ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُهْتَدُوْنَ ﴿۱۵۷﴾

اور ہم کس قدر خوف اور بھوک اور مال اور جانوں اور میووں کے نقصان سے تمہاری آزمائش کریں گے اور صبر کرنے والوں کو بشارت سنادو۔ کہ ان لوگوں پر جب کوئی مصیبت واقع ہوتی ہے تو وہ کہتے ہیں کہ ہم اللہ ہی کا مال ہیں اور اسی کی طرف لوٹ کر جانے والے ہیں۔ یہی وہ لوگ ہیں جن پر ان کے پروردگار کی عنایتیں ہیں اور خصوصی رحمت بھی ہے اور یہی سیدھے راستے پر ہیں۔

(سورہ بقرہ، پارہ 2، آیت 155 تا 157)

مرید کا اعلیٰ ظرف ہونا خود اس کے لئے بھی باعثِ سعادت اور رحمت ہے۔ ایسا بندہ سلسلہ طریقت سے ملنے والی تربیت سے خوب بہرہ مند ہوتا ہے اور جو لوگ اپنے ظرف کو اعلیٰ ظرف بنانے میں مرشد کی کوششوں کا مثبت جواب نہیں دیتے، وہ رُوحانی تربیت کے ابتدائی مرحلوں میں ہی پیچھے رہ جاتے ہیں۔

حوالہ جات:

1- کتابچہ "سلسلہ عظیمیہ کی تعلیمات" از ڈاکٹر وقار یوسف عظیمی، موضوع ظرف، صفحہ نمبر 18 تا 19



Marfat.com

آپؓ خنیسؓ کی بیوی تھیں نبیؐ سے پہلے
وہ نبیؐ پاک کی خدمت میں سدا ہی رہتے
اُحد میں زخمی ہوئے اور وفات پائی
ہو کے مدفون مدینے میں ہی راحت پائی
آپؓ نے ہجرت حبشہ کی مدینہ بھی کی
بے مثال اور درخشندہ سی وہ ہستی تھی
عمرؓ فاروق کی تھیں لختِ جگر وہ حفصہؓ
کس قدر آپؓ کی تھیں نورِ نظر وہ حفصہؓ
آپؓ کا سارا قبیلہ بھی مسلماں ہوا
دین اسلام پہ اللہ کا احساں ہوا
تین ہجری میں وہ آقاؐ کے عقد میں آئیں
پھر نبیؐ پاک کے کاشانہ میں آ کے ٹھہریں

Marfat.com

موضوع 14/84

# اِنَّا لِلّٰهِ وَ اِنَّآ اِلَيۡهِ رٰجِعُوۡنَ

TRULY! TO ALLAH WE BELONG, TO
HIM WE SHALL RETURN

## سُوۡرَةُ الۡبَقَرَةِ (THE COW)

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

اِنَّا لِلّٰهِ وَ اِنَّآ اِلَيۡهِ رٰجِعُوۡنَ ﴿۱۵۶﴾

ترجمہ:۔ ہم اللہ ہی کے ہیں اور ہمیں ایک دِن اسی کی طرف پلٹ کر جانا ہے۔

*Lo! we are Allah's and Lo! unto Him we are returning.*

### ادراک(PERCEPTION) + آواز(SOUND ENERGY) = الفاظ(WORDS):

اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں، " تمام امورُ اللہ کی طرف رجوع کرتے ہیں۔"

ہم روزانہ دیکھتے ہیں کہ پانی ایسے تصوّرات کا خول ہے جس شے میں داخل ہو جاتا ہے وہی شے بن جاتا ہے۔ پانی پھول میں جا کر پھول، کانٹے میں کانٹا، پتھر میں پتھر، سونے میں سونا، ہیرے میں ہیرا بن جاتا ہے۔ یہ پتھر سونا ہیرا پھول کانٹا سب تصورات کا مجموعہ ہے۔ ہمارے ذہن میں تصوّرات کا ایک مجموعہ ہے جس کو ہم سونا کہہ کر پکارتے ہیں اور تصوّرات کا ایک دوسرا مجموعہ ہے جس کو ہیرا کہتے ہیں۔ سونا اور ہیرا دو لفظ ہیں یا دو خول ہیں جن میں تصوّرات کے الگ الگ مجموعے مقیّد ہیں۔ ان میں ہر مجموعہ اِدراک PERCEPTION ہے۔ اِدراک کو آواز SOUND ENERGY میں قید کیا جائے تو لفظ بن جاتا ہے۔

ہم کوئی بات سوچتے ہیں CONCIEVE کرتے ہیں وہ بات ہمارے اِدراک یا PERCEPTION میں ہے۔ لیکن ابھی یہ لفظ اِدراک کے اندر داخل ہو کر آواز کی شکل میں نہیں آیا تو جب تک اِدراک آواز میں قید نہ ہو لفظ نہیں بنتا اور جب اِدراک آواز کے روپ میں سامنے آتا ہے تو لفظ بن جاتا ہے۔

### کائنات اللہ کی آواز:

جب ہم کائنات کی تخلیق پر غور کرتے ہیں تو ہمیں یہ پتہ چلتا ہے کہ ہماری کائنات اللہ کی آواز ہے۔ اللہ نے جب اپنی آواز میں



Marfat.com

# اُمّ المومنین حضرت زینب بنت خذیمہؓ

زینبؓ بنت خذیمہ کا مقام ایسا تھا
خود نبیؐ پاک نے پڑھایا جنازہ اُن کا
وہ غریبوں پہ مساکین پہ کرتی تھیں رحم
سیّدہ زینب بی بی کا بڑا جود و کرم
اتنے تھے آپؓ کے دامن میں گرے رنج وغم
پیکر صبر و رضا ہوتیں نہ ہرگز برہم
بدر کے غزوہ میں شوہر نے شہادت پائی
پیش کش شادی کی آقاؐ سے انہیں تھی آئی
جونہی شادی کا یہ پیغام سنا آقاؐ سے
مرحبا شافعؐ محشر کو کہا بی بی نے
حرمِ اطہر میں نبیؐ پاک کے زینبؓ آئیں
رحمتیں آقاؐ کے گھر بار سے ساری پائیں

Marfat.com

کُن کہا تو ساری کائنات وجود میں آ گئی۔ اللہ تعالیٰ جب اپنا تعارف کراتا ہے تو کہتا ہے میں مخلوق کا دوست ہوں۔ جس طرح ایک باپ اپنے بیٹے کو نہیں بھُولتا اُسی طرح خدا بھی کبھی اپنی مخلوق کو فراموش نہیں کرتا وہ خدا جو ہمارا رب ہے جو ہمارے لئے ہر طرح کے وسائل فراہم کرتا ہے۔ اور ہمیں زندگی کے لئے نئے نئے مراحل اور نئے نئے تجربات سے گزارتا رہتا ہے بلاشک و شبہ وہ ہمارا دوست ہے۔

## اِدراک کی وُسعت:

اِنسان کے اندر اِدراک ذہن ہے۔ ذہن کی VASTNESS یا وسعت کائنات کے ایک سرے سے دوسرے سرے تک




ہے۔ اِنسان کے ادراک میں لامتناہی وسعت ہے۔ یہ لامتناہی وسعت پوری کائنات پر محیط ہے۔ مثلاً جب ہم تصوّر کرتے ہیں تو ہمارا تصوّر زمین سے نکل کر عرش سے پرواز کر کے باری تعالیٰ کی ہستی تک پہنچ جاتا ہے۔ ہم INTERPRETATION اِس طرح کریں گے کہ اِدراک کا ایک DIMENSION رُخ گہرائی ہے جو زمان ہے۔ دوسرا رُخ DIMENSION پہنائی ہے جس کو مکان کہا جاتا ہے۔ ہر انسان اِدراک کے اعتبار سے زمان و مکان کا مجموعہ ہے۔

وہم کیا ہے؟ خیال کہاں سے آتا ہے؟ یہ بات غور طلب ہے اگر ان سوالات کو نظر انداز کر دیں تو کثیر حقائق مخفی رہ جائیں گے اور حقائق کی زنجیر جس کی سو فیصد کڑیاں اس مسئلے کے سمجھنے پر منحصر ہیں، انجانی رہ جائیں گی۔ جب ذہن میں کوئی خیال آتا ہے تو اس کا کوئی نہ کوئی کائناتی سبب ضرور ہوتا ہے۔ خیال کا آنا اس بات کی دلیل ہے کہ ذہن کے پردوں میں حرکت ہوئی ہے۔ یہ حرکت ذہن کی ذاتی حرکت نہیں ہوتی۔ اس کا تعلق کائنات کے ان تاروں سے ہے جو کائنات کے نظام کو ایک خاص ترتیب میں حرکت دیتے ہیں۔ مثلاً جب ہوا کا کوئی تیز جھونکا آتا ہے تو اس کے یہ معنی ہوتے ہیں کہ کرّہ ہوائی میں کہیں کوئی تغیر پیدا ہوا ہے اس کے معنی بھی یہی ہیں کہ



Marfat.com

# ولادت حضرت امام حسنؓ

فاطمہؓ زہرا کی ہیں پہلی یہ اولاد حسنؓ
ان کی خدمت میں تھیں مامور وہ اُمّ ایمنؓ
زہراؓ کا بیٹا جونہی دیکھا نبیؐ اقدس نے
ان کا پھر نام حسنؓ رکھا نبیؐ اقدس نے
دنبے دو ذبح عقیقے پہ کیے تھے انؓ کے
اس طرح لاڈ لڈائے تھے نبیؐ نے انؓ کے
ساتویں روز عقیقہ بھی کیا تھا انؓ کا
بالوں کے وزن میں چاندی کا دیا تھا صدقہ
صورت و سیرت و کردار میں آقاؐ سے تھے
دل کے اظہار میں گفتار میں آقاؐ سے تھے
اس قدر جان سے پیارے تھے علیؓ کے بیٹے
ان کے ارمان کے سارے تھے علیؓ کے بیٹے

Marfat.com

انسان کے لاشعور میں کوئی حرکت واقع ہوئی ہے۔ اس کا سمجھنا خود انسانی ذہن کی تلاش پر ہے۔

## اللہ تعالیٰ کا علم:

اللہ تعالیٰ کا کائناتی علم درجہ بدرجہ تنزّل کر کے مخلوق کے خدوخال اور زندگی کے تقاضے بنتے ہیں۔ جس طرح اللہ تعالیٰ کا علم سیڑھی بہ سیڑھی ASCEND یا صعوُد کرتا ہے۔ تحقیق ہر چیز اللہ کی طرف سے ہے اور اللہ ہی کی طرف لوٹ جاتی ہے۔ اللہ تعالیٰ کا علم جب DESCEND یا نزُول کرتا ہے تو مخلوق کا اِدراک بن جاتا ہے۔

یہ علم ادراک بن کر ایک نقطہ پر کچھ دیر قیام کرتا ہے یعنی اس کے اندر گہرائی پیدا ہوتی ہے تو نگاہ بن جاتی ہے۔ اِدراک میں جب تک گہرائی پیدا نہیں ہوتی خیال کی کیفیت رہتی ہے۔ اِدراک جب خیال کی حدود میں داخل ہوتا ہے تو کسی چیز کا ہلکا سا عکس بنتا ہے یہ عکس احساس پیدا کرتا ہے۔ مفہوم یہ ہے کہ خیال کی حدود میں احساس کام کرتا ہے لیکن اس کی حیثیت صرف نظر کی ہوتی ہے۔ جب احساس ایک ہی نقطہ پر چند لمحوں کے لئے مرکوز ہو جاتا ہے تو اس نقطہ میں خدوخال اور شکل و صورت پیدا ہو جاتی ہے اور یہ خدوخال اندرونی نگاہ کے سامنے آجاتے ہیں۔ نگاہ کے سامنے آنے والے ماورائی خدوخال جب ایک ہی نقطہ پر چند لمحے اور مرکوز رہتے ہیں تو نقطہ (نوع فرد یا شے) گویا ہو جاتی ہے اور بولنے لگتی ہے۔ قوت گویائی اگر ذرا دیر اور اس نقطہ یا فرد کی طرف متوجہ رہے تو فکر اور احساس میں رنگینی پیدا ہو جاتی ہے اور نگاہ اپنے اردگرد نیرنگی کا ایک ہجوم محسُوس کرتی ہے۔

ہماری فکر اوپر سے نیچے کی طرف سیڑھیاں اترتی ہے اور ہم فکر کی شکل و صورت کو مختلف احساسات کا نام دیتے چلے آتے ہیں۔ جب ہم ایک خیال کو شدت سے محسوس کرتے ہیں تو وہی خیال شکل و صورت بن کر رونما ہو جاتا ہے۔ وہی شکل و صورت مزید غور و فکر کے اثر سے گفتگو کرنے لگتی ہے۔ ذرا اور شدت ہونے لگتی ہے تو وہی گفتگو رنگارنگ لباسوں میں جلوہ گر ہو جاتی ہے۔ آخری مرحلہ میں شدت احساس کے باعث ہم ان رنگارنگ لباسوں کی طرف خود کو کھنچتا ہوا محسوس کرتے ہیں۔ یہاں تک کہ ہماری حس ان رنگارنگ لباسوں کو چھو لیتی ہے۔ یہاں پر ہمارا تجسس ختم ہو جاتا ہے۔ اس آخری نقطہ سے پھر فکر کو لوٹنا پڑتا ہے، یعنی جس چیز کو ابھی ہم نے چھوا تھا ہماری حس اس سے دور ہونے لگتی ہے۔ یہی حالت ہماری حس کا رد عمل ہے، جو مکانیت اور زمانیت کا احساس دلاتا ہے۔ ابھی ہم جس چیز کے قریب تھے رفتہ رفتہ دور ہونے لگتے ہیں اور مجموعی طور پر اس نقطے سے دوری کا نام موت ہے۔ موت وارد ہونے کے بعد روح گزرے ہوئے تجربات سے ایک مجموعی علم جدید سیکھتی ہے اسی عالم کا نام عالم غیب کا شہود ہے۔

اس تشریح سے یہ قانوُن پوری طرح واضح CLEAR ہو جاتا ہے کہ علم کی ہی جداگانہ حرکات یا حالتوں کا نام خیال، نگاہ، گفتار، شامہ اور لمس ہیں۔ ایک ہی حقیقت یا ایک ہی علم مختلف روپ بدلتا رہتا ہے۔ جس طرح خیال علم ہے اسی طرح نگاہ بھی علم ہے۔



Marfat.com

ماہِ رمضان کی تاریخ ہوئی تھی پندرہ
فاطمہؓ بی بی کے آنگن میں یہ چاند اُترا

## اُمّ المومنین حضرت اُمّ سلمہؓ

ابتدا ہی میں مسلمان ہوئی تھیں آپؓ
ہجرتِ حبشہ و طیبہ میں رہی تھیں آپؓ
نام تھا ہند کنیت تھی تو اُمِّ سلمہؓ
آپؓ کی پہلی ہوئی شادی ابو سلمہؓ سے
ان کے شوہر تھے پیغمبر کے رضائی بھائی
غزوۂ احد میں تھی ان کو بڑی چوٹ آئی
اس قدر زخم تھے گہرے جو نہ راحت پائی
ان سے بوسلمہؓ نے آخر تھی وفات پائی
کتنے دل گیر تھے حالات کہ ہجرت کے لیے
آپؓ بھی آپؓ کے بچے بھی مصیبت میں رہے

Marfat.com

چونکہ ہر چیز کی بنیاد علم ہے۔ اس لئے خیال اور نگاہ کے بعد تمام حالتیں بھی علم ہیں۔

علم کی یہ کیفیت نزولی ہے۔ علم نزول کر کے عالم ناسوت تک آتا ہے اور اِنسان کی حس گوشت پوست کو چھو لیتی ہے اور یہ ہی کیفیّت (علم کی تنزّل یافتہ شکل) کسی شے کی محسُوسیّت کے لئے انتہا ہے۔ آدم زاد یا کوئی بھی مخلوق اوپر سے نیچے اتر کر پیدا ہوتی ہے۔ رُوح یا امر ربّی اپنے اظہار کے لئے اور اپنی جلوہ نمائی کے لئے گوشت پوست کا ایک جسم تخلیق کرتی ہے۔ اس کے بعد فکر اِنسانی تنزّل یافتہ شکل سے صعود کی طرف متوجہ ہو جاتی ہے۔ اور پہلی حس سے یا پہلے حواس سے دور ہونے لگتی ہے ۔ دوری سے مراد یہ کہ پیدا ہونے والا ایک دِن کا بچہ جب دوسرے دِن میں داخل ہوتا ہے تو پہلا دِن زندگی کے نزول کا ردّ عمل ہے۔ یہ ہی رد عمل مکانیّت اور زمانیّت کا احساس دلاتا ہے۔ بچہ پیدا ہوا ایک لمحہ کے بعد دوسرے لمحے میں بچے کی تمام صِفات تمام اعضاء تمام حواس میں تغیّر واقع ہو جاتا ہے۔ یہ ہی تبدیلی زمانیّت اور مکانیّت ہے۔

کسی چیز کو بغیر علم یا بغیر اطلاع کے نہ دیکھ سکتے ہیں اور نہ ہی اس کا تذکرہ کر سکتے ہیں یعنی ہم جو کچھ دیکھ رہے ہیں جو کچھ سمجھ رہے ہیں یا جس چیز کا تذکرہ کر رہے ہیں اس کی حیثیت صرف اور صرف ایک اطلاع کی ہے ۔ سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ اطلاع ہمیں کہاں سے ملتی ہے؟ اور اس اطلاع کا مخزن کیا ہے؟

## اِنَّا لِلّٰهِ وَ اِنَّآ اِلَيۡهِ رٰجِعُوۡنَ:

ہر ذی شعور اس بات سے واقف ہے کہ کائنات اللہ تعالیٰ کے علم میں ہمیشہ سے موجود تھی ۔جب اللہ تعالیٰ نے کُن کہہ کر صِفت علیم کے اندر علم کائنات کی تجلّیوں کو حرکت میں آنے کا حکم دیا تو کائنات ظہور میں آگئی۔ علم کائنات کی وہ تجلّیاں جو حکم کُن سے حرکت میں آکر کائنات کے ظہور کا باعث بنیں، کائنات کی بساط اول کی حیثیت سے مظہر کائنات کے باطن میں مخفی ہو گئیں۔ بندہ، کائنات یا مخلوق یا مظہر ہے۔ کائنات یا مخلوق یا مظہر اسمائے الٰہیہ کے ظاہری خدوخال یا شکلیں ہیں۔

بندہ یا مخلوق جب خالق کو جاننے یا پہچاننے کی جستجو کرتا ہے تو اسے مظہر سے علم کائنات کی جانب لوٹنا پڑتا ہے۔ اور علم کائنات سے گزر کر وہ دوبارہ اللہ تعالیٰ کی صِفت علیم میں جذب ہو جاتا ہے۔ جہاں کُن کہنے سے پہلے اللہ تعالیٰ کی صِفت علیم میں علم کائنات کے اندر اس کا وجود قائم تھا۔

## خیالات کا منبع SOURCE:

تمام تجربات، مشاہدات اور محسُوسات کا مآخذ ذہن ہے۔ خیالات ہمارے اختیار کے بغیر ذہن میں وارد ہوتے ہیں۔ کوئی لمحہ ایسا نہیں گزرتا جب ذہن میں کوئی خیال نہ ہو۔ بھوک پیاس کا تقاضہ سونے، جاگنے کا عمل، خوشی غمی اور دیگر جذبات، اولاد کی خواہش،



Marfat.com

ہفتہ میں تین وہ ایّام تھیں روزہ رکھتیں
بے کسوں اور غریبوں کی مدد تھیں کرتیں
سال ہجری کا تریسٹھ تھا کہ رحلت پائی
عمر چوراسیؔ ۸۴ برس آپؓ کے حصّے آئی
شامی افواج نے مکہ پہ چڑھائی کی تھی
واقعہ حرّہ کی بھی گونج سنائی دی تھی
عشقِ سرکارؐ کی تفسیر تھیں اُمّ سلمہؓ
نورِ اسلام کی تنویر تھیں اُمّ سلمہؓ
اُمّ سلمہؓ کی کنیت سے وہ جانی جاتیں
پیکرِ جود و سخا آپؓ بھی مانی جاتیں

## حضرت علیؓ کی والدہ محترمہ کی وفات

جب نبیؐ پاک نے اسلام کی دعوت دی تھی
فاطمہؓ بنت اسد پر بھی تو رحمت کی تھی

Marfat.com

پریشان کن وسوسے، جسمانی امراض اور نفسیاتی عوارض سب کے سب خیالات کے تابع ہیں۔

الہامی کتابیں DIVINE BOOKS بتاتی ہیں کہ خیالات کا ایک منبع ہے۔ خیالات کی گہرائی میں موجود نقطہ ذات منبع کی حیثیت رکھتا ہے۔ اسی سورس سے لاشمار اطلاعات (خیالات) ہر لمحہ، ہر آن نشر ہوتی رہتی ہیں۔ شعور ان اطلاعات کو ریسیو کرتا ہے اور معنوں کا تعیّن کرتا ہے۔ اور یہی اطلاعات آدمی کا علم و حافظہ بن جاتی ہیں۔

شعور کی مثال آئینہ ہے۔ روشنی آئینہ کی سطح سے ٹکرا کر منعکس ہوتی ہے لیکن اگر روشنی کی شعاعوں کے سامنے ٹرانسپیرنٹ شیشہ رکھ دیا جائے تو روشنی اس میں سے گزر جاتی ہے اور انعکاس REFLECTION کا عمل واقع نہیں ہوتا۔ شعور اپنے علم و دلچسپی کی بدولت مخصوص روشنیوں کو جذب کرتا ہے۔ جن روشنیوں کو شعور جذب کرتا ہے وہ شعور کے پردے پر رُک جاتی ہیں، آدمی انہیں دیکھتا اور محسوس کرتا ہے۔ جو روشنیاں شعور کے پردے سے گزر جاتی ہیں آدمی ان سے لاعلم رہتا ہے۔

شعوری میکانزم کے پس پردہ ایک اور ایجنسی موجود ہے۔ شعور اس ایجنسی کے زیر اثر کام کرتا ہے۔ زندگی ہر دور میں اس ایجنسی سے وابستہ رہتی ہے۔ لیکن آدمی اس پر غور نہیں کرتا۔ اس لئے غور نہیں کرتا کہ زندگی ایک معمول کے تحت گزر رہی ہے۔ جذبات، خیالات اور تقاضوں کے زیر اثر ذہن ایک حالت سے دوسری حالت اور ایک کیفیّت سے دوسری کیفیّت میں منتقل ہوتا رہتا ہے۔ خیالات کی یلغار سے اِنسان کو ان مقامات کا ادراک نہیں ہوتا جو اس کی اصل ہیں۔

زندگی کے مراحل اور روزمرہ کے معمولات پر غور کرنے سے یہ بات ظاہر ہوتی ہے کہ ایک بامعنی زندگی گزارنے کے لئے جن اجزاء کی ضرورت ہوتی ہے وہ یہیں کہیں سے فراہم ہوتے ہیں۔ مادی زندگی میں بے شمار صلاحیتیں کام کرتی ہیں لیکن آدمی صرف پانچ

اطلاع کہاں سے آتی ہے؟

کوئی بھی اطلاع یا کسی بھی شے کا علم یا وقت ہمیں لازمانیت سے موصول ہوتا ہے اور یہی لازمانیت نت نئی اطلاعات زمانیت (وقت) کے اندر ارسال کرتی رہتی ہیں۔ لازمانیت موجودات اور کائنات کی BASE ہے۔ اگر ہم لازمانیت کو ایک نقطہ سے تشبیہ دیں تو اس طرح کہا جاسکتا ہے کہ نقطہ میں کائنات کا یکجائی پروگرام نقش ہے۔ لہروں کے ذریعے اس نقطہ سے جب کائنات کا یکجائی پروگرام نشر ہوتا ہے تو انسان سے ٹکراتا اور بکھرتا ہے۔ بکھرتے ہی ہر لہر مختلف شکل و صورت میں ہنستی بولتی، چلتی، پھرتی، گاتی بجاتی تصویر بن جاتی ہے۔ کیونکہ انسان کا حافظہ جبلی طور پر (فطری نہیں) محدود ہے، اس لئے حافظہ ایک دائرے کے اندر محدود ہونے کی وجہ سے تصویر کے مابین فاصلہ بن جاتا ہے۔ یہی فاصلہ ہمیں کسی چیز کو ہم سے دور دکھاتا ہے لیکن ہمارا دیکھنا FICTION ہے یا مفروضہ ہے اگر ہم اس BASE کو تلاش کرلیں جہاں کائنات کا یکجائی پروگرام نقش ہے تو فاصلہ معدوم ہو جاتا ہے۔



Marfat.com

آپؓ اسلام کے دامن میں چلی آئی تھیں
بدلیاں نورِ نبوت کی جونہی چھائی تھیں
جب تلک زندہ رہیں آپؐ پہ شفقت کرتیں
اپنے بیٹوں کی طرح آپؐ سے اُلفت کرتیں
فاطمہؓ بنت اسد شیرِ خدا کی امّی
اس قدر شاہِؐ زمانہ سے محبت کرتیں
شاہِ طیبہ نے کیا ان کا خیال ایسے
چونکہ سرکارِؐ مدینہ بھی تھے ان کے بیٹے
دیکھنا یہ بھی تھا مقصود ہو راحت اس میں
ہے لحد ماں کی مری اور ہو رحمت اس میں
ان کو اعزاز یہ بخشا تھا قمیض اپنی
ان کو پہنائی ذرا دیکھو تھی قسمت ان کی
انہوں نے ماں کی طرح پالا نبیؐ اطہر کو
دھوپ میں غم کی دیا سایہ نبی اطہر کو

Marfat.com




Marfat.com

## اُمّ المومنین حضرت جویریہؓ سے شادی

آپؓ کا نام جویریہؓ نہیں برہ تھا
آپؐ کا نام جویریہ نبیؐ نے رکھا
ابنِ صفوان مسافع سے نکاح تھا پہلا
مصطلق غزوہ کے بعد آپؐ سے پھر عقد ہوا
بیٹی حارث کی تھیں وہ اپنے قبیلے کا رئیس
اپنی بیٹی کے لیے باپ بہت تھا وہ انیس
چونکہ سردارِ قبیلہ کی تھیں وہ لختِ جگر
انؓ کی تو شان بڑھائی تھی انہیں اپنا کر
آپؐ نے زرِ کتابت بھی دیا تھا ان کو
ارفع و اعلیٰ مقام اِس سے ہوا تھا اُن کا
حق مہر آپؓ کو آقاؐ نے دیا تھا اتنا
اوقیہ نو۹ تھا وہ مقدار میں سونا ایسا

Marfat.com



Marfat.com

زہد و تقویٰ سے عبارت تھی عبادت انؓ کی
اور خودداری میں پنہاں تھی محبّت اُن کی

## اُمّ المومنین حضرت زینبؓ بنت جحش سے نکاح

آپؐ کی پھوپھی امیمہؓ کی تھیں بیٹی زینبؓ
زیدؓ سے پہلے ہوئی جن کی تھی شادی زینبؓ
اس قدر اعلیٰ و ارفع تھا مقام انؓ کا
چمکا ازواجِ مطہرہ میں تھا نام اُن کا
ابن حارث کی زوجیت میں تھیں زینبؓ پہلے
عائلی عقدے تھے ایسے جو نہ حل ہو پائے
ان کے خاوند نے کیا اُن کو جدا اپنے سے
عقد پھر انؓ سے کیا پیارے نبیؐ آقاؐ نے
زہد و تقویٰ بھی عبادت بھی صلہ رحمی بھی
مذہبی نقطہ نظر سے بھی بڑی اعلیٰ تھی

Marfat.com

حواس سے واقف ہے۔ بصارت، سماعت، گفتار، شامہ اور لمس۔ ذہنی یکسوئی کے ساتھ منبع اطلاعات کی طرف متوجہ ہونے سے ایسی اطلاعات اور صلاحیتوں کا مشاہدہ ہوتا ہے جو عام طور پر حواس کی گرفت میں نہیں آتیں۔ زندگی کے بہت سے تجربات اور واقعات مادی حواس کے علاوہ آدمی کے اندر موجود ایسے ذرائع ادراک کا پتہ دیتے ہیں جن کو ماورائے ادراک حواس، چھٹی حس، وجدان، ضمیر، اندرونی آواز، رُوحانی پرواز وغیرہ کا نام دیا جاتا ہے۔

علم رُوحانیّت کے مطابق غیب میں لامتناہی روشنیاں موجود ہیں۔ ان ہی روشنیوں میں کہکشانی نظام، سماوی مخلوق، خلاء میں آبادیاں اور رُوحانی علوم و اسرار شامل ہیں۔ جب آدمی اپنے اندر متوجہ ہوتا ہے تو شعور کے آئینہ پر باطنی اطلاعات تصویریں بننے لگتی ہیں اور غیبی نقوش شعور کی گرفت میں آجاتے ہیں۔ اِنسان جب توجہ اور دلچسپی کے ساتھ کسی ایک نقطہ پر غور کرتا ہے تو غور و فکر اسے شعور کے پس پردہ لاشعور میں دھکیل دیتا ہے۔ اور شعوری میکانزم کے پس پردہ ایجنسی (لاشعور) سے وہ کسی حد تک واقف ہو جاتا ہے۔ ہم جو کچھ دیکھتے ہیں یا محسُوس کرتے ہیں وہ ایسے عوامل کے دوش پر سفر کر رہا ہے جو بظاہر ہماری آنکھوں سے اوجھل ہیں۔ لیکن ان کی موجودگی کے بغیر کوئی حرکت عمل میں نہیں آتی۔ موجودات کی ہر حرکت ایک دوسرے سے مربوط ہے۔ اور ہر آنے والے لمحے کی تعمیر پہلے لمحے پر قائم ہے۔ جبلی طور پر ہمارا حافظہ ہمیں کشش ثقل کا پابند رکھتا ہے۔ ہم وقت اور فاصلے کی پابندیوں میں صرف لمحہ حاضر کا مشاہدہ کرتے ہیں۔ جن لمحات کا نام ماضی یا مستقبل رکھا جاتا ہے وہ ثانیہ حاضر میں شعور کی اسکرین پر جلوہ گر نہیں ہوتے۔ کائنات اور کائنات کے تمام اجزاء اور ان کے نقوش ایک ریکارڈ یا فلم کی شکل میں موجود ہیں۔

ہماری مادی نگاہ اس ریکارڈ کا احاطہ نہیں کر سکتی لیکن ان نقوش کی موجودگی سے انکار ممکن نہیں ہے۔ رویا کی صلاحیت اِنسان کو مادی سطح سے ماوراء باتوں کی اطلاع فراہم کرتی ہے۔ یہ صلاحیت جب بر سر عمل ہوتی ہے۔ ماضی، مستقبل، دوری، نزدیکی بے معنی ہو جاتی ہے۔




اِنسان کے اندر جو صلاحیتیں کام کرتی ہیں وہ تین دائروں میں مظہر بنتی ہیں۔ اس کو اس طرح بھی کہا جا سکتا ہے کہ آدمی کے تین جسم ہیں۔

1۔ مادی جسم

2۔ روشنی کا بنا ہوا جسم

3۔ نُور سے بنا ہوا جسم

یہ تینوں جسم بیک وقت متحرک رہتے ہیں۔

لیکن مادی جسم (شعور) صرف مادی حرکات کا علم رکھتا ہے۔



Marfat.com

آسماں سیرت و اُلفت کا ستارہ تھیں وہ
بے کسوں اور غریبوں کا سہارا تھیں وہ
بیس[۲۰] ہجری کو ہوئیں آپؓ جہاں سے رُخصت
ان سے سرکارِؐ زمانہ کو بہت تھی اُلفت

## اُمّ المومنین حضرت اُمّ حبیبہؓ

اُمِّ حبیبہؓ ابو سفیاں کی پیاری بیٹی
آپؓ بیوی تھیں عبیداللہ ابن جحش کی
ہجرتِ حبشہ کی حاصل تھی سعادت انؓ کو
تھی بہت دین الٰہی سے محبّت اُن کو
انؓ کے شوہر نے زمانے سے تو نفرت پائی
چھوڑ کر دین محمد ﷺ کو ہزیمت پائی
مر گیا کفر کی حالت میں وہ حبشہ جا کر
بھولا تھا دین نبیؐ پاک جو حبشہ جا کر

Marfat.com

Marfat.com

ان کی دل جوئی کی خاطر ہی نبیؐ انور نے
ان سے شادی کے لیے سوچا نبیؐ اطہر نے
آپؓ ہجرت کی وجہ سے ہی تو تھیں حبشہ میں
جب تلک حکم نبیؐ تھا وہ رہیں حبشہ میں
شاہِ حبشہ کو آقاؐ کا یہ پیغام آیا
اُمِ حبیبہؓ سے عقد کرو تم میرا
اس نے تعمیل رسولؐ میں نکاح کر دیا
اور سرکارؐ کے ہاں ان کو مدینے بھیجا
ابو سفیانؓ کی بیٹی کا ہے رتبہ اعلیٰ
یہ مقام ان کو عطا کرتا ہے ان کا مولا
وہ بہتر۷۲ ہی فقط سال رہی تھیں زندہ
جب ہوئیں فوت تو امیر(۱) کا ہی دور تھا

(۱) حضرت امیر معاویہؓ

Marfat.com

موضوع 84/ 15

## روزہ FAST

## سُوْرَةُ الْبَقَرَةِ (THE COW)

بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا كُتِبَ عَلَيْكُمُ الصِّيَامُ كَمَا كُتِبَ عَلَى الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِكُمْ لَعَلَّكُمْ تَتَّقُوْنَ ﴿١٨٣﴾

ترجمہ: اے ایمان والو تم پر روزے فرض کئے گئے۔ جس طرح تم سے پہلوں پر فرض کئے گئے تھے۔ تاکہ تم میں اس سے تقویٰ پیدا ہو۔

*O ye who believe! Fasting is prescribed for you, even as it was prescribed for those before you, that ye may ward off evil);*

اس آیت مبارکہ سے ہمیں یہ پیغام ملتا ہے کہ روزہ کا حاصل تقویٰ ہے۔

ارشاد باری تعالیٰ ہے کہ: **ہدایت متقیوں کو ملتی ہے۔(سورۃ بقرہ آیت 2)**

روزہ ایسی عبادت ہے جو انسان میں تقویٰ کے اوصاف پیدا کرتی ہے۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ رمضان کا مہینہ تقویٰ کے حصول کے لئے بہترین ماحول فراہم کرتا ہے۔ رمضان المبارک کو اس کے صحیح آداب کے ساتھ بسر کرنے والا ایسی جسمانی اور رُوحانی کیفیات سے گزرتا ہے جن میں اس پر اللہ کی مشیئت کے راز آشکار ہوتے ہیں۔ بندہ کا قلبی ذہنی اور روحانی تعلق اپنے خالق اور مالک کے ساتھ قائم ہو جاتا ہے۔ روزہ کے فوائد و ثمرات پانے کے لئے ضروری ہے کہ روزہ رکھتے ہوئے ان تمام امور کا دھیان رکھا جائے جو روزے کے مقاصد کے حصول کے لئے معاون ہیں۔

روزہ جسمانی امراض کا مکمل علاج ہے اور رُوحانی قدروں میں اضافہ کرنے کا ایک مؤثر عمل ہے۔ برائی سے بچنے کے لئے ایک ڈھال ہے۔ روزہ رکھنے سے جسمانی کثافتیں دور ہو جاتی ہیں اور آدمی کے اندر لطیف روشنیوں کا بہاؤ تیز تر ہو جاتا ہے۔ روشنیوں کے تیز بہاؤ سے آدمی کے ذہن کی رفتار بڑھ جاتی ہے، اتنی بڑھ جاتی ہے کہ اس کے سامنے فرشتے آجاتے ہیں۔ اور غیب کی دنیا میں خود کو چلتے پھرتے دیکھ لیتا ہے۔



Marfat.com

# اُم المومنین سیدہ صفیہؓ

آپؓ کا نام تو زینبؓ ہی تھا پہلے پہلے
بعد میں نام رکھا صفیہؓ مرے آقاؐ نے
والدہ مزہ تھی باپ تھا حیی بن اخطب
یہ قریظہ کی نضیر کی تھی شہزادی تب
بنت سردارِ قبیلہ ہیں یہ حضرت صفیہؓ
حامل شانِ جلیلہ ہیں یہ حضرت صفیہؓ
اپنے لوگوں میں بہت اعلیٰ تھی ہستی انؓ کی
ان کی چچا ہی کے بیٹے سے ہوئی تھی شادی
خواب میں دیکھا کہ چاند فلک سے اُترا
آپؓ کی گود مبارک میں وہ آ کر ٹھہرا
اپنے شوہر کو جونہی خواب تھا یہ بتلایا
آپؓ کے چہرے پہ اُس شخص نے تھپڑ مارا

Marfat.com

روزہ ایک ایسی عبادت ہے جس کا کوئی بدل نہیں روزے کے عظیم اور بے پایاں اثرات کو بیان کیا جائے تو اس کے لئے ہزاروں ورق درکار ہوں گے مختصر یہ کہ روزہ امراض جسمانی کا مکمل علاج ہے۔روزہ رُوحانی اقدار میں اضافے کا ایک انتہائی موثر عمل ہے۔برائیوں سے بچنے کے لئے ایسی ڈھال ہے جس کا کوئی توڑ نہیں۔روزے دار ایک مخصوص دروازے سے جنّت میں داخل ہوں گے۔قیامت کے دِن روزہ اس بندے کی سفارش کرے گا جس نے پورے ادب واحترام کے ساتھ رمضان کو خوش آمدید کیا تھا۔محض اللہ کی رضا کے لئے بھوکا پیاسا رہنے سے آدمی کی رُوح آسمانی وسعتوں میں پرواز کرکے عرش کی رفعتوں کو چھولیتی ہے۔وہ رمضان جس میں قُرآن نازل ہوا ایک پُر عظمت اور حکمت سے معمور مہینہ ہے جو اِنسانی شعور کو مصفیٰ اور صیقل بنا دیتا ہے روزہ رکھنے سے جسمانی کثافتیں دور ہو جاتی ہیں اور آدمی کے اندر لطیف روشنیوں کا بہاؤ تیز تر ہو جاتا ہے۔روشنیوں کے تیز بہاؤ سے آدمی کے ذہن کی رفتار بڑھ جاتی ہے۔ذہن کی یہ رفتار اتنی بڑھ جاتی ہے کہ وہ غیب کا مشاہدہ کرلیتا ہے۔

قُرآن پاک کے ارشاد کے مطابق کائنات میں موجود ہر شے دورُخ پر قائم ہے، اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے۔

وَ مِنۡ کُلِّ شَیۡءٍ خَلَقۡنَا زَوۡجَیۡنِ لَعَلَّکُمۡ تَذَکَّرُوۡنَ ﴿۴۹﴾ اور ہر چیز کے بنائے ہم نے جوڑے شاید تم دھیان کرو۔

(سورۃ الذریات، پارہ27، آیت49)

چنانچہ اِنسانی حواس بھی دورُخ پر قائم ہیں۔ایک رُخ یہ ہے کہ اِنسان ہمیشہ خود کو پابند اور مقید محسُوس کرتا ہے۔قید وبند میں ہمارے اندر جو حواس کام کرتے ہیں وہ ہمیشہ اسفل کی طرف متوجہ رہتے ہیں دوسرا رُخ وہ ہے جہاں اِنسان قید وبند سے آزاد ہے۔زندگی نام ہے تقاضوں کا، یہ تقاضے ہی ہمارے اندر حواس بناتے ہیں۔بھوک، پیاس، جنس، ایک دوسرے سے بات کرنے کی خواہش، آپس کا میل جول اور ہزاروں قسم کی دلچسپیاں سب کے سب تقاضے ہیں اور ان تقاضوں کا دارومدار حواس پر ہے۔حواس اگر تقاضے قبول کرلیتے ہیں تو یہ تقاضے حواس کے اندر جذب ہو کر ہمیں مظاہراتی خدوخال کا علم بخشتے ہیں۔عام دنوں میں ہماری دلچسپیاں مظاہر کے ساتھ زیادہ رہتی ہیں۔کھانا پینا، سونا جاگنا، آرام کرنا، حصول معاش میں جدوجہد کرنا اور دنیا کے مسائل سب کے سب مظاہر ہیں۔

## مظاہر کی نفی:

عام دنوں کے برعکس روزہ ہمیں ایسے نقطے پر لے آتا ہے جہاں سے مظاہر کی نفی شروع ہوتی ہے مثلاًوقت معینہ تک ظاہری حواس سے توجہ ہٹا کر ذہن کو اس بات پر آمادہ کرنا کہ ظاہری حواس کے علاوہ اور بھی حواس ہمارے اندر موجود ہیں جو ہمیں آزاد دنیا (غیب کی دنیا) سے رُوشناس کرتے ہیں۔روزہ زندگی میں کام کرنے والے حواس پر ضرب لگا کر ان کو معطل کر دیتا ہے۔بھوک پیاس پر کنٹرول، گفتگو میں احتیاط، نیند میں کمی اور چوبیس گھنٹے کسی نہ کسی طرح یہ کوشش کی جاتی ہے کہ مظاہر کی گرفت سے نکل کر غیب میں سفر کیا جائے۔



Marfat.com

سیّدہ صفیہ سلام اللہ کی عظمت دیکھو
کس قدر ان کو ملی آپؐ سے اُلفت دیکھو
آپؓ سردارِ قبیلہ کی معزز بیٹی
فتح خیبر میں مسلمانوں کے پاس آئی تھی
جنگ خیبر میں گیا آپؓ کا شوہر مارا
پھر ہوا آپؓ کی دنیا میں عجب اجیارا
انؓ کے دکھ درد مٹانے کے لیے آقاؐ نے
اور پھر شان بڑھانے کے لیے آقاؐ نے
جب نبیؐ پاک نے آزاد کیا تھا انؓ کو
زوجیت اپنی میں آقاؐ نے لیا تھا ان کو

## اُمّ المومنین سیّدہ میمونہؓ

والدہ ہند تھیں اور باپ تھے حارث انؓ کے
بزمِ کونین کے وارث ہی تھے وارث انؓ کے

Marfat.com

**دو طرح کے حواس:** کائنات میں ہر ذی رُوح میں دو حواس کام کرتے ہیں:

1۔ وہ حواس جو اللہ سے قریب کرتے ہیں۔

2۔ وہ حواس جو اللہ اور بندے کے درمیان فاصلہ بن جاتے ہیں۔

اللہ سے دور کرنے والے حواس سب کے سب مظاہر ہیں اور اللہ کے قریب کرنے والے حواس سب کے سب غیب ہیں۔ مظاہر میں اِنسان زمان و مکان میں قید و بند ہے اور غیب میں زمانیت و مکانیت اِنسان کی پابند ہے۔ جو حواس ہمیں غیب سے رُوشناس اور متعارُف کراتے ہیں قُرآن پاک کی زبان میں ان کا نام "لیل" یعنی رات ہے۔

رات کے حواس ہوں یا دِن کے حواس دونوں ایک ہی ہیں۔ ان میں صرف ایک CLASSIFICATION درجہ بندی ہوتی رہتی ہے۔

دِن کے حواس میں زمان و مکان کی پابندی ہے۔ لیکن رات کے حواس غیب میں سفر کرنے کا ذریعہ بنتے ہیں اور ان ہی حواس میں اِنسان برزخ، اعراف، ملائکہ اور ملاءِ اعلیٰ کا عرفان حاصل کرتا ہے۔ حضرت موسیٰؑ کے تذکرے میں ایک جگہ اللہ رب العزّت فرماتے ہیں:

وَ وٰعَدْنَا مُوْسٰى ثَلٰثِيْنَ لَيْلَةً وَّ اَتْمَمْنٰهَا بِعَشْرٍ فَتَمَّ مِيْقَاتُ رَبِّهٖۤ اَرْبَعِيْنَ لَيْلَةً ۚ

اور ہم نے موسیٰؑ سے تیس راتوں کا وعدہ کیا اور دس رات مزید سے ان کو پورا کیا، سو ان کے پروردگار کا وقت پورے چالیس رات کا ہو گیا۔

(سورۃ الاعراف، پارہ 9، آیت 142)

اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ حضرت موسیٰؑ کو چالیس رات میں توریت (غیبی انکشافات) عطا فرمائی۔ فرمان خداوندی بہت زیادہ غور و فکر طلب ہے۔ اللہ تعالیٰ نے یہ نہیں فرمایا کہ ہم نے چالیس دِن میں وعدہ پورا کیا۔

صرف رات کا تذکرہ فرمایا ہے۔ ظاہر ہے کہ حضرت موسیٰؑ نے چالیس دِن اور چالیس رات کوہِ طور پر قیام فرمایا۔ اس کا مطلب یہ ہوا کہ چالیس دِن اور چالیس رات حضرت موسیٰؑ پر رات کے حواس غالب رہے۔

سیّدنا حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی معراج کے بارے میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے:

سُبْحٰنَ الَّذِيْۤ اَسْرٰى بِعَبْدِهٖ لَيْلًا مِّنَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ اِلَى الْمَسْجِدِ الْاَقْصَا الَّذِيْ بٰرَكْنَا حَوْلَهٗ لِنُرِيَهٗ مِنْ اٰيٰتِنَا ؕ اِنَّهٗ هُوَ السَّمِيْعُ الْبَصِيْرُ ۝

پاک ہے وہ ذات جو اپنے بندے کو رات ہی رات میں مسجد الحرام سے مسجد اقصیٰ تک لے گئی، جس کے آس پاس ہم نے برکت دے رکھی ہے، اس لئے کہ ہم اسے اپنی قُدرت کے بعض نمونے دکھائیں۔ یقیناً اللہ تعالیٰ خوب سننے دیکھنے والا ہے۔

(سورۃ بنی اسرائیل، پارہ 15، آیت 1)



Marfat.com

بعد عمرے کی سعادت کے نبیؐ اطہر نے
اپنے اصحابؓ سے فرمایا نبیؐ انور نے
اپنا وعدہ ہے چلو لوٹ چلو طیبہ کو
اپنے دل شاد کرو لوٹ چلو طیبہ کو
آپؓ کی ماں نے براء نام تھا ان کا رکھا
شادی کے بعد نبیؐ پاک نے میمونہؓ کہا
پیکرِ صبر و رضا جُود و سخا بی بی تھیں
جن سے راضی تھا زمانے کا خدا بی بی تھیں
مکّہ سے جاتے ہوئے آپؐ سے کی چچا نے
گفتگو برا سے شادی کی نبی اطہر سے
اپنے چچا کی رضا کیسے وہ ٹال دیتے
وادیٔ سرف میں کی شادی نبیؐ نے ان سے

Marfat.com

رات کے حواس یعنی سونے کی حالت میں نہ ہم کچھ کھاتے ہیں اور نہ بات کرتے ہیں اور نہ ارادتاً ذہن کو دنیاوی معاملات میں استعمال کرتے ہیں۔ اس کے ساتھ ساتھ مظاہراتی پابندی سے بھی آزاد ہو جاتے ہیں۔

روزہ کا پروگرام ہمیں یہی عمل اختیار کرنے کا حکم دیتا ہے۔ روزہ میں تقریباً وہ تمام حواس ہمارے اوپر مُسلّط ہو جاتے ہیں جن کا نام رات ہے۔

گفتگو میں احتیاط اور زیادہ سے زیادہ عبادت میں مصروف رہنا اور ذہن کا اس بات پر مرکوز رہنا کہ یہ کام صرف اللہ کے لئے کر رہے ہیں، ذہن کو دنیا کی طرف سے ہٹاتا ہے۔ زیادہ وقت بیدار رہ کر رات (غیب) کے حواس کے قریب ہونے کی کوشش کی جاتی ہے، رمضان کا پورا مہینہ دراصل ایک پروگرام ہے اس بات سے متعلق کہ اِنسان اپنی رُوح اور غیب سے متعارف ہو جائے۔

روزہ کا حاصل زندگی کی عمومی خواہشات کا ترک ہے۔ یہ حواس کو جِلا بخشتا ہے اور حواس کو ایک نقطہ پر مجتمع کرتا ہے۔ عام طور پر ہم پانچ ظاہری حواس سے متعارف ہوتے ہیں۔ پانچ ظاہری حواس کے علاوہ پردے میں اور بہت سے حواس ہیں جو "ترک" سے منکشف ہوتے ہیں۔ ظاہری حواس اور ظاہری اعمال و خواہشات کا ترک اِنسان کو خود سے قریب کر دیتا ہے کم بولنے کم کھانے، کم سونے سے فکر کا مجلّٰی ہونا لازمی ہے ایک روشنی دماغ میں اور سینے میں پیدا ہوتی ہے یہ روشنی اس روشنی سے الگ ہے جو ظاہری حواس میں کام کرتی ہے یہ روشنی فکر میں رہنمائی کرتی ہے قُرآن نے جس کا نام "لیلۃ القدر" رکھا ہے وہ دراصل ترک کا پروگرام ہے جو پورے رمضان شریف میں تکمیل پاتا ہے۔ رسُول اللہ ﷺ کا ارشاد ہے اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں:

**ترجمہ: "روزہ میرے لئے ہے اور اس کی جزا میں ہوں" (حدیث قدسی)**

قُرآن پاک میں اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا ہے:

اِنَّا اَنْزَلْنٰهُ فِيْ لَيْلَةِ الْقَدْرِ ۝ وَ مَاۤ اَدْرٰىكَ مَا لَيْلَةُ الْقَدْرِ ۝ لَيْلَةُ الْقَدْرِ ۙ خَيْرٌ مِّنْ اَلْفِ شَهْرٍ ۝ تَنَزَّلُ الْمَلٰٓىِٕكَةُ وَ الرُّوْحُ فِيْهَا بِاِذْنِ رَبِّهِمْ ۚ مِنْ كُلِّ اَمْرٍ ۝ سَلٰمٌ ۛ هِيَ حَتّٰى مَطْلَعِ الْفَجْرِ ۝

**اور ہم نے یہ (قُرآن) اتارا شب قدر میں اور تو کیا سمجھا کیا ہے شب قدر؟ شب قدر بہتر ہے ہزار مہینے سے اترتے ہیں فرشتے اور رُوح اس میں اپنے رب کے حکم سے، ہر کام پر امان ہے وہ رات صبح کے نکلنے تک۔**

**(سورۃ القدر، پارہ 30، آیت 1 تا 5)**

فرمانِ الٰہی کے مطابق لیلۃ القدر ایک ہزار مہینوں کے دِن اور رات کے حواس سے افضل ہے۔ کیونکہ عام حواس کی رفتار اس رات میں (جو بہتر ہے ہزار مہینوں سے) ساٹھ ہزار گنا بڑھ جاتی ہے۔

رمضان کا مہینہ خیر و صلاح اور تقویٰ و طہارت کا موسم ہے جس میں بُرائیاں دبتی ہیں، نیکیاں پھیلتی ہیں، پُوری پُوری آبادیوں پر خوفِ خدا



Marfat.com

## دعوتِ حق کی توسیعی مہم

دعوتِ حق جو نبیؐ پاک نے دی لوگوں کو
روشنی نورِ مبیں کی جو ملی لوگوں کو
ساری دنیا کے لیے بن کے وہ رحمت آئے
دینے اسلام کی لوگوں کو وہ دعوت آئے
دعوتی دے کے خطوط آپؐ نے بھیجے سفراء
جو سلاطینِ زمانہ سے ملے تھے سفراء

## عزیز مصر والئ مقوقس کے نام خط

اسمِ اللہ سے آغاز وہی ہے ذیشاں
جو نہایت ہے رحیم اور نہایت رحماں
بھیجا یہ خط ہے محمد ﷺ نے تمہاری جانب
جو کہ اللہ کے بندے ہیں رسولؐ رحمت
وہ سلامت ہو جو اتباع ہدایت کر لے
اے مقوقس قبول تو یہ دعوت کر لے

Marfat.com

اور حبِّ خیر کی رُوح چھا جاتی ہے اور ہر طرف پرہیز گاری کی سرسبز کھیتی نظر آنے لگتی ہے۔

رمضان کا مبارک اور مقدس مہینہ جن خصوصیات اور محاسن کو اپنے دامن میں سمیٹے ہوئے ہوتا ہے ان برکتوں اور رحمتوں کی تفصیل مکمل طور پر ممکن نہیں، تاہم چند اہم اور نمایاں نتائج و ثمرات کے حوالے سے کچھ بیان کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔

## روزے کے فضائل:

روزے کا پہلا اجر و فیض تو ایمان کی از سر نو تازگی اور شادابی ہے۔ روزے کی حالت میں بُھوک پیاس کی شدت اور دیگر نفسیاتی خواہشات کے ہیجان پر وہی شخص قابو پاسکتا ہے جو اللہ تعالیٰ پر ایمان رکھتا ہو۔ یہ چیز اُس کی قوت ایمانی و حرارت میں مزید اضافے کا سبب بنتی ہے۔

روزہ سال بھر میں ایک مہینے کا غیر معمولی نظام تربیت ہے جو آدمی کو تقریباً 720 گھنٹے تک مسلسل اپنے مضبوط ڈسپلن میں رکھتا ہے۔ رمضان کی پہلی تاریخ سے یہ عمل شروع ہو جاتا ہے اور ایک ماہ تک مسلسل اس کی تکرار جاری رہتی ہے۔ گویا پورے تیس دن تک آدمی ایک ڈسلپین کے ماتحت رکھا جاتا ہے کہ مقرر وقت تک سحری کرے، مقرر وقت پر افطار کرے، جب تک اجازت ہو اپنی خواہشات نفس پوری کرتا رہے اور جب اجازت سلب کرلی جائے تو ہر اُس چیز سے رُک جائے جس سے منع کیا گیا ہے۔

روزے کی حالت میں آدمی مسلسل بارہ تیرہ گھنٹے کھانے پینے سے رُکا رہتا ہے۔ وہ سحری کا وقت ختم ہوتے ہی نفس کے مطالبات سے یکایک ہاتھ کھینچ لیتا ہے اور افطار کی گھڑی تک رکا رہتا ہے۔ روزہ مہینے بھر تک روزانہ کئی کئی گھنٹے آدمی کو اس حالت میں رکھتا ہے کہ اپنی بالکل ابتدائی ضرورت پوری کرنے کے لیے بھی اُسے خداوندِ عالم کا اذن پیشِ نظر رکھنا لازم ہے۔

یوں روزے دار کے دل پر یہ بات نقش ہو جاتی ہے کہ وہ اللہ کا بندہ ہے اور ایک ہی قانون کا پیروکار ہے۔ اس طرح روزہ انسان کی فرمانبرداریوں اور اطاعتوں کو ہر طرف سے سمیٹ کر ایک مرکزی اقتدار کی جانب پھیر دیتا ہے اور تیس دن تک روزانہ بارہ تیرہ گھنٹے اُسی ایک سمت میں جمائے رکھتا ہے تاکہ رمضان کے بعد جب اس ڈسپلن کے بند کھول دیے جائیں تو اُس کی اطاعتیں اور فرمانبرداریاں بکھر کر بھٹک نہ جائیں۔

دوسرے لفظوں میں یوں کہا جاسکتا ہے کہ افراد کی اصلاح کے لیے دو قسم کے طریقے اختیار کیے جاتے ہیں۔

1. **باطنی یعنی قلبی کیفیات اور اندرونی حالت میں انقلاب اور تبدیلی پیدا کی جائے۔**
2. **ظاہری یعنی بیرونی دباؤ اور خدائی قوانین کے ذریعے برائیوں کو روکنے اور نیکیوں کو نشوونما دینے کی کوشش کی جائے۔**

اسلام نے یہ دونوں طریقے اختیار کیے ہیں لیکن اس نے پہلے زیادہ توجہ باطنی کیفیت پر دی ہے۔ پیغمبر اسلام حضرت محمد رسول اللہ ﷺ نے فرمایا "سنو! جسم میں گوشت کا ایک لوتھڑا ہے۔ اگر وہ دُرست ہو جائے تو سارا جسم دُرست ہو جاتا ہے اور اگر وہ بگڑ جائے تو سارے جسم میں بگاڑ ہو جاتا ہے۔ آگاہ رہو یہ لوتھڑا دل ہے۔" (بخاری، مسلم، مشکوٰۃ)



Marfat.com

کر کے اسلام قبول اب تو سلامت ہو جا
خالق کون و مکاں اس کا صلہ بھی دے گا
گر نہ مانو گے تو انجام بھی ابتر ہوگا
بوجھ ہر قبطی کے عصیاں کا ترے سر ہوگا
مشترک بات ہے جو ہم میں اُسی پر آؤ
آؤ اے اہل کتاب آؤ ہدایت پاؤ
ایک ہی ربّ کی عبادت جو سبھی کر پائیں
وہ اکیلا ہے شریک اس کا نہ ہم ٹھہرائیں

## رئیس شام منذر بن الحارث کے نام

دعوتِ دین کی خاطر تھے جو خط بھی بھیجے
صاحبِ شام کو مکتوب لکھا تھا ایسے
ہو سلام اُس پہ ہدایت جو بھی تسلیم کرے
سیدھی راہوں پہ جو انسان ہمیشہ ہی چلے
لاؤ ایمان تم اللہ پہ دعوت ہے یہی

Marfat.com

قلبی کیفیات میں تبدیلی اور پاکیزہ میلانات پیدا کرنے کے لیے نماز کے بعد اگر کسی عبادت کا مقام ہو سکتا ہے تو وہ روزہ ہے۔

قرآن مجید میں اللہ تعالیٰ نے واضح الفاظ میں ارشاد فرمادیا ہے:

| | |
|---|---|
| يَاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا كُتِبَ عَلَيْكُمُ الصِّيَامُ كَمَا كُتِبَ عَلَى الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِكُمْ لَعَلَّكُمْ تَتَّقُوْنَ ﴿١٨٣﴾ | تم پر روزے فرض کیے گئے جس طرح تم سے پہلے لوگوں پر فرض کیے گئے تھے۔ تاکہ اس ذریعے سے تم تقویٰ اختیار کرو۔ (سورہ البقرہ، پارہ 2، آیت 183) |

یعنی روزے فرض کرنے کا اصل مقصد یہ ہے کہ انسان میں تقویٰ کی صفت پیدا ہو۔

اگر آدمی روزے کا اصل مقصد سمجھ لے اور جو قوت روزہ دیتا ہے، اُسے لینے کے لیے تیار ہو، اور روزے کی مدد سے اپنے اندر خوفِ خدا اور اطاعت کی صفت کو نشوونما دینے کی کوشش کرے تو یہ چیز اُس میں اتنا تقویٰ پیدا کر سکتی ہے کہ رمضان ہی میں نہیں، بلکہ سال کے باقی گیارہ مہینوں میں بھی وہ زندگی کی سیدھی شاہراہ پر دونوں طرف کی خاردار جھاڑیوں سے دامن بچاتے ہوئے چل سکتا ہے۔ اس صورت میں روزے کے نتائج (ثواب) اور منافع (اجر) کوئی حد نہیں۔

روزے کا دوسرا مقصد اخلاص ہے۔ دیگر عبادات کا علم کسی نہ کسی طرح دوسرے افراد کو ہو سکتا ہے لیکن روزہ ایک ایسی عبادت ہے کہ جب تک خود روزہ دار ہی اپنی زبان سے اس کا اظہار نہ کرے۔ کسی کو کانوں کان خبر نہیں ہوتی۔ اس عبادت میں ریاکاری اور نمائش کا کم از کم امکان پایا جاتا ہے اسی بنا پر حدیث قدسی میں ارشاد فرمایا گیا ہے۔

''روزہ میرے لیے ہے اور میں اس کی جزا ہوں'' (بخاری، مسلم، مشکوٰۃ)

روزے کی بنا پر انسان میں صبر یعنی ضبطِ نفس اور اپنی خواہشات پر قابو پانے کی صلاحیت پیدا ہو جاتی ہے۔

روزے کی وجہ سے انسان میں جذبہ شکر اُبھرتا ہے اور اُسے اللہ پاک کی نعمتوں کی قدر و منزلت معلوم ہوتی ہے اور پھر یہ جذبہ محسن حقیقی کی محبت سے وابستہ کر دیتا ہے۔

ظاہر ہے کہ جب مقامِ محبت حاصل ہو جائے تو پھر عبادات و اطاعت کی مثالیں بھی دوچند ہوئے بغیر نہیں رہ سکتیں۔ قرآن کریم میں ارشاد ہے:

| | |
|---|---|
| شَهْرُ رَمَضَانَ الَّذِيْٓ اُنْزِلَ فِيْهِ الْقُرْاٰنُ هُدًى لِّلنَّاسِ وَبَيِّنٰتٍ مِّنَ الْهُدٰى وَالْفُرْقَانِ ۚ فَمَنْ شَهِدَ مِنْكُمُ الشَّهْرَ فَلْيَصُمْهُ ۭ وَمَنْ كَانَ | روزوں کا مہینہ رمضان کا مہینہ ہے جس میں قرآن اوّل اوّل نازل ہوا جو لوگوں کا راہنما ہے اور جس میں ہدایت کی کھلی نشانیاں ہیں اور جو حق و باطل کو الگ الگ کرنے والا ہے تو جو کوئی تم میں سے اس مہینے میں موجود ہو چاہیے کہ پورے مہینے |



Marfat.com

تیرے قبضے میں رہے گی یہ حکومت تیری
لے کے مکتوب صحابیؓ جو وہاں پر پہنچے
ابن حارث کو سنایا تھا وہ خط بھی پڑھ کے
سن کے مکتوب نبیؐ پاک وہ منذر بولا
چھین سکتا ہی نہیں کوئی وطن یہ میرا
پیش قدمی بھی کروں گا میں اسی کی جانب
کرنا چاہے جو بھی اسلام پہ مجھ کو راغب
پھر تو برباد ہوئی تھی وہ حکومت اس کی
اور ہاتھوں سے گئی دَور شہنشاہی بھی

## قیصر روم ہرقل کے نام خط

اسم اللہ سے آغاز وہی ہے ذیشاں
جو نہایت ہے رحیم اور نہایت رحماں
ہوں نبیؐ اور میں رحمان کا ہی ہوں بندہ
قیصرِ روم عظیم کو ہے لکھا نامہ

Marfat.com

مَرِيضًا اَوْ عَلٰى سَفَرٍ فَعِدَّةٌ مِّنْ اَيَّامٍ اُخَرَ ؕ يُرِيْدُ اللّٰهُ بِكُمُ الْيُسْرَ وَلَا يُرِيْدُ بِكُمُ الْعُسْرَ ۫ وَ لِتُكْمِلُوا الْعِدَّةَ وَ لِتُكَبِّرُوا اللّٰهَ عَلٰى مَا هَدٰىكُمْ وَلَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ﴿۱۸۵﴾

کے روزے رکھے اور جو بیمار ہو یا سفر میں ہو تو دوسرے دنوں میں روزے رکھ کر ان کا شمار پورا کر لے اللہ تمہارے حق میں آسانی چاہتا ہے اور سختی نہیں چاہتا۔ اور یہ آسانی کا حکم اس لئے دیا گیا ہے کہ تم روزوں کا شمار پورا کر لو اور اس احسان کے بدلے کہ اللہ نے تم کو ہدایت بخشی ہے تم اس کو بزرگی سے یاد کرو اور اس کا شکر کرو۔ (سورہ البقرہ، پارہ 2، آیت 185)

روزہ انسان میں ہمدردی اور غمخواری کے جذبات اُبھارتا ہے۔ رسول اللہ ﷺ کا ارشاد ہے ـــــ جس نے روزے دار کو روزہ افطار کرا دیا، اُسے بھی روزے دار کے برابر ثواب ملے گا اور جس نے پیٹ بھر کر کسی روزہ دار کو کھانا کھلایا، اُسے اللہ تعالیٰ حوضِ کوثر کا جام پلائے گا کہ میدانِ محشر میں پیاس ہی محسوس نہ ہو گی اور جس نے اپنے غلام یا ماتحت شخص سے کام لینے میں نرمی برتی، اللہ تعالیٰ اُس کی گردن کو جہنم سے آزادی عطا کرے گا۔ ( بیہقی۔ مشکوٰۃ)

## قیام الّیل:

رمضان المبارک کی دوسری خصوصیت رات کا قیام یعنی شب بیداری ہے۔ اللہ کے محبوب نبی کریم ﷺ کا ارشاد ہے:

"جس نے رمضان میں ایمان کی بنا پر ثواب کی اُمید میں قیام اللیل کی، اُس کے اگلے گناہ معاف ہو جائیں گے۔" ( بخاری۔ مسلم۔ مشکوٰۃ)

قیام الیل میں نفس کی تربیت جس طرح ہوتی ہے، اُس کی وضاحت اس انداز سے کی گئی ہے۔

بلاشبہ رات کا اُٹھنا نفس کا کچلنا اور بات کے دُرست ہونے کے لیے زیادہ ساز گار ہے۔ ( سورہ مزمل)

رات کے آخری حصے میں نرم گرم بستر چھوڑ کر اللہ کی یاد کے لیے اُٹھنا نفس پر انتہائی شاق گزرتا ہے لیکن واقعہ یہ ہے کہ اس پُر سکون فضا میں اپنے رب سے مناجات اور سرگوشی کرنے میں جو لطف حاصل ہو سکتا ہے، اُس کا دسواں حصہ بھی دن کے ہنگامہ پرور اوقات میں میسر نہیں آسکتا۔ رسول اللہ ﷺ یوں تو دوسرے مہینوں کی نسبت رمضان میں شب بیداری کا خصوصی طور پر اہتمام فرمایا کرتے تھے لیکن آخری عشرے میں آپ ﷺ کا اہتمام اور بھی زیادہ تیز ہو جاتا تھا جیسا کہ حدیث میں آتا ہے: جب آخری عشرہ شروع ہوتا تو آپ ﷺ عبادت میں زیادہ منہمک ہو جاتے، رات جاگ کر گزارتے اور گھر والوں کو بھی بیدار کرتے۔ ( بخاری، مسلم)

## تلاوتِ قرآن:

رمضان المبارک کی ایک خصوصیت اس ماہ میں نزولِ قرآن ہے۔ جیسا کہ ارشادِ باری ہے:

شَهْرُ رَمَضَانَ الَّذِيْٓ اُنْزِلَ فِيْهِ الْقُرْاٰن

رمضان کا مہینہ وہ ہے جس میں قرآن پاک نازل ہوا۔

(سورہ بقرہ، پارہ 2، آیت: 185)



Marfat.com

ہے سلام اس کو ہدایت کو جو اپناتا ہے
تم کو اسلام کی جانب یہ نبیؐ لاتا ہے
تُو بھی اسلام کو اپنا کے سلامت ہو جا
دوگنا اجر الٰہی سے بھی حاصل ہوگا
آؤ اس بات کی جانب ہی کہ ہے جو یکساں
آؤ اے اہل کتاب آؤ یہ ہے بے پایاں
ساتھ اس کے نہ شریک اور کو بھی ٹھہرائیں
ہو کے مالک سے جدا اور کہیں کیوں جائیں
تم رہو ساکھی کہ اللہ کو ہم مانیں گے
تم اگر موڑو گے مونہہ! اس کو خدا جانیں گے
اور گر ایسا نہیں کرتے رئیس اکبر
بوجھ اس ساری رعایا کا بھی ہوگا تم پر

Marfat.com

یہ انداز بیان ظاہر کر رہا ہے کہ رمضان اور قرآن کا آپس میں گہرا تعلق ہے۔

یہاں یہ بات واضح رہے کہ قرآن کے نزول کا مقصد یہ نہیں ہے اسے تیزی کے ساتھ بے سمجھے بوجھے پڑھ لیا جائے بلکہ قرآن مجید کا حق صحیح معنوں میں اُس وقت ادا ہو سکتا ہے جب اس کے نزول کے مقاصد پیش نظر رکھے جائیں:

وَقُرْاٰنًا فَرَقْنٰهُ لِتَقْرَاَهٗ عَلَى النَّاسِ عَلٰى مُكْثٍ وَّ نَزَّلْنٰهُ تَنْزِيْلًا ﴿۱۰۶﴾

ہم نے قرآن کو تھوڑا تھوڑا کر کے اُتارا ہے تاکہ اُسے آپ ٹھہر ٹھہر کر اطمینان سے لوگوں کو سنائیں۔" ہم نے خود اسے بتدریج نازل فرمایا۔ (سورہ نبی اسرائیل۔ آیت:106)

كِتٰبٌ اَنْزَلْنٰهُ اِلَيْكَ مُبٰرَكٌ لِّيَدَّبَّرُوْٓا اٰيٰتِهٖ وَلِيَتَذَكَّرَ اُولُوا الْاَلْبَابِ ﴿۲۹﴾

ہم نے برکت والی کتاب نازل کی ہے تاکہ لوگ اس کی آیات میں غور و فکر کریں اور تدبر سے کام لیں۔ (سورہ ص: آیت۔29)

اِنَّآ اَنْزَلْنَآ اِلَيْكَ الْكِتٰبَ بِالْحَقِّ لِتَحْكُمَ بَيْنَ النَّاسِ بِمَآ اَرٰىكَ اللّٰهُ ۭ وَلَا تَكُنْ لِّلْخَآىِٕنِيْنَ خَصِيْمًا ﴿۱۰۵﴾

اے پیغمبر ہم نے تم پر سچی کتاب نازل کی ہے تاکہ اللہ کی ہدایات کے مطابق لوگوں کے مقدمات فیصل کرو اور دیکھو دغابازوں کی حمایت میں کبھی بحث نہ کرنا۔

(سورہ نساء: آیت 105)

یعنی انسان اپنے نفس پر، اپنے گھر پر، ماحول پر، پورے ملک پر بلکہ پوری دنیا پر اللہ کی کتاب کا غلبہ اور حکمرانی قائم کرنے کی جدوجہد میں لگ جائے۔ زندگی کا کوئی شعبہ اور معاشرے کا کوئی حصہ بھی اس کی رہنمائی سے خالی نہ رہے۔

## انفاق فی سبیل اللہ:

رمضان المبارک کی ایک خصوصیت اللہ کی راہ میں خرچ کرنا ہے جیسا کہ حدیث میں آتا ہے کہ: رسول اللہ ﷺ اس ماہ تمام قیدیوں کو آزادی عطا فرما دیتے اور ہر سائل کو کچھ نہ کچھ ضرور دیتے۔" (مشکوٰۃ)

اللہ تعالیٰ کے احسانات خصوصاً نعمتِ قرآن کا شکر اسی طرح سے ادا ہو سکتا ہے کہ اس مہینے میں کثرت سے غربا اور مساکین کی مدد کی جائے اور نیک کاموں میں باہم ایک دوسرے سے تعاون کیا جائے۔ اسی طرح روزے دار اس ماہ میں دل سے بخل کا میل کچیل دور کر سکتا ہے اور اُسے سخاوت و فیاضی کا خوگر بنا سکتا ہے۔ ان تمام خصوصیات پر غور کرنے سے اندازہ ہوتا ہے کہ رمضان کے ذریعے عبادتِ خالق اور خدمتِ خلق دونوں کی تربیت دی گئی ہے۔

## سوچ کا فروغ:

رمضان المبارک کی پانچویں خصوصیت، اس میں اجتماعیت کا پہلو ہے۔ یہ وہ پہلو ہے جو رمضان المبارک کے تمام احکام و



Marfat.com

# شاہِ فارس کسریٰ کے نام خط

اسم اللہ سے آغاز وہی ہے ذیشاں
جو نہایت ہے رحیم اور نہایت رحماں
خط محمد ﷺ کی طرف سے ہے بنامِ کسریٰ
وہ سلامت ہے جو اپنائے گا سیدھا رستا
ربّ اطہر کی طرف کسریٰ بلائیں تم کو
ربّ انور نے بنایا ہے رسولؐ ہم کو
زندہ لوگوں کو بتانے کے لیے ہوں آیا
روزِ آخر سے ڈرانے کے لیے ہوں آیا
سارے لوگوں کے لیے بن کے رسولؐ آیا ہوں
کافروں پر میں یہ حق بات ہے ثابت کر دوں
کر کے اسلام قبول اب تو سلامت ہو جا
جو مجوسی ہیں وبال ان کا نہ تم پر ہوگا
گر نہ اسلام کو تُو مانا تو ابتر ہوگا
جو مجوسی ہیں وبال ان کا ترے سر ہوگا

Marfat.com

عبادات میں نمایاں ہے۔

## لیلۃ القدر:

رمضان کی ایک خصوصیت لیلۃ القدر ہے۔ ارشاد باری تعالیٰ کے مطابق اس رات کی عبادت ہزار مہینوں کی عبادت سے بہتر ہے۔ اس رات مندرجہ ذیل دعا پڑھنا مسنون ہے:

اللّٰھم انك عفو تحب العفو فاعف عنی

اے اللہ! تو معاف کرنے والا ہے، معافی کو پسند کرتا ہے۔ تو میری خطائیں معاف فرما۔ (ترمذی۔ مشکوٰۃ)

عام طور پر ستائیسویں شب ہی کو شب قدر سمجھا جاتا ہے، حالانکہ حدیث مبارکہ سے معلوم ہوتا ہے کہ رمضان کے آخری عشرے کی پانچ طاق راتوں میں سے کوئی ایک شب قدر ہوتی ہے، اس لیے ان میں خاص طور پر عبادت و تلاوت اور ذکر الٰہی کا اہتمام کرنا چاہیے۔

## اعتکاف:

رمضان المبارک کی ایک خصوصیت اعتکاف ہے۔ رسول اللہ ﷺ رمضان کے آخری عشرے میں اعتکاف فرمایا کرتے تھے مگر آخری سال آپ ﷺ نے بیس دن کا اعتکاف فرمایا۔ (صحیح بخاری، مشکوٰۃ)

اسلام نے رہبانیت یعنی ترک دنیا سے منع کیا لیکن انسان کی یہ خواہش بھی فطری ہے کہ وہ یکسوئی کے ساتھ گوشہ تنہائی میں اپنے رب سے سرگوشیوں میں مصروف ہو اور اس کے حضور میں گڑگڑا کر اپنے گناہوں کی معافی مانگے اور آئندہ کے لیے از سر نو اطاعت و وفاداری کا عہد و پیمان باندھے۔ اعتکاف کو مستحب قرار دے کر یہ خواہش پوری کی گئی ہے۔

## استقبالِ رمضان:

رمضان کا حق صرف رمضان میں ادا نہیں ہوتا۔ اس سے پہلے اس کا استقبال، اس کا ذوق و شوق اور اس کی تیاری بھی ہونی چاہیے۔ مکان کی تعمیر کا سلسلہ بنیاد سے شروع ہوتا ہے، جتنا بڑا اور اونچا مکان بننا ہوتا ہے، اتنی ہی گہری بنیاد کھودی جاتی ہے۔ اگر کوئی کسی مکان کی بنیاد کھود رہا ہو اور اس کو مضبوط بنا رہا ہو اور کوئی کہے کہ مکان کی سیڑھی تو زمین پر کھڑا ہونا ہے، یہ زمین کے اندر کیا کاروائی کی جا رہی ہے، تو کیا اعتراض صحیح ہوگا۔۔۔۔؟

اسی طرح رمضان کی تیاری رمضان سے پہلے شروع ہونی چاہیے۔ رمضان شروع ہونے کے بعد اس کے دن گننا اور اس کے روزوں کو حساب لگانا کہ اب اتنے رہ گئے ہیں، بڑی ناقدری ہے۔

شعبان کے آخری عشرہ میں حضرت محمد رسول اللہ ﷺ نے تمام صحابہ کرامؓ کو جمع کر کے ارشاد فرمایا:

"لوگو! تم پر ایک بہت پُر عظمت اور برکت کا مہینہ سایہ فگن ہونے والا ہے۔ یہ وہ مہینہ ہے جس کی ایک رات ہزاروں مہینوں سے



Marfat.com

# غزوہ بدر

طیبہ سے دور اسّی۸۰ میل پہ اک گاؤں تھا
بدر کہتے تھے اسے اور یہاں کنواں تھا
قتلِ عمرو پہ حضرمی کے تھا شور برپا
حربی سامان سے لیس ہو کے ہر انساں نکلا
ان کی خواہش تھی کہ ہر حال میں لیں گے بدلہ
سر تا پا کینے میں ڈوبے تھے قریش مکّہ
اک جہالت کے زمانے میں یہاں سالانہ
ہے یہ مشہور کہ لگتا تھا بڑا سا میلہ
اس جگہ لڑنے مسلمانوں سے کفّار آئے
سُورمے سارے قریش کے تھے یکبار آئے
تھے ہزار ہی وہ کفّار جو لڑنے آئے
ہو گئے قیدی ستر۷۰ اِتنے گئے تھے مارے

Marfat.com

افضل ہے۔" (سنن بیہقی)

چنانچہ رمضان کے آداب کو سمجھیے، اس پر عبادات میں خشوع، خضوع اور معاملات میں درستی و نکھار لانے کے لیے رمضان سے قبل ہی تیاری شروع کر دینی چاہیے۔

## عیدالفطر اور عید الاضحیٰ:

جب ہم تاریخ کا مطالعہ کرتے ہیں اور اِنسان کی سماجی زندگی پر نظر ڈالتے ہیں تو ہمیں روئے زمین پر بسنے والی ہر قوم اور ہر قبیلے میں مختلف رسم ورواج نظر آتے ہیں۔ جو کسی قوم کے تشخص کا اظہار ہیں۔ رسوم ورواج کی حیثیت گو کہ ہر قوم میں جداگانہ ہے لیکن ان کی موجودگی اِنسانی معاشرت کے ساتھ لازم و ملزوم ہے۔ ان رسوم و رواج میں تہواروں کو ایک مخصوص اہمیت حاصل ہے۔

زمین پر آباد ہر قبیلہ، ہر قوم کسی نہ کسی نام سے جشن یا تہوار مناتی ہے اور یہ اس قوم کے قومی تشخص کا آئینہ ہوتے ہیں۔ اس آئینے میں قومی شعار کا چہرہ صاف اور واضح نظر آتا ہے۔ قوموں میں تہوار منانے کے طریقے جداگانہ ہیں۔ بعض قومیں یہ تہوار صرف کھیل کود، راگ رنگ اور سیر و تفریح کے ذریعے مناتی ہیں۔ ان تقاریب کے پس منظر میں قوموں کو ان کے اسلاف سے جو روایات یا اخلاق منتقل ہوا ہے اس کی نمایاں طور پر منظر کشی ہوتی ہے۔ تہوار ایک ایسی کسوٹی ہے جس پر کسی قوم کی تہذیب کو پرکھا جاسکتا ہے۔

یہ مسلّمہ حقیقت ہے کہ قوم کی اخلاقی اور رُوحانی طرزِ فکر جتنی بلند یا پست ہوتی ہے اس کا اظہار ماحول میں رائج روایات اور طریقوں سے ہوتا ہے۔ ان روایات اور طریقوں کے اظہار کا سب سے بڑا ذریعہ تہوار منانے میں اختیار کردہ طریقے ہوتے ہیں۔

یہ طریقے اعلیٰ مقاصد اور بنیادی اصولوں سے اَخذ شدہ ہوتے ہیں جن سے اس قوم کی بقا اور قیام وابستہ ہے۔

ہر قوم اپنے ماضی پر زندہ ہے۔ اگر کسی قوم کے پاس ماضی نہیں ہے تو اس کی حیثیت قوم کی نہیں ہے۔ مسلمانوں کا بھی ایک ماضی ہے اور اس ماضی کو یاد رکھنے اور ماضی کے تاثرات کو آنے والی نسلوں میں پختہ کرنے کے لئے مسلمان دو تہوار مناتے ہیں۔

پہلا تہوار عیدالفطر ہے جس کی نُورانیّت اور پاکیزگی اس امر پر قائم ہے کہ یہ تہوار اس وقت منایا جاتا ہے جب من حیث القوم ہر فرد اپنا تزکیۂ نفس کر کے پاک صاف اور مصفیٰ و مجلیٰ ہو جاتا ہے۔ تیس دِن اور تیس رات وقت کی پابندی، غذا اور نیند میں کمی سحر و افطار میں اجتماعیت، عمل میں ہم آہنگی، ایسی یکسوئی پیدا کر دیتی ہے کہ جس یکسوئی کے ذریعے اِنسان اپنے نفس سے واقف ہو جاتا ہے۔ یہ واقفیت آدمی کے اندر بسنے والے اِنسان کو متحرک کر دیتی ہے۔

جب تزکیۂ نفس کے بعد اِنسان بیدار ہو جاتا ہے تو صلاحیتوں میں اضافہ ہو جاتا ہے۔ یہ اضافہ دراصل ذہن کی رفتار ہے۔ آدمی کے اندر بسنے والے اِنسان کی رفتار پرواز عام آدمی کی نسبت ساٹھ ہزار گنا زیادہ ہوتی ہے۔ تیس روزے رکھنے کے بعد آدمی کے اندر کا اِنسان انگڑائی لے کر اٹھ کھڑا ہوتا ہے۔ وہ نہ صرف فرشتوں کو دیکھتا ہے بلکہ فرشتوں سے ہم کلام ہوتا ہے۔ یہی وہ عید (خوشی) ہے جو اِنسان کے لئے قلبی سکون کا باعث بنتی ہے۔ یہی وہ عمل ہے جو قوم کی فکر و نظر میں ایسی تبدیلی لے آتی ہے جو بندے کو اللہ سے قریب کر



Marfat.com

سب قریش کے قبائل نے تھا حصّہ ڈالا
بس بنو زہرا بنو عدی نے خود کو روکا
بارہ رمضاں کو مسلمان چلے طیبہ سے
جاں نثاروں کے یہ سردار ملے طیبہ سے
تین سو تیرہ لُٹانے کے لیے جان آئے
زیرِ رحمت یہ نبیؐ پاک و رحمٰن آئے
زعم کفّار کو تھا اپنی بہت طاقت پہ
لے کے سامان لڑائی کا چلے آئے یہ

## مرکزِ قیادت

بارہ رمضان دو ہجری کو چلے طیبہ سے
آپؐ رمضان کی سترہ کو وہاں پر پہنچے
آقا کفار سے پہلے ہی گئے چشمے پر
وہ ہی چشمہ جو بدر میں تھا قریب تر

Marfat.com

دیتی ہے۔

رمضان المبارک کا مہینہ مسلمانوں کے لئے ایک تربیتی پروگرام ہے۔ اس مہینے میں ہر مسلمان کو اطاعت ربی کا خوگر بنایا جاتا ہے۔ نفسیات کا مسلمہ اصول ہے کہ ذہنی مرکزیت سے قوتوں میں اضافہ ہوتا ہے اور ذہن کو کسی ایک نقطہ پر مرکوز کر دینے سے روشنیوں میں اضافہ ہو جاتا ہے۔ جب یہ روشنیاں ذخیرہ ہو جاتی ہیں تو آدمی مادی پستیوں سے نکل کر روحانی رفعتوں کو چھونے لگتا ہے۔

رمضان المبارک کے بیس روزوں کے بعد ایک رات ایسی آتی ہے جس کے بارے میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ لیلۃ القدر ہزار مہینوں سے افضل ہے اور اس کی فضیلت یہ ہے کہ اس میں فرشتے اور رُوح اترتے ہیں اور یہ پوری رات اللہ کی طرف سے خیر اور سلامتی کی رات ہے۔ اللہ تعالیٰ کے ہر فرمان میں حکمت مخفی ہے۔

شب قدر ہزار مہینوں سے افضل ہے۔ ہزار مہینوں میں تیس ہزار دِن اور تیس ہزار راتیں ہوتی ہیں۔ مطلب یہ ہے کہ ایک رات کی عبادت وریاضت ساٹھ ہزار دِن اور رات کی عبادت اور ریاضت سے افضل ہے۔

سیّدنا حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کا ارشاد عالی مقام ہے:

**"شب قدر میں فرشتے اور حضرت جبرائیلؑ اپنے رب کے حکم سے سلامتی کے ساتھ اترتے ہیں اور جو بندے شب قدر میں اپنے خالق کی یاد اور محبت میں اور اس کی قربت کے حصول کیلئے جاگتے ہیں۔ فرشتے اور حضرت جبرائیلؑ ان سعید بندوں سے مصافحہ کرتے ہیں۔ یہ اتنی بڑی سعادت اور خوشی ہے کہ اس پر جتنا شکر کیا جائے اور جس قدر خوشی کا اظہار کیا جائے وہ کم ہے۔ عید دراصل اسی سعادت اور اسی نعمت کا شکر ادا کرنے کا نام ہے۔"**

حوالہ جات:


1۔ کتاب "کشکول" ازالشیخ خواجہ شمس الدین عظیمی، موضوع نمبر 220، صفحہ نمبر 157

2۔ کتاب "تجلیات" ازالشیخ خواجہ شمس الدین عظیمی، باب روزہ، صفحہ نمبر 113

3۔ ماہنامہ روحانی ڈائجسٹ اگست 2010ء کے شمارے سے انتخاب تحریر: محمد اقبال جیلانی




Marfat.com

ابن منذرؓ نے نبیؐ پاک سے پوچھا ایسے
فیصلہ ایسی جگہ کا کِیا کیا ہے رب نے
آپؐ نے ان کو بتایا کہ فقط اس لیے
ہم نے سوچا ہے کہ بہتر ہے یہیں پہ رکیے
عرض کی آپؐ کی خدمت میں حضورؐ سنئے
چشمہ جو پاس ہے کفّار کے اس پہ چلیے
مشورہ آپؓ نے حبابؓ دیا ہے اچھا
آپؐ نے لشکر جرار وہاں پر بھیجا
حضرت سعدؓ نے تجویز نبیؐ کو یوں دی
ہم شروع کرتے ہیں تعمیر یہاں چھپر کی
اور میدان کے مشرق میں وہاں ٹیلے پر
جانثاروں نے بنانیا تھا حسیں سا چھپر
بیٹھ کر اس میں نبیؐ پاک قیادت کرتے
ربِ اطہر کی یہاں آپؐ عبادت کرتے

Marfat.com

موضوع 84/ 16

# سریعُ الحساب

## SWIFT AT RECKONING

## سُوْرَةُ الْبَقَرَةِ (THE COW)

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اُولٰٓئِكَ لَهُمْ نَصِيْبٌ مِّمَّا كَسَبُوْا ؕ وَاللّٰهُ سَرِيْعُ الْحِسَابِ ﴿۲۰۲﴾

ترجمہ: یہی لوگ ہیں جن کے لئے ان کے کاموں کا حصّہ یعنی اجر نیک تیار ہے اور اللہ جلد حساب لینے والا ہے۔

*For them there is in store a goodly portion out of that which they have earned. Allah is swift at reckoning.*

جس طرح لباس کی اپنی کوئی حرکت نہیں ہوتی اس طرح جسم بھی روح کا لباس ہے۔ جو روح کا جسم سے تعلق ختم کرنے پر بے جان ہو کر لحہ بہ لحہ ختم ہو جاتا ہے۔ کسی بھی قبر کو آپ دو ہفتے کے بعد کھول کر دیکھیں یا ایک مہینے کے بعد کھول کر دیکھیں تو وہاں جسم نہیں ہوتا ہڈی ہوتی ہے۔ سال بھر کے بعد کھول کر دیکھیں تو معلوم ہوا ہڈیاں بھی نہیں ہوتیں۔ جسم روح کا لباس ہے اور لباس سے تو کوئی سوال جواب ہو ہی نہیں سکتا۔ مثلاً ایک آدمی شلوار کرتا ٹوپی وغیرہ بانس کو پہنا کر کھڑا کر دیں اور اس سے آپ سوال جواب کریں یہ لباس کیا جواب دے گا۔ اس لباس کو آپ پھاڑ دیں تب بھی اس کی طرف سے کوئی مدافعت نہیں ہو گی۔ اس میں آگ لگا دیں لباس جل جائے گا لیکن ایک آہ بھی نہیں نکلے گی۔

قبر میں جسم اس لئے رکھا جاتا ہے تا کہ انسان کی بے حرمتی نہ ہو اور یہ قبر میں رکھنے کا رواج کوئی اسلامی نہیں ہے۔ یہودیوں کے زمانے سے حضرت سلیمان علیہ السّلام کے زمانے سے یہ قبریں بنتی چلی آ رہی ہیں۔ تو یہ انسانی عظمت کو خراب نہ کرنے کے لئے یہ طریقہ اختیار کیا گیا ہے۔ دیکھیں اب ایک آدمی مر گیا، اُس کی آپ لاش چھوڑ دیجئے، اب وہ پھولے گا، سڑے گا، اُس میں بدبو ہو گی، تعفن ہو گا، اُس میں کیڑے پڑیں گے، گِدھ کھائیں گے، کوّے کھائیں گے، چیلیں کھائیں گی، چیونٹیاں لگیں گی، بلی کتے بھیڑیے، سب آ کر اسے کھائیں گے تو یہ آدمی کی ایک طرح سے بے عزّتی ہو گی۔ تو اس بے عزّتی سے بچانے کے لئے اور انسانیت کا احترام بر قرار رکھنے کے لئے یہ قبر کا تصوّر قائم ہوا اور یہ حضرت آدم علیہ السّلام سے چل رہا ہے۔ ہابیل اور قابیل کا قصہ آپ نے سنا ہو گا وہاں سے یہ سلسلہ چل رہا ہے۔ جسم کو اگر ہم روح کا لباس مان لیتے ہیں تو اس پر کوئی حساب کتاب نہیں ہو گا۔ اِس جسم کے اوپر ایک اور روشنیوں کا بنا ہوا جسم ہوتا ہے اور وہ اس جسم سے 9 انچ اوپر ہوتا ہے وہ سارا حساب کتاب جزا و سزا سب اس کے اوپر ہوتا ہے، اور وہ چیز جو ہے وہ عالم



Marfat.com

انتقام کے لیے جنگ میں آئے کافر
جس نے کی پہل وہ عمرو کا تھا بھائی عمر
عمرؓ خطاب کے خادم تھے مقابل اس کے
پہنچے رُتبے پر شہادت کے وہ لڑتے لڑتے
حوض پہ ابن سراقہؓ کو پیاس لائی
انہوں نے تیر کے لگنے سے شہادت پائی
عتبہ و شیبہ ولید بھی تھے لڑنے آئے
آقاؐ نے حمزہؓ عبیدہؓ و علیؓ تھے بھیجے
عتبہ سردار سپہ لڑنے میداں میں آیا
حمزہؓ نے ایسے شریر کو جہنم بھیجا
ابن عتبہ تھا ولید جو لڑا حیدرؓ سے
واصل اس کو جہنم بھی کیا حیدرؓ نے
ہو گئے زخمی تھے شیبہ سے عبیدہؓ لڑتے
شیبہ کو قتل کیا مولا علیؓ نے بڑھ کے

Marfat.com

اَعراف میں رہتی ہے۔ اب رہ گیا یہ سوال کہ روح جب عالمِ اَعراف میں چلی گئی تو قبرستان میں کیا رکھا ہے۔ وہاں تو مٹی کا ڈھیر ہے۔ یہ بات صحیح ہے کہ قبرستان میں کچھ بھی نہیں رکھا۔ جسم تو مٹی ہو گیا لیکن جس جگہ جسم کو ہم دفناتے ہیں آدمی کا اسی مناسبت سے اَعراف بنتا ہے۔ یعنی زمین سے 200 میل اوپر اس کا اَعراف بنتا ہے۔ زمین سے 200 میل اوپر ایک اور دنیا آباد ہے۔ بالکل اسی طرح کی جیسے کہ یہ دنیا ہے۔ اس کو ہم عالمِ اَعراف کہتے ہیں۔ اب اس کی مثال یوں ہے کہ ایک پلازہ ہے۔ اس کی 200 منزلیں ہیں تو جو زندہ آدمی ہیں مثال کے طور پر وہ پہلی منزل پر رہتے ہیں اور جو مرے ہوئے آدمی ہیں وہ دوسویں منزل پر رہتے ہیں تو اس کا تعلق اس زمین سے قائم ہے کیونکہ پلازہ بغیر زمین کے قائم نہیں رہتا۔

ایک بات اور غور طلب یہ ہے کہ عالمِ اَعراف جو ہے وہ زمین کے کرّہ سے باہر نہیں ہے۔ عالمِ اَعراف زمین کے کرّہ میں ہے تو جہاں اس کو دفن کرتے ہیں کسی مردہ جسم کو تو اس کا وہاں سے ایک تعلق قائم ہو جاتا ہے۔ اُس گھر سے، اُس قبر سے، لیکن وہ رہتا عالمِ اَعراف میں ہے۔ تو جب ہم کسی قبر پر جاتے ہیں تو ہمارا تعلق اس بندے کے ساتھ عالمِ اَعراف سے قائم ہو جاتا ہے۔ انسان جب قبرستان جاتا ہے، وہاں جا کے بیٹھتا ہے، کچھ پڑھتا ہے، ایصالِ ثواب کرتا ہے، تو اس کے اندر وہ صلاحیت کام کرنے لگتی ہے جو صلاحیت یہاں سے 200 میل اوپر دیکھتی ہے۔ یعنی ایصالِ ثواب پہنچانا اِس بات کی نشاندہی ہے کہ انسان کے اندر ایسی صلاحیت کام کر رہی ہے یا ایسی نظر کام کر رہی ہے جو 200 میل اوپر بھی دیکھ سکتی ہے۔

حضور ﷺ نے فرمایا کہ جب تم قبرستان جاؤ تو کہو "السّلام علیکم یا اہل القبور" (اے قبرستان میں رہنے والے السّلام علیکم)۔ ظاہر ہے حضور ﷺ کی کوئی بات غلط تو ہو نہیں ہو سکتی۔ بغیر حکمت کے نہیں ہو سکتی۔ تو حضور ﷺ نے جب یہ فرمایا کہ قبرستان جا کے کہو "السّلام علیکم یا اہل القبور" تو اس کا مطلب یہ ہے کہ قبر میں رہنے والے لوگ ہمارا اسلام سنتے ہیں اور وہ ہمارے سلام کا جواب بھی دیتے ہیں لیکن تم سن نہیں سکتے۔ لیکن اگر ہم اس صلاحیت کو بیدار اور متحرک کریں، یعنی لاشعوری صلاحیت کو یا روحانی صلاحیت کو، تو ہم ان کی آواز سن بھی سکتے ہیں اور انہیں دیکھ بھی سکتے ہیں۔ ان سے رابطہ بھی قائم کر سکتے ہیں اور اولیاء کا عام قاعدہ ہے... کشف القبور... تصوّف میں ایک باقاعدہ اصطلاح ہے لوگ جاتے ہیں، آنکھیں بند کر کے بیٹھتے ہیں، کچھ پڑھتے ہیں جو عالمِ اَعراف میں لوگ ہیں وہ سامنے آ جاتے ہیں۔ قبر کا جو تعلق ہے، جو گوشت پوست کا بنا ہوا جسم ہے، اس سے حساب کتاب نہیں ہوتا بلکہ اس گوشت پوست کے اوپر ایک اور روح کا بنا ہوا جسم ہوتا ہے، مکمل جسم ہوتا ہے جسے جسمِ مثالی کہا جاتا ہے۔

حوالہ جات:

1۔ کتاب "روح کی پکار" از الشیخ خواجہ شمس الدین عظیمی، باب حساب کتاب کیا ہوتا ہے؟ صفحہ نمبر 158 تا 160



Marfat.com

زخمی حالت میں عبیدہؓ کو علیؑ لے آئے
انؓ کی خواہش تھی شہادت جو انہیں آ جائے
آ کے قدموں میں نبیؐ جی کے ہوئے یوں گویا
یا نبیؐ آج اگر ہوتے ہمارے چچا
والد شیرِ خدا اس میں ہیں یوں فرماتے
بتوں میں اس شعر کا مصداق وہ مان لیتے
وَنُسْلِمُهٗ حَتّٰی نُصَرَّعَ حَوْلَهٗ
وَنَذْهَلُ عن ابنائِنا وَالْحَلَائِلِ
یعنی ہم محمدﷺ کو اس وقت دشمنوں کے حوالے
کریں گے جب ہم انؐ کے گرد لڑ لڑ کے پچھاڑ دیے
جائیں گے اور ہم اپنے بیٹوں اور بیویوں کو بھول جائیں

## ابو جہل کا قتل

غزوہ بدر میں شامل تھے جواں دو بھائی
قتل بوجہل کی انہوں نے قسم تھی کھائی

Marfat.com

موضوع 84/17

# حُرمت والا مہینہ

THE SACRED MONTH

## سُوْرَةُ الْبَقَرَةِ (THE COW)

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

يَسْـَٔلُوْنَكَ عَنِ الشَّهْرِ الْحَرَامِ قِتَالٍ فِيْهِ ط قُلْ قِتَالٌ فِيْهِ كَبِيْرٌ ط

وَصَدٌّ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَ كُفْرٌۢ بِهٖ وَالْمَسْجِدِ الْحَرَامِ ق

وَ اِخْرَاجُ اَهْلِهٖ مِنْهُ اَكْبَرُ عِنْدَ اللّٰهِ ج وَ الْفِتْنَةُ اَكْبَرُ

ترجمہ:۔ وہ تم سے پوچھتے ہیں کہ محترم مہینوں میں جنگ کا کیا حکم ہے؟ کہہ دو کہ اس میں جنگ بہت بُری بات ہے لیکن اللہ کے راستے سے لوگوں کو روکنا، اس کو نہ ماننا، بیت الحرام کا راستہ لوگوں پر بند کرنا اور اس کے رہنے والوں کو وہاں سے نکالنا اللہ کے نزدیک، اس سے بھی زیادہ بُری بات ہے۔

*They question thee (O Muhammad) with regard to warfare in the sacred month. Say: Warfare therein is a great (transgression), but to turn (men) from the way of Allah, and to disbelieve in Him and in the Inviolable Place of Worship, and to expel his people thence, is a greater with Allah; for persecution is worse than killing.*

حضور علیہ صلوٰۃ والسلام بدوی قبائل میں تشریف لے گئے اور مکہ والوں کی زیادتیوں اور چیرہ دستیوں سے بدوی قبیلوں کو آگاہ کر کے انہیں مسلمانوں کے ساتھ اتحاد کی دعوت دی۔ قبیلوں نے یہ پیش کش قبول کر لی اور اہلِ مکہ سے حاصل ہونے والی آمدنی سے دستبردار ہو گئے۔ حضور علیہ الصلوۃ والسلام نے قبیلہ غفار، قبیلہ بنو ضمرہ قبیلہ جہینیہ اور قبیلہ بنو مدبج کے سرکردہ افراد کو اسلام قبول کرنے کی دعوت دی۔ بہت سارے لوگ مسلمان ہوئے اور کئی قبیلے مسلمانوں کے اتحادی بن گئے۔ ان قبائل کی بستیاں ایسی جگہ پر تھیں جہاں سے قافلے گزرتے تھے۔ حضور علیہ الصلوۃ والسلام کی غیر موجودگی میں ابن جبیر کی قیادت میں تیز رفتار اونٹوں پر سوار کچھ سواروں نے مدینہ پر حملہ کر دیا۔ گھروں میں آگ لگا دی۔ مسلمانوں کا مال واسباب لوٹ کر لے گئے۔



Marfat.com

آیا جب سامنے لہراتا وہ تلوار اپنی
دونوں بھائیوں کی نگہ اس پہ تو فوراً پہنچی
بن کے یہ قہر الٰہی کا پھر اس پہ لپکے
جس طرح باز شکار کو ہیں جا کے لیتے
دشمن جانِ نبیؐ جو تھا اسے زیر کیا
مار کر دونوں نے تلواریں اُسے ڈھیر کیا

## رسول اللہ ﷺ کی دُعا

یہ جو نازک تھی گھڑی اس میں دعا یہ مانگی
وعدۂ نصرت و امداد پہ یہ مبنی تھی
پورا فرما دے الٰہی ہے یہ اقرار اپنا
تیرے وعدے کا خدا تجھ سے ہے اظہار اپنا
یہ گروہ آج اگر مولا ہلاک ہوگا
تو عبادت نہ کبھی ہوگی تری پھر مولا

Marfat.com



Marfat.com

ایسے محبوبؐ نے رو رو کے دعا بھی مانگی
آپؐ کے شانۂ اقدس سے تھی چادر اُتری
آ کے صدیقؓ نے چادر کو سنبھالا ایسے
بس کریں پیارے نبیؐ آپؐ سے پھر وہ بولے
ربّ اطہر نے فرشتوں کو وحی کی ایسے
رکھنا ثابت تُو قدم آج مسلمانوں کے
پھر نبیؐ پاک کے ہاں آیا فرشتہ کہنے
رعب ڈالوں گا دلوں میں مَیں تو کفار کے

## فرشتوں کی نصرت

یا نبیؐ آپؐ کی میں مدد کروں گا ایسے
ہوں گے ہزار فرشتے ہی تو آگے پیچھے
سورہ انفال میں خوش خبری ہے دیتا قرآں
ربّ اعلیٰ نے کہا اس کو ہے یومِ فرقاں

Marfat.com

بسم الله الرحمن الرحيم

إنما أمره إذا أراد شيئا أن يقول له

# كن فيكون

فسبحان الذي بيده ملكوت كل شيء وإليه ترجعون

Marfat.com

فوجِ کفار کو ہم دیں گے شکست ایسے
پیٹھ وہ پھیر کے میدان سے بھاگیں جیسے
اپنا احسان جتاتا ہے وہ حاکم ایسے
جبکہ کمزور تھے تم لوگ بلا ساماں تھے
بدر میں اللہ امداد ہیں یوں فرماتے
اس کا تم شکر کرو اور رہو تم ڈرتے

## اُمیہؓ بن خلف کی ہلاکت

دشمنِ جانِ نبیؐ ابن خلف بھی آیا
وہ اُمیّہ جسے ظلم نے تھا اُکسایا
وہ تھا گھیرے میں مسلمانوں کے کیسے بچتا
جو مسلمانوں کو ہر وقت اذیّت دیتا
اس کی خواہش تھی کوئی آ کے بچالے اس کو
ہو کوئی اپنا یا ہو غیر سنبھالے اس کو

Marfat.com

انکوائری کے بعد پتہ چلا کہ یہ قریش کی سازش تھی۔ قریش کی ریشہ دوانیوں کا قلع قمع کرنے کے لئے حضور علیہ الصلوۃ والسلام نے آٹھ مسلمانوں کو منتخب کیا اور ان میں عبد اللہ بن جحشؓ کو سربراہ بنایا۔ جب عبد اللہؓ نخلہ پہنچے تو رجب کا مہینہ ختم ہونے میں ابھی ایک دِن باقی تھا۔ رجب کا مہینہ اہلِ مکہ کے نزدیک حرمت والا مہینہ تھا۔ اسی دِن ایک کارواں نے جو کشمش اور کھالیں لے کر طائف سے مکہ جا رہا تھا نخلہ کے مقام پر پڑاؤ ڈالا۔ عبد اللہ بن جحشؓ نے کارواں کو روک لیا۔ اس قافلے میں قریش کے چار افراد شامل تھے۔ ان افراد میں سے ایک مارا گیا۔ دو اسیر ہو گئے اور ایک بھاگ نکلنے میں کامیاب ہو گیا اور مسلمانوں نے قافلے کا سارا مال اور مویشی اپنے قبضے میں لے لیے۔ مکہ میں صدائے اعتراض بلند ہوئی اور مدینہ کے بت پرست یہودیوں نے بھی احتجاج کیا اور حضور علیہ الصلوۃ والسلام کے خلاف الزام تراشی کی مہم شروع کر دی کہ مسلمانوں نے رجب کے مہینے میں کارواں پر حملہ کر کے دیرینہ قوانین کی خلاف ورزی کی ہے۔

عبد اللہ بن جحشؓ مالِ غنیمت لے کر آئے تو مسلمان بھی شبہ میں پڑ گئے۔ سیّدنا حضور علیہ الصلوۃ والسلام بھی غمگین و ملول ہوئے۔ آپؐ نے حکم دیا کہ سارا سامان ایک جگہ جمع کر دیا جائے اور کوئی اسے ہاتھ نہ لگائے جب تک کوئی فیصلہ نہ ہو۔ اس موقع پر سورہ بقرہ کی آیات نازل ہوئیں۔

يَسْـَٔلُوْنَكَ عَنِ الشَّهْرِ الْحَرَامِ قِتَالٍ فِيْهِ ؕ قُلْ قِتَالٌ فِيْهِ كَبِيْرٌ ؕ وَصَدٌّ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَ كُفْرٌۢ بِهٖ وَالْمَسْجِدِ الْحَرَامِ ۗ وَ اِخْرَاجُ اَهْلِهٖ مِنْهُ اَكْبَرُ عِنْدَ اللّٰهِ ۚ وَ الْفِتْنَةُ اَكْبَرُ

آپ سے (اے محمد ﷺ) حرمت والے مہینوں کے بارے میں پوچھتے ہیں۔ آپ کہہ دیجئے کہ اس ماہ میں لڑائی کرنا بڑا گناہ ہے۔ مگر اللہ کی راہ روکنا اور خدا سے کفر کرنا اور مسجد الحرام میں داخلے پر پابندی لگانا اور ان لوگوں کو جو اس کے اہل ہیں وہاں سے نکال دینا اللہ کے نزدیک اس سے بھی بڑا گناہ ہے اور فتنہ انگیزی قتل سے بھی بڑا جرم ہے۔ (سورۃ بقرۃ، پارہ 2، آیت 217)

حوالہ جات:

1۔ کتاب "محمد رسول اللہ ﷺ جلد اوّل، باب تین سو تیرہ بمقابلہ ایک ہزار، صفحہ نمبر 114 تا 116



Marfat.com

پھر اُمیّہ نے جو بچنے کی تھی چال سوچی
دیکھ کر اس کو وہاں آئے بلالؓ حبشی
چُھپ گیا ابنِ خلف ایک صحابیؓ نیچے
اور وہ مارا گیا بچتا بھلا پھر کیسے

## کفار کی لاشوں سے خطاب

جسمِ کفّار وہاں بدر میں تھے یوں پھیلے
جس طرح کٹ کے گرے ہوں وہ درختوں کے تنے
آئی پھر ان پہ جو طیبہ کی وہ ہستی پیاری
ڈال دیں ایک گڑھے ہی میں وہ لاشیں ساری
لے کے مقتولوں کے نام آپؐ نے یہ فرمایا
کس نے اب وعدے کو اللہ کے سچا پایا
عتبہ و شیبہ ابوجہل گئے تھے مارے
غزوہ بدر کے میداں میں پڑے تھے سارے

Marfat.com

موضوع 18/84

# قانونِ قدرت

# LAW OF NATURE

## سُوْرَةُ الْبَقَرَةِ (THE COW)

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَلَمْ تَرَ اِلَى الْمَلَاِ مِنْۢ بَنِیْٓ اِسْرَآءِیْلَ مِنْۢ بَعْدِ مُوْسٰى ۘ اِذْ قَالُوْا لِنَبِیٍّ لَّهُمُ ابْعَثْ لَنَا مَلِكًا نُّقَاتِلْ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ ؕ قَالَ هَلْ عَسَیْتُمْ اِنْ كُتِبَ عَلَیْكُمُ الْقِتَالُ اَلَّا تُقَاتِلُوْا ؕ قَالُوْا وَمَا لَنَآ اَلَّا نُقَاتِلَ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ وَقَدْ اُخْرِجْنَا مِنْ دِیَارِنَا وَاَبْنَآىِٕنَا ؕ فَلَمَّا كُتِبَ عَلَیْهِمُ الْقِتَالُ تَوَلَّوْا اِلَّا قَلِیْلًا مِّنْهُمْ ؕ وَاللّٰهُ عَلِیْمٌۢ بِالظّٰلِمِیْنَ ﴿۲۴۶﴾

ترجمہ: کیاتم نے غور کیا جب بنی اسرائیل کے سرداروں نے موسیٰؑ علیہ السلام کے بعد اپنے ایک نبی علیہ السلام سے کہا آپ ہمارے لئے ایک حکمران مقرر کر دیجیے تاکہ ہم اس کے حکم پر اللہ کی راہ میں جنگ کریں اس پر اس نبی نے پوچھا ایسا نہ ہو کہ تم کو جنگ کا حکم دیا جائے اور پھر تم نہ لڑو وہ بولے بھلا یہ کیسے ہو سکتا ہے کہ ہم اللہ کی راہ میں نہ لڑیں جبکہ ہمیں ہمارے گھروں سے نکال دیا گیا ہے اور ہمارے بال بچے ہم سے جدا کر دیے گئے ہیں لیکن ہوا یہی کہ جب ان کو جنگ کا حکم دیا گیا تو ایک چھوٹی سی تعداد کے سوا وہ سب پیٹھ موڑ گئے اللہ ان میں سے ایک ایک ظالم کو جانتا تھا۔

*Have you not thought about the group of the children of Israel after (the time of) Musa (Moses)? When they said to a Prophet of theirs,"Appoint for us a king and we will fight in Allah's way." He said,"Would you then refrain from fighting if, fighting was prescribed for you?" They said " Why should we not fight in Allah's way while*



Marfat.com

مال و اسباب وہاں چھوڑ کے باقی بھاگے
کچھ وہاں مارے گئے اور گئے کچھ پکڑے
اتنا پھر لشکرِ کفّار ہوا تھا بد دل
مٹی میں ناز و غرور اُن کا ہوا تھا شامل

## بدر کا گڑھا

اپنی عادت کا وہ اظہار تھے یوں فرماتے
جس جگہ ملتی انہیں لاش وہاں دفناتے
غزوہ بدر میں لاشے جو بہت زیادہ تھے
کیسے کفّار کی لاشوں کو وہاں دفناتے
پھر یہ ارشاد ہوا کھودو گڑھا ان کے لیے
مُردہ اجسام وہ کفّار کے اس میں ڈالے
میّہ بن خلف کی جب لاش اُٹھانے آئے
پھولی تھی لاش ہوئے اس کے بہت ہی ٹکڑے

Marfat.com

*we have been driven out of our homes and our children? But when fighting was ordered for them, they turned away, all except a few of them. And Allah is All-Aware of the Zalimun.*

حضرت موسیٰ علیہ السلام کے تقریباً تین سو سال بعد عمالقہ فلسطین کے اکثر حصّوں پر قابض ہو گئے تھے اور دِن بدِن انکی ایذا رسانیاں بڑھتی چلی جا رہی تھیں۔ ان لوگوں نے وہ صندوق جس کے اندر حضرت موسیٰ علیہ السلام اور ان کے بھائی حضرت ہارون علیہ السلام کے تبرکات محفوظ تھے وہ بھی بنی اسرائیلیوں سے چھین کر اپنے ملک عمالقہ پہنچا دیئے تھے۔ اس وقت حضرت سیموئیل علیہ السلام ان کے اندر پیغمبر موجود تھے جو بوڑھے ہو چکے تھے۔ بنی اسرائیل بار بار اپنے پیغمبر سے ایک ایسے امیر کو مقرر کرنے کا اصرار کرتے جو ان کے ساتھ مل کر عمالقہ سے لڑائی کرے اور ان کے کھوئے ہوئے ملک کے حصوں کو ان سے آزاد کرائے۔ مگر جب حضرت سیموئیل علیہ السلام نے ان پر ایک امیر مقرر کر دیا۔ اور جہاد کرنے کا حکم دیا تو سوائے چند آدمیوں کے سب نے جہاد کرنے سے انکار کر دیا۔ سب سے پہلے تو ان کے ذہنوں میں اس امیر جس کا نام طالوت تھا کو بادشاہ تسلیم کرنے سے انکار کر دیا کہ یہ شخص ہمارا بادشاہ بننے کے لائق نہیں۔ پھر جب حضرت سیموئیل علیہ السلام نے فرمایا کہ انہیں بادشاہ کی طرف سے بادشاہی دی گئی ہے تو اس کا ثبوت اور دلیل پیش کرنے کا مطالبہ کیا گیا جس کی نشانی میں حضرت موسیٰ علیہ السلام اور حضرت ہارون علیہ السلام کے تبرّکات کا صندوق ان کے پاس فرشتوں کے ذریعے پہنچانے کا اہتمام کیا گیا جس کا ذکر سورہ بقرۃ کی اس آیت میں موجود ہے۔

آخر کار تھوڑے سے لوگ طالوت کے ساتھ مل کر جالوت کے لشکر سے جنگ کرنے پر تیار ہو گئے۔ طالوت کے لشکر میں لڑنے والوں میں حضرت داؤد علیہ السلام بھی تھے۔ اس وقت تک آپ علیہ السلام پیغمبری کے عہدے سے سرفراز نہیں کئے گئے تھے۔ اس جنگ میں حضرت داؤد علیہ السلام کے ہاتھوں جالوت مارا گیا۔ اور اللہ تعالیٰ نے آپ کو حکومت اور پیغمبری عطا فرمائی۔

قَتَلَ دَاوٗدُ جَالُوْتَ وَاٰتٰىهُ اللّٰهُ الْمُلْكَ وَالْحِكْمَةَ وَعَلَّمَهٗ مِمَّا يَشَآءُ ؕ وَلَوْ لَا دَفْعُ اللّٰهِ النَّاسَ بَعْضَهُمْ بِبَعْضٍ ۙ لَّفَسَدَتِ الْاَرْضُ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ ذُوْ فَضْلٍ عَلَى الْعٰلَمِيْنَ ﴿۲۵۱﴾

**داؤد نے جالوت کو قتل کر ڈالا۔ اور اللہ نے ان کو بادشاہی اور دانائی بخشی اور جو کچھ چاہا سکھایا۔ اور اگر اللہ لوگوں کو ایک دوسرے پر چڑھائی اور حملہ کرنے سے نہ ہٹاتا رہتا تو کرہ ارض تباہ ہو جاتا لیکن اللہ اہل عالم پر بڑا مہربان ہے۔**

(سورہ بقرہ، پارہ 3، آیت 251)

## حکمت:

یہاں اللہ تعالیٰ نے اپنی سنّت بیان کر دی ہے۔ کہ قدرت کا قانون یہ ہے کہ جب نافرمان لوگوں میں کسی ظالم اور جابر حکمران کے ظلم و تشدد کی انتہا ہو جاتی ہے۔ جس کی وجہ سے زمین پر فساد اور خون ریزیاں بڑھ جاتی ہیں تو خلق خدا کی حفاظت کے لئے اور زمین کو ویران کھنڈرات میں تبدیل ہونے سے پہلے اللہ تعالیٰ کوئی دوسری قوم پیدا کر دیتے ہیں۔ جس کے ذریعے ظالم اور جابر لوگوں سے دنیا کو



Marfat.com

جس جگہ کھودا گڑھا اس میں دبایا آخر
مٹی میں لاش کے ٹکڑوں کو چھپایا آخر
بولتے دیکھا نبیؐ پاک کو جب مُردوں سے
عمرؓ فاروق نبیؐ پاک سے پھر یوں بولے
یا نبیؐ آپؐ مخاطب ہیں مرے جسموں سے
تھے وہ حیرت میں مخاطب ہیں یہاں لاشوں سے
اس پہ ارشاد کیا انؓ سے نبیؐ اطہر نے
سن نہیں سکتے مجھے آپؓ زیادہ ان سے
جس کے قبضے میں ہے جاں میری ہے قسم اس کی
دے نہیں سکتے جواب ہے یہ بات اتنی

## مدینے کو واپسی

تین دن بعد چلے بدر سے طیبہ آقاؐ
اور کچھ روز میں پہنچے تھے وہ وادی صفرا

Marfat.com

نجات مل جاتی ہے۔ حضرت داؤد علیہ السلام کے ذریعے اللہ تعالیٰ نے زمین پر بڑھتے ہوئے ظلم و ستم کے اس سیلاب کی روک تھام کی اور لوگوں کے اوپر آپ علیہ السلام کو حکمران مقرر کر دیا۔ لوگوں کی معاشرتی اور رُوحانی اصلاح کے لئے آپ علیہ السلام کو آسمانی کتاب زبور عطا کی گئی۔

حوالہ جات:

1۔ کتاب "معرفتِ عشق" از سیّدہ سعیدہ خاتون عظیمی، باب لوہا نرم ہو گیا، صفحہ نمبر 67 تا 68



Marfat.com

اب مجاہد تھے نبیؐ پاک کے ہمراہ سارے
ان پہ تقسیم کیا مال مرے آقاؐ نے
جونہی وہ مالِ غنیمت کا گیا تھا بانٹا
یکساں عثمانؓ کی زوجہ نے بھی حصّہ پایا

## مجاہدین بدر کا استقبال

اہلِ طیبہ کو سنانے کے لیے خوش خبری
حضرت زیدؓ کو بھیجا تھا کہ جاؤ جلدی
فتحِ مبین کی خوشخبری سناؤ جا کر
آنے والے ہیں سبھی غازی بتاؤ جا کر
لے کے خوش خبری جونہی زیدؓ مدینے آئے
بے قرار آپؐ کی آمد میں سبھی وہ پائے
خبر جو آپؐ کے آنے کی ہوئی طابا میں
آپؐ کو ملنے چلے آئے سبھی رُوحا میں

Marfat.com

موضوع 19/84

# دین میں زبردستی نہیں

NO COMPULSATION IN RELEGION

## سُوْرَةُ الْبَقَرَةِ (THE COW)

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

لَآ اِكْرَاهَ فِي الدِّيْنِ ۙ قَدْ تَّبَيَّنَ الرُّشْدُ مِنَ الْغَيِّ ۚ فَمَنْ يَّكْفُرْ بِالطَّاغُوْتِ
وَيُؤْمِنْۢ بِاللّٰهِ فَقَدِ اسْتَمْسَكَ بِالْعُرْوَةِ الْوُثْقٰى ۚ لَا انْفِصَامَ لَهَا ۗ
وَاللّٰهُ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ﴿۲۵۶﴾

ترجمہ: دین اسلام میں کوئی زبردستی نہیں ہے۔ ہدایت صاف طور پر ظاہر اور گمراہی سے الگ ہو چکی ہے۔ تو جو شخص بتوں سے اعتقاد نہ رکھے اور اللہ پر ایمان لائے اس نے ایسی مضبوط رسّی ہاتھ میں پکڑ لی ہے جو کبھی ٹوٹنے والی نہیں اور اللہ سب کچھ سنتا ہے سب کچھ جانتا ہے۔

*There is no compulsion in religion. The right direction is henceforth distinct from error. And he who rejecteth false deities and believeth in Allah hath grasped a firm hand hold which will never break. Allah is Hearer, Knower.*

### سعید اور شقی ارواح:

شقی روح اور سعید روح سے مراد یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے روحوں کو دو راستوں میں سے ایک راستے کے انتخاب کا حق دیا ہے۔ جن روحوں نے سعید راستے کا انتخاب کیا وہ سعید ہیں اور جن روحوں نے شقاوت کے راستے کا انتخاب کیا وہ شقی ہیں اور اللہ تعالیٰ ان دونوں باتوں سے بے نیاز ہے۔ بندوں نے ان دونوں راستوں میں سے کسی ایک کا انتخاب کر لیا۔ اللہ تعالیٰ نے قبول کر لیا۔

قرآنِ پاک میں ارشاد باری تعالیٰ ہے:

| | |
|---|---|
| لَآ اِكْرَاهَ فِي الدِّيْنِ ۙ قَدْ تَّبَيَّنَ الرُّشْدُ مِنَ الْغَيِّ ۚ فَمَنْ يَّكْفُرْ بِالطَّاغُوْتِ وَيُؤْمِنْۢ | دین اسلام میں کوئی زبردستی نہیں ہے۔ ہدایت صاف طور پر ظاہر اور گمراہی سے الگ ہو چکی ہے۔ تو جو شخص بتوں سے اعتقاد نہ رکھے |



Marfat.com

دیکھ کر پیارے نبیؐ کو وہ بہت ہی خوش تھے
ہر مجاہد کے وہاں نوری سے چہرے دیکھے

## اسیرانِ جنگ کا انجام

مشورہ آپؐ نے اصحابؓ سے مانگا ایسا
ان اسیران سے معاملہ ہو تو کیسا
بولے جو رشتے میں اپنے ہیں انہیں ہم لے لیں
عمرِؓ فاروق نے کی عرض کہ سب کو ماریں
بولے صدیقؓ نبیؐ پاک انہیں بھی چھوڑیں
اس کے بدلے میں حضورؐ ان سے بھی فدیہ لے لیں
اس حقیقت کو نبیؐ پاک نے احسن سمجھا
فدیہ جو دے نہ سکا اس کو/بھی فوراً چھوڑا
ایک تجویز یہ آئی کہ مسلمانوں کے
خواندہ کفّار نے بچے بھی پڑھانے ہوں گے

Marfat.com

بِاللّٰهِ فَقَدِ اسۡتَمۡسَكَ بِالۡعُرۡوَةِ الۡوُثۡقٰى ۚ لَا انۡفِصَامَ لَهَا ؕ وَاللّٰهُ سَمِيۡعٌ عَلِيۡمٌ ﴿۲۵۶﴾

**اور اللہ پر ایمان لائے اس نے ایسی مضبوط رسّی ہاتھ میں پکڑلی ہے جو کبھی ٹوٹنے والی نہیں اور اللہ سب کچھ سنتا ہے سب کچھ جانتا ہے۔**

**(سورہ بقرہ، آیت 256)**

اللہ تعالیٰ نے ایک لاکھ چوبیس ہزار پیغمبر بھیجے لیکن لوگوں نے ان کی بات نہیں سنی۔ ان کو جھٹلایا۔ ان کو جادوگر کے لقب سے پکارا لیکن وہ اپنے مشن میں مستقل مزاجی سے مشغول رہے اور جن لوگوں نے ان کی بات سنی وہ صحابی ہوگئے۔۔۔اور اللہ تعالیٰ نے ایسے لوگوں کو عذاب سے بچالیا۔ جب اللہ تعالیٰ نے انسان کو اچھائی اور برائی کے بارے میں معلومات فراہم کر دیں اور انسان کو اچھائی اور برائی کے نفع ونقصان سے آگاہ کر دیا اور اچھائی اور برائی کو قبول کرنے، نہ کرنے کا اختیار بھی دے دیا تو انسان کی مرضی ہے کہ جنّت میں جائے یا دوزخ میں۔

لیکن ساتھ ساتھ اللہ تعالیٰ خالق و مالک ہے۔ اللہ تعالیٰ نے معافی کا دروازہ کھلا رکھا ہے۔ بڑے سے بڑا ظالم و جابر بھی جب اللہ تعالیٰ سے معافی کی درخواست کرتا ہے تو اللہ اپنی رحمت سے اسے معاف کر دیتے ہیں لیکن جب کوئی انسان برائی پر ضد کرتا ہے جبکہ اللہ تعالیٰ نے یہ بتا دیا ہے کہ آگ ہاتھ جلا دیتی ہے۔ اور وہ آگ میں ہاتھ ڈال دیتا ہے۔ پھر وہ ضد میں یہ کہنے لگے کہ اللہ نے آگ بنائی ہی کیوں؟؟ تو یہ مکر ہے اور عقل کی کوتاہ اندیشی ہے۔ اگر آدمی آگ میں ہاتھ ڈالے گا وہ ضرور جلے گا۔ اللہ تعالیٰ نے دین کے بارے میں بھی فرما دیا ہے کہ دین میں جبر نہیں ہے۔

قُلۡ يٰۤاَيُّهَا النَّاسُ قَدۡ جَآءَكُمُ الۡحَقُّ مِنۡ رَّبِّكُمۡ ۚ فَمَنِ اهۡتَدٰى فَاِنَّمَا يَهۡتَدِىۡ لِنَفۡسِهٖ ۚ وَمَنۡ ضَلَّ فَاِنَّمَا يَضِلُّ عَلَيۡهَا ۚ وَمَاۤ اَنَا عَلَيۡكُمۡ بِوَكِيۡلٍ ﴿۱۰۸﴾ؕ

**کہدو کہ لوگو تمہارے پروردگار کہ ہاں سے تمہارے پاس حق آچکا ہے تو جو کوئی ہدایت حاصل کرتا ہے تو ہدایت سے اپنے ہی حق میں بھلائی کرتا ہے اور جو گمراہی اختیار کرتا ہے تو گمراہی سے اپنا ہی نقصان کرتا ہے۔ اور میں تمہارا وکیل نہیں ہوں۔**

**(سورہ یونس، آیت 108)**

یعنی اے محمد ﷺ! آپ توحید کا پیغام پہنچادیں لوگ سنیں یا نہ سنیں۔ آپ پر اس کی کوئی ذمہ داری نہیں ہے۔ اس لئے کہ لوگوں کو اختیار دیا گیا ہے۔ رسول اللہ ﷺ بتوں کی پرستش سے منع فرماتے تھے جب لوگوں نے اپنا اختیار استعمال کیا۔ عقل و شعور سے کام لیا۔ اللہ تعالیٰ نے ان کی مدد کی اور وہ اسلام پر گامزن ہوگئے اور اللہ تعالیٰ کے دین کے لئے بڑے بڑے کارنامے سرانجام دیئے۔

حوالہ جات:

1- کتاب "روح کی پکار" از الشیخ خواجہ شمس الدین عظیمی، باب سعید روح اور اور شقی روح کیا ہے؟، صفحہ نمبر 252 تا 253



Marfat.com

یہ ہی فدیہ تھا وہاں لکھے پڑھے لوگوں کا
جنہوں نے کام کیا ایسا انہیں بھی چھوڑا

## جنگِ اُحد کے اسباب

اہل مکہ نے ہزیمت تھی اُٹھائی اپنی
بھول پائے تھے نہ رُسوائی جو پائی ایسی
غزوۂ بدر کا منظر تھا بسا آنکھوں میں
زہر کے تیر تھے پوشیدہ سبھی باتوں میں
کھولتے دل تھے کہ جیسے بھی ہولیں گے بدلہ
سر تا پا غصّے میں ڈوبا تھا وہ بوڑھا بچہ
کرنا تھا لڑکے وہاں ان کو کلیجہ ٹھنڈا
خواہ وہ سردار تھا یا کوئی بھی بندہ اُن کا
شامل جنگ کریں سب کو تھا اُن کا وعدہ
جنگی خدمات کا کھولا تھا وہیں دروازہ

Marfat.com

موضوع 84/ 20 حضرت ابراہیم علیہ السلام کا نمرود سے مکالمہ

DIALOGUE OF ABRAHAM (AS) AND NAMROOD

## سُوْرَةُ الْبَقَرَةِ (THE COW)

بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِىْ حَآجَّ اِبْرٰهٖمَ فِىْ رَبِّهٖٓ اَنْ اٰتٰىهُ اللّٰهُ الْمُلْكَ ۘ اِذْ قَالَ اِبْرٰهٖمُ رَبِّىَ الَّذِىْ يُحْىٖ وَيُمِيْتُ ۙ قَالَ اَنَا اُحْىٖ وَاُمِيْتُ ؕ قَالَ اِبْرٰهٖمُ فَاِنَّ اللّٰهَ يَاْتِىْ بِالشَّمْسِ مِنَ الْمَشْرِقِ فَاْتِ بِهَا مِنَ الْمَغْرِبِ فَبُهِتَ الَّذِىْ كَفَرَ ؕ وَاللّٰهُ لَا يَهْدِى الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۲۵۸﴾

ترجمہ: بھلا تم نے اس شخص کو نہیں دیکھا جو اس (غرور کے) سبب سے کہ اللہ نے اس کو سلطنت بخشی تھی، ابراہیمؑ سے پروردگار کے بارے میں جھگڑنے لگا۔ جب ابراہیمؑ نے کہا کہ میرا پروردگار تو وہ ہے جو زندہ کرتا ہے اور مارتا ہے وہ بولا کہ زندہ کرنا اور مارنا تو میں بھی کر سکتا ہوں۔ ابراہیمؑ نے کہا اللہ تو سورج کو مشرق سے نکالتا ہے تو اسے مغرب سے نکال دے۔ (یہ سن کر) کافر ششدر رہ گیا اور اللہ تعالیٰ ظالم لوگوں کو ہدایت نہیں دیا کرتا۔

*Have you not looked at himwho disputed with Ibrahim (Abraham) about his Lord (Allah) because Allah had given him the kingdom? When Abraham AS said (to him) "My Lord is He Who gives life and causes death." He said,"I give life and cause death." Abraham said, "Verily! Allah causes the sun to rise from the east; then cause it you to rise from the west." So the disbeliever was utterly defeated. And Allah guides not the people, who are Zalimun. (Wrong doers)*

اس مقام پر اللہ تعالیٰ نے اپنے خلیل علیہ السلام کا اس سرکش ظالم بادشاہ سے مناظرہ بیان فرمایا جس نے رب ہونے کا دعویٰ کیا



Marfat.com

تھا منافق جو ابوعزہ وہ ہاتھ آیا
کر کے احسان حضورؐ نے اسے بھی چھوڑا
قیدی تھا یہ بھی نہیں پاس تھا اس کے فدیہ
آپؐ سے پھر نہ لڑے گا وہ کیا تھا وعدہ
سریہ زیدؓ بن حارث سے بھی آئی تیزی
جس نے مکہ کے قریش کی کمر تھی توڑی

## انتقامی جنگ کے لیے قریش کی تیاری

پورا ہی سال گزارا تھا تیاری کرتے
وہ کئی اور قبیلوں سے بھی ملنے جاتے
فوج تھی تین ہزار اونٹ بھی لائے اتنے
اور تھے ہاتھوں میں کفار کے دو سو گھوڑے
سات سو زرہوں کے مالک تھے وہ مکّہ والے
ان کی تدبیروں سے ظاہر تھے ارادے ان کے

Marfat.com

تھا حضرت ابراہیم خلیل اللہ علیہ السلام نے اس کی دلیل کو غلط ثابت کر دیا اس کی جہالت اور کم عقلی کو آشکارہ کر دیا دلیل کے میدان میں اس کو لاجواب کر دیا اور اس کے سامنے سیدھا راستہ واضح فرما دیا۔ علمائے نسب اور مورخین فرماتے ہیں کہ یہ بادشاہ بابل کا بادشاہ تھا جس کا نام نمرود بن کنعان بن کوش بن سام بن نوحؑ تھا۔ مجاہد نے یہی فرمایا بعض علما نے اس کا نسب اس طرح بیان کیا ہے۔ نمرود بن فالح بن عابد بن شالح بن ارفخشد بن سام بن نوحؑ۔

علماء فرماتے ہیں کہ نمرود مسلسل چار سو سال بادشاہ رہا اس نے سرکشی، ظلم اور تکبر کا راستہ اختیار کیا۔ آخرت کے بجائے دنیا کا حصول پیش نظر رکھا۔ جب اسے حضرت ابراہیم علیہ السلام نے اللہ کی عبادت کی دعوت دی تو اس نے جہالت اور گمراہی کی وجہ سے خالق کا انکار کر دیا۔ چنانچہ حضرت ابراہیم علیہ السلام نے اس سے بحث کی اس نے اپنے رب ہونے کا دعویٰ کیا تو حضرت ابراہیم علیہ السلام نے فرمایا:

رَبِّيَ الَّذِيْ يُحْيٖ وَ يُمِيْتُ — **میرا رب زندہ کرتا ہے اور مارتا ہے۔**

(سورۃ بقرۃ، پارہ 3، آیت 258)

اس نے کہا:

اَنَا اُحْيٖ وَ اُمِيْتُ — **میں بھی زندہ کرتا ہوں اور مارتا ہوں۔**

(سورۃ بقرۃ، پارہ 3، آیت 258)

قتادہ، سدی اور محمد بن اسحاق بیان کرتے ہیں اس کے سامنے دو آدمی پیش کئے گئے ان کے لئے سزائے موت کا فیصلہ ہو چکا تھا اس نے ایک کو قتل کرنے کا حکم دیا اور دوسرے کو معاف کر دیا اس طرح اس نے یہ فریب دیا کہ اس نے ایک کو موت دی اور دوسرے کو زندگی بخش دی۔ اس کا یہ عمل حضرت ابراہیم علیہ السلام کی دلیل کا جواب نہیں تھا اور نہ ہی اس کا موضوع مناظرے سے کوئی تعلق تھا۔ جس سے یہ ظاہر ہو گیا اس کے پاس کوئی دلیل نہیں تھی۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام نے جو دلیل پیش فرمائی تھی اس کی وضاحت یہ ہے کہ جانداروں کا جینا مرنا ایک عام مشاہدے کی چیز ہے کیونکہ یہ واقعات خود بخود پیش نہیں آسکتے لہٰذا ضرور کوئی ایسی ذات موجود ہے جس کی مشیئت کے بغیر ان اشیا کا وجود میں آنا محال ہے۔ لازمی ہے کہ نظر آنے والے واقعات کا کوئی فاعل ہو، جس نے انہیں پیدا کیا، انہیں اپنے اپنے نظام کا پابند کیا، جو ستاروں، ہواؤں اور بادلوں کو ایک جگہ سے دوسری جگہ لے جاتا ہے اور بارش برساتا ہے اور ان جانداروں کو پیدا کرتا ہے جو ہمیں نظر آتے ہیں اور پھر انہیں موت سے ہمکنار کر دیتا ہے۔ اسی لئے حضرت ابراہیم علیہ السلام نے فرمایا:

رَبِّيَ الَّذِيْ يُحْيٖ وَ يُمِيْتُ — **میرا پروردگار تو وہ ہے جو زندہ کرتا ہے اور مارتا ہے۔**

اس جاہل بادشاہ نے جواباً کہا کہ:

اَنَا اُحْيٖ وَ اُمِيْتُ — **میں زندہ کرتا ہوں اور مار سکتا ہوں**



Marfat.com

عورتیں گیت سنانے کے لیے آئی تھیں
حوصلہ اُن کا بڑھانے کے لیے آئی تھیں

## مدینے میں اطلاع

چچا عباسؓ حضورؐ کے وہیں تھے مکے
نقل و حرکت سے کفّار کی واقف رہتے
آپؓ نے دیکھے جو کفّار تیاری کرتے
سارے حالات حضورؐ کو وہاں لکھ بھیجے
لکھ کے حالات مدینے کو جو قاصد بھیجا
تین ایّام میں جانے کے لیے فرمایا
جو حقیقت تھی نبیؐ پاک کو لکھ دی ساری
ساز و سامان بہت سارا ہے لشکر بھاری
جونہی مختارِؐ زمانہ کو ملا خط اُنؓ کا
مشورہ آپؐ نے اصحابؓ مکرّم سے کیا

Marfat.com

اگر اس کا یہ مطلب ہے کہ نظر آنے والے کام اس کے کنٹرول میں ہیں تو سراسر ضد اور ہٹ دھرمی کا اظہار ہے اور اگر وہ مطلب ہے جو قتادہ، سدی اور محمد بن اسحاق نے بیان کیا تو اس کا ابراہیم علیہ السلام کی پیش کردہ دلیل سے کوئی تعلق ہی نہیں اس نے نہ تو مقدمے کو غلط ثابت کیا نہ ہی دلیل کے مقابل دلیل پیش کی۔ چونکہ بحث میں اس کی شکست کا یہ پہلو ایسا ہے جو حاضرین اور دوسرے لوگوں میں سے بہت سے افراد کی سمجھ میں آنے والا نہیں تھا۔ اس لئے حضرت ابراہیمؑ نے ایک اور دلیل پیش کر دی۔ جس سے نہایت واضح طور پر خالق کا وجود اور نمرود کے دعوے کا بطلان ثابت ہوتا ہے اس کی وجہ سے اسے سب کے سامنے لاجواب اور خاموش ہونا پڑا ارشاد باری تعالیٰ ہے:

**قَالَ اِبْرٰهٖمُ فَاِنَّ اللّٰهَ يَاْتِىْ بِالشَّمْسِ مِنَ الْمَشْرِقِ فَاْتِ بِهَا مِنَ الْمَغْرِبِ**

**ابراہیمؑ نے کہا کہ اللہ تو وہ ہے جو سورج کو مشرق سے نکالتا ہے لہٰذا تو اسے مغرب سے نکال دے۔** (سورۃ البقرۃ، پارہ3، آیت258)

یعنی یہ مسخر سورج روزانہ مشرق سے نکلتا ہے جیسے اسے پیدا کرنے والے اور چلانے والے نے مقرر کر رکھا ہے اگر تو ہی زندگی اور موت کا مالک ہے جیسے کہ تیرا دعویٰ ہے کہ تو زندہ کرتا اور موت دیتا ہے تو اس سورج کو مغرب سے لے آ۔ کیونکہ جس کے ہاتھ میں زندگی اور موت کا اختیار ہو وہ جو چاہتا ہے کر سکتا ہے اسے نہ منع کیا جا سکتا ہے نہ مغلوب کیا جا سکتا ہے بلکہ وہ ہر چیز پر غالب ہوتا ہے اور ہر چیز اس کے حکم کی پابند ہوتی ہے اگر تیرا دعویٰ سچا ہے تو یہ کام کر ورنہ ثابت ہو جائے گا کہ تیرا دعویٰ غلط ہے حقیقت یہ ہے کہ تجھے معلوم ہے اور ہر شخص جانتا ہے کہ تو یہ کام نہیں کر سکتا سو اس قدر عاجز ہے کہ ایک مچھر بھی پیدا نہیں کر سکتا اس طرح حضرت ابراہیم علیہ السلام نے اس کا جاہل اور عاجز ہونا واضح فرما دیا اس کے پاس جواب میں کہنے کو کچھ نہ رہا اس کا منہ بند ہو گیا اسی لئے اللہ تعالیٰ نے فرمایا

**فَبُهِتَ الَّذِىْ كَفَرَ ۗ وَاللّٰهُ لَا يَهْدِى الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ ؁**

**یہ سن کر کافر ششدر رہ گیا اور اللہ بے انصافوں کو ہدایت نہیں دیا کرتا۔** (سورۃ بقرۃ، پارہ3، آیت258)

سدی نے ذکر کیا ہے کہ ابراہیم علیہ السلام اور نمرود کے درمیان یہ مناظرہ اس دن ہوا جس دن وہ آگ سے نکلے اس سے پہلے ان کا کبھی آمنا سامنا نہیں ہوا تھا۔ جس دن وہ اکٹھے ہوئے اس دن یہ مناظرہ واقع ہوا۔

[حوالہ: تفسیر ابن کثیر 1/ 526 تفسیر سورۃ بقرہ آیت:258]

زید بن اسلم سے روایت ہے کہ نمرود نے اشیائے خوردنی کا انتظام اپنے ہاتھ میں رکھا تھا لوگ غلّہ لینے کے لئے اس کے پاس جاتے تھے اور حضرت ابراہیم علیہ اسلام بھی دوسرے لوگوں کے ساتھ غلہ لینے گئے اس سے پہلے دونوں کی کبھی ملاقات نہیں ہوئی تھی۔ اس وقت ان کے درمیان یہ مناظرہ ہو گیا۔ اس نے حضرت ابراہیم علیہ السلام کو غلہ دینے سے انکار کر دیا آپ اس کے پاس سے آئے تو آپ کے پاس غلہ نہیں تھا جب آپ گھر کے قریب پہنچے تو دونوں بورے مٹی سے بھر لئے اور دل میں سوچا کہ جب میں گھر پہنچوں گا تو گھر



Marfat.com

پھر صحابہؓ نے مدینے میں تیاری کر لی
اس پہ بھی عمل کیا جو بھی تھی حکمت عملی
لیس ہتھیاروں سے ہوتے تھے نمازی سارے
ان کے حلقے میں چلا کرتے تھے آقاؐ پیارے
ایک دستہ بھی نبیؐ پاک کے در پر ہوتا
ہر کوئی طیبہ کے حالات سے واقف رہتا
کس طرح آپؐ کے اصحابؓ بیگانے ہوتے
شہرِ طیبہ کی تو راہوں پہ دیوانے ہوتے

## کفار کے لشکر کی مدینہ آمد

مکہ سے ابواء کی جانب تھے وہ آئے کافر
پھر عمیق کی وہ وادی سے بھی آگے جا کر
کس قدر داہنے کترا کے چلے جاتے تھے
کافر عینین کے دامن میں چلے آتے تھے

Marfat.com

والے مطمئن ہو جائیں گے گھر پہنچ کر انہوں نے بورے اتارے اور خود سو گئے۔ آپ کی زوجہ محترمہ حضرت سارہ علیہ السلام اٹھ کر بوروں کے پاس گئیں تو دیکھا کہ وہ عمدہ غلے سے بھرے ہوئے ہیں۔ انہوں نے کھانا تیار کیا اور حضرت ابراہیم علیہ السلام بیدار ہوئے تو دیکھا کہ کھانا تیار ہے۔ انہوں نے پوچھا یہ کھانا کہاں سے آیا زوجہ محترمہ نے فرمایا جو آپ علیہ السلام لائے تھے اسی سے تیار کیا ہے۔ آپ سمجھ گئے کہ اللہ تعالیٰ نے عطا فرمایا ہے۔ زید بن اسلم نے فرمایا اللہ تعالیٰ نے اس ظالم بادشاہ کے پاس ایک فرشتہ بھیجا جس نے اسے اللہ پر ایمان لانے کو کہا اس نے انکار کر دیا دوبارہ ایمان کی دعوت دی اس نے پھر انکار کر دیا اس نے تیسری بار ایمان کی دعوت دی تو اس نے پھر انکار کر دیا اور کہا کہ:

**تو اپنے لشکر جمع کر لے میں اپنے لشکر جمع کرتا ہوں۔**

طلوع آفتاب کے وقت نمرود نے اپنی تمام فوجیں جمع کر لیں۔ اللہ تعالیٰ نے اتنے مچھر بھیج دیے کہ سورج ان کی اوٹ میں چھپ گیا۔ اللہ نے لشکر والوں پر مچھر مُسلّط کر دیے۔ انہوں نے ان کا گوشت اس طرح کھا لیا کہ صرف ہڈیاں باقی رہ گئیں۔ ایک مچھر بادشاہ کی ناک میں داخل ہو گیا۔ اللہ نے اس کے ذریعے اسے چار سو سال عذاب میں مبتلا رکھا چنانچہ اس کے سر پر ہتھوڑے مارے جاتے تھے کہ وہ اللہ کے حکم سے ہلاک ہو گیا۔

حوالہ جات:

1۔ کتاب "البدایہ والنہایہ" (قصص الانبیاء) از امام ابو الفداء ابنِ کثیر الدمشقی، ترجمہ از مولانا عطاء اللہ ساجد (مدینہ یونیورسٹی)، موضوع حضرت ابراہیم کا نمرود سے مناظرہ، صفحہ نمبر 168 تا 171



Marfat.com

## مسلمانوں کی مشاورت

رائے دی آپؐ نے رہتے ہیں مدینے میں ہم
اور سبقت بھی کریں گے نہیں لڑنے میں ہم
آپؐ کے سارے صحابہؓ نے یہ رائے دی تھی
شہر سے دور لڑیں گے ہے یہ چاہت اپنی
واسطے لڑنے کے ہم ان کی طرف چلتے ہیں
ورنہ کفار یہ سمجھیں گے کہ ہم ڈرتے ہیں
مانگی کفّار سے لڑنے کی دعائیں رب سے
منتظر آج کے دن کے تھے حضورؐ کب سے

## میدانِ جنگ کی تیاری

کافی اصحابؓ نے آقاؐ کو جو رائے دی تھی
ظاہر اس پر ہی تو آقاؐ نے بھی مرضی کی تھی
جمعہ کی پڑھ کے نماز ان کو وصیّت بھی کی
جدوجہد بڑھانے کی نصیحت بھی کی

Marfat.com

موضوع 21/84

# حیات و ممات

# LIFE AND DEATH

## سُوْرَةُ الْبَقَرَةِ (THE COW)

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اَوْ كَالَّذِیْ مَرَّ عَلٰى قَرْیَةٍ وَّ هِیَ خَاوِیَةٌ عَلٰى عُرُوْشِهَا ۚ قَالَ اَنّٰى یُحْیٖ هٰذِهِ اللّٰهُ بَعْدَ

مَوْتِهَا ۚ فَاَمَاتَهُ اللّٰهُ مِائَةَ عَامٍ ثُمَّ بَعَثَهٗ ؕ قَالَ كَمْ لَبِثْتَ ؕ قَالَ لَبِثْتُ یَوْمًا اَوْ

بَعْضَ یَوْمٍ ؕ قَالَ بَلْ لَّبِثْتَ مِائَةَ عَامٍ فَانْظُرْ اِلٰى طَعَامِكَ وَ شَرَابِكَ لَمْ یَتَسَنَّهْ ۚ

وَ انْظُرْ اِلٰى حِمَارِكَ وَ لِنَجْعَلَكَ اٰیَةً لِّلنَّاسِ وَ انْظُرْ اِلَى الْعِظَامِ كَیْفَ نُنْشِزُهَا

ثُمَّ نَكْسُوْهَا لَحْمًا ؕ فَلَمَّا تَبَیَّنَ لَهٗ ۙ قَالَ اَعْلَمُ اَنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ (۲۵۹)

ترجمہ:۔ اُس شخص کی مثال یاد کرو جس کا گزر ایک ایسی بستی پر ہوا جو اپنی چھتوں پر اوندھی گری پڑی تھی۔ اس نے (حیرت سے) سوچا۔ "اس ہلاک شدہ آبادی کو اللہ بھلا کس طرح دوبارہ زندگی بخشے گا"؟ اس پر اللہ نے سو سال کے لئے موت وارد کردی۔ اور پھر جب اسے دوبارہ زندگی بخشی تو اس سے پوچھا "(بتاؤ) تم کتنی مدت اس حال میں رہے۔" اس نے جواب دیا:" ایک دِن یا شاید اس سے کچھ کم۔" نہیں، بلکہ تم پر سو سال اسی حالت میں گزر چکے ہیں۔ لیکن اب تم اپنے کھانے اور پانی کو دیکھو کہ اس میں کوئی چیز نہیں سڑی۔ دوسرے طرف ذرا اپنے گدھے کو دیکھو کہ (اس کا صرف ڈھانچہ ہی رہ گیا ہے، چنانچہ دیکھو کہ) ہم اس کو کس طرح زندہ کرتے ہیں۔ (یہ ہم اس لیے کر رہے ہیں) تاکہ تمھیں لوگوں کے لئے ایک نشانی بنائیں۔ ان ہڈیوں کی طرف دیکھو کہ کس طرح ہم ان کا ڈھانچہ کھڑا کرتے اور پھر ان پر



Marfat.com

فیصلہ طیبہ سے باہر کا کیا آقاؐ نے
پھر تیاری کے لیے حُکم دیا آقاؐ نے
لینے ہتھیار حضورؐ آئے جو اپنے گھر میں
ڈال کے ذرّہ حضورؐ آئے تھے پھر لشکر میں
حضرت عمرؓ تھے اور تھے صدیقؓ اکبر
انھوں نے باندھا عمامہ بھی نبیؐ کے سر پر
اک ہزار تھے فدائی وہ نبیؐ اطہر کے
ہر طرف چرچے تھے اس پیارے جری لشکر کے
اوس و خزرج کے قبیلوں کے بنے دو دستے
ایک تھا اُن کا مدینے جو مہاجر بستے
ابن مکتومؓ سے فرمایا مدینے میں رہیں
اہلِ طیبہ کو وہ پڑھائیں یہاں نمازیں
دو زرہ پوش تھے اصحاب نبیؐ کے آگے
لے کے اسلام کا لشکر جو میداں میں آئے

Marfat.com

گوشت چڑھاتے ہیں۔" پس جب اس پر حقیقت اچھی طرح واضح ہو گی تو وہ پکار اٹھا:"(اب کوئی تردّد باقی نہیں رہا) میں جانتا ہوں کہ اللہ ہر چیز پر قُدرَت رکھتا ہے۔"

*Or like the one who passed by a town and it had tumbled over its roofs. He said: "Oh! How will Allah ever bring it to life after its death?" So Allah caused him to die for a hundred years, then raised him up (again). He said: "How long did you remain (dead)?" He (the man) said:"(Perhaps) I remained (dead) a day or a part of a day". He said: "Nay, you have remained (dead) for a hundred years , look at your food and your drink, they show no change; and look at your donkey! And thus We have made of you a sign for the people. Look at the bones, how We bring them together and clothe them with flesh". When this way clearly shown to him, he said, "I know (now) that Allah is Able is able to do all things.*

## حیات و ممات LIFE AND DEATH :

ایک دفعہ کسی بستی میں حضرت عزیرؑ کا گزر ہوا۔ بستی ویران پڑی تھی۔ اس کی تباہ حالی اور بربادی دیکھ کر آپؑ کے دل میں خیال آیا کہ اللہ تعالیٰ اس تباہ حال بستی کو کس طرح دوبارہ آباد کریں گے؟ حضرت عزیرؑ نے گدھے کو ایک درخت سے باندھا۔ کھانا سرہانے رکھا اور درخت کے سائے میں لیٹ گئے۔ نیند آگئی اور سو گئے۔ اس ہی لمحے اللہ تعالیٰ نے ملک الموت کو حکم دیا کہ عزیر علیہ السلام کی رُوح قبض کرلے۔ حضرت عزیرؑ سو سال تک سوتے رہے۔ حکمِ ربّی سے آپؑ کو دوبارہ زندہ کیا گیا۔

اللہ تعالیٰ نے آپؑ سے پوچھا :

**"اے عزیر ! کتنی دیر تک سوتے رہے؟۔**

آپؑ نے جواب دیا: ایک دِن یا اس سے کچھ کم۔

اللہ تعالیٰ نے فرمایا !

**" نہیں تم سو سال تک مُردہ پڑے رہے ہو اور اپنے گدھے اور کھانے کو دیکھو۔"**

کھانا ویسا ہی تازہ تھا جیسا رکھا تھا لیکن گدھا مر چکا تھا۔ اور اس کی ہڈیاں پڑی ہوئی تھیں۔ حضرت عزیرؑ بہت حیران ہوئے۔ اللہ تعالیٰ نے آپؑ کے سامنے آپؑ کے گدھے کو دوبارہ زندہ کیا۔ آپؑ کی نظر جب بستی پر پڑی تو اور زیادہ حیران ہوئے کہ بستی پوری طرح آباد اور پر رونق شہر بن گئی تھی۔ آپؑ اللہ کی قُدرَتِ کاملہ دیکھ کر سجدے میں گر گئے اور کہا!

"یا اللہ! تو قادر مطلق ہے"۔



Marfat.com

آ کے شیخان پہ لشکر کو دوبارہ دیکھا
لوگ چھوٹے تھے جو لشکر میں کو وہ واپس بھیجا

## لشکر اسلام اُحد اور مدینے کے درمیان

جس جگہ لشکر اسلام پہ شام آئی تھی
اس جگہ مشرق و مغرب کی نماز پڑھ لی
اس جگہ رات گزاریں گے ہوا فیصلہ
ایک دستہ بھی چُنا جو کہ یہاں دے پہرہ
وہ تھے اصحابؓ پچاس ہی جو پہرہ دیتے
بات وہ سنتے انہیں ان کے جو قائد کہتے
صبح صادق سے بہت پہلے چلے پاک نبیؐ
شوط پہ آ کے تو لشکر نے نماز پڑھ لی

Marfat.com

## حکمت:

تقریباً ہر گھر میں ڈیپ فریزر اور فرج موجود ہے۔ ہمیں اس بات کا مسلسل مشاہدہ ہے کہ چیزیں جب ٹھنڈی ہوں منجمد ہو جاتی ہیں تو سڑتی گلتی نہیں ہیں۔ مخصوص گیسیں انہیں محفوظ رکھتی ہیں۔

جس طرح ہر تخلیق کا ہر فرد روشنی کے جال کا غلاف ہے۔ اور ہر گیس کی ماہیّت اور مقدار کا تعین اسی روشنی کے غلاف سے ہوتا ہے۔ فرد کی حیات و ممات معیّن مقداروں پر قائم ہے۔ اس سارے نظام پر ایک اللہ حاکم ہے۔ زندگی کا ہر لمحہ اس کی حاکمیّت کے تابع ہے۔ جب اللہ تعالیٰ نے چاہا کہ اپنے برگزیدہ بندے حضرت عزیر علیہ السلام پر حیات و ممات کے فلسفے کی حقیقت ظاہر کرے تو اللہ تعالیٰ کی قُدرت نے ان گیسوں کو یکجا کر دیا جن کے ذریعہ اشیاء ٹھنڈی ہو کر خراب نہیں ہوتیں۔

ہر شخص جانتا ہے کہ پہلے ایجاد کرنے کا خیال آتا ہے پھر مسلسل ریسرچ کے بعد ایجاد کا مظاہرہ ہوتا ہے۔ قانون یہ ہے کہ جب کسی ایک نقطے پر ذہن مرکوز ہو جاتا ہے تو اس نقطے سے مخفی خد و خال وجود کی شکل میں سامنے آجاتے ہیں۔

موجودہ زمانے میں کھانے کو دو طریقوں سے محفوظ کیا جاتا ہے۔

1۔ کھانے کو فریز کیا جاتا ہے (DEEP FREEZING)

2۔ اس کو VACCUME ویکیوم یعنی ہوا کے بغیر پیک کیا جاتا ہے جس سے کھانا گلنے سڑنے سے محفوظ رہتا ہے اس طریقہ کار کو AIR TIGHT PACKAGING کہا جاتا ہے۔

ہم دیکھتے ہیں کہ کھانوں کے سالموں MOLECULES کی حرکت تیز ہوتی ہے جبکہ فریزر میں درجہ حرارت کم ہونے کی وجہ سے سالموں کی حرکت کم ہو جاتی ہے مالیکیولز کی حرکت تیز ہونے سے ہوا سے CONTACT بھی زیادہ ہوتا ہے۔ کم درجہ حرارت پر کیمیکل ایکشن کم ہوتا ہے اگر کسی بھی طریقہ سے سالموں کی حرکت کم یا بہت کم کر دی جائے جیسا کہ فریزر میں فری اون گیس کے ایکشن کی وجہ سے ہوتا ہے تو شے کے مالیکیولز ایک دوسرے میں جذب ہو کر منجمد ہو جائیں گے اور شے میں FOREIGN BODIES داخل نہیں ہوں گے۔

## سانس کی سائنس THE MECHANISM OF BREATHING :

زندگی کا قیام سانس کے اوپر ہے۔ جب تک سانس کی آمد و شد جاری ہے زندگی رواں دواں ہے اور جب سانس میں تعطل واقع ہو جاتا ہے تو مظاہراتی اعتبار سے زندگی ختم ہو جاتی ہے۔ سانس اندر جاتا ہے اور باہر آتا ہے، روحانی نقطہ نظر سے سانس کا اندر جانا اِنسان کو اس کی رُوح یا (INNER) سے قریب کر دیتا ہے اور سانس کا باہر آنا اِنسان کو اس کی رُوح سے عارضی طور پر دور کر دیتا ہے۔ جب ہم سانس اندر لیتے ہیں تو ازل سے قریب تر ہو جاتے ہیں اور جب سانس باہر نکالتے ہیں تو خود کو ازل سے دور محسُوس کرتے ہیں یعنی سانس کا



Marfat.com

# عبداللہ بن ابی کا کردار

سامنے آپؐ کے دشمن تھے وہ مکّہ والے
دیکھ سکتے تھے وہ دونوں تھے قریب اتنے
پہلے تھا ساتھ جو لشکر کے وہ ابنِ ابی
سامنے آ کے منافق نے بغاوت کر دی
تین سو ساتھ منافق کے سپاہی تھے جو
کر لیا اُن کو جدا اور چلا لے کے تو
تھا بہانہ کہ مری بات نہیں مانی کیوں
جان قربان یہاں آپؐ پہ کیسے کر دوں
اس کی خواہش تھی مسلمانوں میں پھُوٹ ڈالے
جو قبیلہ بھی ہے ساتھ اس کے چلا وہ جائے
حوصلے اس نے بڑھانے تھے مکی لشکر کے
ساتھ دیتا تو مسلمانوں کا پھر وہ کیسے

Marfat.com

باہر آنامادی اور ازل کی زندگی کے درمیان ایک پردہ ہے۔ جب ہم سانس کو اندر روکتے ہیں تو ہمارا رشتہ ازل سے قائم ہو جاتا ہے اور جب سانس باہر نکالتے ہیں تو ہمارا رشتہ ساری دنیا سے قائم ہو جاتا ہے۔

بیداری کی کیفیّت میں سانس کی رفتار تیز ہوتی ہے، جبکہ نیند کی حالت میں آدمی طویل اور گہرے سانس لیتا ہے۔ اس کا مشاہدہ بیدار ہونے کے فوراً بعد کیا جا سکتا ہے۔ سانس پر غور کریں سانس لینے اور باہر آنے میں کتنا وقت لگتا ہے؟ معلوم ہو گا سانس اندر جانے میں تین یا چار سیکنڈ لگتے ہیں اور نہایت مختصر وقت کے لئے سانس اندر رکتا ہے۔ اور تین یا چار سیکنڈ سانس باہر آنے میں لگتے ہیں۔ آدمی جتنی زیادہ گہری نیند میں ہوتا ہے۔ سانس کا دورانیہ طویل اور سانس آہستگی سے چلتا ہے۔ نیند کی زندگی اور بیداری کی زندگی میں سانس کا واضح فرق نشاندہی کرتا ہے کہ شعوری حواس اور لاشعوری حواس کا تعلق سانس سے ہے۔

سانس اندر لینا صعودی حرکت ہے اور سانس کا باہر آنا نزولی حرکت ہے۔ سانس کی صعودی حرکت میں رُوح سے قربت ہوتی ہے جبکہ نزولی حرکت میں دوری واقع ہوتی ہے۔ رُوح اللہ کا امر یا ارادہ ہے، ہر طرح کے تغیّر سے آزاد ہے۔ سانس اندر لینے کے وقفہ میں اضافہ ہوتا ہے تو اطمینان اور سکون کا احساس ہوتا ہے۔ بے چینی اور بے سکونی کی گرفت ٹوٹنے لگتی ہے۔ مراقبہ میں سانس اندر لینے کے وقفہ میں اضافہ ہو جاتا ہے۔ اسی وجہ سے سکون اور اطمینان قلب کا احساس ہوتا ہے۔

اَلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَتَطْمَىِٕنُّ قُلُوْبُهُمْ بِذِكْرِ اللّٰهِ ۭ اَلَا بِذِكْرِ اللّٰهِ تَطْمَىِٕنُّ الْقُلُوْبُ ۝۲۸

**وہ جو ایمان لائے اور ان کے دل اللہ کی یاد سے چین پاتے ہیں سن لو اللہ کی یاد ہی میں دلوں کا چین ہے۔** (سورۃ رعد، پارہ 13، آیت 28)

ہر فرد پانچ ہزار سال کی عمر لے کر پیدا ہوتا ہے بالفاظ دیگر ہر فرد 5000 سال کی سانسوں کا ذخیرہ لے کر پیدا ہوتا ہے۔ جتنا زیادہ مادیت میں انہماک ہوتا ہے رُوح سے دوری ہوتی ہے خود غرضی، غرور، کبر، منافقت، لالچ اور حرص و ہوس کا غلبہ ہوتا ہے۔ آدمی زندگی کے خزانے کو لوٹتا ہے۔

غور طلب بات ہے منفی طَرزِ فکر، رُوح اور باطن سے دور کرنے والے تمام اعمال میں سانسوں کا وقفہ اتنا مختصر ہو جاتا ہے کہ ایک منٹ میں 16 کی بجائے زیادہ سانس لیتا ہے۔ اس فضول خرچی اور اسراف سے عمر کم سے کم ہو جاتی ہے۔ اس کے برعکس باطن یا غیب کو اہمیت دینے والے، رُوح کا عرفان حاصل کرنے والے افراد کی زندگی میں سانس کی صعودی حرکت کے وقفے زیادہ ہوتے ہیں وہ پر سکون زندگی گزارتے ہیں۔ اللہ کے دوست، منزل رسیدہ افراد اختیار رکھتے ہیں کہ وہ جتنا چاہیں اس دنیا میں رہیں اور ملک الموت دستک دے کر ان کی خدمت میں حاضر ہوتے ہیں۔

## حضرت بہاؤالدین ذکریا ملتانیؒ:

حضرت بہاؤالدین ذکریا ملتانیؒ بیمار تھے۔ ایک بزرگ نے دروازہ پر دستک دی۔ بڑا بیٹا باہر گیا۔ بزرگ نے ایک خط دیا اور



Marfat.com

اس کی چالوں کو الٰہی نے مٹایا ایسے
بزدلی سے بھی قبیلوں کو بچایا ایسے

## اسلامی لشکر دامن اُحد میں

دامنِ اُحد میں اسلام کا لشکر آیا
پیچھے تھا اُحد تو آگے تھا مدینہ اُن کا
پھر نبیؐ پاک نے تنظیم بنائی ایسی
جس سے مقصود نبیؐ پاک کو بس نصرت تھی
منتخب دستہ تیر اندازوں کا بلوا بھیجا
جبل رماۃ کی چوٹی پہ کھڑا کر ڈالا
پیچھے سے حملہ کرے کوئی کہیں نہ آ کر
تیر اندازوں کو بھیجا تھا پہاڑی اوپر
حالتِ جنگ میں کہیں جیتیں یا ہاریں سُن لو
اس جگہ سے نہ کبھی ہٹنا اے تیر اندازو

Marfat.com

کہا۔"اپنے ابا کو دے دو۔" بیٹے نے باپ کو خط دے دیا۔ انہوں نے خط پڑھا اور فرمایا کہ "ان سے جا کر کہو آدھے گھنٹے بعد تشریف لائیں۔" بیٹے نے جا کر کہہ دیا۔ کہ ابا کہہ رہے ہیں آدھے گھنٹے بعد آنا۔ بزرگ چلے گئے۔ حضرت بہاؤالدین ذکریا ملتانیؒ نے جلدی جلدی ضروری کام نمٹائے اور ان کا انتقال ہو گیا۔ تکفین و تدفین کے بعد بیٹے کو خیال آیا کہ وہ بزرگ کون تھے۔ ابا نے انہیں آدھے گھنٹے بعد بلایا تھا۔ وہ کیوں نہیں آئے؟ خط کی تلاش ہوئی تو خط تکیہ کے نیچے مل گیا۔ خط میں لکھا تھا:

"میں آپ کی خدمت میں حاضر ہوا ہوں۔ بڑی سرکار سے آپ کا بلاوا آیا ہے۔ بتائیے کیا حکم ہے؟" نیچے لکھا تھا۔ "عزرائیل" آدھے گھنٹے کے بعد بلایا تھا۔ ملک الموت آدھے گھنٹے بعد آیا اور بہاؤالدین ذکریا ملتانیؒ کو اپنے ساتھ لے گیا۔

## کافر شاہؒ:

قلندر غوث علی شاہؒ لکھتے ہیں کہ کلیر شریف میں ایک صاحب تھے، کافر شاہؒ۔ شام کے وقت غوث علی شاہؒ اور کافر شاہؒ سیر کرنے نہر کے کنارے چلے گئے۔ باتیں کرتے کرتے کافر شاہؒ اچانک بولے۔

"بھائی ہمارا بلاوا آ گیا ہے اور ہم جا رہے ہیں۔"

کافر شاہؒ لیٹ گئے اور کہنے لگے۔

"اب میرے پیروں کی جان نکل رہی ہے۔ میری جان سینے میں آ گئی ہے۔ اب میری جان حلق میں ہے۔ اچھا بھئی! خدا حافظ۔"، اور مر گئے۔

غوث علی شاہؒ حیران ہوئے کہ یہ بھی کوئی مرنے کا طریقہ ہے۔ تھوڑی دیر کے بعد سورج غروب ہو گیا۔ رات ہو گئی۔ غوث علی شاہؒ صاحب کو خیال آیا کہ رات بھر جنگل میں لاش پڑی رہے گی۔ یہ نہ ہو کہ مُردہ جسم میں بھوت گھس جائے یا لاش کوئی جانور کھا جائے۔ عشاء کی نماز بھی قائم نہیں ہوئی۔ صبح کی اذان کے وقت کہنے لگے:

"اے بھائی کافر شاہ! میں نے تیرے ساتھ کیا برائی کی تھی جس کی تو نے مجھے یہ سزا دی ہے، میری نماز بھی گئی۔ ساری رات تو نے مجھے بٹھائے رکھا۔ میں کہیں جا بھی نہیں سکتا۔"

ابھی وہ یہ سوچ ہی رہے تھے کہ کافر شاہؒ اٹھ کر بیٹھ گئے۔ وہ اٹھ کر بیٹھے تو غوث علی شاہؒ کو یہ گمان گزرا کہ ان کے جسم میں کوئی بدرُوح گھس گئی ہے۔ کہنے لگے۔

"اچھا۔"

اور ہاتھ میں لاٹھی لے کر کھڑے ہو گئے۔ لاٹھی سر پر مارنے والے ہی تھے کہ کافر شاہ بولے۔ "بات سن تھوڑی دور کھڑا ہو جا۔ وہاں کھڑے ہو کے بات کر۔"

ہمت کر کے پچھلے پیروں ذرا دور کھڑے ہو گئے۔ کافر شاہ بولے۔



Marfat.com

کچھ بھی حالات ہوں تم نیچے کبھی نہ جانا
جب بلاؤں گا تمہیں نیچے تو پھر ہی آنا

## جنگ کی ابتدا

واسطے لڑنے کے افواج میداں میں آئیں
عورتیں ساتھ قریش کے میداں میں چھائیں
گا کے کفار کے جذبات اُبھارے رکھتیں
عیش و عشرت کے سبھی وعدے بھی ان سے کرتیں
مشرکین کے صفوں سے تھا جو شخص آیا
خود کو کہتا تھا وہ راہب مگر فاسق تھا
اپنی پہچان کرانے کے لیے وہ بولا
مجھ کو انصار بتاؤ نان کوئی مجھ جیسا
ہاں تُو فاسق ہے خدا تم کو ذلیل کر دے
تلملا اُٹھا وہ فاسق کا یہ جملہ سُن کے

Marfat.com

''میں بدروح نہیں ہوں، ابھی تو شکوہ کر رہا تھا کہ میں مر گیا اور تیری نماز قضا گئی۔ اور رات بھر تجھے زحمت دی میں نے۔ تو اپنی نماز پڑھ لے۔ میں تھوڑی دیر بعد مر جاؤں گا۔''

غوث علی شاہؒ کو بڑی حیرت ہوئی اور پوچھا۔

''یہ مرنا کیا ہے؟''

کافر شاہ نے کہا۔ ''یہ بعد میں بتاؤں گا۔ وضو کر آ۔''

جلدی جلدی وضو کر کے آئے اور کہنے لگے۔

''بھائی کافر شاہ! کیا تم واقعی مر گئے تھے۔ اگر مر گئے تھے تو زندہ کیسے ہوئے؟''

کہنے لگے۔ ''جیسے میں پہلے مر گیا تھا ویسے ہی میں پھر مر جاتا ہوں۔''

اور پھر کہنے لگے۔

''میرے پیروں سے جان نکل گئی، ٹانگوں سے نکل گئی۔''

انہوں نے ہاتھ جوڑ کر بڑی منت سماج کی کہ شہر میں جا کر مرنا۔ پھر مجھے مصیبت پڑے گی۔ میں تجھے کہاں نہلاؤں گا؟ کہاں سے کفن دوں گا؟ کس طرح دفن کروں گا؟ آخر تو میرے پیچھے کیوں پڑ گیا ہے؟ کون سی دشمنی نکال رہا ہے؟

کافر شاہؒ کہنے لگے۔

''بھائی! حکم یہی ہے کہ یہاں پر مرنا ہے۔''

غوث علی شاہؒ نے پوچھا۔ ''مرنے کے بعد کیا ہونا ہے؟''

کہا۔ "مرنے کے بعد کیا ہونا ہے اس کو بیان کرنے کی اجازت نہیں ہے لیکن میرے ساتھ بہت اچھا ہوا ہے۔"

**روحانی صلاحیتیں اور سائنس کا تعلق**

علم روحانیت کے مطابق سانس کے دو رخ ہیں۔ ایک نزولی اور دوسرا صعودی۔ سانس اندر لینا صعودی رخ ہے اور سانس باہر لینا نزولی رخ ہے۔ صعودی رخ میں آدمی ماورائی کیفیات سے قریب ہو جاتا ہے اور نزولی حالت میں کشش ثقل کی طرف سفر کرتا ہے۔ اگر سانس زیادہ دیر تک اندر رہے یا سانس اندر لینے کا وقفہ بڑھ جائے تو ہم زیادہ دیر تک ماورائی کیفیت سے قریب رہتے ہیں۔

سانس کی آمد و شد ختم ہو جائے تو جسم سے تعلق منقطع ہو جاتا ہے۔ چنانچہ شعور میں رہتے ہوئے لاشعوری حواس میں داخل ہونے کے لئے سانس سے قطع تعلق کرنا ضروری نہیں لیکن سانس کا آہستہ آہستہ ہونا ضروری ہے۔ اس کی مثال خواب یا گہرے استغراق کی کیفیت ہے۔ ان کیفیات میں انسان سانس تو لیتا ہے لیکن سانس کی آمد و شد کا انداز تبدیل ہو جاتا ہے، سانس کی رفتار ہلکی ہو جاتی ہے۔ اس کا مطلب یہ ہوا کہ جب ہمارے اوپر باطنی حواس کا غلبہ ہوتا ہے تو سانس کی رفتار مدھم پڑ جاتی ہے اور سانس اندر لینے کا وقفہ بڑھ جاتا ہے۔

تاریخ میں مثالیں موجود ہیں جو وضاحت کرتی ہیں کہ سانس پر کنٹرول سے عمر میں اضافہ ہوتا ہے۔

حبس دم یا سانس روکنے کے کئی واقعات یوگی صاحبان کے متعلق مشہور ہیں کہ سانس کی مشقوں میں اتنی مہارت حاصل کر لیتے ہیں کہ کئی کئی گھنٹے بغیر سانس لیے گزار لیتے ہیں اور جسم کی اندرونی تحریکات اتنی سست ہو جاتی ہیں لگتا ہے ان کا انتقال ہو گیا ہے۔ ان کی طویل عمری 200 سال یا 300 سال کی عمر کا سبب گیان دھیان، یکسوئی اور سانس کی مشقوں کو قرار دیا جاتا ہے۔ مخصوص کیفیت میں



Marfat.com

تیر برسانے لگی ان کی وہ چھوٹی ٹولی
نامرادوں پہ مسلمانوں نے کی سنگ باری
مکّی لشکر کا علمدار صفوں سے نکلا
اُس نے للکارا مسلمانو ہے کوئی مجھ سا
تم میں ہے کون جو دوزخ میں مجھے بھیجے گا
کون ہاتھوں سے مرے خُلد میں پھر جائے گا
پھر علیؓ مولا نے فرمایا کہ ہاں وہ میں ہوں
اپنی تلوار سے آ تجھ کو میں دوزخ بھیجوں
ایک ہی وار جو تلوار کا سر پہ آیا
سر پھٹا اس کا زمیں پر وہ تڑپتا پایا

## حضرت ابودجانہؓ کی خوش قسمتی

ایک تلوار نبیؐ پاک کے ہاتھوں میں تھی
جس کے بارے میں نبیؐ پاک نے بات کر دی

Marfat.com

الله

Marfat.com

کون ہے لے کے اسے اس کا ادا حق کر دے
اس سعادت کے لیے آئے صحابہؓ لپکے
اس کا حق کیا ہے نبیؐ پاک ذرا فرمایئے
عرض کی سارے صحابہؓ نے نبیؐ بتلایئے
بات جو تم سے کہوں آج وہ سچی کر دو
قتل کافر ہوں بہت اس سے یہ ٹیڑھی کر دو

## ابوسفیان کی اپنے لشکر کو ترغیب

جنگی ترغیب ابو سفیاں نے لشکر کو دی
اپنے پرچم کو رکھو اونچا ہدایت بھی کی
یہ رہے اونچا تو پھر فتح قریب آتی ہے
گر یہ گر جائے تو تقدیر اُلٹ جاتی ہے
بدر میں ایسی مصیبت بھی ملی تھی تم کو
اے علمدار قریش نہ ملے غم ہم کو

Marfat.com



Marfat.com

جھنڈا گر جائے تو پھر پاؤں اُکھڑ جاتے ہیں
راز بچنے کا ہزیمت سے یہ بتلاتے ہیں
اس کی باتوں نے بہت خون کو گرمایا تھا
یہ نصیحت کا طریقہ تھا جو کام آیا تھا
ہندہ جذبوں کو بڑھانے کے لیے آئی تھی
گیت گانے کے عناصر پہ بہت چھائی تھی
جنگ مغلوبہ ہوئی ایسی کہ اللہ جانے
نہ یہ معلوم ہوا اپنے ہیں یا بیگانے
بُو دجانہؓ کی شجاعت کے ہوئے تھے چرچے
ان کی تلوار کے لوگوں نے بھی جوہر دیکھے
طلحہ، عثمان، ابو سعد گرے متواتر
مرتا گر ایک تو جھنڈا وہ اُٹھاتے آ کر
دس علمدار گرائے تھے مسلمانوں نے
اور دوزخ میں وہ پہنچائے مسلمانوں نے

Marfat.com

جسمانی ٹوٹ پھوٹ کا عمل مفقود ہو جاتا ہے۔ یعنی ارادے سے اپنی عمر کے گزرنے کے وقفے کو طویل کر لیتے ہیں۔ اپنی زندگی کی فلم کو SLOW MOTION میں لے آتے ہیں۔ سائنسی وضاحت کے مطابق ان کے METABOLISM کا عمل انتہائی سست ہو جاتا ہے۔ خلیات کی ٹوٹ پھوٹ، شکست وریخت بھی کم ہو جاتی ہے۔

یہ کسی انہونی کا تذکرہ نہیں بلکہ فطرت میں اس کی کئی مثالیں موجود ہیں۔ بہت سے حیوانات اپنے اوپر بیہوشی کی نیند طاری کر لیتے ہیں۔ یوگی صاحبان کی صلاحیت کی مثال حیوانات میں طاری ہونے والی بیہوشی کی نیند ہے۔ عموماً سردی کی موسم میں کچھ حشرات اور حیوانات کئی کئی دن اور بعض کئی ماہ تک ایسی حالت میں ہوتے ہیں کہ ان کے دل کی دھڑکن انتہائی سست، درجہ حرارت انتہائی کم اور سانس کی رفتار انتہائی حد تک کم ہو جاتی ہے۔ اس عرصہ میں جسم میں توانائی کی ضرورت کم ہوتی ہے۔ اور خلیات کی موت کا عمل بھی سست ہو جاتا ہے۔ اعداد و شمار کے مطابق جانور جب بے ہوشی کی نیند اختیار کرتے ہیں تو ان کی عمر اپنی نوع کے ان افراد سے بڑھ جاتی ہے جو اس کیفیت کو طاری نہیں کرتے اور جب وہ بیدار ہوتے ہیں تو ہشاش بشاش زندگی گزارتے ہیں۔ ایک مخصوص چوہے کی عمر کا زیادہ سے زیادہ دورانیہ 3.9 سال ہوتا ہے۔ لیکن جو اپنے اوپر بیہوشی کی نیند طاری کر لیتے ہیں ان کی عمر 5.6 سال تک نوٹ کی گئی ہے۔ اعداد و شمار چارٹ میں ملاحظہ فرمائیں۔

ان سے اس خیال کو تقویت ملتی ہے کہ وہ جاندار جن میں سانس کے وقفے طویل ہوتے ہیں اسی مناسبت سے ان کی عمر بھی طویل ہوتی ہے۔

| نوع | سانس کا دورانیہ | عمر (سال) |
|---|---|---|
| دیو قامت کچھوے | 4 سانس فی منٹ | 150 سال |
| وہیل | 6 سانس فی منٹ | 111 سال |
| ہاتھی | 4 تا 5 سانس فی منٹ | 70 سال |
| گھوڑا | 8 تا 15 سانس فی منٹ | 50 سال |
| بندر | 32 سانس فی منٹ | 18-23 سال |
| کتا | 20 تا 30 سانس فی منٹ | 10-20 سال |
| کرم خور چوہے | 140 تا 170 سانس فی منٹ | 1 سال |
| گھریلو چوہے | 95 تا 160 سانس فی منٹ | 1.5-3 سال |



Marfat.com

اس قبیلے سے بچا کوئی نہ بندہ اُن کا
نہ رہا کوئی علم اُن کا اُٹھانے والا
ایک حبشی تھا غلام اُن کا وہی کام آیا
کٹنے کے بعد گرا ایسا نہ پھر اُٹھ پایا
مر گیا جونہی وہ حبشی تو ہوا حال ایسا
کوئی کافر بھی اُٹھانے کو نہ جھنڈا آیا
بپھرے شیروں کی طرح لڑتے صحابہؓ سارے
سامنے آتے جو کفار وہ جاتے مارے

## تلوار کا حق

اپنی تلوار اُٹھا کر یوں کہا آقاؐ نے
کون ہے لے کے اسے اس کا ادا حق کر دے
اس سعادت کے لیے کافی صحابہؓ آئے
جس کی قسمت میں سعادت ہے اسے لے جائے

Marfat.com

## پہاڑ کا نظام تنفس:

صاحب مراقبہ، مراقبے کی حالت میں منکشف ہونے والی اطلاعات اور خیالات کے بارے میں بتاتے ہیں۔ مشاہدہ ہوا کہ پہاڑ کے اندر روشن نقطہ صاحب مراقبہ سے مخاطب ہے اس نے صاحب مراقبہ کو بتایا کہ میری پیدائش اور نشوونما بھی اسی طرح ہوئی جس طرح زمین کی دوسری مخلوقات کی پیدائش عمل میں آئی۔ فرق صرف یہ ہے کہ میری نسل میں TIME AND SPACE کی وہ صورت نہیں جو دوسری مخلوق کے ساتھ ہے۔ میری PHYSICAL DEVELOPMENT نشوونما بہت دھیرے دھیرے ہوتی ہے۔ اگر کوئی درخت 5 سال میں جوان ہوتا ہے تو میری جوانی کا دور ہزاروں سال کے اوپر محیط ہے۔ میں نے وجہ دریافت کی تو پہاڑ نے مجھ سے کہا میرے سانس کی رفتار عام حالات سے ہٹ کر ہے میری ایک سانس کا وقفہ 15 منٹ ہوتا ہے یہی وجہ ہے کہ میری نشوونما میں اتنا زیادہ طویل عرصہ لگ جاتا ہے۔

وقت کا تعلق حرکت سے ہے اگر شے کی حرکت کو اس کی موجودہ حرکت سے سو گنا کم کر دیا جائے تو اس حرکت کی نسبت سے ٹائم گزرنے کی رفتار سو گنا کم ہو جائے گی مثلاً ہم ایک منٹ میں اٹھارہ مرتبہ سانس لیتے ہیں اگر ایک منٹ میں ایک سانس لیا جائے تو اٹھارہ سانس لینے کے لئے اٹھارہ منٹ درکار ہونگے لہذا ایک منٹ میں اٹھارہ مرتبہ سانس لینے میں وقت اٹھارہ گنا کم ہو جائے گا۔

حضرت عزیرؑ نے ایک سو سال میں اندازاً اتنے سانس لئے جتنے ایک دِن میں لیے جاتے ہیں۔ جب ان سے پوچھا گیا کہ آپ علیہ السلام کتنے عرصہ سوئے تو انہوں نے کہا ایک دِن یا اس سے کم۔

## مثال:

ایک دِن میں چوبیس گھنٹے ہوتے ہیں چوبیس گھنٹوں میں ایک آدمی چوبیس ہزار نو سو بیس (24920) سانسیں لیتا ہے اس حساب سے اس نے سو سال سونے میں تقریباً نو ارب سانس لئے یعنی ٹائم کی رفتار نو ارب گنا زیادہ ہو گئی۔ اس طرح کھانے کے مالیکیولز کی حرکت بھی اتنی کم ہو گئی کہ وقت ٹھہر گیا اور کھانا خراب نہیں ہوا۔ رہا گدھے کا معاملہ تو اس کے لئے وقت ایسے ہی گزرا جیسا کہ اور چیزوں کے لئے گزرتا ہے اور وہ سو سال میں مر کھپ کر ہڈیوں کا ڈھانچہ رہ گیا۔

## ٹائم اسپیس کا قانون:



اہرام یا PYRAMIDS میں بھی وقت ٹھہر جاتا ہے یا یوں کہیں کہ وہاں بھی مالیکیولز کی حرکت تقریباً صفر ہو جاتی ہے اور ہزاروں سال تک اس میں رکھی ہوئی چیزیں خراب نہیں ہوتیں اور اس کی فضاء میں مراقبہ کرنے والے لوگ ٹائم اور اسپیس سے آزاد ہو کر لاشعور سے قریب ہو جاتے ہیں۔



Marfat.com

حضرت ابو دجانہؓ کا نصیب کھلا
اپنے ہاتھوں سے وہ تلوار انھیں کر دی عطا
اس کا حق کیا ہے نبیؐ پاک ذرا فرما دیں
کس طرح لڑنا ہے ساتھ اس کے ذرا سمجھا دیں
بُو دجانہؓ سے یہ فرمایا نبیؐ اطہر نے
ٹیڑھی ہو جائے کرو قتل وہ کفار اس سے

## حضرت حمزہؓ کی شہادت

حضرت حمزہؓ نبیؐ پاک کے پیارے چچا
اُن کی اُلفت تھی نبیؐ پاک سے سب سے یکتا
خوبصورت تھے بہادر تھے کماں دار تھے
عظمت و شانِ رسالت کے طلب گار تھے
جس طرف جاتے تھے کفار تڑپنے لگتے
سامنے ان کے یہ کفار نہ ہرگز ٹکتے

Marfat.com

## مثال:

وقت کی رفتار سے متعلق ایک اور مثال یہ ہے کہ ہم ٹی وی میں کرکٹ کا میچ دیکھتے ہیں۔ فرض کریں بالر جب گیند پھینکتا ہے تو BATSMAN تک یہ گیند ایک سیکنڈ میں پہنچتی ہے ٹی وی والے جب اس کا ری پلے سلو موشن میں دکھاتے ہیں تو گیند کی حرکت کا دورانیہ پانچ سیکنڈ ہو جاتا ہے یعنی حرکت کم ہونے سے وقت میں اضافہ ہو گیا اسی طرح اگر ری پلے کو فاسٹ موشن کر دیا جائے تو وقت ایک سیکنڈ کی بجائے آدھا سیکنڈ یا اس سے بھی کم ہو جائے گا مختصراً یہ سویا ہوا آدمی زمانیت میں سفر کرتا ہے۔

## مثال:

جب آدمی سوتا ہے تو چونکہ اس کا مادی وجود زمین پر حرکت نہیں کر رہا ہے اس لئے اس کی زندگی ٹائم میں گزر رہی ہے۔ چونکہ ایک، دو، چار، دس قدم اٹھے ہی نہیں ہیں اس لئے زمانیّت (Time) کی پیمائش نہیں ہو سکتی۔ جب آدمی سوتا ہے تو زمانیّت میں سفر کرتا ہے جب آدمی بیدار ہوتا ہے تو اسپیس میں سفر کرتا ہے۔ زمانیّت اس کے ساتھ سفر کرتی ہے۔

حضرت عزیرؑ جب سو گئے تو اللہ تعالیٰ کے بنائے ہوئے قانون کے مطابق ان کے حواس زمانیّت میں پیوست ہو گئے۔ چونکہ مادی وجود یعنی فزیکل باڈی میں کوئی چلت پھرت نہیں ہوئی اس لئے انہوں نے کہا کہ میں ایک دِن سویا ہوں۔

گدھے کا معاملہ یہ ہے کہ عام حالات کے مطابق گدھے کے اندر آکسیجن جب گئی تو کاربن نے اس کو جلایا نہیں نتیجے میں اس کی موت واقع ہو گئی۔

کھانا خراب نہ ہونے کی وجہ یہ ہے کہ کھانے کے مالیکیولز اور سالموں کو محفوظ کرنے کے لئے وہ جگہ جہاں کھانا رکھا ہوا تھا، ٹھنڈی لہروں کا علاقہ بن گیا۔ جیسے ایک بہت بڑے کمرے میں ایک چھوٹا سا فریج رکھ دیا جائے۔

حوالہ جات:

1۔ کتاب "محمد رسول اللہ ﷺ جلد سوم" از الشیخ خواجہ شمس الدین عظیمی، باب حیات و ممات، صفحہ نمبر 317 تا 319

2۔ کتاب "کشکول" از الشیخ خواجہ شمس الدین عظیمی، موضوع نمبر 48، صفحہ نمبر 61

3۔ ماہنامہ "قلندر شعور" شمارہ جولائی 2015ء، موضوع زندگی سانس ہے، سانس زندگی ہے، صفحہ نمبر 32 تا 33

4۔ کتاب "احسان و تصوف" از الشیخ خواجہ شمس الدین عظیمی، صفحہ نمبر 193

5۔ کتاب "تذکرہ غوثیہ" از حضرت سیّد شاہ گل حسن قادری، صفحہ نمبر 72 تا 75

6۔ ماہنامہ "قلندر شعور" شمارہ جولائی 2015ء، موضوع زندگی سانس ہے، سانس زندگی ہے، صفحہ نمبر 33 تا 34

7۔ کتاب "محمد رسول اللہ ﷺ جلد سوم" از الشیخ خواجہ شمس الدین عظیمی، باب حیات و ممات، صفحہ نمبر 320



Marfat.com

ان کے ہاتھوں سے ہی مقتول ہوا تھا عتبہ
اس کا غم بھول سکی نہ وہ ستم گر ہندہ
ساتھ ہندہ کے جبیر بھی تھا دشمن انؓ کا
انتقام کے لیے وحشی تھا اس نے پالا
اُس کا چچا تھا طعیمہ جو گیا تھا مارا
مکّے سے بدر میں لڑنے کو یہ کافر آیا
اُس نے وحشی سے ہی مکّے میں کیا تھا وعدہ
ہو گے آزاد اگر کر دو شہید حمزہؓ
تاک میں رہتا وہ حمزہؓ کے جدھر کو جاتے
زیرِ سایہ تھا وہ لالچ کے بی بی ہندہ کے
حضرت حمزہؓ کے آگے جو بھی کافر آتا
مارا جاتا تھا وہ پھر سیدھا جہنم جاتا
اُحد کے غزوہ میں اس روز تھی حالت ایسی
تاک میں آپؓ کے رہتا تھا وہ بدظن وحشی

Marfat.com

موضوع 84/ 22

# یقین CONVINCEMENT

## سُوْرَةُ الْبَقَرَةِ (THE COW)

بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

وَاِذْ قَالَ اِبْرٰهٖمُ رَبِّ اَرِنِیْ كَیْفَ تُحْیِ الْمَوْتٰی ؕ قَالَ اَوَلَمْ تُؤْمِنْ ؕ قَالَ بَلٰی وَلٰكِنْ لِّیَطْمَىٕنَّ قَلْبِیْ ؕ قَالَ فَخُذْ اَرْبَعَةً مِّنَ الطَّیْرِ فَصُرْهُنَّ اِلَیْكَ ثُمَّ اجْعَلْ عَلٰی كُلِّ جَبَلٍ مِّنْهُنَّ جُزْءًا ثُمَّ ادْعُهُنَّ یَاْتِیْنَكَ سَعْیًا ؕ وَاعْلَمْ اَنَّ اللّٰهَ عَزِیْزٌ حَكِیْمٌ ﴿۲۶۰﴾

ترجمہ: جب ابراہیمؑ نے درخواست کی تھی کہ اے پروردگار مجھے دکھا دیں کہ آپ مُردوں کو کس طرح زندہ کریں گے۔ فرمایا: کیا تم اس بات پر ایمان نہیں رکھتے؟ عرض کیا: ایمان تو رکھتا ہوں لیکن خواہش یہ ہے کہ دل پوری طرح مطمئن ہو جائے۔ فرمایا: چار پرندے لو، ان کو اپنے ساتھ مانوس کر لو، ان کو (ٹکڑے ٹکڑے کر کے) ہر پہاڑ پر ان کا ایک حصّہ رکھ دو اور پھر انہیں پکارو۔ وہ زندہ ہو کر دوڑتے ہوئے تمہارے پاس آ جائیں گے۔ خوب سمجھ لو کہ اللہ غالب اور صاحب حکمت ہے۔

*And (remember) when Ibrahim said, "My Lord! Show me how You give life to dead". He (Allah) said: "Do you not believe?" He said: "Yes, but to be stronger in Faith." He said: "Take four birds, then cause them to incline towards you ( then slaughter them then cut them into pieces), and them put a portion of them on every hill, and call them, they will come to you in haste. And know that Allah is All Mighty, All Wise.*



Marfat.com

اپنے حربے کو وہ ہاتھوں میں گھمائے رکھتا
اپنا یہ حربہ چلانے کا بڑا ماہر تھا
حضرت حمزہؓ کی جانب بھی یہی تھا پھینکا
آپؓ کے جسم مبارک کو یہی آ کے لگا
جانبر ہو نہ سکے وار تھا جان لیوا
انہوں نے اس سے شہادت کا تھا رُتبہ پایا

## مسلمانوں کی بالادستی

رحمت ربِ عُلا چھائی مسلمانوں پر
اس کی امداد چلی آئی مسلمانوں پر
ان کے حملوں سے ہراساں تھا وہ مکّی لشکر
کیا ہزیمت پہ ہزیمت تھی جو آئی ان پر
گرچہ حمزہؓ کی شہادت سے یہ افسردہ تھے
پھر بھی شیروں کی طرح سارے صحابہؓ لڑتے

Marfat.com

## یقینBELEIF/CONVINCEMENT:

اللہ تعالیٰ کی ہستی بڑی عظیم ترین صِفات کی مالک ہے کہ مخلوق مکمل طور پر اسے کبھی نہیں جان سکتی۔ اللہ تعالیٰ کے نائب اور خلیفہ ہونے کی حیثیت سے اِنسان کو جو علوم عطا کئے گئے ہیں ان علوم کی بنیاد" یقین" ہے۔ یقین کے بغیر علم کا حاصل کرنا ناممکن ہے جو لوگ صرف عقلی دلیلوں سے اللہ تعالیٰ کے علوم کو حاصل کرنا چاہتے ہیں وہ مادیت کی حدود سے باہر نہیں نکل سکتے مگر جب عقل و شعور کے اندر یقین کا نُور بھی شامل ہو جاتا ہے تو بندہ یقینِ کامل حاصل کر لیتا ہے اور اللہ کے راستے پر تیزی سے قدم بڑھاتا ہے اور مادیت کی حدود سے ہٹ کر اللہ تعالیٰ کے ایسے علوم حاصل کرتا ہے جیسے اللہ تعالیٰ نے بحیثیت نائب کے انسان کو عطا فرمائے ہیں۔

## عِلمُ الیقین، عــینُ الیقین، حقُّ الیقین:

یقین اُسے کہتے ہیں جو کسی بھی طرح متزلزل نہ ہو۔ یقین دین کی اساس ہے۔ مشاہدات اور مراتب کے لحاظ سے اس کے تین درجے ہیں:

حق الیقین

عین الیقین

علم الیقین

یقین

1۔ عِلمُ الیقین — INFORMED CONVINCEMENT

2۔ عینُ الیقین — PRECISE CONVINCEMENT

3۔ حقُّ الیقین — TRUE CONVINCEMENT



Marfat.com

پاؤں کیا اُکھڑے کہ میدان سے دشمن بھاگے
کیسے ممکن تھا مسلمانوں سے لڑتے رہتے
چھوڑ کر مال وہاں اپنا اُحد سے بھاگے
عورتیں ساتھ جو آئی تھیں گئیں ساتھ اُن کے
بدحواسی کا یہ عالم تھا کہ حیوانوں پر
رُعب طاری تھا الٰہی کا وہ شیطانوں پر

## تیراندازوں کے کارنامے

تیر اندازوں نے بھی خوب تھا حصّہ ڈالا
جبلِ رماۃ سے درے کو سنبھالے رکھا
جبلِ رماۃ کے پیچھے سے وہ کافر آتے
تیر جب آتے طرف ان کی تو بھاگے جاتے
توڑنے آتے مسلمانوں کا بایاں بازو
تیر جب گرتے دماغوں پہ نکلتے آنسو

Marfat.com

اگر کسی شے کے علم کے بارے میں دلیل و برہان کے ذریعے اس حد تک یقین ہو جائے کہ تردُد نہ رہے تو اُسے عِلم الیقین INFORMED CONVINCEMENT کہتے ہیں۔ اگر یہ عِلم دلیل و برہان سے گزر کر مشاہدہ بن جائے تو اسے عینُ الیقین PRECISE CONVINCEMENT کہتے ہیں۔ اگر عِلم کی حقیقت سامنے آجائے اور شے کی حقیقت کا عِلم ہو جائے تو اسے حقّ الیقین TRUE CONVINCEMENT کہتے ہیں۔

## مثال 1:

میں نے کہا انگور، اور انگور کی تعریف بیان کر دی تو آپ نے یقین کر لیا تو یہ علم، عِلم الیقین ہے۔ آپ نے پہاڑ پر یا باغ میں جا کر انگور کے خوشے دیکھ لئے اس کا ذائقہ بھی چکھ لیا۔ یہ عینُ الیقین ہے۔ آپ نے یہ عِلم حاصل کر لیا کہ انگور کی بیل میں انگور کیوں لگتے ہیں؟ زمین میں سے انگور میں مخصوص مٹھاس، کھٹاس، ذائقہ میں قُدرت کے کون سے فارمولے کام کر رہے ہیں تو یہ حقّ الیقین ہے۔

## مثال 2:

میں نے کہا آپ نے سنا "آدمی"۔ میری بات کا آپ نے یقین کر لیا یہ عِلمُ الیقین ہے۔ آدمی کی خصوصیات کا عِلم ہو گیا۔ اور آدمی کی تعریف مع اس کی صلاحیتوں کے آپ کے سامنے بیان کر دی گئی اور آپ کے شعور نے اُسے قبول کر لیا تو یہ عینُ الیقین ہے۔ اگر آدمی کے تخلیقی راز، حیات و ممات کی قدریں اور اللہ تعالیٰ کے وہ رموز جو اللہ تعالیٰ نے اِنسان کی رُوح میں مخفی کر دیے ہیں اور جن سے آدم کو واقف کر دیا گیا ہے اس کا علم حاصل ہو جائے تو اسے حقّ الیقین کہتے ہیں۔

## مثال 3:

ایک شخص آئینہ دیکھتا ہے۔ آئینہ میں اس کا عکس نظر آتا ہے مگر وہ صرف اتنا جانتا ہے کہ میرے سامنے مجھ جیسا ایک اِنسان ہے تو یہ حالت عِلمُ الیقین ہے اگر دیکھنے والے کو یہ یقین ہے کہ اپنا ہی عکس دیکھ رہا ہوں لیکن وہ اپنی اور آئینہ کی حقیقت سے ناواقف ہے تو یہ حالت عینُ الیقین ہے۔ اگر دیکھنے والا اپنی، آئینہ کی اور عکس کی حقیقت جانتا ہے تو یہ حالت حقّ الیقین ہے۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام اشیاء کی حقیقت تک پہنچنے کی کوشش کرتے تھے۔ تحقیق اور RESEARCH ان کی زندگی کا خاص مقصد تھا۔ وہ تحقیق کے ذریعے اللہ وحدہ لاشریک کی قُدرت کاملہ کا مشاہدہ کرنا چاہتے تھے۔ اِسی ذوق، ریسرچ اور تحقیق کے جذبے سے حضرت ابراہیمؑ نے موت کے بعد زندگی یعنی مر جانے کے بعد دوبارہ جی اُٹھنے کے متعلق اللہ تعالیٰ کے حضور سوال کیا۔

## چار پرندے:

اللہ تعالیٰ نے فرمایا۔



Marfat.com

# تیراندازوں کی خوفناک غلطی

مسلماں سمجھے ہے نصرت یقینی اُن کی
ہاتھ آئے گی ہر چیز تو ہوگی اُن کی
جونہی اصحابؓ نے کفّار کو جاتے دیکھا
ہم بھی لیں مال غنیمت ہے جو یونہی سوچا
وہ لگے مالِ غنیمت کو اکٹھا کرنے
جنگ سے اُن کی توجّہ بھی لگی تھی ہٹنے
دیکھا جب ان کو پہاڑی پہ کھڑے دستے نے
وہ بے خطر آئے پہاڑی سے ہی نیچے ملنے
انھوں نے سوچا کہ دشمن نہ کہیں پہ ہوگا
ان کو دستے کے امیر نے بہت ہی روکا
تیرانداز پہاڑی سے اُتر آئے تھے
دس اصحابؓ پہاڑی پہ ہی رہ پائے تھے

Marfat.com

قَالَ اَوَلَمْ تُؤْمِنْ ؕ "اے ابراہیمؑ! کیا تم اس پر یقین نہیں رکھتے؟"

(سورۃ بقرۃ، پارہ 3، آیت 260)

حضرت ابراہیمؑ نے عرض کیا:

"میں بلاتوقف اس پر ایمان رکھتا ہوں۔ میں یہ جانتا ہوں کہ آپ قادرِ مطلق ہیں، آپ سب کچھ کر سکتے ہیں۔ میرا سوال اِس لئے ہے کہ میں عِلم الیقین کے ساتھ، عینُ الیقین اور حقّ الیقین کا خواستگار ہوں۔ میری تمنا ہے کہ اے میرے رب! تو مجھے آنکھوں سے مشاہدہ کرا دے۔"

حضرت ابراہیمؑ نے ایسا ہی کیا۔ جب حضرت ابراہیمؑ نے ان کو آواز دی تو ان کے سب اجزا جو علیحدہ علیحدہ تھے اپنی اپنی شکل میں آ گئے۔

حضرت ابراہیمؑ نے کہا:

"اے میرے پروردگار! مجھے دکھا تو کس طرح مُردوں کو زندہ کرے گا؟"

کہا "کیا تو ایمان نہیں رکھتا؟"

کہا "کیوں نہیں لیکن دلی اطمینان چاہتا ہوں۔"

کہا:

قَالَ فَخُذْ اَرْبَعَةً مِّنَ الطَّيْرِ فَصُرْهُنَّ اِلَيْكَ ثُمَّ اجْعَلْ عَلٰى كُلِّ جَبَلٍ مِّنْهُنَّ جُزْءًا ثُمَّ ادْعُهُنَّ يَاْتِيْنَكَ سَعْيًا ؕ وَاعْلَمْ اَنَّ اللّٰهَ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ﴿۲۶۰﴾

پس چار پرندے لے پھر ان کو اپنے ساتھ مانُوس کر پھر رکھ دے پھر پہاڑوں پر ان کے جز ڈال کر۔ پھر ان کو بلا، وہ آئیں گے تیرے پاس دوڑتے ہوئے اور تو جان لے بے شک اللہ غالب ہے حکمت والا ہے۔

(سورہ بقرہ، پارہ 3، آیت 260)

اللہ تعالیٰ سے حضرت ابراہیمؑ کا یہ عرض کرنا کہ ایمان تو ہے لیکن دلی اطمینان کے لئے یہ سوال کرتا ہوں، کا مفہوم یہ ہے کہ دل کے اطمینان کے لئے یقین (مشاہدہ) ضروری ہے۔

جب کسی بندے کے اندر یہ بات یقین بن جاتی ہے کہ اس کائناتی نظام میں ہر چھوٹی سے چھوٹی حرکت اور بڑی سے بڑی شے اللہ کے بنائے ہوئے نظام کے تحت قائم ہے تو اس کے اندر ایک یقین کا پیٹرن بن جاتا ہے۔ اس پیٹرن کو جب تحریکات ملتی ہیں اور زندگی میں مختلف واقعات پیش آتے ہیں تو ان واقعات کی کڑیاں اس قدر مضبوط، مستحکم اور مربوط ہوتی ہیں کہ آدمی یہ سوچنے اور ماننے پر مجبور ہو جاتا ہے کہ کائنات کا حاکم اعلیٰ اللہ ہے۔



Marfat.com

خالی جو پُشت ہوئی ان کی تو دشمن پلٹا
جو مجاہد تھے وہاں ان پہ یہ ظالم جھپٹا

## اسلامی لشکر نرغے میں

اِتنا پُرخطر تھا حملہ مسلمانوں پر
دشمن دین جو جھپٹا تھا مسلمانوں پر
اُن کا سردار جو خالد تھا بڑا دانا تھا
تھی یہ بے خبری اُسے لوٹ وہاں آنا تھا
اس سے پہلے بھی کیا اس نے تھا حملہ آ کر
پھر چلا آیا وہ میدان کو خالی پا کر
اس نے شدّت سے کیا اِن پہ بڑا ہی حملہ
آ گیا اس سے جو محفوظ ملا تھا رستہ
کفر کا اُحد کے دامن میں پڑا تھا جھنڈا
عمرہ[۱] نے بڑھ کے وہ ہاتھوں میں اُٹھایا جھنڈا

---

عمرہ بنت علقمہ قبیلہ بنو حارث کی ایک عورت

Marfat.com

## پیغمبرانہ طرزِ فکر:

تمام پیغمبران اللہ تعالیٰ کے ایک ہی تفکّر کی زنجیر کی مختلف کڑیاں ہیں۔ یہ "تفکّر" لوگوں کو اللہ تعالیٰ کی واحدانیت سے متعارف کراتا ہے۔ واحدانیت کا نُور ہی کائنات کی بساط ہے۔ اور اسی بساط پر اللہ تعالیٰ کا ارادہ اپنے اَمر کا ڈسپلے کرتا ہے۔ اِنسان کی نظر DISPLAY ڈسپلے کو دیکھتی ہے مگر نگاہ کی روشنی حقیقت تک نہیں پہنچتی جس کی وجہ سے وہ اس بات سے بے خبر رہتا ہے کہ کائنات کی حرکت کو جاری وساری رکھنے کے لئے کون کون سی قوتیں کام کر رہی ہیں؟ ان قوتوں کا ظہور کہاں کہاں سے ہو رہا ہے؟ اور ان کے انتظامات کس کے سپرد ہیں؟

وحدانیّت کی فکر ارادی یا غیر ارادی طور پر کائنات کی ہر شے مخلوق کے اندر کام کر رہی ہے۔ مخلوق کی ذاتی فکر کو وحدانیّت کے تفکّر سے روشنی ملتی ہے۔ تمام عالمین کی ہر شے اللہ تعالیٰ کے تفکّر کی محتاج ہے۔ اللہ تعالیٰ کی واحدانیّت کا اعتراف کرنا اور اس کی صمدیت اور سبحانیّت کا معترف ہونا تمام مخلوق کی عبادت ہے جب اِنسان اپنے اندر کام کرنے والے تمام شعور اور تمام حواس اور تمام SENSES کے ساتھ اللہ تعالیٰ کی واحدانیّت اور سبحانیّت کا اعتراف کر لیتا ہے تو اس پر اللہ تعالیٰ کے علوم کے دروازے کھل جاتے ہیں وہ جان لیتا ہے کہ آدم کی خلافت و نیابت اس کے علم کا ایک جزو ہے اور اسی نقطے کی گہرائی سے علم الاسماء کی روشنیوں کا چشمہ پھوٹتا ہے۔

تمام پیغمبروں کی آمد کا مقصد اِنسان کو اِنسانیّت کی اس معراج تک پہنچانا ہے۔ پیغمبروں کے معجزے اللہ تعالیٰ کی صِفات کا نُور ہیں۔ یہ نُور پیغمبروں کے تفکّر کی روشنی کے ساتھ مل کر اِنسان کے شعور کی ابتداء سے انتہاء تک نشو و نماء کرتا ہے۔ شعور کی حیات علم کی روشنی ہے۔ پیغمبر دنیا والوں کے شعور کو ان کی سکت کے مطابق علم کی روشنی مہیاء کرتے ہیں اور آہستہ آہستہ اِنسان کے اندر اسمائے الٰہیہ کا شعور منتقل کرتے ہیں۔ پیغمبروں کے بعد اسی کام کو جاری رکھنے والے اولیاءاللہ اور رُوحانی لوگ ہیں جو پیغمبروں کے تربیت یافتہ اور اجازت یافتہ ہوتے ہیں۔ پیغمبروں کے معجزے اِنسان کو اس بات سے آشنا کرتے ہیں کہ اِنسان جب اپنے اندر کام کرنے والی روشنیوں کا مظاہرہ اللہ تعالیٰ کی عطا کردہ توفیق کے ساتھ اس کی قُدرت کے دائرے میں کرتا ہے تو اس کو اپنے کام کے لئے اللہ تعالیٰ کی طرف سے مدد اور اعانت حاصل ہوتی ہے اور اللہ تعالیٰ کی ذات پاک لامحدود ہے۔ اِنسان کا تعلق جب لامحدودیت سے قائم ہو جاتا ہے تو اسے اپنے کام کے لئے انرجی کی احتیاج نہیں رہتی اور وہ اللہ تعالیٰ کی صِفت استغناء سے مستغنی ہو جاتا ہے۔

بولنا، دیکھنا، چکھنا، محسوس کرنا یہ سب روح کی صفات ہیں اور روح کا تعلق براہِ راست اللہ کی ذات سے ہے۔ روح کو جاننے اور سمجھنے کے لئے پہلا مرتبہ آدمی کے اندر یقین کی طرزیں مستحکم ہونا ہے۔ اگر بندے میں یقین کی طرزیں مستحکم نہیں ہیں تو وہ روحانی علم نہیں سیکھ سکتا۔ یقین کی طرزوں سے مراد وہ یقین نہیں ہے جو لفظوں میں بیان کیا جاتا ہے۔ دنیا کی بیشتر آبادی اللہ کے ہونے کا اعتراف کرتی ہے لیکن چونکہ اللہ کو ماننا محض زبانی جمع خرچ ہے۔ اس لئے اس کے اندر یقین کا پیٹرن نہیں بنتا۔ سورہ بقرہ میں اس بات کو واضح طور پر بیان کیا گیا ہے:



Marfat.com

دامنِ اُحد میں کفّار نے پرچم دیکھا
جس نے بھی دیکھا اُسے اس کی وہ جانب لپکا
ایک مضبوط تصوّر میں لڑا کرتے تھے
وار کرنے کے لیے آگے بڑھا کرتے تھے

## آپؐ کے دلیرانہ اقدام

نو مجاہد تھے وہاں پاس نبیؐ اطہر کے
ساتھ انصار و مہاجر تھے نبیؐ انور کے
جانثاروں کو جو میدان میں لڑتے دیکھا
مشرکین کے کھدیڑے کا عجب منظر تھا
شہسواروں کو جو خالد کے نبیؐ نے دیکھا
ایک پیغام مسلمانوں کی جانب بھیجا
اس سے پہلے کہ مسلمان وہاں تک آتے
مکّی کفار نبیؐ پاک کے پاس پہنچے

Marfat.com

"یہ کتاب اس میں شک وشبہ کی گنجائش نہیں ہے اور اس کے مندرجات میں "نور" ان لوگوں کو ہدایت دیتا ہے جو لوگ متقی ہیں اور متقی وہ لوگ ہیں جو غیب پر یقین رکھتے ہیں۔"

یقین اس وقت یقین ہے جب مشاہدہ میں آجائے۔ مثلاً کسی جج کے لئے گواہی اس وقت قابلِ قبول ہوتی ہے جب گواہ چشم دید ہو۔ سنی سنائی بات پر عدالت گواہی قبول نہیں کرتی۔ قرآن میں چونکہ شکوک وشبہات نہیں ہیں اس لئے اس کو سمجھنے کے لئے ضروری ہے کہ قرآن سے استفادہ کرنے والے بندہ کا ذہن شکوک وشبہات سے آزاد ہو۔ قرآن کی زبان میں وہ لوگ قرآن سے فائدہ اٹھا سکتے ہیں جو متقی ہیں۔ غیر متقی لوگوں کو قرآن ہدایت نہیں بخشتا۔ متقی لوگوں کی تعریف یہ ہے کہ وہ غیب پر ایمان (یقین) رکھتے ہیں اور مشاہدہ کے بغیر یقین کی تکمیل نہیں ہوتی اور قرآن ان لوگوں کو ہدایت دیتا ہے جو صلوٰۃ (تعلق) قائم کرتے ہیں، اللہ کے ساتھ۔ جو کچھ بھی خرچ کرتے ہیں تو وہ جانتے ہیں یہ انہیں اللہ ہی نے دیا ہے۔

اگر کبھی قرآنِ پاک کے مطالعے کا موقع ملے تو آپ کو جگہ جگہ ایمان اور ایمان والوں کا تذکرہ ملے گا۔ اسی ایمان کا اردو ترجمہ یقین ہے۔ صفحات کی کمی کو ملحوظ رکھتے ہوئے یقین کی وضاحت کچھ یوں ہے کہ:

یقین جملہ مظاہرات کا سرچشمہ ہے۔ قوت ارادی بھی یقین ہی کا ایک یونٹ ہے۔ یقین کے حصول کے لئے مشاہدہ ضروری ہے اور مشاہدے کی تکمیل صرف اسی صورت میں ہوگی جب یقین کے تین مدارج:

1. علمُ الیقین،
2. عینُ الیقین، اور
3. حقُ الیقین

کو درجہ بدرجہ طے کیا جائے گا۔

مثال کے طور پر آپ کے سامنے پہلی بار کوئی سیب کا نام لیتا ہے اور اس کے رنگ، بناوٹ، ذائقے اور فوائد کا تذکرہ کرتا ہے۔ آپ کو علمُ الیقین ہوگیا۔ یہ مشاہدے کا پہلا قدم ہے۔

دوسرے قدم پر آپ سیب کو اپنی آنکھوں سے دیکھ لیتے ہیں اور اس کے رنگ اور بناوٹ کا مشاہدہ کرلیتے ہیں۔ یہ عینُ الیقین کا درجہ ہے۔

تیسرے درجے میں جسے آپ حقُ الیقین کہتے ہیں، یہ آپ کو سیب، سیب کے رنگ، اس کی بناوٹ، اس کے ذائقہ اور فوائد کا نہ صرف علم ہُوا بلکہ اپنی آنکھوں سے اس کا مشاہدہ بھی کرچکے ہیں۔ اپنے طور پر سیب کرکھا کر اُس کا تجربہ بھی کرلیا ہو۔ یقین کی تکمیل صرف اُسی وقت ممکن ہے جب آپ کسی بات یا کسی چیز کی کُنہ تک پہنچ جائیں۔ زندگی اور زندگی کا ہر قدم، ہر سانس یقین کے گرد گھومتا ہے۔ یقین ہی زندگی کے جملہ نشیب وفراز، مسائل، افکار واعمال کی پیدائش کا باعث ہے۔



Marfat.com

اُن کو معلوم نہیں تھا کہ کدھر ہیں احمدؐ
سن کے آواز کہا سب نے اِدھر ہیں احمدؐ

## مسلمانوں میں انتشار

افراتفری کے اس عالم میں مسلماں بھاگے
اُن کو معلوم نہیں تھا وہ بھلا کیا کرتے
کچھ مسلماں تو مدینے کی طرف چل نکلے
کچھ مسلماں تھے وہاں جبل اُحد پہ پہنچے
حضرت مصعبؓ ملتے تھے نبیؐ اقدس سے
یہ ہی مصعبؓ تھے علمدار مسلمانوں کے
جب ہوئی اُن کی شہادت تو یہ بات پھیلی
ہو گئے قتل مسلمانوں کے آج نبیؐ
ایک دستہ بھی نبیؐ پاک کی جانب آیا
انہوں نے آ کے نبیؐ پاک کو خود سنبھالا

Marfat.com

اگر انسان کے اندر یقین کی وہ طاقت اور صلاحیت پیدا اور بیدار ہو جائے جس کا تذکرہ قرآنِ پاک میں خالقِ کائنات اللہ نے کیا ہے تو انسان ایسے ایسے کام انجام دے سکتا ہے جس کا گزر نوعِ انسانی کی برادری کے شعور میں کبھی نہیں ہوا۔ یقین کی اس صلاحیت، طاقت، اس کے مظاہرے کے واقعات اور تذکرے، قرآنِ پاک میں جابجا موجود ہیں مثلاً حضرت سلیمان علیہ السّلام کے واقعے میں اسی یقین کا مظاہرہ ایک آدم زاد بندے نے اس طرح کیا کہ سارے درباری یہ منظر دیکھ کر حیرت زدہ رہ گئے کہ پلک جھپکنے سے پہلے ہزاروں میل دور سے حضرت سلیمان علیہ السّلام کے دربار میں ملکہ بلقیس کا تخت موجود ہو گیا۔

حوالہ جات:

1۔ کتاب "معرفتِ عشق" از سیّدہ سعیدہ خاتون عظیمی، موضوع انسان ایک کائنات، صفحہ نمبر 131 تا 132

2۔ کتاب "کشکول" از الشیخ خواجہ شمس الدین عظیمی، موضوع 226، صفحہ نمبر 160

3۔ کتاب "معرفتِ عشق" از سیّدہ سعیدہ خاتون عظیمی، نہ قتل کیا نہ سولی چڑھا سکے، صفحہ نمبر 36 تا 37

4۔ کتاب "روح کی پکار" از الشیخ خواجہ شمس الدین عظیمی، باب قوت ارادی کیا ہے، صفحہ نمبر 214

5۔ کتاب "روح کی پکار" از الشیخ خواجہ شمس الدین عظیمی، باب حواس کہاں سے آتے ہیں، صفحہ نمبر 246 تا 247



Marfat.com

یہ نبیؐ پاک کی خدمت میں رہے تھے لڑتے
ان میں صدیقؓ، عمرؓ اور علی حیدرؓ تھے
اُنہوں نے آ کے جو سرکارؐ کی صورت دیکھی
پھر مسلمانوں کو بتلایا خبر ہے جھوٹی
حوصلوں اور دلیری میں بھی مستی آئی
نظر جب اُن کو حضوؐر کی تھی ہستی آئی

## حضوؐر کے پاس خون ریز معرکہ

غزوہ کے روز نبیؐ پاک رہے نرغے میں
آپؐ تھے نو ہی صحابہؓ کے وہاں پہرے میں
پھر پکارا تھا حضوؐر نے وہاں لشکر کو
میں خدا کا ہوں نبیؐ میری ہی جانب لوٹو
سُن لیا آپؐ کا کفّار نے جونہی جُملہ
کر دیا آپؐ پہ مکّاروں نے فوری حملہ

Marfat.com

موضوع 23/84

# سوُد خوری کی ممانعت

INHIBITION TO USURY

## سُوْرَةُ الْبَقَرَةِ (THE COW)

بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ وَذَرُوْا مَا بَقِيَ مِنَ الرِّبٰوا اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ﴿۲۷۸﴾

فَاِنْ لَّمْ تَفْعَلُوْا فَاْذَنُوْا بِحَرْبٍ مِّنَ اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ ۚ

ترجمہ: اے لوگو جو ایمان لائے ہو! اللہ کے لئے تقویٰ اختیار کرو اور جو کچھ تمہارا سوُد باقی رہ گیا ہے اسے چھوڑ دو اگر واقعی تم ایمان لائے ہو لیکن اگر تم نے ایسا نہیں کیا تو آگاہ ہو جاؤ کہ اللہ تعالیٰ اور اس کے رسوُل ﷺ کی طرف سے تمہارے خلاف اعلان جنگ ہے۔

*O ye who believe! Observe your duty to Allah, and give up what remaineth (due to you) from usury, if ye are (in truth) believers. And if ye do not, then be warned of war (against you) from Allah and His messenger.*

تمام مسلمان نمازیں بھی پڑھتے ہیں، روزے بھی رکھتے ہیں، حج بھی کرتے ہیں، زکوٰۃ بھی دیتے ہیں۔ عقل دست بہ گریباں ہے کہ اللہ کے دشمنوں کی نماز کس طرح ہو گی۔ اللہ کے ساتھ حالتِ جنگ میں رہتے ہوئے روزے کی برکتیں اور سعادتیں کیسے حاصل ہوں گی۔ جن لوگوں کو اللہ نے اپناد شمن قرار دے دیا ہے وہ کس منہ سے خانہ کعبہ کا طواف کرتے ہیں اور خانہ کعبہ کے انوار و تجلّیات سے اللہ کے دشمن کیوں کر منوّر ہو سکتے ہیں؟ تاریخ گواہ ہے کہ جس قوم نے اللہ کے بنائے ہوئے قانون کا مذاق اڑایا، اللہ نے اس قوم کو ذلیل اور پست کر دیا۔ کیا ابھی بھی وقت نہیں آیا کہ ہم اپنے ظاہر اور باطن کا محاسبہ کریں؟

سوُد خوری کو سختی سے منع کر دیا گیا ہے۔ اللہ تعالےٰ نے بیع یعنی تجارت کو حلال قرار دیا ہے اور سوُد کو حرام قرار دیا ہے۔ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں:

يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ وَذَرُوْا مَا

اے لوگو جو ایمان لائے ہو اللہ تعالیٰ کے لئے تقویٰ اختیار کرو اور جو کچھ تمہارا سوُد باقی رہ گیا ہے اسے چھوڑ دو اگر واقعی تم ایمان



Marfat.com

اس سے پہلے کہ صحابہؓ بھی وہاں آ جائیں
ان کی خواہش تھی وہاں زور مکمل ڈالیں
بڑھتا ہی آیا نبیؐ پاک کی جانب دستہ
نو ہی اصحابؓ نے پھر روکا وہیں پہ دستہ
ایسے اصحابؓ نبیؐ پاک کے ذیشاں ہوئے
مثلِ فرمانِ نبیؐ آپؐ پہ قرباں ہوئے
رہ گئے ساتھ حضورؐ کے وہاں دو ساتھی
دیکھنے والی محبّت تھی وفا تھی اُن کی
عتبہ نے آپؐ کی جانب تھا جو پتھر پھینکا
وہ نبیؐ پاک کے چہرے پہ تھا ایسے آیا
آپؐ کا دانت مبارک بھی اُسی سے ٹوٹا
نچلا جو ہونٹ مبارک تھا ہوا زخمی تھا
ابنِ زہری نے بھی پھر ظُلم کی حد کر دی
اُس نے پیشانی اطہر کو کیا تھا زخمی

Marfat.com

بَقِیَ مِنَ الرِّبٰوا اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ﴿۲۷۸﴾ فَاِنْ لَّمْ تَفْعَلُوْا فَاْذَنُوْا بِحَرْبٍ مِّنَ اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ ۚ

لائے ہو لیکن اگر تم نے ایسا نہیں کیا تو آگاہ ہو جاؤ کہ اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول ﷺ کی طرف تمہارے خلاف اعلان جنگ ہے۔ (سورۃ بقرہ، پارہ 3، آیت 278)

سُود کا آخری نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ دولت سمٹ کر چند افراد کے ہاتھ میں جمع ہو جاتی ہے۔ عوام کی قوتِ خرید روز بروز کم ہوتی جاتی ہے۔ صنعت، تجارت اور زراعت میں کساد بازاری (بازار میں خرید و فروخت کا نہ ہونا) واقع ہوتی ہے۔ اور آخر کار خود سرمایہ داروں کے لئے بھی اپنی جمع شدہ دولت کو افزائش دولت کے کاموں میں لگانے کا موقع باقی نہیں رہتا۔ اس کے برخلاف زکوٰۃ، صدقات کا حکم اس لئے دیا گیا کہ قوم کے تمام افراد میں دولت تقسیم ہوتی رہے، ہر شخص میں قوّتِ خرید موجود رہے صنعتی ترقی ہو، کھیتیاں سرسبز ہوں، تجارت کو خوب فروغ حاصل ہو۔

## دولت پرستی:

جو قوم دولت پرستی میں مبتلا ہو جاتی ہے، ذلیل و خوار ہو جاتی ہے یہ کوئی کہانی نہیں ہے۔ زمین پر اس کی شہادتیں موجود ہیں۔ بڑی بڑی سلطنتوں اور محلّات کے مالک، ان کے عالیشان محلّات آج کھنڈرات کی شکل میں زمین پر جگہ جگہ موجود ہیں۔ کیا یہ لوگ زمین پر گھوم پھر کر نہیں دیکھتے کہ پہلی اقوام کا انجام کیا ہوا؟ وہ لوگ قوت اور تہذیب و تمدّن میں ان سے برتر تھے۔ لیکن اللہ نے انہیں ان کے گناہوں کی سزا میں پکڑ لیا اور انہیں کوئی نہیں بچا سکا۔

تاریخ بتاتی ہے کہ جن قوموں میں دولت پرستی عام ہو گئی وہ قومیں صفحہ ہستی سے مٹا دی گئیں۔ قومیں گناہوں سے نیست و نابود نہیں ہوتیں۔ گناہ تو معاف کر دیے جاتے ہیں۔ شرک ایک ایسا گناہ ہے جو کسی صورت معاف نہیں کیا جاتا اور دولت پرستی سب سے بڑا شرک ہے۔ اس شرک کو مہمیز دینے والے بڑے عوامل میں سے ایک گھناؤنا عمل سُود ہے، سُود جو رزق کو حرام کر دیتا ہے۔

جہاں تک دولت کے انبار جمع کرنے سے عزّت و توقیر کے حصول کا تعلق ہے، یہ ایک خود فریبی ہے۔ ایسی خود فریبی جس سے ایک فرد واحد بھی انکار نہیں کر سکتا۔ فراعین مصر کے محلّات، قارون کے خزانے ہمیں بتا رہے ہیں کہ دولت نے کبھی کسی کے ساتھ وفا نہیں کی۔ تاریخ خود کو دہراتی رہتی ہے۔ بڑے بڑے شہنشاہوں کے حالات سے کون واقف نہیں ہے۔ ایسا بھی ہوا ہے کہ پوری شان و شوکت اور شاہی دبدبہ کے باوجود مادرِ وطن میں قبر کے لئے جگہ بھی نصیب نہیں ہوئی سونے چاندی کے ذخیروں اور جواہرات کے ڈھیر نے دنیا کے امیر ترین آدمیوں کے ساتھ کتنی وفا کی؟ کیا یہ حقیقت ہمارے لئے درسِ عبرت نہیں ہے؟



Marfat.com

ایک اڑیل تھا سوار ابن قمہ وہ آیا
اس نے تلوار سے کندھے پہ تھا حملہ کیا
آنکھ سے نیچے کی ہڈی پہ لگی وہ آ کر
جس سے دو کڑیاں دھنسیں آپؐ کے چہرے اندر
دو قریشی تھے فقط ساتھ نبیؐ اقدس کے
ان کے تیروں نے ہی دشمن کو کیا تھا پیچھے
یہ بخاری میں ہے مرکوز کہ نصرت آئی
دو فرشتوں کی تھی صورت میں وہ رحمت چھائی

## صحابہ کا جوشِ جانثاری

جب نبیؐ پاک ہوئے زخمی تو عالم یہ تھا
سر پھرے ایک ہجوم نے کیا تھا حملہ
دو ہی اصحابؓ تھے جنہوں نے وہ روکا حملہ
حضرت سعدؓ کے تھے ساتھ وہاں پر طلحہؓ

Marfat.com

حوالہ جات:

1۔ کتاب "کشکول" از الشیخ خواجہ شمس الدین عظیمی، موضوع 38 صفحہ نمبر 51

2۔ کتاب "کشکول" از الشیخ خواجہ شمس الدین عظیمی، موضوع 255، صفحہ نمبر 175

3۔ کتاب "کشکول" از الشیخ خواجہ شمس الدین عظیمی، موضوع 180، صفحہ نمبر 137

4۔ کتاب "کشکول" از الشیخ خواجہ شمس الدین عظیمی، موضوع 121، صفحہ نمبر 108



Marfat.com

جاںنثارانِ نبیؐ آپؐ کی جانب لپکے
اپنا سر رکھ کے ہتھیلی پہ بڑھے وہ آگے
ابو دجانہؓ نے ڈھال کا کام کیا
نیزے تلواروں کے ہر وار کو ہاتھوں پہ لیا
ابن نعمان قتادہؓ بھی وہاں پر پہنچے
اپنے چہرے پہ لیے وار سبھی دشمن کے
ابو عامر جو کہ فاسق تھا کا یہ منصوبہ
کھودے کچھ ایسے گڑھے دیتا رہا وہ دھوکہ
نہیں معلوم کہاں پر تھا گڑھا کیسا تھا
اس نے ہر ایک گڑھے کو یوں چھپا رکھا تھا
ایسے ہی ایک گڑھے میں جو گرے آقاؐ تو
حضرتِ طلحہؓ و حیدرؓ نے نکالا اُن کو
چُبھ گئیں آپؐ کے چہرے میں فولادی کڑیاں
آپؐ کے چہرے سے پھر خون کی نکلیں لڑیاں

Marfat.com

موضوع 24/84

# یقین کا پیٹرن

## سُوْرَۃُ اٰلِ عِمْرٰنَ (THE FAMILY OF IMRAN)

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

وَالرّٰسِخُوْنَ فِي الْعِلْمِ يَقُوْلُوْنَ اٰمَنَّا بِهٖ ۙ كُلٌّ مِّنْ عِنْدِ رَبِّنَا ۚ

جو لوگ اس علم میں پختہ کار ہیں، وہ کہتے ہیں کہ ہمارا ان پر ایمان ہے۔ یہ سب ہمارے پروردگار کی طرف سے ہے۔

*And those who are firmly grounded in knowledge say: "We believe in it; the whole of it (Clear and Unclear) are from our Lord.*

جس طرح دنیاوی زندگی میں ماحول کا اثر ہوتا ہے اور آدمی اُس ماحول کی نقل کرتا ہے جس ماحول میں وہ رہتا ہے۔ اسی طرح رُوحانی دنیا کا بھی ایک ماحول ہے۔ اس ماحول میں رہنے والے لوگوں کا اخلاق اچھا ہوتا ہے۔ ان کے اندر شک اور وسوسے کی جگہ یقین کام کرتا ہے۔ جس طرح آدمی کے اوپر ماحول اثر انداز ہوتا ہے اسی طرح اخلاق اور شرافت کا اثر ہوتا ہے۔ رُوحانی دنیا میں بھی ماحول کا اثر ہوتا ہے اور اس کی ابتداء یقین سے ہوتی ہے۔ جب کوئی بندہ رُوحانی دنیا سے واقف ہو جاتا ہے اور رُوحانی دنیا کی طرزیں اس کے اندر راسخ ہو جاتی ہیں تو وہ کہتا ہے کہ :

وَالرّٰسِخُوْنَ فِي الْعِلْمِ يَقُوْلُوْنَ اٰمَنَّا بِهٖ ۙ كُلٌّ مِّنْ عِنْدِ رَبِّنَا ۚ

جو لوگ اس علم میں پختہ کار ہیں، وہ کہتے ہیں کہ ہمارا ان پر ایمان ہے۔ یہ سب ہمارے پروردگار کی طرف سے ہے۔

(سورۃ آل عمران، پارہ 3، آیت 7)

یعنی میرا اس بات پر یقین ہے کہ دنیا میں آخرت میں دنیا میں آنے سے پہلے اور دنیا سے جانے کے بعد کی دنیا میں یعنی جی اٹھنے کے بعد عالم میں، صبح، دوپہر، شام اور رات میں جو کچھ ہوتا ہے، ہو چکا ہے اور جو کچھ ہو رہا ہے وہ سب اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہے۔

رُوحانی طلباء و طالبات کے لئے ضروری ہے کہ ان کے اندر استقامت اور اس بات کا یقین ہو کہ دنیا میں آنے سے پہلے جو کچھ ہو چکا ہے، دنیا میں جو کچھ ہو رہا ہے اور دنیا سے جانے کے بعد جو کچھ ہو گا وہ سب اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہے۔

ہمیں یہ سوچنا چاہیے کہ انسان دو پیروں سے چلتا ہے، دو ہاتھوں سے پکڑتا ہے، دو آنکھوں سے دیکھتا ہے، دماغ سے سوچتا ہے،



Marfat.com

لے کے اصحابؓ انہیں اونچی جگہ پر آئے
پھر نہ کفّار نبیؐ پاک تلک آ پائے
آپؐ کے چہرۂ انور سے جو خون نکلا
اک صحابیؓ نے اُسے چوس لیا پھر نِگلا

(حضرت ابوسعیدؓ خدری کے والد محترم حضرت مالکؓ بن سنان)

اُمِّ عمّارہ کی جنگ میں حالت دیکھو
انہوں نے زخم لگائے تھے لعین اک کو
درمیاں چند مسلمانوں کے لڑتی تھیں وہ
وار دشمن پہ بڑا زور سے کرتی تھیں وہ
سامنے ابن قمہ کے تھیں جو بی بیؓ آئیں
وار سے ابنِ قمہ کے وہ نہ تھیں بچ پائیں
ابنِ قمہ نے کیا آپؓ کا زخمی کاندھا
آپؓ کے وار سے پھر بچ کے کہاں وہ جاتا

Marfat.com

یہ سب اعضاء مرنے کے بعد بے حس و حرکت ہو جاتے ہیں اور مٹّی میں تبدیل ہو جاتے ہیں۔ لیکن جو شئے اعضاء کو متحرک رکھتی ہے، آنکھوں میں بینائی مُستقِل کرتی ہے، جسمانی اعضاء کو حرکت دیتی ہے، سوتے ہوئے کو جگاتی ہے، جاگتے ہوئے بندوں کو سلاتی ہے، وہ رُوح ہے۔ سب جانتے ہیں کہ مرنے کے بعد جسم کیڑے مکوڑوں کی خوراک بن جاتا ہے۔ لیکن رُوح برقرار رہتی ہے اور اس کا علم بھی قائم و دائم رہتا ہے۔

یہ بات اس لئے ذہن میں آتی ہے کہ ہم زندگی کو شعوری پیمانوں سے ناپتے ہیں، مثلاً ہر آدمی کے ذہن میں یہ بات ہے کہ میں پیدا ہوا اور میری پیدائش کا ذریعہ والدین بنے۔ علیٰ ہذالقیاس ہر مخلوق کے بارے میں اس کا شعوری مشاہدہ یہی ہے۔ لیکن اگر کوئی انسان شعوری حواس یعنی شک و شبہ اور بے یقینی کی دنیا سے آزاد ہو کر یقین کی دنیا میں داخل ہو جاتا ہے اور وہاں اس کے سامنے یہ بات آجاتی ہے کہ وہ اور تمام مخلوقات کو ایک ہستی نے بنایا ہے تو یہ بات اس کے ذہن سے حذف ہو جاتی ہے۔ یعنی اس لایعنی بات کا خانہ ہی ختم ہو جاتا ہے اور جب اس بات سے کہ خدا کو کس نے بنایا ہے، ذہن آزاد ہو جاتا ہے تو اس کی طرزِ فکر یہ بن جاتی ہے کہ وہ ہر بات اور ہر چیز کو اللہ تعالیٰ کی طرف سے سمجھتا ہے اور اللہ ہی کی طرف موڑ دیتا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے قرآن پاک میں ارشاد فرمایا ہے۔

وَالرَّاسِخُونَ فِي الْعِلْمِ يَقُولُونَ آمَنَّا بِهِ كُلٌّ مِنْ عِندِ رَبِّنَا

**وہ لوگ راسخ فی العلم ہوتے ہیں۔ کہتے ہیں ہمارا ایمان ہے اور اس بات پر یقین ہے کہ ہر چیز ہمارے رب کی طرف سے ہے۔**

(سورۃ اٰل عمران، پارہ 3، آیت 7)

## انبیاءؑ کی طرزِ فکر:

تمام انبیاء کی تعلیمات کی ایک بنیاد ہے اور یہ بنیاد توحید ہے۔ توحید ایک خالق کو ماننا ہے۔ بنیادی تفکّر کے ساتھ دوسرا اصول جو ہر اُمّت کے لئے لازم قرار دیا گیا وہ مقام صلوٰۃ ہے۔ صلوٰۃ خالق سے رابطہ قائم کرنے کا بہترین اور یقینی ذریعہ ہے۔ اللہ کے ساتھ مرکزیت قائم ہونے سے رابطہ قائم ہو جاتا ہے پیغمبران کی سنت پر عمل کر کے اگر کوئی بندہ توحید کے بنیادی اصولوں پر کاربند ہو جائے تو اس کے اندر رُوحانی شعور بیدار ہو جاتا ہے اور رُوحانی شعور ہی اللہ تعالیٰ سے رابطہ قائم کرنے کا سبب بنتا ہے۔

جتنے پیغمبر علیہم السلام تشریف لائے ان سب کی طرزِ فکر یہی رہی کہ ہمارا بشمول کائنات اللہ تعالیٰ کے ساتھ ایک رشتہ براہِ راست قائم ہے اور یہ رشتہ ہی کائنات کو جاری و ساری رکھے ہوئے ہے۔ پیغمبروں کی تعلیمات بھی یہی رہیں کہ بندے کے ذہن میں یہ بات راسخ ہو جائے کہ بندہ ذات باری تعالیٰ کے رشتہ کے سوا کوئی حیثیت نہیں رکھتا۔ یعنی اللہ تعالیٰ جو کچھ جس طرح اور جب کرنا چاہتے ہیں وہی اِنسان کا عمل بنتا ہے۔ پیغمبر علیہم الصلوٰۃ والسلام نے اسی طرزِ فکر میں ایک اور طرزِ فکر شامل کی اور وہ یہ کہ انہوں نے اچھائی اور برائی کا تصوّر اس لئے ظاہر فرمایا ہے کہ خود اللہ تعالیٰ یہی چاہتے ہیں۔ اگر اچھائی اور برائی کا تصوّر نہ ہوتا تو اختیارات نیکی اور بدی ناقابل تذکرہ ہو جاتے۔ اس بات سے کوئی آدمی انکار کی مجال نہیں رکھتا کہ شیطان کو بھی اللہ تعالیٰ نے پیدا کیا۔ کہنا یہ ہے کہ شیطان اور شر کو ہم



Marfat.com

# حضرت مصعبؓ بن عمیر کی شہادت

تھے علمدار ہی مصعبؓ مسلمانوں کے
جو بچاتے تھے صحابہؓ کو بنِ قمہ سے
جنگ میں آپؓ ہی پرچم کی حفاظت کرتے
اور سردارِؐ مدینہ کی اطاعت کرتے
اپنے پرچم کو وہ میدان میں اُونچا رکھتے
اپنے اس پاک پھریرے کو تھے سیدھا رکھتے
ان پہ کفّار نے پُرزور کیا تھا حملہ
کٹ گئے دونوں ہی بازو نہ گرایا جھنڈا
گھٹنوں پہ بیٹھ کے سینے سے لگایا پرچم
ایسی حالت میں ہی مصعبؓ کے تو نکلے تھے دم
کر دیا ان کو شہید اور یہ کافر بولا
ہم نے سرکارؐ مدینہ کو قتل کر دیا

Marfat.com

اللہ تعالیٰ کی تخلیق سے جدا نہیں کرسکتے۔ لیکن شیطان زندگی کا ایک ایسا رُخ ہے جو اللہ تعالیٰ کے لئے ناپسندیدہ ہے اور شیطنت کے برعکس اللہ تعالیٰ کے احکام کی بجا آوری اللہ تعالیٰ کے لئے پسندیدہ عمل ہے۔ لیکن جو لوگ تخلیق کے اس رُخ سے واقف ہیں اور جن کا ایمان، یقین اور مشاہدہ یہ ہو جاتا ہے کہ ہر چیز اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہے تو وہ یہ بات بھی سمجھ لیتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ کا پسندیدہ عمل کیا ہے اور جب وہ اللہ تعالیٰ کی پسندیدگی کو اپنی زندگی بنالیتے ہیں تو ان کے اندر سے شر نکل جاتا ہے۔ باالفاظ دیگر شیطان ان پر غلبہ حاصل نہیں کرسکتا۔

## خیر یا شر:

برائی اور بھلائی کا جہاں تک تعلق ہے، کوئی عمل دنیا میں برا ہے نہ اچھا ہے۔ دراصل کسی عمل میں معنی پہنانا اچھائی یا برائی ہے۔ معانی پہنانے سے مراد نیّت ہے۔ عمل کرنے سے پہلے اِنسان کی نیّت میں جو کچھ ہوتا ہے وہی خیر اور شر ہے۔

اللہ نے آدمؑ کو اپنی نیابت عطا فرمائی تو فرشتوں نے عرض کیا کہ یہ زمین پر فساد پھیلائے گا۔ یہ بتانے کے لئے آدمؑ کے اندر شر اور فساد کے ساتھ خیر و فلاح کا سمندر بھی موجزن ہے، اللہ نے آدمؑ سے کہا کہ ہماری تخلیقی صِفات بیان کرو۔ جب آدم نے تخلیقی صِفات اور تخلیق میں کام کرنے والے فارمولے (اسمائے الٰہیہ) بیان کئے تو فرشتے برملا پکار اٹھے۔ "پاک اور مقدّس ہے آپ کی ذات، ہم کچھ نہیں جانتے مگر جس قدر علم آپ نے ہمیں بخش دیا ہے، بے شک و شبہ آپ ہی کی ذات علیم اور حکیم ہے"۔ تفکّر کرنے سے یہ بات سامنے آتی ہے کہ فرشتوں نے جو کچھ کہا اللہ نے اس کی تردید نہیں کی۔ بات کچھ یوں بنی کہ آدم کی اولاد کو جب تک اللہ کی صِفات کا علم منتقل نہیں ہوتا وہ سرتاپا شر اور فساد ہے اور تخلیق کا علم منتقل ہونے کے بعد سراپا خیر ہے۔

حضرت رابعہ بصریؒ سے کسی نے سوال کیا آپ نے شادی نہیں کی کیا آپ کو شیطان سے ڈر نہیں لگتا؟ حضرت صاحبہؒ نے فرمایا۔ "مجھے رحمان سے ہی فرصت نہیں۔" جب رحمان سے ہی فرصت نہیں تو شیطان کا خیال ہی نہیں آتا۔ اسی بات کو خواجہ غریب نوازؒ نے یوں فرمایا ہے۔ "یار دم بہ دم و بار باری آید۔" حضور غریب نوازؒ فرماتے ہیں۔ "میری ہر سانس میں اللہ بسا ہوا ہے اور میرا ہر سانس اللہ کے ساتھ وابستہ ہے"۔ ظاہر ہے کہ جب ہر سانس کی وابستگی براہِ راست اللہ تعالیٰ کے ساتھ قائم ہو تو وہاں شیطان کا عمل دخل نہیں ہوسکتا۔ بات مشکل ہے لیکن واقعتاً ایسا ہوتا ہے کہ ایسے برگزیدہ اور پاک نفس بندے موجود ہوتے ہیں جن کے ذہن سے شر کا خانہ نکل جاتا ہے۔ اور جب شر کا خانہ نکل جاتا ہے تو خیر کا خانہ بھی حذف ہو جاتا ہے۔ شر اور خیر دونوں لازم و ملزوم ہیں۔ بالکل اسی طرح جیسے روشنی اور تاریکی، گرم و سرد، تلخ و شیریں، راحت اور تکلیف، خوشی اور غم، غصہ اور محبت وغیرہ لازم و ملزوم ہیں۔ بظاہر یہ بات خلاف عقل اور خلاف شرع معلوم ہوتی ہے۔ لیکن ایسا ہے۔ یہ وہ پاکیزہ نفوس ہیں جن کے بارے میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ ہمارے بندے ایسے بھی ہیں جو ہماری آنکھوں سے دیکھتے ہیں، ہماری زبان سے بولتے ہیں اور ہمارے ہاتھوں سے کام کرتے ہیں۔ ان بندوں کی طرزِ فکر میں یہ بات یقین کا درجہ حاصل کرلیتی ہے کہ ہماری حیثیت ایک معمول کی سی ہے اور ہم اللہ تعالیٰ کی مشیت کے تابع ہیں۔

مشیت جو چاہتی ہے اور جیسا حکم دیتی ہے وہی ہوتا ہے۔ اگر مشیت یہ چاہتی ہے کہ کسی زمین پر آباد بستی کو ختم کردیا جائے تو



Marfat.com

سن کے حالات نبیؐ اہلِ ہبل نازاں تھے
ایسا محسوس یہ ہوتا تھا بہت شاداں تھے
سن کے اخبار نبیؐ زور ہوا کم ان کا
اصل میں یہ ہی تو کفار کا بس مقصد تھا
سارے ہی گرچہ مسلمانون کے دل ٹوٹے تھے
خبر یہ جھوٹی تھی کفّار سبھی جھوٹے تھے

## حضورؐ کی پیہم معرکہ آرائی اور حالات پر قابو

ہو گئی اُحد میں مصعبؓ کی شہادت جب تو
پھر حضورؐ نے دیا علم علیؓ حیدرؓ کو
جو بھی اصحابؓ تھے موجود دفاع کرتے تھے
لڑنے آتا تھا اگر کوئی تو پھر لڑتے تھے
راہ محفوظ نبیؐ پاک بناتے جاتے
نرغے میں پھنسے صحابہؓ کو بچاتے جاتے

Marfat.com



Marfat.com

چل پڑے اُحد کے میدان کی جانب آقاؐ
حضرت کعبؓ نے میدان میں اُن کو دیکھا
چیخ کر بولے مسلمانو رسولؐ اللہ ہیں
خوش ہو جاؤ اے مسلمانو رسولؐ اللہ ہیں
سن کے آواز پناہ آپؐ کی لینے آئے
انبساط کے تھے عالم میں مجاہد سارے
تھے جو نرغے میں وہ اصحابؓ نکلتے دیکھے
ساتھ سرکارِؐ مدینہ کے وہ آتے دیکھے
تیس اصحابؓ تھے خدمت میں وہاں آقاؐ کی
اور محفوظ تھے راحت میں وہاں آقاؐ کی
جب پلٹ آئے حفاظت سے مسلماں اتنے
ایک شدّت سے وہ کفّار لگے پھر لڑنے
اُن کا مقصد تھا فقط آپؐ پہ حملہ کرنا
سب کی تقدیر میں لکھا تھا وہیں پہ مرنا

Marfat.com

# الرحمن

Marfat.com

باقی ماندہ تھا جو لشکر وہ بھی واپس آیا
ان پہ پھر نیند کا ہلکا سا تھا غلبہ چھایا

## مشرکین کا آخری حملہ

جانثارانِ نبیؐ چونکہ پہاڑی پر تھے
لے کے اک دستہ وہاں لڑنے وہ کفار آئے
ابوسفیان بھی تھا ساتھ تو خالد بھی تھا
آپؐ کے کہنے سے پھر عمرؓ نے ان کو جا روکا
حضرت سعدؓ نے جس پر بھی تھا تیر پھینکا
وہ ہوا ڈھیر وہیں اور نہ پھر اُٹھ پایا
سارے مغرور رعونت سے بھرے تھے کافر
ہو کے مجبور پہاڑ سے تھے اُترے کافر

Marfat.com

ایسے بندے کے ذہن میں یہ بات نہیں آتی کہ یہ قتل عام ہے۔ بس اس کے ذہن میں ایک ہی بات آتی ہے کہ اللہ تعالیٰ کی مشیت ہے کہ زمین کا تختہ الٹ دیا جائے۔ یہ تعریف ہے ان لوگوں کی جن کو صاحب خدمت کہا جاتا ہے۔

دوسرا طبقہ وہ ہے جن کے اندر اچھائی برائی کا تصور ہے اور وہ اچھائی کو اس لئے اختیار کرتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ اس کو پسند کرتے ہیں اور برائی سے اس لئے بچتے ہیں کہ وہ اللہ تعالیٰ کے نزدیک ناپسندیدہ عمل ہے۔ خاتم النبیین حضرت محمد ﷺ سے فکر کی دونوں طرزیں ان کی اُمّت کو منتقل ہوئی ہیں۔

## طرزِ فکر کے حصول کا طریقہ:

رُوحانی استاد یا مراد انبیاءؑ کی طرزِ فکر کا وارث ہوتا ہے۔ جب کوئی شاگرد اپنے رُوحانی استاد کی طرزِ فکر کو حاصل کرنا چاہتا ہے تو اس کے لئے سب سے پہلے ضروری ہے کہ وہ استاد کی نسبت حاصل کرے، نسبت حاصل کرنے کا پہلا سبق تصور ہے۔ جب روحانی شاگرد یا سالک آنکھیں بند کر کے ہر طرف سے ذہن ہٹا کر اپنے رُوحانی استاد کو تصوّر کرتا ہے تو رُوحانی استاد کے اندر کام کرنے والی لہریں اور طرزِ فکر شاگرد کو منتقل ہونے کا عمل شروع ہو جاتا ہے۔ طرزِ فکر روشنیوں کا وہ ذخیرہ ہے جو حواس بناتی ہیں، شعور بناتی ہیں زندگی کی ایک نہج بناتی ہیں۔ تاریخ میں ایسے بے شمار واقعات موجود ہیں کہ جب کوئی رُوحانی شاگرد اپنے رُوحانی استاد کے تصوّر میں گم ہو جاتا ہے تو اس کی چال ڈھال، انداز گفتگو اور شکل وصورت میں ایسی نمایاں مشابہت پیدا ہو جاتی ہے کہ یہ پہچاننا مشکل نہیں رہتا کہ یہ اپنے روحانی استاد کا عکس ہے۔ تصوّر کا قاعدہ اور طریقہ یہ ہے کہ ایک وقت مقرر کر کے ذہن کو ہر طرف سے آزاد کر کے بند آنکھوں سے یہ تصوّر کیا جائے کہ رُوحانی استاد کی طرزِ فکر میں کام کرنے والی روشنیاں میرے اندر منتقل ہو رہی ہیں۔

اگر آدمی کوئی علم نہیں جانتا تو اس علم کو سیکھنے کے لئے ان تمام علوم سے جو وہ سیکھ چکا ہے صرف نظر کر کے اسے نرسری کا بچہ بننا پڑے گا۔ استاد جب کہتا ہے پڑھو الف۔ بچہ یہ نہیں کہتا کہ الف کیا ہے۔ استاد کی تقلید میں بچہ کہہ دیتا ہے "الف" عقل وشعور استعمال کر کے کوئی اعتراض نہیں کرتا۔ یہ وصف بچے کو قدم قدم آگے بڑھاتا ہے اور بچہ پڑھ لکھ کر Ph.D کر لیتا ہے۔

دنیاوی علوم کی تکمیل اس وقت تک نہیں ہوتی جب تک عقل وشعور کی نفی کر کے طالب علم سکھائے جانے والے علم کو قبول نہ کرے۔ معاشرتی طرزیں بچے میں ماحول اور ماحول میں رہنے والے افراد سے منتقل ہوتی رہتی ہیں۔ ماں آسمان کی طرف انگلی اٹھا کر کہتی ہے وہ چاند ہے۔ بچہ چاند کو اسی طرح چاند سمجھتا ہے، جس طرح ماں کے شعور میں چاند ہے۔ باپ کہتا ہے یہ درخت ہے، بچے کے اندر درخت سے متعلق باپ کا علم منتقل ہو جاتا ہے۔ بہن بھائی، دادی نانی، بچے کو پانی پلاتے ہیں۔ بچے کی آنتیں پانی سے اسی طرح سیر اب ہوتی ہیں۔ جس طرح گھر کے دوسرے افراد پانی پی کر سیر اب ہوتے ہیں۔ بچہ اگر چاند کو چاند تسلیم کرنے سے انکار کر دے، درخت کو درخت نہ مانے پانی سے پیاس بجھنے پر اعتراض کرے، ماں کو ماں نہ کہے، باپ کو باپ تسلیم نہ کرے تو معاشرے کی اقدار بچے میں منتقل نہیں ہونگی۔ رُوحانی استاد کہتا ہے۔ اندھیرا روشنی ہے۔ چھ ارب لوگ کہتے ہیں اندھیرا اندھیرا ہے تاریکی ہے۔ اگر شاگرد عامل



Marfat.com

## گھاٹی میں قرار یابی کے بعد

پانی مہراس سے لائے تھے علیؓ حیدرؓ ہی
ڈھال میں ڈال کے لائے تھے علیؓ حیدر ہی
آپؐ کی بیٹی نے ہی زخم وہ دھوئے سارے
پانی ڈلنے سے بہا خون بہت چہرے سے
رُک گیا خون چٹائی کے جلے ٹکڑے سے
ظہر کی پڑھ لی نماز آپؐ نے بیٹھے بیٹھے
آپؐ کے پیچھے ادا کر لی مسلمانوں نے

## مشرکین کی واپسی

مشرکین نے تیّاری کا جو باندھا ساماں
جبلِ اُحد پہ نمودار ہوا بوسلماں
زور سے بولا وہ کیا تم میں محمد ﷺ بھی ہیں
بولے فاروقؓ کہ ہاں ہم میں محمد ﷺ بھی ہیں

Marfat.com

معمول کے طریقہ پر حاصل ہونے والے شعور سے اعتراض کر دے کہ اندھیرا روشنی کیسے ہو سکتا ہے؟ اندھیرا تو اندھیرا ہے۔ تو رُوحانی علم نہیں سیکھ سکتا۔

جس طرح بچے نے اے، بی، سی، ڈی پڑھنے میں اپنی عقل استعمال نہیں کی اسی طرح جب تک رُوحانی شاگرد اندھیرے کو روشنی تسلیم نہیں کرے گا تو اگلی کلاس میں داخل نہیں ہو سکتا۔

رُوحانی استاد کہتا ہے۔ مادی جسم فکشن ہے۔ اس کی اپنی ذاتی کوئی حیثیت نہیں ہے۔ شاگرد حجت پیش کرتا ہے اگر جسمانی نظام فکشن ہے تو روٹی نہ کھانے سے ہم کمزور کیوں ہو جاتے ہیں؟ اگر روٹی کھانا فکشن ہے تو ہمارے اندر کھانا کھانے سے طاقت کیوں آ جاتی ہے؟ رُوحانی استاد بتاتا ہے کہ ہمارا مادی جسم اس لئے فکشن ہے کہ ہم روٹی بھی کھا رہے ہیں پانی بھی پی رہے ہیں فضا سے آکسیجن بھی ہمیں مل رہی ہے لیکن جسم انحطاط پذیر DETERIORATIVE ہے آدمی بوڑھا ہو جاتا ہے۔

ایسا کیوں ہوتا ہے؟

روٹی کھا کر آدمی بوڑھا کیوں ہو رہا ہے؟

جوان آدمی سوکھی روٹی کھا کر بھی صحت مند ہے۔ بوڑھا آدمی طاقتور غذائیں کھا کر روز بروز کمزور ہوتا رہتا ہے۔ رگ پٹھوں سے مرکّب جسم کے خوبصورت خدوخال سکڑ جاتے ہیں اعصاب ڈھیلے ہو جاتے ہیں چہرہ پر جھریاں پڑ جاتی ہیں۔

دنیاوی علوم کا استاد ہو یا رُوحانی استاد ہو، دونوں کا ادب و احترام ضروری ہے۔ رُوحانی استاد اور علم حصولی کے استاد میں فرق یہ ہے کہ رُوحانی

حضور قلندر بابا اولیاء رحمۃ اللہ علیہ کیونکہ وسائل کے HEAD ہیں، صدر الصدور ہیں، نظامت کے بڑے ہیں اور وہ یہ چاہتے ہیں کہ عظیمی سلسلے کا ہر فرد اس بات سے واقف ہو جائے، عظیمی سلسلے کے ہر بندے کے ذہن میں یہ بات بطور شہادت محفوظ ہو جائے کہ عظیمی بندہ کبھی وسائل کا محتاج نہیں ہوتا۔ اگر محتاج ہوتا ہے تو صرف اللہ کا محتاج ہوتا ہے۔ یہی ہماری BASE ہے۔ یہی ہمارے اسباق ہیں اور یہی ہماری زندگی کا وہ روشن رخ ہے جو آپ کو دوسری جگہ نہیں ملتا۔ حضور قلندر بابا اولیاء رحمۃ اللہ علیہ چاہتے ہیں:

وَالرّٰسِخُوْنَ فِی الْعِلْمِ یَقُوْلُوْنَ اٰمَنَّا بِهٖ ۙ كُلٌّ مِّنْ عِنْدِ رَبِّنَا ۚ

اور جو راسخ (گہرے ثابت قدم) ہیں علم میں وہ کہتے ہیں ہم ایمان لائے اس پر کہ جو کچھ بھی ہے، ہمارے رب کی طرف سے ہے۔

حضور قلندر بابا اولیاء رحمۃ اللہ علیہ چاہتے ہیں کہ عظیمی بندہ اتنا راسخ ہو علم میں کہ وہ علم اس کا مشاہدہ بن جائے اور وہ ہر آن ہر لمحہ باطنی اور ظاہرہ آنکھوں سے یہ دیکھتا رہے ـــــ كُلٌّ مِّنْ عِنْدِ رَبِّنَا ۚ ـــــ كُلٌّ مِّنْ عِنْدِ رَبِّنَا ۚ

ہر چیز اللہ کی طرف سے ہو رہی ہے ـــــ ہر چیز کا حصول ـــــ ہر چیز کا نزول ـــــ ہر چیز کا صعود اللہ ہی کی طرف سے ہے اور اس کے سامنے اِنَّا لِلّٰهِ وَ اِنَّآ اِلَيْهِ رٰجِعُوْنَ کی عملی تفسیر آ جائے ـــــ ہر چیز اللہ کی طرف سے ہے ـــــ اللہ ہی کی طرف لوٹ رہی ہے ـــــ ہر چیز اللہ ہی کی طرف سے ہے اور اللہ ہی کی طرف لوٹ رہی ہے ـــــ اس لئے ضروری تھا، کیونکہ روحانی علم مشاہداتی علم ہے، روحانی علم یقین ہے۔ مشاہدے کے بغیر یقین نہیں ہوتا۔ اللہ تعالیٰ کے حکم سے اللہ تعالیٰ کی منظوری سے امام سلسلہ عظیمیہ نے اس سلسلہ کی بنیاد یقین کے اوپر رکھی ہے۔



Marfat.com

تو نے جو نام پکارے ہیں سبھی بیٹھے ہیں
تیری آواز ابوسلماں سبھی سنتے ہیں
آپؐ کے لوگوں کے مثلہ پہ نہ راضی نہ خفا
ایسا کرنے کے لیے میں نہیں کچھ بولا
ہبل اور عزیٰ کے پھر نعرے لگائے اس نے
مانتا چونکہ وہ تھا ان کو سہارے اپنے
آپؐ کے کہنے سے پھر سارے صحابہؓ بولے
اعلیٰ ہے رب ہے برتر وہی مولا بولے
جنگ بدر کا ہے بدلہ نہ چکایا ہم نے
کارنامہ ہے یہی تم کو دکھایا ہم نے
وادئ بدر میں لڑنے کا ہے وعدہ تم سے
اگلے تم سال چلے آنا ہے لڑنا تم سے
پہلو میں گھوڑے لیے اونٹوں پہ خود آ بیٹھے
مال و اسباب سمیٹا تو وہ مکے نکلے

Marfat.com

استاد کے پیشِ نظر صرف اللہ ہوتا ہے۔ دنیاوی غرض لالچ طمع کچھ نہیں ہوتا۔ رُوحانی استاد کے ذہن میں شاگرد کی اصلاح وتربیت کا ایک مکمل پروگرام ہوتا ہے کہ شاگرد غیب کی دنیا سے واقف ہو جائے اسے عرفان ذات حاصل ہو جائے۔

رُوحانی استاد تعلیم دیتا ہے کہ اللہ سے دوستی کی شرط یہ ہے کہ بندہ وہ کام کرے جو اللہ کے لئے پسندیدہ ہے۔ رُوحانی استاد بتاتا ہے کہ رُوحانی اِنسان کا تعلق اللہ کے ساتھ قائم ہے۔ رُوحانی اِنسان وہی کام کر کے خوش ہوتا ہے جو اللہ کی صِفت ہے۔

جواری کی دوستی کا تقاضہ ہے کہ دوست کے ساتھ کلب میں جا کر جوا کھیلے۔ شطرنج کے کھلاڑی سے دوستی شطرنج میں مہارت حاصل کرنے کی متقاضی ہے۔ مصوّر کی دوستی آدمی کو ماہر مصوّر نہ بھی بنائے اسے اس قابل ضرور بنا دیتی ہے کہ وہ کینوس پر آڑھی ترچھی لکیریں کھینچ کر خدوخال اور نقش ونگار واضح کر دے۔ سینما دیکھنے کا شوقین پیسے خرچ کر کے دوست کو فلم دکھانے لے جاتا ہے۔ دنیاداری میں بھی دوستی اس وقت تک بااعتبار نہیں ہے جب تک دوست وہی اوصاف اختیار نہ کرے جو اس کے دوست کے ہیں۔

بچے کا نو ماہ تک ماں کے پیٹ میں بظاہر حیاتیاتی ضابطوں کے خلاف پرورش پانا، پیدا ہو کر دنیا میں آنا، غذائی ضروریات پوری کرنے کے لئے ماں کے سینے سے دودھ کا چشمہ ابل پڑنا، پیدائش سے موت تک حفاظت وسائل کا مہیا ہونا، یہ سب بندوں کی خدمت ہے جو اللہ کے قائم کردہ نظام کے تحت جاری وساری ہے۔

## دوست تک رسائی:

تمام پیغمبروں کا دنیا میں بھیجے جانے کا مقصد اللہ تعالیٰ کے علوم کی روشنیوں سے لوگوں کو متعارف کروانا ہے۔ وہ لوگ جنہوں نے اپنے پیغمبران کی ہدایتوں کو مان کر ان پر عمل کیا وہ صحابہ اکرام رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور حواری کہلائے۔ اللہ تعالیٰ کی طرف سے ان کی برات قبول کی گئی۔ اور براہِ راست پیغمبروں کے ذریعے انہیں علوم حاصل ہوئے۔ کیا یہ تمام پیغمبروں کا مشترکہ معجزہ نہیں کہ ان کی قوم کو ان کے ذریعے سے اللہ تعالیٰ کے علوم پہنچائے گئے۔ آج جبکہ دنیا میں مختلف مذاہب کے پیروکار بستے ہیں ان سب کا ایک جھنڈے تلے آنا ممکن نظر نہیں آتا۔ مگر رُوحانیّت جو حقیقت ہے یہ کسی فرقے سے تعلق نہیں رکھتی۔ رُوح تو ہر مخلوق کے اندر موجود ہے۔ بغیر رُوح کے کسی ذرے کے وجود کا گمان بھی نہیں ہو سکتا۔ آج اس بات کی ضرورت ہے کہ نسلِ اِنسانی اپنے اپنے پیغمبروں سے عشق کے درجے میں محبت کرے۔ اور ان کی رُوح سے رابطہ قائم کرے اور ان کے بتائے ہوئے احکامات پر عمل کرے تو سب کی منزل ایک ہی ہو جائے گی کیونکہ ہر پیغمبر حق تعالیٰ کا دوست اور حبیب ہے۔ دوست کے ذریعے ہی دوست تک رسائی حاصل ہو سکتی ہے۔ اور رُوح کے ذریعے سے ہی رُوح تک رسائی ممکن ہے۔ رُوح اللہ تعالیٰ کا امر ہے۔ اور امر اللہ تعالیٰ کا جزو ہے۔ پس رُوحانیّت کی سیڑھی کے سوا اور کوئی زینہ اللہ تعالیٰ تک پہنچنے کا نہیں ہے۔ جب لوگ جسم حیوانی کی زندگی اور اس کی توانائی پر اپنی تمام توتیں خرچ کر دیتے ہیں تو وہ یہ بھول جاتے ہیں۔ کہ جسم حیوانی کی زندگی بھی رُوح کی حیات کے ساتھ ہے کیونکہ رُوح کے تمام لطائف ہی اِنسان کی ایک ایک زندگی کا شعور ہے۔ اپنی رُوح سے غفلت برتنے والے خود اپنی حیات سے رشتہ توڑتے ہیں اور اپنی جان پر ظلم کرتے ہیں۔



Marfat.com

## شہیدوں اور زخمیوں کی خبر گیری

ایسے میدان میں تشریف حضورؐ لائے
زخمیوں اور شہیدوں سے وہ ملنے آئے
جیسی حالت میں شہید تھے وہیں دفنایا
خود پڑھی ان پہ نماز نہ مگر بتلایا
زہرہ گداز شہیدوں کا وہاں منظر تھا
چہرہ پرنور شہیدوں کا حسیں مظہر تھا
حضرت حمزہؓ کے پہلو میں انہیں لاتے تھے
پھر نماز آپؐ شہیدوں کی بھی پڑھاتے تھے
ستر اصحابؓ نے اُحد میں شہادت پائی
تیس کفار کی قسمت میں جہنم آئی

## مدینے کو واپسی

کر کے تدفین شہیدوں کی چلے طیبہ کو
پر نہ تسکین ہوئی کچھ بھی مرے آقاؐ کو

Marfat.com

## اطمینانِ قلب کا حصول:

اللہ تعالیٰ کے ساتھ ربط قائم ہو جانے سے اِنسان کا دل مطمئن ہو جاتا ہے۔ صوفیانہ تعلیمات کا مقصد بھی یہی ہے کہ رسُول اللہ ﷺ کے اسوہ حسنہ پر عمل کرتے ہوئے اپنے خالق و مالک اللہ سے ہر حال اور ہر حرکت میں ربط و تعلق قائم ہو جائے۔ اللہ تعالیٰ کی قربت پانے کا سب سے مؤثر ذریعہ صلوٰۃ ہے۔ بندہ اپنے رب سے سب سے زیادہ قریب اس وقت ہوتا ہے جب وہ حضوری قلب کے ساتھ اللہ کے سامنے سجدے میں ہوتا ہے۔ صلوٰۃ کے ذریعے اللہ سے قربت پانے کی سعی کرنی چاہئے۔

روحانیت کے راستے پر چلنے والے سالک کے اندر یہ طرزِ فکر ضروری ہے کہ وہ اپنے تمام معاملات اللہ تعالیٰ کے اوپر چھوڑ دے۔ قرآن پاک میں ارشاد ہے کہ:

وَالرّٰسِخُوْنَ فِي الْعِلْمِ يَقُوْلُوْنَ اٰمَنَّا بِهٖ ۙ كُلٌّ مِّنْ عِنْدِ رَبِّنَا ۚ

یہی وہ اصل طرزِ فکر ہے جو انسان کے اندر اِستغناء پیدا کرتی ہے۔ اِستغناء کا مطلب یہ نہیں ہے کہ ہاتھ پیر چھوڑ کر بیٹھا رہے۔ کوشش اور جدّوجہد اس پر لازم ہے۔ کوشش اور جدّوجہد کے ساتھ نتائج پر نظر نہیں ہونی چاہئے بلکہ نتائج اللہ تعالیٰ پر چھوڑ دیں۔ یعنی جو کچھ ہو رہا ہے یا ہم کر رہے ہیں وہ سب اس لئے کر رہے ہیں کہ اللہ تعالیٰ ایسا چاہتا ہے۔ روحانیت میں اس بات کو ذہن نشین کرادیا جاتا ہے کہ انسان کی زندگی اور زندگی کے تمام اعمال و اشغال سب مِن جانب اللہ ہیں۔ اس کی نظر عذاب ثواب، توقع اور صلہ و ستائش پر نہیں ہوتی وہ برائیوں سے اس لئے بچتا ہے کہ یہ عمل اللہ تعالیٰ کو ناپسند ہے۔ اچھائیوں کو اس لئے اختیار کرتا ہے کہ اس سے اللہ تعالیٰ خوش ہوتے ہیں۔

عذاب و ثواب کا جب تذکرہ آتا ہے تو اس میں ڈر، خوف، دہشت، ہیبت اور آسائش و آرام اور آسانیاں پیش نظر ہوتی ہیں۔ کسی سالک کے لئے یہ طرزِ فکر زہر قاتل ہے۔ اس طرزِ فکر کا بندہ روحانیت میں کبھی کامیاب نہیں ہوتا۔ اس کے دل میں اللہ تعالیٰ کا خوف نہیں ہوتا اس لئے کہ اللہ تعالیٰ کی ذات سراپا محبت ہے۔ جہاں ڈر آجاتا ہے دوری واقع ہو جاتی ہے۔ اللہ سے ڈرنے کا مطلب یہ ہوا کہ انسان اللہ تعالیٰ سے دور ہو گیا اور اللہ تعالیٰ سے محبت کرنے کا منشا یہ ہے کہ انسان اللہ تعالیٰ سے قریب ہو۔ انسان کی ذہنی طرزِ فکر ماحول سے بنتی ہے۔ جس قسم کا ماحول ہوتا ہے اس ماحول میں تمام اعمال کے نقوش دربست یا کم و بیش ذہن پر مُرتسم ہو جاتے ہیں۔ جس حد تک یہ نقوش ہلکے یا گہرے ہوتے ہیں اسی مناسبت سے انسان کی زندگی کی ایک نہج بن جاتی ہے۔ اگر کوئی بچہ ایسے ماحول میں پرورش پاتا ہے جہاں والدین اور اس کے اردگرد ماحول کے لوگ ذہنی پیچیدگی، بددیانتی اور ان اعمال کے عادی ہوں جو معاشرے کے لئے ناقابلِ قبول اور ناپسندیدہ ہیں، وہ بچہ لازمی طور پر قبول کرے گا۔ اسی طرح اگر بچے کا ماحول پاکیزہ ہے تو وہ پاکیزہ نفس ہو گا۔ یہ عام مشاہدہ ہے کہ بچہ وہی زبان سیکھتا ہے جو ماں باپ بولتے ہیں وہی عادات و اطوار اختیار کرتا ہے جو والدین سے ورثہ میں منتقل ہوتے ہیں۔ قانون ہے کہ:



Marfat.com

ہر کوئی آپؐ سے اظہارِ محبت کرتا
آپؐ کی شان کریمی کی حمایت کرتا

حمنہؓ نے بھائی کی جو خبرِ شہادت پائی
انّ للہ کی صدا ان کے دہن سے آئی

حضرت حمزہؓ بھی رشتے میں تھے ماموں اُن کے
یہ شہادت تھی کہ آقاؐ بھی تھے غمگیں جس سے

آپؓ تھیں بیوی علمدارِ نبیؐ مصعبؓ کی
جن کی قسمت میں شہادت تھی خدا نے لکھی

اک صحابیہؓ سے آقاؐ کی مودّت دیکھیں
کتنے تھے آپؐ عزیز ان کی محبّت دیکھیں

شوہر و والد و بھائی نے شہادت پائی
دیکھا سرکارؐ کو تو جان میں جان آئی

اُمِّ سعدؓ کا ہوا آپؐ پہ بیٹا قرباں
دوڑ کر آئیں نبیؐ پاک کے پاس اُن کی ماں

(حضرت سعدؓ بن معاذ)

Marfat.com

بچہ کا ذہن آدھا والدین کا ورثہ ہوتا ہے اور آدھا ماحول کے زیرِ اثر بنتا ہے۔

یہ مثال صرف بچوں کے لئے مخصوص نہیں، اِس میں افراد اور قوموں پر بھی یہ قانون لاگو ہوتا ہے۔

ابتداءِ آفرینش تا اِیں دَم، جو کچھ ہو چکا ہے، ہو رہا ہے یا آئندہ ہو گا وہ سب کا سب نوعِ انسانی کا ورثہ ہے۔ یہ ورثہ قوموں میں اور افراد میں منتقل ہوتا رہتا ہے۔ اسی کو ہم ارتقاء کہتے ہیں۔ مختصراً کسی روحانی طالب علم کو یہ ذہن نشین کرلینا چاہئے کہ طرزِ فکر دو ہیں۔ ایک طرزِ فکر بندے کو اپنے خالق سے قریب کرتی ہے اور دوسری طرزِ فکر بندے کو اپنے خالق سے دور کرتی ہے۔ ہم جب کسی انعام یافتہ شخص سے قربت حاصل کرتے ہیں جسے وہ طرزِ فکر حاصل ہے جو خالق سے قریب کرتی ہے تو قانون کے مطابق ہمارے اندر وہی طرزِ فکر کام کرنے لگتی ہے اور ہم جس حد تک اس انعام یافتہ شخص سے قریب ہو جاتے ہیں اتنی ہی اس کی طرزِ فکر ہمیں حاصل ہو جاتی ہے اور انتہا یہ کہ دونوں کی طرزِ فکر ایک بن جاتی ہے۔

حوالہ جات:

1۔ کتاب "معرفت عشق" از سیّدہ سعیدہ خاتون عظیمی، موضوع رُوحانی شعور، صفحہ نمبر 200

2۔ کتاب "کشکول" از الشیخ خواجہ شمس الدین عظیمی، موضوع 264، صفحہ نمبر 178

3۔ کتاب "معرفت عشق" از سیّدہ سعیدہ خاتون عظیمی، موضوع انبیاء اور ان کے معجزے، صفحہ نمبر 51 تا 52

4۔ کتاب "روح کی پکار" از الشیخ خواجہ شمس الدین عظیمی، موضوع ارتقائی منازل، صفحہ نمبر 175 تا 177



Marfat.com

عمروؓ تھے آپؐ کے گھوڑے کی لگامیں تھامے
دیکھا جب ماں کو تو آقاؐ سے وہ فوراً بولے
یارسولؐ اللہ یہ ماں جو مری آئی ہیں
آپؐ کو دیکھنے تشریف یہاں لائی ہیں
اُن کی عزت کے لیے اپنی سواری روکی
ان کو بیٹے کی شہادت پہ تسلّی بھی دی
سارے غم ہیچ ہوئے آپؐ کی صورت دیکھی
حضرت عمروؓ کی والدہ نبیؐ سے بولی

## حضرت حنظلہؓ کی شہادت

جاں فروشوں میں بڑا نام لکھا ہے ان کا
اور اندازِ لڑائی بھی بہت تھا اعلیٰ
اک عجب شان سے آئے تھے اُحد کی جانب
ساتھ تھے بیوی کے وہ حجلہ عروسی میں تب

Marfat.com

موضوع 84/ 25

# لیل ونہار

## THE DAY AND NIGHT

## سُوۡرَۃُ اٰلِ عِمۡرٰنَ (THE FAMILY OF IMRAN)

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

تُوۡلِجُ الَّیۡلَ فِی النَّہَارِ وَتُوۡلِجُ النَّہَارَ فِی الَّیۡلِ

ترجمہ: توہی رات کو دن میں داخل کرتا اور توہی دن کو رات میں داخل کرتا ہے۔

*Thou causest the night to pass into the day, and Thou causest the day to pass into the night.*

ہر چیز کا قیام بنیاد پر قائم ہے۔ مثلاً مکان اس وقت تک مکان نہیں ہے جب تک مکان کی بنیادیں موجود نہ ہوں۔ کرسی اس وقت تک کرسی نہیں ہے جب تک کرسی کی چار ٹانگیں نہ ہوں۔

انسانی عمارت چھ ٹانگوں پر کھڑی ہے، یہ عمارت چلتی پھرتی ہے اس میں زندگی ہے اور زندگی دو رخوں پر متحرک ہے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| 1۔ | پہلا رخ | شعور | CONSCIOUSNESS |
| 2۔ | دوسرا رخ | لاشعور | UNCONSCIOUSNESS |

شعور اور لاشعور ایک دوسرے میں ردوبدل ہورہے ہیں۔ چھ ستونوں میں سے تین ستون بیداری میں کام کرتے ہیں اور تین ستون خواب میں کام کرتے ہیں۔ انسان کے اندر چھ روشن نقطے ہیں ان نقطوں میں سے تین کی حرکت بیداری میں اور تین نقطوں کی حرکت نیند میں ہوتی ہے۔

## نیند سے بیداری تک کے مراحل:

| | | |
|---|---|---|
| 1۔ | سٹیج اول | نیم بیداری |
| 2۔ | سٹیج دوم | سرور |
| 3۔ | سٹیج سوم | وجدان |



Marfat.com

جنگ میں جانے کی انہوں نے منادی سن لی
گرچہ ان کی تھی ہوئی نئی نئی ہاں شادی
چیر کر ساری صفیں کفر کی آگے بڑھتے
تھا یہ ممکن کہ ابوسفیان کو مار دیتے
دیکھا شدّاد نے جب اُن کو یہ حملہ کرتے
جھٹ کیا وار لعین نے انہی پہ پڑھ کے
تھا مقدر میں یہی اُن کے شہادت پائی
اور دربارِ رسالت سے محبت پائی
آپؓ کی لاش مبارک کے تھے حالات ایسے
آپؓ کی لاش سے پانی کے تھے قطرے گرتے
آپؐ اصحابِ مکرّم کو یہ بتلاتے ہیں
غسل اس لمحے ملائکہ انہیں دیتے ہیں
اک صحابیؓ سے کہا پوچھیں ذرا گھر جا کے
غسل دیتے ہیں فرشتے جو انہیں یوں آ کے

Marfat.com

ہر آدمی سونے کے بعد بیدار ہوتا ہے۔ بیداری کے بعد جب اس کی آنکھ کھلتی ہے یا وہ شعوری حواس میں داخل ہوتا ہے تو وہ نیم بیداری کی کیفیت میں ہوتا ہے۔

نیم بیداری کا مطلب یہ ہے کہ ابھی آدمی پوری طرح سے شعور میں داخل نہیں ہوا۔ لیکن جیسے ہی وہ سو کر اٹھنے کے بعد بیداری کی پہلی کیفیت میں داخل ہوتا ہے اس کے اوپر فکر و عمل کا ہجوم ہو جاتا ہے۔ بیداری کے حواس میں فکر و عمل کی طرزیں یکجائی طور پر دَور کرنے لگتی ہیں۔ یہ کیفیت انسان کے اندر اس نقطے سے شروع ہوتی ہے جس نقطے کا نام لطیفہ نفسی ہے۔ نیم بیداری کے بعد جو دوسرا وقفہ شروع ہوتا ہے اس میں آدمی کے ہوش و حواس میں گہرائی پیدا ہوتی ہے۔ ہوش و حواس کی اس گہرائی سے دماغ کے اوپر جو خمار ہوتا ہے وہ ختم ہو جاتا ہے۔ یہ وقفہ سرور پر مشتمل ہوتا ہے۔ کبھی سرور کی کیفیت بڑھ جاتی ہے اور کبھی سرور کے برعکس احساس بڑھ جاتا ہے۔ اس کیفیت میں لطیفہ قلبی متحرک ہوتا ہے۔ سرور کے احساسات کے گہرے ہونے کے بعد تیسری کیفیت وجدان کی ہے۔ وجدان بیداری کا تیسرا وقفہ ہے۔ وجدان میں لطیفہ روحی کام کرتا ہے۔

## بیداری سے نیند تک کے مراحل:

1۔ سٹیج اول غنود

2۔ سٹیج دوم ہلکی نیند

3۔ سٹیج سوم گہری نیند

جس طرح بیداری کے تین وقفے ہیں اسی طرح نیند کے بھی تین وقفے ہیں جس طرح انسان تین سٹیج سے گزر کر بیداری میں داخل ہوتا ہے۔ اسی طرح تین ہی سٹیج سے گزر کر نیند میں داخل ہوتا ہے۔ نیند کے وقفہ کا نام غنود ہے۔

غنود میں لطیفہ سری حرکت میں رہتا ہے۔ نیند کی دوسری حالت جسے ہلکی نیند کہنا چاہیئے یہ لطیفہ خفی کی حرکت ہے اور نیند کی تیسری حالت میں جب آدمی پوری طرح گہری نیند سو جاتا ہے لطیفہ اخفی کی تحریکات ہیں۔

غور طلب بات یہ ہے کہ ان تمام حالتوں کے شروع میں انسان پر سکوت کی حالت ضرور طاری ہوتی ہے۔ جس طرح آدمی سو کر اٹھتا ہے اس وقت اس کا ذہن قطعی طور پر پُر سکون اور خالی ہوتا ہے۔ اسی طرح دوسری کیفیات میں انسان کی طبیعت لمحوں کے لئے ضرور ساکت ہوتی ہے۔ قانون یہ ہے کہ ایک حالت سے دوسری حالت میں داخل ہونے کے لئے سکوت کا ہونا ضروری ہے۔ جس طرح بیداری کی حالت میں ہر حالت سکوت سے شروع ہوتی ہے۔ اسی طرح غنودگی کے وقت بھی حواس پر ہلکا سا سکوت طاری ہوتا ہے اور چند لمحے گزر جانے کے بعد حواس کا یہ سکوت بوجھل ہو کر غنودگی کی صورت اختیار کر لیتا ہے۔ ابتدائی نیند کے چند ساکت لمحات سے ہلکی نیند کی شروعات ہوتی ہے اور پھر گہری نیند کی ساکت لہریں انسانی جسم پر غلبہ حاصل کر لیتی ہیں۔ یہی غلبہ گہری نیند ہے۔

بیداری ہو یا نیند دونوں کا تعلق حواس سے ہے ایک حالت میں حواس کی رفتار تیز ہو جاتی ہے دوسری حالت میں حواس کی رفتار



Marfat.com

حکمِ سرکارؐ سے معلوم وہ کرنے آئے
غسل کی ان کو ضرورت تھی کہا بیوی نے
سات شوال سرِ شام مدینے پہنچے
بحرِ انوار میں اُلفت کے سفینے پہنچے

## غزوۂ خندق

### یہود اور قریش کی مشترکہ کوشش

بیس سردار یہودی تھے جو مکّے آئے
ان کو بتلانے تباہی کے ہیں بادل چھائے
گر مسلمانوں سے لڑتے ہو تو ہمراہ ہوں گے
دیں گے امداد لڑائی میں نہ گمراہ ہوں گے
ہو گئے راضی قریشی بھی کہ ہاں لڑتے ہیں
ساتھ لوگوں کو ملانے کے لیے بڑھتے ہیں

Marfat.com

کم ہو جاتی ہے لیکن حواس کی نوعیت تبدیل نہیں ہوتی۔

بیداری ہو یا خواب دونوں میں ایک ہی قبیل کے حواس کرتے ہیں۔ بیداری اور نیند کے لئے دماغ کے اندر دو خانے ہیں ہم یوں بھی کہہ سکتے ہیں کہ انسان کے اندر دو دماغ ہیں۔ ایک دماغ میں حواس متحرک ہوتے ہیں تو اس کا نام بیداری ہے اور دوسرے دماغ میں حواس متحرک ہوتے ہیں تو اس کا نام نیند ہے۔ مفہوم یہ ہے کہ ایک ہی حواس نیند اور بیداری میں ردوبدل ہو رہے ہیں اور حواس کا ردوبدل ہی زندگی ہے۔ جب دماغ کے اوپر کسی ایک حواس کے متعلق سکوت طاری ہو جاتا ہے تو دوسرے حواس متحرک ہو جاتے ہیں۔ بیداری میں حواس کے کام کرنے کا طریقہ اور قاعدہ یہ ہے کہ آنکھ کے ڈھیلے پر پلک کی ضرب پڑتی ہے تو حواس کام کرنا شروع کر دیتے ہیں۔ یعنی انسان نیند کے حواس سے نکل کر بیداری کے حواس میں داخل ہو جاتا ہے۔ اس کی مثال کیمرے سے دی جا سکتی ہے۔ کیمرے کے اندر فلم ہے گلاس بھی موجود ہے اور گلاس کے سامنے مناظر بھی ہیں۔ لیکن اگر کیمرے کا بٹن نہ دبایا جائے اور شٹر میں حرکت نہ واقع ہو تو فلم پر تصویر نہیں بنتی۔ بالکل اسی طرح آنکھ کے ڈھیلے پر اگر پلک کی ضرب نہ پڑے مناظر دماغ کی سکرین پر فلم نہیں بناتے۔

## بیداری میں دیکھنے کا پہلا قانون:

پہلا قانون یہ واضح ہوا کہ جب انسان سونے کے بعد بیدار ہوتا ہے تو فوری طور پر اسے کوئی خیال آتا ہے اور یہ خیال ہی بیداری اور نیند کے درمیان حد فاصل ہے۔

## بیداری میں دیکھنے کا دوسرا قانون:

جب اس خیال میں گہرائی واقع ہوتی ہے تو پلک جھپکنے کا عمل شروع ہوتا ہے اور پلک جھپکنے کے ساتھ ہی دماغ کی سکرین پر مناظر منتقل ہونا شروع ہو جاتے ہیں۔

## بیداری میں دیکھنے کا تیسرا قانون:

علمی حیثیت میں دماغ ایک اطلاع موصول کرتا ہے اور ذہن اس اطلاع میں معنی پہنا دیتا ہے۔ پلک جھپکنے کے عمل کے ساتھ انسانی دماغ میں جو عکس منتقل ہوتا ہے اس کا وقفہ پندرہ سیکنڈ ہے۔ ابھی پندرہ سیکنڈ نہیں گزرتے ایک دو یا زائد مناظر پہلے منظر کی جگہ لے لیتے ہیں اور یہ سلسلہ تسلسل کے ساتھ قائم رہتا ہے۔

## تلوین اور استرخاء:

بیداری میں نگاہ کا تعلق آنکھ کے ڈیلوں اور پلکوں سے براہِ راست ہے آنکھ کے ڈیلوں کے اوپر پلکوں کی ضرب انسانی کیمرے کا وہ بٹن ہے جو بار بار تصاویر لیتا رہتا ہے۔



Marfat.com

جو مسلمانوں سے طیبہ کے تھا لڑنے نکلا
چھ قبائل سے ہزاروں کا وہ اک لشکر تھا

## خندق کی کھدائی

جونہی کفّار کے گٹھ جوڑ کا راز پایا
مشورہ اپنے صحابہؓ سے نبیؐ فرمایا
جونہی کفار کے گٹھ جوڑ کا راز پایا
مشورہ اپنے صحابہؓ سے نبیؐ فرمایا
اُحد کے جیسی لڑائی تو نہیں ہے ممکن
روکنا ہوگا انہیں شہر سے باہر لیکن
مشورہ کرتے ہوئے آپؐ سے سلمانؓ بولے
ایسے حالات میں ہم لوگ تو ایسے کرتے
کرتے ہم کھود کے خندق میں حفاظت اپنی
آپؐ بھی ایسے کریں پیارے نبیؐ پر جلدی

Marfat.com

اگر آنکھ کے ڈیلوں کے اوپر پلکوں کی ضرب نہ پڑے تو آنکھ کے اندر موجود اعضاء کام نہیں کرتے۔ آنکھ کے اندر موجود اعصاب کی حسیں اسی وقت کام کرتی ہیں جب ان کے اوپر پلک یا آنکھ کے پردوں کی ضرب پڑتی رہے۔ اگر آنکھ کی پلک کو باندھ دیا جائے اور ڈیلوں کی حرکت رک جائے تو نظر کے سامنے خلا آ جاتا ہے۔ مناظر کی فلم بندی رک جاتی ہے۔ عمل استرخاء میں اس عمل کی پریکٹس کرائی جاتی ہے کہ آنکھ کے ڈیلوں کی حرکت رک جائے اور آنکھ کے پردے کی ضرب ڈیلوں پر نہ پڑے تاکہ بیداری کی نظر خواب کی نظر میں منتقل ہو جائے۔

ہم جب خواب دیکھتے ہیں تو آنکھ کے ڈیلوں پر پلک کی ضرب نہیں پڑتی۔ آنکھ کے ڈیلوں پر پلک کی ضرب سے یعنی کھلنے اور بند ہونے کے عمل سے مناظر کا عکس دماغ کی سکرین پر منتقل ہوتا رہتا ہے۔

لطیفہ نفسی کی مسلسل حرکت سے یہ سلسلہ جاری رہتا ہے لطیفہ نفسی کی روشنیاں جب کسی طرف میلان کرتی ہیں تو تمام محسوسات اس کی طرف متوجہ ہو جاتے ہیں۔ حسیات میں سب سے لطیف حس بصارت ہے۔ چونکہ بصارت سب سے لطیف حس ہے اس لئے لطیفہ نفسی کی روشنی سے سب سے پہلے متاثر ہوتی ہے یہ روشنی سب سے پہلے خیال سے روشناس کراتی ہے۔ پہلے پہل جب قوت باصرہ حرکت کرتی ہے تو نگاہ خارج کی چیزوں کو داخل میں اور داخل کی چیزوں کو خارج میں دیکھتی ہے۔

خلاصہ کلام یہ ہے کہ انسانی ذہن ہر حالت میں آئینہ کا کام انجام دیتا ہے اور روح انسانی اسی آئینے میں خیالات، توہمات اور تصورات کو مجسم شکل و صورت میں دیکھتی ہے۔ لطیفہ نفسی کی روشنیاں پوری کائنات کو دیکھتی ہیں اور پوری کائنات میں پھیلی ہوئی ہوتی ہیں۔ ان روشنیوں سے کسی وہم خیال یا تصور کا باہر نکل جانا ممکن نہیں ہے۔ ساری کائنات پر یہ روشنی ایک دائرے کی صورت میں محیط ہے۔ روشنیوں کا یہ دائرہ جویہ ہے۔ جویہ سے مراد لطیفہ نفسی اور لطیفہ قلبی ہے۔ جویہ کی روشنیاں ذات انسانی کو لامتناہی حدوں تک وسیع کر دیتی ہیں۔ جویہ کو متحرک کرنے اور جویہ کی تمام وسعتوں سے باخبر ہونے کے لئے نیند کے اوپر کنٹرول حاصل کرنا ضروری ہے۔ اور روحانی تعلیمات میں اس کوشش کا پہلا سبق دن اور رات کے اندر 21 گھنٹے اور 20 منٹ جاگ کر پورا کیا جاتا ہے۔ یعنی 24 گھنٹوں میں 2 گھنٹے 40 منٹ نیند کے لئے کافی ہیں۔ بیدار رہنے کے لئے اس عمل کے ساتھ ساتھ یا نیند کے اوپر کنٹرول حاصل ہو جانے کے بعد دوسرا سبق پلک جھپکائے بغیر تاریکی میں نظر جمانا ہے۔ قانون یہ ہے کہ دیکھنے کا عمل ڈیلوں کے اوپر پلکوں کی ضرب سے واقف ہوتا ہے۔ 21 گھنٹے 20 منٹ جاگنے کے عمل کو تلوین اور تاریکی میں پلک جھپکائے بغیر نظر جمانے کو استرخاء کہتے ہیں۔

حوالہ جات:

1۔ کتاب "شرح لوح و قلم" از الشیخ خواجہ شمس الدین عظیمی، باب حواس کی رفتار، صفحہ نمبر 89 تا 93



Marfat.com

اُن کی تجویز کو شوریٰ نے بھی بہتر جانا
حکمِ سلطانِ مدینہ کو سبھی نے مانا
تین اطراف سے طیبہ تو حفاظت میں تھا
ایک جانب سے ذرا ان کو لگا مشکل سا
سارے اصحابؓ نے فرمان پہ حامی بھر لی
بیس ایّام میں خندق بھی مکمل کر لی
پانچ گز گہری یہ خندق تھی جو کھدوائی تھی
آٹھ ذیقعد کا دن اور تھی پانچ ہجری
سخت سردی کے تھے ایام کڑکتے جاڑے
کھودتے بھوک پیاس میں وہ خندق سارے
خود نبیؐ پاک بھی تھے ساتھ مشقت کرتے
اور اصحابِ محمدؐ بھی تھے محنت کرتے
آپؐ کے جسم مبارک پہ بھی مٹی پڑتی
پھر بھی مصروف کھدائی میں یہ ہستی رہتی

Marfat.com

موضوع 26/84

# رات اور دِن کے حواس

## CONCIOUS AND UNCONCIOUS

## سُوْرَۃُ اٰلِ عِمْرٰنَ (THE FAMILY OF IMRAN)

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

تُوْلِجُ الَّیْلَ فِی النَّھَارِ وَتُوْلِجُ النَّھَارَ فِی الَّیْلِ وَتُخْرِجُ الْحَیَّ مِنَ الْمَیِّتِ وَتُخْرِجُ الْمَیِّتَ مِنَ الْحَیِّ

توہی رات کو دِن میں داخل کرتا ہے اور دِن کو رات میں داخل کرتا ہے۔ توہی جان دار میں سے بے جان کو نکالتا ہے اور بے جان میں سے جان دار کو نکالتا ہے۔

*You make the night to enter into the day, and You make the day to enter into the night, You bring the living out of the dead, and You bring the dead out of the living.*

### راتـــ اور دِن کے حواســـ / شعور اور لاشعور:

جن حواس سے ہم کشش ثقل میں مقید چیزوں کو دیکھتے ہیں اس کا نام شعور ہے اور جن حواس سے ہم کشش ثقل سے آزاد ہو جاتے ہیں اُن کا نام لاشعور ہے۔ شعور اور لاشعور دونوں لہروں پر قیام پذیر ہیں۔ شعوری حواس میں کام کرنے والی لہریں مثلث △ TRIANGLE ہوتی ہیں اور لاشعوری حواس میں کام کرنے والی لہریں دائرہ ○ CIRCLE ہوتی ہیں۔

شعوری حواس میں ہم ٹائم اسپیس (TIME-SPACE) میں بند ہیں اور لاشعوری حواس ہمیں ٹائم اسپیس سے آزاد کر دیتے ہیں۔ یہ دونوں حواس ایک ورق کی طرح ہیں۔ ورق کے دونوں صفحات پر ایک ہی تحریر لکھی ہوئی ہے۔ فرق صرف یہ ہے کہ ورق کے ایک صفحے پر عبارت ہمیں روشن اور واضح نظر آتی ہے اور ورق کے دوسرے صفحے پر دھندلی اور غیر واضح نظر آتی ہے۔

### بیداری اور نیند کی رُوحانی حیثیت:

ہماری آدھی زندگی سونے کی حالت میں گزرتی ہے اور آدھی جاگتے گزرتی ہے۔ سونے اور جاگنے میں دو حواس الگ الگ کام



Marfat.com

واسطے اپنے صحابہؓ کے دعائیں کرتے
وہ بھی تو آپؐ کی اُلفت کا سدا دم بھرتے

## ایک عجیب چٹان

ناگہاں ایک نمودار چٹان ہوئی
جو کسی اور صحابیؓ سے نہ ہرگز ٹوٹی
آپؐ کی خدمت اقدس میں صحابیؓ آئے
عرض کی آپؐ سے ہرگز نہ یہ ہم سے ٹوٹے
تین ایّام سے فاقے میں نبیؐ اطہر تھے
پھاوڑا لے کے نبیؐ پاک وہاں آ پہنچے
ایک ہی وار سے کر ڈالے تھے اس کے ٹکڑے
جس طرح ریت کے ہوتے ہیں ہزاروں ذرّے

Marfat.com

کرتے ہیں جاگنے کے حواس دنیاوی اور مادی حواس ہیں اور سونے کے حواس غیب کے حواس ہیں۔ نیند کے متعلق اللہ تعالےٰ نے اپنے کلام میں فرمایا ہے:

وَ هُوَ الَّذِیْ یَتَوَفّٰىكُمْ بِالَّیْلِ وَ یَعْلَمُ مَا جَرَحْتُمْ بِالنَّهَارِ ثُمَّ یَبْعَثُكُمْ فِیْهِ لِیُقْضٰۤى اَجَلٌ مُّسَمًّى ۚ ثُمَّ اِلَیْهِ مَرْجِعُكُمْ ثُمَّ یُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿۶۰﴾

اور وہی ہے جو رات کے وقت تمہاری رُوحیں قبض فرمالیتا ہے۔ اور جو کچھ تم دِن کے وقت کماتے ہو وہ جانتا ہے مگر وہ تمہیں دِن کے وقت اٹھا دیتا ہے تا کہ معینہ میعاد پوری کر دی جائے پھر تمہارا پلٹنا اسی کی طرف ہے پھر وہ تمہیں ان (اعمال) سے آگاہ فرمادے گا جو تم کرتے رہے تھے۔ (سورہ انعام، پارہ 7، آیت 60)

دوسری جگہ ارشاد کیا:

اَللّٰهُ یَتَوَفَّى الْاَنْفُسَ حِیْنَ مَوْتِهَا وَ الَّتِیْ لَمْ تَمُتْ فِیْ مَنَامِهَا ۚ فَیُمْسِكُ الَّتِیْ قَضٰى عَلَیْهَا الْمَوْتَ وَ یُرْسِلُ الْاُخْرٰۤى اِلٰۤى اَجَلٍ مُّسَمًّى ؕ اِنَّ فِیْ ذٰلِكَ لَاٰیٰتٍ لِّقَوْمٍ یَّتَفَكَّرُوْنَ ﴿۴۲﴾

اللہ جانوں کو ان کی موت کے وقت قبض کرلیتا ہے اور ان جانوں کو جنہیں موت نہیں آئی ہے ان کی نیند کی حالت میں، پھر ان کو روک لیتا ہے جن پر موت کا حکم صادر ہو چکا ہو اور دوسری جانوں کو مقررہ وقت تک چھوڑے رکھتا ہے بے شک اس میں ان لوگوں کے لئے نشانیاں ہیں جو غور و فکر کرتے ہیں۔

(سورہ زمر، پارہ 23، آیت 42)

یعنی نیند ایک عارضی موت ہے نیند کے دوران اللہ تعالیٰ رُوحوں کو اپنی جانب قبض کر لیتے ہیں اور ایک عارضی مدت تک اپنے پاس روکے رکھتے ہیں پھر واپس انہیں جسموں میں لوٹا دیتے ہیں پھر ایک ایسا وقت بھی آتا ہے کہ رُوحوں کو قبض کرنے کے بعد انہیں مُستقِل طور پر اپنے پاس روک لیتے ہیں اور واپس جسموں میں نہیں لوٹاتے۔

اللہ تعالیٰ کے کلام کے مطابق نیند کی حالت میں رُوح اس عالم میں پہنچ جاتی ہے جہاں مرنے کے بعد پہنچتی ہے اس کا مطلب یہ ہوا کہ ہر روز اِنسان کا آنا جانا اس دنیا سے موت کے بعد کے عالم میں رہتا ہے اور آدمی لاشعوری طور پر موت کے بعد کی زندگی میں داخل ہو رہا ہے مگر نیند یعنی لاشعوری حواس ہونے کی وجہ سے شعور اور عقل اس بات سے واقف نہیں ہوتے۔

## خواب:

ہر آدمی خواب بھی دیکھتا ہے۔ خواب میں اپنے آپ کو چلتا پھرتا کھاتا پیتا بھی دیکھتا ہے۔ خواب میں چلنے پھرنے والا جسم ہی وہ جسمِ مثالی ASTRAL BODY ہے جو مرنے کے بعد اعراف کے عالم میں زندگی گزارتا ہے۔ آخر کی زندگی ابدی زندگی ہے جبکہ دنیاوی زندگی عارضی ہے اس اعتبار سے نیند کی زندگی بہت زیادہ اہمیت رکھتی ہے۔ اگر آدمی نیند کے حواس سے شعوری طور پر واقف ہو جائے تو



Marfat.com

# حضرت جابرؓ کی دعوت

قول ہے حضرت جابرؓ کا وہ فرماتے ہیں
دیکھ پایا نہ میں آقاؐ کو وہ فاقوں سے ہیں
لے کے میں انؐ سے اجازت تو چلا گھر آیا
اپنی بیوی سے میں کھانے کے لیے کچھ مانگا
سن کے آواز مری بیوی بھی فوراً بولی
ایک صاع جو کی فقط گھر میں ہے اپنے رکھی
اُن سے فرمایا یہ حضرت نے کہ ایسا کر لو
پیس کر ان کو ذرا ان کا تم آٹا گوندھو
اور تیّار کرو کھانا ابھی آتا ہوں
گھر میں کھانے پہ میں آقاؐ کو بلا لاتا ہوں
گھر میں موجود تھی بکری جو ذبح کر ڈالی
روٹی کے ساتھ ہی ہنڈیا کی تیاری کر دی

Marfat.com

وہ یہ جان لیتا ہے کہ نیند میں ارواح کہاں جاتی ہیں اور ان کی کیا مصروفیات ہوتی ہیں۔ اس کا مطلب یہ ہوا کہ وہ رُوحانی شعور سے واقف ہو جاتا ہے اور مرنے کے بعد کی زندگی کا مشاہدہ کرلیتا ہے جس کی وجہ سے موت کا ڈر خوف اس میں سے نکل جاتا ہے۔ وہ اس دنیا میں رہتے ہوئے بھی اگلی دنیا سے مانوس ہو جاتا ہے۔

## خواب نبوّت کا چھیالیسواں حصّہ ہے:

حضور ﷺ کی سیرت طیبہ کا مطالعہ کرنے کے بعد یہ معلوم ہوتا ہے کہ ابتدائی دنوں میں ہی سچے خوابوں کا سلسلہ شروع ہو گیا تھا۔ حضور ﷺ جو خواب بھی دیکھتے تھے اس کی تعبیر صبح صادق کی طرح ظاہر ہو جاتی تھی۔ خواب کو جزو نبوت کہا گیا ہے۔ سیّدنا علیہ الصلوٰۃ والسلام کا ارشاد ہے۔

**"خواب نبوت کا چھیالیسواں حصّہ ہے۔"**

مفسرین اس کی تشریح یوں بیان کرتے ہیں کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی عمر مبارک چالیس سال تھی۔ جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر پہلی وحی نازل ہوئی۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے تریسٹھ 63 سال کی عمر میں اس دنیا سے پردہ فرمایا۔ وحی کے نزول کا زمانہ 23 سال ہے۔ ابتدائی چھ ماہ کا عرصہ خوابوں پر مشتمل تھا۔ 6 ماہ کو 23 سال سے وہی نسبت ہے جو ایک کو چھیالیس سے ہے۔

سیّدنا حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا کہ خواب بھی ایک قسم کی وحی ہے جسکے ذریعے اللہ کریم خواب دیکھنے والے کو اس بھلائی یا برائی سے مطلع کر دیتا ہے جو اسکو پہنچنے والی ہوتی ہے۔

حضور ﷺ نے فرمایا: **"بشارتوں کے سوا نبوت کی کوئی چیز باقی نہیں رہی۔"**

صحابہ کرامؓ نے دریافت کیا کہ بشارتوں سے کیا مراد ہے؟

آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

**"سچا خواب"**

جب رسُول خدا صلی اللہ علیہ وسلم بیمار ہوئے تو صحابہ کرامؓ غمگین ہو کر حاضر خدمت ہوئے اور عرض کیا کہ آپ ہم کو کار خیر سے مطلع فرمایا کرتے ہیں۔ خدانخواستہ آپ اگر ہمارے درمیان موجود نہ رہے تو ہم کو کون مطلع کیا کرے گا۔ دینی اور دنیاوی امور کی بھلائی ہمیں کس طرح معلوم ہو گی؟

حضور ﷺ نے جواب میں ارشاد فرمایا:

**"میری وفات کے بعد وحی تو منقطع ہو جائے گی لیکن مبشرات بند نہیں ہوں گے۔"**

صحابہ کرامؓ نے عرض کیا کہ "مبشرات" کیا چیز ہیں؟



Marfat.com

پھر نبیؐ پاک سے کی عرض مرے گھر چلیئے
میں نے پکوایا ہے کھانا وہ وہاں کھا آیئے
چند اصحابؓ کو لے آئیں مرے گھر آقاؐ
وہ بھی کھالیں گے پکا جو ہے مرے گھر کھانا
اس پہ سرکارؐ نے فرمایا اے خندق والو
آج جابرؓ نے پکایا ہے جو کھانا کھا لو
میں جو آؤں گا تو جابر تُو تیاری کرنا
اپنی بیوی کو مری بات یہی جا کہنا
ہانڈی و آٹے میں آقاؐ نے لعاب ڈالا
اور اللہ سے برکت کی تھی مانگی دُعا
ایک ہزار صحابہؓ کا وہ گھر میں آنا
رغبت و شوق سے اصحابؓ نے کھانا کھایا
آٹا بھی کم نہ ہوا اور نہ ہنڈیا کم تھی
خوش ہوئے سارے صحابہؓ بھی مرے آقاؐ بھی

Marfat.com

حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

**"مبشرات وہ اچھے خواب ہیں جو نیک بندوں کو نظر آتے ہیں۔"**

حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک دِن صحابہ کرامؓ سے فرمایا جب تم لوگوں میں سے کوئی شخص اچھا خواب دیکھے تو اسکو چاہئے کہ وہ حق تعالیٰ کا شکر ادا کرے اوراس خواب کو اپنے مومن دوستوں اور بھائیوں کے سامنے بیان کرے اوراگر نیک آدمی برا خواب دیکھے تو چند بار یہ کہے:

"میں راندہ درگاہ شیطان سے خدا کی پناہ مانگتا ہوں۔"

رسول اللہ علیہ الصلوۃ والسلام نے فرمایا:

**"جس نے خواب میں مجھے دیکھا اس نے گویا مجھے ہی دیکھا کیونکہ شیطان میری صورت اختیار نہیں کرسکتا۔"**

حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نماز فجر کے بعد عموماً صحابہ اکرام سے یہ دریافت فرماتے کہ تم میں سے کسی نے کوئی خواب دیکھا ہے؟ اگر کسی نے خواب دیکھا ہوتا تو بیان کرتا اور سیّدنا حضور صلی اللہ علیہ وسلم اس کی تعبیر بیان فرماتے۔

## تمام زمینوں (SCREENS) پر نشر ہونے والی اطلاع ایک ہے:

الہامی کتابوں کے ماہر علمائے باطن کہتے ہیں:




اِنسان صرف اس زمین پر ہی آباد نہیں ہے اور بھی بے شمار سیاروں میں اِنسانوں کی آبادیاں ہیں اور ہر سیارہ میں زمین ہے۔ دوسرے سیاروں کی زمین پر زندگی کی طرزیں مختلف ہیں، لیکن تقاضے سب کے یکساں ہیں۔ جس طرح زمین پر آباد اِنسان کے اندر خواب اور بیداری کے حواس کام کرتے ہیں بالکل اسی طرح دوسرے لاشمار سیاروں میں آباد اِنسانوں میں بھی بیداری اور خواب کے حواس کام کرتے ہیں۔

خواب کے حواس ہوں یا بیداری کے حواس ہوں دونوں کے تقاضے یکساں ہوتے ہیں۔ فرق اتنا ہے کہ بیداری میں حواس زمان و مکان کے پابند ہوتے ہیں اور خواب میں حواس زمان و مکان کے پابند نہیں ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ کوئی اِنسان خواب میں کئے ہوئے اعمال یاد یکھے ہوئے واقعات میں ترتیب قائم نہیں رکھ سکتا۔ کیونکہ اسے بیداری کے ایسے حواس میں زندگی گزارنے کی عادت پڑجاتی ہے جہاں وہ ہر قدم پر پابند ہے۔



Marfat.com

# بابرکت کھجوریں

ایک دن صبح نبیؐ پاک نے بچّی دیکھی
اپنے ہاتھوں میں کوئی چیز وہ لے کر آئی
آپؐ نے پوچھا ترے ہاتھوں میں ہے کیا بیٹی
کچھ کھجوریں ہیں مرے ہاتھوں میں بچی بولی
ماں نے یہ مجھ سے کہا بابا سے جا کر کہنا
ناشتہ ان سے کریں آپ کا ہے یہ کھانا
آقاؐ نے اس سے کہا بیٹی یہ ہم کو دے دو
وہ بھی آ جائیں ادھر باپ سے جا کر بولو
پہلے لیں دستِ مبارک میں کھجوریں ساری
اور پھر چادرِ اطہر میں وہ ڈالیں ساری
اہلِ خندق کو تناول کے لیے بلوایا
کھاؤ جی بھر کے نبیؐ پاک نے یہ فرمایا

Marfat.com

رُوحانی سائنسدان قلندر بابا اولیاءؒ بتاتے ہیں کہ کہکشانی نظاموں اور ہمارے درمیان بڑا مستحکم رشتہ ہے۔ پے درپے جو خیالات ہمارے ذہن میں آتے ہیں وہ دوسرے نظاموں اور ان کی آبادیوں سے ہمیں وصول ہوتے رہتے ہیں۔

اللہ کریم نے اِنسان کے اندر یہ صلاحیت ودیعت کی ہے کہ وہ غیب سے آگاہی حاصل کر سکے اس لئے اِنسان کے اندر ایسے حواس کی موجودگی ضروری ہے، جن سے وہ غیب سے متعارف ہو جائے۔ خواب میں کام کرنے والے حواس دراصل وہ صلاحیت ہے جو نوعِ اِنسان کو غیب سے نہ صرف قریب کرتی ہے بلکہ غیب کے اندر داخل کر دیتی ہے۔ بیداری میں کام کرنے والے حواس کی رفتار خواب میں کام کرنے والے حواس کی رفتار سے ساٹھ ہزار گنا کم ہے۔

## قانُون:

خواب ایسے حواس کی نشاندہی کرتا ہے جن کے ذریعے اِنسان کے اوپر غیب کا انکشاف ہوتا ہے۔ قُرآن پاک میں ہے۔

تُوْلِجُ الَّيْلَ فِى النَّهَارِ وَتُوْلِجُ النَّهَارَ فِى الَّيْلِ

**ہم داخل کرتے ہیں رات کو دِن میں اور داخل کرتے ہیں دِن کو رات میں۔** (سورۃ آلِ عمران، پارہ 3، آیت 27)

يُوْلِجُ الَّيْلَ فِى النَّهَارِ وَ يُوْلِجُ النَّهَارَ فِى الَّيْلِ وَ اَنَّ اللّٰهَ سَمِيْعٌۢ بَصِيْرٌ ﴿٦١﴾

**ہم ادھیڑ لیتے ہیں رات پر سے دِن کو اور بے شک اللہ سمیع اور علیم ہے۔** (سورۃ الحج، پارہ 17، آیت 42)

قُرآن پاک نوعِ اِنسانی پر واضح کرتا ہے کہ بیداری کے حواس اور خواب کے حواس ایک دوسرے کے ساتھ چپکے ہوئے ہیں بالکل اس طرح جیسے ایک ورق میں دو صفحے چپکے ہوتے ہیں۔ الگ الگ ہونے کے باوجود ورق ایک ہی رہتا ہے لیکن دونوں صفحے ایک دوسرے کے ساتھ مل کر یک جان ہو گئے ہیں۔

اِنسان کے اندر کام کرنے والے حواس بیداری کے ہوں یا خواب کے، غیب سے براہِ راست ایک ربط رکھتے ہیں کیونکہ ایک ہی عبارت الگ الگ دو صفحوں پر تحریر ہے اس لئے اس کو دو حصوں میں تقسیم کر دیا جاتا ہے۔ اِنسان نے اپنی نادانی کی وجہ سے ایک حصے کا نام ظاہر اور دوسرے حصے کا نام غیب رکھ لیا ہے۔ فی الواقع یہ طرزِ فکر اللہ کے بیان کردہ قانُون کے خلاف ہے۔

زمان ومکان




یعنی رات اور دِن کے حواس ایک ہی ہیں فرق یہ ہے کہ ہم نے ان حواس میں سے ایک کو اپنے اوپر مسلّط کیا ہوا



Marfat.com

## اسلامی فوج میں مورچہ بندی

کھود لی ساری جو احزاب تو پھر لمحوں میں
عورتوں بچوں کو محفوظ کیا قلعوں میں
لے کے انصار و مہاجر سے جواں پھر سارے
سلع پہاڑ کے دامن میں حضورؐ آ ٹھہرے
حضرت زیدؓ علمدار تھے اک دستے کے
حضرت سعدؓ علمدار تھے اک دستے کے
کیا یہ انداز تحفظ تھا مرے آقاؐ کا
سامنے آپؐ کے خندق تھی تو پیچھے سلع

## کفار کا حملہ

ڈٹ گئے دیکھی جو یلغار مسلمانوں نے
جانثاری پہ کیا رشک بھی پہاڑوں نے
تین اطراف سے گھیرے میں لیا طیبہ کو
گرد آلود بھی اس روز کیا طیبہ کو

Marfat.com

ہے چونکہ یہ تسلط خود ہمارا اختیار کردہ ہے اس لئے ہم نے اس پابندی میں مقید ہو کر خود کو پابند کر لیا ہے اور اس پابندی نے ہمیں مکان (Space) اور زمان (Time) کی زنجیروں میں جکڑا ہوا ہے۔

اِنسان یا کائنات میں موجود کوئی بھی نوع یا کسی بھی نوع کا کوئی فرد زندگی گزارنے کے لئے دو رخوں کا محتاج ہے۔ ایک رُخ کو ہم بیداری اور دوسرے کو خواب کہتے ہیں۔

بیداری اور خواب دونوں کا تذکرہ قرآن پاک میں لیل اور نہار کے نام سے کیا گیا ہے۔ قرآن پاک کی ان آیات میں تفکر کیا جائے جن میں لیل و نہار کا تذکرہ آیا ہے تو یہ بات واضح ہوتی ہے کہ حواس ایک ہیں حواس میں صرف ردوبدل ہوتا رہتا ہے۔ یہی حواس جب رات کے پیٹرن میں داخل ہوتے ہیں تو خواب بن جاتے ہیں اور یہی حواس جب دِن کے پیٹرن میں داخل ہوتے ہیں تو بیداری بن جاتے ہیں۔

بیداری کے حواس میں حرکت کڑی در کڑی مرحلہ وار ہوتی ہے یعنی ایک لمحہ پھر دوسرا لمحہ پھر تیسرا لمحہ۔ نیند کے حواس میں مرحلہ وار حرکت سے بندہ آزاد ہو جاتا ہے یعنی ایک کے بعد یکدم دسواں بیسواں لمحہ آجاتا ہے بیداری کے عالم میں A مقام سے B مقام تک کوئی فرد اس وقت تک نہیں پہنچ سکتا جب تک درمیان کے دوسرے مقامات طے نہ کر لے۔ جب کہ رات کے حواس میں C مقام سے D مقام تک پہنچنے کے لئے درمیانی مقامات سے گزرنا ضروری نہیں۔

اور یہ بھی ارشاد ہے کہ ہم رات کو دِن پر سے ادھیڑ لیتے ہیں اور دِن کو رات پر سے ادھیڑ لیتے ہیں۔ مقصد یہ ہے کہ اِنسان (جو فی الواقع حواس کے علاوہ کچھ نہیں ہے) رات اور دِن کے حواس میں داخل ہوتا رہتا ہے۔ دِن میں داخل ہوتا ہے تو حواس پابند ہو جاتے ہیں اور رات میں داخل ہوتا ہے تو حواس کے اوپر پابندی کی گرفت ٹوٹ جاتی ہے۔ ہم جب علم غیب یا غیب کی دنیا کا تذکرہ کرتے ہیں تو دراصل رات کے حواس کا تذکرہ کرتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے جہاں حضرت موسیٰ علیہ السلام کو تورات عطا کرنے کا تذکرہ فرمایا ہے وہاں ارشاد ہے۔ ہم نے موسیٰؑ سے تیس راتوں کا وعدہ کیا اور چالیس راتوں میں پورا کیا۔ غور طلب بات یہ ہے کہ حضرت موسیٰؑ کوہِ طور پر چالیس دِن اور چالیس راتیں مقیم رہے۔ ایسا نہیں ہوا کہ رات کو کوہِ طور پر چلے جاتے ہوں اور دِن کو نیچے اتر آتے ہوں۔ حضرت موسیٰؑ پر چالیس دِن اور چالیس راتوں میں رات کے حواس غالب رہے اور نتیجے میں الہامی دستاویز عطا کر دی گئی۔

هَلْ اَتٰى عَلَى الْاِنْسَانِ حِيْنٌ مِّنَ الدَّهْرِ لَمْ يَكُنْ شَيْـًٔا مَّذْكُوْرًا ۝

کیا نہیں پہنچا اِنسان پر ایک زمانے میں جو تھا شے بغیر تکرار کیا ہوا۔

(سورۃ دہر، پارہ 29، آیت 1)

کبھی اِنسان ایسا وقت (حواس) تھا جس میں تکرار نہیں تھی۔ پھر ایسا وقت ہوا جس میں تکرار ہے۔ یہاں دو ایجنسیاں بن گئیں۔

۱۔ حواس

۲۔ حواس کی تکرار



Marfat.com

کچھ منافق تھے وہاں ساتھ مسلمانوں کے
دیکھ کر فوج قریش کی وہ فوراً بھاگے
ان مناظر کو ہے قرآں نے دکھایا ایسا
ان کی نخوت کو الٰہی نے گرایا ایسا
دیکھا لشکر تو یہ اصحابؓ کے دل میں آیا
ربّ سچا ہے اور اس کا ہے نبیؐ بھی سچا

## بنوقریظہ کی غداری

غیر جانب تھے قریظہ سے یہودی اب تک
رہتے خاموش نضیر کے یہودی کب تک

(بنوقریظہ، بنونضیر)

کعب سے ملنے قریظہ کے یہودی آئے
آؤ دیں ساتھ قریش کا ہیں یہ من بھائے
ان کے سردار نے پہلے تو نہ کی بات اُن سے
اتنا اصرار ہوا پھر بھی ہوئی مات اُن سے

Marfat.com

یہ دونوں ایجنسیاں ایک یونٹ ہیں۔ اس کی وضاحت قُرآن پاک میں سورہ آل عمران آیت 27 میں موجود ہے۔ اس آیت میں اللہ تعالیٰ نے اپنا دستور العمل بیان فرمایا ہے۔ اللہ رات کو داخل کرتا ہے دِن میں اور دِن کو داخل کرتا ہے رات میں۔ زندگی کو موت سے نکالتا ہے اور موت کو زندگی سے نکالتا ہے۔

رات حواس کی ایک نوع ہے اور دِن حواس کی دوسری نوع ہے۔ رات کے حواس کی نوع میں مکانی اور زمانی فاصلے مُردہ ہو جاتے ہیں۔ لیکن دِن کے حواس کی نوع میں یہی فاصلے زندہ ہو جاتے ہیں۔ اگر ہم اس بات کی مزید تشریح کریں تو یوں کہیں گے کہ زندگی اور موت رات اور دن۔ شعور اور لاشعور میں الٹ پلٹ ہو رہے ہیں۔

رات کے حواس دِن میں داخل ہو جاتے ہیں اور دِن کے حواس رات میں داخل ہو جاتے ہیں۔

ایک حواس پر اسپیس اور ٹائم کی پابندی غالب ہے۔ دوسرے حواس پر ٹائم اور اسپیس کی پابندی نہیں۔

ہم جب زندگی کا تجزیہ کرتے ہیں تو پیدائش سے موت تک ہم روزانہ مشاہدہ کرتے ہیں کہ ہر روز دِن اور ہر روز رات ہوتی ہے۔ ہم روزانہ ایک ہی ڈیوٹی انجام دیتے ہیں۔ ایک ہی طرح کا کھانا کھاتے ہیں لیکن ہر کھانے کو نیا کھانا کہتے ہیں۔ روزانہ جس گاڑی میں دفتر جاتے ہیں اس ہی گاڑی پر برسوں سفر کرتے ہیں اس کے باوجود ہر دِن کو نیا دِن اور ہر دِن کے عمل کو نیا عمل قرار دیتے ہیں۔ یہ محض حواس کی کمزوری ہے۔ حواس ایک ہی ہیں لیکن ان میں تکرار ہو رہی ہے۔




حواس میں تکرار دو طرح ہو رہی ہے۔

حواس جب رات میں کام کرتے ہیں تو ہم رات کہتے ہیں۔ فرق اتنا ہے کہ رات کے حواس کی نوع میں مکانی و زمانی فاصلے مُردہ ہو جاتے ہیں اور دِن کے حواس میں زمانی و مکانی فاصلے زندہ ہو جاتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں۔

"وہی ہے جو زندگی کو موت سے نکالتا ہے اور موت کو زندگی سے نکالتا ہے۔"

## قلم لکھ کر خشک ہو چکا:

سیّدنا حضور ﷺ نے فرمایا:

**"جو کچھ ہونے والا ہے قلم اس کو لکھ کر خشک ہو گیا۔"**



Marfat.com

بنو نضیر کے لوگوں نے یہ کوشش کر دی
بنو قریظہ نے بھی لڑنے کی حامی بھر لی
بنو قریظہ کے بدبختوں نے چہرہ موڑا
جو نبیؐ پاک سے تھا اُن کا بھی وعدہ توڑا
جب نبیؐ پاک کو کفّار کی یہ خبر آئی
آپؐ نے بنو قریظہ سے حقیقت پوچھی
وہ سمجھتے تھے پریشان مسلماں ہوں گے
حکمِ ربّی سے یہ کفّار پریشاں ہوں گے
دی صدا اللہ اکبر کی وہاں آقاؐ نے
اے مسلمانو! نہ گھبراؤ کہا یہ اُن سے
اس میں بھی ایک بشارت ہے تو غم مت کرنا
حکم ربی ہے مسلمانوں سبھی مت ڈرنا
جس جگہ آپؐ کے لشکر کو وہاں پر دیکھا
اس کی جانب ہی تو کفار نے لشکر بھیجا

Marfat.com



Marfat.com

# قریش کی پریشانی

آگے دیکھی تھی جو خندق تو وہیں پہ ٹھہرے
پیچ و خم کھانے لگے آگے وہ کیسے بڑھتے
جب لڑائی کا نہ کوئی بھی طریقہ نکلا
گھیرے میں اپنے لیا پاک مدینہ طیبہ
کم سے کم ایک مہینہ وہ رہا تھا گھیرا
فاقوں پہ آپؐ کے لشکر کا مہینہ گزرا
چاروں اطراف سے گھیرے میں لیے بیٹھے تھے
نامُرادی کی یہ حالت میں وہاں رہتے تھے
ماسوا تیر چلانے کے نہ کچھ کر پائے
شہ سواری کے وہ جوہر تھے دکھانے آئے
کچھ سواروں نے کیا عہد چلو لڑتے ہیں
ہے جہاں پاٹ ذرا کم وہیں چلتے ہیں

Marfat.com


اقرأ باسم ربك الذي خلق
خلق الإنسان من علق
اقرأ وربك الأكرم الذي
علم بالقلم علم الإنسان ما لم يعلم

Marfat.com

جس جگہ چوڑی نہ خندق تھی وہاں پر آئے
کامیاب اپنی وہ ہمّت سے یہاں ہو پائے
کُود آئے تھے قریشی جو وہاں عمرو تھا
جنگجوؤں میں اس عمرو کا بہت تھا چرچا
بدر کی جنگ میں زخمی یہ ہوا تھا آ کر
اُحد میں آ نہ سکا آج وہ آیا ہے اِدھر

(عمرو بن عبدود)

آگے بڑھتے ہی یہ عمرو نے پکارا آؤ
بچ نہ پاؤ گے یہاں مجھ سے اے اللہ والو!
کوئی ہے تم میں بہادر تو ذرا ٹکرائے
دیکھ کر اس کو علیؓ مولا مقابل آئے
اس سے فرمایا یہ حیدرؓ نے مسلماں ہو جا
سامنے ورنہ ذرا مجھ سے تُو لڑنے کو آ
تو بھتیجا ہے تجھے قتل نہیں کر سکتا
بولے پھر مولاؓ کہ میں نے تو تجھے ہے کرنا

Marfat.com

حضور قلندر بابا اولیاؒ نے اس حدیث کی تشریح بیان کرتے ہوئے فرمایا،" ایک کتاب ہے جو لکھی جا چکی ہے یعنی ماضی RECORD ہے۔ اب اس کتاب کو پڑھنے کی طرزیں مختلف ہیں اگر کتاب شروع سے ترتیب و تسلسل سے پڑھی جائے یعنی ایک لفظ، پھر دوسرا لفظ، ایک سطر پھر دوسری سطر، ایک صفحہ پھر دوسرا صفحہ پھر تیسرا علی ہذالقیاس اس طرح پوری کتاب کا مطالعہ کیا جائے۔ مطالعے کی یہ طرز وہ ہے جو بیداری (شعور) میں کام کرتی ہے۔"

اِنسان کا شعوری تجربہ یہ ہے کہ ایک دِن گزرتا ہے پھر دوسرا۔ ایک ہفتہ گزرتا ہے اور پھر دوسرا۔ اسی طرح ماہ و سال اور صدیاں اسی ترتیب اور اسی طرز سے یعنی ایک کے بعد ایک کر کے گزرتی رہتی ہیں منگل کے بعد جمعرات کا دِن اس وقت تک نہیں آ سکتا جب تک بدھ کا دِن نہیں گزر جاتا۔ اسی طرح شوال کا مہینہ اس وقت تک نہیں آ سکتا جب تک کہ رمضان اور اس سے پہلے کے مہینے نہیں گزر جاتے۔ یہی طرز اِنسان کی شعوری طرز بیداری ہے۔ اس طرز کو رُوحانیت میں زمان متواتر یا زمان مسلسل SERIAL TIME کہتے ہیں۔

مطالعہ کی دوسری طرز وہ ہے کہ خواب میں کام کرتی ہے۔ ایک شخص خواب میں دیکھتا ہے کہ وہ ابھی لندن میں ہے اور ایک لمحے بعد دیکھتا ہے کہ وہ کراچی میں ہے۔ یہ بات ذہن کی اس واردات سے متعلق ہے جس کا نام غیر متواتر زمان یا NON SERIAL TIME یا لاشعور ہے۔ غیر متواتر زمان یا لاشعور دراصل کتاب کا مطالعہ کرنے کی وہ طرز ہے جس میں زمان متواتر کی ترتیب حذف ہو جاتی ہے۔ خواب میں اِنسان کے ذہن کی رفتار اتنی بڑھ جاتی ہے کہ وہ لاشعور میں داخل ہو جاتا ہے۔ اور جو کچھ خواب میں نظر آتا ہے وہ زیادہ تر مستقبل میں پیش آنے والے واقعات سے متعلق ہوتا ہے۔

حضور قلندر بابا اولیا فرماتے ہیں کہ ازل سے ابد تک کا تمام زمانہ ماضی RECORD ہے اور جو لمحہ اس سارے زمانے کا احاطہ کرتا ہے اس کو اہلِ رُوحانیت لمحہ حقیقی یا زمانہ حقیقی یا REAL TIME کہتے ہیں۔ اسی زمانے کا تذکرہ سیّدنا حضور ﷺ نے اپنی حدیث مبارکہ میں ان الفاظ کے ساتھ ارشاد فرمایا ہے کہ جو کچھ ہونے والا ہے قلم اس کو لکھ کر خشک ہو چکا ہے۔ یعنی لازمانیت لمحہ حقیقی کی حدود میں ہر چیز مکمل طور پر ہو چکی ہے جو کچھ ہو رہا ہے وہ ماضی کا ایک حصّہ ہے۔

حوالہ جات:

1۔ کتاب "کشکول" ازالشیخ خواجہ شمس الدین عظیمی، موضوع 28، صفحہ نمبر 41

2۔ کتاب "معرفتِ عشق" از سیّدہ سعیدہ خاتون عظیمی، موضوع رُوحانی شعور، صفحہ نمبر 201 تا 202

3۔ کتاب "خواب اور تعبیر" ازالشیخ خواجہ شمس الدین عظیمی، باب نبوت خواب کا چھیالیسواں حصہ، صفحہ نمبر 89 تا 91

4۔ کتاب "خواب اور تعبیر" ازالشیخ خواجہ شمس الدین عظیمی، باب تمام زمینوں پر نشر ہونے والی اطلاع ایک ہے۔ صفحہ نمبر 35 تا 37

5۔ کتاب "شرح لوح و قلم" ازالشیخ خواجہ شمس الدین عظیمی، لیکچر نمبر 7 نیابت و خلافت

6۔ کتاب "شرح لوح و قلم" ازالشیخ خواجہ شمس الدین عظیمی، لیکچر نمبر 37، رات اور دن کے حواس، صفحہ نمبر 318 تا 319



Marfat.com

اس قدر بپھرا وہ غصّے میں سمجھ کیا آتی
گھوڑے سے اُترا اُسی گھوڑے کی کونچیں کاٹی
اپنی تلوار سے حیدرؓ پے کیا وار ایسا
کاٹ کر ذرّہ وہ پیشانی پہ حیدرؓ کی لگا
اب مری باری ہے حیدرؓ نے یہ عمرو سے کہا
ایک ہی وار سے عمرو کو جو دو لخت کیا
ساتھ آئے تھے قریشی جو انہیں بھی مارا
عکرمہ چھوڑ کے خود نیزہ تھا سرپٹ بھاگا

## حضرت سعدؓ بن معاذ کی شہادت

ابنؓ معاذ نے بھی اس میں شہادت پائی
ان کی خواہش تھی لڑوں ان سے وہی کام آئی
اکحل رگ میں لگا تیر سعدؓ کے آ کر
تیر حبان نے مارا تھا کہا نوش کر

Marfat.com

موضوع 27/84

# وحی

# THE INTIMATION

## سُوْرَۃُ اٰلِ عِمْرٰنَ (THE FAMILY OF IMRAN)

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

ذٰلِكَ مِنۡ اَنۡۢبَآءِ الۡغَيۡبِ نُوۡحِيۡهِ اِلَيۡكَ ؕ وَمَا كُنۡتَ لَدَيۡهِمۡ اِذۡ يُلۡقُوۡنَ اَقۡلَامَهُمۡ اَيُّهُمۡ يَكۡفُلُ مَرۡيَمَ ۖ وَمَا كُنۡتَ لَدَيۡهِمۡ اِذۡ يَخۡتَصِمُوۡنَ ﴿۴۴﴾

ترجمہ: یہ واقعات غیب کی خبروں میں سے ہیں ہم وحی کرتے ہیں ان کی آپ ﷺ کی طرف اور نہ تھے آپ ﷺ ان کے پاس جب پھینک رہے تھے وہ مجاور اپنے قلم، کون سرپرستی کرے گا ان میں سے مریم کی اور نہ تھے آپ ان کے پاس جب وہ آپس میں جھگڑ رہے تھے۔

*(O Beloved) these are the tidings of unseen which We reveal to you. But (at that time) you were not present with them when they were casting their pens (by way of draw to determine) which of them should take care of Maryam (Mary). Nor were you with them when they were desputing with one another.*

## نبی کی تعریف اور وحی:

نبی وہ ہوتا ہے جس پر وحی نازل ہو اور وہ وحی کے مفہوم کو سمجھتا ہو۔ وحی کے لفظی معنی ہیں۔

1۔ اشارہ کرنا　　2۔ پیغام بھیجنا

3۔ الہام یعنی دل میں کوئی بات ڈالنا

4۔ مخفی کلام

5۔ مخفی یا غیبی آواز

6۔ مخفی طریقے سے کوئی بات سمجھنا



Marfat.com

حضرت سعدؓ نے یہ سن کر کہا تھا اس سے
تیرے اس منہ کو تو دوزخ میں الٰہی ڈالے
اے الٰہی تو مری جان سلامت رکھنا
ماسوا ان سے لڑائی کے نہیں کچھ لینا
تیرے محبوب کو مکّے سے نکالا اللہ
دیکھنا چاہوں ہلاکت میں بنو قریظہ

## حضرت سیّدہ صفیہؓ کی بہادری

حضرت صفیہؓ سلام اللہ نبیؐ کی پھوپھی
اِن کی تشریف بھی حسّانؓ کے قلعہ میں تھی
بیبیاں اور بھی محفوظ یہاں بیٹھی تھیں
باخبر طیبہ کے احوال سے وہ رہتی تھیں
گھر میں موجود تھے حسانؓ حفاظت کرتے
ساتھ ہی ان کے تھے موجود وہاں پر بچے

Marfat.com

## وحی میں پیغام کے ذرائع:

1۔ فرشتہ کا گھنٹی کی جھنجھناہٹ کے ساتھ آنا اور پیغام دینا۔

2۔ فرشتہ کا اِنسانی شکل میں آنا۔

3۔ مکھیوں کی بھنبھناہٹ۔

4۔ فرشتہ کا خواب میں آکر کلام کرنا۔

5۔ حالتِ بیداری یا خواب میں خود اللہ کا کلام کرنا۔

6۔ یا جس طرح اللہ چاہے۔

7۔ پیغام رسانی کا کوئی وسیلہ نہ ہو اور پیغام بغیر کسی درمیانی واسطے کے پہنچ جائے۔ جیسے رویائے صادقہ۔

8۔ گھنٹیوں کی آواز سے پیغام اَخذ کرنا۔

9۔ القا اور الہام

اللہ اور اِنسان کے درمیان قُرآن نے گفتگو کے تین واضح طریقے بتائے ہیں۔

وَ مَا كَانَ لِبَشَرٍ اَنْ يُّكَلِّمَهُ اللّٰهُ اِلَّا وَحْيًا اَوْ مِنْ وَّرَآئِ حِجَابٍ اَوْ يُرْسِلَ رَسُوْلًا فَيُوْحِيَ بِاِذْنِهٖ مَا يَشَآءُ ؕ اِنَّهٗ عَلِيٌّ حَكِيْمٌ ﴿۵۱﴾

کسی بشر کی یہ قُدرت نہیں ہے کہ اللہ اس سے روبرو بات کرے اس کی بات یا تو وحی کے طور پر ہوتی ہے یا پردے کے پیچھے سے یا پھر کوئی پیغامبر بھیجتا ہے اور پیغام دیتا ہے اللہ جو چاہتا ہے۔

(سورۃ شوریٰ، پارہ 25، آیت 51)

وحی اسے کہتے ہیں کہ جو سامنے منظر ہو وہ ختم ہو جائے پردے کے پیچھے جو منظر ہو وہ سامنے آجائے۔ سورہ شوریٰ کی اس آیت میں ہے کہ اسے آواز آتی ہے۔ فرشتہ کے ذریعہ یا رسول کے ذریعہ۔ اسکے معنی یہ ہیں کہ فرشتہ سامنے آجاتا ہے اور اللہ کی طرف سے بات کرتا ہے۔ حجاب کے معنی یہ ہیں کہ کوئی شکل سامنے آتی ہے اور اس طرح بات کرتی ہے جیسے کہ وہ اللہ تعالیٰ ہے حالانکہ وہ اللہ تعالیٰ نہیں بلکہ حجاب ہے۔

یہاں جو کچھ مزید کہنا ہے وہ یہ ہے کہ ہر فرد کو یہ توفیق ملی ہے۔ دیکھنے کی بات یہ ہے کہ یہ تینوں چیزیں پردے کے پیچھے ہیں پردے کے اوپر نہیں ہیں۔ جب تک یہ پردہ اٹھتا نہیں ہے یہ تینوں طریقے بیدار نہیں ہوتے۔ یہ تینوں شکلیں اس صورت میں ظاہر ہوتی ہیں جب اِنسان پردہ کے پیچھے دیکھنے کا عادی ہو جاتا ہے۔

وحی کے بارے میں یہ نہ سمجھا جائے کہ وحی صرف انبیاءؑ پر آتی ہے۔ اللہ تعالیٰ نے قُرآن کریم میں فرمایا ہے کہ ہم نے مریم کی طرف وحی بھیجی، ہم شہد کی مکھی کی طرف وحی بھیجتے ہیں۔ شہد کی مکھی نبی نہیں ہے۔



Marfat.com

باخبر رہنا بھی لازم تھا یہیں پر رہیے
چونکہ اصحابؓ مدینہ تو سبھی باہر تھے
آپؓ نے دیکھا یہودی کو گلی میں پھرتے
آپؓ نے مارا اُسے لکڑی سے آگے بڑھ کے
آپؐ کی پھوپھی یہودی کو قتل کر آئی
پھر کسی اور یہودی نے نہ ہمت پائی

## حضرت نعیمؓ کا مشرکوں کو دھوکہ

اس مصیبت کی گھڑی ایک صحابیؓ آئے
مَیں مسلماں ہوں مری جاں بھی قرباں جائے
آپؐ کو پہلے بتایا ہے اے مرے آقاؐ
میرے احباب کو معلوم نہیں ہے ایسا
آپؐ نے ان سے یہ فرمایا تم اکیلے ہو
خیرخواہی کے لیے جو بھی ہو تم کر جاؤ
یہ لڑائی تو فریب اور مکر ہے ایسا
ایسے حالات میں گر ساتھ کوئی دے تم سا

Marfat.com

یہاں یہ بات قابل بحث ہے کہ حضرت مریم علیہ السلام پر وحی نازل ہوتی تھی تو اس کے ساتھ پھل، پھول، انگور وغیرہ آتے تھے جنہیں کھا کر وہ اپنی زندگی گزارتی تھیں۔اس کے معنی یہ ہوئے کہ عام وحی میں کھانے پینے کی چیزیں بھی شامل ہیں۔

حاصل کلام یہ ہوا کہ وحی اس طریقے کو کہتے جس میں پیغام بھیجنے والے اور جسے پیغام بھیجا جارہا ہے ان دونوں کے درمیان راز ہو اور اس پیغام رسانی کے طریقے سے دوسرا کوئی واقف نہ ہو۔

## وحی کی اقسام:

وحی کا نزول دو طرح ہوتا ہے۔

1) جلی

2) خفی

## جلی وحی:

یہ طریقہ ان انبیاءؑ سے متعلق ہے جو نبی اور رسول ہوئے ہیں۔

## خفی وحی:

اللہ جب اپنے کسی خاص بندے کو حکم دیتا ہے تو اسے وحی خفی کہتے ہیں۔اللہ تعالیٰ الہام یا القا کرتا ہے یا خواب میں اسے ہدایت دی جاتی ہے۔ جس طرح حضرت ابراہیمؑ نے خواب میں دیکھا کہ وہ اپنے بیٹے حضرت اسمٰعیلؑ کو ذبح کر رہے ہیں اور جس طرح رسول اللہ ﷺ کے دادا حضرت عبد المطلب کو خواب میں زم زم کا نشان بتایا گیا اور پھر ان کو القا اور الہام ہوتا رہا۔ حضرت عبد المطلب نبی نہیں تھے۔

## وحی کی ابتداء:

بندے کو ایک آواز سنائی دیتی ہے اور بولنے والا نظر نہیں آتا۔ جیسے حضرت موسیٰؑ نے کوہِ طور پر آواز سنی تھی جو ایک درخت سے آتی ہوئی معلوم ہوئی مگر بولنے والا نظر نہیں آیا۔وحی کی ابتداء رویائے صادقہ سے ہوتی ہے۔

خاتم الانبیاء رسول اللہ ﷺ کے ارشاد کے مطابق:

**"رویائے صادقہ نبوت کا چھیالیسواں حصہ ہے۔"**



Marfat.com

ایسی ترکیب کرو پھوٹ بھی کچھ پڑ جائے
کوئی تو ایک قبیلہ ہو جو اُٹھ کر جائے
پہلے یہ بنو قریظہ کے ہی پاس آئے
دوستی اپنی کی لی اس سے فقط یہ رائے
جانتے ہو کہ میں ہوں دوست تمہارا کیسا
یک زباں ہو کے سبھی بولے بہت ہی سچّا
یہ بُرا کام ہوا تم سے قریظہ والو
تم سے کہتا ہوں میں جو بات اُسے ہی مانو
توڑا ہے عہد محمد ﷺ سے یہ کیسا تم نے
ہے برا اس کا تو انجام یہ سوچا تم نے
چھوڑ جائیں گے یہ غطفان و قریشی سارے
چھوڑیں گے تم کو نہ ہرگز یہ محمد ﷺ والے
عہد توڑا ہے تو پھر اس کی سزا بھگتو گے
بھاگ جائیں گے قریشی تو کہاں بھاگو گے

Marfat.com

## خواب اور نبوّت:

حضور نبی محترم سیّدنا علیہ الصلوٰۃ والسلام کی سیرت پاک یہ بتاتی ہے کہ آپ کی ابتدائی زندگی میں سچے خوابوں کا سلسلہ جاری رہا۔ آپ ﷺ کے خواب مبنی بر حقیقت ہوا کرتے تھے۔ خواب کو خود نبوت کہا گیا ہے۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کا ارشاد ہے۔

**"خواب نبوت کا چھیالیسواں حصّہ ہے۔"**

مفسرین کے مطابق آپ ﷺ پر نزول وحی کا زمانہ 23 سال پر مشتمل ہے۔ ابتدائی چھ ماہ کا عرصہ خوابوں پر مشتمل تھا۔ 6ماہ کو 23 سال سے وہی نسبت ہے جو ایک کو چھیالیس سے ہے۔ رسول کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام نے خواب کو بھی ایک قسم کی وحی ہی قرار دیا ہے جسکے ذریعے اللہ کریم خواب دیکھنے والے کو اس بھلائی یا برائی سے مطلع کر دیتا ہے۔

مذکورہ بالا آیت کی رُو سے وحی کی تعریف یہ ہوئی کہ وحی منجانب اللہ ہوتی ہے، وحی وہ نُور ہے جس کے اندر غیب کی خبریں ہوتی ہیں، یہ خبریں گذشتہ واقعات کی بھی ہو سکتی ہیں اور آئندہ آنے والے واقعات کے خاکے بھی ہو سکتے ہیں۔ چنانچہ پیغمبروں کو اللہ تعالیٰ نے گزرے ہوئے واقعات اور آنے والے حالات دونوں ہی سے باخبر رکھا ہے۔ اس کے علاوہ وحی کے اندر شعور اور ارادہ کام نہیں کرتا۔

پیغمبروں کے بعد وحی کا سلسلہ منقطع ہو چکا ہے مگر وحی کی ذیلی طرزیں کشف، الہام، القاء، اور سچے خواب کی صورت میں باقی ہیں سورہ نمل میں اللہ تعالیٰ نے مکھی کی طرف وحی کرنے کا بیان کیا ہے مکھی پر وحی بھی وحی کی ذیلی طرزوں میں سے ایک ہے جو پیغمبران کرام علیہم السلام کے طریقہ نزول وحی سے مختلف ہے۔ نزول وحی کا وہ مخصوص طریقہ جس طریقہ پر پیغمبران پر وحی نازل کی جاتی تھی۔ پیغمبروں کے ساتھ ہی منقطع ہو چکا ہے مگر پیغمبروں کے بعد بھی اللہ کا کلام، اس کا حکم، اس کا تفکّر، اس کی مخلوق میں نازل ہوتا ہے اور ہوتا رہے گا یہی وحی کی ذیلی طرزیں ہیں۔

## القاء:

اس کا لغوی مطلب اللہ تعالیٰ کی طرف سے کسی غیبی بات کا دل میں آجانا ہے جس کا تعلق ماضی، حال، یا مستقبل سے ہو سکتا ہے۔ اس خیال سے حقیقت سامنے آجاتی ہے۔

## الہام:

بعض دفعہ باطنی سماعت باطنی نگاہ سے پہلے کام کرنا شروع کر دیتی ہے۔ سماعت میں حرکت سے ورائے صوت آوازیں سنائی دیتی ہیں پہلے پہل خیالات آواز کی صورت میں آتے ہیں۔ پھر فضاء میں ریکارڈ شدہ مختلف آوازیں سنائی دیتی ہیں بالآخر شعور میں اتنی طاقت آجاتی ہے کہ جدھر توجہ جاتی ہے اس سمت کے مخفی معاملات اور مستقبل کے حالات آواز کے ذریعے سماعت میں داخل ہو جاتے ہیں۔ اس کو تصوف میں الہام کہا جاتا ہے۔



Marfat.com

کچھ تو افراد قریش کے مقیّد رکھنا
اور غطفان کے لوگوں سے بھی ایسے کرنا
آئیں گے پھر ہی سہارے کو تمہارے ورنہ
تم محمد ﷺ کے غلاموں سے نہ ہرگز لڑنا
مکّی کفّار قریشی تھے جہاں پہ بیٹھے
ان کو بتلانے نعیمؓ بھی وہاں آ پہنچے
دوستی اپنی کے بارے میں یہ پوچھا اُن سے
جو قریظہ سے کہا وہ ہی کہا تھا ان سے
چونکہ اُلفت ہے تجھے تم سے تبھی آیا ہوں
بستے میں راز چھپا ہے جو کہ بتلاتا ہوں
اپنی حرکات پہ نادم ہیں قریظہ والے
ہم ہیں شرمندہ محمد ﷺ سے کہا ہے سب نے
عہدشکنی کے عوض لے کے چلے آئیں گے
کچھ قریشی ہیں جو سردار پکڑ لائیں گے

Marfat.com

## کشف:

جب الہام کا عمل بار بار ہوتا ہے تو آواز کے ساتھ ساتھ نگاہ بھی کام کرنے لگتی ہے اور تصویری خدوخال نگاہ کے سامنے آجاتے ہیں اس کیفیت کو کشف کہا جاتا ہے۔

ابتدا میں کشف ارادے کے ساتھ نہیں ہوتا یا کہ ایک خیال کے ذریعے آواز کے وسیلے سے یا تصویری منظر کے ذریعے کوئی بات ذہن میں آجاتی ہے۔ اور پھر اس کی تصدیق ہو جاتی ہے۔ یہ صلاحیت جب ترقی کرتی ہے۔ تو ارادے کے ساتھ عمل ہونے لگتا ہے اور کسی بات یا کسی واقعہ کو ارادے کے ساتھ معلوم کیا جا سکتا ہے ایک مرحلہ ایسا بھی آتا ہے کہ اللہ کی دی ہوئی توفیق کے ساتھ بیک وقت مادی اور رُوحانی دنیا کو دیکھا جا سکتا ہے۔

## سچے خواب:

اللہ تعالیٰ کی جانب سے دی جانے والی غیب کی اطلاعات، خبریں، واقعات خواب میں نظر آتے ہیں۔ شہد کی مکھی پر وحی سے مراد یہ ہے کہ شہد کی مکھی رُوحانی اور ماورائی صلاحیتوں کی حامل ہے۔ یہ وحی کی کسی نہ کسی طرز سے واقف ضرور ہے اور غیب کی خبروں کو جانتی ہے۔

حوالہ جات:

1۔ کتاب " 101 اولیاء اللہ خواتین " از الشیخ خواجہ شمس الدین عظیمی، ابواب وحی کی قسمیں، وحی کی ابتداء



Marfat.com

گردنیں ان کی اُڑا دینا اگر چاہو تو
کر لیا انہوں نے منظور سبھی باتوں کو
مشورہ ہے یہ قریظہ کا وہ جو مانگیں گے
کچھ ہی افراد رہن کے لیے چاہیں گے
ایک بھی فرد قریظہ کو نہ ہرگز دینا
دھوکے میں ان کے کبھی تم نہ اے لوگو آنا
پھر یہ غطفان کے سرداروں کے جو پاس آئے
دل کی گہرائی سے جو کہتا تھا وہ کہہ پائے
راز کی بات بتاتا ہوں ذرا تم سن لو
میری ہی قوم قبیلے کے اے سارے لوگو
تم سے مانگیں گے یہ افراد قریظہ والے
ایک بھی فرد نہ تم کرنا حوالے ان کے

Marfat.com

موضوع 84/ 28

# حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا معجزہ

# MIRACLE OF JESUS CHRIST

## سُوْرَۃُ اٰلِ عِمْرٰنَ (THE FAMILY OF IMRAN)

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَنِّیْ قَدْ جِئْتُکُمْ بِاٰیَۃٍ مِّنْ رَّبِّکُمْ ۙ اَنِّیْۤ اَخْلُقُ لَکُمْ مِّنَ الطِّیْنِ کَھَیْـَٔۃِ الطَّیْرِ فَاَنْفُخُ فِیْہِ فَیَکُوْنُ طَیْرًۢا بِاِذْنِ اللّٰہِ ۚ

ترجمہ: میں تمہارے پاس تمہارے رب کی جانب سے نشانی لے کر آیا ہوں دیکھو میں کس طرح تمہارے سامنے مٹّی سے پرندے کی مانند ایک صورت بنا کر اس میں پھونک مارتا ہوں تو وہ اللہ کے حکم سے واقعی پرندہ بن جاتا ہے۔

*I have come to you with a sign from your Lord, that I design for you out of clay, as it were, the figure of a bird, and breathe into it, and it becomes a bird by Allah's Leave;*

اللہ تعالیٰ نے اپنے علوم پیغمبروں کو منتقل کئے ہیں تاکہ آئندہ آنے والی نسلیں ان کے علوم سے فیضیاب ہو سکیں۔ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو اللہ نے رُوح پھونکنے کا عمل عطا فرمایا ہے۔ اس علم اور رُوح پھونکنے کے فارمولے سے آپ مُردوں کو زندہ کر دیتے تھے اس آیت میں آپ علیہ السلام کے معجزے کا بیان ہوا ہے۔

حضرت عیسیٰؑ کے معجزے کے دو حصے ہیں:

### حصّہ اول:

حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے معجزے کا پہلا حصّہ مٹّی سے پرندے کی شکل بنانا ہے مٹّی کا ہر ذرہ نقطہ ہے اس کے اندر حواس موجود نہیں ہیں۔ مٹّی کے بے شمار ذرے مل کر ایک پرندے کا جسم بناتے یعنی بہت سارے نقطوں کو ایک جگہ جمع کر کے اس سے پرندے کی PHYSICAL صورت بناتے تھے۔



Marfat.com

# کافروں کا آپس میں توڑ

ابوسفیان قریشی نے بھی اور غطفاں نے
عکرمہ ابن ابوجہل کو بھیجا کہہ کے
لے کے کچھ لوگ قریظہ کے ہاں اُٹھ کر جاؤ
اپنے منصوبے سے آگاہ بھی اب کر آؤ
ہم یہاں ہو کے پریشان سبھی بیٹھے ہیں
حملہ یہ مل کے محمد ﷺ پہ بھی کرتے ہیں
سُن کے یہ بات قریظہ نے کہا تھا اُن کو
واسطے رہنے کے کچھ لوگ ہمیں تم دے دو
غزوہ کے بعد مسلمانوں سے ہے یہ خدشہ
نہ ہمیں چھوڑیں گے زندہ وہ کریں گے حملہ
ہوں گے کر پاس ہمارے یہ تمہارے بندے
یہ یقیں ہوگا کہ امداد کو تم آؤ گے

Marfat.com

حصّہ دوم:

مٹّی کے پتلے یا پرندے میں پھونک مار دیتے تھے تو وہ اڑ جاتا تھا۔ پھونک مارنا رُوح پھونکنے کا عمل ہے۔ اللہ تعالیٰ نے رُوح پھونکنے کے عمل کو امر ربی کہا ہے اور رُوح کو امر رب کا ایک حصّہ قرار دیا ہے۔ امر رب کی تعریف یہ ہے کہ جب وہ کسی شے کا ارادہ کرتا ہے تو کہتا ہے۔ ہو جا۔ اور وہ ہو جاتی ہے۔ (سورۃ یٰسین)

اس آیت میں اللہ تعالیٰ نے اَمر ربی یعنی رُوح کا فارمولا بتایا ہے۔ کہ امر کے ارادے میں جب کوئی شے آتی ہے تو وہ کہتا ہے ہو جا تو وہ ہو جاتی ہے۔ حضرت عیسیٰ علیہ السلام جب امر ربّی کی حیثیت سے اللہ تعالیٰ کے اذن سے رُوح پھونکنے کا عمل کرتے ہیں تو خود آپ کی رُوح کی روشنیاں جو کہ امر ربی کی روشنی ہے۔ پھونک کے ذریعے مٹّی کے ذرّوں کے خلاؤں میں بھر جاتی ہے۔ اور رُوح کی ہر روشنی چونکہ اللہ تعالیٰ کی ذات کی روشنی ہے یہ دائرہ یا CIRCLE ہے یعنی اس کے اندر TIME AND SPACE نہیں ہے یہ روشنی ENERGY کا کام کرتی ہے جیسے ہی یہ انرجی مٹّی کے پتلے یا پرندے میں آتی ہے پرندہ حرکت میں آجاتا ہے یعنی اس کے اندر رُوح آجاتی ہے اب ہم آسانی کے ساتھ اس آیت کا مفہوم سمجھ سکتے ہیں۔

اِنَّمَآ اَمْرُهٗٓ اِذَآ اَرَادَ شَيْـــًٔا اَنْ يَّقُوْلَ لَهٗ كُنْ فَيَكُوْنُ ﴿٨٢﴾

1- اِنَّمَآ اَمْرُهٗٓ :

امر رب یعنی دائرہ یعنی لا محدود یعنی رُوح۔ ارادہ بمعنی قُدرَت ہے۔ یعنی لا محدودیت ہے۔ لا محدودیت میں خدوخال اور DIMENSION یا نقش و نگار نہیں ہوتے اس کا مطلب یہ ہے کہ امر رب کی روشنیاں لا محدود اور لامتناہی ہیں جو لا محدود عالم میں پھیلی ہوئی ہیں۔

2- اِذَآ اَرَادَ شَيْـــًٔا :

جب رب کی نظر ان روشنیوں کو دیکھتی ہے تو نظر کی روشنی کی حدود میں یہ روشنیاں جمع ہو جاتی ہیں۔ نظر کی حدود کو ہی ارادہ کہا ہے ارادہ ان روشنیوں کو جو ہر طرف بکھری ہوئی ہیں اپنی قُدرَت کی حد میں تشکیل دیتا ہے۔ ارادہ کی تشکیل رُوح کے خدوخال یا شکل و صورت ہے۔

3- كُنْ فَيَكُوْنُ :

اس میں شکل وصورت کی ترتیب یعنی رُوح کو اللہ تعالیٰ کا حکم "کُن" حرکت میں لے آتا ہے یہاں تک کہ یہ جب حرکت کرتی ہوئی زمین تک پہنچتی ہے تو اپنے آپ کو دیکھ لیتی ہے۔



Marfat.com

ہو کے مایوس قریظہ سے عکرمہ آیا
حال احوال قریظہ کا انہیں بتلایا
پڑ گئے سوچوں میں سردار مخالف سارے
راز یہ جس نے بتایا ہے وہ سچے پیارے
جو بھی سوچا ہے قریظہ نے نہ ہوگا ایسا
ان کو ہم بندہ کوئی دیں گے نہ ہوگا ایسا
پُھوٹ پھر ایسی پڑی کفر کے ایوانوں میں
ذرّہ بھر عقل نہ رہ پائی تھی شیطانوں میں
آئی پھر رات قہر بن کے کفر زادوں پے
تب زمیں بوس ہوئے سارے کے سارے خیمے
دامنِ جنگ جو آندھی سی چلی تھی ایسی
اُس نے کفّار کی ہر چیز پلٹ کے رکھ دی
کھانے پینے کا بھی سامان ہوا تھا گندہ
مارے سردی کے پریشان ہوا ہر بندہ

Marfat.com

حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے لوگوں کو اسی فارمولے کے تحت مٹّی سے پرندہ بنا کر اس میں رُوح پھونکنا سکھائی حضرت عیسیٰ علیہ السلام اللہ تعالیٰ کے نائب اور خلیفہ بن کر دنیا میں تشریف لائے اور امر رب کے کاموں کا مظاہرہ کیا اور امر رب کے علوم کو عملی طور پر لوگوں کے سامنے پیش کیا تاکہ لوگ اللہ تعالیٰ کے کاموں میں اور اللہ تعالیٰ کی ذات و صفات میں غور و فکر کریں۔

لوگوں کے سامنے امر ربی کے DISPLAY میں سب سے پہلے حضرت عیسیٰ علیہ السلام لوگوں کو اَمر رَبّی کے ارادہ کا خاکہ پرندہ کی صورت میں بنا کر دکھاتے ہیں۔ اَمر رب خود حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی رُوح مبارک ہے۔ اس رُوح مبارک کی نظر اللہ تعالیٰ کو عالم امر میں دیکھتی ہے۔ عالم اَمر میں ہر شے کی رُوحیں یعنی ہر شے کے فارمولے موجود ہیں۔ فارمولے نوع کی DYE یا سانچہ ہیں۔ جیسے



آدم علیہ السلام انسان یا بشر کا فارمولہ یا ڈائی ہیں۔ اسے ہم NEGATIVE یا خاکہ کہہ سکتے ہیں۔ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی نظر عالم امر میں پرندے کے خاکے یا فارمولے پر پڑتی ہے وہ اس خاکے کے مطابق مٹّی سے پرندے کی شکل بنا دیتے ہیں کیونکہ عالم خلق کی ہر شے مٹّی سے تخلیق کی گئی ہے۔ اس دنیا میں ظاہری نظر رُوح کو نہیں دیکھ سکتی مگر مٹّی کے قلب میں رُوح کی حرکت کو دیکھ سکتی ہے۔ مٹّی کا پرندہ بنانا حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا ارادہ یا قُدرَت کو ظاہر کرتا ہے جو محدودیت ہے۔ اس محدودیت یا مٹّی کے قالب میں امر ربی کی روشنی، انرجی یا حکم کا کام کرتی ہے یہ حکم یا انرجی خود حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی رُوح کی روشنی ہے جو دنیا میں آ کر امر ربی کی حیثیت سے اللہ تعالیٰ کے امر کا ڈسپلے کرتی ہے۔

مُردوں کو زندہ کرنا اور بیماروں کو شفا دینا حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا معجزہ ہے۔ مگر اس معجزے کی روشنیاں آج بھی اس دنیا میں کام کر رہی ہیں۔ اولیاء اللہ کی کرامتیں پیغمبروں کے معجزوں کی ذیلی شکل ہیں۔ تمام تخلیقات کا قانون ایک ہی ہے۔ نظامت تکوین کے لوگ چونکہ تخلیقی قوانین سے واقف ہوتے ہیں اور ان کو اللہ تعالیٰ خود یہ قوانین پڑھاتے ہیں۔ اس لئے وہ جب چاہیں اللہ تعالیٰ کے حکم سے تخلیق کر لیتے ہیں یہی قانون حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے معجزے میں بھی کار فرما ہے۔



Marfat.com

# حضرت حذیفہؓ کی جاسوسی اور لشکر کفار کی واپسی

فجر کی پڑھ کے نماز اتنا کہا آقاؐ نے
مشرکیں کی بھی خبر کوئی تو لے کر آئے
کیسی حالت میں ہیں کفار جو بتلائے گا
خلد میں میرا رفیق آپ وہ بن جائے گا
سب ہی خاموش رہے کوئی نہ ہرگز بولا
تب حذیفہؓ کو نبی پاک نے خود بلوایا
آپؐ کے حکم سے وہ جا کے یہ منظر دیکھا
آ کے بتلایا کہ بوسفیاں پریشان تھا
جس جگہ آ کے یہ ٹھہرے ہیں نہیں ہے اچھی
تسمے بھی ٹوٹے ہیں اور ٹوٹی ہے اپنی جوتی
ایسا طوفان کبھی دیکھا نہیں تھا ہم نے
دل کلیجے کو بھی اُلٹایا یہاں پہ غم نے

Marfat.com

## تخلیقی فارمولہ:

اگر کوئی بندہ اس نیابت کو جو اللہ تعالیٰ نے اس کو ازل میں دی ہے اگر تلاش کرنا چاہے تو سب سے پہلے اس کے یقین میں یہ بات راسخ ہونی چاہیئے کہ اللہ تعالیٰ رحیم ہیں اور اللہ تعالیٰ نے صفتِ رحیمی سے اس کائنات کو تخلیق کیا ہے ازل میں آدم کو صفت رحیم بھی منتقل ہوئی ہے۔ سالک اگر اسم رحیم کا مراقبہ کرے یعنی وہ ذہنی یکسوئی کے ساتھ اس طرف متوجہ ہو جائے کہ وہ اللہ تعالیٰ کی صفت رحیمی کا جزو ہے تو اس کے اوپر تخلیقی علم منکشف ہو جاتے ہیں۔ قرآن پاک میں اللہ تعالیٰ نے اس ہی اسم رحیم کا تذکرہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی نسبت سے کیا ہے۔ یعنی حضرت عیسیٰ علیہ السلام مٹی کے جانور میں پھونک مار کر اڑا دیا کرتے تھے یا پیدائشی اندھے یا کوڑھی کو اچھا کر دیا کرتے تھے۔ یعنی حضرت عیسیٰ علیہ السلام اللہ تعالیٰ کے دیے ہوئے اختیارات سے اسم رحیم کی صفت کو عملاً جاری فرما دیا کرتے تھے۔ اللہ تعالیٰ نے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے اس معجزے کا تذکرہ کر کے تخلیق کا ایک فارمولہ بیان کیا ہے۔

تخلیقی فارمولہ یہ ہے کہ انسان کے اندر اللہ تعالیٰ کی روح کام کر رہی ہے۔ جب تک انسان کے اندر یا آدم زاد کے اندر روح موجود نہیں ہے، آدم کا وجود نا قابل تذکرہ ہے۔ جب اللہ تعالیٰ نے آدم کے اندر اپنی روح پھونک دی تو اس کے اندر حواس متحرک ہوئے۔

حوالہ جات:

1۔ کتاب "معرفتِ عشق" از سیدہ سعیدہ خاتون عظیمی، باب نہ قتل کیا نہ سولی چڑھا سکے، صفحہ نمبر 39 تا 41

2۔ کتاب "شرح لوح وقلم" از الشیخ خواجہ شمس الدین عظیمی، باب تدلیٰ صفحہ نمبر 72



Marfat.com

آگ جلتی ہے نہ ہی خیمہ کھڑا ہوتا ہے
پھر قریظہ نے بھی اک وعدہ یہاں توڑا ہے
میں یہ کہتا ہوں مناسب ہے یہاں سے جاؤ
مکہ کی راہ پہ چلو آؤ یہاں مت ٹھہرو
تھا پریشان بندھے اونٹ پہ وہ آ بیٹھا
دیکھ کر اس کو کسی اور نے رسّہ کھولا
پھر نبیؐ پاک کی خدمت میں حذیفہؓ آئے
حال احوال جو دیکھے تھے وہی سمجھائے
ابوسفیان کا لشکر جو گیا طیبہ سے
بنو غلطان کا لشکر بھی لگا راہ اپنے

Marfat.com

موضوع 84/ 29

# تخلیق کا علم

# SCIENCE OF CREATION

## سُوْرَۃُ اٰلِ عِمْرٰنَ (THE FAMILY OF IMRAN)

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

ثُمَّ قَالَ لَهٗ كُنْ فَيَكُوْنُ ﴿٥٩﴾

ترجمہ: پھر کہا اس کو کہ ہو جا تو وہ ہو گیا۔

*(He) Said: "Be!" and it was.*

اللہ تعالیٰ نے قُرآن پاک میں تخلیق کا علم بیان فرمایا اور دین اور اپنی نعمت کی تکمیل کا بیان کیا ہے رُوحانیّت میں تخلیق کے علم کے دو مرحلے STAGES بیان کئے گئے ہیں۔

### مرحلہ اوّل FIRST STAGE :

پہلے مرحلے میں عِلمِ القلم کے تحت ارواح کی اوّلین تخلیق کا ذکر ہے اس میں تمام انواع شامل ہیں تخلیق کا یہ مرحلہ وسائل کے بغیر وجود میں آیا۔

### مرحلہ دوم SECOND STAGE:

دوسرے مرحلے میں اِنسان کے لیے ایک میڈیم علق کا بیان کیا گیا ہے۔ علق عنصری یا ELEMENTAL وجود ہے جو روح کے لباس کی ابتدا ہے یہ واضح کیا گیا کہ انواع و موجودات میں اِنسان اور تخلیق کے مقصد میں اِنسان کو انفرادی حیثیت حاصل ہے اِنسان احسن تقویم ہے معرفت اور حقیقت جاننے کی صلاحیت زیادہ اِنسان کو عطا کی گئی ہے۔ اور اسی شرف کی بنا پر وہ دیگر مخلوقات سے افضل ہے۔

1۔ پہلے مرحلے میں علم القلم کے تحت کُن فَیَکُونْ ہوا اور ارواح تخلیق ہوئیں۔

2۔ دوسرے مرحلے میں اَلَسْتُ بِرَبِّکُمْ کہہ کر اللہ تعالیٰ نے ارواح کو اپنی صِفات کا مشاہدہ اور تعارُف کرایا۔

3۔ تیسرے مرحلے میں احسن تقویم کے تحت ان صِفات کا علم اِنسان کو سکھایا گیا۔



Marfat.com

# حدیبیہ کا واقعہ

## مسلمانوں میں روانگی کا اعلان

آپؐ رمضان و شوال میں رہے طیبہ میں
اور عمرہ کے لیے نکلے چھ ذیقعدہ میں
طیبہ میں حاکم نمیلہ کو مُقرر کیا
آپؐ کا جنگ بھی کرنے کا ارادہ نہیں تھا
جونہی اصحابؓ مکرم نے ارادہ جانا
ہر کوئی سُن کے خوشی آپؐ کی جانب نکلا
کُل یہ اصحابؓ تھے چودہ سو چلے مکے کو
یاد رکھنا بھی تو لازم تھا اک اندیشے کو
برسرِ جنگ نہ کفّار کہیں ہو جائیں
خانہ کعبہ میں بھی جانے سے نہ ہرگز روکیں
باندھے احرام ہدی ساتھ مسلماں آئے
تاکہ لڑنے کا ارادہ نہ یہ کافر سمجھے

Marfat.com

4۔ چوتھے مرحلے میں جب اِنسان عالم دنیا یا اسفل السافلین میں پیدا ہوتا ہے تو کائناتی شعور سے مادی شعور میں داخل ہو جاتا ہے۔




تخلیق کتاب المبین، لوحِ محفوظ اور عالم مثال سے گزرتی ہوئی عالم دنیا کے مادی شعور میں داخل ہو جاتی ہے۔

اجتماعی شعور کے مقابلہ میں اِنسان انفرادی شعور میں اتنا محدود ہوتا ہے کہ روز ازل کیا گیا عہد، مشاہدہ اور عِلم الاسماء کے تحت نیابت و خلافت کا منصب پس پردہ چلا جاتا ہے اور اِنسان وسائل کا محتاج بن جاتا ہے۔

انسان کا مادی شعور اتنا محدود ہے کہ وہ مظاہر یعنی آسمان، سورج، چاند، آگ، پتھر حتیٰ کے حیوانات کو بھی اپنا معبود تسلیم کرلیتا ہے۔

فطرت کی آفاقی نشانیاں، اِنسان کے عقل و شعور کو مادہ کے پس پردہ موجود، ایک کائناتی حقیقت یعنی رُوح کے شعور اور حواس کی آگاہی بخشتی ہیں۔ خالق کائنات زمان و مکان سے آزاد اور وسائل پر حاکم ہے۔

## اسم اطلاقیہ:

اللہ تعالیٰ نے جب کائنات بنائی اور لفظ کُن فرمایا اس وقت اللہ تعالیٰ کے اسم رحیم کی قوت نے حرکت میں آکر کائنات کے تمام افراد، تمام اجزاء، اور تمام ذروں کو شکل و صورت بخش دی۔ اس حالت کو حضور قلندر بابا اولیاءؒ نے اسم اطلاقیہ کا نام دیا ہے۔ اسم اطلاقیہ اسم مطلق سے مشتق ہے۔ پھر یہ اسم تنزل کرکے عینیہ میں داخل ہو گیا اور صِفت رحیمی سے عِلم میں حرکت پیدا ہو گئی۔

## عالمِ عینیہ:

کُن کے بعد موجودات کو عِلم نہیں تھا کہ میں کون ہوں؟ کہاں سے آیا ہوں؟ کہاں جانا ہے؟ اس حیرت کے عالم کو عالم عینیہ کہا جاتا ہے۔ جب اللہ تعالیٰ نے اس محویت اور اس حیرت کو ختم کرنا چاہا تو موجودات کو خطاب کرکے فرمایا:

**پہچان لو میں تمہارا رب ہوں۔**



Marfat.com

# قریش کی جنگ کے لیے تیاری

جونہی عسقان کی منزل پہ حضورؐ آئے
ابن کعب نے محمد ﷺ سے کہا یہ آ کے
جو قریشی ہیں درندوں کی پہن کر کھالیں
آپؐ سے لڑنے کے خاطر وہ سبھی بیٹھے ہیں
آپؐ کو خانہ کعبہ میں نہ جانے دیں گے
ذی طویٰ میں ہیں وہ کفار جو آگے بیٹھے
الضمیم کے اکراع میں ہے دستہ اُن کا
اس سے معلوم کریں کیا ہے ارادہ اُن کا
ان کی خواہش ہے مسلمانوں سے ٹکرا جائیں
اور مکّے کی طرف یہ نہ پلٹ آ پائیں
ایسے حالات میں آقاؐ نے مناسب سمجھا
چونکہ بچنا تھا لڑائی سے مناسب سمجھا
دیکھ سکتے تھے مگر دور تھے لشکر اتنے
اُن سے ہٹ کر ہی نبیؐ پاک وہاں سے گزرے

Marfat.com

رُوحوں نے جواباً کہا جی ہاں ہم نے پہچان لیا۔رُوحوں نے جب اللہ تعالیٰ کا اعتراف کر لیا تو صِفت رحیم کی حیثیت علم عینیہ سے تنزل کر کے کونیہ ہو گئی۔

## مِٹّی:

شہباز کی قوت پرواز بھی مِٹّی کی ممنون کرم ہے کیوں کہ اس کے جسمانی اعضاء اسی مِٹّی (کل رنگ و روشنی) کی مختلف ترکیبوں سے وجود میں آئے ہیں۔ البتہ تخلیق کا اصل راز یہ ہے کہ مِٹّی کے اندر خالق کائنات کا امر متحرک ہے جو مِٹّی کو مختلف سانچوں میں ڈھال کر مختلف شکلوں میں ظاہر کر رہا ہے۔ کنکر، پتھر، پودے، مختلف قسم کے جانور اور اِنسان دراصل مختلف سانچے DYES ہیں۔

کائنات میں موجود جتنی اشیاء ہیں ان سب کی تخلیق ڈائیوں میں ہو رہی ہے۔ جس طرح چڑیا کی ڈائی میں پلاسٹک ڈال کر چڑیا بنالی جاتی ہے اور کبوتر کی ڈائی میں پلاسٹک ڈال کر کبوتر بنالیا جاتا ہے اسی طرح قُدرت کی بنائی ہوئی ڈائیوں میں مصالحہ MATTER ایک خاص طریقہ کار سے منتقل ہوتا رہتا ہے اور نئی نئی صورتیں وجود میں آتی رہتی ہیں۔

> حضور قلندر بابا اولیاء رحمتہ اللہ علیہ فرماتے ہیں:
> روحانیت کی زبان میں مٹی کا مطلب صرف مٹی نہیں بلکہ یہ ایک ایسا MECHANISM ہے جس میں تخلیقی فارمولے متحرک ہیں اور مقداریں تبدیل کر کے مختلف شکل و صورت اختیار کرتے ہیں۔ یہ مقداریں روشنیوں پر قائم ہیں اور ان روشنیوں کی بنیاد اللہ تعالیٰ کا نور ہے۔

## روشنی + مِٹّی = جسم:

کائنات کی ساخت کے بارے میں اللہ تعالے فرماتے ہیں:

اَللّٰهُ نُوْرُ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ ؕ    **اللہ آسمانوں اور زمین کا نُور ہے۔**    (سورۃ نُور، پارہ 18، آیت 35)

یعنی آسمانوں اور زمینوں کے اندر بسنے والی ہر شے کے اندر اللہ تعالیٰ کا نُور کار فرما ہے۔ موجودہ سائنسدانوں کی RESEARCH کے مطابق MATTER بھی روشنی کی ایک FORM ہے۔ اس کا مطلب وہی ہے جو اللہ تعالیٰ فرمارہے ہیں کہ آسمانوں اور زمینوں کی ہر شے روشنی کی مختلف شکلیں ہیں۔ اِنسان یا دنیا کی ہر تخلیق روشنیوں کی ظاہری صورت ہے اس ظاہری صورت کو جسم کہا گیا ہے۔ اس جسم کو حرکت میں رکھنے والی روشنیاں ہیں۔ جنہیں عرف عام میں رُوح یا SOUL کہتے ہیں۔ رُوح جس جس عالم میں جاتی ہے اس عالم میں اپنی صلاحیتوں اور علوم کے مظاہرے کے لئے ایک جسم یا خول اپنے اوپر لباس کی طرح پہن لیتی ہے۔ جسے پہن کر رُوح اس دنیا میں کام کر رہی ہے۔ مادی جسم مِٹّی کے ذرات سے مل کر بنا ہے اور مِٹّی کے ذرات کی نیچر خلاء ہے۔ ان خلاؤں میں رُوح کی روشنیاں جذب ہو کر جسم کی صورت کو بر قرار رکھتی ہے۔ جیسے ہی رُوح کی روشنیاں مِٹّی کے ذرّات کی خلاؤں سے باہر نکل جاتی ہے۔ جسم کی صورت کو بر قرار رکھنے والی توانائی نکل جاتی ہے جس کی وجہ سے مِٹّی کے ذرات بکھر جاتے ہیں۔ کیونکہ مِٹّی کے ذرات میں وہ توانائی نہیں ہے جو حواس بناتی ہے



Marfat.com

# حدیبیہ میں آمد

آنا تھا چونکہ حدیبیہ مکّہ سے نیچے
رکھ لیا خمش مقام کو ذرا سا پیچھے
جونہی کفار نے آقاؐ کو یوں آتے دیکھا
خبر دینے کے لیے مکّے میں دستہ بھیجا
تنگ راہوں سے نبیؐ پاک کا دستہ گزرا
آخرِکار حدیبیہ میں وہ آ پہنچا
اونٹنی آپؐ کی اس راہ پہ چلتے ٹھہری
چند اصحابؓ نے بولا کہ وہ تھک سی گئی
آپؐ نے اُن سے کہا اُترو یہاں پہ اُترو
تھک نہیں سکتی الٰہی نے ہے روکا اس کو
عرض اصحابؓ نے کی یہ تو ہے جنگل ایسا
قطرہ آب یہاں ہم کو نہیں مل سکتا

Marfat.com

۔رُوح کی روشنیاں ہی حواس بناتی ہیں جسم محض مٹّی کے ذرات ہیں۔رُوح اپنی روشنیوں کا عالم ناسوت میں مظاہرہ کرنے کے لیئے مٹّی کے ذرات کو بطور SCREEN یا لباس استعمال کرتی ہے۔جب رُوح کا کام پورا ہو جاتا ہے تو پھر وہ یہ سکرین یا لباس چھوڑ دیتی ہے۔بس روشنیوں کے لوٹتے ہی مٹّی کے ذرات پھر پہلے کی طرح مٹّی ہو جاتے ہیں اور رُوح اپنا سفر غیب کی دنیا میں جاری رکھتی ہے۔

غور طلب بات ہے رُوح اللہ تعالےٰ کے حکم کُن سے وجود میں آتی ہے رُوح کے اندر اللہ کے حکم کی تجلّی کام کر رہی ہے اللہ کے حکم میں زماں و مکاں نہیں ہے وہ ارادہ کرتا ہے اور کام ہو جاتا ہے رُوح بحیثیت امر ربی ہونے کے اللہ کے حکم کا MEDIUM بن کر کام کرتی ہے۔رُوح کی حرکت حکم کُن کی تجلّی ہے پس رُوح کا ارادہ اللہ تعالیٰ کا امر ہے۔اور اللہ کا امر یہ ہے کہ جب وہ کسی شے کا ارادہ کرتا ہے تو وہ کہتا ہے ہو جا تو وہ ہو جاتی ہے یعنی رُوح TIME AND SPACE کی حدود سے آزاد ہے رُوح جب اللہ تعالیٰ کے حکم پر زمان و مکان کی حدود میں قدم رکھتی ہے تو یہ محدودیت اس کے فطری تقاضوں کے خلاف ہے اس دنیا میں آکر رُوح کو محدودیت کا وہ شعور عطا ہوتا ہے جس کے تقاضے رُوح کے فطری تقاضوں کی ضد ہیں اس محدودیت کی فضا میں گھر کر اپنی کنہ سے وابستہ رہنے پر مجبور ہو جاتی ہے۔اس طرح دنیا میں آکر اِنسان کو بشری شعور حاصل ہو جاتا ہے اس بشری شعور میں ہر وقت محدودیت یعنی دنیا اور لا محدودیت یعنی رُوحانی دونوں شعور کام کر رہے ہیں۔اور اِنسان دنیا میں ان دونوں دماغوں سے کام لیتا ہے اور اس دنیا کی زندگی میں بستے ہوئے شعور کی ذات کو رُوح کے ساتھ تعلق رکھنا ضروری ہو جاتا ہے تاکہ وہ لا محدودیت کو پہچان لے۔لا محدودیت کی مثال دائرے کی ہے دائرے کے اندر ایک نقطے کی کوئی حیثیت نہیں ہے۔نقطے کو دائرے میں سفر کرنے کے لئے مدت درکار ہے۔

> **ہم سب ماضی ہیں**
>
> قرآن کے مطابق ہماری دنیا، سماوات، ارض، عالمین، ستارے، سیارے، کہکشانی نظام، عرش و کرسی اور ہم سب ماضی ہیں۔اللہ تعالیٰ نے کھربوں سال پہلے ماضی میں کائنات کو تخلیق کیا۔فی الواقع کھربوں سال پہلے بنی ہوئی کائنات اپنا مظاہرہ کر رہی ہے۔
>
> (اقتباس کتاب "آگہی")


حوالہ جات:

1- ماہنامہ "قلندر شعور" موضوع خواجہ غریب نواز نے 22 سال شب و روز مرشد کی خدمت کی، صفحہ نمبر 43 تا 44

2- کتاب "شرح لوح و قلم" از الشیخ خواجہ شمس الدین عظیمی، باب تدلّی، صفحہ نمبر 73 تا 74

3- کتاب "کشکول" از الشیخ خواجہ شمس الدین عظیمی، موضوع 24، صفحہ نمبر 37

4- کتاب "معرفتِ عشق" از سیّدہ سعیدہ خاتون عظیمی، موضوع رُوحانی شعور، صفحہ نمبر 205 تا 206

5- کتاب "معرفتِ عشق" از سیّدہ سعیدہ خاتون عظیمی، موضوع ایک نقطہ، صفحہ نمبر 238




Marfat.com

# بدیل بن ورقاء کی خدمت اقدس میں حاضری

پرسکوں آپؐ تو ٹھہرے تھے حدیبیہ میں
اور کچھ لوگ ملے اُن سے حدیبیہ میں
آپؐ کے پاس بدیل بن ورقا آیا
ساتھ اپنے تھا وہ کچھ لوگ قریشی لایا
آپؐ کی خدمتِ اطہر میں بولا ایسے
کیا تمنّا ہے حضورؐ یہاں کیوں آئے
آپؐ نے اس کو بتایا کہ ہے خواہش اپنی
بس فقط ہم نے ہے مکے کی زیارت کرنی
تم قریش کو یہ پیغام مرا دے دینا
عمرہ کرنا ہے فقط ہم نے نہیں ہے لڑنا
لے کے پیغام نبیؐ پاک کا مکے آئے
اتنے بدبخت قریشی تھے سمجھ نہ پائے

Marfat.com

موضوع 84/30

# اللہ کی نعمت

## THE GREATEST BLESSING

## سُوْرَةُ اٰلِ عِمْرٰنَ (THE FAMILY OF IMRAN)

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

وَ اِذْ اَخَذَ اللّٰهُ مِيْثَاقَ النَّبِيّٖنَ لَمَآ اٰتَيْتُكُمْ مِّنْ كِتٰبٍ وَّ حِكْمَةٍ ثُمَّ جَآءَكُمْ رَسُوْلٌ مُّصَدِّقٌ لِّمَا مَعَكُمْ لَتُؤْمِنُنَّ بِهٖ وَ لَتَنْصُرُنَّهٗ ؕ قَالَ ءَاَقْرَرْتُمْ وَ اَخَذْتُمْ عَلٰى ذٰلِكُمْ اِصْرِيْ ؕ قَالُوْٓا اَقْرَرْنَا ؕ قَالَ فَاشْهَدُوْا وَ اَنَا مَعَكُمْ مِّنَ الشّٰهِدِيْنَ ﴿۸۱﴾

ترجمہ: اور جب اللہ نے پیغمبروں سے میثاق لیا کہ جب میں تم کو کتاب اور دانائی عطا کروں پھر تمہارے پاس کوئی پیغمبر آئے جو تمہاری کتاب کی تصدیق کرے تو تمہیں ضرور اس پر ایمان لانا ہوگا اور ضرور اس کی نصرت کرنا ہوگی اور عہد لینے کے بعد پوچھا کہ بھلا تم نے اقرار کیا اور اس اقرار پر میرا ذمہ لیا یعنی مجھے ضامن ٹھہرایا انہوں نے کہا ہاں ہم نے اقرار کیا فرمایا کہ تم اس عہد و پیمان کے گواہ رہو اور میں بھی تمہارے ساتھ گواہ ہوں۔

*When Allah made (His) covenant with the Prophets, (He said): Behold that which I have given you of the Scripture and knowledge. And afterward there will come unto you a messenger, confirming that which ye possess. Ye shall believe in him and ye shah help him. He said: Do ye agree, and will ye take up My burden (which I lay upon you) in this (matter)? They answered: We agree. He said: Then bear ye witness. I will be a witness with you.*

### اللہ کی نعمت:

مسلمانوں کے لئے یہ بات سب سے زیادہ اہم ہے کہ اللہ تعالیٰ نے ہمیں اپنے حبیب حضرت محمد ﷺ کی امت میں شامل



Marfat.com

عذر کیسا بھی ہو ہم اُن کو نہ آنے دیں گے
سن کے پیغام عدیل سے قریشی بولے

## قریش کے ایلچی

ایلچی بن کے قریشی تھا جو مکرز آیا
ہے یہ غدار نبیؐ پاک نے جو فرمایا
اُس نے بھی پوچھا حضورؐ آنے کا مقصد کیا ہے
آپؐ نے اس کو بتایا کہ فقط عمرہ ہے
جا کے مکّے میں یہ مکرز نے بتائیں باتیں
اتنے بدذات قریشی تھے نہ باتیں سمجھیں

## حلیس بن علقمہ

آپؐ کے پاس حلیس ابن علقمہ بھیجا
جو قبائل کی بھی افواج کا سالار تھا

Marfat.com

فرمایا۔ حضرت محمد ﷺ کا امتی ہونا دنیا کی ہر نعمت سے بڑی نعمت ہے۔ یہ کس قدر بڑی نعمت ہے اس کا کچھ اندازہ دورِ ازل میں ہونے والی ایک مجلس سے لگایا جاسکتا ہے۔ جس میں اللہ تعالیٰ نے اپنے تمام انبیائے کرام علیہم السلام سے ایک اقرار لیا۔ اسی مجلس کا ذکر مذکورہ آیت میں ملتا ہے۔

غور کیجیے! اگر کوئی نبی بھی نبی آخر ﷺ کا زمانہ پاتے تو وہ اللہ تعالیٰ سے کیئے ہوئے اقرار کے تحت آپ ﷺ کے امتی ہونے پر فخر محسوس کرتے۔ حضور ﷺ کا امتی ہونا وہ شرف ہے جس کے لئے اللہ تعالیٰ نے اپنے انبیاءؑ سے بھی اقرار لیا تھا۔ ہمیں سوچنا چاہیئے کہ یہ کتنی بڑی نعمت اللہ تعالیٰ نے ہمیں عطا فرمادی ہے کہ اللہ تعالیٰ نے ہمیں اپنے نبی آخر ﷺ کی امت میں پیدا کیا ہے۔

حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کا امتی ہونا دنیا کی سب سے بڑی نعمت ہے۔ ہم اللہ تعالیٰ کا بے انتہا شکر ادا کرتے ہیں کہ اس بے نیاز ہستی نے اپنے حبیب محمد مصطفیٰ ﷺ کے امتی ہونے کا شرف ہمیں بخشا۔

حوالہ جات:

1۔ کتابچہ " سلسلہ عظیمیہ کی تعلیمات " از ڈاکٹر وقار یوسف عظیمی، موضوع اللہ کی نعمت، صفحہ نمبر 9تا10



Marfat.com

مانتے ہیں جو الٰہی کو ہے اُن لوگوں سے
نرم رکھتے ہیں جو گوشہ ہے انہی بندوں سے
سارے قربانی کے بس اونٹ دکھا دو اس کو
یہ سمجھ جائے جو مقصد تو اسے جانے دو
معتبر ہے یہ حقیقت کو سمجھ جائے گا
ماجرا کیا ہے قریشوں کو جا بتلائے گا
لے کے رخصت یہاں سے تھا وہ مکے آیا
جو حقیقت تھی قریشوں کو وہ ساری بولا
جانور میں نے ہدی کے تو وہاں دیکھے ہیں
اُن کے کوہان بھی چیرے ہیں وہاں بیٹھے ہیں
روکنا ان کو نہیں اچھا انہیں آنے دو
چاہتے کرنا وہ عمرہ ہیں انہیں کرنے دو
یہ حقیقت تھی قریشوں کو بتائی اُس نے
طعن و تشنیع بھی سنی ڈانٹ بھی کھائی اُس نے

Marfat.com



Marfat.com

# عروہ بن مسعود ثقفی

جب حلیس نے بتائی تھیں وہ ساری باتیں
عروہ نے خود بھی تو سن لی تھیں وہ ان کی باتیں
انؐ کی تجویز تو اچھی ہے یہ عروہ نے کہا
مان لو اُن کی یہ باتیں بھی کرا دو عمرہ
جانے دو پاس مجھے ان کے میں بھی جاتا ہوں
بات میں جا کے محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم سے وہاں کرتا ہوں
آپؐ کی خدمت اقدس میں جو عروہ آیا
حال احوالِ نبیؐ پاک نے تھا بتلایا
جب کبھی بات انوکھی سی وہ کر دیتا تھا
پھر وہ اصحابؓ سے بھی ڈانٹ ڈپٹ کھاتا تھا
اس نے آقاؐ سے جو اصحابؓ کی اُلفت دیکھی
کیا محبت تھی مودّت تھی کہ رحمت دیکھی

Marfat.com



Marfat.com

عروہ نے دیکھا محمد ﷺ جو وضو کرتے ہیں
چہرے سے گرتا ہوا پانی اُٹھا لیتے ہیں
ایک قطرہ بھی وضو کا نہ زمیں پر آتا
گرنے سے پہلے صحابہؓ کے وہ ہاتھوں ہوتا
پست رکھتے ہیں وہ آواز صحابہؓ سارے
سنتے ہیں بات تو کرتے ہیں نگاہیں نیچے
قیصر و کسریٰ نجاشی کو بھی میں دیکھا ہے
پر عقیدت کا یہ انداز جدا لگتا ہے

روکے ہیں ہاتھ وہ جس نے انہی کا ذکر ہے یہ

جونہی اوباش جوانوں کو یہ محسوس ہوا
کرنے والے ہیں بڑے اُن کی بہت جلدی صلح
رخنہ اندازی کا منصوبہ بنایا ایسے
رات ہوتے ہی مسلمانوں کی جانب لپکے

Marfat.com

موضوع 84/ 31

# نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا وصال

# DEMISE OF HOLY PROPHET(S.A.W)

## سُوْرَةُ اٰلِ عِمْرٰنَ (THE FAMILY OF IMRAN)

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

وَمَا مُحَمَّدٌ اِلَّا رَسُوْلٌ ۚ قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِهِ الرُّسُلُ ۭ اَفَا۟ىِٕنْ مَّاتَ اَوْ قُتِلَ انْقَلَبْتُمْ عَلٰٓى اَعْقَابِكُمْ ۭ وَمَنْ يَّنْقَلِبْ عَلٰي عَقِبَيْهِ فَلَنْ يَّضُرَّ اللّٰهَ شَـيْـــًٔـا ۭ وَسَيَجْزِي اللّٰهُ الشّٰكِرِيْنَ ﴿١٤٤﴾

ترجمہ: اور محمدؐ تو ایک رسول ہیں۔ ان سے پہلے بہت سے رسول ہو چکے تو کیا اگر وہ انتقال فرما جائیں یا شہید ہو جائیں تو تم الٹے پاؤں پھر جاؤ گے؟ اور جو الٹے پاؤں پھرے گا اللہ کا کچھ نقصان نہ کرے گا اور عنقریب اللہ شکر ادا کرنے والوں کو اجر دے گا۔

*Muhammad is but a messenger, messengers (the like of whom) have passed away before him. Will it be that, when he dieth or is slain, ye will turn back on your heels? He who turneth back doth no hurt to Allah, and Allah will reward the thankful.*

جب سیّدنا حضور علیہ الصلوۃ والسلام اس دنیا سے رُخصت ہوئے تو ان کے پاس دنیا کا مال و متاع نہیں تھا۔ سیّدنا حضور علیہ الصلوۃ والسلام کو وہیں سپرد خاک کرنے کا فیصلہ کیا گیا جہاں آپؐ نے وفات پائی تھی۔ جب مسجد میں جمع عام مسلمانوں کو یہ علم ہوا کہ سیّدنا حضور علیہ الصلوۃ والسلام رحلت فرما چکے ہیں تو ان میں کہرام مچ گیا اور سب لوگ بے اختیار ہو کر رونے لگے۔ حضرت عمرؓ بن خطاب مسجد میں تشریف لائے اور لوگوں کو روتا دیکھ کر گرجدار آواز میں بولے، "کیوں روتے ہو یہ شیون زاری کیا ہے؟" پھر انہوں نے میان سے اپنی تلوار نکال لی اور بہت رعب دار آواز میں بولے! "جو کوئی یہ کہے گا کہ سیّدنا حضور علیہ الصلوۃ والسلام فوت ہو چکے ہیں تو میں اس کی گردن اڑا دوں گا۔ ابھی یہ مکالمہ جاری تھا کہ حضرت ابو بکرؓ مسجد میں تشریف لائے اور حضرت عمرؓ کو مخاطب کر کے فرمایا۔

"یا عمرؓ! خاموش رہو اور اپنی تلوار میان میں رکھ لو"۔



Marfat.com

جنگ کی آگ کو سلگانا تھا مقصد اُن کا
جبلِ تنعیم سے ان لوگوں کا رستہ اُترا
پہرے داروں نے نبیؐ پاک کے پکڑا اُن کو
خاطرِ صلح نبیؐ پاک نے چھوڑا اُن کو

## حضرت عثمانؓ کی سفارت

سفرِ مکّہ کی وضاحت کے لیے آقاؐ نے
اپنے اصحابؓ سے عثمانؓ کو بھیجا مکّے
سفرِ مکّہ کی اس طرح وضاحت کرنا
اہلِ ایمان جو مکّے میں ہیں اُن سے ملنا
آپؓ کا چونکہ قبیلہ تھا وہاں مکّے میں
اس لیے آپؓ کو بھیجا تھا وہاں مکّے میں
سربراہانِ قریش آ کے ملے عثمانؓ سے
جو بھی احکامِ محمدؐ تھے سنے عثماںؓ سے

Marfat.com

پھر انہوں نے حاضرین کو مخاطب کر کے کہا۔

"اے لوگو! تم میں سے جو شخص محمد رسولُ اللہ ﷺ کی عبادت کرتا تھا وہ جان لے کہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم کا وصال ہو گیا ہے اور جو شخص تم میں سے اللہ کی پرستش کرتا تھا تو اللہ زندہ ہے وہ کبھی نہیں مرے گا"۔

پھر سورۃ آل عمران کی آیت تلاوت فرمائی۔

وَمَا مُحَمَّدٌ اِلَّا رَسُوْلٌ ۚ قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِهِ الرُّسُلُ ؕ اَفَاْىِٕنْ مَّاتَ اَوْ قُتِلَ انْقَلَبْتُمْ عَلٰٓى اَعْقَابِكُمْ ؕ وَمَنْ يَّنْقَلِبْ عَلٰى عَقِبَيْهِ فَلَنْ يَّضُرَّ اللّٰهَ شَيْــًٔا ؕ وَسَيَجْزِى اللّٰهُ الشّٰكِرِيْنَ ﴿۱۴۴﴾

حوالہ جات:

1۔ کتاب "محمد رسول اللہ ﷺ جلد اوّل" باب عفو و درگزر، صفحہ نمبر 178 تا 179



Marfat.com

آپؓ سے بولے اے عثمان طواف کر لیں
آپؓ نے جو بھی سنائی ہیں وہ سن لی باتیں
جا کے عثمانؓ نبیؐ پاک سے پہلے پہلے
کیسے ممکن تھا طواف آپ جو پہلے کرتے

## حضرت عثمانؓ کی شہادت کی خبر اور بیعت رضوان

مکے میں کام کی تکمیل کیے بیٹھے تھے
تب ہی کفار کے سردار لیے بیٹھے تھے
مشورہ آپؓ سے کرنا ہے کہ ہم کیا کر لیں
آپؓ کی باتوں سے ہم کوئی نتیجہ جانیں
گرچہ محفوظ وہاں بیٹھے تھے حضرت عثمانؓ
دیر تک رُکنے سے اصحابؓ نبیؐ تھے حیراں
ایسے حالات میں افواہ نے بھی گردش کی
قتل عثمانؓ کی مسلمانوں نے افواہ سن لی

Marfat.com

موضوع 32/84

# صاحبِ اِستقامت لوگ

## PEOPLE WITH CONSTANCY

## سُوْرَۃُ اٰلِ عِمْرٰنَ (THE FAMILY OF IMRAN)

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

وَ كَاَيِّنْ مِّنْ نَّبِيٍّ قٰتَلَ ۙ مَعَهٗ رِبِّيُّوْنَ كَثِيْرٌ ۚ فَمَا وَهَنُوْا لِمَاۤ اَصَابَهُمْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَمَا ضَعُفُوْا وَمَا اسْتَكَانُوْا ؕ وَاللّٰهُ يُحِبُّ الصّٰبِرِيْنَ ﴿۱۴۶﴾

ترجمہ: کتنے ہی انبیاء گزرے ہیں جن کا ساتھ دے کر بہت اللہ والوں نے جنگ کی اللہ کی راہ میں ان پر جو مصیبتیں آئیں اُن سے وہ پست ہمّت نہیں ہوئے انہوں نے کمزوری بھی نہیں دکھائی اور دشمن کے آگے گھٹنے بھی نہیں ٹیکے اللہ صبر کرنے والوں کو دوست رکھتا ہے۔

*And with how many a prophet have there been a number of devoted men who fought (beside him). They quailed not for aught that befell them in the way of Allah, nor did they weaken, nor were they brought low. Allah loveth the steadfast.*

قریش کے غلاموں میں ایک سیاہ فام غلام بھی تھا جس کا نام وحشی تھا۔ اس نے لالچ میں حضرت حمزہ رضی اللہ تعالیٰ کو ڈھونڈ لیا اور ان کی تاک میں بیٹھ گیا۔ حضرت حمزہ رضی اللہ تعالیٰ بڑی دلیری سے تلوار چلا رہے تھے۔ وحشی کو ان کا سامنا کرنے کی جرات نہیں ہوئی۔ وحشی نے جب دیکھا کہ حضرت حمزہ رضی اللہ تعالیٰ کی پیٹھ اس کی طرف ہے تو اس نے اپنا نیزہ ان کی طرف اتنی زور سے پھینکا کہ نیزے کی نوک سینے کے پار ہو گئی اور حضرت حمزہ رضی اللہ تعالیٰ کی رُوح پرواز کر گئی۔ جب ہندہ نے یہ سنا کہ حمزہ رضی اللہ تعالیٰ وحشی کے ہاتھوں قتل ہو چکے ہیں تو اس نے اُسی لمحے نہ صرف یہ کہ وحشی کو آزاد کر دیا بلکہ میدان جنگ میں کھڑے کھڑے اپنے کنگن اور ہار اُتار کر اُسے بخش دیے اور ایک تیز دھار چاقو سے حضرت حمزہ رضی اللہ تعالیٰ کا پیٹ چاک کر کے جگر نکال کر چبانا شروع کر دیا۔ پھر اس نے اُن کے کان اور ناک کاٹے۔ ہندہ جگر خور نے اسی پر اکتفا نہیں کیا بلکہ قریب ہی پڑی مسلمانوں کی لاش کے کان اور ناک کاٹ کر ڈوری میں پرو کر ہار بنایا اور گلے میں ڈال کر وحشیانہ رقص کیا۔

ہندہ کے علاوہ قریش کی ایک اور عورت سلافہ بنت سعد بھی میدان جنگ میں وارد ہوئی۔ درندہ صفت سلافہ بنت سعد اس



Marfat.com

# بیعت رضوان

یہ خبر جیسے ہی سرکارؐ مدینہ سن لی
اپنے اصحابؓ سے فرمانے لگے پیارے نبیؐ
میں جو عثمانؓ کی شہادت کا نہ لے لوں بدلہ
مشرکوں کو یہ بتا دو کہ نہیں جاؤں گا
اپنے اصحابؓ کو بیعت کے لیے بھی پوچھا
بیعت رضوان اسی کو تو کہا ہے واللہ
جیسے مرنے کی قسم کھائی جانثاروں نے
جنگ سے بھاگیں گے نہ ایسا کہا پیاروں نے
حضرتِ عثمانؓ کی جانب سے یدِ اطہر کو
دوسرے ہاتھ پہ لے لیا یدِ انور کو
یعنی عثمانؓ کی جانب سے بھی بیعت کر لی
ایسی بیعت کو ہی عثمانؓ کی بیعت سمجھی
اس پریشانی کے عالم میں وہ ذیشان آئے
سامنے دیکھا جو آقاؐ نے تو عثمانؓ آئے

Marfat.com

مسلمان شہید کا سر کاٹ کے لے گئی جس نے جنگ بدر میں اس کے بیٹے کو قتل کیا تھا۔ بہت مکروہ چیخ میں اس نے کہا جب تک میں زندہ ہوں کھوپڑی کے اس پیالے میں پانی پیا کروں گی۔

لڑائی ختم ہونے کے بعد حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے دیکھا کہ چچا کا پیٹ اور سینہ چاک ہے اور کلیجہ چبا کر پھینک دیا گیا ہے۔ کان اور ناک بھی کٹے ہوئے ہیں تو آپ بے انتہا غمگین ہوئے۔ وحشی جب ابو سفیان کی فوج سے بھاگ کر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا۔ اس نے اقرار کیا کہ وہ حضرت حمزہ کا قاتل ہے تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کو معاف فرما دیا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے صرف اتنا کہا کہ وہ کبھی آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی نظروں کے سامنے نہ آئے۔ لہٰذا اس دن کے بعد کبھی وحشی آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے نہیں آیا۔ لیکن اس نے حضرت حمزہ کا خون بہا ادا کرنے کے لئے مسیلمہ کذاب سمیت حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے کچھ دشمنوں کو موت کے گھاٹ اتار دیا۔

جنگ احد میں مسلمانوں کو پہنچنے والے نقصان کے باعث یہودیوں نے پروپیگنڈہ شروع کر دیا۔ یہودیوں نے لوگوں سے کہا کہ اگر محمد صلی اللہ علیہ وسلم اللہ کے رسول ہوتے تو انہیں شکست نہ ہوتی تو اس موقع پر سورۃ آل عمران کی مذکورہ آیت نازل ہوئی۔

## مومن اور نا امیدی:

مومن ہر حالت میں ثابت قدم رہتا ہے۔ کیسے ہی حالات کیوں نہ ہوں وہ کبھی نا امیدی کی دلدل میں نہیں پھنستا۔ اللہ کا شکر ادا کرنا اس کا شعار ہوتا ہے۔ وہ جانتا ہے کہ جس طرح خوشی کا زمانہ آتا ہے اسی طرح مصائب کا دور آنا ایک رد عمل ہے۔ وہ آزمائش کے زمانے میں جدوجہد اور عمل کے راستے کو ترک نہیں کرتا کیوں کہ اسکی پوری زندگی ایک مہم اور جدوجہد ہوتی ہے۔

حوالہ جات:

1۔ کتاب "محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جلد اوّل" از الشیخ خواجہ شمس الدین عظیمی، باب احد کے میدان میں، صفحہ نمبر 128 تا 130

2۔ کتاب "کشکول" از الشیخ خواجہ شمس الدین عظیمی، موضوع 140، صفحہ نمبر 117



Marfat.com

# صلح اور دفعاتِ صلح

پھر قریش نے سہیل کو بھی طیبہ بھیجا
ان شرائط پہ کہا اس سے صلح تم کرنا
بیٹھ کے آپؐ سے کچھ سہل نے کرلیں باتیں
تھیں جو دفعاتِ صلح وہ بھی وہیں طے کرلیں
مسلماں مکّے بِنا جائے چلے جائیں گے
عمرہ کے واسطے سب اگلے ہی سال آئیں گے
داخلہ مکّے میں کرنے کے بنا گھر جائیں
یہ مسلمان نہ مکّے میں یوں اس بار آئیں
اب کی تم بار چلے جاؤ بنا عمرہ کے
اگلے سال آئیں فقط تین ہی دن کے لیے
اپنی تلواریں میانوں میں ہی ڈالے رکھنا
اور نہ ان سے کوئی بھی تعرض کرنا
اگلے عشرے میں کسی کو بھی نہ لڑنا ہوگا
اور مامون یہاں سب ہی کو رہنا ہوگا

Marfat.com

موضوع 84/ 33

## سخاوت GENEROSITY

## سُوْرَةُ اٰلِ عِمْرٰنَ (THE FAMILY OF IMRAN)

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

وَلَا يَحْسَبَنَّ الَّذِيْنَ يَبْخَلُوْنَ بِمَآ اٰتٰهُمُ اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖ هُوَ خَيْرًا لَّهُمْ ؕ بَلْ هُوَ شَرٌّ لَّهُمْ ؕ سَيُطَوَّقُوْنَ مَا بَخِلُوْا بِهٖ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ؕ وَلِلّٰهِ مِيْرَاثُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرٌ ﴿۱۸۰﴾

ترجمہ: جو لوگ مال میں جو اللہ نے اپنے فضل سے ان کو عطا فرمایا ہے بخل کرتے ہیں وہ اس بخل کو اپنے حق میں اچھا نہ سمجھیں وہ اچھا نہیں بلکہ ان کے لئے برا ہے وہ جس مال میں بخل کرتے ہیں قیامت کے دن اس کا طوق بنا کر ان کی گردنوں میں ڈالا جائے گا اور آسمانوں اور زمین کا وارث اللہ ہی ہے اور جو عمل تم کرتے ہو اللہ کو معلوم ہے۔

*And let not those who hoard up that which Allah hath bestowed upon them of His bounty think that it is better for them. Nay, it is worse for them. That which they hoard will be their collar on the Day of Resurrection. Allah's is the heritage of the heavens and the earth, and Allah is Informed of what ye do.*

دنیا کی تاریخ میں ان لوگوں کا کردار بھی ثابت ہے جن لوگوں نے پیغمبروں کی مخالفت کی اور پیغمبروں کو قتل کیا۔ تاریخ کے صفحات میں ایسے لوگوں کا کردار بھی موجود ہے جس کردار میں سخاوت عام ہے اور ایسے کردار بھی موجود ہیں جس کردار میں کنجوسی اور بخیلی اپنی معراج کو پہنچی ہوئی ہے۔ اس بات کو مزید تشریح کے ساتھ اس طرح کہا جائے گا کہ کنجوسی اور بخیلی کے کردار کا باوا آدم قارون ہے۔ جب تک دنیا قائم رہے گی قارون کی ذرّیت قارون کی اولاد اور قارون کے کردار سے متاثر لوگ موجود رہیں گے۔

سخاوت کے بیان میں حاتم طائی کا نام لیا جاتا ہے۔ جب تک دنیا موجود ہے حاتم طائی کے کردار کے لوگ یا حاتم طائی کے گروہ کے لوگ بھی موجود رہیں گے۔ دنیا میں پیغمبروں کا کردار بھی موجود ہے۔ پیغمبروں کے کردار کو جب ہم خوردبین نظر سے دیکھتے ہیں تو ہمیں وہاں اچھائی کے علاوہ کوئی دوسری چیز نظر نہیں آتی۔ یعنی وہ ایسے کردار سے مُتصف ہیں کہ جس کردار میں لطافت حلاوت کے علاوہ



Marfat.com

عہد و پیمان میں جس کے بھی جو چاہے جائے
جزو لازم بھی قبیلے کا وہ خود کو سمجھے
گر قبیلے سے کسی کے بھی اذیت ہو گی
سمجھی جائے گی جو شامل ہے انہی لوگوں کی
بھاگ کے مکے سے جو آپؐ کے ہاں آئیں گے
پھر محمد ﷺ اُسے مکے خود ہی بھیجیں گے
اور جو آپؐ کی جانب سے مکّہ آئے گا
وہ قریش سے تو واپس نہ کبھی جائے گا
اس صلح نامہ کی تحریر بہت لازم تھی
اس کو تحریر میں لانے کے لیے آئے علیؑ
اللہ کے نام سے آغاز کیے دیتا ہوں
جو ہے رحمٰن مہربان شروع کرتا ہوں
کیا ہے رحمٰن نہیں ہم تو اسے جانتے
بولا سہیل لکھیں اللہ ترے نام سے

Marfat.com

کوئی دوسری چیز شامل نہیں ہو سکتی۔ کردار کے تعین کو اگر مختصر کر کے SHORT FORM میں بیان کیا جائے تو طرزِ زندگی کی دو قدریں قائم ہوتی ہیں۔ اک طرز وہ ہے جس میں آدمی شیطنیت سے قریب ہو کر شیطان بن جاتا ہے اور دوسری انبیاءؑ کی طرز وہ ہے جس طرز کے اندر داخل ہو کر آدمی سراپا رحمت بن جاتا ہے اور اللہ تعالیٰ کی بادشاہی میں شریک ہو جاتا ہے۔ وہ تمام طرزیں جو بندے کو اللہ تعالیٰ سے دور کرتی ہیں شیطانی طرزیں ہیں اور وہ تمام طرزیں جو بندے کو اللہ تعالیٰ سے قریب کرتی ہیں پیغمبرانہ طرزیں ہیں۔ پیغمبرانہ طرزوں اور شیطانی طرزوں کا تجزیہ کرنے سے صاف پتہ چلتا ہے کہ جو بندہ رحمانی طرزوں میں داخل ہو جاتا ہے۔ اس کے اندر پیغمبروں کے اَوصاف منتقل ہو جاتے ہیں۔ یہ بات کہنا بے جا نہ ہو گا کہ پیغمبروں کے اَوصاف اللہ تعالیٰ کے اَوصاف ہیں یعنی جب کوئی بندہ پیغمبرانہ زندگی میں سفر کرتا ہے تو دراصل وہ ان صفات میں سفر کرتا ہے جو اللہ تعالیٰ کی اپنی ذاتی صفات ہیں اور جب کوئی بندہ ان پیغمبرانہ صفات سے منہ موڑلیتا ہے تو وہ ان طرزوں میں اور صفات میں زندگی گزارتا ہے جو دراصل تاریک کثیف جہالت سے معمور شیطانی طرزیں ہیں۔ شیطانی طرز یہ ہے کہ آدمی کے اوپر خوف وہراس مسلّط رہتا ہے۔ ایسا خوف وہراس جو زندگی کے ہر مقام کو ناقابل شکست وریخت زنجیروں سے جکڑے ہوئے ہے۔ اس کا دن ہو یا رات وہ ایک خوف میں بسر ہوتا ہے کبھی اسے زندگی ضائع ہونے کا خوف ہوتا ہے کبھی وہ معاشی ضروریات کے پورا نہ ہونے کے خوف میں مبتلا ہے، کبھی اس پر بیماریاں حملہ آور ہوتی ہیں، کبھی وہ مسائل کے انبار میں اس طرح دب جاتا ہے کہ اسے اس انبار سے نکلنے کا کوئی راستہ نظر نہیں آتا۔ موت جس کو ہر حال آنا ہے اس کے اوپر خوفناک شئے بن کر مسلّط ہو جاتی ہے حالانکہ وہ جانتا ہے کہ موت سے کسی بھی طرح رستگاری حاصل نہیں ہو سکتی۔ اس کے باوجود اس اٹل حقیقت سے گھبراتا رہتا ہے، بھاگتا رہتا ہے۔

شیطانی طرزوں میں ایک بڑی قباحت یہ ہے کہ آدمی ذہنی اور نظری طور پر اندھا ہوتا ہے وہ چند سو گز سے زیادہ کی چیز نہیں دیکھ سکتا۔ اور یہی چیزیں اس کو دردناک عذاب میں مبتلا رکھتی ہیں۔ اس کے برعکس پیغمبرانہ طرزوں میں آدمی کے اوپر خوف اور غم مسلّط نہیں ہوتا وہ عدم تحفّظ کے احساس سے دور رہتا ہے۔ موت چونکہ ایک اٹل حقیقت ہے اس لئے وہ مرنے کے لئے تیار رہتا ہے اور جب وہ مرنے کے لئے تیار ہو جاتا ہے تو موت اس کے لئے دنیا کی سب سے زیادہ خوشنما چیز بن جاتی ہے۔ اسے اس بات کا سراغ مل جاتا ہے کہ موت کوئی بھیانک شئے نہیں ہے بلکہ موت ایک عالم سے دوسرے عالم میں منتقل ہونے کا نام ہے۔ جس طرح اس رنگ و بو کی دنیا میں وہ زندگی کے تمام تقاضے پورے کرتا ہے اسی طرح مرنے کے بعد کے عالم میں وہ کھاتا پیتا ہے، جاگتا ہے، سوتا ہے۔ روحانی اور جسمانی تمام ضروریات پورا کرتا ہے اور یہ بات محض اس کے قیاس میں داخل نہیں ہوتی بلکہ وہ اس شگفتہ زندگی کا مشاہدہ کرلیتا ہے۔ بات وہی ہے کہ ایک طرزِ فکر کے آدمی دوسری طرزِ فکر کے آدمیوں سے ممتاز رہتے ہیں۔

شیطانی طرزِ فکر میں زندگی گزارنے والا بندہ انبیاءؑ کے گروہ میں داخل نہیں ہو سکتا اور انبیاءؑ کی طرزِ فکر سے آشنا بندہ شیطانی گروہ میں کبھی داخل نہیں ہوتا۔ شیطانی طرزِ فکر میں ایک بڑی خراب اور لایعنی بات یہ ہے کہ بندہ ہر عمل اس لئے کرتا ہے کہ اس عمل کے پیچھے کوئی نہ کوئی مقصد ہوتا ہے۔ یعنی وہ عمل کرنے کا صلہ چاہتا ہے اور اس صلے کا نام اس نے ثواب رکھا ہے۔ تصوّف ایسے عمل کو



Marfat.com

پھر نبیؐ پاک نے لکھوایا علیؓ حیدر سے
ہے یہی بات کہ ہے جس پہ صلح کی ہم نے
ہے محمد ﷺ کی طرف سے جو رسولؐ اللہ ہیں
گرچہ جھٹلاؤ ہمیں تم تو رسولؐ اللہ ہیں
جانتے آپ نبیؐ ہیں تو یہ پھر کیوں کرتے
روکتے آپؐ کو مکّے سے کبھی نہ کرتے
ابن عبداللہ محمد ﷺ ہی تو فقط لکھوایئے
اس سے الفاظ مٹا دیں یہ رسولؐ اللہ کے
آپؐ نے حکم دیا لفظ مٹا دو اے علیؓ
انؓ کی تو لفظ مٹانے کی نہیں تھی مرضی
کیسے وہ لفظ مٹانے کو گوارا کرتے
خود نبیؐ پاک نے۔ یہ لفظ مٹا ڈالے تھے

## حضرت ابوجندلؓ کی واپسی

جونہی تحریر صلح نامہ وہ لکھ کر لائے
بندھے زنجیروں سے بوجندلؓ وہاں پر آئے

Marfat.com

جس عمل کے پیچھے کاروبار ہو جس عمل کے پیچھے کوئی ذاتی غرض وابستہ ہو ناقص قرار دیتا ہے اور یہی انبیاءؑ کی بھی طرزِ فکر ہے۔ جہاں تک قرآن پاک میں اس بات کا تعلق ہے۔ اللہ تعالیٰ نے اچھے لوگوں کے اعمال کی جزا کے سلسلے میں اپنے انعامات کا تذکرہ فرمایا ہے وہ اللہ تعالیٰ کا انعام ہے لیکن اس بات سے یہ ثابت نہیں ہوتا کہ کوئی بندہ نیک عمل اس لئے کرے کہ اسے اس کا اجر ملے گا اور اسے اس اجر میں زروجواہرات کے محلات ملیں گے۔

حوالہ جات:

1۔ کتاب "روح کی پکار" از الشیخ خواجہ شمس الدین عظیمی، باب بخیلی اور سخاوت میں فرق، صفحہ نمبر 89 تا 91



Marfat.com

دیکھا جو اُن کو سہیل نے تو ایسے بولا
آپؐ کے ساتھ نہ جائے گا ہے وعدہ اپنا
کھینچ کر بیٹے کو کفار کی جانب لایا
زور سے ایک بوجندل کو طمانچہ مارا
ان کا مقصد ہے بوجندلؓ کو اذیت دینا
یا نبیؐ مجھ کو نہ کفار کو واپس کرنا
آپؐ نے اُن سے کہا صبر تو کرنا ہوگا
جو کیا ان سے ہمیں عہد نبھانا ہوگا
جونہی تکمیل معاہدہ ہوا آقاؐ نے
اونٹ کو ذبح کیا بال بھی کٹوا ڈالے
انؐ کی تقلید میں سارے ہی صحابہؓ اُٹھے
جانور ذبح کیے سب ہی نے اپنے اپنے

## مہاجرہ عورتوں کی واپسی سے انکار

بیبیاں مکّے سے کچھ آپؐ کے تھیں پاس آئیں
اولیاء ان کے تو مشرک تھے مومنہ یہ تھیں۔

Marfat.com

موضوع 84/ 34

# اولی الباب

## PERSON WITH REAL WISDOM

## سُوْرَةُ اٰلِ عِمْرٰنَ (THE FAMILY OF IMRAN)

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اِنَّ فِیۡ خَلۡقِ السَّمٰوٰتِ وَ الۡاَرۡضِ وَ اخۡتِلَافِ الَّیۡلِ وَ النَّہَارِ
لَاٰیٰتٍ لِّاُولِی الۡاَلۡبَابِ ﴿۱۹۰﴾ الَّذِیۡنَ یَذۡکُرُوۡنَ اللّٰہَ قِیٰمًا وَّ قُعُوۡدًا وَّ عَلٰی جُنُوۡبِہِمۡ
وَ یَتَفَکَّرُوۡنَ فِیۡ خَلۡقِ السَّمٰوٰتِ وَ الۡاَرۡضِ ۚ رَبَّنَا مَا خَلَقۡتَ ہٰذَا بَاطِلًا ۚ
سُبۡحٰنَکَ فَقِنَا عَذَابَ النَّارِ ﴿۱۹۱﴾

ترجمہ: زمین و آسمان کی پیدائش اور رات اور دن کے باری باری سے آنے میں ان اہل عقل کے لئے بہت سی نشانیاں ہیں جو اٹھتے بیٹھتے اور لیٹتے ہر حال میں اپنے اللہ کو یاد کرتے ہیں (ان کی دعا یہ ہوتی ہے کہ) پروردگار تو نے یہ نظام ہستی بے مقصد نہیں بنایا۔ تو اس سے پاک ہے (کہ کوئی بے مقصد کام کرے) پس اے ہمارے رب ہمیں دوزخ کے عذاب سے بچالے۔

*Verily! In the creation of the heavens and the earth, and in the alternation of night and day, there are indeed signs for men of understanding.Those who remember Allah (always, and in prayers) standing sitting and lying down on their sides, and think deeply about the creation of the heaven and the earth, (saying): "Our Lord! You have not created (all) this without purpose, glory to You! (Exalted be You above all that they associate with You as partners). Give us salvation from the torment of the fire.*



Marfat.com

چونکہ دفعاتِ صلح سے بھی سبھی واقف تھے
اولیا اُن کے بھی لینے کے لیے آ پہنچے
انہوں نے مانگ لیں آقاؐ سے نسائیں اپنی
ایک بھی بی بی نبیؐ پاک نے واپس نہ کی
آپؐ نے ان سے کہا ایسا نہیں ہو سکتا
ان کے بارے میں معاہدے میں نہیں لکھا
اس میں لکھا ہے کہ بس مرد ہی واپس ہوں گے
تم چلے جاؤ نہیں ان کا تعلّق تم سے

## فتحِ مبین

تین دن بعد صلح اور بیس دن پہلے
سب مسلمان حدیبیہ میں ٹھہرے رہے
بعدہ آپؐ مدینہ کے لیے چل نکلے
آیتیں آپؐ پہ اُتری تھیں مدینے آتے
پہلی آیت میں اللہ نے یہ بات کی
دی فتح ہم نے تمہیں صاف اور جو ہے کھلی

Marfat.com

## اولی الباب کی تعریف:

اولی الباب خواتین و حضرات کی درج ذیل خصوصیات بتائی جاتی ہیں:

1۔ اولی الباب کا مطلب ہے سمجھدار اِنسان جو آسمان و زمین کی تخلیق، کائناتی نظام و سائل کی پیدائش، اِنسانی زندگی میں کام آنے والی ENERGY اور توانائی پر غور و فکر کرتا ہے۔

2۔ اولی الباب جب تخلیق کے چھوٹے چھوٹے ادوار (بچپن، لڑکپن، جوانی، بڑھاپے اور موت) پر تفکّر کرتا ہے تو اس کے اندر یقین کا پیٹرن بن جاتا ہے کہ کائنات کو بنانے والی کوئی ہستی ہے اور یہی ہستی کائنات پر حاکم، مالک اور قادر ہے۔

3۔ ان کی طرز فکر میں خالق و مالک کی ہستی اس طرح جذب ہو جاتی ہے کہ وہ جان لیتے ہیں کہ ہم اس لئے زندہ ہیں کہ ہمارے خالق نے ہمیں تحفظ دیا ہوا ہے۔

4۔ وہ یہ بھی دیکھ لیتے ہیں کہ اللہ ان کے اندر موجود ہے۔

5۔ انہیں یہ بھی علم ہو جاتا ہے کہ کائنات کا ہر ذرّہ نُور کے غلاف میں بند ہے، ایسا نُور جو حواس خمسہ سے نظر نہیں آتا ہے، ایسی روشنی جو حواس خمسہ کے ادراک سے ماوراء ہے۔

## تخلیقات پر گہری نظر:

قُرآن کہتا ہے کہ زمین و آسمان میں اہل ایمان کے لئے حقائق و بصائر موجود ہیں۔ یعنی اہل ایمان کی خصوصیت یہ ہے کہ زمین و آسمان کی حقیقتوں اور زمین و آسمان کے اندر موجود تخلیقات کے فارمولوں اور EQUATIONS پر ان کی گہری نظر ہوتی ہے۔ ان کے مشاہدے کی طاقت کہکشانی نظاموں کی نقاب کشائی کرتی ہے۔ قُرآن بار بار یہ اعلان کرتا ہے کہ یہ نشانیاں ایمان والوں کے لئے ہیں۔ مفہوم یہ ہے کہ نشانیاں تو سب کے لئے ہیں مگر اِنسانوں میں صرف ایمان والے لوگ ہی اللہ کی نشانیوں، آیتوں اور حکمتوں پر غور و فکر کرتے ہیں۔ غفلت اور جہالت میں ڈوبے ہوئے لوگ جو جانوروں کی طرح جیتے ہیں، ضدّی اور ہٹ دھرم جو "میں نہ مانوں" کی زندہ متحرک تصویر ہیں ان کے لئے اللہ کی نشانیوں کا ہونا یا نہ ہونا برابر ہے۔




### دو گروہ:

اس تمہید کا مطلب یہ ہوا کہ کائنات کا کھوج لگانے والے دو گروہ ہیں۔

ایک گروہ محدود حواس خمسہ میں کائنات کو تلاش کرتا ہے، کائنات کے اربوں



Marfat.com

گو اسے اپنی شکست ہی مسلماں سمجھے
فتح کا مژدہ تو اس کو ہی کہا اللہ نے
ایسی آیات عطا کی ہیں ابھی اللہ نے
حضرت عمرؓ کو بتلایا وہاں آقاؐ نے
سن کے حضرتؓ نے نبیؐ پاک سے پوچھا آقاؐ
کیا یہ شہرت ہے حقیقت میں بھی ہوگا ایسا
اُن سے فرمایا محمدﷺ نے یہی نصرت ہے
پھر سکوں اُن کو ملا آیت اطہر پڑھ کے

## صلح حدیبیہ کے ثمرات

اس سے پہلے نہ فتح کوئی ملی تھی ایسی
جس سے جنگ بھی تو موقوف کہیں پر ہوتی
گفتگو اور مباحث میں رہے وہ سارے
عقل پہ جتنے پڑے تھے وہ ہٹے تھے پردے

Marfat.com

کھربوں اسرار میں سے چند اسرار پر سے تو پردہ اٹھ سکتا ہے لیکن محدود اور مفروضہ حواس میں سے کوئی آدمی وسیع اور عریض کائنات کو نہیں دیکھ سکتا اور نہ کوئی کائناتی وسعتوں میں داخل ہو سکتا ہے، اس کے برعکس اولی الالباب (وہ لوگ جو مفروضہ حواس سے نکل کر لامحدود حواس میں داخل ہو جاتے ہیں) جب تفکر کرتے ہیں تو لامحدود کائنات ان کے سامنے آجاتی ہے، آج کی سائنس شعوری ارتقاء کی معراج سمجھی جاتی ہے، کہا جاتا ہے کہ سائنس نے اِنسان کے شرف کی تکمیل کر دی ہے۔

## اِنسانی ترقی:

انفرادی یا اجتماعی جدوجہد کے نتیجے میں ترقی نصیب ہوتی ہے اور انفرادی یا اجتماعی تساہل یا عیش پسندی کے نتیجے میں قوموں کو عروج کے بجائے زوال نصیب ہوتا ہے۔ ترقی کے یہی دو رخ ہیں۔ توقیر کی ایک حالت یہ ہے کہ کسی فرد یا کسی قوم کو دنیاوی عزت، دنیوی دبدبہ اور دنیاوی شان و شوکت نصیب ہو۔ ترقی کا دوسرا رُخ اس بات کی نشاندہی کرتا ہے کہ ظاہری حالت میں رہتے ہوئے جس فرد یا قوم کی ترقی غیب کی دنیا تک ہوتی ہے درا صل وہی اصلی ترقی اور شان و شوکت ہے۔

## موجودہ سائنسی ترقی باعث رحمت ؟:

ترقی اور تنزل جب زیرِ بحث آتے ہیں تو ذہن اس طرف بھی متوجہ ہوتا ہے کہ ترقی یا تنزل میں کون سے عوامل کارفرما ہیں۔ لوگوں نے ترقی تو کی لیکن یہ ترقی استغناء کے خلاف ہوئی ہے۔ ترقی کا دوسرا رُخ جو فی الواقع حقیقی رُخ ہے اس بات کی نشاندہی کرتا ہے کہ شہود میں رہتے ہوئے غیب کی دنیا میں جس فرد یا جس قوم کی رسائی ہوتی ہے۔ دراصل وہی اصل ترقی، عزت اور شان و شوکت ہے۔ ان دو رخوں پر اگر غور کیا جائے تو یہ بات پوری طرح ہمارے سامنے آتی ہے کہ موجودہ دور میں سائنسی ترقی کا دارومدار صرف ظاہری ترقی پر ہے۔ بے شک وہ قومیں جنہوں نے علوم میں تفکر کیا اور جدوجہد کے نتیجے میں نئی نئی اختراعات کیں اور دنیاوی اعتبار سے ترقی یافتہ ہیں لیکن جب ہم دیکھتے ہیں کہ یہی ترقی یافتہ قومیں سکون اور اطمینان قلب سے محروم ہیں تو یہ بات سامنے آتی ہے کہ یہی قومیں حقیقت سے بے خبر ہیں یا حقیقی دنیا کا ان سے ابھی کوئی واسطہ یا تعلق نہیں ہے۔ اس لئے کہ حقیقت میں ذہنی انتشار نہیں ہوتا۔ حقیقت کے اوپر کبھی خوف اور غم کے سائے نہیں منڈلاتے۔ حقیقی دنیا سے متعارف لوگ ہمیشہ پر سکون رہتے ہیں موجودہ دور بے شک ترقی کا دور ہے لیکن اس ترقی کے ساتھ ساتھ جس قدر صعوبتیں، پریشانیاں اور ذہنی انتشار سے نوع اِنسانی دوچار ہوئی ہے وہ اس سے پہلے کے دور میں نہیں ملتی۔ وجہ صرف یہ ہے کہ اس ترقی کے پیچھے ذاتی منفعت ہے وہ انفرادی ہو یا قومی ہو۔ اگر یہ ترقی فی الواقع نوع اِنسان کی فلاح و بہبود کے لئے ہوتی تو قوموں کو اطمینان و سکون نصیب ہوتا۔ انفرادی یا اجتماعی ذہن کے طرزِ فکر میں اگر یہ بات ہوتی کہ ہماری کوشش، جدوجہد اور اختراعات سے نوع اِنسانی کو اور اللہ کی مخلوق کو فائدہ پہنچے تو یہ طرزِ فکر انبیاء کی طرزِ فکر ہے اور یہ طرزِ فکر اللہ کی طرزِ فکر ہے۔ یہ طرزِ فکر آدمی کے اندر استغناء سے پیدا ہوتی ہے۔

کہا جاتا ہے کہ یہ دنیا بار بار یا زیادہ صحیح اندازوں کے مطابق 16 مرتبہ تباہ ہو کر دوبارہ آباد ہوئی ہے۔ خوبصورت، رنگین، باغ و بہار سے مزین، پرکشش برفانی کہساروں، موتی کی طرح چمکتے دمکتے آبشاروں، آفتاب کی شعاعوں اور چاند کی کرنوں کا مسکن یہ دنیا اب



Marfat.com

اس سے پہلے نہ کہیں ساتھ مسلماں اُٹھتے
اور کفّار سے ہرگز نہ کہیں وہ ملتے
اب بلاخوف وہ مکے میں بھی جایا کرتے
اپنے اصحابؓ سے مکے میں ملا وہ کرتے
اہلِ مکہ بھی مدینے میں چلے آتے تھے
جن میں کچھ ہوش و عقل ہوتی مسلماں ہوتے

## غزوہ خیبر

ایک سو میل مدینے سے وہاں دُوری پر
اک بڑا شہر یہود نے بسایا خیبر
اب تو اک جھوٹی سی یہ بستی نظر آتی ہے
دیکھنے اس کو وہاں خلقِ خدا جاتی ہے
لوگ مضبوط قلعوں میں یہ رہا کرتے تھے
جنگ کی آگ کو بھڑکایا سدا کرتے تھے

Marfat.com

پھر چالیس ہزار ایٹم بموں کی زد میں موت کے دہانے پر کھڑی ہانپ رہی ہے۔ یہ کیسی ترقی ہے کہ ہم نے آتش فشاں کو اپنا مسکن بنالیا ہے۔ بالآخر ترقی کا یہ فسوں ایک دن ٹوٹ جائے گا۔ اس سے پہلے بھی ہوتا رہا ہے کہ وہ قومیں جو فنا اور بقا کے فارمولوں سے ناآشنا ہو گئی تھیں زمین پر سے اٹھالی گئیں اور آج ان کا نام ونشان تک باقی نہیں رہا۔ ذرا سوچیئے تو سہی، تباہی ہمارے تعاقب میں ہے اور ہم اسے ترقی کا نام دے کر خوش فہمی میں مبتلا ہیں۔ ایک روز فسوں ساز لوگوں کو یہ باور کرنا ہوگا کہ ایٹمی ہتھیار نوع انسانی کے لیے ترقی نہیں بلکہ انسانی نسل کے لئے دہکتی بھٹی ہے۔ یہ اربوں کھربوں ڈالر نوع انسانی کی بقا اور خوشحالی کے کام آتے مگر انسان دشمن سائنسدانوں نے ان ڈالروں کو بھٹی میں جھونک دیا ہے۔ کوئی نجات دہندہ آئے گا اور آتش گیر فسوں کو راکھ کے ڈھیر میں بدل دے گا تا کہ نوع انسانی سکون و آشتی کا سانس لے سکے۔

یہ کیسی تکمیل ہے کہ ہر انسان پریشان ہے، آسائش و آرام کے لئے جتنی چیزیں ایجاد کی جارہی ہیں یا ہو چکی ہیں انہوں نے زندگی کو عذاب بنادیا ہے۔ ہر گھر بے سکون اور پریشانی کا تارچر سیل بن گیا ہے یہ عجیب منطق ہے آرام و آسائش کا ہر سامان ہونے کے باوجود آدمی پریشان ہے بیمار ہے، جیسے جیسے سائنسی ایجادات اور مادی ترقی معرض وجود میں آرہی ہے اسی مناسبت سے بیماریاں بھی ترقی پا رہی ہیں، بے سکونی اور پریشانی کے عفریت نے انسان کو ڈس لیا ہے۔

زمین بیمار اور عضو ضعیف کی مانند کراہ رہی ہے۔ خدارا میرے اور اپنے اوپر رحم کرو۔ مگر کوئی کان ایسا نہیں جو اس کی سسکتی ہوئی اور غم میں ڈوبی ہوئی آواز کو سنے۔ اپنی برتری حاصل کرنے کے لئے قوموں نے ایسے ایسے ہتھیار بنالئے ہیں جن کے اوپر موت منڈلارہی ہے اور ان ہتھیاروں کی موت چار ارب انسانوں کی موت کا پیش خیمہ ہے۔ ایک مرتبہ جب کوئی چیز وجود پالیتی ہے تو اس کا استعمال لازمی ہو جاتا ہے۔

آج کی ترقی یافتہ دنیا میں بے شمار ایجادات اور لامتناہی آرام و آسائش کے باوجود ہر شخص بے سکون، پریشان اور عدم تحفظ کا شکار ہے۔ سائنس چوں کہ MATTER پر یقین رکھتی ہے۔ اور مادہ یا MATTER عارضی اور فکشن ہے۔ اس لئے سائنس کی ہر ترقی، ہر ایجاد اور آرام و آسائش کے تمام وسائل عارضی اور فنا ہو جانے والے ہیں۔ جس شئے کی بنیاد ہی ٹوٹ پھوٹ اور فنا ہو اس سے کبھی حقیقی مسرت حاصل نہیں ہو سکتی۔ مذہب اور لامذہب میں یہ بنیادی فرق ہے کہ لامذہبیت انسان کے اندر شکوک و شبہات، وسوسے اور غیر یقینی احساسات کو جنم دیتی ہے۔ جبکہ مذہب تمام احساسات، خیالات، تصورات اور زندگی کے اعمال و حرکات کو قائم بالذات اور مستقل ہستی سے وابستہ کر دیتا ہے۔

## ایجادات کا قانون:

جسم مثالی جب غیب کے کسی واقعہ کو غیب میں دیکھتے ہوئے کسی خاکے کو مادی دماغ و شعور کو دکھانا چاہتا ہے تو اس خاکے کی دیکھی ہوئی تصویر مادی دماغ میں منتقل کر دیتا ہے یا دوسرے لفظوں میں جسم مثالی اپنے دماغ کی وہ روشنی مادی دماغ میں بھر دیتا ہے جس روشنی میں جسم مثالی کے ساتھ رونما واقعہ کی پوری صورت موجود ہے گویا انسان کے شعور کو خواب میں ملنے والی ہر اطلاع اور تصویر جسم



Marfat.com

فتنہ انگیزی کا ماحول بنایا کرتے
لڑنے بھرنے کا یہ بازار سجایا کرتے
جنگ خندق میں جو کفّار چلے آئے تھے
مشرکین کے گروہ ساتھ بھی لائے تھے
ان کے کہنے سے قریظہ نے عہد توڑا تھا
بنو غطفان سے بھی ان کا بڑا ناطہ تھا
اہلِ مکہ سے مدینے سے منافق سارے
ان کے ہمراز وہ فتنوں میں سبھی رہتے تھے
اک بھیانک سا ارادہ بھی بنا رکھا تھا
قتل سرکارؐ مدینہ کو وہاں کرنا تھا
موقع ہرگز نہ کبھی ہاتھ سے جانے دیتے
کیسے تکلیف مسلماں کو ہو سوچا کرتے
ان کی چالوں سے خیالات تھے ملتے جلتے
مشرکیں مکّہ سے وابستہ سبھی لوگوں کے

Marfat.com

مثالی کے حافظے کا ایک نقش ہے یہی نقوش جب شعور کے پردے سے باہر آتے ہیں تو مادی صورت میں ظاہر ہو جاتے ہیں اس طرح

اِنسان کی ہر ایجاد دنیا سے پہلے غیب میں جسم مثالی کی آنکھ سے گزرتی ہے اور جسم مثالی روشنیوں کے عالم میں اس ایجاد سے کام لیتا ہے۔

جب جسم مثالی اس بات کی ضرورت محسُوس کرتا ہے کہ دنیاوی جسم بھی اس ایجاد سے فائدہ اٹھائے تو خواب یا خواب کی صورت میں دنیاوی شعور میں یہ بات منتقل کر دیتا ہے اس طرح ایجادات عمل میں آتی ہیں مگر کیونکہ دنیاوی جسم TIME AND SPACE کا پابند ہے اس وجہ سے عالم مثال سے عالم ناسوت (موجودہ دنیا) میں آتے آتے اور PHYSICAL صورت میں ظہور پذیر ہوتے ہوتے ایک مدت لگ جاتی ہے۔ جیسے جیسے اِنسانی شعور کی SPEED بڑھتی جاتی ہے اِنسان کے ذہن سے ٹائم اور اسپیس کا دباؤ کم ہوتا جاتا ہے اور اس کے ظاہری کاموں کی رفتار بڑھ جاتی ہے۔

انبیاء ربانی اور حکماء ربانی میں یہ فرق ہے کہ:

1۔ انبیاء باطن سے ظاہر کو تلاش کرتے ہیں اور

2۔ حکماء ظاہر سے باطن کو تلاش کرتے ہیں۔

کسی حد تک حکماء کی طرز تلاش غلط نہیں، لیکن اس طرز میں ایک نقص ہے کہ وہ جن چیزوں کی علامتیں خارج میں نہیں دیکھتے ان کو نظر انداز کر دیتے ہیں۔ اس رویے سے کائنات کی ساخت میں جتنے حقائق مخفی ہیں وہ زیادہ تر انجانے رہ جاتے ہیں۔ انبیاء کے رویہ میں یہ نقص نہیں ہے۔ وہ ذات مطلق کے ذریعہ امر مطلق کو تلاش کرتے ہیں۔ اس طرح ان کی فکر ایسے اجزاء کو پالیتی ہے جو مظاہر کے پابند نہیں ہیں۔ انبیاء مظاہر کو نظر انداز نہیں کرتے تاہم وہ مظاہر کو اصل قرار دے کر صرف مظاہر کی روشنی میں گم نہیں ہو جاتے۔ وہ مظاہر کو بھی اتنی ہی اہمیت دیتے ہیں جتنی مظاہر کی اصلوں کو انبیاء کی زبان میں مظاہر کی اصلوں کا نام صفات الٰہیہ ہے۔ وہ اس رویہ سے یعنی صفات کے ذریعے ذات مطلق تک رسائی حاصل کرتے ہیں۔ ان پر ذات مطلق کی حکمتیں منکشف ہو جاتی ہیں، پھر یہ ان کے لئے ناممکن ہے کہ ان مصلحتوں کو نظر انداز کر دیں یا مقصد حیات نہ بنائیں۔ انبیاء کی فکر میں ذات مطلق ہی حیات ہے۔ اس لئے وہ حیات کو ابدی قرار دینے پر مجبور ہیں۔

(اقتباس "لوح و قلم" باب وہم کیا ہے؟)

ہم یہ نہیں کہتے کہ سائنسی ایجادات نوع اِنسانی کے لئے فائدہ مند نہیں ہیں یا سائنسی ایجادات میں مزید وسعت نہیں ہونی چاہیے، ہم ان حقائق پر سے پردہ اٹھانا چاہتے ہیں جو اس ترقی کے پیچھے نوع اِنسانی کی ہلاکت کا سبب بن رہی ہے اور یہ ہلاکت ہے کہ سائنسی ایجادات کا محور "مادیت" ہے، اگر SCIENTIST کائنات کی چیزوں پر تفکّر کر کے ایجادات کا رُخ خالق کائنات کی طرف پھیر دے تو یہ دنیا خوشحال بن جائے گی۔ چھوٹی سے چھوٹی عقل والا آدمی اور بڑے سے بڑا دانشور اس بات سے انکار نہیں کر سکتا کہ سائنسی ایجادات قدرت کے پیدا کردہ وسائل کے تابع ہیں اور جتنے بھی وسائل زمین پر موجود ہیں ان میں جڑی بوٹیاں، جڑی بوٹیوں سے فائدہ اٹھانے کے لئے مشینوں کے لئے میٹریل، ہوا، پانی، گیس، روشنی، قُدرت نے ہر چیز ہر شخص کے لئے مفت فراہم کی ہے۔ اِنسانی ذہن مفروضہ حواس سے نکل کر اولی الالباب کے دائرے میں داخل ہو جائے تو اِنسان حقیقت سے آشنا ہو جائے گا تو یہ زمین جنّت ارضی بن جائے گی۔



Marfat.com

ان کی سرکوبی بھی لازم تھی مسلمانوں پہ
دشمنِ جانِ نبیؐ اور مسلماں تھے یہ

## مسلمان خیبر چلے

یہ محرم کا مہینہ تھا چلے خیبر کو
سولہ سو لے کے مجاہد جو گئے خیبر کو
انہوں نے آپؐ پہ حملے کی جو ٹھانی تھی
بھانپ کر ان کے ارادوں کو چلے تھے نبیؐ
رات میں سفر کیا کرتے تو دن میں سوتے
رات کو پہنچے تھے خیبر میں سفر یوں کرتے
صبح کے وقت چلا شہر کی جانب لشکر
یہ ہی معمول ہوا کرتا تھا ان کا اکثر
کھیتی باڑی کے لیے جتنے یہودی نکلے
جانور اپنے لیے باغوں کی جانب آئے

Marfat.com

## سائنسی علوم کا رُوحانی علوم سے تعلق:

موجودہ دور شعوری ارتقاء کے عروج کا زمانہ ہے۔ MATTER میں ریسرچ اور اِنسانی ایجادات کا سلسلہ شعوری ارتقاء کا باعث بنتا ہے۔ سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ اِنسانی ایجادات اور ریسرچ ایجاد سے پہلے کہاں تھیں؟ چلیے ہم یہ مان لیتے ہیں کہ اِنسان کی ریسرچ سے پہلے ان کا وجود نہیں تھا۔ مگر اگر وجود نہیں تھا۔ تو ریسرچ کا خیال کیسے آیا؟

اس کا مطلب یہ ہے کہ خیال کی روشنی ریسرچ اور ایجادات کا فارمولا ہے۔ جس طرح بغیر بیج کے پودا نہیں اُگتا۔ اسی طرح بغیر خیال کے کوئی عمل نہیں ہوتا۔ بیج کے اندر پورا درخت بند ہے۔ اسی طرح خیال کے اندر پوری ریسرچ اور ایجاد بند ہے۔ بیج کو ہم درخت کے عِلم کا CONDENSED نقطہ کہتے ہیں۔ اسی مناسبت سے خیال کو ہم شے کے عِلم کی CONDENSED روشنی کہہ سکتے ہیں۔

ساری کائنات اور کائنات کے اندر بسنے والی ہر شے کا تعلق بنیادی طور پر اللہ تعالیٰ کے عِلم سے ہے۔ کائنات کی ہر شے اور ہر فرد کا دماغ عِلم کی روشنی کو جذب کر رہا ہے اور دماغ میں یہ روشنیاں خیال بن کر وارد ہوتی ہیں۔ خیال جب عملی حدود میں پہنچتا ہے تو خیال کے اندر کا خاکہ ظاہری آنکھ اور حواس کے دائرے میں آجاتا ہے۔ ظاہری حواس کے دائرے سے عِلم کی روشنی پھر دوبارہ شعور کی گہرائی میں ریکارڈ بن کر محفوظ ہو جاتی ہے۔ اس محفوظ شدہ ریکارڈ کو آدمی جب جی چاہے اپنے ارادے کے ساتھ شعور کی گہرائی یا حافظے سے شعور کی سطح پر لا سکتا ہے۔ اس طرح ساری کائنات کے افراد کے دماغ سے لہریں نکل بھی رہی ہیں اور جذب بھی ہو رہی ہیں۔ اسی پر زندگی چل رہی ہے۔ اِنسان میں یہ خصوصیت ہے کہ وہ غیب کی ماورائی مخلوق کے ذہن کی لہریں بھی وصول کر لیتا ہے۔ یعنی اعراف میں بسنے والی رُوحوں کے خیالات بھی اس تک پہنچ جاتے ہیں۔ ایسے خیالات دنیا والوں کے لئے ریسرچ کرنے کی تحریک پیدا کرتے ہیں۔ مطلب یہ کہ تمام سائنسی علوم اور ریسرچ کہیں نہ کہیں موجود ہیں۔ جہاں یہ علوم موجود ہیں۔ وہ روشنی کا عالم ہے۔ اگر اس روشنی میں ذہن کی فکر داخل ہو جائے تو آدمی اپنی قوتِ ارادی سے اس کے اندر کے علوم حاصل کر لیتا ہے یہی آدمی کی ایجادات اور سائنسی علوم کہلاتے ہیں۔

سائنسدانوں کو ان علوم کے حاصل کرنے میں ایک مدّت لگ جاتی ہے۔ کیونکہ وہ اپنی عقل اور شعور کی کسوٹی پر ان علوم کو سیکھنا چاہتے ہیں۔ اگر کسی جگہ عقل تسلیم نہیں کرتی تو وہ ماننے سے صاف انکار کر دیتے ہیں۔ اس کے برخلاف رُوحانی آدمی غیب سے واقف ہوتا ہے۔ اس کا مشاہدہ غیب میں ہوتا ہے۔ اس کا یقین مشاہدے کی بناء پر مستحکم ہوتا ہے۔ وہ جان لیتا ہے کہ ہر عِلم پہلے ہے۔ پھر عِلم کا ڈسپلے ہے۔ عِلم روشنی ہے۔ ڈسپلے شے ہے۔ عِلم جان یا رُوح ہے۔ ڈسپلے جسم ہے۔ رُوح کا وجود جسم سے پہلے ہے۔ اسی بنیاد پر یہ بات وثوق سے کہی جا سکتی ہے۔ کہ سائنسی علومِ رُوحانی علوم کا جز ہیں۔ رُوحانی علوم جب عالم ناسوت میں اپنا مظاہرہ کرتے ہیں۔ اور مادی حواس ان سے واقف ہو جاتے ہیں آدمی یہ بات جان لیتا ہے کہ مظاہرات میں اِنسان کا ارادہ کام کر رہا ہے۔ مگر وہ علوم جن کے اندر اِنسان کا ارادہ نہیں ہے۔ وہ فطرت کہلاتے ہیں۔ مثلاً ہوا کا چلنا۔ بادلوں کا برسنا۔ سورج چاند ستاروں کا طلوع و غروب ہونا اور ایسے تمام مظاہر فطرت اللہ کے ارادے سے عمل میں آرہے ہیں۔ اسی کے ساتھ اِنسان کے ارادے سے بھی ذیلی تخلیقات عمل میں آرہی ہیں۔ جو اِنسان کی فطری صلاحیتوں کے استعمال کا نتیجہ ہیں۔ فطرت کی تخلیقات اور اِنسان کی ایجادات میں فرق یہ ہے کہ فطرت بغیر وسائل و اسباب کے تخلیق



Marfat.com

دیکھ کر فوج مسلمانوں کی واپس بھاگے
آ گئے دیکھو محمد ﷺ ہیں وہ دیکھو جا کے
پشت وہ پھیر کے بھاگے تھے جو دیکھا لشکر
آج برباد ہوا آقاؐ یہ بولے خیبر
جب کسی قوم کے میداں میں اُترتے ہیں ہم
صبح برباد ہوا کرتی ہے ان کی یک دم

## اسلامی علم بردار

پہلے غزوات میں ہوتے تھے یہ جھنڈے چھوٹے
جنگ خیبر میں تھا اک چھوٹا بڑے سے دو تھے
آپؐ نے اپنا تھا پرچم جو دیا حیدرؓ کو
رنگ تھا جس کا سفید وہ دیا حیدرؓ کو
اور پھر اپنے علم دار بھی خیبر میں تھے
حضرت سعدؓ عبادہ بھی علم دار ہوئے

حبابؓ بن المنذر

Marfat.com

کرتی ہے اور اِنسان فطرت کے پیدا کردہ وسائل و اسباب میں اپنی عقل و ارادے کو استعمال کر کے ایجادات کرتا ہے۔ پس ثابت ہوا کہ رُوحانی علوم کی روشنیاں فطرت میں پہلے سے موجود ہیں۔ سائنسدان ان روشنیوں میں تفکر کر کے ایجادات کرتے ہیں۔

## خیال:

اگر ہم کائنات کو عالم خیال کہیں تو غلط نہ ہو گا۔ عالم کائنات اللہ تعالیٰ کے کائنات بنانے کے خیال کا مظاہرہ ہے مظاہراتی صورت میں اِنسان کے دماغ کا ایک جانب رابطہ براہِ راست اللہ تعالیٰ کے اس تفکّر سے ہے جس تفکر میں ساری کائنات ایک ذاتِ واحد کے تصور کا ڈسپلے ہے۔ دوسری جانب اِنسان کا دماغ اپنی انفرادیت سے وابستہ ہے۔ ذات واحد کا تفکّر کل ذات ہے۔ اور ذات فرد کی فکر کل ذات کے تفکر کا ایک جزو ہے۔ ساری کائنات میں مخلوقات آباد ہیں ہر فرد کے اندر دو قسم کے شعور کام کر رہے ہیں۔ ایک شعور انفرادیت کا ہے اور ایک اجتماعیت کا۔ اجتماعی شعور سے انفرادی شعور فیڈ ہو رہا ہے اسی کو خیال کہتے ہیں۔

## انتقال خیال TELEPATHY :

انسان ایک ایسا حیوان ناطق ہے جو آواز کی لہروں کے ذریعے اپنے خیال دوسروں تک پہنچاتا لیکن جب ہم یہ دیکھتے ہیں کہ دوسرے حیوان جن کو حیوان غیر ناطق کہا جاتا ہے اپنے خیالات الفاظ کا سہارا لئے بغیر دوسروں تک منتقل کرتے ہیں اور دوسرے حیوان ان خیالات کو قبول کرتے اور سمجھتے ہیں تو یہ بات سامنے آتی ہے کہ الفاظ کا سہارا لئے بغیر بھی خیالات اپنے پورے معنی اور مفہوم کے ساتھ منتقل ہوتے رہتے ہیں۔ دماغ ایک ایسا آلہ یا MACHINE ہے جو انفرادی سطح پر کل ذات کی انفارمیشن RECEIVE کرتا ہے اور اس کے ساتھ ہی اجتماعی یا نوعی سطح پر ایک ذات کی انفارمیشن کو کل ذات تک TRANSMIT بھی کرتا ہے۔ اس طرح جو خیال بھی دماغ قبول کرتا ہے اس خیال کو عملی پراسس سے گزار کر اس کی کارکردگی کی اطلاع کل ذات تک پہنچا دیتا ہے۔ اس سارے عمل کو انتقال خیال کہتے ہیں۔

کائنات کی ہر شے کے اندر انتقال خیال کا یہ دہرا عمل جاری و ساری ہے اور یہی عمل کائنات کو حرکت میں رکھے ہوئے ہے۔ کائنات کے ہر فرد اور شے کے دماغ سے خیال کی روشنی نکل بھی رہی ہے اور دماغ کے اندر جذب بھی ہو رہی ہے اس طرح ساری کائنات میں خیالات ایک فرد سے دوسرے فرد میں TRANSFER یا منتقل ہو رہے ہیں۔ اسی وجہ سے ہم زمین پر رہتے ہوئے بھی آسمانی مخلوق سے واقف ہیں۔ آدمی کا ریسیور جتنا طاقتور ہو گا اتنا ہی وہ خیالات کو اور ان کے اندر کی انفارمیشن کو زیادہ CATCH کرے گا۔

یہ عجیب سربستہ راز ہے کہ پوری کائنات کے افراد اطلاعات اور خیالات میں ایک دوسرے سے ہم رشتہ ہیں۔ البتہ اطلاعات میں معنی پہنانا الگ الگ وصف ہے۔ بھوک کی اطلاع شیر اور بکری دونوں میں موجود ہے لیکن بکری اس اطلاع کی تکمیل میں گھاس کھاتی ہے اور شیر بھوک کی اس اطلاع کو پورا کرنے کے لئے گوشت کھاتا ہے۔ بھوک کے معاملے میں دونوں کے اندر قدر مشترک ہے۔ بھوک کی اطلاع کو الگ الگ معنی پہنانا دونوں کا جداگانہ وصف ہے۔



Marfat.com

# یہود کی تیاری

سارے وہ لوگ قلعوں میں ہی چھپے بیٹھے تھے
جنگی سامان بہت سارا لیے بیٹھے تھے
ان کے راشن کا ذخیرہ تھا قلعہ ناعم میں
فوج تھی القموص اور السلالم میں
القموص ہی بہت اعلیٰ قلعہ تھا اُن کا
اس کے دروازے پہ جو بیٹھا تھا وہ مرحب تھا
لشکری اور قلعوں میں بھی بٹھا رکھے تھے
مورچہ بندی وہاں پر یہ کیے بیٹھے تھے
قلعہ ناعم کی طرف فوج بڑھی تھی پہلے
اس میں راشن کا ذخیرہ وہ کیے بیٹھے تھے
اس میں محمودؓ صحابی نے شہادت پائی
جنگ جنہوں نے دلیری سے بہت لڑی

Marfat.com

## مسلمان اور تسخیرِ کائنات:

آج سائنس نے اس بات کا سراغ لگالیا ہے کہ دنیا میں موجود ہر شئے، اس میں آدم زاد ہو، کوئی درخت ہو، درخت کے پتے ہوں، آبی مخلوق ہو، زمین کی مخلوق ہو، چوپائے ہوں یا پرندے، ساری مخلوق اپنے جسم کے ساتھ ساتھ ایک اور جسم رکھتی ہے جو ظاہرہ آنکھ سے نظر نہیں آتا۔ سائنس دانوں نے ایسے کیمرے ایجاد کر لئے ہیں جن سے پتہ چلتا ہے کہ گوشت پوست سے مُرکّب جسم پر ایک اور جسم موجود ہے اور یہ جسم ایسی روشنیوں سے بنا ہوا ہے جو روشنیاں گوشت پوست کی آنکھ سے تو نظر نہیں آتیں۔

غارِ حرا جبل نور میں واقع ہے۔ یہ بڑی پرمسرت اور حیرت انگیز بات ہے کہ عربی میں حرا ریسرچ اور تحقیق کو کہتے ہیں۔ جبکہ جبل نور کا مطلب ہے روشنی کا پہاڑ اور پہاڑ سے مراد لامحدود وسعت ہے۔ اس طرح جبل نور میں غارِ حرا میں تشریف لے جانے کا مطلب یہ ہوا کہ سیدنا حضور ﷺ غارِ حرا میں لامحدود روشنی کو تلاش کرنے اور اللہ کی نشانیوں پر غور کرنے کے لئے تشریف لے جاتے تھے۔

لیکن ان کی موجودگی کا یقین کیمرے کے لینس سے ضرور ہو جاتا ہے۔ سائنس نے یہ بھی تحقیق کیا ہے کہ جسمانی خدوخال کے اوپر روشنی کا یہ آدمی یا روشنی کا یہ ہیولا کچھ دیر تک قائم رہتا ہے مثلاً ایک آدمی کسی جگہ کچھ دیر کے لئے بیٹھا یا کھڑا رہا اور وہاں سے چلا آیا وہ آدمی یا وہ پرندہ یا وہ چوپایا جس جگہ بیٹھا یا کھڑا رہا وہاں اس کا ہیولا چند سیکنڈ تک قائم رہتا ہے۔

سائنس کی تحقیق سے الگ ہو کر کچھ مشاہدات ایسے ہیں جو ہر آدمی کی زندگی میں داخل ہیں۔ مثلاً یہ کہ دو آپس میں ملنے والے دل یا جسم جدائی سے بے حال ہیں اور فراق کی گھڑیاں گن گن کر گزارتے ہیں۔ جب ملتے ہیں تو ہر دو افراد کو یہ محسوس ہوتا ہے کہ ان کے جسم میں ایک کرنٹ سا دوڑ گیا ہو، چونکہ یہ بات عام زندگی کا معمول نہیں ہے اس لئے آدمی اس کو ایک اتفاق یا بہت سی دوسری باتوں کی طرح انہونی کہہ کر گزر جاتا ہے۔ جب کوئی باپ یا کوئی ماں اپنے چھوٹے بچے کو سینے سے لگا کر ایک محویت کے عالم میں ذہنی طور پر یکسو ہو جائے۔ تو محسوساتی طریقے پر آدمی یہ قبول کرتا ہے کہ بچے کے جسم کے اندر سے کوئی چیز نکل کر ماں یا باپ کے سینے میں جذب ہو رہی ہے بعض مرتبہ یہ کیفیت اتنی شدید ہوتی ہے کہ والدین کے اوپر ایک خمار کی سی کیفیت طاری ہو جاتی ہے۔

یہ ایک ایسی کیفیت ہے جس سے کوئی حلیم الطبع آدمی انکار نہیں کر سکتا۔ سوال یہ ہے کہ بچے کے اندر وہ کونسی شئے ہے یا کونسی صفت ہے یا وہ کیا حرکت ہے جو سینے پر لٹانے کے بعد والدین کے جسم کے اندر اترتی ہوئی محسوس ہوتی ہے؟ یہ وہی روشنی ہے جو روشنی اپنے پورے خدوخال کے ساتھ اپنے پورے جسمانی اعضاء کے ساتھ کائنات کے ہر فرد کے جسم کے اوپر ہر آن، ہر لمحہ ہمہ وقت موجود ہے۔ یہی وہ کیفیت ہے یا وہی روشنیاں ہیں جن روشنیوں کو کیمرے کے لینس نے محفوظ کر کے دکھادیا ہے۔

ہماری بدنصیبی یہ ہے کہ ہم ایک ایسی قوم ہیں کہ جو چیزیں ہمہ وقت ہمارے سامنے آتی ہیں ہم ان کے اوپر بھی غور و تفکر نہیں کرتے۔ مخلوق کے اوپر روشنیوں کے اس غلاف کا تذکرہ قرآن پاک میں واضح طور پر بیان کیا گیا ہے۔ ہم نے کبھی قرآن میں تفکر نہیں کیا۔ جب باہر سے کوئی چیز ہمیں ملی تو ہم اس کی طرف متوجہ ہو گئے۔ زبان سے ہم یہ کہتے ہیں کہ مسلمان قوم ہی اشرف المخلوقات کہلانے کی مستحق ہے۔ عمل ہمارا ایسا ہے کہ ہم چوپایوں کی صف میں کھڑے ہونے کے قابل نہیں ہیں۔ ہم کہتے ہیں کہ عیسائی، یہودی،



Marfat.com

سو گئے آپؐ جو دیوار کے سائے آ کر
چکی کا پاٹ یہودی نے گرایا اُن پر
سخت گرمی کی تمازت سے وہ بچنے کے لیے
اس قلعے کی کسی دیوار کے پاس آ بیٹھے
اس میں پچاس مسلمان ہوئے تھے زخمی
پھر بھی یہ جنگ مسلمانوں نے ہی جیتی تھی
بعد ناعم کے قلعے اور فتح کر ڈالے
پھر مسلمان قموص کے قلعے پر آئے
اس مہم پر جو بھی ذیشان صحابہؓ آئے
اُن کو سردارِؐ مدینہ ہی روانہ کرتے
بیس دن اس کو تو گھیرے میں لیے رکھا تھا
یہ کسی حال میں چونکہ نہ فتح ہوتا تھا
آخرکار نبیؐ پاک کا ارشاد آیا
کل علم اُس کو ملے گا جو کہ ہوگا ایسا

Marfat.com

ہندو دوزخی ہیں۔ اس کے باوجود کہ ہم انہیں دوزخی کہتے ہیں ہم ان کے محتاج ہیں۔ ہم ان کی تحقیق اور ان کی ایجادات سے فائدہ اٹھاتے ہیں۔ دنیا میں اگر کوئی قوم یا فرد ان لوگوں کی تحقیق سے اور ان لوگوں کی ایجادات سے فائدہ نہ اٹھائے تو وہ فرد دنیا میں چیونٹی سے کم حیثیت شمار کیا جائے گا اور اس کا اقوام عالم سے رشتہ ٹوٹ جائے گا۔

دوزخی کی تعریف یہ ہے کہ وہ ذلیل و خوار ہو، دوزخی کی تعریف یہ ہے کہ وہ مفلوک الحال ہو، دوزخی کی تعریف یہ ہے کہ وہ غلام ہو، محکوم ہو، بڑی عجیب بات ہے کہ جن لوگوں کو ہم دوزخی کہتے ہیں وہ مفلوک الحال نہیں ہیں۔ بزعم خود ہم جنّتی لوگ ان کے دست نگر ہیں۔ جن لوگوں کے بارے میں ہم یہ سمجھتے ہیں کہ وہ دوزخ کا ایندھن ہیں ہم ان کی ایجادات سے فائدہ اٹھاتے ہیں۔

یہ کہنا کہ کون دوزخی ہے، کون جنّتی ہے یہ اللہ ہی جانتا ہے۔ لیکن کھلی آنکھوں سے جو چیز نظر آرہی ہے وہ یہ ہے کہ محکومی، محتاجی، دست نگری اور احساس کمتری جیسی صِفات آج مسلمان قوم میں موجود ہیں اور یہ صِفات مسلمان قوم میں اس لئے موجود ہیں کہ وہ کلمہ ضرور پڑھتی ہے لیکن اس کا کلمہ پڑھنا یقین کے دائرے میں داخل نہیں ہوا۔ ہر آدمی ہر مسلمان جو کچھ کہتا ہے عمل اس کے خلاف کرتا ہے۔ کہتا یہ ہے کہ میں موحد ہوں شرک نہیں کرتا۔ عمل یہ ہے کہ دولت کی پرستش کرتا ہے۔ ایسی چیز کی پرستش کرتا ہے جس کے بارے میں حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے عذاب الیم کی بشارت دی ہے۔ کہتا یہ ہے کہ میں مسلمان ہوں یعنی سلامتی میرا مسلک ہے۔ عمل یہ ہے کہ ہر آدمی اختلافی مسائل میں اور فروعی باتوں میں پھنسا ہوا ہے، فرقے ہیں کہ بنتے چلے جارہے ہیں۔ ہر آدمی خود کو جنّتی دوسروں کو دوزخی کہتا ہے۔ حالانکہ کسی فرقے کے پاس اس بات کی سند نہیں ہے کہ وہ جنّتی ہے اور نہ وہ یہ دعویٰ کرسکتا ہے کہ میں دوزخی ہوں۔ یہ ساری باتیں کیوں ہیں؟

یہ سب اس لئے ہیں کہ مسلمانوں نے اپنا مقام نہ پہچاننے کی گویا قسم کھالی ہے۔ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ ہم نے مسلمانوں کو ایمان والوں کو کائنات میں فضیلت بخشی اور ہمارا یہ حال ہے کہ ہم کائنات میں تو دور کی بات ہے زمین کے چھوٹے سے کرہ پر ذلیل وخوار ہیں۔ کیا اللہ تعالیٰ نے ہمیں سوچنے سمجھنے تفکّر کرنے اور نت نئی ایجادات کرنے کی صلاحیتوں سے محروم کردیا ہے؟ کیا ہمارے اوپر پہرے لگادیئے گئے ہیں کہ ہم اللہ تعالیٰ کی تخلیق میں تفکّر نہ کریں؟

قُرآن تو اس بات کی دعوت دے رہا ہے کہ تفکّر کرو۔ اشیائے کائنات کی ماہیّت میں ڈوب جاؤ اور دیکھو کہ کائنات کی اشیاء میں اللہ تعالیٰ کی کون کون سی صِفات کام کررہی ہیں۔ رسُول اللہ ﷺ کی اُمّت کی حیثیّت سے اُمّت مسلمہ پر لازم ہے کہ غور و فکر کی تعلیمات اور سنّت پر عمل پیرا ہوکر شعوری ارتقاء اور ذہنی وسعت حاصل کرے۔ غار حرا کی سنّت اُمّت مسلمہ کے لئے اس بات کا پیغام ہے کہ باطن میں موجود انوار و تجلّیات کی روشنیوں کو تلاش کرکے ان کے اندر تفکّر کیا جائے۔

جس قوم سے تحقیق، تلاش اور ایجادات نکل جاتی ہیں وہ تباہ و برباد ہوجاتی ہے۔ علِم اُمّت مسلمہ کا ورثہ ہے۔ قُرآن یہ بھی کہتا ہے کہ جو قومیں اپنی تبدیلی نہیں چاہتیں وہ زمین پر بوجھ بن جاتی ہیں۔ وہ محکوم اور غلام بن کر زندگی گزارتی ہیں۔ مسلمانوں کا دعویٰ یہ ہے کہ رسُول ﷺ ہمارے ہیں۔ کتاب ہماری ہے۔ اللہ ہمارا ہے اور ہم کائنات پر حاکم بنائے گئے ہیں۔ لیکن آج ہمارا جو حال ہے وہ سب کے سامنے ہے۔



Marfat.com

جس کے ہاتھوں پہ فتح ہو گی ہے کہنا میرا
جو نبیؐ اور رسولؐ کو چاہتا ہو گا
سارے احبابؓ نبی پاک جو حیراں ٹھہرے
رات بھر سوچا کہ ہے کون جو ذیشاں ٹھہرے
کس کے ہاتھوں میں حضورؐ اپنا علم دے دیں گے
جن سے نصرت کی تمنا ہے وہ انساں ہوں گے

## فاتح خیبر

فتح کا فخر کسی اور کے سر پر ہو گا
بیس دن بعد کسی اور کی قسمت میں تھا
دفعتاً صبح کو آواز نبیؐ کی آئی
نبیؐ اقدس نے یہ پوچھا کہ کہاں پر ہیں علیؓ
ایسی آواز کی ہرگز نہ توقع کی تھی
تھیں جو آشوب میں چشمان علیؓ حیدر کی

Marfat.com




Marfat.com

سن کے آواز علیؑ آپؐ کی جانب آئے
تھے نبیؐ پاک کی رحمت کے علیؑ پہ سائے
آپؐ نے آنکھوں میں حیدرؑ کی لعاب ڈالا
آنکھوں میں نور سمٹ آیا جو پہلے نہ تھا
وہ جو آشوب تھا آنکھوں میں وہ رہتا کیسے
ہوگئیں ویسی کہ تھیں ان کی جو آنکھیں پہلے
جو سیہ رنگ کا پرچم تھا نبیؐ اقدس کا
دستِ اطہر سے علیؑ شیر نے پرچم تھاما
پھر نبیؐ پاک نے فرمایا سکوں سے جاؤ
دعوتِ دینِ رسالت کی ذرا دو اُن کو
آپؓ کے کہنے سے گر کوئی مسلماں ہوگا
سرخ اونٹوں سے یہ دولت ہے بہت ہی اعلیٰ
گیٹ پہ القموص کے وہاں آتے ہی
آپؐ نے دعوتِ توحید انہیں پیش کی

Marfat.com



Marfat.com

انہوں نے لشکر اسلام پہ پتھر پھینکے
تیر و تلوار سے بھی وار بہت کر ڈالے
مرحب قلعہ کے دروازے سے نکل کر آیا
سر پہ تھا باندھے ہوئے زرکد وہ رنگ کا ڈھاٹا
اُس پہ اک خود جو پتھر کا تھا ڈالے آیا
رجز پڑھتے ہوئے حملہ وہ تھا کرنے نکلا
جانتے ہیں یہ سبھی لوگ کہ مرحب ہوں میں
اسلحہ پوش ہوں میں اور مجرب ہوں میں
اس کے بدلے میں کہا آپؓ نے یوں مرحب سے
سن کے یہ رجز ہوئے کان کھڑے مرحب کے
میری ماں نے ہے رکھا نام میرا حیدرؓ ہوں
اور ہیبت میں کچھار کا میں اک شیر ہوں
وار کرنے کے لیے آپ پر مرحب آیا
آپؓ کے حسن تدبر سے نہ کچھ کر پایا

Marfat.com

بحیثیت رب اللہ تعالیٰ سب کے رب ہیں۔ بارش جب برستی ہے تو تمام زمین پر برستی ہے کسی مخصوص کھیت پر یا کسی مخصوص کیاری پر یا کسی مخصوص ٹکڑے پر بارش نہیں برستی۔ جس زمین پر کسان ہل چلا دیتا ہے، بیج ڈال دیتا ہے وہاں بیج کی نشوونما ہو جاتی ہے۔ اللہ تعالیٰ بحیثیت رب کے تمام عالم کے رب ہیں۔ بحیثیت ربوبیت کے اللہ تعالیٰ کا فیض، اللہ تعالیٰ کے انعامات، اللہ تعالیٰ کی رحمتیں، اللہ تعالیٰ کے علوم عام ہیں۔ بات وہی ہے کہ جب کوئی قوم کوئی فرد تفکّر کرتا ہے اور اپنی صلاحیتوں کو گہرائی میں استعمال کرتا ہے تو اسے خصوصیت حاصل ہو جاتی ہے۔ بارش کی مثال آپ کے سامنے ہے۔ زمین کی کوکھ کو جب کسان کھول دیتا ہے یعنی زمین کے اندر میں وہ ایسی صلاحیت پیدا کر دیتا ہے کہ باہر سے کوئی چیز آئے تو اس میں محفوظ ہو جائے تو بارش کے قطرے گہرائی میں جذب ہو جاتے ہیں جس کے نتیجے میں پھول کھلتے ہیں، پھل لگتے ہیں، سایہ دار درخت اُگتے ہیں۔ یہ اللہ تعالیٰ کا ایک قانون ہے۔ جب تک کوئی قوم کوئی فرد اپنے اندر کے اندر داخل ہو کر اپنی چھپی ہوئی صلاحیتوں کو نہیں کریدتا وہ صلاحیتوں سے فائدہ نہیں اٹھا سکتا۔ سائنس دانوں نے MATTER یا مادہ کے اندر تفکّر کیا۔ اپنے ذہن کی گہرائی سے مادہ کی گہرائی کو تلاش کر کے اس کے اوپر اللہ تعالیٰ کی صفات کے چھپے ہوئے پرَت کو ادھیڑا تو نتیجے میں اس ایک شئے کی طاقت کو حاصل کر لیا۔ یہ ایک مربوط نظام ہے جو ازل سے قائم ہے اور ابد تک قائم رہے گا۔ جتنے پیغمبرؑ تشریف لائے سب نے یہ بات نوعِ انسانی کے ذہنوں میں نقش کرنے کی کوشش کی کہ آدم زاد ایک طرف گوشت پوست کے وجود میں قید ہے اور دوسری طرف اس کے اندر ایسی صلاحیتیں چھپی ہوئی ہیں جو بیدار ہو جائیں تو کائنات اس کے لئے مسخر ہو جاتی ہے جب تک قوم اختلافی اور لایعنی باتوں کو چھوڑ کر تفکّر اور تحقیق کو اپنا شعار نہیں بنائے گی اور اللہ تعالیٰ کی نشانیوں میں غور و فکر نہیں کرے گی، نہ اِس دنیا میں عزّت و احترام حاصل کر پائے گی نہ اُس دنیا میں۔


حوالہ جات:

1۔ کتاب "صدائے جرس" از الشیخ خواجہ شمس الدین عظیمی، باب 9 کروڑ میل، صفحہ نمبر 152

2۔ کتاب "کشکول" از الشیخ خواجہ شمس الدین عظیمی، موضوع 65، صفحہ نمبر 78

3۔ کتاب "کشکول" از الشیخ خواجہ شمس الدین عظیمی، موضوع 211، صفحہ 153

4۔ کتاب "توجیہات" از الشیخ خواجہ شمس الدین عظیمی، موضوع ترقی اور تنزل، صفحہ 171 تا 173

5۔ کتاب "کشکول" از الشیخ خواجہ شمس الدین عظیمی، موضوع 235، صفحہ نمبر 165

6۔ کتاب "کشکول" از الشیخ خواجہ شمس الدین عظیمی، موضوع 54، صفحہ نمبر 67

7۔ کتاب "معرفتِ عشق" از سیّدہ سعیدہ خاتون عظیمی، باب خواب اور زندگی، صفحہ نمبر 258 تا 259

8۔ کتاب "کشکول" از الشیخ خواجہ شمس الدین عظیمی، موضوع 219، صفحہ نمبر 157

9۔ کتاب "معرفتِ عشق" از سیّدہ سعیدہ خاتون عظیمی، باب رُوحانی شعور، صفحہ نمبر 206 تا 207

10۔ کتاب "ذات کا عرفان"، از الشیخ خواجہ شمس الدین عظیمی، باب مسلمان اور تسخیر کائنات، صفحہ نمبر 212 تا 215

11۔ کتاب "معرفتِ عشق" از سیّدہ سعیدہ خاتون عظیمی، باب رُوحانی شعور، صفحہ نمبر 207 تا 209




Marfat.com

پھر جو تلوار سے اک وار کیا حیدرؓ نے
ایک ہی ضرب سے سر پھاڑ دیا حیدرؓ نے
جونہی کفار نے آواز سنی ضربت کی
تھے وہ لاچار ذوالفقار کی یہ ہیبت تھی
لاشِ مرحب کو زمیں پر وہ تڑپتے دیکھا
ان کی افواج تلک جونہی تڑاکا پہنچا
ساری ہی فوج اُدھر شیر خدا پر ٹوٹی
ان پہ تلوارِ علیؓ بجلی کے جیسے گرتی
آپؓ کی ڈھال جونہی کٹ کے زمیں پر آئی
پھر تھی گھمسان کی یہ جنگ فلک نے دیکھی
قلعے کا آپؓ نے دروازہ گرایا ایسے
اک کواڑ آپؓ نے پھاٹک کا اُٹھایا اُس سے
کام پھر اُس سے لیا ڈھال کا یوں ہمت سے
سارا خیبر تھا جو مرعوب ہوا ہیبت سے

Marfat.com

موضوع 35/84

# حقوقِ نسواں

# WOMEN RIGHTS

## سُوْرَةُ النِّسَآءِ (WOMEN)

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ اتَّقُوْا رَبَّكُمُ الَّذِيْ خَلَقَكُمْ مِّنْ نَّفْسٍ وَّاحِدَةٍ وَّخَلَقَ مِنْهَا
زَوْجَهَا وَبَثَّ مِنْهُمَا رِجَالًا كَثِيْرًا وَّنِسَآءً ۚ وَاتَّقُوا اللّٰهَ الَّذِيْ تَسَآءَلُوْنَ بِهٖ
وَالْاَرْحَامَ ۭ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلَيْكُمْ رَقِيْبًا ①

ترجمہ: لوگو اپنے پروردگار سے ڈرو جس نے تم کو ایک شخص سے پیدا کیا یعنی اوّل اس سے اس کا جوڑا بنایا پھر ان دونوں سے کثرت سے مرد و عورت پیدا کر کے روئے زمین پر پھیلا دیئے۔ اور اللہ سے ڈرو جس کے واسطے سے تم ایک دوسرے سے حقوق کا مطالبہ کرتے ہو اور قطع رحمی سے بچو۔ کچھ شک نہیں کہ اللہ تمہیں دیکھ رہا ہے۔

*O mankind! Be careful of your duty to your Lord Who created you from a single soul and from it created its mate and from them twain hath spread abroad a multitude of men and women. Be careful of your duty toward Allah in Whom ye claim (your rights) of one another, and toward the wombs (that bare you ). Lo! Allah hath been a atcher over you.*

## خواتین کے حقوق:

مفہوم یہ ہے کہ مرد اور عورت ایک ہی چشمہ کی دو نہریں ہیں۔

اسلام سے قبل عورتوں کی حیثیت یہ تھی کہ مرد اسے اپنی میراث سمجھتا تھا۔ عورت کی رضامندی یا مشورے کا کوئی تصور نہیں تھا۔ مرد جہاں چاہے عورت کو فروخت کر دیتے تھے۔

اسلام نے عورت کا مردوں کی میراث ہونے کے تصور کو ختم کر دیا۔ قرآنی احکامات کے مطابق قیامت کے دِن مرد اور عورت یکساں ہونگے۔ جزا یا سزا سب کو ان کے اعمال کے مطابق ملے گی۔



Marfat.com

بیس دن بعد قلعہ تھا یہ فتح ہو پایا
اور خیبر کا علاقہ بھی فتح کر ڈالا
جنگی طاقت بھی یہود کی تباہ کر ڈالی
شان و شوکت کی فتح تھی یہ بہت ہی عالی
اس سے دروازے کھلے سارے فتوحات کے
پھر زمیں بوس ہوئے محل بھی حرکات کے
پندرہ اصحابؓ محمدﷺ نے شہادت پائی
تھی ترانوے یہودیوں کو دوزخ بھائی

## خیبر کا انتظام

طے ہوا تھا کہ یہود نہ یہاں رہ پائیں
نکلیں خیبر سے کہیں اور ہی چلتے جائیں
اس پہ یہود سبھی بولے ہمیں رہنے دیں
یہ زمیں اور یہ باغات بھی ہم کو دے دیں

Marfat.com

اَلرِّجَالُ قَوّٰمُوْنَ عَلَى النِّسَآءِ بِمَا فَضَّلَ اللّٰهُ بَعْضَهُمْ عَلٰى بَعْضٍ وَّ بِمَآ اَنْفَقُوْا مِنْ اَمْوَالِهِمْ ؕ

مَرد حاکم ہیں عورتوں پر اس واسطے کہ بڑائی دی اللہ نے ایک کو ایک پر اور اس لئے کہ خرچ کئے انہوں نے اپنے مال۔
(سورۃ النساء، پارہ 5، آیت 34)

اِسلام نے مَرد کو جو برتری دی ہے وہ صرف اس لئے ہے کہ مَرد کو خاندان کا سربراہ و کفیل بنایا گیا ہے۔ وہ بھی اس لئے کہ اللہ تعالیٰ نے اس کو جسمانی طور پر عورتوں سے زیادہ طاقت دی ہے۔ لیکن بہت سے حالات میں عورت وہ کچھ کرتی ہے جو مَرد نہیں سکتا۔ مثلاً نو مہینے بچے کو پیٹ میں غذا فراہم کرنا۔ پیدائش کے بعد سوا دو سال تک دودھ پلانا۔ بزرگ خواتین و حضرات تسلیم کرتے ہیں کہ ایک بچے کا کام چار بڑے آدمیوں کے برابر ہوتا ہے۔

وَوَصَّيْنَا الْاِنْسَانَ بِوَالِدَيْهِ ۚ حَمَلَتْهُ اُمُّهٗ وَهْنًا عَلٰى وَهْنٍ وَّ فِصٰلُهٗ فِيْ عَامَيْنِ اَنِ اشْكُرْ لِيْ وَ لِوَالِدَيْكَ ؕ اِلَيَّ الْمَصِيْرُ ﴿۱۴﴾

اور ہم نے اِنسان کو جسے اسکی ماں تکلیف پر تکلیف سہہ کر پیٹ میں اُٹھائے رکھتی ہے پھر اسکو دودھ پلاتی ہے اور آخر کار دو برس میں اس کا دودھ چھڑانا ہوتا ہے میں نے تاکید کی ہے کہ میرا بھی شکر کرتا رہ اور اپنے ماں باپ کا بھی کہ تمکو میری ہی طرف لوٹ کر آنا ہے۔
(سورۃ لقمان، پارہ 21، آیت 14)

اِسلام نے عورت کو حق دیا کہ وہ انفرادی طور پر کاروبار اور معاشرتی روابط قائم کر سکتی ہے۔ جائیداد رکھ سکتی ہے۔ غرض ہر وہ کام کر سکتی ہے جو مَرد کر سکتا ہے۔ صحابیاتؓ اور دیگر معروف مسلمان خواتین کے واقعات سے ثابت ہوتا ہے کہ انہوں نے ملازمت، کاروبار، زراعت، تبلیغ، طب، فوج اور دیگر تمام شعبوں میں آزادانہ کام کیا ہے۔

دور جاہلیت میں عورت کو کمزور، لاغر، بیوقوف اور ناقص العقل کہا جاتا تھا اور شادی کے معاملے میں والدین یا ولی کی رضامندی ضروری سمجھی جاتی تھی۔ اِسلام نے جہاں ماں باپ کی وراثت اور زندگی کے دیگر شعبوں میں عورت کے حقوق متعین کئے ہیں وہاں شادی جیسے اہم مسئلے پر بھی اس کی رائے اور رضامندی کو نظر انداز نہیں کیا۔ اگر ایک عاقل اور بالغ لڑکی برضا و رغبت شادی کے لئے رضامند نہ ہو تو شادی نہیں ہو سکتی۔

حضرت ابو ہریرہؓ کہتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا کہ کنواری عورت سے نکاح کے معاملے میں اجازت حاصل کی جائے اگر دریافت کرنے پر وہ خاموش رہے تو اسی کو اس کی اجازت سمجھا جائے اور اگر انکار کرے تو اس پر جبر نہیں کرنا چاہئے۔ (ترمذی، ابو داؤد، نسائی، دارمی)

حضرت ابن عباسؓ کہتے ہیں کہ ایک کنواری لڑکی نے نبی کریم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہو کر عرض کیا کہ اس کے باپ نے اس کا نکاح کر دیا ہے وہ اس نکاح سے ناخوش ہے۔ آپ ﷺ نے اسے نکاح ختم کرنے کا اختیار دے دیا۔ (ابو داؤد)

حضرت خنساء بنتِ خدامؓ کہتی ہیں کہ وہ بیوہ تھیں ان کے والد نے ان کا نکاح کر دیا وہ اس نکاح سے ناخوش تھیں۔ انہوں نے نبی کریم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہو کر اس کے متعلق عرض کیا۔ آپ ﷺ نے وہ نکاح رد کر دیا۔ (بخاری)



Marfat.com

پیداوار کا نصف حصہ آپؐ کو دیں گے
اور جو آپؐ ہمیں دیں گے وہی ہم لیں گے
آپؐ نے ان کی یہ تجویز قبول کر لی
قبضے میں اُن کے ہر اک چیز ہی رہنے دی تھی
جونہی خیبر کی زمینوں کے اناج پکتے
طیبہ سے حضرتِ عبداللہ ہی لینے آتے
وہ کھجوروں کے اناجوں کے دو حصّے کرتے
اُن کو جو حصّہ پسند آتا انہیں دے دیتے
سونا چاندی بھی تو شامل تھا صلح نامے میں
جو یہودیوں کے ہے پاس سبھی وہ دے دیں
کوئی بھی چیز چھپانے کی ضرورت نہ تھی
جو حیوانوں پہ لدا رکھی وہ ہر شے اُن کی
حیی اخطب کا جو تھیلا تھا چھپا بیٹھے تھے
سونا چاندی یہ جلاوطنی پہ بھر لائے تھے

Marfat.com

حضرت ابن عباسؓ کہتے ہیں کہ بریرہؓ کا شوہر ایک نحیف سیاہ فام غلام تھا۔ وہ مدینہ کی گلیوں میں روتا ہوا بریرہؓ کے پیچھے پیچھے پھرتا تھا، آنسوؤں سے اس کی داڑھی بھیگ جاتی تھی۔ نبی کریم ﷺ نے ایک روز فرمایا:

"عباسؓ! کیا تمہیں اس پر تعجب اور حیرت نہیں ہے کہ مغیث، بریرہ کو چاہتا ہے اور بریرہ اس سے نفرت کرتی ہے؟"

پھر آپ ﷺ نے بریرہ سے فرمایا:

"بریرہ! کاش تو رجوع کر لیتی" یعنی مُغیث سے دوبارہ نکاح کر لیتی۔

بریرہؓ نے عرض کیا:

"یارسول اللہ ﷺ! کیا آپ ﷺ مجھے حکم دیتے ہیں؟"

آپ ﷺ نے فرمایا کہ: "میں حکم نہیں دیتا سفارش کرتا ہوں۔"

بریرہؓ نے عرض کیا: "مجھے اس کی ضرورت نہیں۔" (بخاری)

زمانہ جاہلیت میں مَرد کھڑے کھڑے تین دفعہ طلاق کے الفاظ کہہ کر اپنی بیوی کو علیحدہ کر دیتا تھا۔ اِسلام نے اس طریقے کو ختم کر کے ایک لائحہ عمل بنایا کہ میاں بیوی کے درمیان جھگڑے کی صورت میں دونوں کے خاندانوں میں سے ایک ایک ثالث مقرر کیا جائے۔ اور وہ ان میں صلح کرانے کی کوشش کریں۔ اگر کامیاب نہ ہوں تو پھر تین وقفوں سے طلاقیں دی جائیں۔

اِسلام نے طلاق کی اجازت شدید ضرورت میں دی ہے۔ حضرت ابن عمرؓ سے روایت ہے کہ آپ ﷺ نے فرمایا:

"اللہ کے نزدیک حلال اعمال میں سے سب سے زیادہ ناپسندیدہ عمل طلاق ہے۔" (ابوداؤد۔ ابن ماجہ)

حضرت محمود بن لبیدؓ کہتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ کو بتایا گیا کہ ایک شخص نے اپنی بیوی کو تین طلاقیں ایک ساتھ دی ہیں۔ آپ ﷺ غضبناک ہو کر کھڑے ہو گئے اور فرمایا:

"کیا خدا کی کتاب کے ساتھ کھیل کرتے ہو؟ حالانکہ میں تمہارے درمیان موجود ہوں۔" (نسائی)

"عورت کو طلاق نہ دو کیونکہ اللہ ایسے مَردوں کو پسند نہیں کرتا جو بھونرے کی طرح پھول پھول کا مزہ چکھتے پھریں۔" (الفصاحت)

شیطان اپنے گروہ میں سب سے اچھا اسے مانتا ہے جو میاں بیوی میں تفریق کرا دے۔ (مشکوۃ)



Marfat.com

اس کے بارے میں جو پوچھا تو یہودی بولے
جنگوں میں جھونک دیے ہم نے وہ پیسے سارے
اللہ نے اپنے محمد ﷺ پہ وحی بھیجی تھی
جس جگہ پر تھا پڑا تھیلا جگہ وہ پالی
چکی کا پاٹ گرایا تھا یہودی جس نے
قتل کر ڈالا تھا محمودؓ کے وہ بدلے سے

## حضورؐ کو زہر دیا گیا

اہلِ خیبر کو محبّت سے نوازا کرتے
چند ایّام نبیؐ پاک وہاں پہ ٹھہرے
یہ خباثت سے بھری قوم تو بدباطن تھی
ایک دن آپؐ کی دعوت تھی یہودن نے کی
ابن مشکم سلام کی منافق بیوی
زہر آلود تھی ہنڈیا جو پکا بیٹھی تھی

Marfat.com

موضوع 84/ 36

## نفسِ واحدہ

## سُوْرَۃُ النِّسَآءِ (WOMEN)

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

الَّذِیْ خَلَقَکُمْ مِّنْ نَّفْسٍ وَّاحِدَۃٍ

ترجمہ: وہی ہے جس نے تمہیں تخلیق کیا ہے نفس واحدہ سے۔

*(Lord) Who created you from Nafsin Wahida*

### نسبتِ وحدت:

اللہ تعالیٰ جب تخلیق کا تذکرہ فرماتے ہیں اور اپنی خالقیت کا اعلان کرتے ہیں تو یہ کہتے ہیں" وہی ہے جس نے تمہیں تخلیق کیا ہے نفس واحدہ سے" ۔ تصوف میں اسکا اِصطلاحی نام نسبت وحدت ہے اور اس کو ایک نقطہ سے تشبیہ دی جاسکتی ہے جس میں تمام کائنات بند ہے۔

بادی النظر ہم غور کرتے ہیں کہ نفس واحدہ کیا چیز ہے تو عام طرزوں میں یہ کہہ دیا جاتا ہے نوع اِنسانی آدم سے پیدا ہوتی ہے یعنی نفس واحدہ سے مراد آدم ہے۔ یہ طرزِ فکر یا تاویل درست نہیں اس لئے کہ جب آدم کا تذکرہ آتا ہے تو اللہ تعالیٰ کے ارشاد کے مطابق آدم کا پتلا سڑی مٹّی سے تخلیق ہوا حقیقت میں نفس واحدہ جس کے بارے میں ارشاد باری تعالیٰ کہ ہم نے تمہیں نفس واحدہ سے تخلیق کیا ہے وہ نقطہ ہے جو ساری کائنات کی بنیاد ہے اور اس نقطہ میں کائنات کا ایک ایک ذرہ ریکارڈ ہے کوئی چیز اس سے باہر نہیں ہے ضرورت اس بات کی ہے کہ آدمی اپنے اندر موجود اس نقطہ سے واقف ہو جائے اور اس کی نگاہ اس نقطہ کے اندر کام کرنے لگے۔

اسی نقطہ کے بارے میں حضور اکرم ﷺ کا ارشاد ہے، "جس نے اپنے نفس کو پہچان لیا اس نے اپنے رب کو پہچان لیا"۔ اللہ تعالیٰ کے فرمان اور حضور اکرم ﷺ کے ارشاد پر تفکّر کیا جائے تو اس کے معانی اور مفاہیم اپنی پوری توانائیوں کے ساتھ ہمارے سامنے آتے ہیں اور ہم ان دونوں میں باہمی ربط موجود پاتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ ہم نے تمہیں تخلیق کیا نفس واحدہ سے اور مشکل یہ آن پڑی ہے کہ جب عرفان نفس کا کوئی مسئلہ سامنے آتا ہے تو ہم ان قرآنی آیات کو جس میں عرفان نفس کے متعلق واضح اور روشن ہدایات موجود ہیں متشابہات کہہ کر گزر جاتے ہیں، حالانکہ اس کتاب میں کسی قسم کے شک کی کوئی گنجائش نہیں خود اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے کہ یہ کتاب میں کسی قسم کے شک کی گنجائش نہیں ان لوگوں کو ہدایت بخشتی ہے جو متّقی ہیں اور متّقی وہ لوگ ہیں جو غیب پر ایمان رکھتے ہیں



Marfat.com

آپؐ نے ایک نوالہ ہی تھا منہ میں ڈالا
پھر وہیں کھانے سے ہاتھ اپنا نبیؐ نے کھینچا
زہر اس گوشت میں ڈالا ہے وہ بوٹی بولی
اس کے کھانے سے بشیرؓ نے شہادت پائی
سیر ہو کر تھا صحابیؓ نے وہ کھانا کھایا
گوشت کھانے سے تھا پھر منہ کو کلیجہ آیا
آپؐ نے پوچھا یہ زینب سے زہر تھا اس میں
جھٹ سے وہ بولی کہ ہاں زہر ہے ڈالا اس میں
جس نے ہنڈیا میں زہر ڈالا یہی زینب تھی
کس قدر چال بری سوچ تھی ملعونہ کی
ہیں اگر آپؐ نبیؐ آپؐ نے کھانا کھاتے
ورنہ پھر آپؐ سے ہم سارے نجّات پاتے
دعوتی کھانا شہادت کی وجہ چونکہ تھی
اس کے بدلے میں ہی زینب کی بھی گردن کاٹی

Marfat.com

یعنی غیب ان کے مشاہدے میں ہوتا ہے ان حضرات کی ایک تعریف یہ بھی ہے کی ان کی عام طرزِ فکر یہ ہوتی ہے کہ وہ کہتے ہیں کہ ہم اس بات پر ایمان رکھتے ہیں یہ بات ہمارا یقین ہے یعنی یہ بات ہمارے مشاہدے میں ہے کہ ہر بات، ہر کام، ہر عمل، ہر حرکت خواہ وہ ابتدا ہو یا انتہا ظاہر ہو یا چھپی ہوئی سب اللہ کی طرف سے ہے مطلب یہ کہ کسی چیز کے عمل درآمد ہونے میں براہِ راست اللہ تعالیٰ کی مشیت کا عمل دخل ہے۔

## لطائف:

اس سے پہلے کہ یہ تشریح کی جائے کہ لطیفہ کیا ہوتا ہے اور رُوح اور لطیفہ میں کیا ربط ہوتا ہے۔ یہ ضروری ہے کہ زندگی کی تشریح بیان کی جائے۔ جس علم میں کائنات اپنی ہر شکل وصورت میں موجود تھی اللہ تعالیٰ کے اس علم کو واجب یا عِلم القلم کہتے ہیں۔ علم القلم کو ذات کا عکس بھی کہتے ہیں۔ ذات کا عکس اللہ تعالیٰ کی ایک صِفت ہے۔ علم واجب کے بعد اللہ تعالیٰ کی صِفات ایک قدم اور تنزل کرتی ہیں تو عِلم واقعہ بن جاتی ہیں۔ یہ وہ عالم کہلاتا ہے جب اللہ تعالیٰ نے ظہور تخلیق کا ارادہ فرمایا اور لفظ "کن" کہہ کر اپنے ارادے کو کائنات کی شکل و صورت بخشی۔ دراصل ارادہ ہی ازل کی ابتداء کرتا ہے۔

ازل کے ابتدائی مرحلے میں موجودات ساکت وصامت ہیں موجودات کی شکل کو رُوحانیت کی زبان میں عِلم وحدت، کلیات یا عِلم لوحِ محفوظ کہتے ہیں۔ جب اللہ تعالیٰ کو یہ منظور ہوا کہ موجودات کا سکوت ٹوٹے اور حرکت کا آغاز ہو تو اللہ تعالیٰ نے موجودات کو مخاطب کر کے ارادہ فرمایا۔ اَلَسْتُ بِرَبِّکُمْ۔ یہ پیغام سن کر موجودات کا ہر فرد متوجہ ہو گیا اور اس میں شعور پیدا ہو گیا اور اس شعور نے "بلیٰ" کہہ کر اللہ تعالیٰ کے رب ہونے کا اعتراف کر لیا۔ یہ عالم واقعہ کی پہلی شکل تھی۔ اشیاء (موجودات) میں جب حرکت کی ابتدا ہوئی تو عالم واقعہ کی دوسری شکل میں آغاز ہو گیا۔ اس ہی شکل کو عالم مثال یا "عالم جو" کہتے ہیں۔

درج بالا تشریح سے یہ بات واضح ہوتی ہے کہ مخلوق کی ساخت میں رُوح کے تین حصے ہیں۔

### انسان کے اندر کائنات

ذات انسانی کے اندر ایک نقطہ ہے، اور یہ نقطہ کائنات کی مائیکرو فلم ہے۔ اس نقطہ کو جب پھیلنے اور نشر ہونے کا موقع دیا جاتا ہے تو ساری کائنات دماغ کی سکرین پر فلم بن کر متحرک ہو جاتی ہے۔

اس نقطہ کی ایک بھرپور مثال برگد کے درخت کے بیج سے دی جا سکتی ہے۔ برگد کا بیج خشخاش کے دانے سے بھی چھوٹا ہوتا ہے۔ جب زمین کی کوکھ ایک خاص PROCESS کے تحت اس کو حرارت پہنچاتی ہے تو بیج کے اوپر کا پرت اتر جاتا ہے اور اندر سے برگد کا درخت نمودار ہو جاتا ہے پھر اس درخت کی جسامت اتنی بڑھ جاتی ہے کہ اس کے نیچے بارا تیں تک ٹھہر جاتی ہیں اور اس کی وسعت پھر بھی برقرار رہتی ہے۔ جب خشخاش سے چھوٹے دانے میں برگد کا درخت چھپا ہوا تھا تو انسان جو اشرف المخلوقات ہے، اس کے اندر کیا کچھ نہیں چھپا ہو گا؟ فیضان قدرت عام ہے۔ جب کچھ چاہا جاتا ہے وہ ہو جاتا ہے۔ قدرت انسان کی رہنمائی میں ہر لمحہ اور ہر آن مصروف عمل ہے۔ جب ہم ایٹم تلاش کر سکتے ہیں، آواز کی لہروں کو پوری دنیا میں منتشر کر سکتے ہیں، مائیکرو فلم کی تحقیق کر سکتے ہیں تو اپنے اندر اس نقطہ سے بھی وقوف حاصل کر سکتے ہیں جس کے اندر برگد کے بیج کی طرح پوری کائنات ریکارڈ ہے۔



Marfat.com

## حضرت جعفرؓ کی حبشہ سے واپسی

فتح خیبر سے جو آقاؐ نے فراغت پائی
آپؐ کو فوری وہاں ایک ملی خوش خبری
حبشہ سے حضرتِ جعفرؓ بھی وہاں آ پہنچے
ہجرتِ حبشہ میں شامل تھے صحابیؓ آئے
آپؐ نے دیکھا جو جعفرؓ کو تو ماتھا چوما
مرحبا صلِ علیٰ آپؐ نے یوں فرمایا
فتح خیبر کی خوشی ہے یا کہ جعفرؓ تیری
واسطے تیرے ہے یہ آج محبّت ساری
گرچہ خیبر کی لڑائی میں یہ شامل نہ تھے
پر، دیا مالِ غنیمت سے برابر سب کے

## اہلِ وادی القریٰ کی صلح

درمیاں تیما کے فدک کے جو اِک وادی تھی
بستیاں اس میں تھیں آباد یہودیوں کی

Marfat.com

1۔ رُوحِ اعظم

2۔ رُوحِ اِنسانی

3۔ رُوحِ حیوانی




رُوحِ اعظم عِلم واجب (عِلم القلم) کے اجزا سے مُرکّب ہے۔ رُوحِ اِنسانی علم وحدت (عِلم لوحِ محفوظ) کے اجزاء سے بنتی ہے۔ رُوحِ حیوانی "جُو" (عالم مثال) کے اجزاء ترتیبی پر مشتمل ہے۔

رُوحِ اعظم کی ابتدا لطیفہ اخفیٰ اور انتہا لطیفہ خفی ہے۔ یہ روشنی کا ایک دائرہ ہے جس میں کائنات کی تمام غیب کی معلومات نقش ہوتی ہیں۔ یہ وہی معلومات ہیں جو ازل سے ابد تک کے واقعات کے متن حقیقی کی حیثیت رکھتی ہیں۔ اس دائرے میں مخلوق کی مصلحتوں اور اسرار کا ریکارڈ محفوظ ہوتا ہے۔ اس دائرے کو تصوف کی زبان میں ثابتہ اور عام زبان میں تحت لاشعور کہتے ہیں۔

رُوحِ اِنسانی کی ابتدا لطیفہ سری ہے اور انتہا لطیفہ رُوحی ہے یہ بھی روشنی کا ایک دائرہ ہے اس دائرے میں وہ احکامات نقش ہو رہے ہیں جو زندگی کا کردار بنتے ہیں۔ اس دائرے کا نام اعیان ہے۔ عام زبان میں اسے لاشعور بھی کہا جاتا ہے۔

تیسرا حصہ رُوحِ حیوانی کی ابتدا لطیفہ قلبی اور انتہا لطیفہ نفسی ہے۔ یہ روشنی کا تیسرا دائرہ ہے۔ اس کا نام "جوّیہ" ہے۔ عمومی لفظوں میں اسے شعور بھی کہا جاتا ہے۔

روشنی کے یہ تینوں دائرے تین اوراق کی طرح ایک دوسرے کے ساتھ پیوست ہوتے ہیں۔ ان کا مجموعی نام رُوح، امر ربی، جزو لاتجزیٰ یا اِنسان ہے۔ لطیفہ اس شکل و صورت کا نام ہے جو اپنے خدوخال کے ذریعے معنی کا انکشاف کرتا ہے۔ مثلاً شمع کی لو ایک ایسا لطیفہ ہے جس میں اجالا، رنگ اور گرمی تینوں ایک جگہ جمع ہو گئے ہیں (ان کی ترتیب سے ایک شعلہ بنتا ہے جو نظر آنے کی ایک شکل کا نام ہے) ان تین اجزاء سے مل کر دکھائی دینے والی شکل کا نام شعلہ رکھا گیا ہے۔ یہ شعلہ جن اجزا کا مظہر ہے ان میں سے ہر جزو کو ایک لطیفہ کہیں گے۔

لطیفہ نمبر 1 شعلہ کا اجالا ہے۔

لطیفہ نمبر 2 شعلہ کا رنگ ہے۔

لطیفہ نمبر 3 شعلہ کی گرمی ہے۔

ان تینوں لطیفوں کا مجموعی نام شمع ہے جب کوئی شخص لفظ شمع استعمال کرتا ہے تو معنوی طور پر اس کی مراد تینوں لطیفوں کی یکجا صورت ہوتی ہے۔

اسی طرح اِنسان کی رُوح میں چھ لطیفے ہوتے ہیں جس میں



Marfat.com

وادیٔ القریٰ اس کو کہا جاتا ہے
فتحِ خیبر سے نبیؐ پاک یہاں آئے تھے
واسطے جنگ کے آقاؐ تو نہیں آئے تھے
پر یہودی تھے کہ لڑنے کے لیے بیٹھے تھے
انہوں نے آپؐ پہ تیروں کی جو بارش کر دی
تیر لگنے سے شہادت بھی ہوئی مدعم کی
یہ غلام ایسے تھے خدمت میں رہا کرتے تھے
اونٹ سے آپؐ کجاوے کو اُٹھا رہے تھے
دعوتِ دین یہود کو نبیؐ نے دے دی
آپؐ سے لڑنے کی انہوں نے تو کی صف بندی
تیر و تلوار لیے ہاتھوں میں لڑنے آئے
وہ مسلمانوں سے لڑنے پہ بہت راضی تھے
ہو کے مجبور شروع آپؐ نے جنگ کر دی
چار دن بعد فتح آپؐ نے حاصل کر لی

Marfat.com




پہلا لطیفہ اخفیٰ ہے۔

دوسرا لطیفہ خفی ہے۔

تیسرا لطیفہ سرّی ہے۔

چوتھا لطیفہ رُوحی ہے۔

پانچواں لطیفہ قلبی ہے اور

چھٹا لطیفہ نفسی ہے۔

ان چھ لطیفوں کا مجموعی نام رُوح یا اِنسان یا امرِ ربیؐ کہلاتا ہے۔

## لطائف کی تفصیل:

یہ بات سامنے آچکی ہے کہ کائنات میں موجود ہر شے لہروں کے تانے بانے پر قائم دائم ہے اور یہ لہریں نُور کے اوپر قائم ہیں اللہ تعالیٰ کے فرمان کے مطابق زمین و آسمان اللہ کا نُور ہیں تخلیق کی ایک حیثیت نُورانی ہے دوسری حیثیت روشنی ہے ان لہروں اور تخلیق کے نُورانی وصف کو تلاش کرنے کے لئے اہل اللہ نے اِنسانی شعور کی مناسبت سے قاعدے اور ضابطے بنائے ہیں اور ایک نقطہ کو چھ حصوں میں تقسیم کر دیا ہے تاکہ ایک سالک آسانی سے سمجھ سکے۔

اس نقطے کے چھ حصوّں کو تصوّف میں لطائف ستہ یعنی چھ لطیفے کہا گیا ہے۔

## مخلوقات میں لطائف کی تعداد

ہر مخلوق میں تخلیقی امور کے اعتبار سے الگ الگ لطائف ہیں۔

| نمبر شمار | مخلوق | لطائف کی تعداد |
|---|---|---|
| 1 | جنّات | 5 |
| 2 | ملائکہ | 4 |
| 3 | اجرام سماوی | 3 |
| 4 | حیوانات | 2 |
| 5 | جمادات اور نباتات | 1 |
| 6 | انسان | 6 |



Marfat.com

دس یہودی بھی تہہِ تیغ ہوئے تھے اس میں
پر نہ اسلام کی نعمت کو وہ پائے اس میں
ایسا ہر بار نبیؐ پاک کیا کرتے تھے
دعوتِ دین مبیں اُن کو دیا کرتے تھے
اہل خیبر کی طرح آپؐ نے حامی بھر لی
جنگ خیبر کی شرائط پہ صلح بھی کر لی

## فِدک کی صلح

وادیٔ فدک میں بستے تھے یہودی سارے
اُن سے کچھ لوگ نبیؐ پاک سے ملنے آئے
عرض کی آقاؐ سے ہم کو یہ زمینیں دے دیں
ہم سے خیبر کی شرائط پہ صلح بھی کر لیں
ان کو معلوم تھے حالات قریٰ والوں کے
اور جو بیتی تھی خیبر کے یہودیوں سے

Marfat.com

## لطائف نام اور رنگ:




1۔ اخفیٰ (بنفشی Purple)

2۔ خفی (نیلگوں Blue)

3۔ رُوحی (زرد Yellow)

4۔ سِرّی (سبز Green)

5۔ قلبی (نارنجی Orange)

6۔ نفسی (سرخ Red)

فرشتوں کے 4 لطائف یہ ہیں:

1۔ رُوحی 2۔ سِرّی 3۔ قلبی 4۔ خفی

جنّات کے 5 لطائف یہ ہیں:

1۔ نفسی 2۔ قلبی 3۔ رُوحی 4۔ سِرّی 5۔ خفی

اجرام سماوی کے 3 لطائف یہ ہیں:

1۔ رُوحی 2۔ سِرّی 3۔ قلبی

حیوانات کے 2 لطائف یہ ہیں:

1۔ رُوحی 2۔ سِرّی

جمادات اور نباتات ایک لطیفہ "لطیفہ نفسی" کی مخلوق ہیں

## چار نہریں:

اِنسانی 6 لطائف کو 4 نہریں سیراب کرتی ہیں:

نہر تسوید، نہر تجرید، نہر تشہید، نہر تظہیر

## نہر تسوید:

نہر تسوید کا نزول لطیفہ اخفیٰ میں ہوتا ہے۔

## نہر تجرید:

نہر تجرید کا نزول لطیفہ سِرّی میں ہوتا ہے۔



Marfat.com

خیبر و وادی قریٰ کی زمینیں جو تھیں
تھے جو اصحابؓ وہاں آپؐ نے ان کو دے دیں
آپؐ نے وادی کے لوگوں کی خواہش سن لی
ان کی خواہش کے مطابق ہی صلح بھی کر لی
چونکہ اس وادی میں ہرگز نہ لڑائی کی تھی
نہ ہی لڑنے کے لیے فوج وہاں بھیجی تھی
وادی کی ساری زمینیں جو عطا کیں ربّ نے
وہ ہوئیں ساری ہی منسوب نبیؐ اطہر سے
قطرۂ خون بھی بہنے نہ دیا اللہ نے
نسبت ساری زمینوں کی ہوئی آقاؐ سے

## عمرۃ القضا

اپنے اصحابؓ پر آقاؐ نے کرم فرمایا
ماہِ ذیقعد میں عمرے کا عزم فرمایا

Marfat.com

## نہر تشہید:

نہر تشہید کا نزول لطیفہ قلبی میں ہوتا ہے۔

## نہر تطہیر:

نہر تطہیر کا نزول لطیفہ نفسی میں ہوتا ہے۔

پہلا لطیفہ جس کو اخفیٰ کا نام دیا گیا ہے ہر اِنسان کے اندر نقطہ واحدہ ہے۔ یہی وہ نقطہ ہے جو اللہ کا گھر ہے جس میں اللہ بستا ہے جس نقطہ کے اوپر براہ راست اللہ کی تجلّیات کا نزول ہوتا ہے۔ یہی وہ نقطہ ہے جس کے اندر داخل ہو جانے سے اِنسان کائنات کے اندر جاری و ساری نظام میں داخل ہو جاتا ہے اور کائنات کے اوپر اس کی حکومت قائم ہو جاتی ہے۔

لطیفہ اخفی اور لطیفہ خفی کے دائرے کو رُوح اعظم، نُور مطلق، نسمہ مطلق، ثابتہ کہتے ہیں۔

## لطیفہ اخفیٰ:

لطیفہ اخفی کا مقام سر کے درمیان میں ہے۔ لطیفہ اخفی کا رنگ بنفشی PURPLE ہے۔

## لطیفہ خفی:

لطیفہ خفی کا رنگ نیلا BLUE ہے۔ لطیفہ خفی کا مقام دونوں ابروؤں کے درمیان پیشانی پر ہے۔ رُوح اعظم (خفی، اخفیٰ) کو نہر تسوید ہر لمحہ سیر اب کرتی رہتی ہے۔ رُوح اعظم سے واقف بندہ اللہ تعالیٰ کی تقریباً ساڑھے گیارہ ہزار تجلّیات کا مشاہدہ کرتا ہے۔ لطیفہ اخفیٰ میں علم الٰہی کی اللہ تعالیٰ کی مصلحتوں اور اسرار و رموز کا ریکارڈ ہوتا ہے انہیں لطیفہ خفی کی روشنی میں پڑھا جا سکتا ہے۔ رُوح اعظم کو اپنے پیر و مرشد کی نظر کرم کی طرز پر متحرک کیا جا سکتا ہے۔

لطیفہ اخفیٰ + لطیفہ خفی = رُوح اعظم، نُور مطلق، نسمہ مطلق یا ثابتہ

## لطیفہ سرّی:

لطیفہ سرّی کا مقام سینے کے دائیں طرف ہے۔ لطیفہ سرّی کا رنگ سبز ہے۔ لطیفہ سرّی میں فرد کے مطلق احکامات لوحِ محفوظ کے تمثلات کی شکل میں محفوظ ہوتے ہیں۔ لطیفہ سری کے متحرک ہونے پر بندے کی نظر عالم مثال پر پڑتی ہے۔

## لطیفہ رُوحی:

لطیفہ رُوحی کا رنگ زرد YELLOW ہے۔ لطیفہ رُوحی سے متعارف کو عالم اعراف کا شعور حاصل ہو جاتا ہے۔ لطیفہ سری اور لطیفہ رُوحی کے دائرے کو رُوحِ اِنسان، نُور مرکب، نسمہ مفرد، اعیان (عین) کہتے ہیں۔ رُوح اِنسانی (لطیفہ سرّی + لطیفہ رُوحی) کو نہر تجرید ہر لمحہ سیر اب کرتی ہے۔



Marfat.com

سات ہجری تھی یہ ذیقعد کا مہینہ تھا
لے کے اصحابؓ ہوئے آپؐ عازمِ مکہ
صلح نامہ حدیبیہ میں عمرے کے لیے
طے ہوا تھا یہ کہ آئیں گے نبیؐ سال اگلے
جنگی ہتھیار وغیرہ بھی نہ ساتھ لائیں
مکّے میں آپ فقط تین ہی دن تک ٹھہریں
چونکہ کفّار کا ہرگز بھی بھروسا نہ تھا
جنگی ہتھیار لیے آپؐ چلے جو مکّہ
دو ہزار تھے مسلمان فقط ساتھ اُنؐ کے
ایک سو آپؐ کے اصحابؓ چلے گھوڑوں پے
ساٹھ وہ اونٹ بھی قربانی کے خاطر لائے
خبر کفّار کو پہنچی تو بہت گھبرائے
اس حقیقت کو سمجھنے کے لیے مکّہ سے
لوگ جلدی سے مسلمانوں سے ملنے آئے

Marfat.com

لطیفہ سِرّی + لطیفہ رُوحی = رُوحِ اِنسانی ( نسمہ مفرد اور عین )

## لطیفہ قلبی:

لطیفہ قلبی کا مقام دل ہے۔ لطیفہ قلبی کا رنگ نارنجی ORANGE ہے۔ لطیفہ قلبی میں اِنسان اپنے اعمال کا مشاہدہ کرتا ہے ان اعمال کو لطیفہ نفسی کی روشنی میں پڑھا جاتا ہے۔ لطیفہ قلبی متحرک ہونے سے اِنسان جنّات سے متعارف ہو جاتا ہے۔

## لطیفہ نفسی:

لطیفہ نفسی کا مقام ناف سے ذرا نیچے ہے۔ لطیفہ قلبی کو نہر تشہید سیراب کرتی ہے۔ مراقبہ کے ذریعہ لطیفہ نفسی کی روشنیوں میں اضافہ ہو جاتا ہے۔ لطیفہ قلبی اور لطیفہ نفسی کے دائرے کو رُوحِ حیوانی، نسمہ مُرکّب، جوّیہ کہتے ہیں۔

لطیفہ نفسی + لطیفہ قلبی = رُوحِ حیوانی، نسمہ مُرکّب، جوّیہ

دوسرا اطلاق رُوح کی وہ روشنی ہے جس کے ذریعے تمثیلات کا مشاہدہ ہوتا ہے۔ تصوّف کی زبان میں دونوں اطلاق کا مجموعی نام "تدلّی" ہے۔ تدلّی دراصل اسمائے الٰہیہ اللہ تعالیٰ کی وہ صفات ہیں جو ذات کا عکس بن کر تنزل کی صورت اختیار کر لیتی ہیں۔ یہی صفات موجودات کے ہر ذرے میں تدلّی بن کر محیط ہوتی ہے۔

پانچ لطیفوں کو چھوڑ کر آخری چھٹا لطیفہ جس کو اخفی کا نام دیا گیا ہے ہر اِنسان کے اندر نفس واحدہ ہے یہی وہ نقطہ ہے جس میں داخل ہونے کے بعد کائنات صحیح معنوں میں اِنسان کے لئے تسخیر ہو جاتی ہے۔ اور وہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد سمجھ لیتا ہے کہ " ہم نے مسخر کر دیا سب کا سب تمہارے لئے جو کچھ ہے آسمانوں میں اور زمین میں "۔ یعنی آسمانوں اور زمین میں جو کچھ ہے وہ سب کا سب تمہارا محکوم ہے اور تم اس کے حاکم ہو اس ارشاد کی مزید تفصیل یہ سامنے آتی ہے کہ ہم نے تمہارے لئے سورج کو مسخر کیا، چاند کو مسخر کیا، ستاروں کو مسخر کیا، مسخر ہونے سے یہ مطلب نکالا جاتا ہے کہ چاند اور سورج کو اللہ تعالیٰ نے ایک ڈیوٹی تفویض کی ہے اور یہ بات ان کے فرائض میں شامل ہے کہ وہ مخلوق کی خدمت کریں چاند ہو، سورج ہو، ستارے ہوں، نباتات ہوں یا جمادات پانی ہو یا گیس چرند ہوں یا پرندے اِنسان کی خدمت گزاری میں مصروف ہیں یہ سب مسخر ہونے کی تعریف میں نہیں آتا۔

مسخر ہونا کسی چیز پر حاکمیّت قائم ہونے کے معنی رکھتا ہے کہ اس چیز پر تصرّف کیا جا سکے موجودہ صورت یہ کہ اِنسان چاند اور سورج کے تصرّف میں زندگی بسر کر رہا ہے اگر چاند سورج تصرّف ختم کر دیں تو زمین کا وجود باقی نہ رہے مثلاً ہم دھوپ کے محتاج ہیں ہم اس بات کے بھی محتاج ہیں کہ چاند اپنی روشنی سے ہماری فصلوں کو پروان چڑھائے۔ ہمیں چاند اور سورج پر کوئی حاکمیّت حاصل نہیں۔

## اللہ تعالیٰ کے ساتھ نسبت:

خیال کو مظہر بننے کے لئے تین دائروں میں سفر کرنا پڑتا ہے۔ ان تین دائروں کے نام درج ذیل ہیں:

1۔ دائرہ اول ثابتہ



Marfat.com

آٹھ میلوں کی مسافت سے قبل مکّہ سے
سارے ہتھیار محمد ﷺ نے وہاں رکھ ڈالے
چند اصحابؓ کو پہرے پر بٹھایا اِن کے
ایک تلوار لیے صرف چلے وہ مکے
جب حضورؐ آپؐ حرم پاک کے اندر آئے
کیا وہ منظر تھا حسیں جس سے بچلے تھے سارے
کوئی ندوہ میں چھپا بیٹھا یہ منظر دیکھے
اور کچھ لوگ پہاڑوں پہ بھی بھاگے آئے
جب مسلماں تھے وہ کعبے کا طواف کرتے
وہ جو ندوہ میں تھے یوں ہرزہ سرائی کرتے
یہ نحیف اور ہیں کمزور مسلماں سارے
ہیں مدینے کے بخار سے سبھی یہ مارے
کیسے کر پائیں گے یہ آج طوافِ کعبہ
بھوک اتنی تھی کہ اُن سب کو کچل کر رکھا

Marfat.com

2۔ دائرہ دوم اعیان

3۔ دائرہ سوم جویّہ

دائرہ اول "ثابتہ" کا اصطلاحی نام ← روحِ اعظم

دائرہ دوم "اعیان" کا اصطلاحی نام ← روحِ انسانی

دائرہ سوم "جویّہ" کا اصطلاحی نام ← روحِ حیوانی

کوئی علم ان تین دائروں سے گزرے بغیر علم نہیں بنتا۔ جب سالک ان تین دائروں کے اندر داخل ہو جاتا ہے تو اس کے اندر روح کی صلاحیتیں بیدار ہو جاتی ہیں۔ اور جس جس مناسبت سے یہ صلاحیتیں بیدار ہوتی ہیں اسی مناسبت سے وسعت بڑھتی جاتی ہے۔ اندر کی آنکھ جو کچھ دیکھتی ہے اور جس جس مقام پر سفر کرتی ہے حضور قلندر بابا اولیاءؒ نے اس کو چھ حصوں میں تقسیم کیا ہے۔

پہلا حصہ کشف الجو ہے۔ کشف الجو ایسی صلاحیت ہے جب بیدار ہو جاتی ہے تو سالک کو اس بات کا شعور حاصل ہو جاتا ہے کہ مجھے اللہ تعالیٰ کی نسبت حاصل ہے۔ اور اللہ تعالیٰ کے ساتھ نسبت حاصل ہونا نسبت وحدت ہے۔ نسبت کے معنی یہ ہیں کہ سالک کو ایک مخصوص طرز فکر حاصل ہو جائے۔ مثلاً بندہ یہ جان لے سمجھ لے اور اس کے ذہن میں یہ بات راسخ ہو جائے کہ میں مخلوق ہوں اور میرا خالق اللہ ہے۔ نسبتوں کی بہت سی اقسام ہیں۔ علمائے باطن نے اٹھارہ نسبتوں کا تذکرہ کیا ہے۔

نسبت عشق، نسبت سکینہ، نسبت مطمئنہ وغیرہ وغیرہ اس وقت ہمارے پیش نظر نسبت وحدت ہے۔

جب انسان کو اس بات کا یقین حاصل ہو جاتا ہے کہ میں اللہ تعالیٰ کی ذات سے وابستہ ہوں اور اس ذات کے علاوہ دوسری کوئی ذات خالق نہیں ہے تو اس کے ذہن میں پوری کائنات کا ایک تصور ابھرتا ہے۔ بالفاظ دیگر نسبت وحدت کے تحت خالق کائنات اور تخلیق کا نظام اس کے ذہن میں منعکس ہونے لگتا ہے۔ جب کائنات کا اجتماعی نظام ذہن کے اوپر منعکس ہوتا ہے تو تفکر اس طرف رہنمائی کرتا ہے کہ کوئی بساط ہے جہاں پوری مخلوقات موجود ہیں اور تخلیق کائنات کا پورا پروگرام نقش ہے۔ اس کے بعد یہ بات علم میں آجاتی ہے کہ اللہ تعالیٰ خالق ہے اور ساری کائنات اللہ تعالیٰ کی تخلیق کردہ اور اللہ تعالیٰ کا کنبہ ہے۔ یہی وہ یقین ہے جس کی بنا پر انسان چاند ستاروں اور اپنی زمین میں الگ ماحول اور زمین کے اوپر موجود دوسری مخلوقات سے متعارف ہوتا ہے۔

نسبت وحدت کے تحت جس کسی بندے کے یقین میں یہ بات راسخ ہو جاتی ہے کہ ہم مخلوق ہیں اور ہمارا بنانے والا اللہ ہے۔ ایسا اللہ جو یکتا ہے اس کا کوئی ہم عصر نہیں ہے تو یقین راسخ ہو جاتا ہے کہ جو کچھ ہو چکا ہے جو کچھ موجود ہے یا جو کچھ آئندہ ہوگا وہ سب "کُن" کے بعد کا مظاہرہ ہے۔

سیدنا حضور ﷺ نے فرمایا ہے:

"قلم لکھ کر خشک ہو گیا۔"

نسبت وحدت جب گہری ہو جاتی ہے تو دوسری بات ہمارے اوپر منکشف یہ ہوتی ہے کہ کسی بات کو صحیح سمجھنے کے لئے اور اس



Marfat.com

مصطفیٰ آپؐ نے فرمایا حرم میں آ کر
دی دعا سارے مسلمانوں کو یہ فرما کر
اپنی طاقت جو بھی کفّار پہ ظاہر کر لے
اس پہ رحمت بھی خدا پاک پھر اپنی کر دے
اُچھل کے اور اکڑ کے بھی نبیؐ نے چلتے
پہلے تھے تین جو پھیرے وہ مکمل کیے
رمل کہتے ہیں یہ ہے آج طریقہ جاری
آقاؐ سرکارِ مقدس کی ہے سنت پیاری

## حضرت حمزہؓ کی صاحبزادی

تین دن جونہی ہوئے پورے مسلمانوں کے
چند سردار قریش سے ملے مولاؐ سے
مدتِ شرط ہوئی پوری چلے جائیں اب
اپنے آقاؐ سے کہیں جا کے نہ یاں ٹھہریں اب

Marfat.com

کی تہہ تک پہنچنے کے لئے انسان کا غیر جانبدار ہونا ضروری ہے۔ اگر غیر جانب دار NEUTRAL ذہن نہیں ہو گا تو معنی پہنانے میں مصلحتیں شامل ہو جائیں گی۔

ہر شخص کو دو طرز فکر حاصل ہیں یا ایک ہی طرز فکر کے دو زاویے حاصل ہیں۔ ایک زاویہ یہ ہے کہ آدمی اپنی ذات سے الگ ہو کر سوچتا ہے اور دوسرا زاویہ یہ ہے کہ آدمی اپنی ذات کو سامنے رکھ کر غور و فکر کرتا ہے۔ جو بندہ اپنی ذات کو سامنے رکھ کر تجسس کرتا ہے یا کسی مسئلہ کو گہرائی میں سمجھنے کی کوشش کرتا ہے تو اس کے اوپر حقائق منکشف نہیں ہوتے اور جو بندہ اپنی ذات سے ماوراء ہو کر یعنی غیر جانبدار ہو کر کسی مسئلہ کی حقیقت کو تلاش کرتا ہے تو اس کے اوپر حقائق منکشف ہو جاتے ہیں۔ نسبت وحدت کے تحت دنیا میں موجود ہر فرد کو یہ صلاحیت ودیعت کی گئی ہے تا کہ کوئی فرد کوئی گروہ کوئی طبقہ کوئی قوم یا کسی بھی مذہب و ملت کا آدمی معاملات کی تفہیم اور صحیح فیصلوں سے استفادہ کر سکے۔

حوالہ جات:

1۔ کتاب "یہ تیسرے بندے" از میاں مشتاق احمد عظیمی، باب حضرت امام جعفر صادق رُوحانی توجیہہ، صفحہ نمبر 33 تا 34

2۔ کتاب "یہ تیسرے بندے" از میاں مشتاق احمد عظیمی، باب حضرت امام جعفر صادق رُوحانی توجیہہ، صفحہ نمبر 34

3۔ کتاب "احسان و تصوف" از الشیخ خواجہ شمس الدین عظیمی، باب ظہورِ تجلّیاتِ ربانی، صفحہ نمبر 129 تا 130

4۔ کتاب "یہ تیسرے بندے" از میاں مشتاق احمد عظیمی، باب حضرت امام جعفر صادق رُوحانی توجیہہ، صفحہ نمبر 34

5۔ کتاب "شرح لوح و قلم" از الشیخ خواجہ شمس الدین عظیمی، باب رویا کی صلاحیتیں، صفحہ نمبر 23 تا 24

6۔ کتاب "شرح لوح و قلم" از الشیخ خواجہ شمس الدین عظیمی، باب رویا کی صلاحیتیں، صفحہ نمبر 27 تا 28



Marfat.com

سُن کے پیغام قریش کا علیؓ کے منہ سے
آپؐ اصحابؓ کے ہمراہ مدینے کو چلے
مکّے سے جاتے ہوئے حمزہؓ کی چھوٹی بیٹی
آپؐ کو کہتے ہوئے چچا قریب آ پہنچی
رہ گئی تھی یہ اکیلی ہی شہر مکّہ میں
انؓ کے باباؓ کی شہادت جو ہوئی طیبہ میں
جونہی بچی یہ حضورؐ کے قریب آئی
آپؐ پہ آپؐ کے چچا کی محبت چھائی
اس قدر پیار تھا حمزہؓ کی انہیں بیٹی سے
گود میں اپنی بٹھایا تھا انہیں علیؓ نے
ہر کوئی آپؐ کی خدمت میں وہاں حاضر تھا
آپؐ نے بچی کو جعفرؓ کے حوالے کیا
ان کی بیوی جو امامہؓ کی سگی خالہ تھیں
اس لیے آپؐ نے جعفرؓ کے حوالے کر دیں

Marfat.com

موضوع 37/84

# حق مہر

## سُوْرَةُ النِّسَآءِ (WOMEN)

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

وَ اِنْ اَرَدْتُّمُ اسْتِبْدَالَ زَوْجٍ مَّكَانَ زَوْجٍ ۙ وَّاٰتَيْتُمْ اِحْدٰىهُنَّ قِنْطَارًا فَلَا تَاْخُذُوْا مِنْهُ شَيْـًٔا ؕ اَتَاْخُذُوْنَهٗ بُهْتَانًا وَّ اِثْمًا مُّبِيْنًا ﴿۲۰﴾

ترجمہ: اور اگر تم ایک عورت کو چھوڑ کر دوسری عورت کرنی چاہو۔ اور پہلی عورت کو مال دے چکے ہو تو اس میں سے کچھ مت لینا۔ بھلا تم ناجائز طور پر اور صریح ظلم سے اپنا مال اس سے واپس لے لوگے؟

*But if you invent to replace a wife by another and you have given one of them a Qintar (of gold i.e. great amount) as Mahr, take not the least bit of it back; Would you take it wrongfully without a right and (with) a manifest sin?*

### حق مہر:

اِسلام سے قبل عرب میں یہ رواج تھا کہ اکثر لوگ جب اپنی بیویوں کو علیحدہ کرتے تھے تو نہ عورت کو حق مہر دیتے تھے اور نہ ہی خوش اسلوبی سے رُخصت کرتے تھے۔ عورت بے یارومددگار ہو جاتی تھی۔ کوئی اس کا پرسان حال نہ ہوتا تھا۔ اسی لئے معاشرے میں بے حیائی عام ہوگئی تھی۔

اِسلام نے جہاں عورت کو دیگر بے شمار حقوق سے نوازا وہاں اس کے ایک حق، حق مہر کے لئے بھی باضابطہ قانون بنایا۔ اس قانون کی رو سے حق مہر کا بنیادی مقصد بیوی کو تحفظ دینا ہے۔

قرآن میں اللہ تعالیٰ نے مہر کی مقدار کے حوالے سے قنطار کا لفظ استعمال کیا ہے۔ جس کے لغوی معنی "سونے کے ڈھیر" کے ہیں جسے ہر قیمت پر ادا کرنا فرض ہے۔ اس میں کسی حیلے کی گنجائش نہیں۔

مہر کی رقم کو دو حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے۔ اگر مہر مؤجل (PAYABLE ON DEMAND) مانگنے پر شوہر، لڑکی کو ادا نہیں کرتا تو ایسی صورت میں لڑکی نہ صرف حقوق زوجیت ادا کرنے سے انکار کر سکتی ہے بلکہ شوہر سے علیحدہ بھی رہ سکتی ہے۔

طلوعِ اسلام سے پہلے لوگ دوسرے مال کی طرح اپنے مرحوم رشتے داروں کی بیویوں کے وارث بن جاتے تھے۔ اگر چاہتے تو بے مہر انہیں اپنی زوجیت میں رکھتے یا کسی اور کے ساتھ شادی کر دیتے اور مہر لے لیتے تھے یا عورت کو قید کر دیتے تھے۔



Marfat.com

# جنگ موتہ

شام کے ملک میں جو ایک جگہ موتہ ہے
اس میں تھی جنگ لڑی جا کے مسلمانوں نے
آٹھویں سال میں ہجرت کے لڑائی یہ کی
اس لڑائی کی وجہ آپؐ کے قاصد کی تھی
قیصرِ روم کو کہتے تھے وہ حاکم بصریٰ
اس کی جانب بھی نبیؐ پاک نے قاصد بھیجا
لے کے خط آپؐ کا حارثؓ جونہی بلقا آئے
قتل کروایا انہیں باندھ کے پھر ناظم نے
قتل ہونا یہ سفیروں کا یا کہ قاصد کا
جنگ سے بڑھ کے اسے جرم تھا سمجھا جاتا
خبر جیسے ہی ملی ان کی شہادت والی
آپؐ کی طبع اقدس پر گراں یہ گزری

Marfat.com

ایک دفعہ حضرت عمر فاروقؓ نے بر سر منبر فرمایا کہ:

**"عورتوں کا مہر زیادہ نہ رکھو۔"**

ایک عورت نے کہا کہ:

**"اے ابن خطاب ! اللہ ہمیں دیتا ہے اور تم منع کرتے ہو۔"**

امیر المومنین نے فرمایا:

**"اے عمر ! تجھ سے ہر شخص زیادہ سمجھدار ہے۔ جو چاہو مقرر کرو۔"**

سیّدنا حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی زوجہ محترمہ حضرت خدیجہؓ کا مہر پانچ سو درہم یا اس قیمت کے اونٹ تھے۔ حضرت جویریہؓ کا مہر چار سو درہم حضرت ام حبیبہؓ کا چار سو درہم اور حضرت سودہؓ کا مہر چار سو درہم تھے۔ اس دور میں ایک اونٹ کی قیمت چار سو درہم تھی اور اونٹ محض دودھ اور گوشت کا ذریعہ نہیں تھا بلکہ بار برداری کے لئے صحرائی جہاز کی حیثیت رکھتا تھا۔

## مہر کی رقم کتنی ہونی چاہیئے:

ھدایہ۔ جلد اول۔ "کتاب الذکوٰۃ المال" میں لکھا ہے کہ دور نبوی ﷺ میں ایک دینار دس درہم کے برابر تھا۔ حضرت خدیجہؓ، حضرت عائشہؓ اور حضرت میمونہؓ کا مہر پانچ سو درہم یعنی پچاس دینار تھا۔ پچاس دینار، پانچ سو پچھتر 575 گرام سونے کے برابر تھے۔ پانچ سو درہم کا مطلب آدھا کلو اور پچھتر گرام سونا ہے۔ حضرت خدیجہؓ کا مہر موجودہ دور (اگست، ستمبر 2016) کی مالیت کے مطابق آدھا کلو پچھتر گرام سونا تھا جو پاکستانی زر مبادلہ میں پچیس لاکھ اٹھارہ ہزار پانچ سو2518500 روپے ہے۔ حضرت عائشہؓ کا مہر بھی آدھا کلو پچھتر گرام سونا تھا جس کی مالیت پچیس لاکھ اٹھارہ ہزار پانچ سو روپے بنتی ہے۔ حضرت میمونہؓ کا مہر بھی پچیس لاکھ اٹھارہ ہزار پانچ سو روپے تھا۔

اللہ کے محبوب نبی مکرم حضرت محمد رسول اللہ ﷺ کی لخت جگر، حضرت بی بی فاطمہؓ کا مہر چھ سو درہم تھا۔ جس کا وزن آدھا کلو آدھا پاؤ ایک چھٹانک پندرہ گرام (696.65 گرام) سونا بنتا ہے۔ اتنے وزن سونے کی مالیت، پاکستانی کرنسی میں، موجودہ دور (اگست، ستمبر 2016) میں تیس لاکھ اکیاون ہزار تین سو ستائیس 3051327 روپے ہے۔

حوالہ جات:


1۔ دور نبوی ﷺ کا نظام حکومت۔ ترجمہ التر تیب الاواریہ۔ علامہ عبد الحئی کتانی

2۔ تذکار صحابیات۔ تالیف: طالب الہاشمی

3۔ اِسلام کے معاشی نظریئے۔ ڈاکٹر محمود یوسف الدین

4۔ ابن خلدون

5۔ المحسنات السلطانیہ

6۔ النقود السلامیہ۔ تقی الدین احمد المقر نبری۔ مطبوعہ قسطنطنیہ




Marfat.com

ان کی سرکوبی بھی لازم تھی مسلمانوں پے
پھر وہاں تین ہزار آپؐ نے فوجی بھیجے
آپؐ نے جیسا مسلمانوں کا لشکر بھیجا
اس سے پہلے نہ کہیں اور گیا تھا ایسا

## لشکر کے امرا اور وصیت

حضرتِ زیدؓ کو لشکر کی سالاری سونپی
یہ شہید ہوں تو سالاری ہوگی جعفرؓ کی
جنگ میں ان کی بھی گر جان یہ کام آ جائے
پھر ہی عبداللہ سالارِ جہاد ہوں گے
جس جگہ پر وہ ہوئے قتل اُسی جا جائیں
اس کے باشندوں کو اسلام کی دعوت دے دیں
گر مسلمان وہ ہو جائیں بہت اچھا ہے
ورنہ پھر حکم سے اللہ کے وہاں لڑنا ہے

Marfat.com

موضوع 38 /84 /38

# قوّامُون INCHARGE

## سُوْرَۃُ النِّسَآءِ (WOMEN)

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلرِّجَالُ قَوّٰمُوْنَ عَلَی النِّسَآءِ بِمَا فَضَّلَ اللّٰہُ بَعْضَہُمْ عَلٰی بَعْضٍ وَّبِمَآ اَنْفَقُوْا مِنْ اَمْوَالِہِمْ ط

ترجمہ: شوہر اپنی بیویوں کے قوام ہیں۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ اللہ نے بعض کو بعض پر فضیلت بخشی ہے۔ وجہ یہ ہے کہ شوہروں نے اپنے مال خرچ کئے۔

*Men are in charge of women, because Allah hath men the one of them to excel the other, and because they spend of their property (for the support of women).*

سورہ النساء کی ان آیات کا ترجمہ کچھ اس طرح کیا جاتا ہے کہ مرد عوتوں پر حاکم ہیں اس لئے کہ اللہ نے بعض کو بعض پر افضل بنایا ہے اور اس لئے کہ مرد اپنا مال خرچ کرتے ہیں۔ اس آیت کے تین حصے کئے جاسکتے ہیں:

اول: اَلرِّجَالُ قَوّٰمُوْنَ عَلَی النِّسَآءِ

دوم: بِمَا فَضَّلَ اللّٰہُ بَعْضَہُمْ عَلٰی بَعْضٍ

سوم: وَّبِمَآ اَنْفَقُوْا مِنْ اَمْوَالِہِمْ ط

عربی زبان کے لفظ قوّامون کا اُردو زبان میں ترجمہ حاکم کیا گیا ہے۔ اس آیت میں جہاں ایک کو دوسرے پر فضیلت کا ذکر ہے وہاں صرف یہ مطلب نکالا گیا ہے کہ مرد کو عورت پر فضیلت حاصل ہے حالانکہ زندگی میں بے شمار مقامات ایسے آتے ہیں جہاں پر اسلام نے عورت کا رتبہ یہاں تک بڑھا دیا ہے کہ مرد اس تک پہنچ ہی نہیں سکتا خاص طور پر جب عورت کا کردار بحیثیت ماں کے زیر بحث آتا ہے۔ عورت کی بحیثیت ماں اس قدر فضیلت بیان ہوئی ہے کہ جنّت کو ماں کے قدموں تلے بتایا گیا ہے۔ اس کا مطلب یہ ہوا کہ اس آیت میں فضیلت کا ذکر اگر مرد کے لئے سمجھا جائے گا تو یہ مطلق فضیلت نہیں ہے بلکہ مرد کے کسی کردار سے منسلک اور مشروط ہے۔ بصورتِ دیگر اس کا اطلاق مختلف اوقات میں مختلف اِنسانوں یعنی کبھی مرد کبھی عورت پر ہو سکتا ہے۔



Marfat.com

تارکِ دنیا ہوں گرجوں میں نہ ان سے لڑنا
عورتوں بچوں کو بوڑھوں کو قتل نہ کرنا
شجر کوئی بھی نہ پھل دار گرایا جائے
نہ کسی گھر یا عمارت کو بھی ڈھایا جائے
نہ کسی طور امانت میں خیانت کرنا
طلب ہر حال میں اللہ کی اعانت کرنا

## معان میں مجلس شوریٰ

سارا لشکر یہ شمال سے معان پہنچا
اس جگہ سارے ہی لشکر نے پڑاؤ ڈالا
دو یہاں راتیں مسلمانوں کا لشکر ٹھہرا
جنگ کرنی ہے یا کچھ اور کے بارے سوچا
چونکہ دو لاکھ لیے فوج تھا قیصر بیٹھا
اتنے جرار سے لشکر سے ہے لڑنا کیسا

Marfat.com



Marfat.com

ہم کو مقصود شہادت ہے جو آئے ہیں ہم
کثرتِ فوج کی پرواہ ہے نہ کوئی ہے غم
ان کی تعداد سے کثرت سے نہ ڈرنے والے
ہم مسلماں ہیں شہادت پہ ہیں لڑنے والے

## دشمن کی طرف اسلامی لشکر کی پیش قدمی

تھا اگر جوش تو بس جوش شہادت کا تھا
ان کو بس دین کے بل پر ہی فقط لڑنا تھا
تیسرے روز معان سے وفاداروں نے
کر لیے رخ مشارف کی طرف کو اپنے
سامنے ان کے وہاں فوج بھی ہرقل کی تھی
موتہ کی سمت مسلمانوں کی یہ فوج آئی
گرچہ تعداد مسلمانوں کی اتنی کم تھی
جنگی ترتیب صحابہؓ نے کچھ ایسے کر دی

Marfat.com



Marfat.com

میمنہ پر تھی جو نگرانی وہ قطبہؓ کی تھی
میسرہ پر تھی جو سالاری عبادہؓ کی تھی

## جنگ کا آغاز اور سپہ سالاروں کی شہادت

لاکھوں افراد سے لڑنے کا یہ منظر ایسا
چشمِ افلاک نے ہرگز نہ کہیں بھی دیکھا
حضرتِ زیدؓ چلے لے کے علم ہاتھوں میں
ٹڈی دل ہونے لگے ایسے تباہ راہوں میں
اس طرح شان سے شوکت سے لڑائی کرتے
سامنے ان کے بھلا دشمن دیں کیا جمتے
اتنی ہمت سے شجاعت سے لڑائی کرتے
آن ہی آن میں دشمن کی تباہی کرتے
تیروں کی نیزوں کی بارش تھی طرف ہر اُن کے
تھوڑی تعداد میں دشمن سے رہے وہ لڑتے

Marfat.com



Marfat.com

آخرِکار شہادت کا ہی رُتبہ پایا
نیزوں سے چھلنی ہوا جسم زمیں پہ آیا
اس سے پہلے کہ یہ آ جاتا زمیں پہ پرچم
کود کے حضرتِ جعفرؓ نے اُٹھایا تھا علم
ان کے لڑنے کا بھی انداز توحیدر سا تھا
سامنا کوئی بھلا ایسے میں کرتا ان کا
جونہی تیزی کا لڑائی میں مقام آیا تھا
گھوڑے کی پیٹھ سے لڑنے کا ارادہ چھوڑا
ان کی جرأت کو سلام ایسی لڑائی کرتے
وار وہ جسم پہ ان رومیوں کے یوں سہتے
داہنے بازو پہ دشمن نے کِیا وار ایسا
دوسرے ہاتھ سے جعفرؓ نے علم کو تھاما
بائیں بازو سے جونہی آپؓ نے جھنڈا تھاما
رومی کفّار نے اک آن میں اس کو کاٹا

Marfat.com



Marfat.com

پھر بھی گردن کے سہارے سے اُٹھایا جھنڈا
وار سے رومی کے دو لخت ہوا جسم انؓ کا
خلد میں جاتے ہی اللہ نے عطا کر ڈالے
خوب صورت سے دو بازو ہیں وہ جن سے اُڑتے
ان کو طیارؓ اسی لیے کہا جاتا ہے
ان سے اللہ کا یہ بندہ وہاں اُڑتا ہے
نوے تھے زخم لگے تیروں کے تلواروں کے
ایک بھی پشت پہ نہ تھا وہ سبھی تھے آگے
تھاما پھر جھنڈا یہ اسلام کا عبداللہؓ نے
شمع نورِ رسالت ہے جو روشن ان سے
ان کی عظمت کو سلام انہوں نے لڑتے لڑتے
اپنی تقدیر سنواری تھی شہادت لے کے
بنو عجلان قبیلے سے تھے ثابتؓ آئے
گرنے سے پہلے وہ جھنڈے کو اُٹھا کر لائے

Marfat.com

اس آیت میں آگے وہ سبب بیان ہو رہا ہے جسے مَرد کی فضیلت سے منسلک قرار دیا جا سکتا ہے وہ یہ کہ مرد اپنا مال خرچ کرتے ہیں۔مال خرچ کرنے سے قبل یہ ضروری ہے کہ پہلے مال پاس ہو۔مال پاس ہونے کے لئے ضروری ہے کہ مال کمایا جائے۔مال کمانے کے لئے گھر سے باہر نکل کر معاشی سرگرمیاں میں حصّہ لینا اور جدوجہد کرنا پڑتی ہے۔ چنانچہ مَرد گھر کی ضروریات پورا کرنے کے لئے محنت مشقت کر کے مال کما کر لاتا ہے اِس طرح اُس کا یہ حق بنتا ہے کہ گھر کے معاملات اس کی رائے یا اس کی مرضی کے مطابق چلائے جائیں۔

سوال یہ ہے کہ اگر کوئی مَرد گھر کی کفالت کے لئے اپنی معاشی ذمّہ داریاں پوری نہیں کرنا چاہتا اور مجبوراً اُس کی بیوی، بیٹی یا بہن کو معاش کے حصول کے لئے تگ و دو کرنی پڑتی ہے۔۔۔۔۔تو پھر اس کی فضیلت گھر میں قائم رہے گی؟۔۔۔۔۔ بعض گھروں میں ایسی صورت حال پیش آسکتی ہے کہ گھر کے کفیل مَرد کا انتقال ہو جائے یا وہ بیوی بچوں کو چھوڑ کر کہیں چلا جائے اور بچوں کی پرورش کی تمام تر ذمّہ داری ماں پہ آپڑے۔اس ماں کے پندرہ سولہ سال کے لڑکے ہوں جو تعلیم حاصل کر رہے ہوں تو کیا ایسے گھر میں سرپرست ماں ہو گی یا مَرد ہونے کی وجہ سے اس ماں کے لڑکے گھر کے سرپرست قرار پائیں گے۔۔۔ ظاہر ہے کہ گھریلو معاملات، بچوں کے رشتے ناتوں کا فیصلہ وہ لڑکے نہیں بلکہ ان کی ماں ہی کرے گی۔

اس آیت میں لفظ قوّامُون کا مطلب حاکم سمجھ لیا گیا ہے جبکہ عربی زبان کی لغت میں قوّامُون کے معنی ہیں۔

"دوسرے کی ضروریات زندگی پورا کرنے کا ذمّہ دار" عربی زبان کی لغت المنجد میں قوام کے یہ معنی بتائے گئے ہیں خوبصورت قد والا، معاملات کا ذمّہ دار اور کفیل معاملات کی ذمّہ داری پورا کرنے پر قادر، قوام کی جمع قوّامون ہے۔اِن معنی کو سامنے رکھتے ہوئے اس آیت پر غور کیا جائے تو اک بالکل ہی مختلف صورتحال سامنے آتی ہے۔بجائے اس کے مَرد کو عورت پر حاکم قرار دے کر عورت کے درجہ کو مَرد سے کم سمجھا جائے یہاں تو عورت کی سہولت کے لئے اس کے حق کی وکالت کی جارہی ہے۔گھریلو زندگی کے حوالے سے اس بات کی بہت اہمیت ہے۔گھر کا نظام چلانا مَرد اور عورت کی مشترکہ ذمّہ داری ہے۔بچوں کی پرورش اور نشوونما اور گھر کی دیکھ بھال عورت کے ذمہ ہو تو اخراجات کی فراہمی سے بری الذمہ رہنا اس کے لئے بہتر ہے۔ چنانچہ ایسی صورت میں اپنی بیوی اور بچوں کے لئے اور گھر کے دوسرے زیر کفیل افراد کے لئے معاش کے حصول کے لئے دوڑ دھوپ اور وسائل کی فراہمی مَرد کے ذمے قرار دی گئی ہے۔

مَرد عورتوں کے لئے ضروریات زندگی فراہم کرنے کے ذمّہ دار ہیں اور ایسا کر کے مَرد عورت پر کوئی احسان نہیں کرتا بلکہ عورت گھر کے اندر کی ذمّہ داریاں ادا کر کے اپنا کردار ادا کرتی ہیں۔اور مَرد گھر کے باہر کی ذمّہ داریاں ادا کر کے اپنا کردار ادا کرتا ہے۔

اب ان آیات کی ترجمانی اس طرح ہو سکتی ہے کہ عورتوں کے لئے وسائل مہیا کرنے اور ان کے امور کی دیکھ بھال مردوں کی ذمّہ داری ہے کیونکہ اللہ نے ایک کو ایک پر فضیلت دی ہے۔اور فضیلت کیوں ہے اس لئے کہ وہ (یعنی مَرد) اپنے مال خرچ کرتے ہیں۔اس کے ساتھ ساتھ یہ بھی یاد رکھنا چاہیے کہ گھر کے باہر کام کاج یا مال کمانا صرف مَرد کا حق نہیں قرار دیا گیا۔عورت اگر چاہے تو وہ بھی معاشی سرگرمیوں میں حصّہ لے کر مال کما سکتی ہے۔ لیکن ایسی صورتحال میں اسلام نے عورت کو مَرد پر فضیلت دی ہے وہ اس طرح کہ گھر کے اخراجات کی فراہمی مَرد کے ذمے لگائی گئی ہے لیکن عورت کے لئے ایسی کوئی ذمّہ داری نہیں ہے عورت اگر اپنی کمائی میں سے



Marfat.com

اور فرمایا مسلمانو ہدایت مانو
تم کسی اور کو سالار بھی اپنا کر لو
یوں مسلمانوں نے پھر مل کے کہا خالدؓ سے
آپؓ سالار ہوئے آج یہاں ہم سب کے

## جھنڈا اللہ کی تلواروں میں سے ایک تلوار کے ہاتھ میں

اپنے ہاتھوں میں جو خالدؓ نے اُٹھایا جھنڈا
پھر قیامت نے قیامت کا وہ منظر دیکھا
ان کے ادراک سے واقف تھے صحابہؓ سارے
کتنی پرزور ہمیشہ سے ہیں وہ جنگ کرتے
ان کا فرمان ہے موتہ کی اُن راہوں میں
نو عدد ٹوٹی تھیں تلواریں بھی ان ہاتھوں میں
فوج کو نرغے سے دشمن کے چھڑا لائے تھے
اپنی حکمت سے تدبر سے وہ پیچھے ہٹتے

Marfat.com

مرد کو ایک پیسہ بھی نہ دے تو مرد کا اس پر کوئی دعویٰ نہیں ہے۔

مرد جو کچھ کمائیں وہ ان کا حصّہ ہے اور عورتیں جو کچھ کمائیں وہ ان کا حصّہ ہے۔ سورۃ النساء میں فضیلت کے اس مشروط اعلان کے علاوہ کہیں بھی عورت پر مطلق حاکمیت کا کوئی فرمان قرآن میں نہیں ملتا۔

حوالہ جات:

۱۔ کتاب "خطباتِ لاہور" از الشیخ خواجہ شمس الدین عظیمی، باب سیشن برائے سوال و جواب، صفحہ نمبر 309 تا 311



Marfat.com

ہوئے مرعوب وہاں سے تھے یہودی بھاگے
یوں پہنچے جب مسلمان مدینے لوٹے

بعد صحابہؓ نے موتہ میں شہادت پائی
کتنے کفار مرے اس کی خبر نہ آئی

موتہ میں جو بھی ہوا آقاؐ خبر رکھتے تھے
اشک بھر آنکھوں سے موتہ پہ نظر رکھتے تھے

انہوں نے سارے سالاروں کی شہادت دیکھی
اور خالدؓ کی بھی میدان میں جرأت دیکھی

## غزوۂ فتح مکہ

عہد و پیمانِ محمدﷺ میں جو چاہے آئے
عہد و پیمانِ قریش میں جو چاہے جائے

یہ شرائطِ حدیبیہ میں طے ہوا تھا
خود عمل اس پہ مسلمانوں نے ایسا تھا کیا

Marfat.com

موضوع 84/ 39

## اللہ کا نُور

## سُوْرَةُ النِّسَآءِ (WOMEN)

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللّٰهُ بِكُلِّ شَيْءٍ مُّحِيْطًا ﴿١٢٦﴾

ترجمہ: اور اللہ ہر چیز کا احاطہ کئے ہوئے ہے۔

*And Allah is Ever Encompassing all things.*

### ذات اور صِفات کا مفہوم:

صِفات کا تعلق ذات سے ہے۔ ذات کے بغیر صِفات کا وجود تسلیم کرنا ایسا ہی ہے جیسے سورج کے بغیر دھوپ کے وجود کو تسلیم کر لیا جائے۔ یہ ایک نامکمل بات ہے اس لئے کہ دھوپ سورج کی روشنی ہے۔ اگر سورج اپنی روشنی باہر نکالنے کے بجائے اپنے اندر سمیٹ لے تو دھوپ کا تذکرہ زیر بحث نہیں آ سکتا۔ یعنی سورج کا وجود بغیر دھوپ کے ممکن ہے۔ مگر دھوپ کا وجود بغیر سورج کے ناممکنات میں سے ہے۔ سورج سے نکلنے والی ہر شعاع جو سورج کی ذات سے باہر خارج ہو رہی ہے اس کے اندر ذات کا تصوّر موجود ہے ذات کے تصوّر کے بغیر صِفات کا وجود زیر بحث نہیں آتا صِفات کی پہچان ذات ہی کے ذریعے سے ہوتی ہے یہی مفہوم مذکورہ بالا آیت کا بھی ہے۔

وَ كَانَ اللّٰهُ بِكُلِّ شَيْءٍ مُّحِيْطًا ﴿١٢٦﴾ اور اللہ ہر چیز کا احاطہ کئے ہوئے ہے۔ (سورۃ النسا، پارہ 6، آیت 126)

### وحدانیّت سے مراد:

کائنات کی ہر شے کا تعلق اللہ تعالیٰ کی ذات سے ہے جو اپنی ہستی میں واحد ہے۔ دوسرے معنوں میں کائنات اللہ تعالیٰ کے دریائے وحدانیّت میں ڈوبی ہوئی ہے۔ اللہ تعالیٰ کی ذات کی طرح اللہ تعالیٰ کی صِفات بھی انسانی شعور کی فہم سے بالاتر ہے۔ وہ جزوی طور پر ان کے علوم حاصل کرتا ہے مگر اس کی عقل میں مکمل طور پر اس کی ذات و صِفات کی معرفت نہیں سما سکتی۔

وحدانیّت سے مراد اللہ تعالیٰ کی ذات ہر گز نہیں ہے۔ بلکہ وحدانیت سے مراد ذات کا وہ THRESHHOLD LEVEL یا وہ حد ہے جس کے اندر خود اِنسان کا اپنا تفکّر کام کرتا ہے۔ اس کی تشریح یوں کی جا سکتی ہے کہ اِنسانی ذہن کا تفکّر اللہ تعالیٰ کی ذات کو جس حد تک



Marfat.com

عہد و پیمان کریں گے تو پھر ایسا ہوگا
جس سے پیمان ہوا اس کا یہ حصّہ ہوگا
حملہ گر ایسے قبیلے پہ کہیں بھی ہوگا
جس سے یہ عہد ہوا اس پہ یہ جائے سمجھا
بنو خزاعہ کا پیمان نبیؐ سے ٹھہرا
پھر قریش کا بنوبکر سے پیماں ہوا
آٹھ شعبان کو نوفل نے یہ پیماں توڑا
رات کو اس نے خزاعہ پہ کیا تھا حملہ
یہ خزاعہ پہ نہیں تھا یہ مسلمانوں پر
مرتکب ٹھہرے بدعہدی کے بنو بکر
ہر طرح اس میں قریش نے پذیرائی کی
بھیج کر بندے قریش نے تو ہمراہی کی
اتنا کھدیڑ دیا اُن کو حرم تک لائے
انھوں نے بنو خزاعہ پہ ستم یوں ڈھائے

Marfat.com

سمجھتا ہے اس حد کا نام وحدانیت ہے۔ یہ حد خود اِنسانی فکر کی انتہا ہے اور یہ خود اِنسانی تفکّر کی اختراع ہے۔ ورنہ اللہ تعالیٰ ذات لامتناہی ہے اور کسی بھی حد میں اسے پابند نہیں کیا جا سکتا۔ اِنسان جب اپنے نقطہ ذات میں تفکّر کرتا ہے تو اس کی فکر سیڑھیاں چڑھتی ہوئی اپنے کنہ سے مل جاتی ہے وہ اپنی اصل کو پہچان لیتا ہے۔ یعنی اس کی فکر اپنے ہی نقطہ ذات کی گہرائیوں میں انتہا تک سفر کرتی ہے۔ اس انتہا پر اسے سوائے نفس واحدہ کے اور کسے شے کا احساس نہیں ہوتا اور یہی فکر وحدانیّت کا تفکّر بن کر اس کے شعور میں واپس لوٹ آتی ہے۔ وہ شعوری طور پر اللہ تعالےٰ کو ذاتِ واحد کی حیثیت سے پہچان لیتا ہے۔

## اللہ تعالیٰ کا نُور:

سرورِ کائنات حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد گرامی ہے۔

**" مومن کی فراست سے ڈرو کہ وہ اللہ کے نُور سے دیکھتا ہے "**

حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی اس حدیث شریف پر غور و فکر کرتے ہیں۔

دیکھنے کی ایک طرز یہ ہے کہ اس میں نُور شامل ہو جاتا ہے اور آدمی کی آنکھ پر نُور کا لینز فٹ ہو جاتا ہے۔ ہمارا روزمرہ کا مشاہدہ OBSERVATION ہے کہ جب عینک میں سرخ شیشہ لگاتے ہیں تو ہمیں ہر چیز سرخ نظر آتی ہے۔ عینک کا شیشہ نیلا ہو تو ہر چیز نیلی، ہرا ہو تو ہر چیز ہری نظر آتی ہے لیکن اگر شیشہ بے رنگ سفید اور شفاف ہو تو اس طرح نظر آتا ہے جس طرح بغیر عینک کے نظر آتا ہے۔ اس کا مطلب بالکل واضح ہے کہ آنکھ وہی کچھ دیکھتی ہے جو اسے دکھایا جائے باالفاظ دیگر آنکھ پر جس قسم کا لینز لگا دیا جائے اسی مناسبت سے رنگین، صاف، دور یا قریب دکھائی دیتا ہے۔

عام حالات میں آنکھ جس طرح دیکھتی ہے وہ اپنے اور دوسری چیز کے درمیان خلا رکھ کر دیکھتی ہے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمانا کہ مومن اللہ تعالیٰ کے نُور سے دیکھتا ہے اس بات کی طرف واضح اشارہ ہے کہ مومن کو اللہ کی نظر حاصل ہو جاتی ہے۔ اس بات کو اللہ تعالیٰ نے قرآن پاک میں اس طرح بیان کیا ہے:

ترجمہ: **" اللہ کو کوئی آنکھ نہیں دیکھ سکتی مگر اللہ اس آنکھ کا ادراک بن جاتا ہے۔ "**

ایک جگہ یوں بھی ارشاد ہوا ہے:

ترجمہ: **" تم ہماری سماعت سے سنتے ہو ہماری بصارت سے دیکھتے ہو اور ہمارے دماغ سے سوچتے ہو۔ "**

دوسری جگہ ارشاد ہے:

وَ كَانَ اللّٰهُ بِكُلِّ شَیْءٍ مُّحِیْطًا ﴿۱۲۶﴾ **اللہ ہر شے پر محیط ہے۔** (سورۃ النساء، پارہ 6، آیت 126)

یعنی اللہ ایک دائرہ ہے اور ہر چیز اس میں بند ہے۔

جب کوئی سالک اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے اس قابل ہو جاتا ہے کہ اللہ کا یہ ارشاد کہ میں تمہاری رگِ جاں سے قریب ہوں اس کے مشاہدہ میں آ جاتا ہے تو اس کو وہ نظر حاصل ہو جاتی ہے جس کے بارے میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ مومن کی فراست



Marfat.com

عہد و پیمان کو دونوں نے ہی پامال کیا
انہوں نے بنو خزاعہ کا برا حال کیا
ایسے حالات میں عمروؓ جو مدینے آئے
جو بھی حالات بنے مکے میں وہ سمجھائے
حلقے میں آپؐ صحابہؓ کے وہاں بیٹھے تھے
سامنے آپؐ کے عمروؓ بھی وہاں کھڑے تھے
آپؐ نے دیکھی جو بادل کی فلک پہ ٹکڑی
عمروؓ سے آپؐ نے فرمایا مدد ہی ہوگی
مکّہ میں لے کے بدیل آئے تھے کچھ لوگوں کو
انہوں نے دیکھا پریشان رشتہ داروں کو
انہوں نے ہی تو پناہ دی تھی مسلمانوں کو
رافعؓ نے یا جگہ دی تھی مسلمانوں کو

Marfat.com

سے ڈرو کہ وہ اللہ تعالیٰ کے نور سے دیکھتا ہے۔ قرآن پاک میں ارشاد کیا گیا ہے:

وَ یَسْــَٔلُوْنَکَ عَنِ الرُّوْحِ ؕ قُلِ الرُّوْحُ مِنْ اَمْرِ رَبِّیْ

اے رسول آپ سے رُوح کے بارے میں سوال کرتے ہیں۔ آپ کہہ دیجئے کہ رُوح میرے رب کے امر سے ہے۔

(سورۃ بنی اسرائیل، پارہ 15، آیت 85)

قرآن پاک کی آیات میں یہ بھی ارشاد ہوا ہے کہ:

هَلْ اَتٰى عَلَى الْاِنْسَانِ حِيْنٌ مِّنَ الدَّهْرِ لَمْ يَكُنْ شَيْئًا مَّذْكُوْرًا ۝ اِنَّا خَلَقْنَا الْاِنْسَانَ مِنْ نُّطْفَةٍ اَمْشَاجٍ ۖ نَّبْتَلِيْهِ فَجَعَلْنٰهُ سَمِيْعًا بَصِيْرًا ۝

بے شک اِنسان پر زمانے میں ایک ایسا وقت بھی آچکا ہے کہ وہ کوئی قابلِ ذکر چیز نہ تھا۔ ہم نے اِنسان کو ملے جلے نطفہ سے پیدا کیا تاکہ اسے آزمائیں تو ہم نے اسکو سنتا دیکھتا بنایا۔

(سورۃ دہر، پارہ 29، آیت 1،2)

بات سیدھی اور صاف ہے کہ اِنسان گوشت پوست اور ہڈیوں کے ڈھانچے کے اعتبار سے ناقابلِ تذکرہ تھا اور ہے۔ اس کے اندر اللہ کی رُوح اس کی تمام صلاحیتوں اور بندگی میں تمام اعمال اور حرکات کی بنیاد ہے۔ ہم روزانہ دیکھتے ہیں کہ جب اِنسان مر جاتا ہے تو قائم رہتا ہے لیکن حرکت ختم ہو جاتی ہے۔ یعنی حرکت تابع ہے رُوح کے۔ کہنا یہ ہے کہ رُوح ہی زندگی ہے اور زندگی کے تمام اعمال اور حرکات کا دارومدار ہی رُوح پر ہے۔

## رُوح کی IDENTIFICATION شناخت:

رُوح کی ہر حرکت میں مقداریں کام کرتی ہیں۔ اور یہ معین مقداریں استعمال کر کے رُوح مختلف حیثیتوں اور رنگ و روپ میں اپنا تعارف پیش کرتی ہے رُوح جب ان معین مقداروں کے تانے بانے کے ساتھ وہ لباس تیار کرتی ہے جس کو ہم درخت کہتے ہیں تو رُوح ہمیں درخت کی شکل میں نظر آتی ہے اور رُوح جب وہ مقداریں پیش کرتی ہے جو بکری میں کام کرتی ہے تو وہ ہمیں بکری نظر آتی ہے۔ علیٰ ہذا القیاس جتنی نوعیں اور نوعوں کے اندر مختلف شکل و صورت ہم دیکھتے ہیں یا ایسی نوعیں جو ہماری نظروں سے پوشیدہ ہیں وہ رُوح کی ہر آن اور ہر لمحہ بدلتی ہوئی تصویریں ہیں۔ رُوح ملاءِ اعلیٰ کے لباس میں خود کو پیش کرتی ہے تو ملاءِ اعلیٰ ہے۔ ملاءِ اعلیٰ میں جبرائیلؑ، میکائیلؑ اسرافیلؑ اور عزرائیلؑ شامل ہیں جب رُوح حاملان ملائکہ سماوی یا ملائکہ ارضی کے لباس میں خود کو پیش کرتی ہے تو اسی نام سے پکاری جاتی ہے۔

## UNIVERSE .... اللہ کے علم کا مظاہرہ:

اللہ تعالیٰ نے قرآن میں ارشاد فرمایا "اللہ وہ ہے جو ہر چیز پر محیط ہے۔" یہ بھی ارشاد ہے کہ "جو کچھ تم کرتے ہو اللہ اسے دیکھتا ہے اور جو کچھ تم چھپاتے ہو اللہ اسے جانتا ہے اگر تم ایک ہو تو دوسرا اللہ ہے اور اگر تم دو ہو تو تیسرا اللہ ہے۔ اللہ ہی ابتداء ہے اللہ ہی انتہا ہے۔"



Marfat.com

# تجدید صلح کے لیے ابوسفیان مدینہ میں

ابوسفیان نے حالات کی سنگینی کو
بھانپ لیا تھا تو پھر چل دیا طیبہ کو وہ
ان کی شوریٰ نے کہا ان سے مدینے جاؤ
جو بھی تجدید صلح ہوگی وہ ہی کر آؤ
ان کو معلوم تھا بدعہدی ہوئی ہے ان سے
ایسے حالات میں خاموش کہاں وہ رہتے
مکّہ سے جونہی وہ تجدید صلح کو نکلے
اور عسقان کی وادی میں وہ جا کے اُترے
اس جگہ ان کو نظر آئے بدیل آتے
انہوں نے پوچھا بدیلؓ آپؐ یہاں پہ کیسے
ساحلی وادی میں تھا ساتھ خزاعہ کے میں
تم کو بتلایا نہیں آیا مدینے سے میں

Marfat.com

ان سارے ارشادات میں یہ بات پوری طرح واضح ہو جاتی کہ اللہ کا علم لا محدود، غیر متغیر اور لامتناہی اس لئے ہے کہ یہ علم کی حدود و بندیوں سے ماوراء ہے۔ ان ارشادات سے یہ بات بھی منکشف ہوئی ہے کہ اللہ تعالیٰ جب اپنے علم کا تذکرہ کرتے ہیں تو اس سے منشاء خالصتاً آزادی ہے۔ اللہ تعالیٰ نے جب کائنات بنانے کا ارداہ کیا تو فرمایا "کُن" اور کائنات وجود میں آگئی۔




## شناخت کا قانون

اس بات کو آسان الفاظ میں اس طرح بیان کیا جاسکتا ہے کہ کائنات دراصل اللہ تعالیٰ کا علم ہے چونکہ علم کا DISPLAY ہوا ہے اور اللہ تعالیٰ کے علم نے کائنات کا روپ اختیار کیا ہے اس لئے پوری کائنات بھی بجز علم کے کوئی اور حیثیت نہیں رکھتی علم کی حیثیت زیادہ ہو یا قلیل بہر حال وہ علم ہے اس کو ہم اس طرح بھی کہہ سکتے ہیں کہ سمندر کے پانی کا ایک قطرہ بہر حال سمندر ہے۔ سمندر سے لئے ہوئے ایک قطرہ آب کو پانی کے علاوہ کوئی نام نہیں دیا جا سکتا۔ چونکہ ساری کائنات اللہ تعالیٰ کے علم کا مظاہرہ ہے اس لئے کائنات کی حقیقت کی بنیاد اور کائنات کی ہئیت سوائے علم کے کچھ نہیں ہے۔ جب ہم عالم ناسوت میں بند زندگی کا تجزیہ کرتے ہیں اور زندگی کے اندر فکر کرتے ہیں تو یہ بات پوری طرح واضح ہو جاتی ہے کہ ساری زندگی علم کے علاوہ کچھ نہیں اور علم اس وقت علم ہے جب اس کے اندر معانی اور مفہوم موجود ہوں علم کے اندر معانی اور مفہوم کی ایک طرز یہ ہے کی بندہ اپنے اختیارات سے علم کے اندر معانی پہناتا ہے اور علم کے اندر اصل مفہوم وہ ہے جو اللہ تعالیٰ کے ذہن میں ہے بظاہر کائنات میں غور کرنے سے عجیب قسم کی پریشانی ہوتی ہے کہ اللہ تعالیٰ نے ایسا نظام قائم کیا جس نظام میں زیادہ تر تکلیف و قباحت ہے مثلاً یہ کہ آدمی کھائے بغیر نہیں رہ سکتا ہر آدمی سونے پر مجبور ہے اتنی بند شیں ہیں کہ جن کا کوئی شمار نہیں۔ علم کا یہ مفہوم اللہ تعالیٰ کے ذہن میں موجود علم سے الگ ہے۔

## وَ كَانَ اللّٰهُ بِكُلِّ شَيْءٍ مُّحِيطًا کا عکس:

یہ دیکھا جاتا ہے کہ اِنسان اپنے ذہن میں کائنات کی ہر چیز سے رُوشناس ہے۔ ہم جس چیز کو حافظہ کہتے ہیں وہ ہر دیکھی ہوئی چیز کو اور ہر سُنی ہوئی بات کو یاد رکھتا ہے۔ جن چیزوں سے ہم واقف نہیں ہیں ہمارے ذہن میں ان چیزوں سے واقفیت پیدا کرنے کا تجسس موجود ہے، اگر اس تجسّس کا تجزیہ کیا جائے تو کئی رُوحانی صلاحیتوں کا انکشاف ہو جاتا ہے۔ یہی تجسس وہ صلاحیت ہے جس کے ذریعے ہم کائنات کے ہر ذرّے سے رُوشناسی حاصل کرتے ہیں۔ اس قوت کی صلاحیتیں اس قدر ہیں کہ جب ان سے کام لیا جائے تو وہ کائنات کی



Marfat.com

ابوسفیان چلا اور مدینے آیا
کھٹکھٹایا تو نبیؐ پاک کا ہی دروازہ
تھیں یہاں اُمّ حبیبہؓ جو نبیؐ کی بیوی
اُمّ حبیبہؓ ابوسفیان کی بیٹی تھی
جونہی سرکارؐ کے بستر کی وہ جانب آیا
بیٹھنا آپؐ کے بستر پہ جو اس نے چاہا
اس کی بیٹی نے نبیؐ پاک کی چادر کھینچی
ابوسفیان کی ہستی جو نہ اس قابل تھی
معترض اپنی وہ بیٹی سے ہوا تھا ایسے
کیا مری بیٹی نہیں لائق ہم اس کے ہیں رہے
یہ نبیؐ پاک کا بستر ہے ہٹو تم اس سے
تم ہو ناپاک بھی مشرک بھی کہاں بیٹھو گے
پھر وہ مسجد میں نبیؐ پاک کے پاس آیا
گفتگو کر لی جواب نہ نبیؐ سے پایا

Marfat.com

تمام ایسی مَوجودات سے جو پہلے کبھی تھیں یا اب ہیں یا آئندہ ہوں گی، واقف ہو جاتی ہیں۔ واقفیّت حاصل کرنے کے لئے ہمارا ذہن تجسّس کرتا ہے۔ تجسّس ایک ایسی حرکت کا نام ہے جو پوری کائنات کا احاطہ کئے ہوئے ہے۔ قُرآن پاک میں اللّٰہُ بِکُلِّ شَیْءٍ مُّحِیْطًا اللہ تعالیٰ کی ہر چیز کو احاطہ کرنے والی صِفت کا تذکرہ ہے۔ اس صِفت کا عکس اِنسان کی رُوح میں پایا جاتا ہے۔ اس ہی عکس کے ذریعے اِنسان کا تحتِ لاشعور عالمِ رُؤیا کائنات کی ہر چیز سے واقف ہے۔

حوالہ جات:

1۔ کتاب "معرفتِ عشق" از سیّدہ سعیدہ خاتون عظیمی، باب دریائے وحدانیت، صفحہ نمبر 210 تا 211

2۔ کتاب "توجیہات" از الشیخ خواجہ شمس الدین عظیمی، باب اللہ کا نور، صفحہ نمبر 35 تا 37



Marfat.com

وہ ابوبکرؓ سے پھر عمرؓ سے ملا جا کے
عرض کی ان سے کوئی میرے لیے بات کرے
حضرت عمرؓ نے سختی سے کہا تیرے لیے
کیسے ممکن ہے کہ میں بات کروں آقاؐ سے
گرچہ لکڑی کا بھی ٹکڑا میں یہاں لے آؤں
میں کروں اس سے جہاد اور نہ کبھی گھبراؤں
اُس نے ہرگز نہ کہیں سے بھی مراد پائی
پھر اُسے یاد بہت مولا علیؓ کی آئی
انؓ کو بھی اپنی قرابت کا حوالہ دے کے
ایسی ہی بات وہاں کر دی ابوسفیاں نے
یاعلیؓ آپؓ ہی کچھ میرے لیے کر پائیں
کچھ محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے کریں بات مرے ساتھ آئیں
فاطمہؓ بی بی سے کی عرض کہیں بیٹے سے
لوگوں میں جا کے پناہ مجھ کو حسنؓ ہی دے دے

Marfat.com

موضوع 84/ 40

# رفع المسیح علیہ السلام

## TRANSFER OF JESUS CHRIST

## سُوْرَةُ النِّسَآءِ (WOMEN)

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

وَّقَوْلِهِمْ اِنَّا قَتَلْنَا الْمَسِيْحَ عِيْسَى ابْنَ مَرْيَمَ رَسُوْلَ اللّٰهِ ۚ وَمَا قَتَلُوْهُ وَمَا
صَلَبُوْهُ وَلٰكِنْ شُبِّهَ لَهُمْ ۗ وَاِنَّ الَّذِيْنَ اخْتَلَفُوْا فِيْهِ لَفِيْ شَكٍّ مِّنْهُ ۗ مَا لَهُمْ بِهٖ
مِنْ عِلْمٍ اِلَّا اتِّبَاعَ الظَّنِّ ۚ وَمَا قَتَلُوْهُ يَقِيْنًا ﴿١٥٧﴾ بَلْ رَّفَعَهُ اللّٰهُ اِلَيْهِ ۗ
وَكَانَ اللّٰهُ عَزِيْزًا حَكِيْمًا ﴿١٥٨﴾

ترجمہ: اور انکے اس دعوٰی کے کہ ہم نے عیسیٰ ابن مریم اللہ کے رسول کو قتل کیا، حالانکہ اصل میں نہ تو اس کو قتل کر سکے، نہ صلیب پر چڑھا سکے۔ بلکہ معاملہ ان کے لئے مشتبہ کر دیا۔ جو لوگ یعنی مسیحی اس کے بارے میں آپس میں اختلاف کر رہے ہیں وہ بھی اس معاملے میں شک میں پڑے ہوئے ہیں ان کے پاس اس کے بارے میں کوئی قطعی علم نہیں ہے بلکہ صرف گمان کی پیروی کر رہے ہیں۔ یقیناوہ مسیح کو قتل نہیں کر سکے بلکہ اللہ نے اس کو اپنی طرف اٹھالیا اللہ غالب اور حکمت والا ہے۔

*And because of their saying (in boast), "We killed Massiah, Issa (Jesus), son of Maryam (Mary), the messenger of Allah", but they killed him not , nor crucified him , but the resembelence of Issa (Jesus) was put over another man (and they killed that man), and those who differ therein are full of doubts. They have no (certain) knowledge, they follow nothing but conjecture. For surely; they killed him not. But Allah raised him up(with his body and soul) unto Himself. And Allah is Ever All-Powerful, All-Wise.*



Marfat.com

انہوں نے اس کو بتایا کہ نہیں ہو سکتا
میرے باباؑ کے سوا کوئی پناہ کیوں دے گا
ہو کے مایوس کہا آج علیؓ کام آؤ
جس سے بچ جائیں وہی رستہ دکھاؤ ہم کو
اپنے لوگوں کے ہو سردار وہاں تم جاؤ
اپنی امان کا مسجد میں اعلان کر دو
اُس سے حیدرؓ نے کہا جو بھی وہیں کر ڈالا
ماسوا اُس نے خاموشی کے نہیں کچھ پایا
ہو کے ناکام وہ مکّے کی طرف لوٹ آیا
نامُرادی کے سوا اس سے نہ کچھ بن پایا
جو بھی گزری تھی سبھی حال سنایا اُس نے
اس سے طیبہ میں جو بن پایا بتایا اُس نے

Marfat.com

حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے زمانے میں صحت سے متعلق یا میڈیکل سائنس نے کافی ترقی کر لی تھی۔ لوگوں کا رجحان صحت کے اصولوں اور بیماریوں کے علاج کی طرف تھا۔ حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے وقت کی ضرورتوں کے مطابق مُردوں کو زندہ کیا۔ برص اور کوڑھ جیسے لاعلاج امراض سے لوگوں کی جان چھڑائی۔ اندھوں کو آنکھیں دیں۔ آپؑ کے یہ تمام معجزے صحت ہی کے متعلق تھے اس زمانے کے لوگوں کو یہ تو معلوم ہی تھا کہ کوڑھ اور برص نہایت موذی مرض ہیں۔ ان سے احتیاط لازمی ہے مگر وہ یہ نہ جانتے تھے کہ اس کی اصل وجہ کیا ہے؟ اصل میں تمام کچھ رُوح ہے۔ یہ جسم رُوح کا لباس ہے۔ جیسے فرض کریں کہ آپ اگر کوئی حرکت کریں تو جو کپڑے آپ پہنے ہونگے تمام کپڑے بھی ساتھ ہی حرکت کریں گے۔ حرکت بدن کا فعل ہے۔ کپڑے بدن کا مفعول ہیں۔ جو بدن کی حرکت کو قبول کر کے حرکت کرتے ہیں۔ اسی طرح بدن یا جسم کے اندر حواس یا حس بھی رُوح کے تابع ہیں جیسے جیسے خود اپنی ذات کی نفی ہوتی چلی جائے گی ویسے ویسے حقیقی ذات سامنے آتی جاتی ہے۔ اور جب رُوح بھی اپنی نفی کر دیتی ہے تو فکر میں سوائے ذات باری تعالیٰ کے اور کچھ باقی نہیں رہتا پھر کائنات عالم میں ہونے والی ہر حرکت اللہ تعالیٰ کے امر کی حرکت بن جاتی ہے جو اس کے حکم کُن کے دائرے میں عمل میں آتی ہے۔ اور حکم کُن کے دائرے میں حرکت کرنے والا ایک ایک ذرّہ اللہ تعالیٰ کے حکم کا پابند ہے اسی بات کو اللہ تعالیٰ نے سورہ آل عمران کی 45 ویں آیت میں بیان کیا ہے۔

اِنَّ اللّٰهَ يُبَشِّـرُكِ بِكَلِمَةٍ مِّنْهُ ۙ

یعنی اللہ تعالیٰ بشارت دیتا ہے تجھے ایک حکم کی حضرت مریمؑ کو آیت مذکورہ میں کلمہ سے مراد حکم کُن ہے یہاں حضرت عیسیٰؑ کو کلمہ کہا ہے یعنی حضرت عیسیٰؑ اللہ تعالیٰ کا حکم ہیں۔ حضرت عیسیٰؑ کے قالب میں اللہ تعالیٰ کا امر اللہ تعالیٰ کے حکم سے حرکت میں ہے۔ اس کا مطلب یہ ہوا کہ حضرت عیسیٰؑ کی ذات، ذات امر ہے۔ یہ جسم حقیقی ذات امر نہیں ہے بلکہ حقیقی ذات وہ کلمہ یا روح ہے جو اللہ تعالیٰ کے حکم سے حضرت مریمؑ کے رحم میں پھونکی گئی اس حقیقت کا انکشاف حضرت عیسیٰؑ کے اللہ تعالیٰ کی جانب اٹھائے جانے میں ملتا ہے۔

وَّقَوۡلِهِمۡ اِنَّا قَتَلۡنَا الۡمَسِيۡحَ عِيۡسَى ابۡنَ مَرۡيَمَ رَسُوۡلَ اللّٰهِ‌ ۚ وَمَا قَتَلُوۡهُ وَمَا صَلَبُوۡهُ وَلٰـكِنۡ شُبِّهَ لَهُمۡ‌ ؕ وَاِنَّ الَّذِيۡنَ اخۡتَلَفُوۡا فِيۡهِ لَفِىۡ شَكٍّ مِّنۡهُ‌ ؕ مَا لَهُمۡ بِهٖ مِنۡ عِلۡمٍ اِلَّا اتِّبَاعَ الظَّنِّ‌ ۚ وَمَا قَتَلُوۡهُ يَقِيۡنًاۢ ۙ‏ ﴿۱۵۷﴾ بَلْ رَّفَعَهُ اللّٰهُ اِلَيۡهِ‌ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ عَزِيۡزًا حَكِيۡمًا‏ ﴿۱۵۸﴾

اور انکے اس دعوٰی کے کہ ہم نے عیسیٰ ابن مریم اللہ کے رسُول کو قتل کیا، حالانکہ اصل میں نہ تو اس کو قتل کر سکے، نہ صلیب پر چڑھا سکے۔ بلکہ معاملہ ان کے لئے مشتبہ کر دیا۔ جو لوگ یعنی مسیحی اس کے بارے میں آپس میں اختلاف کر رہے ہیں وہ بھی اس معاملے میں شک میں پڑے ہوئے ہیں ان کے پاس اس کے بارے میں کوئی قطعی علم نہیں ہے بلکہ صرف گمان کی پیروی کر رہے ہیں۔ یقیناً وہ مسیح کو قتل نہیں کر سکے بلکہ اللہ نے اس کو اپنی طرف اٹھا لیا اللہ غالب اور حکمت والا ہے۔ (سورہ نساء، پارہ 6، آیت 157، 158)



Marfat.com

# غزوہ کی تیاری اور اخفا کی کوشش

اس سے پہلے کہ خبر آئے عہد شکنی کی
آپؐ نے مکّہ میں جانے کی بھی تیاری کر لی
بی بی عائشہؓ سے فرمایا تین دن پہلے
ساز و سامان وہ آقاؐ کا تیار کر لے
اور فرمایا کسی کو نہ پتا چل جائے
پھر وہاں آپؐ کے گھر میں تھے ابوبکرؓ آئے
کیسی تیاّری ہے یہ آج کہا بیٹی سے
مجھ کو معلوم نہیں بابا کہا بیٹی نے
ایسے حالات سے معلوم ہوا تھا آخر
ساز و سامان نبیؐ پاک کا باندھا کیوں کر
مکّہ جانے کی تیاّری ہے کہا آقاؐ نے
اور مانگی تھی دعا آپؐ نے یہ اللہ سے

Marfat.com

ان آیات میں اللہ تعالیٰ نے اس بات کی نفی کی ہے کہ حضرت مریمؑ کے فرزند حضرت عیسیٰ مسیح علیہ السلام جو اللہ تعالیٰ کے رسُول کی حیثیت سے دنیا میں نازل کئے گئے تھے انہیں قتل کر دیا گیا۔ یعنی حضرت عیسیٰؑ قتل نہیں ہوئے یہاں اللہ تعالیٰ کا اشارہ اپنے امر کی تجلّی سے ہے۔ کہ امر کی جس روشنی کو حضرت عیسیٰؑ مسیح کا نام دے کر اللہ تعالیٰ کے حکم کی تعمیل میں دنیا میں بھیجا گیا تھا اس حکم کو لوگوں نے مار دیا۔ بلکہ اللہ تعالیٰ نے لوگوں کی اس ناقدری کی وجہ سے اپنے اَمر کی روشنی کو اپنے پاس اٹھالیا۔ یہاں رَفع کا لفظ استعمال کیا گیا ہے۔ رَفَع سے مراد پستی سے بلندی کی طرف اٹھانا ہے۔ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ لوگوں کی ناقدری کی وجہ سے اللہ تعالیٰ نے اپنے اَمر کی تجلّی کو جو حکم دے کر بھیجا تھا۔ اس تجلّی کو واپس اپنے پاس آنے کا حکم دیا اور لوگوں نے انہیں جو اذیّت پہنچائی اس کے صلے میں انہیں اللہ تعالیٰ نے اپنی ذات کا عرفان عطا فرمایا۔ اللہ تعالیٰ کا اپنی طرف اٹھانے سے مراد ذات کا عرفان عطا کرنا ہے۔

اللہ تعالیٰ آیت مذکورہ میں اسی حقیقت کا انکشاف فرماتے ہیں کہ لوگ تو ان کے ظاہری جسم کو سولی پر چڑھانے یا نہ چڑھانے کے چکر میں پڑ گئے۔ اور اس پر بھی تمام لوگوں کا اتفاق نہیں ہے۔ کیونکہ ان کے پاس اس کا علم ہی نہیں ہے۔ اس وجہ سے وہ گمان کی پیروی کرتے ہیں۔ یعنی جس کے جی میں جو آیا وہ کہتا ہے۔ اور اسی پر یقین رکھتا ہے۔ جس کا حقیقت سے کوئی واسطہ نہیں ہے کیونکہ حقیقت تو چھپی ہوئی ہے۔ لوگوں کی نظر تو صرف ظاہر میں کام کرتی ہے اسی وجہ سے وہ ظاہر میں دیکھ کر قیاس آرائیاں کرتے ہیں۔ اپنی دانست میں انہوں نے اپنے معزّز رسُول کو قتل کر کے اس کی جس قدر ہو سکی تذلیل کر لی۔ مگر وہ لوگ ایسے اندھے تھے جیسے اندھا شخص ہر شے کو ٹٹول ٹٹول کر محسُوس کرتا ہے اور اسی حس سے وہ مشاہدے کا کام لیتا ہے کبھی اس کی حس صحیح بتا دیتی ہے اور کبھی وہ غلط ہو جاتا ہے یہی مثال ان لوگوں کی ہے جنھوں نے اپنے برگزیدہ رسُول محترم کو سولی پر چڑھا دیا۔ کہ انہوں نے تو اپنی دانست میں اپنے پاس اللہ تعالیٰ کی نعمتوں کو لانے والے کی اور لوگوں کو فائدہ پہنچانے والے کی تذلیل کی۔ لیکن اللہ تعالیٰ کو اپنے کلمے کی اور اپنی رُوح کی یہ بے حرمتی پسند نہ آئی اور اللہ تعالیٰ نے اپنے کلمہ اور اپنی رُوح کو واپس اپنی ذات کی طرف بلا لیا۔ ان آیات میں اللہ تعالیٰ لوگوں کو ظاہر کی بجائے حقیقت میں نظر کرنے کی تلقین کرتے ہیں کہ ہر شے کا ظاہر محض حرکت یا فعل ہے۔ حرکت کی روشنی یا رُوح یا حکم شے کے اندر باطن میں کام کر رہا ہے۔ ظاہر کو دیکھ کر باطن کو نہیں پہچانا جا سکتا۔ لوگوں کی نظر ظاہر میں کام کرتی تھی۔ ان کا شعور ظاہر میں کام کرتا تھا۔ انہوں نے اچھے برے کی تمیز کئے بغیر اپنے رسُول کو سولی پر چڑھا دیا۔ اور اپنے اس کام سے ان کے دل مطمئن بھی ہوئے۔ مگر یہ اطمینان عارضی اور وقتی ہے۔ کیونکہ جھوٹا ہے فکشن ہے۔ یہ اللہ کا حکم بھی نہیں ہے۔ اس کو انرجی خود اپنے شعور سے مل رہی ہے۔ اور شعور کا رابطہ رُوح یعنی حکم سے ختم ہو جاتا ہے تو شعور کی انرجی زیادہ دیر قائم نہیں رہ سکتی۔ وہ مر جاتا ہے۔ یہی حال ان لوگوں کا ہے کہ وہ انہیں قتل کرنے کے بعد بھی مشتبہ ہو گئے اور گمان کرنے لگے کہ قتل کیا کہ نہیں کیا۔ ان کے شعور ان کی عقلوں کو اللہ تعالیٰ نے بند کر دیا اور ان کی نظروں پر پردے گرا دیئے تاکہ وہ حقیقت کو جان ہی نہ سکیں۔ وہ حقیقت جو اللہ کا امر ہے۔ حکم ہے۔ اس کا کلمہ۔ اس کی رُوح ہے۔ جو مسیحؑ ہے۔ اور اللہ تعالیٰ کا ایک برگزیدہ رسُول ہے۔

حوالہ جات:

1۔ کتاب "معرفتِ عشق" از سیّدہ سعیدہ خاتون عظیمی، موضوع نہ قتل کیا نہ سُولی چڑھا سکے، صفحہ نمبر 42 تا 45



Marfat.com

ربِ اطہر میری منظور دُعا تُو کرنا
تو جاسوسوں کو قریشوں سے نہ ملنے دینا
ہم اچانک ہی تو کفّار پہ جانا چاہیں
اور مخبر بھی قریشوں کو بتا نہ پائیں
آٹھ سن ہجری میں رمضان کا مہینہ تھا
رازداری کے لیے آپؐ نے سریہ بھیجا
بطن اطم کی طرف آٹھ صحابہؓ بھیجے
ابوقتادہؓ صحابیؓ تھے جو سالار ان کے
اس کا مقصد تھا حضورؐ اس کی طرف جائیں گے
اور کفّار تو بے خبر ہی رہ جائیں گے
جب معیّن مقام پہ یہ سریا پہنچا
ان کو یہ علم ہوا آپؐ گئے ہیں مکّہ
سارے اصحابؓ نبیؐ پاک کے واپس آئے
پھر نبیؐ پاک کے سب پیچھے چلے تھے مکّے

Marfat.com

موضوع 41/84

# خوشخبری سنانے والے

## BEARER OF GOOD NEWS

## سُوْرَةُ النِّسَآءِ (WOMEN)

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

رُسُلًا مُّبَشِّرِيۡنَ وَمُنۡذِرِيۡنَ لِئَلَّا يَكُوۡنَ لِلنَّاسِ عَلَى اللّٰهِ حُجَّةٌۢ بَعۡدَ الرُّسُلِ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ عَزِيۡزًا حَكِيۡمًا ﴿۱۶۵﴾

ترجمہ: اللہ نے ان رسُولوں کو خوشخبری دینے والے اور ہشیار کرنے والے بنا کر بھیجا تا کہ ان رسُولوں کے بعد ان لوگوں کے پاس اللہ کے سامنے کوئی عذر باقی نہ رہے یقیناً اللہ غالب اور صاحب حکمت ہے۔

*Massengers as bearer of good news as well as of warning in order that mankind should have no plea against Allah after the (coming of) Massenger. And Allah is ever All-Powerful, All-Wise.*

زمین پر انسان کی پیدائش سے قبل جنّات آباد تھے۔ جنّات بھی اچھے اور برے کام کرنے کی صلاحیت رکھتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے اچھے کاموں کا حکم اور برے کاموں سے منع فرمایا ہے۔ اللہ تعالیٰ کی نافرمانی، سرکشی، جھوٹ، لڑائی، فساد، قتل اور خون خرابہ یہ سب برے کام ہیں۔

آہستہ آہستہ جنّات میں برے کام زیادہ ہونے لگے جس سے اللہ تعالیٰ ناخوش ہوئے اور کئی مرتبہ جنّات کو سزا دی گئی لیکن وہ نافرمانی سے باز نہ آئے۔ جب زمین پر جنّات کی سرکشی، نافرمانی، اور فساد زیادہ ہو گیا تب اللہ تعالیٰ نے اِنسان کو تخلیق کیا اور اسے اپنی صِفات کا علم سکھایا۔ اِنسان کو زمین پر بھیجا گیا اور حکم دیا!

اچھے اور برے کاموں کے درمیان فرق کرو۔ ہم تمہیں سیدھا راستہ دکھائیں گے پیغمبر تمہاری اولاد کو نیک اور اچھے کاموں کا حکم پہنچائیں گے۔ جو شخص سیدھا راستہ اختیار کر کے نیک کام کرے گا اس کے لئے خوف اور غم نہیں ہو گا جو شخص پیغمبروں کی بات نہیں مانے گا وہ جوابدہ ہو گا۔ زمین پر شکر گزار بندوں کی طرح رہو اور نیک عمل سے دوسرے اِنسانوں کی خدمت اور خیر خواہی کرو۔ اس طرح تم وہ نعمتیں دوبارہ حاصل کر لو گے جو جنّت میں حاصل تھیں۔ شیطان تمہارا کھلا دشمن ہے۔ جو کوئی شیطان کے دھوکے میں آکر دنیا کی



Marfat.com

حاطبؓ ابن ابی بلتعہ نے رُقعہ لکھا
اس کی خواہش تھی چلا جائے یہ فوراً مکہ
مکّہ میں اس نے قریشوں کو بتانا چاہا
کرنے والے ہیں بہت جلدی حضورؐ اب حملہ
ایک عورت کو دیا رقعہ کہا لے جاؤ
اہلِ کفّار قریش کو اسے پہنچاؤ
وعدہ یہ اس سے کیا پیسے تمہیں تب دیں گے
تو قریش کو اگر رقعہ میرا پہنچا دے
بالوں کی چوٹی میں رُقعے کو چھپایا اس نے
اس کی بابت نہ کسی کو بھی بتایا اُس نے
لے کے رُقعہ وہ جونہی مکّہ کی جانب چل دی
خبر اُس رقعے کی آقاؐ کو خدا نے کر دی
روضۂ خاخ چلے جاؤ، تم مسلمانو!
ایک عورت ہے جو ہودج میں اُسے جا پکڑو

Marfat.com

مختصر زندگی کے آرام و آسائش کے لئے نافرمانی کرے گا اور برے کاموں سے دوسرے لوگوں کو تکلیف پہنچائے گا وہ شیطان کا دوست اور ساتھی بن کر جہنم میں جائے گا۔ روایت ہے کہ اللہ تعالیٰ نے اچھائی اور برائی کا فرق سمجھانے کے لئے ایک لاکھ چوبیس ہزار پیغمبر اس دنیا میں بھیجے۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے:

رُسُلًا مُّبَشِّرِيْنَ وَ مُنْذِرِيْنَ لِئَلَّا يَكُوْنَ لِلنَّاسِ عَلَى اللّٰهِ حُجَّةٌۢ بَعْدَ الرُّسُلِ ؕ وَ كَانَ اللّٰهُ عَزِيْزًا حَكِيْمًا

یہ سارے رسول خوش خبری سنانے والے اور آگاہ کرنے والے بنا کر بھیجے گئے ہیں تاکہ ان کو مبعوث کر دینے کے بعد لوگوں کے پاس اللہ کے مقابلے میں کوئی حجت نہ رہے اللہ بہر حال غالب رہنے والا اور حکیم و دانا ہے۔ (سورۃ النساء، پارہ 6، آیت 165)

حضرت آدمؑ، حضرت نوحؑ، حضرت ابراہیمؑ، حضرت اسماعیلؑ، حضرت اسحاقؑ، حضرت موسیٰؑ، حضرت عیسیٰؑ اور آخری پیغمبر حضرت محمد ﷺ اور دوسرے تمام پیغمبرانؑ نے توحید کے ساتھ ساتھ رواداری کی تعلیمات دی ہیں۔

بندہ یہ جان لے ہم مخلوق ہیں ہمارا خالق یہ چاہتا ہے کہ مخلوق خوش رہے پوری نوعِ انسانی پر سکون زندگی گزارے۔ سب ایک دوسرے سے محبت کریں۔ ایک دوسرے کو نقصان نہ پہنچائیں، بزرگ خواتین و حضرات کا ادب کریں۔ والدین کا احترام کریں۔ بچوں سے شفقت سے پیش آئیں۔ بلا تفریق رنگ و نسل، مذہب و ملت اور ذات و قوم ایک دوسرے کی عزّت اور جان و مال کا احترام کریں۔

## دوہرا پن DUALITY:

ہر انسان کے دو وجود یا دو جسم اور کائنات میں موجود ہر مخلوق کے بھی دو وجود یا دو رُخ ہیں۔ اسی طرح زمین بھی مخلوق ہے۔ اس کے بھی دو وجود یا دو جسم ہیں۔

جس طرح مادی وجود میں مختلف گیسز کا عمل دخل ہے یا مادی وجود کی وریدوں اور شریانوں میں خون دوڑ رہا ہے۔ اسی طرح زمین کے مادی وجود میں بھی گیسز کا براہِ راست عمل دخل ہے اور زمین کی وریدوں اور شریانوں میں بھی انرجی، توانائی اور پانی دوڑ رہا ہے۔۔ زمین کے اوپر جو آبادیاں ہیں۔۔۔ ہر وقت ان میں تغیر ہوتا رہتا ہے۔

گول کڑوں RINGS کی طرح پہاڑ ہیں۔ کڑوں کی طرح پہاڑوں نے زمین کو اپنی گرفت میں لیا ہوا ہے۔ زمین مسلسل ROTATORY محوری اور TRANSLATORY CIRCULAR طولانی گردش میں سفر کر رہی ہے۔۔۔۔۔ اس گردش کو پہاڑ کے گول کڑے کنٹرول کرتے ہیں۔ یہ پہاڑ میخوں کی طرح زمین میں گڑے ہوئے ہیں۔ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں۔

اَلَمْ نَجْعَلِ الْاَرْضَ مِهٰدًا ۙ﴿۶﴾ وَّ الْجِبَالَ اَوْتَادًا ۙ﴿۷﴾

ہم نے زمین کو فرش بنایا اور پہاڑوں کو میخوں کی طرح گاڑ دیا۔

(سورۃ النباء، پارہ 30، آیت 6,7)



Marfat.com

اس کے پاس ایک قُریش کے لیے رُقعہ ہے
جس کو حاطبؓ نے وہاں دے کے اُسے بھیجا ہے
آن ہی آن میں اصحابؓ وہاں جا پہنچے
علیؓ مقدادؓ زبیرؓ اور ابوعامرؓ تھے
روضۂ خاخ میں پہنچے تو اسے ہی پایا
اونٹ سے نیچے اُترنے کا بھی حکم فرمایا
لے کے آئی ہو جو تم رقعہ وہ ہم کو دے دو
کیا تیرے پاس نہیں ہے وہ ذرا سچ بولو
بولی عورت وہ مرے پاس یہاں کچھ بھی نہیں
ہے تمہیں آتا نظر کوئی بھی رُقعہ کہیں
انہوں نے اس کے کجاوے کی تلاشی لے لی
انہیں رقعے کی طرح کوئی نہ شے مل پائی
ہم سے آقاؐ نے کبھی جھوٹ نہیں ہے بولا
جھوٹ بولو گی تو انجام برا ہی ہوگا

Marfat.com

موضوع 42/84

## وضو ABLUTION

## سُوْرَةُ الْمَآئِدَةِ (THE TABLE SPREAD)

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

يٰاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْۤا اِذَا قُمْتُمْ اِلَى الصَّلٰوةِ فَاغْسِلُوْا وُجُوْهَكُمْ وَاَيْدِيَكُمْ اِلَى الْمَرَافِقِ وَامْسَحُوْا بِرُءُوْسِكُمْ وَاَرْجُلَكُمْ اِلَى الْكَعْبَيْنِ ط

ترجمہ: مومنو جب تم نماز پڑھنے کا قصد کیا کرو تو تم منہ اور کہنیوں تک ہاتھ دھو لیا کرو اور سر کا مسح کر لیا کرو اور ٹخنوں تک پاؤں۔

*O ye who believe! When ye rise up for prayer, wash your face, and your hands up to the elbows, and lightly rub your heads and (wash) your feet up to the ankles.*

سائنسی تجربات سے یہ بات ثابت ہو چکی ہے کہ نباتات، جمادات، حیوانات اور انسانی زندگی ایک برقی نظام کے تحت رواں دواں ہے۔ انسانی جسم سے حاصل ہونے والی بجلی کی طاقت ایک ٹارچ یا جیبی ریڈیو چلانے کے لئے کافی ہے۔ تحقیق سے ثابت ہوا کہ کسی درخت کے پتے پر مکھی بیٹھ کر اس کے ریشوں کو حرکت دیتی ہے تو اس پتے میں برقی رو دوڑنے لگتی ہے۔

## مخلوقات میں برقی رو:

ارسطو نے بتایا تھا کہ تارپیڈو TORPEDO مچھلی اپنی برقی قوت سے انسان کو چونکا سکتی ہے۔ اپنی خوراک حاصل کرنے کیلئے ریت میں چھپ جاتی ہے اور جب مچھلیاں پاس آتی ہیں تو اپنے اندر کام کرنے والی برقی رو سے انہیں بیہوش کر دیتی ہے۔

1885ء کا واقعہ ہے کہ ایڈبرگ میں ایک سیاہ لڑکا پایا گیا جس کے جسم پر انگلی چھو جانے سے بجلی کا کرنٹ محسوس ہوتا تھا۔ اس لڑکے کی عام نمائش ہوئی۔ ڈاکٹر جانسن نے اس کو اپنے پاس ملازم رکھ لیا اور اس پر تجربات کئے۔ انہوں نے دیکھا کہ اس لڑکے کے سر کے نزدیک خاص کر زبان چھونے سے زیادہ زور کا جھٹکا محسوس ہوتا ہے۔ ڈاکٹر اسٹون اور بہت سے ماہرین برق نے اسے دیکھا تو حیرت سے ان کے منہ کھلے کے کھلے رہ گئے۔



Marfat.com

اس نے بالوں کے جو جوڑے میں چھپا رکھا تھا
خط وہ فوراً ہی نکال کے حوالے کیا
لے کے خط آپؐ کے اصحابؓ مدینے آئے
پھر تو بلوا کے وہاں پوچھا گیا حاطبؓ سے
میری بیوی ہے وہاں اور ہیں بچے آقاؐ
ان کا کوئی بھی نہیں مکے میں ہیں وہ تنہا
باقی اصحابؓ کے احباب وہاں رہتے ہیں
میرے بچوں کے تو حالات وہاں ایسے ہیں
میں منافق ہوں نہ مرتد مسلماں ہوں میں
آپؐ کے پاس مرے آقاؐ جی یہاں ہوں میں
کرنا چاہا تھا یہ احسان کہ مکّے والے
اس طرح میرے وہ بچوں کی حفاظت کرتے
غزوۂ بدر میں حاطبؓ نے لیا تھا حصّہ
درگزر آپؐ نے حاطبؓ سے بھی یونہی کیا

Marfat.com

ڈاکٹر اے ڈبلیو ملٹن، افریقہ کے مشہور سیّاح کا بیان ہے کہ انہوں نے غصہ میں ایک نیگرو کو مارنا شروع کر دیا تو دیکھا کہ جہاں جہاں کوڑا اس کے جسم پر لگا تو وہاں سے بجلی کے شرارے نکلے۔ یہ بھی ثابت ہو چکا ہے کہ اِنسان کے جسم میں سوئی چبھونے اور گرم و سرد پانی میں بھگونے سے ایک ہلکی برقی رو پیدا ہوتی ہے۔ معمولی آواز، روشنی، ذائقہ اور بُو کے احساسات سے بھی اِنسانی جسم میں برقی رو پیدا ہوتی ہے۔ قدرت کا یہ عجیب سربستہ راز ہے کہ اِنسان کے اندر بجلی پیدا ہوتی رہتی ہے اور پورے جسم میں سے دَور کر کے پیروں کے ذریعے ارتھ ہو جاتی ہے۔

## وضو کی سائنس:

نماز کے لئے وضو کرنا ضروری ہے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ جب کوئی بندہ وضو کی نیّت کرتا ہے تو روشنیوں کا بہاؤ ایک عام ڈگر سے ہٹ کر اپنی راہ تبدیل کر لیتا ہے۔ وضو کرنے کے ساتھ ساتھ ہمارے اعضاء میں سے برقیے ELECTRONS نکلتے رہتے ہیں۔ اور اس عمل سے اعضائے جسمانی کو ایک نئی طاقت اور قوت حاصل ہوتی ہے۔

حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے:

**"بے شک بندہ جب وضو کرلے اور اچھی طرح کرلے پھر نماز کے لئے کھڑا ہو جائے تو اللہ اس کی جانب توجہ فرماتا ہے، اس سے سرگوشی فرماتا ہے اور اس کی جانب سے توجہ نہیں پھیرتا جب تک کہ وہ شخص خود اپنی توجہ پھیر لے یا دائیں بائیں توجہ کرلے۔"**

## ہاتھ دھونا:

جب ہم وضو کے لئے ہاتھوں کو دھوتے ہیں تو انگلیوں کے پوروں میں سے نکلنے والی شعاعیں ایک ایسا حلقہ بنا لیتی ہیں جس کے نتیجے میں ہمارے اندر دَور کرنے والا برقی نظام تیز ہو جاتا ہے اور برقی رو ایک حد تک ہاتھوں میں سمٹ آتی ہے۔ اس عمل سے ہاتھ خوبصورت ہو جاتے ہیں۔ صحیح طریقہ پر وضو کرنے سے انگلیوں میں ایسی لچک پیدا ہو جاتی ہے جس سے آدمی کے اندر تخلیقی صلاحیتوں کو کاغذ یا کینوس پر منتقل کرنے کی خفیہ صلاحیتیں بیدار ہو جاتی ہیں۔

## کُلّی کرنا:

ہاتھ دھونے کے بعد ہم کُلّی کرتے ہیں۔ کُلّی کرنے سے جہاں منہ کی صفائی ہوتی ہے وہاں دانتوں کی بیماریوں سے نجات ملتی ہے۔ جبڑے مضبوط ہو جاتے ہیں اور دانتوں میں چمک دمک پیدا ہو جاتی ہے۔ قوتِ ذائقہ بڑھ جاتی ہے اور آدمی ٹانسلز کی بیماری سے محفوظ رہتا ہے۔ وضو کرتے وقت حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے مسواک کی تاکید فرمائی ہے۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ:

**"مسواک منہ کو صاف اور بینائی کو تیز کرتی ہے۔ مسواک آدمی کے اندر فصاحت پیدا کرتی ہے۔"**



Marfat.com

# اسلامی لشکر مکّہ کی راہ میں

دس رمضان تھی اور آٹھ سنِ ہجری تھی
جب مدینے سے مسلمانوں کی فوج آ نکلی
حجفہ میں آپؐ کو جو حضرت عباسؓ ملے
ہو چکے تھے جو مسلمان بہت ہی پہلے
آپؐ کی مرضی سے مکّے میں موجود رہے
بچوں کے ساتھ مدینے کی طرف آئے تھے
ساتھ عباسؓ کے بوسفیاں بن حارث تھے
اور عبداللہ اُمیّہ بھی تھے ساتھ اُن کے
دیکھ کر اُن کو نبیؐ پاک نے چہرہ پھیرا
آپؐ کو دیتے تھے اسلام سے پہلے اِیزا
ہجو کرتے تھے نبیؐ پاک کی وہ بے ہودہ
جس سے آقاؐ کا بہت زخمی تو دل ہوتا تھا

Marfat.com

## ناک میں پانی ڈالنا:

کُلّی کرنے کے بعد ناک میں پانی ڈالا جاتا ہے۔ ناک اِنسانی جسم میں ایک نہایت اہم اور قابل توجہ عضو ہے۔ ناک کی زبردست صلاحیت یہ ہے کہ آواز میں گہرائی اور سہاناپن پیدا کرتی ہے۔ ذرا انگلیوں سے ناک کے نتھنوں کو دبا کر بات کرنے کی کوشش کیجئے۔ آپ کو فرق معلوم ہو جائے گا۔ ناک کے اندر پردے آواز کی خوبصورتی میں ایک مخصوص کردار ادا کرتے ہیں۔ کاسئہ سر کو روشنی فراہم کرتے ہیں۔ ناک کے خاص فرائض میں صفائی کے کام کو بڑا دخل ہے۔ یہ پھیپھڑوں کے لئے ہوا کو صاف، مرطوب، گرم اور موزوں بناتی ہے۔ ہر آدمی کے اندر روزانہ تقریباً پانچ سو مکعب فٹ ہوا ناک کے ذریعے داخل ہوتی ہے۔ ہوا کی اتنی بڑی مقدار سے ایک بڑا کمرہ بھرا جا سکتا ہے۔ برف باری کے موسم میں منجمد اور خشک دن آپ برف پوش میدان میں اسکیئنگ SKIING شروع کر دیں لیکن آپ کے پھیپھڑے خشک ہوا سے کوئی دل چسپی نہیں رکھتے۔ وہ اس کی ایک رمق قبول کرنے کو تیار نہیں ہوتے۔ انہیں اس وقت بھی ایسی ہوا کی ضرورت ہوتی ہے جو گرم اور مرطوب فضا میں ملتی ہے یعنی وہ ہوا جس میں اسّی فیصد رطوبت ہو اور جس کا درجۂ حرارت نوّے درجہ فارن ہائیٹ سے زیادہ ہو۔

پھیپھڑے جراثیم سے پاک، دھوئیں یا گرد و غبار اور آلودگیوں سے مصفّٰی ہوا طلب کرتے ہیں۔ ایسی ہوا فراہم کرنے والا معمولی ایئر کنڈیشنر AIR CONDITIONER ایک چھوٹے ٹرنک کے برابر ہوتا ہے لیکن ناک کے اندر نظام قدرت نے اس کو اتنا مختصر اور مجتمع INTEGRATED کر دیا ہے کہ وہ صرف چند انچ لمبا ہے۔

ناک ہوا کو مرطوب بنانے کے لئے تقریباً چوتھائی گیلن نمی روزانہ پیدا کرتی ہے۔ صفائی اور دوسرے سخت کام نتھنوں کے بال انجام دیتے ہیں۔ ناک کے اندر ایک خوردبینی جھاڑو ہے۔ اس جھاڑو کے اندر غیر مرئی روئیں ہوتے ہیں جو ہوا کے ذریعے معدہ کے اندر پہنچنے والے مضر جراثیم کو ہلاک کر دیتے ہیں۔ جراثیم کو اپنے مشینی انداز میں پکڑنے کے علاوہ ان غیر مرئی روؤں کے پاس ایک اور دفاعی ذریعہ ہے جسے انگریزی میں لائیسوزیم LYSOZIUM کہتے ہیں۔ اس دفاعی ذریعہ سے ناک آنکھوں کو INFECTION سے بچاتی ہے۔ جب کوئی نمازی وضو کرتے وقت ناک کے اندر پانی ڈالتا ہے تو پانی کے اندر کام کرنے والی برقی رو ان غیر مرئی روؤں کی کارکردگی کو تقویّت پہنچاتی ہے۔ جس کے نتیجے میں وہ بے شمار پیچیدہ بیماریوں سے محفوظ رہتا ہے۔

## چہرہ دھونا:

چہرہ دھونے میں یہ حکمت پوشیدہ ہے کہ اس سے عضلات میں لچک اور چہرہ کی جلد میں نرمی اور لطافت پیدا ہو جاتی ہے۔ گرد و غبار سے بند مسامات کھل جاتے ہیں۔ چہرہ روشن، پرکشش اور بارعب ہو جاتا ہے۔ دورانِ خون کم یا زیادہ ہو تو اس کے اندر اعتدال پیدا ہو جاتا ہے۔ منہ دھوتے وقت جب پانی آنکھوں میں جاتا ہے تو اس سے آنکھوں کے عضلات کو تقویت پہنچتی ہے، ڈھیلے میں سفیدی اور



Marfat.com

گرچہ اسلام کی دعوت سے یہ پہلے پہلے
جان اپنی تھے محمدﷺ پہ نچھاور کرتے
آپؐ کی زوجہ نے دونوں کو معافی لے دی
ورنہ دونوں کی تو حالت ہی نہیں تھی ایسی
عمر بھر سچے حیا والے بوسفیانؓ رہے
نیچی نظریں تھے ہمیشہ ہی وہ اپنے رکھتے
تھا علی مولاؑ نے بھی دونوں کو یوں سمجھایا
جا کے سرکارؐ کی خدمت میں یہ دونوں کہنا
یا نبیؐ آپؐ کو دی ربّ نے فضیلت ہم پے
شک نہیں ہم ہی زمانے میں گنہ گار تھے
ابوسفیان کے بارے میں نبیؐ جی کہتے
چچا حمزہؓ کی طرح میرے یہ بھائی ہوں گے

## میلوں تک آگ ہی آگ

مرالظہران میں آقاؐ نے پڑاوٗ ڈالا
ایک منزل کی تو دوری پہ یہاں مکّہ تھا

Marfat.com

پُتلی میں چمک غالب آ جاتی ہے۔ وضو کرنے والے بندے کی آنکھیں پرکشش، خوبصورت اور پُرخمار ہو جاتی ہیں۔ چہرہ پر تین بار ہاتھ پھیرنے سے دماغ پر سکون ہو جاتا ہے۔

## کہنیوں تک ـــــ ہاتھ دھونا:

کہنیوں تک ہاتھ دھونے میں یہ مصلحت پوشیدہ ہے کہ اس عمل سے آدمی کا تعلق براہ راست سینے کے اندر ذخیرہ شدہ روشنیوں سے قائم ہو جاتا ہے اور روشنیوں کا ہجوم ایک بہاؤ کی شکل اختیار کر لیتا ہے۔ اس عمل سے ہاتھوں کے عضلات مضبوط اور طاقتور ہو جاتے ہیں۔

## مسح کرنا:

کاسئہ سر کے اوپر بال آدمی کے اندر اینٹینا ANTENNA کا کام کرتے ہیں۔ یہ بات ہر باشعور شخص جانتا ہے کہ آدمی اطلاعات کے ذخیرے کا نام ہے۔ جب تک اسے کسی عمل کے بارے میں اطلاع نہ ملے وہ کوئی کام نہیں کر سکتا۔ مثلاً کھانا ہم اس وقت کھاتے ہیں جب ہمیں بھوک لگتی ہے، پانی اس وقت پیتے ہیں جب ہمارے اندر پیاس کا تقاضا ہوتا ہے، سونے کے لئے بستر پر اس وقت لیٹتے ہیں۔ جب ہمیں یہ اطلاع ملتی ہے کہ اب ہمارے اعصاب کو آرام کی ضرورت ہے۔ خوشی کے جذبات و احساسات ہمارے اوپر اس وقت مظہر بنتے ہیں، جب ہمیں خوشی سے متعلق کوئی اطلاع فراہم ہوتی ہے۔ اسی طرح غیض و غضب کی حالت کا انحصار بھی اطلاع پر ہے۔ وضو کرنے کی نیت دراصل ہمیں متوجہ کر دیتی ہے کہ ہم یہ کام اللہ کے لئے کر رہے ہیں۔ وضو کے ارکان پورے کرنے کے بعد جب ہم سر کے مسح تک پہنچتے ہیں تو ہمارا ذہن غیر اللہ سے ہٹ کر اللہ کی ذات میں مرکوز ہو چکا ہوتا ہے۔ مسح کرتے وقت جب ہم سر پر ہاتھ پھیرتے ہیں تو سر کے بال ANTENNA ان اطلاعات کو قبول کرتے ہیں جو ہر قسم کی کثافت، محرومی اور اللہ سے دوری کے لئے ہیں۔ یعنی بندہ کا ذہن اس اطلاع کو قبول کرتا ہے جو مصدرِ اطلاعات (اللہ تعالیٰ) سے براہ راست ہم رشتہ ہے۔

## گردن کا مسح:

ماہرینِ رُوحانیات نے اِنسانی جسم کو چھ حصوں میں تقسیم کیا ہے۔ ایک حصّہ حبل الورید JUGULAR VEIN ہے۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے "میں رگِ جان سے زیادہ قریب ہوں"۔ یہ رگِ جان (حبل الورید) سر اور گردن کے درمیان میں واقع ہے۔ گردن کا مسح کرنے سے اِنسانی جسم کو ایک خاص توانائی حاصل ہوتی ہے جس کا تعلق ریڑھ کے اندر حرام مغز اور تمام جسمانی جوڑوں سے ہے۔ جب کوئی نمازی گردن کا مسح کرتا ہے تو ہاتھوں کے ذریعے برقی رو نکل کر رگ جان میں ذخیرہ ہو جاتی ہے اور ریڑھ کی ہڈی کو اپنی گزرگاہ بناتے ہوئے جسم کے پورے اعصابی نظام میں پھیل جاتی ہے جس کے ذریعے اعصابی نظام کو توانائی ملتی ہے۔



Marfat.com

ہر مجاہد سے کہا اپنا جلاؤ چولہا
چونکہ یہ دس ہزار کا بڑا لشکر تھا
حکمتِ عملی نبیؐ پاک کی یہ ایسی تھی
مِیلوں میں پھیلی ہوئی آگ نظر آتی تھی

## قریش کے جاسوس

ان کو معلوم تو تھا فوج نبیؐ آئی ہے
پر نامعلوم حقیقت میں کہاں بیٹھی ہے
اپنے جاسوس قریش نے اُدھر جو بھیجے
وہ حکیم اور بدیل اور ابوسفیاں تھے
بیٹھے تھے فکر میں عباسؓ نبیؐ کے چاچا
آگے انجام قریش کا بھلا کیا ہوگا
فاتحانہ سے جو انداز میں آئے آقاؐ
ایسا لگتا ہے نہیں کچھ بھی رہے گا ان کا

Marfat.com




Marfat.com

ان کو بچنا ہے تو پھر رحمت عالم سے بھی
مانگنی دل سے معافی بھی تو انہیں ہوگی
انہوں نے سوچا قریش کو بچا لیتا ہوں
عمل کر لیں وہ مری بات پہ میں کہتا ہوں
تینوں جاسوس مدینے کی رہ پہ آئے
رات پچھلی تھی جو وہ مراظہراں پہنچے
اس جگہ پہنچ کے جو آگ کا منظر دیکھا
وہ پریشاں ہوئے دیکھ کے منظر ایسا
انہوں نے سوچا یہاں کوئی قبیلہ ہوگا
ان کو معلوم تھا کچھ بھی تو نہیں ہے ایسا
تھے پریشاں بہت آگ یہاں کیسی ہے
بنو خزاعہ کی لگتا ہے یہاں بستی ہے
اتنے میں اُن کو وہاں حضرت عباسؓ ملے
جو نبیؐ پاک کے خچر پہ وہاں بیٹھے تھے

Marfat.com



الا بذکر الله تطمئن القلوب

Marfat.com

ابوسفیان نے عباسؓ سے فوراً پوچھا
اس جگہ آپؓ کا اس حال میں آنا کیسا
آگ کا اتنا تو پھیلاؤ نہ ہرگز دیکھا
آپؓ کو ساری حقیقت کا پتا تو ہوگا
تُو نے جو آگ ابو سفیاں یہاں دیکھی ہے
یہ نبیؐ پاک کے لشکر نے جلا رکھی ہے
تم کو گر لشکر اسلام نے دیکھا ایسے
میں یہ کہتا ہوں کہ ہرگز نہ تمہیں چھوڑیں گے
بیٹھ جا پیچھے مرے لے کے تمہیں جاتا ہوں
جان بخشی بھی تری آج میں کرواتا ہوں
اُس نے ایسا ہی کیا جا کے وہ پیچھے بیٹھا
ساتھ عباسؓ کے لشکر میں نبیؐ کے پہنچا
عمرؓ خطاب نے بوسفیاں کو جونہی دیکھا
بولے اے دیکھو ہے اللہ کا دشمن بیٹھا

Marfat.com




Marfat.com

آپؓ خدمت میں نبیؐ پاک کی دوڑے آئے
یا نبیؐ آج ابوسفیاں بھی ہاتھ آیا ہے
میں مرے آقاؐ اجازت کے لیے آیا ہوں
آپؐ فرمائیں تو سر اِس کا اُڑا کے رکھ دوں
تینوں مشرک بھی نبیؐ پاک کے تھے پاس آئے
ان کو ہمراہی میں عباسؓ وہاں، تھے لائے
جونہی دربارِ رسالت میں سواری آئی
جان بخشی کی تھی انہوں نے سفارش کر دی

## حضرت ابوسفیانؓ کا قبولِ اسلام

یا نبیؐ آپؐ نے دشمن سے محبّت کی ہے
اس لیے میں نے حضورؐ ان کو پناہ دے دی ہے
ڈیرے پہ اپنے انہیں آپؓ ابھی لے جائیں
کل صبح لے کے انہیں آپ مرے پاس آئیں

Marfat.com



الا بذکر اللہ تطمئن القلوب

Marfat.com

اگلے روز آئے تو آقاؐ نے انہیں فرمایا
اب بھی کیا تیرے لیے وقت نہیں ہے آیا
تم پہ افسوس ابوسفیانؓ نہیں کیوں کہتے
ماسوا اللہ کے کوئی الٰہ نہیں ہے
اس نے کی عرض اگر ہوتا تو کام آ جاتا
بردبار اور کریم بھی نہ دیکھا ایسا
آپؐ تو اپنے خویشوں پہ کرم کرتے ہیں
آپؐ ہم جیسے بھی لوگوں پہ رحم کرتے ہیں
تم پہ کیا وقت نہیں آیا یہی جان بھی لو
میں رسول اللہ ہوں بوسفیاں یہ تم مان بھی لو
بولا ماں باپ مرے آپؐ پہ ہوں سب قرباں
ہیں حلیم آپؐ کریم آپؐ رحم دل انساں
آپؐ کی ہم پہ بہت ساری صلہ رحمی ہے
آپؐ اللہ کے رسولؐ ہیں کھٹک اب بھی ہے

Marfat.com

## پیروں کا مسح کرنا یا دھونا:

جیسا کہ ہم بتا چکے ہیں کہ دماغ اطلاعات قبول کرتا ہے اور یہ اطلاعات لہروں کے ذریعے منتقل ہوتی ہیں۔ اطلاع کی ہر لہر ایک وجود رکھتی ہے۔ وجود کا مطلب متحرک رہنا ہے۔ قانون یہ ہے کہ روشنی ہو یا پانی اس کے لئے بہاؤ ضروری ہے اور بہاؤ کے لئے ضروری ہے کہ اس کا کوئی مظہر بنے اور وہ خرچ ہو۔ جب کوئی بندہ پیر دھوتا ہے تو زائد روشنیوں کا ہجوم POISON پیروں کے ذریعے ارتھ EARTH ہو جاتا ہے اور جسم اِنسانی زہریلے مادوں سے محفوظ رہتا ہے۔

حوالہ جات:

1۔ کتاب "رُوحانی نماز" از الشیخ خواجہ شمس الدین عظیمی، باب وضو اور سائنس



Marfat.com

اس سے پہلے کہ یہ گردن سے ہی سر اُڑ جائے
تُو توحید اور رسالت کی گواہی دے دے
جونہی عباسؓ سے یہ بات بوسفیانؓ نے سنی
پڑھ لیا کلمۂ توحید گواہی دے دی
ان کو اعزاز بھی آقاؐ نے تھا ایسا بخشا
ان کے جو گھر میں پناہ لیتا وہ بھی بچ جاتا
اپنا دروازہ جو بند کر لے اماں وہ پائے
یا اماں پائے حرم پاک میں جو جا ٹھہرے
یہ تھے اعزاز نبیؐ پاک نے بخشے انؓ کو
اور عباسؓ کے کہنے پہ ملے تھے ان کو

## اسلامی لشکر اچانک قریش کے سر پر

مرالظہران سے مکّہ کی طرف آئے تو
آپؐ نے حکم دیا حضرت عباسؓ کو
وادی کے پاس پہاڑی کے چلو ناکے پر
ابوسفیانؓ کو بھی روکو تو تنگ نائے پر

Marfat.com

موضوع 84/ 43

# ہابیل قابیل

## ABEL AND CAIN

## سُوْرَةُ الْمَآئِدَة (THE TABLE SPREAD)

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

وَاتْلُ عَلَيْهِمْ نَبَاَ ابْنَيْ اٰدَمَ بِالْحَقِّ ۘ اِذْ قَرَّبَا قُرْبَانًا فَتُقُبِّلَ مِنْ اَحَدِهِمَا وَلَمْ
يُتَقَبَّلْ مِنَ الْاٰخَرِ ؕ قَالَ لَاَقْتُلَنَّكَ ؕ قَالَ اِنَّمَا يَتَقَبَّلُ اللّٰهُ مِنَ الْمُتَّقِيْنَ ﴿٢٧﴾ لَئِنْۢ
بَسَطْتَّ اِلَيَّ يَدَكَ لِتَقْتُلَنِيْ مَاۤ اَنَا بِبَاسِطٍ يَّدِيَ اِلَيْكَ لِاَقْتُلَكَ ۚ اِنِّيْۤ اَخَافُ اللّٰهَ
رَبَّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿٢٨﴾ اِنِّيْۤ اُرِيْدُ اَنْ تَبُوْٓاَ بِاِثْمِيْ وَاِثْمِكَ فَتَكُوْنَ مِنْ اَصْحٰبِ النَّارِ ۚ
وَذٰلِكَ جَزٰٓؤُا الظّٰلِمِيْنَ ﴿٢٩﴾ فَطَوَّعَتْ لَهٗ نَفْسُهٗ قَتْلَ اَخِيْهِ فَقَتَلَهٗ فَاَصْبَحَ مِنَ
الْخٰسِرِيْنَ ﴿٣٠﴾ فَبَعَثَ اللّٰهُ غُرَابًا يَّبْحَثُ فِي الْاَرْضِ لِيُرِيَهٗ كَيْفَ يُوَارِيْ سَوْءَةَ
اَخِيْهِ ؕ قَالَ يٰوَيْلَتٰۤى اَعَجَزْتُ اَنْ اَكُوْنَ مِثْلَ هٰذَا الْغُرَابِ فَاُوَارِيَ سَوْءَةَ اَخِيْ ۚ
فَاَصْبَحَ مِنَ النّٰدِمِيْنَ ﴿٣١﴾ ۚۛ

ترجمہ: اور اے نبی انکو آدم کے دو بیٹوں ہابیل اور قابیل کے حالات جو بالکل سچّے ہیں پڑھ کر سنادو کہ جب ان دونوں نے بار گاہ الٰہی میں ایک ایک نیاز پیش کی تو ایک کی نیاز تو قبول ہوگئی اور دوسرے کی قبول نہ ہوئی اب قابیل ہابیل سے کہنے لگا کہ میں تجھے قتل کر دوں گا اس نے کہا کہ اللہ پرہیز گاروں ہی کی نیاز قبول فرمایا کرتا ہے۔ اگر تو مجھے قتل کرنے کے لئے



Marfat.com

یہ ہر اک جاتے قبیلے کا نظارہ دیکھیں
ان کے ہاتھوں میں یہ عظمت کا پھریرے دیکھیں
سبز دستے کے جلو میں تھے نبیؐ پاک آئے
لوہے کی باڑ نظر آتے تھے انساں سارے
آپؐ انصار و مہاجر کے جلو میں آئے
ہر طرف آپؐ کی رحمت کے تھے پھیلے سائے
ابوسفیانؓ نے دیکھی جو نبوّت انؐ کی
بولے وہ ان سے تو لڑنے کی نہ طاقت ہوگی
حضرت سعدؓ نے جو دیکھا ابوسفیانؓ کو
جملہ اک ایسا سنا ڈالا ابوسفیانؓ کو
آج کے دن میں تو گھمساں کی لڑائی ہوگی
آج کعبہ میں تو خوں ریزی بھی جائز کر دی
پھر تو اس روز ابوسفیانؓ بہت گھبرائے
شہؐ کونین کو یہ بات سنانے آئے

Marfat.com

مجھ پر ہاتھ چلائے گا تو میں تجھ کو قتل کرنے کے لئے تجھ پر ہاتھ نہیں چلاؤں گا۔ مجھے تو اللہ رب العالمین سے ڈر لگتا ہے۔ میں چاہتا ہوں کہ تو میرے گناہ کو بھی سمیٹ لے اور اپنے گناہ کو بھی پھر تو اہل دوزخ میں سے ہو جائے اور ظالموں کی یہی سزا ہے۔ آخر اسکے یعنی قابیل کے نفس نے اسکو اپنے بھائی کے قتل ہی کی ترغیب دی تو اس نے اسے قتل کر دیا پھر خسارہ پانے والوں میں ہو گیا۔ اب اللہ نے ایک کوا بھیجا جو زمین کریدنے لگا تاکہ اسے دکھائے کہ اپنے بھائی کی لاش کو کیسے چھپائے کہنے لگا ہائے کمبختی مجھ سے اتنا بھی نہ ہو سکا کہ اس کوّے جیسا ہی ہوتا کہ اپنے بھائی کی لاش چھپا دیتا۔ پھر وہ پشیمان ہو گیا۔

*But recite unto them with truth the tale of the two sons of Adam, how they offered each a sacrifice, and it was accepted from the one of them and it was not accepted from the other. (The one) said: I will surely kill thee. (The other) answered: Allah accepteth only from those who ward off (evil). Even if thou stretch out thy hand against me to kill me, I shall not stretch out my hand against thee to kill thee, lo! I fear Allah, the Lord of the Worlds. Lo! I would rather thou shouldst bear the punishment of the sin against me and thine own sin and become one of the owners of the Fire. That is the reward of evil doers. But (the other's) mind imposed on him the killing of his brother, so he slew him and became one of the losers. Then Allah sent a raven scratching up the ground, to show him how to hide his brother's naked corpse. He said: Woe unto me! Am I not able to be as this raven and so hide my brother's naked corpse? And he became repentant.*

ہابیل اور قابیل حضرت آدمؑ کے بیٹے تھے۔ قرآن میں حضرت آدمؑ کے ان دونوں بیٹوں کے ناموں کا ذکر نہیں ہے۔ صرف ابن آدم (آدم کے دو بیٹے) کہا گیا ہے۔ البتہ تورات میں ان کے یہی نام بیان کئے گئے ہیں۔ حضرت آدمؑ کے زمانے میں دستور یہ تھا کہ حضرت حواؑ سے توام (جڑواں) پیدا ہونے والے لڑکے اور لڑکی کا عقد دوسری بار ہونے والے توام بچوں کے ساتھ کر دیا کرتے تھے۔ اسی دستور کے مطابق قابیل اور ہابیل کی شادی کا معاملہ در پیش تھا۔ قابیل عمر میں بڑا تھا اور اس کی بہن اقلیمہ ہابیل کی بہن غازہ سے زیادہ حسین اور خوبرو تھی۔ اس لئے قابیل کو یہ انتہائی ناگوار تھا کہ دستور کے مطابق اس کی بہن کی شادی ہابیل کے ساتھ کی جائے۔ فساد ختم کرنے کے لئے حضرت آدمؑ نے یہ فیصلہ کیا کہ دونوں اپنی اپنی قربانی اللہ کے لئے پیش کریں جس کی قربانی قبول ہو جائے وہی اپنے ارادے کو پورا کر لینے کا مستحق ہے۔



Marfat.com

یا نبیؐ سعدؓ کو میں نے تو سنا ہے ایسے
قتل و غارت نہ کہیں جا کے وہاں وہ کر دے
اُس کا کہنا ہے کہ گھمساں کی لڑائی ہوگی
اس طرح شہرِ الٰہی میں تباہی ہوگی
آپؐ نے ابن عباد کی یہ سُن کر باتیں
اپنے احباب سے فرمایا انہیں جا روکیں
تھے علمدار مسلمانوں کے جس دستے کے
انؓ کے بیٹے کو دیا لے کے علم پھر اُن سے
آج کا روز ہر اک سر پہ ہی رحمت کا ہے
آج کا دن یہ مرے کعبہ کی عظمت کا ہے
کعبۃ اللہ کی تو تعظیم ضروری ہوگی
آپؐ نے ان سے کہا بات نہیں ہے ایسی
پھر ابوسفیانؓ بہت تیزی سے مکّہ آئے
اہلِ مکّہ کو جو حالات تھے وہ سمجھائے

Marfat.com

توریت کے مطابق اس زمانے میں قربانی کا یہ الہامی دستور تھا کہ نذر و قربانی کی چیز کسی بلند جگہ پر رکھ دی جاتی اور آسمان سے آگ نمودار ہو کر اس کو جلا دیتی تھی۔ اس قانون کے مطابق ہابیل نے اپنے ریوڑ سے ایک بہترین دنبہ خدا کی نذر کیا اور قابیل نے اپنی کھیتی کے غلے میں سے کرم خوردہ غلہ قربانی کے لئے پیش کیا۔ روایات کے مطابق ہابیل کی قربانی قبول ہوئی۔ قابیل اس کو برداشت نہ کر سکا اور اس نے غیض و غضب میں آ کر ہابیل سے کہا کہ میں تجھ کو قتل کئے بغیر نہ چھوڑوں گا تاکہ تو اپنی مراد کو نہ پہنچ سکے۔ ہابیل نے جواب دیا!

"میں تو کسی طرح تجھ پر ہاتھ نہ اٹھاؤں گا۔ باقی تیری جو مرضی آئے وہ کر۔ رہا قربانی کا معاملہ تو خدا کے ہاں تو نیک نیّت کی ہی قربانی قبول ہو سکتی ہے۔ وہاں بدنیّت کی دھمکی کام آسکتی ہے اور نہ بے وجہ کا غم اور غصہ"

قابیل پر اس نصیحت کا الٹا اثر ہوا اور اس نے مشتعل ہو کر اپنے بھائی ہابیل کو قتل کر دیا۔

قتل کے بعد قابیل حیران تھا کی اس کی نعش کا کیا کرے۔ ابھی تک نسل آدم موت سے دوچار نہیں ہوئی تھی۔ اس لئے حضرت آدمؑ نے مُردے کے جسم کے بارے میں حکم الٰہی نہیں سنایا تھا۔ قُرآن میں ہے کہ قابیل نے دفنانے کا عمل کوّے سے سیکھا۔ ایک کوّے نے زمین کرید کرید کر گڑھا کھودا ہے۔ قابیل نے سوچا کہ مجھے بھی اپنے بھائی کے لئے اسی طرح کا گڑھا کھودنا چاہیے۔ بعض روایات میں ہے کہ کوّے نے دوسرے مُردہ کوّے کو اس گڑھے میں چھپا دیا۔ قابیل نے یہ دیکھا تو اپنی ناکارہ زندگی پر بے حد افسوس کیا اور کہنے لگا!

"میں اس حیوان سے بھی گیا گزرا ہوں کہ اپنے جرم کو چھپانے کی اہلیت بھی نہیں رکھتا" بعد ازاں ندامت اور پچھتاوے کے احساس کے ساتھ اپنے بھائی کی نعش کو سپردِ خاک کر دیا۔

حوالہ جات:

1۔ کتاب "محمد رسول اللہ ﷺ جلد سوم" از الشیخ خواجہ شمس الدین عظیمی، باب ہابیل قابیل، صفحہ نمبر 59 تا 60



Marfat.com

کس میں ہے تاب محمد ﷺ کے مقابل آئے
جس نے بچنا ہے چلا میرے وہ گھر میں جائے
ہِندہ نے جونہی سنیں آپؐ سے باتیں ایسی
بیوی تھی آپؓ کی وہ گرچہ مگر یوں بولی
دی خبر جس نے ہمیں ایسی بُرا ہُو اُس کا
مشک کے جیسے بدن سارا بھرا ہے جس کا
آپؓ نے ان سے کہا اس کو حقیقت جانو
جس طرح تم سے کہا میں نے تو ویسا مانو
یہ نبیؐ پاک کا فرماں ہے نہیں ہے میرا
جو یقیں ان پر کرے ہوگا پھر اس کا بھلا
کچھ قریشی تھے جو اوباش خندمہ پہنچے
اُن کے اقدام سے ظاہر تھے ارادے اُن کے

Marfat.com

موضوع 44/84

THE APPROACH وسیلہ

سُوْرَۃُ الْمَآئِدَۃِ (THE TABLE SPREAD)

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

یٰٓاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰہَ وَابْتَغُوْٓا اِلَیْہِ الْوَسِیْلَۃَ

ترجمہ: اے ایمان والو تقویٰ اختیار کرو اور اس تک پہنچنے کے لئے وسیلہ تلاش کرو۔

*O you who believe! Do your duty to Allah and fear Him. Seek the means of approach to Him.*

انسان پر جب کوئی مصیبت آتی ہے تو انسان اس لمحے اللہ تعالیٰ کی طرف رجوع کرتا ہے تو اس کا مطلب یہی ہے کہ وہ اپنی ذات کے مقابلے میں اللہ تعالیٰ کی بزرگی و برتری قبول کر لیتا ہے اور اپنی کمزوری و کمتری کا اعتراف کر لیتا ہے۔ بندے کا اپنی بے بسی کا اعتراف کرنا خالق کی شان حقیقی کا دروازہ کھٹکھٹانا ہے۔ اس کی شان ربوبیت رحمت بن کر بے بس اور ناتواں بندے کو اپنی آغوش میں لے لیتی ہے۔ جہاں اسے سکون اور چین مل جاتا ہے اور یہی اس کی دعا کی قبولیت کی گھڑی ہے اسی لمحے قدرت کی جانب سے بندے کے لئے ایسے اسباب و وسائل RESOURCES مہیا ہو جاتے ہیں۔ جن کے ذریعے بندہ اللہ کی رحمت کا ادراک کر لیتا ہے۔

## نیک ہستیوں کے ارادے کی قوت:

اللہ تعالیٰ کے احکامات کی روشنی انسان کے پاس کسی نہ کسی وسیلے APPROACH سے پہنچتی ہے غور کرنے کی بات ہے کہ اگر بندے کا اللہ کے ساتھ براہ راست رابطہ ہوتا تو بندہ اللہ تعالیٰ کی آواز بھی سنتا اور اس کو اپنی انکھ سے دیکھ بھی لیتا مگر نہ کوئی اللہ تعالیٰ کی آواز براہِ راست سنتا ہے اور نہ اللہ کو کوئی آنکھ سے دیکھ سکتا ہے۔ اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ اللہ تعالیٰ کی ہر روشنی کائنات کی حدود میں کسی نہ کسی وسیلے سے پہنچ رہی ہے۔ جب یہ روشنی بندے تک پہنچتی ہے تو بندہ اس روشنی کو MEANS AND RESOURCES کی شکل میں دیکھ لیتا ہے۔ کیونکہ بندے کی نظر وسائل اور اسباب ہی میں کام کرتی ہے ان وسائل و اسباب سے نظر ہٹا کر جب بندہ اپنے مالک کی جانب رجوع کرتا ہے تو پھر اسے انہی سیڑھیوں سے اوپر چڑھنا پڑتا ہے جس زینے سے اتر کر اس کی فکر، شعور کی حدود میں داخل ہوئی تھی۔ لہٰذا لامحدودیت کی لامتناہی فضاؤں کے اندر اپنے شعور کی ہستی کا اپنی ذات کے نقطے کو اپنے تار کے ساتھ قائم رکھنے کے لئے وسیلے یا APPROACH کی ضرورت پڑتی ہے کیونکہ کائنات کا ہر فرد اللہ تعالیٰ کے امر کے ساتھ تار کے ذریعے وابستہ ہے۔ یہی تار اس کی زندگی کا



Marfat.com

# اسلامی لشکر ذی طویٰ میں

ذی طویٰ وادی میں سرکارؐ مدینہ آئے
اپنی ناقہ پہ جھکے بیٹھے حضورؐ پہنچے
فرطِ اعزازِ فضیلت میں نظر آتے تھے
داڑھی کے بال کجاوے سے لگے تھے انؐ کے
ایسی ترتیب بنائی تھی نبیؐ اقدس نے
ذی طویٰ وادی سے مکے کی جو جانب نکلے
داہنے پہلو پہ خالدؓ کو لیا آقاؐ نے
مکّہ کے زیریں علاقے سے صفا پر بھیجے
ابنِ عوام زبیرؓ بھی چلے بائیں سے
آپؓ بالائی علاقے سے کدا میں پہنچے
حضرت ابوعبیدہؓ کو کہا تھا ایسے
بطنِ وادی سے چلے مکّے میں جا کر اُترے

Marfat.com

وہ راستہ ہے جس پر چل کر وہ اپنے معبودِ حقیقی تک پہنچتا ہے۔ اسی تار کے ذریعے احکام الٰہی کی روشنی مختلف افراد کے وسیلے سے اس تک پہنچتی ہے۔ اور پھر اسی تار کے ذریعے مخلوق کے وسیلوں سے گزر کر وہ اللہ تعالیٰ تک پہنچتا ہے۔ انسان کی ہر فکر اور خیال اسی طریقے سے کام کرتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ نیک ہستیوں کے ذریعے سے دعا مانگی جائے تو جلد قبول ہوتی ہے۔ جس طرح کمرے میں ایک سے زیادہ بلب روشن کرنے سے روشنی بڑھ جاتی ہے اسی طرح نیک لوگوں کے وسیلے سے دعا مانگنے سے انسان کے ارادے کو ان برگزیدہ بندوں کے ارادے کی قوت حاصل ہو جاتی ہے۔ اور وہ اپنے ارادے اور کوششوں کے ساتھ معیت کے اس لمحے کی گرفت سے باہر نکل جاتا ہے۔

اللہ تعالیٰ قادرِ مطلق ہے لیکن اس نے اپنا تعارف پیغمبروں کے ذریعے ہی کروایا اور وہ راستے بتائے جن راستوں پر چل کر کوئی بندہ اپنے خالق کا عرفان حاصل کرتا ہے۔ پیغمبروں کی اس تعلیم یعنی عرفان کی منزل کی نشان دہی پیغمبروں کے وارث اولیاء اللہ کرتے ہیں۔ علم و آگہی اور عرفان الٰہی کا یہ سلسلہ ازل سے جاری ہے اور ابد تک قائم رہے گا۔

دعا میں وسیلہ کا مطلب یہ ہرگز نہیں کہ جس کے ذریعے سے دعا مانگی جا رہی ہے، دستِ طلب اس کے سامنے دراز کیا جا رہا ہے۔ وسیلہ سے مراد ان روشنیوں کا تعارف حاصل کرنا ہے۔ جن کے ذریعے اللہ اور اس کے برگزیدہ بندے کا ایک خاص تعلق اور رابطہ قائم ہے۔

يَاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ وَابْتَغُوْٓا اِلَيْهِ الْوَسِيْلَةَ

اے ایمان والو! اللہ کے لئے تقویٰ اختیار کرو اور اس تک پہنچنے کے لئے وسیلہ تلاش کرو۔ (سورۃ المائدۃ، پارہ 7، آیت 35)

مفسرین اور اکابرین اُمت کے نزدیک وسیلے سے مراد "مرشد" کا وسیلہ ہے یعنی استاد شاگرد کا رشتہ ہے شاہ عبد الرحیمؒ، شاہ ولی اللہؒ، شاہ عبد العزیز محدث دہلویؒ نے وسیلے سے یہی معنی مراد لئے ہیں۔

اولیاء اللہ فرماتے ہیں کہ وسیلہ سے مراد شیخ طریقت کے علاوہ اور کچھ نہیں ہو سکتا۔ لیکن منکرین طریقت کہتے ہیں کہ وسیلے سے مراد نیک اعمال ہیں۔ شاہ عبد العزیز محدث دہلویؒ فرماتے ہیں:

**"اگر نیک عمل وسیلہ ہے تو شیخ طریقت بھی مرید کے لئے ایک نیک اعمال کرنے کا یا صراط مستقیم پر چلنے کا، عرفان ذات کے بعد عرفان الٰہی حاصل کرنے کا وسیلہ ہے۔"**

علامہ زمخشریؒ، شاہ ولی اللہؒ، عبد الرحیمؒ، بایزید بسطامیؒ، جنید بغدادیؒ، معین الدین چشتیؒ، نظام الدین اولیؒ، اور تمام اولیاء کرام، قادریہ، چشتیہ، سہروردیہ، اور نقشبندیہ سلاسل اور حضرت مجدد الف ثانیؒ، مولانا رومؒ، فرید الدین عطارؒ، علامہ اقبالؒ اور قلندر بابا اولیاءؒ لفظ وسیلہ سے مراد شیخ ہی لیتے ہیں۔

حوالہ جات:

1۔ کتاب "معرفتِ عشق" از سیدہ سعیدہ خاتون عظیمی، باب دعا، صفحہ نمبر 270 تا 272



Marfat.com

# مکّہ میں اسلامی لشکر کا داخلہ

حکمِ سرکارؐ پہ اصحابؓ چلے مکّے کو
گزرگاہیں جو بتائی تھیں چلے ان پہ تو
کوئی مجمع نہ ملا اُن کو جو مکّہ آتے
بس فقط حضرت خالدؓ سے تھے کچھ لوگ لڑے
ان کو صفوان سہیل اور عکرمہ لائے
یہ تھے اٹھائیس افراد گئے جو مارے
الخندمہ لڑائی میں جو بچ پائے تھے
تاب حملے کی نہ لا پائے وہ ایسے بھاگے
کرزؓ و خالدؓ ہی صحابیؓ تھے جو شہید ہوئے
مکّہ کو جاتے ہوئے راہ یہ اپنی بھُولے
الحجون میں لگا آپؐ کا پیارا خیمہ
اس میں تشریف لے آئے تھے جہاں کے آقاؐ

Marfat.com

موضوع 45/84

# صاحبِ جنّت و دوزخ

# INMATES OF HEAVEN AND HELL

## سُوۡرَۃُ الۡاَعۡرَافِ (THE HEIGHTS)

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

وَ نَادٰۤی اَصۡحٰبُ الۡجَنَّۃِ اَصۡحٰبَ النَّارِ اَنۡ قَدۡ وَجَدۡنَا مَا وَعَدَنَا رَبُّنَا حَقًّا فَہَلۡ
وَجَدۡتُّمۡ مَّا وَعَدَ رَبُّکُمۡ حَقًّا ؕ قَالُوۡا نَعَمۡ ۚ فَاَذَّنَ مُؤَذِّنٌۢ بَیۡنَہُمۡ اَنۡ لَّعۡنَۃُ اللّٰہِ عَلَی
الظّٰلِمِیۡنَ ﴿ۙ۴۴﴾ الَّذِیۡنَ یَصُدُّوۡنَ عَنۡ سَبِیۡلِ اللّٰہِ وَ یَبۡغُوۡنَہَا عِوَجًا ۚ
وَ ہُمۡ بِالۡاٰخِرَۃِ کٰفِرُوۡنَ ﴿ۘ۴۵﴾

ترجمہ: اور اہل جنّت دوزخ والوں کو پکار کر کہیں گے کہ جو وعدہ ہمارے رب نے ہم سے کیا تھا ہم نے تو اسے سچا پالیا بھلا وہ وعدہ جو تمہارے رب نے تم سے کیا تھا کیا تم نے بھی اسے سچا پالیا، بولے ہاں، پھر پکارا ایک پکارنے والے نے کہ لعنت ہے اللہ کی بے انصافوں پر۔ جو روکتے ہیں اللہ کی راہ سے، اور ڈھونڈتے ہیں اس میں کجی اور وہ آخرت سے منکر ہیں۔

*And the people of Paradise will call out to the inmates of Hell: We have really found true the promise that our Lord made to us. Have you (also) found true what your Lord promised (you)? They will answer .Yes. Thereupon a herald will call you amongst them : The curse of Allah is on the wrong doers. (It is they) who used to hinder (the people) from thepath of Allah and looked for crookedness in it and they disbelieved in the Hereafter.*

سمجھا یہ جاتا ہے کہ گوشت پوست اور ہڈیوں کے ڈھانچے کا نام اِنسان ہے۔ حالانکہ تمام مذہبی کتابوں کی تعلیمات کی روشنی میں گوشت پوست سے بنا ہوا آدمی اصل اِنسان نہیں بلکہ رُوح کا لباس ہے۔ رُوح جب اپنے لباس سے رشتہ منقطع کر لیتی ہے تو لباس کی حیثیت کچھ نہیں رہتی۔ آپ اس کو جلا دیجئے، ٹکڑے ٹکڑے کر دیجئے یا گڑھے میں دفن کر دیجئے۔ اپنی طرف سے اس کی کوئی مدافعت



Marfat.com

شاہِ کونین نبیؐ پاک کا پیارا جھنڈا
ابنِ عوام زبیرؓ نے زمیں پہ گاڑھا
پھر نبیؐ پاک حرم پاک میں ایسے آئے
آگے پیچھے تھے وہ انصار و مہاجر اُنؐ کے

## مسجد حرام میں رسول اللہ کا داخلہ اور بتوں کی تطہیر

سب سے پہلے جو کیا کام حسیں منظر ہے
حجرِ اسود کا لیا بوسہ کہ جو دل بر ہے
پھر کیا آپؐ نے کعبہ کا طواف بڑھ کے
گرچہ کعبہ میں پڑے تین سو ساٹھ بت تھے
آپؐ پھر اپنی کمان سے اشارہ کرتے
منہ کے بل آ کے وہ بت سارے زمیں پہ گرتے
آپؐ فرماتے کہ حق آیا گیا ہے باطل
جانے والی ہے یہی چیز یہ کیا ہے باطل

Marfat.com

نہیں ہوگی۔ رُوح ہر عالم میں لباس بدلتی ہے جس طرح اس آب و گل کی دنیا میں گوشت پوست کا لباس اختراع کرتی ہے اسی طرح مرنے کے بعد کی زندگی میں بھی نئے لباس میں مظاہرہ کرتی ہے اور اس لباس میں وہ تمام صفات اور صلاحیتیں موجود ہوتی ہیں جو اس دنیا میں ریکارڈ ہو چکی ہیں وہاں لوگ ایک دوسرے کو پہچانتے ہیں اور انہیں اس بات کا احساس ہوتا ہے کہ خوشی اور رنج و غم کیا ہے؟ یہ لوگ آپس میں جنّتی اور دوزخی لوگوں میں امتیاز بھی کرتے ہیں۔ قرآن پاک میں اللہ تعالیٰ سورہ اعراف میں ارشاد فرماتے ہیں:

وَنَادٰٓى اَصۡحٰبُ الۡجَنَّةِ اَصۡحٰبَ النَّارِ اَنۡ قَدۡ وَجَدۡنَا مَا وَعَدَنَا رَبُّنَا حَقًّا فَهَلۡ وَجَدْتُّمۡ مَّا وَعَدَ رَبُّكُمۡ حَقًّا ؕ قَالُوۡا نَعَمۡ ۚ فَاَذَّنَ مُؤَذِّنٌۢ بَيۡنَهُمۡ اَنۡ لَّعۡنَةُ اللّٰهِ عَلَى الظّٰلِمِيۡنَ ۝

اور اہل جنّت، دوزخ والوں کو پکار کر کہیں گے کہ جو وعدہ ہمارے رب نے ہم سے کیا تھا ہم نے تو اسے سچا پا لیا بھلا وہ وعدہ جو تمہارے رب نے تم سے کیا تھا کیا تم نے بھی اسے سچا پا لیا، بولے ہاں، پھر پکارا ایک پکارنے والے نے کہ لعنت ہے اللہ کی بے انصافوں پر۔ جو روکتے ہیں اللہ کی راہ سے، اور ڈھونڈتے ہیں اس میں کجی اور وہ آخرت سے منکر ہیں۔ (سورہ اعراف، پارہ 8، آیت 44،45)

ان دونوں گروہوں کے درمیان ایک اوٹ حائل ہوگی جس کی بلندیوں پر کچھ اور لوگ ہوں گے۔ ہر ایک کو اس کی حالت سے پہچانیں گے اور جنّت والوں سے پکار کر کہیں گے، "سلامتی ہو تم پر۔۔۔۔" یہ لوگ جنّت میں داخل تو نہیں ہوئے مگر اس کے امیدوار ہوں گے اور جب ان کی نگاہیں دوزخ والوں کی طرف پڑیں گی تو کہیں گے:

"اے رب ہمیں ان ظالموں میں شامل نہ کیجئے۔"

پھر یہ اعراف کے لوگ دوزخ کی چند بڑی شخصیتوں کو ان کی علامتوں سے پہچان کر پکاریں گے:

مَاۤ اَغۡنٰى عَنۡكُمۡ جَمۡعُكُمۡ وَمَا كُنۡتُمۡ تَسۡتَكۡبِرُوۡنَ ۝ اَهٰٓؤُلَاۤءِ الَّذِيۡنَ اَقۡسَمۡتُمۡ لَا يَنَالُهُمُ اللّٰهُ بِرَحۡمَةٍ ؕ اُدۡخُلُوا الۡجَنَّةَ لَا خَوۡفٌ عَلَيۡكُمۡ وَلَاۤ اَنۡتُمۡ تَحۡزَنُوۡنَ ۝

دیکھ لیا تم نے، آج نہ تمہارے جتھے تمہارے کسی کام آئے اور نہ وہ ساز و سامان جن کو تم بڑی چیز سمجھتے تھے اور کیا اہل جنّت وہی لوگ نہیں ہیں جن کے متعلق تم قسمیں کھا کھا کر کہتے تھے کہ ان کو تو اللہ اپنی رحمت میں سے کچھ نہیں دے گا۔ آج ان سے کہا گیا کہ داخل ہو جاؤ جنّت میں تمہارے لئے نہ خوف ہے نہ غم۔

(سورۃ اعراف، پارہ 8، آیت 48،49)

اللہ کے ارشاد کے مطابق مرنے کے بعد نوع انسان اور نوع اجنہ کے لئے دو طبقے ہیں ایک علیین (اعلیٰ) اور دوسرا سجین (اسفل)۔

حوالہ جات:

1- ماہنامہ "قلندر شعور"، شمارہ دسمبر 2014، باب رُوح کا لباس، صفحہ نمبر 67 تا 68



Marfat.com

اونٹنی آپؐ کی تھی ساتھ طواف کرتے
چونکہ اس اُونٹنی کی کمر پہ تھے خود بیٹھے
صفا و مروہ پہ خود آپؐ نہیں پہنچے تھے
آپؐ احرام پہن کر جو نہیں آئے تھے
حضرت عثمانؓ بن طلحہ سے کنجی لے کر
خود نبیؐ پاک بھی کعبہ کے تھے آئے اندر
اس میں تصویریں نبیؐ پاک کے تھیں آبا کی
تھیں سمائیلؑ نبیؑ اور نبی بابا کی
فال گیری کے بنائے تھے تیر ہاتھوں میں
کوئی بھی ایک حقیقت نہ تھی ان باتوں میں
دیکھی تھی ایک کبوتری بنی لکڑی کی
دستِ اطہر سے حضورؐ نے وہ بھی توڑی تھی
نیست و نابود کیا ساری ہی تصویروں کو
اور پھر پاک کیا کعبہ کی دیواروں کو

Marfat.com

موضوع 46/84

# چھ دن اور کائنات

# THE UNIVERSE AND SIX DAYS

## سُوْرَۃُ الْاَعْرَافِ (THE HEIGHTS)

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اللّٰہُ الَّذِیْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ فِیْ سِتَّۃِ اَیَّامٍ ثُمَّ اسْتَوٰی عَلَی الْعَرْشِ قف

ترجمہ: میں نے چھ روز میں آسمان کو بنایا اور عرش پر جاکر متمکن ہو گیا۔

*Allah, Who created the heavens and the earths in six days. then mounted He the Throne.*

قرآن واضح طور پر بتا رہا ہے کہ اس کائنات کی تخلیق ستہ ایام یعنی چھ یوم میں کی گئی مناسب معلوم ہوتا ہے کہ ان آیات مبارکہ میں لفظ یوم یا اس کی جمع ایام کا مطلب سمجھنے کی کوشش کی جائے۔ ہم اس زمین پر وقت کی پیائش سورج کے گرد زمین کے چکر لگانے اور زمین کی اپنی حرکت سے کرتے ہیں۔ اس زمین کے کسی حصہ پر دن کا مطلب وہ صورتحال ہے جب زمین کا ایک حصہ سورج کے سامنے ہو اور زمین کی اپنی حرکت کے باعث وہ حصہ سورج کے سامنے نہ رہے تو زمین کے اس مقام پر رات ہوتی ہے۔ یہ عمل زمین پر متواتر ہو رہا ہے۔ یعنی زمین کے کسی حصہ پر صبح طلوع ہو رہی ہے کہیں دوپہر ہے کہیں سہ پہر کہیں شام پڑ رہی ہے۔ کہیں رات ہو چکی ہے۔ اس زمین پر دن کا وقفہ 24 گھنٹہ ہے۔ جبکہ سال تقریباً 365 دنوں کا ہوتا ہے۔

نظامِ شمسی کے دوسرے سیاروں پر دن کا وقفہ اور سورج کے گرد ان کے چکر کے لحاظ سے ان کا سال مختلف ایام پر مشتمل ہوتا ہے۔ مثلاً عطارد MERCURY پر ایک دن کا دورانیہ زمین کے تقریباً 58 دن ساڑھے 15 گھنٹے کے مساوی ہوتا ہے۔ زہرہ VENUS پر ایک دن کی طوالت زمین کے تقریباً 243 دن کے برابر ہوتی ہے۔ زمین پر ایک دن کی طوالت 24 گھنٹے پر مشتمل ہے۔ مریخ MARS پر ایک دن کا دورانیہ زمین کے تقریباً ساڑھے 24 گھنٹے کے مساوی ہے۔ مشتری JUPITER کا دورانیہ زمین کے تقریباً 9 گھنٹے 55 منٹ کے برابر ہے۔ زحل SATURN پر ایک دن کی طوالت زمین کے تقریباً دس گھنٹے 39 منٹ کے مساوی ہے۔ یورینس URANUS پر ایک دن کا دورانیہ زمین کے تقریباً 7 گھنٹے 14 منٹ کے برابر ہے۔ نیپچون NEPTUNE پر یہ طوالت زمین کے تقریباً 16 گھنٹے 6 منٹ کے مساوی ہوتی ہے۔ پلوٹو پر ایک دن کی طوالت زمین کے تقریباً 6 دن 9 گھنٹے پر مشتمل ہے۔ چنانچہ یہ واضح ہو جاتا ہے کہ ہمارے لئے یوم دن یا DAYS زمین کی حرکت اور سورج کے گرد اپنی حرکت کے تحت وجود میں آتے ہیں۔



Marfat.com

# خانہ کعبہ میں رسول اللہ کی نماز اور قریش سے خطاب

بند دروازہ جو اندر سے کیا آقاؐ نے
آپؐ کے ساتھ تھے بلالؓ اُسامہؓ بھی تھے
چھ ستونوں پہ تھی وہ چھت جو کھڑی کعبہ کی
آپؐ نے بیت الٰہی میں نماز پڑھ لی
چاروں گوشوں میں بیت اللہ کے حضورؐ گھومے
کلمے توحید و تکبیر ادا کر ڈالے
صحنِ کعبہ میں بہت لوگ صفوں میں بیٹھے
منتظر تھے کہ نبیؐ انؐ سے کیا فرمائیں گے
اتنے میں کھولا جو دروازہ مرے آقاؐ نے
پاٹ دروازے کے تھے پکڑے دونوں ہاتھوں سے
آپؐ نے اپنا خطاب بھی کیا لوگوں سے
کوئی معبود نہیں اللہ سنو تنہا ہے

Marfat.com

قرآن پاک تخلیق کائنات کا ذکر کرتے ہوئے چھ ایّام کا ذکر کرتا ہے۔ یہ بات ذہن نشین رہے کہ اس وقت سورج کا، زمین کا وجود ہی نہ تھا جب یہ اجسام موجود ہی نہ تھے تو ان کی محوری یا طولانی حرکت یا ان پر منحصر وقت کے کسی پیمانے کا بھی کوئی سوال پیدا نہیں ہوتا۔ چنانچہ اس امر کی ضرورت ہے کہ ہم یہ سمجھنے کی کوشش کریں کہ تخلیق کائنات کے بارے میں مختلف قرآنی آیات میں یوم یا ایّام کا مطلب کیا ہے؟ ہم کہہ سکتے ہیں کی ان آیات میں ایام کا مطلب وقت کا کوئی دور یا مراحل ہیں۔

## وقت TIME:

وقت اللہ تعالیٰ کی ایسی تخلیق ہے جس کے اسرار و رموز سے اِنسان قطعی نا آشنا ہے۔ قرآن پاک سے یہ رہنمائی ملتی ہے کہ کائنات کے مختلف خطوں میں وقت کی کیفیت و کمیت (اگر ان اصطلاحات کا اطلاق کیا جاسکے تو) میں بہت فرق ہوتا ہے۔

ارشادِ باری تعالیٰ ہے:

يُدَبِّرُ الْاَمْرَ مِنَ السَّمَآءِ اِلَى الْاَرْضِ ثُمَّ يَعْرُجُ اِلَيْهِ فِيْ يَوْمٍ كَانَ مِقْدَارُهٗٓ اَلْفَ سَنَةٍ مِّمَّا تَعُدُّوْنَ ۝

**وہ ہر ایک کام کی تدبیر کرتا ہے۔ آسمان سے زمین تک پھر اسی کی طرف رجوع کرے گا اس دن کے جس کی مقدار تمہارے حساب میں ایک ہزار برس ہے۔**

(سورہ سجدہ، پارہ 21، آیت 5)

یہ ایک ایسے ٹائم زون کا ذکر ہے جہاں ایک دن ہماری زمین کے ایک ہزار برس کے برابر ہے۔ ارشادِ باری تعالیٰ ہے کہ:

تَعْرُجُ الْمَلٰٓئِكَةُ وَ الرُّوْحُ اِلَيْهِ فِيْ يَوْمٍ كَانَ مِقْدَارُهٗ خَمْسِيْنَ اَلْفَ سَنَةٍ ۝

**اور ملائکہ اور رُوح اس کے حضور آتے ہیں ایک ایسے دن میں جس کی مقدار 50 ہزار برس ہے۔**

(سورہ المعارج، پارہ 29، آیت 4)

سورہ المعارج کی یہ آیت ہمیں ایک اور ٹائم زون سے مطلع کرتی ہے۔

ایک ٹائم زون یا وقت کی ایک کیفیت کا علم ہمیں حضرت محمد رسول اللہ ﷺ کے معراج کے واقعے سے ہوتا ہے۔ حضرت محمد رسول اللہ ﷺ مکی دور کے آخری حصہ میں ایک رات آرام فرما رہے تھے کہ حضرت جبرائیل علیہ اسلام حاضر ہوئے اور عرض کیا کہ آپ ﷺ کو اللہ تعالیٰ نے یاد فرمایا ہے۔ حضرت محمد ﷺ حضرت جبریل علیہ اسلام کے ساتھ روانہ ہوئے پہلے بیت المقدس تشریف لے گئے وہاں انبیا علیہ السلام کی نماز کی امامت فرمائی۔ اس کے بعد آسمانوں پر تشریف لے گئے اور اللہ تعالیٰ کی انتہائی قربت آپ ﷺ کو حاصل ہوئی پھر آپ ﷺ واپس زمین پر تشریف لائے جس وقت آپ کروڑہا میل کے اس مقدس سفر سے واپس مکہ میں اپنی قیام گاہ پر تشریف لائے تو یہاں صورتحال یہ تھی کہ اس زمین پر چند لمحے ہی گزرے تھے دروازے کی کنڈی ہل رہی تھی اور بستر مبارک ابھی تک گرم تھا۔ یہ مختلف ٹائم زون کی ایک اور مثال ہے۔



Marfat.com

اس نے جو وعدہ کِیا وعدہ وہی سچا ہے
اپنے بندے کی مدد کر دی نہ تنہا ہی کیا
اس اکیلے نے ہی دی مات سبھی جتھوں کو
جس کا کوئی بھی شریک ہی نہیں اللہ ہُو
ماسوا کعبہ کی کلید برداری کے
اور حجّاج کو بھی پانی پلا دینے سے
سارا اعزاز یا کمال یا خون میرے
دونوں قدموں کے پڑا آج سبھی سے نیچے
مکّہ کے لوگو! قریشیو یہ بات سُن لو
سارے ہی لوگ ہیں آدم سے، ہے مٹی سے جو
جہل کی ساری نخوّت کو مٹا یاربّ نے
باپ دادا کے غرور کو گرایا ربّ نے
پھر نبیؐ پاک نے آیات سنائیں ان کو
کیسے وہ پیدا ہوئے باتیں بتائیں ان کو

Marfat.com

ان مثالوں سے یہ واضح ہوتا ہے کہ اس ساری کائنات میں اس کی تخلیق کے بعد بھی وقت کے مختلف پیمانے موجود ہیں لیکن جب یہ کائنات وجود میں نہیں آئی تھی اس دور کے تذکرہ میں ایام کا ذکر دراصل ایک مرحلہ یا ایک فیز کا ذکر سمجھنا چاہئے۔

چنانچہ قرآنی آیات سے نوع انسانی کو یہ راہنمائی ملتی ہے کہ اللہ تعالیٰ نے یہ ساری کائنات چھ مراحل میں تخلیق فرمائی۔

اہل یہود کا عقیدہ ہے کہ کہ کائنات کی تخلیق چھ دنوں میں ہوئی اس کے ساتھ ہی وہ یہ بھی کہتے ہیں کہ ساتوں دن یعنی یوم سبت پر خالق کائنات نے آرام کیا۔ اس لئے یہودی ہفتے کو کام نہیں کرتے اور آرام کرتے ہیں۔ تاہم اس عقیدے کی بنیاد درست معلوم نہیں ہوتی۔ یہ کائنات بناتے وقت دن کا اس طرح وجود ہی نہ تھا جیسا کہ سورج اور زمین کی تخلیق ہونے کے بعد ان کے حرکات کے نتیجہ میں زمین پر دن وجود میں آیا۔ یہود کے اس اعتقاد کی دوٹوک نفی خود قرآن پاک نے فرمادی ہے۔

اللہ زبردست اور قوی ہے، اللہ کی شان یہ ہے کہ اسے کبھی تھکن یا بیزاری نہیں ہوتی اللہ تعالیٰ کو آرام کی ضرورت نہیں اللہ تھکتا نہیں۔

اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ اَلْحَيُّ الْقَيُّوْمُ ۚ لَا تَاْخُذُهٗ سِنَةٌ وَّلَا نَوْمٌ ۭ

کوئی معبود نہیں سوائے اللہ کے زندہ ہمیشہ قائم رہنے والا نہ اسے اونگھ آسکتی ہے اور نہ نیند۔ (سورۃ بقرۃ، پارہ 3، آیت 255)

اس بارے میں ایک اور آیت واضح طور پر آگاہ کرتی ہے کہ:

وَ لَقَدْ خَلَقْنَا السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضَ وَ مَا بَيْنَهُمَا فِيْ سِتَّةِ اَيَّامٍ ۖ وَّ مَا مَسَّنَا مِنْ لُّغُوْبٍ ﴿٣٨﴾

ہم نے آسمانوں کو اور زمین کو ان کے درمیان ساری چیزوں کو چھ ایام میں تخلیق کیا اور (اس کام کے انجام دینے میں) ہمیں کوئی تھکن لاحق نہ ہوئی۔ (سورۃ ق، پارہ 26، آیت 37)

اللہ کو اس کائنات کی تخلیق میں یا اس کا نظام چلانے میں نہ کوئی تھکن ہوتی ہے اور نہ اسے اونگھ یا نیند آتی ہے۔

اللہ کی صفت خالقیت کی شان یہ ہے کہ اس کی ہر تخلیق زندگی کے تمام ضروری تقاضوں سے مذیّن ہے۔ اس کی تخلیق میں کسی قسم کی کوئی بے ربطگی نظر نہیں آئے گی۔، قرآن پاک لوگوں کو دعوت دیتا ہے کہ وہ کائنات میں غور کریں اور تلاش کریں۔

سورۃ الملک آیت 3 میں اللہ باری تعالیٰ ارشاد فرماتے ہیں۔

الَّذِيْ خَلَقَ سَبْعَ سَمٰوٰتٍ طِبَاقًا ۭ مَا تَرٰى فِيْ خَلْقِ الرَّحْمٰنِ مِنْ تَفٰوُتٍ ۭ فَارْجِعِ الْبَصَرَ ۙ هَلْ تَرٰى مِنْ فُطُوْرٍ ﴿٣﴾

اسی نے سات آسمان اوپر تلے بنائے۔ اے دیکھنے والے کیا تو رحمٰن کی تخلیق میں کچھ نقص دیکھتا ہے؟ ذرا آنکھ اٹھا کر دیکھ بھلا تجھ کو آسمان میں کوئی شگاف نظر آتا ہے؟

(سورۃ الملک، پارہ 29، آیت 3)



Marfat.com

قوموں میں اور قبیلوں میں بنایا رب نے
ایسے پہچان کا یہ رستہ دکھایا رب نے
متقی ہوگا جو وہ صاحبِ عزّت ہوگا
اس کو معلوم ہے تو حکم یہی ہے اُس کا

## آج کوئی سرزنش نہیں

پوچھتا ہوں میں تمہیں بات بتاؤ ہم سے
کیسا برتاؤ مرا آج یہ ہوگا تم سے
بولے وہ آپؐ رحیم ہیں بہت ہی بھائی
آپؐ کے باپؓ رحیم ہیں بہت ہی بھائی
تم سے وہ بات کہے دیتا ہوں یوسفؑ والی
جاؤ آزاد ہو نہ ڈانٹ ڈپٹ ہی ہوگی

## کعبۃ اللہ کی مبارک کنجی

اپنے خطاب کے بعد آپؐ حرم میں بیٹھے
کنجی کعبے کی لیے مولا علیؓ آ پہنچے

Marfat.com

ساری کائنات اور کائنات کے اندر تمام نوعیں اور افراد ایک مرکزیت کے ساتھ بندھے ہوئے ہیں۔ مختلف مراحل اور زندگی کے مختلف زمانے ظاہری نظروں سے الگ الگ نظر آتے ہیں لیکن زمانے کے نشیب و فراز اور زندگی کے مراحل میں تغیّر و تبدل کتنا ہی کیوں نہ ہو سب کا تعلق مرکزیّت سے ہے۔ مرکزیّت کے درمیان لہریں یا شعاعیں واسطہ ہیں۔ ایک طرف مرکزیّت سے لہریں یا شعاعیں نزول کر کے افراد کائنات کو فیڈ کرتی ہیں اور دوسری طرف فرد کے اندر نزول ہونے کے بعد صعود کرتی ہیں نزول و صعود کا یہی سلسلہ ہی زندگی ہے۔

نزول اور صعود




آپ یہ غور کریں کہ زمین پر جو چیز بھی نازل ہو گی، بچے کا پیدا ہونا بھی زمین پر نزول، اس کا رُخ صعود کی طرف ہے۔ بچہ بڑا ہو رہا ہے۔ آسمان کی طرف بڑھ رہا ہے، درخت بھی بڑا ہو رہا ہے۔ ہر چیز جو نزول کر رہی ہے وہ صعود کر رہی ہے۔ یہ بات بھی رُوحانی طالبعلم کو معلوم ہے کہ مرنے کے بعد آدمی اعراف میں چلا جاتا ہے۔ اعراف بھی بلند مقام ہے۔ نتیجہ یہ نکلا کہ اِنسان کی زندگی نزول و صعود ہے۔ وہ نزول کرتا ہے، زمین پر نازل ہوتا ہے اور عالم بالا میں صعود کر جاتا ہے۔

کوئی آدمی اس بات کو تسلیم کرے یا نہ کرے لیکن اس بات سے انکار نہیں کر سکتا کہ جو چیز زمین پر نازل ہو گی وہ ہر حال میں صعود کرتی ہے۔

اِنسان کیا ہے____؟

اِنسان اس کے علاوہ کچھ نہیں ہے وہ نزول اور صعود میں زندگی بسر کر رہا ہے۔ جب ساری زندگی رجوع الی اللہ ہے تو ہمارا کام تو بہت آسان ہو گیا ہے۔ صرف ہمیں اتنا سوچنا ہے کہ پیدائش کے بعد ہمارا رُخ ہر لمحہ ہر آن اللہ تعالیٰ کی طرف ہو اگر ہم اس بات کو سمجھ لیں، اس بات کو بار بار دہرائیں تو ہمارا تعلق اللہ تعالیٰ کے ساتھ قائم ہو جائے گا۔

مختصر یہ کہ ساری کائنات میں لہر یا شعاع دور کرتی ہے۔ شعاع اور لہر کے دورانیہ کو دیکھتے ہوئے جو کائنات کی صورت بنتی ہے اس کو دائرے کے علاوہ کچھ نہیں کہہ سکتے۔

پوری کائنات ایک دائرہ ہے اور یہ دائرہ جب صعودی اور نزولی حرکت کرتا ہے تو چھ دائرے بن جاتے ہیں۔ اس بات کو اللہ تعالیٰ نے "فی ستہ ایام" کہا ہے۔ میں نے کائنات کو چھ دن میں بنایا ہے۔ کائنات اور افراد کائنات کے پہلے دائرہ کا نام لطیفہ نفسی ہے۔

## مثال:

لطیفہ نفسی ایک چراغ ہے جس میں سے روشنی نکل رہی ہے۔ چراغ کی اس روشنی یا لو کا نام نگاہ ہے۔ چراغ کی لو ہوتی ہے جہاں لو ہو گی وہاں کا ماحول روشن اور منور ہو جاتا ہے۔ جہاں تک لو کی روشنی پڑتی ہے یہ خود کا مشاہدہ کر لیتی ہے۔ چراغ کی لو میں بے شمار رنگ



Marfat.com

آپؐ نے حضرتِ عثمانؓ کی بابت پوچھا
آپؐ کی خدمتِ اقدس میں وہ لایا گیا
پہلے بھی اُن کے ہی تھی پاس کلیدِ کعبہ
آج بھی اُن کو نبیؐ پاک نے کر دی عطا
ان سے فرمایا رکھو پاس اسے تم اپنے
کوئی ظالم ہی بڑا ہوگا جو چھینے تم سے
اللہ نے تم کو امیں گھر کا بنایا عثمانؓ
اس سے معروف ملے جو بھی وہ کھاؤ عثماں

## کعبے کی چھت پر اذانِ بلالی

جب ہُوا وقتِ نماز تو کہا آقاؐ نے
کعبے کی چھت پہ بلالؓ تُو اذان دے دے
صحنِ کعبہ میں جہاں اور صحابہؓ بیٹھے
ابوسفیان عتاب بھی تھے حارث بھی تھے

Marfat.com

ہیں جتنے رنگ ہیں اتنی ہی کائنات میں رنگینیاں ہیں۔ چراغ کی لو کی روشنی ہلکی "مدھم" تیز اور بہت تیز ہوتی رہتی ہے۔ جن چیزوں پر روشنی بہت ہلکی پڑتی ہے ان چیزوں سے متعلق ہمارے دماغ میں "توہم" پیدا ہوتا ہے اور جن چیزوں پر روشنی ہلکی پڑتی ہے ان چیزوں سے متعلق ہمارے دماغ میں "خیال" پیدا ہو جاتا ہے اور جن چیزوں پر لو کی روشنی تیز پڑتی ہے ان چیزوں کا ہمارے ذہن میں "تصوّر" بنتا ہے اور جن چیزوں پر لو کی روشنی بہت تیز پڑتی ہے ہماری نگاہ ان کو" دیکھ" لیتی ہے۔

## عِلم کی دو طـــرزیں:

اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں:

وَ اِذَا سَاَلَكَ عِبَادِیْ عَنِّیْ فَاِنِّیْ قَرِیْبٌ ؕ اُجِیْبُ دَعْوَةَ الدَّاعِ اِذَا دَعَانِ ۙ فَلْیَسْتَجِیْبُوْا لِیْ وَ لْیُؤْمِنُوْا بِیْ لَعَلَّهُمْ یَرْشُدُوْنَ ﴿۱۸۶﴾

اے پیغمبر جب میرے بندے میرے بارے میں آپ سے پوچھیں تو(آپ ان سے کہہ دیجیے) میں اتنا قریب ہوں کہ جب کوئی مجھے پکارتا ہے تو میں پکارنے والی کی پکار سنتا ہوں لٰہذا وہ میری بات دل سے قبول کریں اور مجھ پر ایمان لائیں تا کہ وہ راہ راست پر آجائیں۔ (سورۃ بقرۃ، پارہ2، آیت186)

وَ نَحْنُ اَقْرَبُ اِلَیْهِ مِنْ حَبْلِ الْوَرِیْدِ ﴿۱۶﴾

میں تو تمہاری شہ رگ سے بھی زیادہ قریب ہوں۔

(سورہ ق، پارہ26، آیت16)

دوسری جگہ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ:

خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضَ فِیْ سِتَّةِ اَیَّامٍ ثُمَّ اسْتَوٰی عَلَی الْعَرْشِ ۚ

میں نے چھ روز میں آسمان کو بنایا اور عرش پر جا کر متمکن ہو گیا۔

(سورۃ اعراف، پارہ8، آیت54)

ان دونوں آیات سے ہمیں عِلم کی دو طرزیں حاصل ہوتی ہیں۔ گویا اللہ تعالیٰ تک رسائی حاصل کرنے کے لئے ہمیں دو راستے ملے ہیں یعنی عِلم (اللہ) ایک ہی ہے مگر اس کے حصول کی طرزیں مختلف ہیں، منزل ایک ہی ہے مگر راستے مختلف ہیں۔ رُوحانیت کے علوم بھی دو طرزوں میں حاصل ہوتے ہیں۔

قُربِ نوافل کے ذریعے

قُربِ فرائض کے ذریعے

## قـــربِ فـــرائض:

قربِ فرائض کا علم یا علم جذب ایک دم حاصل ہوتا ہے۔ سیّدنا حضور ﷺ غار حرا گئے حضرت جبرائیلؑ نے ان کو گلے لگایا



Marfat.com

ہو گیا فوت اسید یہ عتاب بولا
سنتا وہ لفظ اذاں اس پہ گراں یہ ہوتا
اس پہ حارث نے کہا دیکھو قسم اللہ کی
مجھ کو معلوم اگر ہو کہ ہیں سچے نبیؐ
پیروی ان کی کروں گا میں اگر ہیں حق پے
ان کی اس بات پہ فوراً ہی بوسفیاں بولے
دیکھو اللہ کی قسم کچھ بھی نہیں بولوں گا
ڈرتا ہوں حال بتا دیں گے یہ کنکر میرا
پھر نبیؐ پاک کریم آئے قریب ان کے
انہوں نے جو بھی کہا سب ہی بتایا اُن سے
اس پہ حارث نے عتاب نے گواہی دے دی
آپؐ اللہ کے رسولؐ ہیں جو باتیں سن لی
ہم بہت دور تھے آہستہ تھے باتیں کرتے
کوئی بھی شخص نہ تھا جو کہ بتاتا جا کے

Marfat.com

اور تمام علوم منتقل کر دیئے یعنی انہوں نے باقاعدہ کسی سے کوئی تربیت حاصل نہیں کی۔ حضرت موسیٰؑ آگ لینے گئے تو وہاں ان کو نبوت مل گئی۔ یعنی ہم کہہ سکتے ہیں جن کیفیات میں یہ علم حاصل ہوتا ہے اسے جذب کہتے ہیں قربِ فرائض کا علم آسانی سے حاصل نہیں ہوتا اس کے لئے ذہن کو اس حد تک تیار کرنا پڑتا ہے کہ بندہ مادی تقاضوں کو چھوڑ دے۔ مثلاً اگر کسی کو قربِ فرائض کے ذریعے علم دینا مقصود ہو تو اسے کہا جائے گا کہ کشکول پکڑو اور جنگلوں میں نکل جاؤ، اگر بندہ خلوص دل کے ساتھ وہ کام کرتا ہے تب جا کر قربِ فرائض کی طرف اس کا ذہن بنتا ہے۔ ورنہ وہ تباہ و برباد ہو سکتا ہے۔

نزول و صعود




## مثال:

حضرت ابراہیم بن ادھم سلسلہ چشتیہ کے بانیوں میں سے تھے انہیں جو علم حاصل ہوئے وہ قربِ فرائض کے ذریعے حاصل ہوئے مگر اس کے لئے ان کو اپنی بادشاہت کو ترک کرنا پڑا۔ حضرت ذوالنون مصری ایک بزرگ گزرے ہیں جو کہ قربِ فرائض کی کیفیات میں سے گزرے ہیں مگر انکی حالت یہ ہو گئی تھی کہ وہ یہ کہتے تھے کہ مجھ سے زیادہ دنیا میں کوئی اور ذلیل و خوار نہ ہو گا یعنی انھوں نے اس قدر تکلیفیں اٹھائیں تب جا کر انہیں قربِ فرائض کا علم ہوا۔

## قربِ نوافل:

قربِ نوافل ایسی کیفیت ہے جس میں حصولِ علم کے ساتھ ساتھ زندگی کے باقی معاملات بھی چلتے ہیں۔

حضرت نصیر الدین چراغ دہلویؒ کا ارشاد ہے کہ مرشد کامل یہ جانتا ہے کہ مرید کو سلوک کی راہ میں چار ZONES مقامات سے آگاہ کرنا ضروری ہے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| ☆ | اول ZONE | : | عالم ناسوت |
| ☆ | دوم ZONE | : | عالم ملکوت |
| ☆ | سوم ZONE | : | عالم جبروت |
| ☆ | چہارم ZONE | : | عالم لاہوت |

## عالمِ ناسوت:

عالم ناسوت نفس کی دنیا ہے اور جس میں حواسِ خمسہ سے افعال صادر ہوتے ہیں۔ سالک اپنی ریاضت اور مجاہدہ کے ذریعے اس عالم سے گزرتا ہے۔



Marfat.com

# فتح یا شکرانے کی نماز

فتح کی رات حسین تھا وہ منظر کعبہ
ہر طرف سے یہ صدا آئی تھی اللہ اللہ
رات بھر کرتے تھے اصحابؓ طوافِ کعبہ
آپؐ نے ایسے منایا تھا وہ جشن فتح
عفو و درگزر کی آقاؐ نے تو آخر کر دی
کر دی سرسبز و شاداب خشک ہر کھیتی
سات سالوں کے نبیؐ بعد حرم میں آئے
آپؐ کے ہونٹوں پہ الفاظ تشکّر ہی تھے
چاشت کے وقت نبیؐ کعبہ سے باہر آئے
اُمِ ہانیؓ کے نبیؐ گھر میں وہاں جا پہنچے
آپؐ کے چہرۂ اطہر پہ تھی شادمانی
آٹھ رکعت نماز بھی وہاں پہ پڑھ لی

Marfat.com

## عالمِ ملکوت:

عالم ملکوت وہ مقام ہے جہاں کے افعال تسبیح، قیام، رکوع اور سجود تک محدود ہوتے ہیں۔

## عالمِ جبروت:

عالم ملکوت کے بعد سالک عالم جبروت میں داخل ہوتا ہے جہاں ذوق وشوق، محبت، اشتیاق، طلب، وجد، سکر کے سوا کچھ نہیں۔

## عالمِ لاہوت:

چوتھا عالم جس میں سالک داخل ہوتا ہے عالم لاہوت جو لامکاں میں شامل ہے جہاں نہ گفتگو ہے نہ جستجو۔ ازل سے ابد تک کے دائرے کو حواس اور شعور کے اعتبار سے چار طبقات ZONES میں تقسیم کیا گیا ہے۔

عالم ناسوت، عالم ملکوت، عالم جبروت، عالم لاہوت




عالم ناسوت ہماری مادی دنیا کا نام ہے۔ وہ قوانین قُدرَت جو عالم ناسوت اور عالم ملکوت کے درمیان جاری و ساری ہیں۔ ان قوانین کا نام "شریعت" ہے وہ قوانین قُدرَت جو عالم ملکوت اور عالم جبروت کے درمیان جاری و ساری ہیں ان قوانین قُدرَت کو " طریقت" کہتے ہیں وہ قوانین قُدرَت جو عالم جبروت اور عالم لاہوت کے درمیان جاری و ساری ہیں ان قوانین کو " حقیقت" کہتے ہیں۔

شریعت، طریقت، حقیقت کے تمام علوم اسمائے الٰہیہ کے علوم ہیں اور یہی اِنسان کی تفہیم و تعلیم کا مکمل دائرہ ہے۔ ایک آدمی حقیقی معنوں میں اللہ تعالیٰ کا نائب کہلانے کا اسی وقت مستحق ہو سکتا ہے جب وہ شریعت، طریقت اور حقیقت کے علوم سے آراستہ ہو کیونکہ اللہ تعالیٰ نے نیابت کے دائرے میں آدم کی تعریف ان الفاظ کے ساتھ کی ہے کہ ہم نے آدم کو اپنا خلیفہ اور نائب زمین پر مقرر کیا اور اسے اسمائے الٰہیہ کے کل علوم عطا فرما دیے۔ اس کلام الٰہی کی رو سے اللہ تعالیٰ کا براہ راست نائب وہی ہو سکتا ہے۔ جو ان تمام علوم سے



Marfat.com

# فتح کے دوسرے دن رسول اللہ ﷺ کا خطبہ

کی رسولؐ اللہ نے اللہ کی حمد و ثنا
دوسرے روز نبیؐ پاک نے خطبہ یہ دیا
لوگو جس روز تھا افلاک کو پیدا کیا
روز اُس مکّہ کو حرمت کا شہر کہہ ڈالا
حُرمت اللہ کی باعث سے سارا مکہ
آخرت پر بھی اور اللہ پہ ہے ایماں جس کا
شہرِ اطہر میں کبھی خوں نہ وہ بہائے گا
پیڑ کاٹے گا نہ کاٹے گا وہ کانٹا کوئی
نہ زمیں سے وہ اُٹھائے گا کوئی شے بھی گری
اس بنا پر ہی اگر کوئی یہ رُخصت چاہے
میری تقلید میں کوئی نہ قتل کر ڈالے
تو اُسے کہہ دیں اجازت تھی مجھے اللہ سے
واسطے میرے یوں کرنے کے تو کچھ لمحے تھے

Marfat.com

آشنا ہو جو علوم اسمائے الٰہیہ کہلاتے ہیں۔اور جو براہ راست آدم کو اللہ تعالیٰ کی جانب سے عطا کیا گیا ہے ذات باری تعالیٰ سے براہ راست تعلق اور رابطہ قائم کرنے کے لئے ان تینوں علوم کا جاننا لازمی ہے۔اصل میں اِنسان کا عِلم جاننے سے مراد شعور کے اندر علوم کی روشنیوں کا جذب کرنا ہے شعور میں عِلم کی روشنیاں جب جذب ہو جاتی ہیں تو یہی روشنیاں اِنسان کے شعوری حواس بنتی ہیں۔ذات باری تعالیٰ حقیقت ہے۔جب تک شریعت وطریقت کے علوم کی روشنیاں اِنسان کے شعور کے اندر منتقل نہیں ہوتیں وہ حقیقت کے دائرے میں نہیں پہنچ سکتا اور جب تک حقیقت کی تجلّیات شعور میں منتقل نہیں ہوتیں۔حقیقت سے آشنا نہیں ہو سکتا۔اِنسان کی مثال ایک پیالے کی سی ہے۔اس پیالے میں جو کچھ بھرا جاتا ہے۔پیالہ اس کی لذت سے روشناس ہوتا ہے۔جب تک شعور میں حقیقت کی روشنی جذب نہیں ہوتی حقیقت سے واقفیت نہیں ہو سکتی۔

## یکجائی پروگرام کا ڈسپلے:

رُوحانیت میں غیب کے مشاہدے کی ایک نظر "سیر" ہے۔سیر کی آنکھ یہ دیکھتی ہے کہ کائنات کا سارا یکجائی پروگرام لوحِ محفُوظ پر منقوش ہے اور لوحِ محفُوظ کا منقوش پروگرام خالق کائنات کی تجلّی سے بے شمار زمینوں SCREENS پر ڈسپلے ہو رہا ہے۔تقریباً ساڑھے گیارہ ہزار نوعیں اور اِنسانی شماریات سے زیادہ ان نوعوں کے افراد کائنات کے کل پرزے ہیں۔یہ کائناتی مشین ایک دائرے CIRCLE میں چل رہی ہے۔جزو لاتجزیٰ وجود سے اس کی حرکت شروع ہوتی ہے اور ماوراہستی کی طرف لوٹ جاتی ہے۔آسمان، زمین، درخت، پہاڑ، چرندے، پرندے، حشرات الارض، فرشتے، جنّات اور انسان سب اس عظیم الشان نظام کے اجزاء ہیں جن کے اشتراک سے حرکت کا منظّم سلسلہ جاری و ساری ہے۔البتہ اِنسان ایسا واحد فرد ہے جو نظام کائنات کی میکانزم سے واقف ہے۔باقی مخلوق اس میکانزم سے واقفیّت نہیں رکھتی۔

حوالہ جات:

1- ماہنامہ "رُوحانی ڈائجسٹ" شمارہ اپریل 2007

2- کتاب "شرح لوح وقلم" از الشیخ خواجہ شمس الدین عظیمی، باب اندر کی آواز، صفحہ نمبر 94 تا 95

3- کتاب "معرفتِ عشق" از سیّدہ سعیدہ خاتون عظیمی، موضوع راہِ طریقت، صفحہ نمبر 20 تا 21

4- کتاب "کشکول" از الشیخ خواجہ شمس الدین عظیمی، موضوع نمبر 10، صفحہ نمبر 23



Marfat.com

پھر پلٹ آئی ہے حُرمت بھی شہرِ مکّہ پے
تاقیامت ہی یہ حُرمت بھی رہے گی ایسے
جو بھی حاضر ہیں یہاں اور سنی ہیں باتیں
ان پہ لازم ہے کہ غائب سے یہی وہ کہہ دیں

## صفوان بن اُمیہ کا قبولِ اسلام

گرچہ صفوان کی جان کو نہیں تھا خطرہ
جاں بچانے کے لیے مکّہ سے باہر بھاگا
راہنما تھا یہ قریش کا بڑا مکّے میں
مسلمانوں کو یہ دیتا تھا ایذا مکّے میں
واسطے اس کے عمیرؓ نے اماں مانگی تھی
رحمتِ کون و مکاں نے بھی اماں دے دی تھی
جدّہ سے یمن کی جانب جو اسے جانا تھا
ساحلِ جدّہ پہ جانے کے لیے بیٹھا تھا

Marfat.com



Marfat.com

فتح کا جشن کہیں اس کو کہیں شکرانہ
ہے مبارک یہ نبیؐ پاک کا مکے آنا

## اکابر مجرمین کا خون رائیگاں قرار دیا

دس اشخاص کے بارے میں کہا آقاؐ نے
قتل کر ڈالیں اگر کوئی کہیں مل جائے
خواہ کعبے کے غلاف میں کہیں چھپ جائیں
قتل کر ڈالو انہیں یہ نہ کہیں بچ پائیں
عورتیں چار تھیں تھے ساتھ وہاں چھ بندے
ان میں سے چار ہوئے قتل باقی بچ پائے
کچھ روایات میں افراد ہیں چودہ ملتے
عورتیں چھ تھیں مگر آٹھ تھے ان میں بندے

## صفوان بن اُمیہ

لے کے صفوان کو جدہ سے عمیرؓ آئے تھے
اس پہ سرکارؐ کی رحمت کے پڑے سائے تھے

Marfat.com



Marfat.com

اس کی خوش بختی ملی اس کو نبیؐ کی پگڑی
مکہ میں آتے ہوئے آپؐ نے جو پہنی تھی
یہ ہی کافر تھا مسلمان تھی بیوی اس کی
کی قبول اس نے جو اسلام کی دعوت تھی ملی

## فضالہ بن عمیر کا اسلام لانا

کر رہے تھے جو نبیؐ پاک طوافِ کعبہ
آتشِ حسد میں جلتا وہ فضالہ آیا
تھا ارادہ کہ نبیؐ پاک پہ حملہ کر دے
وہ مطاف میں رہا آپؐ کے پیچھے پیچھے
اس کی حرکات کو دیکھا جو نبی اقدس نے
برمحل پوچھ لیا اس سے فضالہ تُو ہے
اس نے کی عرض حضورؐ جی فضالہ ہوں میں
کعبہ میں غرضِ طواف سے ہی آیا ہوں میں

Marfat.com

موضوع 47/84

# تباہی کا سبب

# THE CAUSE OF DESTRUCTION

## سُوْرَةُ الْاَعْرَافِ (THE HEIGHTS)

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

قَالَ يٰقَوْمِ لَيْسَ بِيْ سَفَاهَةٌ وَّ لٰكِنِّيْ رَسُوْلٌ مِّنْ رَّبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۶۷﴾ اُبَلِّغُكُمْ
رِسٰلٰتِ رَبِّيْ وَ اَنَا لَكُمْ نَاصِحٌ اَمِيْنٌ ﴿۶۸﴾ اَوَ عَجِبْتُمْ اَنْ جَآءَكُمْ ذِكْرٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ
عَلٰى رَجُلٍ مِّنْكُمْ لِيُنْذِرَكُمْ ؕ وَ اذْكُرُوْۤا اِذْ جَعَلَكُمْ خُلَفَآءَ مِنْۢ بَعْدِ قَوْمِ نُوْحٍ
وَّ زَادَكُمْ فِي الْخَلْقِ بَصْۜطَةً ۚ فَاذْكُرُوْۤا اٰلَآءَ اللّٰهِ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ﴿۶۹﴾

ترجمہ: حضرت ہودؑ نے کہا اے میری قوم۔ نہیں مجھ میں ذرا نادانی۔ بلکہ میں تو رسول ہوں رب العالمین کی طرف سے پہنچاتا ہوں تمہیں پیغامات اپنے رب کے اور میں تو ایسا خیر خواہ ہوں۔ جو دیانت دار ہو۔ کیا تم تعجب کرتے ہو کہ آئی تمہارے پاس نصیحت تمہارے رب کی طرف سے ایک آدمی کے ذریعے جو تم میں سے ہے۔ تا کہ وہ ڈرائے تمہیں اور یاد کرو جب اس نے بنا دیا تمہیں جانشین قوم نوحؑ کے بعد اور بڑھا دیا تمہیں جسمانی لحاظ سے قد و قامت میں تو یاد کرو اللہ کی نعمتوں کو شاید تم کامیاب ہو جاؤ۔

*(Hud) said: "O my people! There is no foolishness in me, but (I am) a messenger from the Lord of the Alamin (mankind, jinns and all that exists)! "I convey unto you the Messeengers of my Lord, and I am a trustworthy advisor (or well wisher) for you. Do you wonder that there has come to you a Reminder (and an advice) from your Lord from a man amongst you that he may warn you? And remember that He made you successors after the people of Nuh (Noah), and increased you simply in stature. So remember, the graces (bestowed upon you) from Allah, so that you may be successful.*



Marfat.com

دل میں کیا سوچ رہے ہو یہ بھی پوچھا اس سے
اللہ اللہ میں کرتا ہوں بتایا اس نے
دستِ اطہر سے چھوا آپؐ نے سینہ اس کا
آن ہی آن میں بھاگا تھا وہ کینہ اس کا
دل کی باتوں سے بھی واقف ہیں یہی سچے ہیں
آج محبوبؐ زمانے سے یہی لگتے ہیں
سینے پہ ہاتھ رکھا جونہی نبیؐ اقدس نے
پڑھ لیا کلمہ نبیؐ پاک کا فوراً اُس نے

## عکرمہ بن ابی جہل کا اسلام لانا

عکرمہ بیٹے ابوجہل لعین کے تھے
ان کی اسلام سے نفرت کے بھلا کیا کہنے
مکہ میں آنے سے آقاؐ کے یمن کو بھاگے
مومنہ اُمّ حکیمؓ کے یہی شوہر تھے

Marfat.com

حضرت نوح علیہ السلام کے بعد دنیا از سر نو بسائی گئی۔ دنیا کی تعمیر میں حضرت نوح علیہ السلام جیسے جلیل القدر پیغمبر کی طرز فکر اور صلاحیتیں کام کر رہی ہیں اور اسی پیغمبرانہ طرز فکر کے ساتھ آپ علیہ السلام کے پیروکاروں نے آپ علیہ السلام کے ساتھ مل کر وحدانیت کی روشنی میں ایک نئی دنیا کا آغاز فرمایا۔ اور جب تک نوعِ انسانی نے وحدانیت کے تفکر کا تحفظ کیا اور نوعِ انسانی کی قدروں کو پامال کرنے سے باز رہے۔ دنیا میں چین سکون کی زندگی بسر کرتے رہے۔ اللہ تعالیٰ کی خوشنودی اور رضا حاصل رہی۔ وہ ربوبیت کی خوشگوار فضاؤں میں اپنے رب کی نعمتوں سے فائدہ اٹھاتے رہے۔ اور وحدانیت کی لامتناہی وسعتوں میں آزادی کے ساتھ پرواز کرتے ہوئے فطرت کی نرم و گداز آغوش سے ہمکنار ہوتے رہے۔

مگر افسوس کہ اِنسان کی فطری کمزوری اور نسیان کی عادت ایک دن اس پر غالب آ ہی گئی۔ اور پھر دنیا کی قوموں کے اندر آہستہ آہستہ نافرمانی کا وہ ذہن جو حضرت نوح علیہ السلام کی مدتوں کی جانفشانی سے مغلوب ہو چکا تھا۔ جاگ اٹھا۔ اور اس کے اندر ابلیسیت کروٹ بدلنے لگی۔ کلام پاک میں طوفان نوح کے بعد قوم عاد کا ذکر ہے۔ حضرت ہود علیہ السلام اس قوم کی اصلاح کے لئے مبعوث کئے گئے تھے۔ قوم عاد کی سرکشی بھی ان کی غرور اور دنیاوی قوت تعیش کا سبب تھی۔

مندرجہ بالا آیات میں صاف صاف ذکر موجود ہے کہ قوم ہودؑ جسمانی لحاظ سے بہت طاقتور تھے۔ اس سے مراد یہ ہے اللہ تعالیٰ نے انہیں جسمانی صحت و تندرستی کو بحال رکھنے والی تمام آسائشیں عطا فرمائی تھیں۔ مگر افسوس کہ وہ اپنے آباؤ اجداد کی راہ سے بھٹک گئے۔ اور وحدانیت کی بجائے بت پرستی کی طرف مائل ہو گئے۔ قرآن کریم کے مطابق قوم عاد فنِ تعمیر میں ید طولیٰ رکھتی تھی۔

اَتَبْنُوْنَ بِكُلِّ رِيْعٍ اٰيَةً تَعْبَثُوْنَ ﴿۱۲۸﴾
وَ تَتَّخِذُوْنَ مَصَانِعَ لَعَلَّكُمْ تَخْلُدُوْنَ ﴿۱۲۹﴾
وَ اِذَا بَطَشْتُمْ بَطَشْتُمْ جَبَّارِيْنَ ﴿۱۳۰﴾
فَاتَّقُوا اللّٰهَ وَ اَطِيْعُوْنِ ﴿۱۳۱﴾ وَ اتَّقُوا الَّذِيْٓ
اَمَدَّكُمْ بِمَا تَعْلَمُوْنَ ﴿۱۳۲﴾ اَمَدَّكُمْ بِاَنْعَامٍ
وَّ بَنِيْنَ ﴿۱۳۳﴾ وَ جَنّٰتٍ وَّ عُيُوْنٍ ﴿۱۳۴﴾

**تم تعمیر کرتے ہو کہ اونچے مقام پر ایک یادگار بے فائدہ۔ اور اپنی رہائش کے لئے بناتے ہو مضبوط محلات اس امید پر کہ تم ہمیشہ رہو گے۔ اور جب تم کسی پر گرفت کرتے ہو تو بڑے ظالم اور بے درد بن کر گرفت کرتے ہو۔ پس تقویٰ اختیار کرو اور میری اطاعت کرو اور ڈرو اس ذات سے جس نے مدد کی تمہاری ان چیزوں سے جن کو تم جانتے ہو اس نے مدد فرمائی۔ تمہارے مویشیوں اور فرزندوں سے اور باغات اور چشموں سے۔**

**(سورۃ شعراء، پارہ 18، آیت 128 تا 134)**

قوموں کی تباہی اور گمراہی کے واقعات میں قُدرت کا ایک ہی اصول کار فرما ہے۔ کہ جب نوعِ اِنسانی اللہ تعالیٰ کو چھوڑ کر کسی اور شے کو اپنا ذہنی مرکز بنا لیتی ہے تو رفتہ رفتہ اللہ کی ذات سے اس کا ذہن ہٹنے لگتا ہے اور اس کی تمام صلاحیتیں دنیا کے حصول میں خرچ ہو جاتی ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے یہ دنیا اِنسان ہی کے تصرف کے لئے بنائی ہے۔ وہ اپنے بندوں کو ہر طرح کے آرام و آسائش مہیا کرتا ہے۔ اور



Marfat.com

حضرتِ اُمّ حکیم تھیں جو بیوی ان کی
انہوں نے واسطے خاوند کے معافی مانگی
رحمت کون و مکان نے جو معافی دی تھی
ان کو لینے کے لیے یمن میں خود وہ پہنچی
ان سے بولیں کہ یہاں آنے کی غلطی کی ہے
عکرمہ تیرے لیے میں نے معافی لی ہے
انہوں نے پوچھا یہ بیوی سے بڑی حیرت سے
کر دیا مجھ کو معاف کیا ترے آقاؐ نے
ساتھ بیوی کے وہ دربارِ نبیؐ میں آئے
خوش ہوئے آپؐ جو دیکھا تھا انہیں یوں آتے
دوشِ اطہر سے گری آپؐ کی چادر ایسے
تیزی سے پسرِ ابوجہل کی جانب آتے
اس نے توحید و رسالت کی گواہی دے دی
دست اقدس پہ عکرمہ نے بھی بیعت کر لی

Marfat.com

اپنی پیدا کردہ نعمتوں سے فائدہ اٹھاتے دیکھ کر خوش ہوتا ہے مگر یہ سب کچھ اس وقت ہوتا ہے۔ جب بندہ اللہ تعالیٰ کی وحدانیت کو تسلیم کرلے اور اس کی ربوبیت کا منکر نہ بنے۔ قرآن پاک میں جہاں بھی قوموں کے زوال کا ذکر آیا ہے۔ اس بات کی وضاحت کردی گئی۔ گزری ہوئی قوموں کی طرز زندگی، بودوباش اور ان کے طرز تفکر کو اس لئے بیان کیا گیا تاکہ آئندہ آنے والی نسلیں ان کے غلط نقشِ قدم پر چلنے کی کوشش نہ کریں۔ اور ان کی تباہی اور بربادی کی داستانوں سے عبرت حاصل کریں۔ قرآن پاک کی رو سے کسی قوم کا زوال اس کے انتہائی عروج کے بعد آیا۔ اس بات سے قدرت کے اس قانون کی نشاندہی ہوتی ہے کہ نوعِ انسانی کا اجتماعی شعور جب اپنے نقطہ عروج پر پہنچتا ہے تو شعور کی مرکزیت قائم ہو جاتی ہے۔ جس کو ہم شعور کا بالغ ہونا کہتے ہیں۔

قوم عاد کی ہلاکت اور تباہی کے بعد عاد کے قبیلے کے کچھ لوگ جو حضرت ہود علیہ السلام پر ایمان لے آئے تھے وہ حضرت ہود علیہ السلام کے ساتھ ہجرت کر کے حجاز اور شام کے درمیانی خطے میں آباد ہو گئے اور قوم ثمود کے نام سے مشہور ہوئے۔ اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم اور اس کے پیغمبر کی برکتوں سے عاد قبیلے کے لوگ یہاں خوب پھلے پھولے اور تاریخ بتاتی ہے کہ ان کے باغات رشک ارم تھے۔ زراعت و باغبانی اور علوم و فنون میں مہارت رکھنے کی وجہ سے ان کی معاشی حالت بہت عمدہ تھی۔ اور حضرت ہود علیہ السلام کے پردہ فرمانے کے بعد آہستہ آہستہ قوم ثمود کے لوگ صراط مستقیم سے بھٹکتے چلے گئے۔ یہ اللہ تعالیٰ کا قانون ہے کہ جیسے ہی انسان کے عقیدہ میں کمزوری واقع ہوئی وہیں شیطان اسے دبوچ لیتا ہے۔ انسان کے اندر نافرمانی کا ذہن اس کے کمزور عقیدے ناپختہ ارادوں کے باعث غالب آجاتا ہے۔ اور سب سے پہلے انسان کے ذہن میں شیطان ایک سے زیادہ خداؤں کا خیال ڈالتا ہے۔ اور بت پرستی کی طرف مائل کرتا ہے۔ قوم ثمود جب راہ حق سے بھٹک گئی تو اللہ تعالیٰ نے ان کے اوپر حضرت صالح علیہ السلام کو مبعوث کیا۔

كَذَّبَتْ ثَمُوْدُ الْمُرْسَلِيْنَ ﴿١٤١﴾ اِذْ قَالَ لَهُمْ اَخُوْهُمْ صٰلِحٌ اَلَا تَتَّقُوْنَ ﴿١٤٢﴾ اِنِّیْ لَكُمْ رَسُوْلٌ اَمِیْنٌ ﴿١٤٣﴾ فَاتَّقُوا اللّٰهَ وَ اَطِیْعُوْنِ ﴿١٤٤﴾ وَمَآ اَسْـَٔلُكُمْ عَلَیْهِ مِنْ اَجْرٍ ۚ اِنْ اَجْرِیَ اِلَّا عَلٰی رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ﴿١٤٥﴾ اَتُتْرَكُوْنَ فِیْ مَا هٰهُنَآ اٰمِنِیْنَ ﴿١٤٦﴾ فِیْ جَنّٰتٍ وَّ عُیُوْنٍ ﴿١٤٧﴾ وَّ زُرُوْعٍ وَّ نَخْلٍ طَلْعُهَا هَضِیْمٌ ﴿١٤٨﴾ وَ تَنْحِتُوْنَ مِنَ الْجِبَالِ بُیُوْتًا فٰرِهِیْنَ ﴿١٤٩﴾ فَاتَّقُوا اللّٰهَ وَ اَطِیْعُوْنِ ﴿١٥٠﴾

**جھٹلایا قوم ثمود نے رسولوں کو جب کہا انہیں ان کے بھائی صالح نے کیا تم نہیں ڈرتے۔ میں تمہارے لئے رسول امین ہوں سو تقویٰ اختیار کرو اور میری پیروی کرو۔ اور میں نہیں طلب کرتا تم سے اس پر کوئی معاوضہ میرا معاوضہ تو رب العالمین کے ذمہ ہے۔ کیا تمہیں رہنے دیا جائے گا اس میں جس میں تم یہاں ہو۔ امن سے ان باغات اور چشموں میں اور کھیتوں میں اور کھجور کے درختوں میں جن کے شگوفے بڑے نرم و نازک ہیں اور تراشتے رہو گے پہاڑوں میں گھر ماہر بنتے ہوئے۔ پس تقویٰ اختیار کرو اور میرا اتباع کرو۔"**

(سورۃ الشعراء، پارہ 18، آیت 141 تا 150)



Marfat.com

# بی بی ہندہ کا اسلام لانا

حضرت ابوسفیانؓ کی بیوی ہندہؓ
نام تاریخ میں اسلام کی انﷺ کا زندہ
کرنے بیعت جو وہ آئیں تو تھا منظر ایسا
روبرو آپؐ کے بیٹھی تھیں وہ کر کے پردہ
خوف میں تھیں کہ نہ پہچان کہیں ہو جائے
لاشِ حمزہؓ سے جو برتاؤ کیا اُنہوں نے
جو بھی الفاظ نبیؐ پاک وہاں فرماتے
حضرت عمرؓ وہ الفاظ وہاں دہراتے
لفظ بیعت ادا کرنے لگی تھیں ہندہ
جونہی وہ بولیں تو پہچان لیا آقاؐ نے
ہاں میں ہندہ ہوں نبیؐ پاک سے فوراً بولیں
اس سے پہلے جو ہوا آپؐ معافی دے دیں
وہ مسلمان ہوئیں اور مکاں پہ لوٹیں
توڑ کے بت کہا اس سے کہ دھوکے میں تھیں

Marfat.com

یہاں ثمود کی معاشرتی حالت بیان کی گئی ہے کہ وہ لوگ زراعت میں آگے ہونے کے ساتھ ساتھ فنون سنگ تراشی میں بھی بہت بڑھے ہوئے تھے۔ یہ لوگ پہاڑ کے اندر خوبصورت اور مضبوط گھر بناتے اور اس بات پر مغرور تھے۔ کہ پہاڑوں کے اندر پتھروں سے تراشے ہوئے مکانات ہر قسم کے موسمی تغیّرات سے محفُوظ ہیں اسی غرور نے ان کے دل پتھر کی طرح سخت کر دیے اور وہ اپنے ظلم میں آگے بڑھ گئے۔ حضرت صالحؑ کی دعوت پر لبیک کی بجائے وہ تنقید پر اتر آئے اور وہ اپنے غرور اور نافرمانی میں حد سے بڑھتے ہوئے حضرت صالحؑ سے معجزہ کی ضد کرنے لگے۔

حوالہ جات:

1۔ کتاب "معرفتِ عشق " از سیّدہ سعیدہ خاتون عظیمی، موضوع حضرت ہود صالحؑ، صفحہ نمبر 224 تا 225

2۔ کتاب " معرفتِ عشق " از سیّدہ سعیدہ خاتون عظیمی، موضوع حضرت ہود صالحؑ، صفحہ نمبر 225 تا 226

3۔ کتاب " معرفتِ عشق " از سیّدہ سعیدہ خاتون عظیمی، موضوع حضرت ہود صالحؑ، صفحہ نمبر 228 تا 229



Marfat.com

# وحشی کا اسلام لانا

حضرت حمزہؓ کا قاتل تھا چھپا مکے میں
نظر آئی جو اُسے جان وہاں خطرے میں
فتح مکّہ کے ہی یہ روز وہاں سے بھاگا
اور طائف کی بستی میں یہ وحشی پہنچا
لوگ طائف کی وادی سے جو مکے آئے
ساتھ یہ ان کے ہی دربارِ رسالت پہنچے
آپؐ نے پوچھا یہ وحشی سے سناؤ پھر سے
میرے چچا کو شہید تُو کیا تھا کیسے
داستاں خون میں ڈوبی جو سنی آقاؐ نے
رنج وغم دکھ کے کچھ آنسو بھی گرے آنکھوں سے
آپؐ نے وحشی کو اس روز معافی دے دی
اس نے توحید و رسالت کی گواہی دے دی
تم کو دیکھوں گا تو نظروں میں رہے گا چاچا
عمر بھر وحشی کبھی تُو نہ مقابل آنا

Marfat.com

موضوع 48/84

# ایڈز

ACQUIRED AMUNO DEFECIENCY SYNDROME (AIDS)

## سُوْرَةُ الْاَعْرَافِ (THE HEIGHTS)

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اِذْ قَالَ لِقَوْمِهٖٓ اَتَاْتُوْنَ الْفَاحِشَةَ مَا سَبَقَكُمْ بِهَا مِنْ اَحَدٍ مِّنَ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۸۰﴾

اِنَّكُمْ لَتَاْتُوْنَ الرِّجَالَ شَهْوَةً مِّنْ دُوْنِ النِّسَآءِ ؕ بَلْ اَنْتُمْ قَوْمٌ مُّسْرِفُوْنَ ﴿۸۱﴾

ترجمہ: جب اس نے اپنی قوم سے کہا: تم ایسی کھلی بے حیائی کا ارتکاب کرتے ہو جس کو تم سے پہلے دنیا والوں میں سے کسی نے نہیں کیا۔ تم عورتوں کو چھوڑ کر مردوں سے شہوت رانی کرتے ہو (حقیقت یہ ہے کہ) تم تو بالکل حد سے گزر گئے ہو۔

*And Lo! (Remember) when he said unto his folk: Will ye commit abomination such as no creature ever did before you? Lo! ye come with lust unto men instead of women. Nay, but ye, are wanton folk.*

نفسانی خواہشات کی تکمیل کے لئے مردوں کا آپس میں اختلاط اس قوم کا دستور بن گیا تھا۔ خباثت اور بے حیائی عام ہو گئی تھی۔ حکمران، سردار، معززین شہر اور طبقہ رؤسا میں حیاسوز حرکتیں گھر گھر پھیل گئی تھیں بھری محفلوں میں ناپسندیدہ عمل کر کے خوش ہوتے تھے۔

اللہ تعالیٰ نے حضرت لوطؑ کو اسی قوم کی طرف مبعوث کیا۔ آپ نے بے حیائیوں اور خباثتوں پر اہل سدوم کو ملامت کی اور بری باتوں سے بچنے کی نصیحت کی۔ قوم کو گمراہی اور ظلمت کے اندھیروں سے نکالنے کے لئے رب کائنات کی نعمتوں کا شکر ادا کرنے اور شرافت اور پاکیزگی کے اعمال اپنانے کی ترغیب دی۔ اصلاح اور تزکیہ نفس کے لئے ہدایات و نصیحت کا ترغیبی پروگرام قوم پر بہت شاق گزرا۔ مٹی سے تخلیق پانے والی مظاہر کی کشش نے ان کے حواس کو اپنی گرفت میں لے رکھا تھا۔ وہ بدمستی کی اس کیفیت سے نکلنا ہی نہیں چاہتے تھے۔ لوگ پند و نصائح کو عیش کوشی اور لذت کی راہ میں رکاوٹ تصور کرتے تھے۔ حضرت لوطؑ کو نفرت کی نگاہ سے دیکھتے تھے۔



Marfat.com

وحشی سرکارؐ دو عالم سے ہوئے یوں گویا
ہم سے مجرم کو بھی رحمٰن بھلا بخشے گا
لے کے جبریلؑ امیں اللہ کا پیغام آئے
جا اے جبریلؑ امیں میرے نبیؐ سے کہہ دے
بڑھ کے حد سے ہیں کیے جس نے گناہ جانوں پے
میری رحمت سے نبیؐ کہہ دو نہ وہ گھبرائے
اللہ ہی سارے گناہوں کو ترا بخشے گا
بخشنے والا مہربان ہے اللہ تیرا

## مکّہ میں حضورؐ کا قیام اور کام

روز اُنیس رہے آپؐ وہاں مکّے میں
عفوو درگزر کا دریا تھا رواں مکّے میں
اہلِ مکہ کو تو پیغامِ وفا بھی دیا
بحرِ توحید سے سیراب نجد کر ڈالا

Marfat.com

حضرت لوطؑ فرشتوں کی ہدایت کے مطابق اپنے متعلقین کے ہمراہ سدوم سے رات کے وقت نکل کر زغرنامی مقام پر پہنچ گئے۔ صبح کے نزدیک ایک ہولناک آواز بلند ہوئی اور اہلِ سدوم کے حواس معطل ہو گئے اور تمام بستیاں ان کے مکینوں سمیت اُلٹ دی گئیں۔ حضرت لوطؑ اپنے ساتھیوں کے ہمراہ جس مقام پر موجود تھے وہ عذاب الٰہی سے محفوظ رہا۔ حجاز سے شام کو ملانے والی شاہراہ پر اس تباہ شدہ شہر کے آثار آج بھی نظر آتے ہیں۔ چار ہزار سال گزر گئے لیکن اس علاقے میں ہر طرف پھیلی ہوئی ویرانی ختم نہیں ہوئی۔ اب اس مغضوب قوم کی نشانی بحرِ مُردار بھی باقی ہے۔ جسے بحرِ لوط بھی کہتے ہیں یہ بحیرہ کرہ ارض پر پست ترین علاقہ ہے بحرِ مُردار جواب سمندر نظر آتا ہے پہلے زمانے میں خشک زمین تھی اور اس پر شہر آباد تھا۔ سدوم اور عمورہ کی آبادی اسی علاقہ میں تھی جب اہل سدوم پر عذاب نازل ہوا تو شدید زلزلوں کے باعث یہ زمین چار سو میٹر سطح سمندر سے نیچے چلی گئی اور ساری آبادیاں پانی میں غرق ہو گئیں۔

فَاَخَذَتۡهُمُ الصَّيۡحَةُ مُشۡرِقِيۡنَ ۙ فَجَعَلۡنَا عَالِيَهَا سَافِلَهَا وَاَمۡطَرۡنَا عَلَيۡهِمۡ حِجَارَةً مِّنۡ سِجِّيۡلٍ ؕ اِنَّ فِىۡ ذٰ لِكَ لَاٰيٰتٍ لِّلۡمُتَوَسِّمِيۡنَ ۝ وَاِنَّهَا لَبِسَبِيۡلٍ مُّقِيۡمٍ ۝ اِنَّ فِىۡ ذٰ لِكَ لَاٰيَةً لِّلۡمُؤۡمِنِيۡنَ ؕ

پس انہیں طلوع آفتاب کے ساتھ ہی سخت آتشیں کڑک نے آ لیا۔ سو ہم نے ان کی بستی کو زیروزبر کر دیا اور ہم نے ان پر پتھر کی طرح سخت مٹی کے کنکر برسائے۔ بے شک اس میں اہل فراست کے لئے نشانیاں ہیں۔ اور بے شک وہ بستی ایک آباد رستے پر واقع ہے۔ بے شک اس میں اہل ایمان کے لئے نشانی ہے۔

(سورہ الحجر، پارہ 14، آیت 77)

وَلَقَدۡ تَّرَكۡنَا مِنۡهَاۤ اٰيَةًۢ بَيِّنَةً لِّقَوۡمٍ يَّعۡقِلُوۡنَ ۝

اور ہم نے سمجھنے والوں کے لیئے اس بستی میں ایک کھلی نشانی چھوڑ دی۔

(سورہ عنکبوت، پارہ 20، آیت 35)

## ایڈز AIDS:

حضرت لوطؑ کے قصے میں غیر طبعی عمل کا تذکرہ ہے اور اس غیر طبعی عمل کو اللہ تعالیٰ نے اس لئے ناپسند قرار دیا ہے کہ اس سے نوعِ انسانی میں طرح طرح کی بیماریاں پیدا ہو جاتی ہیں جو انسانی تباہی کا پیش خیمہ ہیں۔ اللہ تعالیٰ رحمان و رحیم ہیں وہ اپنی مخلوق سے ستر ماؤں سے زیادہ محبت کرتے ہیں۔ جب قوم نے اللہ کے فرستادہ بندے حضرت لوطؑ کی نصیحت پر عمل نہیں کیا اور خود اپنی ہلاکت کے درپے ہو گئی تو اللہ تعالےٰ نے عذاب نازل فرمایا تاکہ آئندہ آنے والی نسلوں میں یہ ہولناک بیماریاں منتقل نہ ہوں۔

ایڈز سے کس قسم کی بیماریاں لاحق ہوتی ہیں سائنسی تحقیق کے مطابق ان کی تفصیل کچھ اس طرح ہے:

ایڈز ایک خطرناک مرض ہے جو HIV HUMAN IMMUNO DEFECIENCY وائرس کے ذریعے پھیلتا ہے۔ یہ وائرس جسم کے مدافعتی نظام IMMUNE SYSTEM کو تباہ کر دیتا ہے ایڈز کا بنیادی سبب غیر فطری طریقہ سے مردوں کا آپس میں جنسی ملاپ



Marfat.com

جوق در جوق مسلمان ہوئے تھے کافر
ان کو ہر چیز سے محبوب ہوئے پیغمبرؐ
آپؐ کے حکم سے کھمبے بھی حدود والے
ابو اسیدؓ خزاعی نے نصب کر ڈالے
پاش کرنے کے لیے بت وہ جہاں پر بھی تھے
آپؐ نے فوری سرایا بھی روانہ کیے
جس کا ایمان ہے اللہ پہ اور آخر پہ
اس کے گھر میں جو پڑے ہیں وہ ہی بت بھی توڑے
یہ تھا پیغام نبیؐ پاک کا روزِ فتح
اہلِ مکہ نے دل و جاں سے اسے اپنایا

## عزیٰ، سواع اور مناۃ کا انہدام

فتحِ مکّہ پہ ہی عزیٰ کی تھی باری آئی
اس کی بربادی بھی اصحابؓ کے ہاتھوں پائی
اس کی پوجا پہ لگے تھے وہ کنانہ والے
تیس اصحابؓ یہی بت تھے گرانے آئے

Marfat.com

ہے۔ہر جاندار کے لئے اللہ نے ایک مدافعتی نظام بنایا ہے جس کی وجہ سے تمام اجسام جراثیم اور بیماریوں سے محفوظ رہتے ہیں۔ ایڈز میں مدافعتی نظام اس حد تک کمزور ہو جاتا ہے کہ نزلہ وزکام سے بھی اِنسان اپنا دفاع نہیں کر سکتا۔ ایڈز کا مریض ایڈز سے نہیں مرتا بلکہ دیگر خطرناک بیماریاں لاحق ہونے سے مر جاتا ہے اور اس مرض کے حامل افراد کو کینسر اور دیگر INFECTIONS با آسانی ہو جاتے ہیں۔ شروع میں ایڈز کا مریض صحتمند نظر آتا ہے لیکن H.I.V جراثیم آہستہ آہستہ جسمانی دفاعی نظام کو کھوکھلا کر دیتا ہے۔ یہ وائرس خون میں جنسی رطوبتوں میں بھی چلے جاتے ہیں اور خون میں سفید خلیوں MACROPHAGES W.B.Cs کو بھی متاثر کرتے ہیں۔ یہ خطرناک بیماری آدمی سے آدمی، عورت سے عورت، عورت سے آدمی یا پھر عورت سے بچوں میں بھی منتقل ہو جاتی ہے۔ یہ جراثیم مریض کے خون VAGINAL FLUID، یالعاب کے ذریعے دوسرے افراد میں سرائیت کر جاتے ہیں۔ ایڈز کے زیادہ تر مریض شروع میں نزلہ زکام میں مبتلا ہوتے ہیں۔ جسم پر LYPMH NODES بن جاتے ہیں اور ہر سال دس فیصد وزن کم ہوتا رہتا ہے، بخار رہتا ہے پسینہ بہت آتا ہے مستقل دستوں کا مرض لگ جاتا ہے۔ آہستہ آہستہ پھیپڑے، دماغ، آنتیں اور جلد بھی متاثر ہوتی ہے۔ مریض کھانستا رہتا ہے معمولی ٹھنڈ سے نمونیا ہو جاتا ہے۔ جسم کے مختلف حصوں پر جراثیم حملہ کر کے انہیں مفلوج کر دیتے ہیں۔ انفیکشنز کی وجہ سے مریض دن بدن کمزور ہوتا جاتا ہے۔ چلنے پھرنے کے قابل نہیں رہتا جلد یا پھیپڑوں میں چھوٹے چھوٹے گول NODULES بن جاتے ہیں جن سے کینسر ہو جاتا ہے اور وزن اتنا کم ہو جاتا ہے کہ مریض مر جاتا ہے۔ ابھی تک اس مرض کا کوئی مادی علاج دریافت نہیں ہوا۔

حوالہ جات:

1۔ کتاب "محمد رسول اللہ ﷺ جلد سوم" از الشیخ خواجہ شمس الدین عظیمی، باب حضرت لوطؑ، صفحہ نمبر 164

2۔ کتاب "محمد رسول اللہ ﷺ جلد سوم" از خواجہ شمس الدین عظیمی، باب ایڈز، صفحہ نمبر 167 تا 169



Marfat.com

بنو پیشان مجاور جو بنے بیٹھے تھے
یہ سبھی لوگ پجاری تھے فقط عزیٰ کے
توڑ کے عزیٰ کو آئے تو نبیؐ نے پوچھا
جب گرایا تھا اُسے آپ نے کیا کیا دیکھا
کچھ نہیں دیکھا نبیؐ پاک سے بولے خالدؓ
پھر گرایا ہی نہیں تو نے اُسے اے خالدؓ
شاہِؐ کونین نے فرمایا یہاں مت ٹھہرو
جاؤ پھر اُس کو گرانے کے لیے پھر جاؤ
حکم سرکارؐ پہ خالدؓ بھی دوبارہ آئے
ایک ہی وار میں دو ٹکڑے کیے عزیٰ کے
آپؓ نے دیکھی پراگندہ سی عورت کالی
تھی جو مایوس کبھی پوجا نہ ہوگی اس کی

Marfat.com

موضوع 49/84

# اَلَسۡتُ بِرَبِّکُمۡ۔ قَالُوۡا بَلٰی

"Am I not your Lord?"

## سُوۡرَۃُ الۡاَعۡرَافِ (THE HEIGHTS)

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

وَ اِذۡ اَخَذَ رَبُّکَ مِنۡۢ بَنِیۡۤ اٰدَمَ مِنۡ ظُہُوۡرِہِمۡ ذُرِّیَّتَہُمۡ وَ اَشۡہَدَہُمۡ عَلٰۤی اَنۡفُسِہِمۡ ۚ اَلَسۡتُ
بِرَبِّکُمۡ ؕ قَالُوۡا بَلٰی ۚۛ شَہِدۡنَا ۚۛ اَنۡ تَقُوۡلُوۡا یَوۡمَ الۡقِیٰمَۃِ اِنَّا کُنَّا عَنۡ ہٰذَا غٰفِلِیۡنَ ﴿۱۷۲﴾

ترجمہ: اور جب تمہارے رب نے بنی آدم کی پیٹھوں سے نکلی ہوئی تمام نسلوں کو حاضر کیا اور انہیں خود اپنے اوپر گواہ بنا کر ان سے پوچھا: کیا میں تمہارا رب نہیں ہوں؟ سارے اِنسان بولے: یقیناً ہم اس پر گواہی دیتے ہیں (یہ ہم نے اس لئے کیا کہ) قیامت کے دن یہ نہ کہو کہ ہم تو اس سے بے خبر تھے۔

*And (remember) when your Lord brought forth from the children of Adam, from their loins, their seed and made them testify as to themselves (saying): "Am I not your Lord?" They said: "Yes! We testify," lest you should say on the Day of Resurrection: "Verily, we have been unaware of this."*

## مقصدِ تخلیق:

جب کچھ نہیں تھا تو اللہ تھا اللہ نے چاہا کہ میں پہچانا جاؤں۔ پہچان کے لئے ضروری تھا کہ کسی دوسری ہستی کا وجود ہو جو پہچانے۔ اللہ تعالیٰ نے "کُن" ارشاد فرمایا اور ساری کائنات تخلیق ہو گئی گویا اللہ تعالےٰ کا حکم یعنی لفظ کُن کائنات کی صورت میں وجود پذیر ہو گیا۔ اسی حکم کی بناء پر وسیع و عریض اور لامتناہی کائنات، کھربوں کہکشانی نظام، کھربوں سیارگان اور ستارے وجود میں آئے۔ جب ہم اس لفظ "کُن" یعنی ہو جا پر غور کرتے ہیں تو یہ بات سامنے آتی ہے کہ کہنے والی ہستی کے ذہن میں ایسا پروگرام ہے جس کے تحت وہ کسی چیز کو نہ صرف وجود میں لانا چاہتی ہے بلکہ اسے قائم رکھنے کے لئے وسائل بھی فراہم کرتی ہے۔ گویا اللہ تعالیٰ کا ذہن اللہ تعالیٰ کا علم ہے اور یہ علم اللہ تعالیٰ کی صفات ہیں۔



Marfat.com

# سواع کا توڑنا

عمروؓ بن عاص سواع کو تھے گرانے آئے
تھا رہاط میں پڑا دور وہاں مکہ سے
بنو ہذیل قبیلہ تھا پجاری اس کا
جو صبح و شام کیا کرتا تھا اس کی پوجا
عمروؓ بن عاص سے پوچھا یہ مجاور اُس نے
آپؓ یہ بت گرانے کے لیے کیوں آئے
حضرت عمروؓ نے فرمایا یہی کرنا ہے
دے کے یہ حکم نبیؐ پاک ہمیں بھیجا ہے
اس پہ بولا وہ مجاور کہ نہ ایسا ہوگا
قدرتاً ایسا تمہیں کرنے سے روکا ہوگا
عمروؓ یہ بولے کہ افسوس تمہی باطل ہو
کیا یہ سنتا ہے یا کہتا ہے ذرا تم بولو

Marfat.com

## کُن اور قالوبلیٰ کا وقفہ:

کُن کہنے کے ساتھ جب عالمِ ارواح میں کائنات تخلیق پائی تو وہ تمام صفات موجود ہو گئیں جن کی بنیاد پر کائنات کو تخلیق کیا گیا۔ اب تمام کائنات بشمول تمام نوعوں کے سکوت کی حالت میں تھی۔ کائنات کی حیثیت ایک گونگی بہری شے کی سی تھی اس کو اپنا ادراک تو تھا مگر وہ نہیں جانتی تھی کہ میں کیا ہوں؟ کیوں ہوں؟ کون ہوں؟ اور، میرا بنانے والا کون ہے؟ اس لاعلمی کو علم سے بدلنے کے لئے اللہ تعالیٰ نے اپنی ذاتِ اقدس کو کائنات کے سامنے پیش کیا اور فرمایا:

"اَلَسْتُ بِرَبِّكُمْ ؕ" "کیا نہیں ہوں میں تمہارا رب؟"

## کائناتی پراسس کا آغاز IGNITION:

تمام نوعیں اس آواز کی طرف متوجہ ہوئیں اور ان کو سماعت عطا ہوئی۔ انہوں نے اللہ کی آواز کو سنا، دوسرے مرحلے، میں ان کو صفتِ بصارت عطا ہوئی اور انہوں نے اللہ تعالیٰ کو دیکھا تیسرے مرحلے میں انہوں نے اللہ تعالیٰ کے سوال پر سوچا سمجھا پھر اپنے ارد گرد کے ماحول کا جائزہ لیا اور جواب میں فرمایا:

"قَالُوْا بَلٰى ۛ" "بیشک آپ ہی ہیں ہمارے رب"

اس کے بعد اِنسان اور دوسری نوعوں کو کائناتی PROCESS میں ڈال دیا گیا اور اِنسان لوحِ محفوظ اوّل، لوح محفوظ دوئم سے ہوتا ہوا عالم ناسوت یعنی اس مادی دنیا تک آپہنچا۔

گویا تخلیق کائنات کا مقصد صرف اور صرف یہ نکلا کہ اِنسان اللہ تعالیٰ کو پہچانے۔ دوسرے الفاظ میں خالق نے ایک تصویر بنائی اس تصویر میں اللہ نے اِنسان، حیوان، درخت، پودے، پہاڑ، پانی، آسمان وغیرہ بنائے اور اب وہ یہ چاہتا ہے کہ میری بنائی ہوئی تصویر مجھے پہچانے میری حمد بیان کرے۔ اگر یہ تصویر اپنے ہی رنگوں میں الجھی رہے گی تو اپنے اصل مقصد یعنی اللہ تعالیٰ کی پہچان سے دور ہو جائے گی اور مقصد تخلیق کی تکمیل ممکن نہیں ہوگی۔

اِنسان ایک گمشدگی کے عالم میں تھا۔ اس کو سماعت حاصل تھی نہ بصارت چونکہ سماعت اور بصارت دونوں حاصل نہیں تھیں اس لئے اس کی اپنی کوئی حیثیت نہیں تھی۔ اللہ تعالیٰ نے جب مخلوق کو مخاطب کیا تو مخلوق کی حیثیت قائم ہوئی۔ اِنسان کا اور تمام کائنات کا اللہ کے ساتھ ایک اٹوٹ رشتہ ہے۔ یہ رشتہ ہمارے اندر دو رُخ متعیّن کرتا ہے۔ ایک رُخ کا نام احساس ہے اور دوسرے رُخ کا نام محسوس کرنا ہے۔ جس طرح اِنسان نے اللہ کو دیکھ کر یہ محسوس کیا تھا کہ میں مخلوق ہوں مغلوب ہوں یا کسی کے تابع ہوں۔ یہی قانون پوری زندگی اور عالمین میں جاری ہے۔ آپس میں جب دو دوست یا افراد ملتے ہیں یا ایک دوسرے کو دیکھتے ہیں تو اس دوست کا اثر قبول کرتے ہیں۔ یہ اثر دو طرح کا ہوتا ہے۔ دو دوستوں میں ایک اثر ڈالنے والا ہوتا ہے اور ایک اثر قبول کرنے والا ہوتا ہے۔ دوست دوسرے



Marfat.com

توڑ کے بت کو کہا اُس سے رہا یہ کیسا
سامنے تیرے ابھی میں نے یہ بت ہے توڑا

## مناۃ کا توڑنا

پاس قدید کا مشلل میں پڑا تھا بت جو
اس کو کہتے تھے مناۃ تھا عزیز ان کو
اوس و خزرج کیا کرتے تھے پوجا جس کی
توڑنے اُس کو وہاں آئے صحابیؓ اشہلی
حضرت سعدؓ وہاں آئے تو پوچھا اُن سے
اک مجاور نے کہ آئے ہیں یہاں پہ کیسے
چاہتا ہوں کہ ترا بت میں گرا کے جاؤں
توڑنے آج مناۃ کو یہاں آیا ہوں
لے کے تلوار نبیؐ پاک کے یہ دیوانے
حضرت سعدؓ مناۃ کی جو جانب لپکے

Marfat.com

دوست کو دیکھ کر اپنے معمول کے مطابق کوئی رائے قائم کرتا ہے یعنی دوسرے دوست کی صفات کو بطور احساس اپنے اندر قبول کرتا ہے۔

صفات کو قبول کرنے کا مطلب یہ ہے کہ فرد کی صفات کو قبول کر کے اپنی محکومیت کا اعتراف کیا جائے۔ یہ قانون اِنسان حیوانات نباتات سب میں مشترک ہے۔ درخت کو ہم اس وقت تک درخت تسلیم نہیں کر سکتے جب تک درخت کی صفات کو اپنے اندر قبول نہ کر لیں۔ اسی طرح کوئی درخت اس وقت درخت نہیں ہے جب تک کسی اِنسان کی صفت سے مغلوب ہو کر اپنی محکومیت کا اعتراف نہ کرے۔ دیکھنے کی طرز یہ ہے کہ مخلوق کا ہر فرد دوسرے فرد کو اپنے اندر دیکھتا ہے۔ اور اپنے اندر دیکھنا اس وقت ممکن ہے جب نفی کر دی جائے۔ اپنی نفی کرنا ہی مغلوب ہونا اور محکوم ہونا ہے۔

حضرت اویس قرنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی ملاقات ہوئی حضرت عمر نے حضرت اویس سے درخواست کی کہ آپ مجھے کچھ نصیحت فرمائیں۔ اس پر حضرت اویس نے دو سوال کئے:

یا عمر! آپ اللہ کو جانتے ہیں؟

انہوں نے جواب دیا "جی ہاں میں اللہ کو جانتا ہوں۔"

"یا عمر! اللہ بھی آپ کو جانتا ہے؟"

جواب دیا، "اللہ بھی مجھے جانتا ہے۔"

ان دونوں باتوں کا مطلب بالکل واضح ہے۔ صرف یہ کافی نہیں کہ انسان اللہ کی راہ میں قدم اٹھائے اور کام پورا ہو جائے۔ وہاں یہ دیکھنا ضروری ہے کہ قدم صرف اللہ کے لئے اٹھایا گیا ہے یا اور بھی مصلحتیں شامل ہیں؟ اس میں جنت بھی ایک مصلحت ہے اور بہت سی نیکیاں بھی مصلحت ہیں۔ اللہ تعالیٰ کسی کو اس وقت تک نہیں پہچانتے جب تک کہ مقصد صرف اللہ کی ذات نہ ہو۔ اگر ایک آدمی کا مقصد جنت ہے تو جنت اسے جانتی ہے۔ کہتی ہے " آؤ! لبیک"۔ یہ بات یاد رکھنی چاہیے کہ روحانیت میں اللہ کے ساتھ کوئی دوسرا مقصد، کوئی دوسری غایت شریک کرنا کفر ہے۔

## مائیکروفلم MICROFILM:

جوں ہی یہ سوال جواب ہوئے وہاں موجود تمام فرشتوں، جنّات اور تمام نوعوں نے یہ مشاہدہ کیا کہ اللہ تعالیٰ کا سوال پوچھنا اور مخلوقات کا جواب دینا یہ تمام منظر ایک ریکارڈ کی صورت میں گواہی دینے والی رُوحوں کے ذہن میں مائیکروفلم MICRO FILM کی طرح رکھ دیا گیا ہے۔

## تصوّف کا مقصد:

تصوّف کا مقصد و منشا یہ ہے کہ آدمی اللہ تعالیٰ کو پہچان لے۔ یہ کس طرح ممکن ہے کہ سڑی ہوئی مٹّی سے بنا ہوا آدمی، اللہ تعالیٰ جیسی پُر عظمت ہستی کو دیکھ لے۔ کیونکہ دیکھے بغیر پہچاننا ممکن نہیں؟

تخلیق کائنات کی ابتداء کو جس طرح اہلِ رُوحانیت بتاتے ہیں اگر قلم بند کیا جائے تو وہ اس طرح ہے کہ اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی چیز موجود نہیں تھی۔ اللہ تعالیٰ نے چاہا کہ میں ایسی مخلوق پیدا کروں جو مجھے جانے اور پہچانے۔ اللہ تعالیٰ نے CREATION تخلیق کے فارمولے اپنے ذہن میں کیا بنائے وہ خود جانتے ہیں۔ بہر حال اللہ تعالیٰ نے یہ بات چاہی اور پسند کی کہ کائنات کو تخلیق کیا جائے۔ چنانچہ کائنات کو پورے خدوخال اور عمل و حرکت کے ساتھ جو اللہ تعالیٰ کے ذہن میں موجود تھی۔ اللہ تعالیٰ نے کُن کہہ کر وجود کا لباس پہنا دیا۔ کائنات



Marfat.com

کالی سی ننگی پراگندہ تھی جو سر والی
پیٹتی سر کو وہاں آپؐ نے عورت دیکھی
ختم کرتے ہی اُسے اور خلاصی پا کر
ماری تلوار مناۃ کو گرایا آ کر

## فیصلہ کن غزوہ

غزوہ مکّہ سے پھر آنکھیں کھلیں لوگوں کی
اور آنکھوں سے ہٹا پردہ جو تھا آخری
لوگ اسلام قبول جو نہیں کرتے تھے
ڈر سے کفار کے وہ خود بھی چھپے بیٹھے تھے
آ کے اسلام کی دولت وہ سمیٹے جاتے
ہاں وہی لوگ تھے اسلام کی باتیں کرتے

Marfat.com

بشمول (اِنسان اور جنّات) وجود میں آتو گئے لیکن کسی کو یہ علم نہیں تھا کہ وہ کون ہے؟ کیوں ہے؟ اور کیا ہے؟ اس مرحلے پر اللہ تعالیٰ نے اِنسانوں، جنّات، فرشتوں اور پوری کائنات کو ان کی حیثیت سے آگاہ کیا۔ یعنی انہیں یہ علم بخشا کہ تمہارا ایک وجود ہے۔ چنانچہ فرمایا اَلَستُ بِرَبِّکُم (میں ہوں تمہارا رب) مخلوق کے دماغ کے پردے پر دو باتیں وارد ہوئیں۔

مخلوق نے جب اللہ تعالیٰ کی آواز سنی تو اس کے اندر فہم و ادراک اور نظر پیدا ہوگئی اور دریائے حیرت سے نکل کر اس نے آواز کی جانب دیکھا۔ جیسے ہی اسے نظر ملی۔ نظر کی مرکزیت اللہ تعالیٰ قرار پائے۔ دیکھنے کے بعد مخلوق نے کہا۔ قَالُو بلیٰ جی ہاں! ہم اس بات کو تسلیم کرتے ہیں کہ آپ ہمارے رب ہیں۔

## عالمین:

ہم پیدا ہونے سے پہلے کہاں تھے؟ اس کا آسان سا جواب یہ ہے کہ پیدا ہونے سے پہلے تمام اِنسان، حیوانات، عالم ارواح میں موجود تھے۔ عالم ارواح سے منتقل ہو کر عالم ناسوت (مادی دنیا) میں آگئے لیکن جب ہم عالم ارواح کا تذکرہ کرتے ہیں۔ تو یہ بات تشریح طلب بن جاتی ہے کہ عالم ارواح کیا ہے؟ عالم ارواح کا علم لامتناہی علم ہے لیکن اللہ نے جن لوگوں کو یہ علم عطا کیا ہے وہ اس علم سے روشناس ہیں اور علم اپنے شاگردوں کو منتقل کر دیتے ہیں۔

رُوحانیت کے سوا اور کوئی ذریعہ تعلیم نہیں جس کے ذریعے اِنسان خود اپنی ذات کی حقیقت سے آشکارا ہو۔ رُوحانیت یعنی علم حضوری کے لئے اپنی رُوح سے رابطہ قائم ہو جاتا ہے تو اِنسان یہ جان لیتا ہے کہ وہ کون ہے؟ کہاں سے آیا ہے؟ کس مقصد کے لئے پیدا کیا گیا ہے؟ اور اس کی منزل کیا ہے؟ یعنی علم حضوری کے ذریعے ازل سے لے کے ابد تک کی معلومات حاصل ہو جاتی ہیں۔ ازل اور ابد اللہ تعالیٰ کا دائرہ کُن ہے۔ جب اللہ تعالیٰ نے کُن کہا تو ساری کائنات وجود میں آگئی یعنی رُوحیں وجود میں آگئیں وجود میں آنے کے بعد اِنسان کی رُوح دس زندگیاں گزارتی ہے۔

1۔ عالم ارواح: یہ وہ مقام ہے جہاں رُوحیں موجود ہیں۔

2۔ مقام برزخ: جب شکم مادر میں آنے کے لئے رُوح نیچے اترتی ہے۔

3۔ عالم ناسوت: موجودہ دنیا جہاں پیدائش کے بعد رُوح جسمانی طور پر دنیاوی شعور کے ساتھ زندگی گزارتی ہے۔

4۔ عالم اعراف: مرنے کے بعد کا عالم۔

5۔ عالم نفخ صور: اعراف کے بعد جہاں رُوحیں منتقل ہوتی ہیں۔

6۔ عالم حشر نشر: نفخ صور کے بعد جب اِنسان جسمانی حالت میں اٹھے گا اسی کو قیامت کا دن کہا ہے۔

7۔ عالم یوم الحساب: جب اللہ تعالیٰ حساب کتاب لیں گے۔

8۔ جنّت دوزخ:



Marfat.com

# غزوۂ حنین

طائف و مکہ کے مرکز میں ہے بستی ایسی
جس کو کہتے ہیں حنین اور بہت ہی پیاری
اس میں آباد قبیلہ تھا اک ہوازن کا
جنگی اوزاروں سے یہ لیس رہا کرتا تھا
فتح مکہ سے ہوئی ان پہ سوار غیرت
تب مسلمانوں سے لڑنے کی بھی باندھی ہمت
ساتھ کچھ اور قبیلے بھی وہاں پر آئے
مرد و زن اور سبھی بچوں کو ہمراہ لائے
اُن کی خواہش تھی کہ مر جائیں گے لڑتے لڑتے
مرد و زن کوئی نہ میدان سے ہرگز بھاگے
ان کے بارے میں جو سرکارؐ کو معلوم تھا
کرنے تحقیق نبیؐ پاک نے بندہ بھیجا

Marfat.com

9۔ ابد:

10۔ ابدالآباد: وہ مقام جہاں کُن سے پہلے اللہ تعالیٰ کے ذہن میں کائنات کی تصویر تھی۔




ان تمام زندگیوں میں رُوح کے مختلف حواس کام کرتے ہیں اور حواس کی منتقلی کا نام ہی موت ہے۔

تفکّر کرنے سے یہ بات سامنے آتی ہے کہ تخلیق کے پروگرام سے اللہ تعالیٰ کا منشاء یہ ہے کہ اسے جانا پہچانا جائے۔ چنانچہ اللہ تعالیٰ نے پہچاننے کے بے شمار راستے متعیّن کئے ہیں اور مختلف نوعوں کو پہچاننے کی مختلف صلاحیتیں عطا کی ہیں۔ حاملانِ عرش، ملائکہ سماوی، ارضی، اور ملائکہ عنصری سب ہی اللہ تعالیٰ کا عِرفان رکھتے ہیں۔ جنّات کو بھی اللہ تعالیٰ کے عِرفان کی صلاحیت دی گئی ہے لیکن اللہ تعالیٰ نے ان سب کرداروں میں سب سے زیادہ باصلاحیت اِنسان کو بنایا ہے۔ یعنی اِنسان کے اندر اللہ تعالیٰ نے ایسی صلاحیتیں ودیعت INSTALL کردی ہیں کہ وہ اللہ تعالیٰ کو تمام مخلوقات سے زیادہ قریب سے پہچان سکتا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے کائنات میں جس کو آدم کہا گیا ہے کو اپنے خصوصی عِرفان کے لئے منتخب کیا اور اسے اپنی صفات کا براہِ راست عِلم بخشا اور یہ عِلم عطا فرمانے کے بعد اس بات کو بھی ظاہر فرمادیا کہ صفات کا یہ عِلم صرف اِنسان کو حاصل ہے۔

## دیکھنے کی طرز:

اللہ تعالیٰ نے اَلَستُ بِرَبِّکُم فرما کر کائنات کو نگاہ کا عِلم عطا کیا۔ دیکھنے کی طرزوں میں قانون بہت زیادہ اہم ہے کہ دیکھنے کا عِلم اس وقت مکمل نہیں ہوتا جب تک نگاہ کے لئے کوئی ہدف نہ بن جائے۔ یعنی نگاہ کسی چیز کو ٹارگٹ کے بغیر نہیں دیکھ سکتی۔ کائنات یا اِنسان کی نگاہ کا پہلا ٹارگٹ اللہ تعالیٰ ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے جب یہ فرمایا کہ "میں تمہارا رب ہوں" تو اِنسان کی نگاہ کے لئے اللہ تعالیٰ کی ذات ایک ٹارگٹ بن گئی اور یہاں سے اِنسان گمشدگی کے دریا سے باہر آگیا۔ جب اِنسان گمشدگی کے دریا سے باہر آیا تو اس نے پہلے اللہ کو دیکھا اور پھر ساری کائنات کو یکجائی پروگرام کے ساتھ اللہ تعالیٰ کی ربوبیت کا اقرار کرتے ہوئے سنا۔ اقرار کا سننا اور تمام کائنات کو ایک کنبے کی



Marfat.com

انہوں نے آ کے بتائی تھی حقیقت ساری
اس پہ تدبیر نبیؐ پاک نے ایسی سوچی
کعب و کلاب حریف تھے لڑائی اس میں
اور شامل ثقیف تھے لڑائی اس میں
ساتھ دینے کے لیے نصر و جشم بھی آئے
مالک عوف کو سالار بنا کے لائے
اور درید جہاندیدہ ستارہ اُن کا
گرچہ بوڑھا تھا مگر آج سہارا وہ تھا

## مقابلے کی تیاری

روز انیس سے مکّے تھے رسولؐ عربی
چھ شوال کی سنیچر تھا تھی آٹھ ہجری
ایسے کفار سے لڑنے کا گماں بھی نہ تھا
ہو کے مجبور ہی لڑنے کا ارادہ تھا کیا

Marfat.com

حیثیت میں دیکھنا اور محسوس کرنا کہ ہماری حیثیت صرف نگاہ کی ہے نگاہ کی دوسری حرکت ہے۔ پھر نگاہ نے دوسری تیسری چوتھی اور پانچویں کروٹ بدلی۔ اب اس نے دیکھا کہ فی الواقع ہر چیز کی حیثیت یہ ہے کہ جو کچھ ہم دیکھ رہے ہیں بس وہی ہے۔ اس دیکھنے کو وحدت الشہود کہتے ہیں۔

جب نگاہ WITH MEDIUM (بالواسطہ) دیکھتی ہے تو خود کو مکانیت اور زمانیت کے اندر محبوس اور مقید محسوس کرتی ہے اور جیسے جیسے بالواسطہ دیکھنے کی طرزیں گہری ہوتی جاتی ہیں اسی مناسبت سے کثرت درکثرت درجے تخلیق ہوتے چلے جاتے ہیں۔ اور یہ نگاہ کہیں گفتار، کہیں نظارہ، کہیں شہود، کہیں سماعت اور کہیں لمس بن جاتی ہے۔ شہود، قوت، نظارہ، شامہ اور لمس مکانیت کے اندر محدود ہیں۔ ان حرکات کو تنزلات کہا جاتا ہے۔ ہر تنزل کے دو جز ہوتے ہیں۔

قُرآن پاک میں اللہ تعالیٰ نے قانون بیان فرمایا ہے کہ ہر شے دو رُخوں پر تخلیق کی گئی ہے۔ اسی طرح تنزل بھی دو رُخوں پر قائم ہے۔

اب ہم یوں کہیں گے کہ اِنسان دوسرے تنزل میں داخل ہو گیا اور اس دوسرے تنزل میں اس نے شعور، نگاہ، شکل و صورت، گفتار، سماعت، رنگینی، احساس، کشش، اور لمس سے وقوف حاصل کیا۔ تنزل اوّل، وحدت کا ایک درجہ ہے۔ اور تنزل دوئم، کثرت کے پانچ درجے ہیں۔ اس طرح تنزلات کی تعداد چھ ہو گئی۔ پہلے تنزل کو لطیفہ وحدت اور دوسرے درجوں کو لطائف کثرت کہتے ہیں۔

## وحدت الوجود اور وحدت الشہود:

وحدت الوجود اور وحدت الشہود کا جہاں تک تعلق ہے یا جس عالم کو اہل تصوّف محض وحدت کا نام دیتے ہیں یہ ذہن اِنسان کی اپنی اختراع ہے۔ اِنسان اپنی محدود فہم کے مطابق یا محدود فکری صلاحیت کے مطابق جو کچھ بیان کرتا ہے وہ اِنسان کی اپنی محدود فکر ہے۔ یہ کہنا کہ عالم وحدت، وحدت باری تعالیٰ ہے ہر گز صحیح نہیں ہے۔ اس لئے کہ اللہ تعالیٰ کی وحدت کو یا اللہ تعالیٰ کے کسی وصف کو اِنسانی شعور بیان کرنے سے قطعی قاصر ہے۔ جب ہم اللہ تعالیٰ کی وحدانیت بیان کرتے ہیں تو دراصل اپنی ہی محدود فکری صلاحیتوں کا تذکرہ کرتے ہیں۔ یہ ممکن ہی نہیں ہے کسی لفظ کے ذریعے اللہ تعالیٰ کی صفات کا مکمل احاطہ ہو سکے۔ اِنسان اللہ تعالیٰ کی صفات کے بارے میں جس لامحدودیت کا اظہار کرتا ہے فی الواقع وہ اپنے محدود دائرہ کا تذکرہ کرتا ہے۔ یعنی اِنسان کی محدود فکر کے اندر اللہ تعالیٰ کی صفات جس حد تک سما جاتی ہیں اس نے اس کو لامحدودیت کا نام دے دیا۔ اس کا مطلب یہ نکلا کہ جب ہم اللہ تعالیٰ کی وحدت کا تذکرہ کرتے ہیں تو فی الحقیقت اپنی وحدت کا ذکر کرتے ہیں۔ یعنی ہم یہ کہنا چاہتے ہیں کہ ہم نے اللہ تعالیٰ کی صفات کو اس حد تک سمجھا ہے۔

اِنسان جس مقام کے تعین کے ساتھ اللہ تعالیٰ کو دیکھتا ہے یا سمجھنے کے لئے کارکردگی کا مظاہرہ کرتا ہے اس ہی مناسبت سے وہ اللہ تعالیٰ کا تذکرہ کر دیتا ہے۔ چونکہ اِنسان کی لامحدود نگاہ بھی محدود ہے اس لئے آگے اور آگے اسے کچھ نظر نہیں آتا۔ اس کے ادراک میں یہ بات نہیں آتی کہ جو کچھ ہے اس سے آگے بھی کچھ ہے۔ وہ بے بسی کی حالت میں سمجھ میں آنے والے عالم کا نام وحدت الوجود یا وحدت الشہود رکھ دیتا ہے۔ آخری نبی سیّدنا حضور ﷺ کا ارشاد ہے۔



Marfat.com

بارہ ہزار کی تھی فوج مع آقاؐ کے
دس مدینے سے چلے اور تھے دو مکے سے
مکہ میں آپؐ نے سفیان بن اُمیّہ سے
لی تھیں سو زرہیں تھا کچھ ساتھ سامان ان کے
ان کے چوپایوں کے بارے میں یہی فرمایا
یہ مسلمانوں کا سب مالِ غنیمت ہوگا
ایک آواز سنی آپؐ نے جاتے جاتے
ہم تو مغلوب یہاں آج نہ ہرگز ہوں گے

## اسلامی لشکر پر تیراندازوں کا اچانک حملہ

دو ہزار تھے نومسلم جو وہ لڑنے آئے
مکّہ کے باقی تھے کفّار بھی ساتھ اُن کے
کثرتِ فوج پہ اِترانا وہ اصحابؓ کا
وہ کسی طور الٰہی نے نہ اچھا جانا

Marfat.com

پہچاننے کا جو حق ہے وہ ہم سے پورا نہیں ہوا۔

اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں۔

وَلَوْ اَنَّ مَا فِي الْاَرْضِ مِنْ شَجَرَةٍ اَقْلَامٌ وَّ الْبَحْرُ يَمُدُّهٗ مِنْۢ بَعْدِهٖ سَبْعَةُ اَبْحُرٍ مَّا نَفِدَتْ كَلِمٰتُ اللّٰهِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ﴿۲۷﴾

اور زمین میں جتنے درخت ہیں اگر وہ قلمیں بن جائیں اور یہ جو سمندر ہے اس کے علاوہ سات سمندر اس کے ساتھ اور مل جائیں (وہ روشنائی بن کر اللہ کی صفات لکھیں) تب بھی اللہ کی باتیں ختم نہ ہوں گی حقیقت یہ ہے کہ اللہ عزیز اور حکیم ہے۔

(سورۃ لقمان، پارہ 21، آیت 27)

یعنی درخت قلم بن جائیں تب بھی اللہ تعالیٰ کی باتوں کا احاطہ نہیں ہو سکتا۔

## سعید رُوحیں:

اگر ہم سعید رُوحیں نہ ہوتے تو اپنے اللہ کی عبادت و ریاضت کی کوشش نہ کرتے، نافرمانی کے بعد توبہ نہ کرتے۔ اچھے اور برے کی تمیز نہ رکھتے اور سب سے بڑھ کر اللہ سے دعاؤں میں اس کی خوشنودی اور بخشش نہ چاہتے۔ اِس کے مقابلے میں ہمارے اردگرد ایسے لوگ بھی موجود ہیں جنہیں دنیاوی کاموں کے علاوہ آخرت سے کوئی دلچسپی نہیں ہوتی۔ نہ انہیں کوئی مذہب سے لگاؤ ہوتا ہے اور نہ ہی مرنے کے بعد اللہ سے ملاقات کا شوق ہوتا ہے۔ ایسے لوگوں کے لئے حتمی نہیں کہا جا سکتا کہ یہ سعید رُوحیں نہیں ہیں۔ ہمیں ان کو بھی راہِ راست پر لانے کی کوشش کرنی چاہیے۔ کسی بھی شخص کی زندگی میں ٹرننگ پوائنٹ U-TURN آسکتا ہے۔ لہٰذا اپنی طرف سے ان کے لئے نیک خواہشات رکھنی چاہئیں کیونکہ اللہ بہت معاف کرنے والا ہے۔


حوالہ جات:

1۔ کتاب "شرح لوح و قلم" از الشیخ خواجہ شمس الدین عظیمی، باب اجمال، صفحہ نمبر 85 تا 86

2۔ کتاب "خلیفۃ الارض" از نعمان ریاض عظیمی، باب الستُ بربکم، صفحہ نمبر 30

3۔ کتاب "توجیہات" از الشیخ خواجہ شمس الدین عظیمی، باب پر عظمت ہستی، صفحہ نمبر 39 تا 40

4۔ کتاب "کشکول" از الشیخ خواجہ شمس الدین عظیمی، موضوع 212، صفحہ نمبر 153

5۔ کتاب "معرفتِ عشق" از سیّدہ سعیدہ خاتون عظیمی، موضوع انبیاء اور ان کے معجزے، صفحہ نمبر 54

6۔ کتاب "توجیہات" از الشیخ خواجہ شمس الدین عظیمی، باب پر عظمت ہستی، صفحہ نمبر 41

7۔ کتاب "شرح لوح و قلم" از الشیخ خواجہ شمس الدین عظیمی، باب وحدت الوجود و حدت الشہود، صفحہ نمبر 52 تا 55




Marfat.com

آپؐ سے پہلے وہاں عوف کے جنگجو آئے
تنگ راہوں میں وہ درّوں کے چھپے بیٹھے تھے
جب مسلمانوں پہ دشمن نے وہ تیر پھینکے
جو نومسلم تھے وہ میدان سے فوراً بھاگے
اس قدر زور کا حملہ تھا سنبھل نہ پائے
جس سے انصار و مہاجر بھی وہاں نہ ٹھہرے
جب نبیؐ پاک نے میدان کی جانب دیکھا
آپؐ نے چند صحابہؓ کو وہاں پر پایا
آپؐ بے خوف وہاں لڑتے رہے دشمن سے
جاں نثارانِ نبی گرچہ وہاں پہ کم تھے
ایڑھ خچر کو لگاتے تھے چلے جاتے تھے
میں نبیؐ ہوں نہیں بس جھوٹ یہ فرماتے تھے
ابوسفیانؓ نے خچر کی لگام تھامی
اور عباسؓ نے تھی اس کی رکاب پکڑی

Marfat.com

موضوع 50/84

# مذکر مونث GENDER

## سُوۡرَۃُ الۡاَعۡرَافِ (THE HEIGHTS)

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

هُوَ الَّذِىۡ خَلَقَكُمۡ مِّنۡ نَّفۡسٍ وَّاحِدَةٍ وَّجَعَلَ مِنۡهَا زَوۡجَهَا لِيَسۡكُنَ اِلَيۡهَا ۚ

ترجمہ: وہی (اللہ) ہے جس نے تمہیں ایک ہی جان سے پیدا کیا اور اسی کی جنس سے اس کا جوڑا بنایا تاکہ وہ اس کے پاس سکون حاصل کرے۔

*He it is who did create you from a single soul, and therefrom did make his mate that he might take rest in her.*

## حضرت حوّا علیہ السلام کی تخلیق:

هُوَ الَّذِىۡ خَلَقَكُمۡ مِّنۡ نَّفۡسٍ وَّاحِدَةٍ وَّجَعَلَ مِنۡهَا زَوۡجَهَا لِيَسۡكُنَ اِلَيۡهَا ۚ

وہی ہے جس نے تم کو بنایا ایک جان سے اور اسی سے بنایا اس کا جوڑا کہ اسے آرام ملے۔ (سورۃ اعراف، پارہ 9، آیت 189)

"اور خداوند نے آدم پر گہری نیند بھیجی اور وہ سو گیا۔ اور اس نے اس کی پسلیوں میں ایک حصّہ نکال لیا اور اس کی جگہ گوشت بھر دیا اور خدا اس پسلی سے جو اس نے آدم میں سے نکالی تھی ایک عورت بنا کر آدم کے پاس لایا" (کتاب پیدائش باب 2:21-22)

## مونث، مذکر کا تخلیقی راز:

محققین کی رائے ہے کہ قرآن کریم صرف حوا علیہ السلام کی تخلیق کا ذکر نہیں کر رہا بلکہ عورت کی تخلیق کے متعلق اس حقیقت کا اظہار کرتا ہے کہ وہ بھی مرد ہی کا حصہ ہے۔ اس کو اس طرح سمجھا جائے کہ آدمؑ کے اندر عورت کا وجود تھا۔ اللہ نے جب چاہا کہ آدم کے دونوں رُخوں کا مظاہرہ ہو تو عورت کے وجود کو آدمؑ سے الگ کر دیا۔ علماء باطن کہتے ہیں کہ یہاں ہر شے دو رُخوں سے مرکّب ہے۔ مرد کا وجود بھی دو رُخوں پر قائم ہے اور عورت کا وجود بھی دو رُخوں پر قائم ہے۔ عورت کے اندر مرد چھپا ہوا ہے اور مرد کے اندر عورت چھپی ہوئی ہے۔ اگر آدمؑ کے اندر حوا نہ ہوتی تو حواؑ کی پیدائش ممکن نہیں تھی۔ دوسری مثال حواؑ کے اندر سے آدمؑ کی پیدائش ہے



Marfat.com

پؐ کے چاچا کی آواز بہت اونچی تھی
دیتے آواز تو محسوس بلند ہوتی تھی
آقاؐ نے ان سے کہا ان کو پکارو آؤ
بیعت رضواں میں مرا ساتھ نبھانے والو
سُن کے آواز سبھی آپؐ کی جانب آئے
اس طرح سارے مڑے بچے پہ جیسے گائے
آئے انصار بھی ہاتھوں پہ سجائے جانیں
اپنے محبوب محمد ﷺ پہ لٹانے جانیں
پھر تو گھمسان کا وہ رَن تھا پڑا میداں میں
ایک پے ایک وہ کافر تھا مرا میداں میں
جاںنثارانِ نبیؐ لوٹ کے واپس آئے
پھر تو ایوان میں کفّار کے بادل چھائے
ارضِ حنین سے آقاؐ نے اُٹھائی مٹی
پھر جو کفار کی جانب تھی اُچھالی مٹی

Marfat.com

جس کو آسمانی کتابوں نے عیسیٰؑ کا نام دیا ہے۔

## غالب اور مغلوب پَرَت (LAYER):

ہر فرد دو پَرَت سے مُرکّب ہے ایک پَرَت ظاہر اور غالب رہتا ہے اور دوسرا پَرَت مغلوب اور چھپا ہوا رہتا ہے۔ مَرد یا عورت دونوں دو دو رُخوں سے مُرکّب ہیں۔ ایک ظاہر رُخ اور ایک باطن رُخ۔ عورت میں ظاہر رُخ عورت کے خدوخال میں جلوہ نما ہو کر ہمیں نظر آتا ہے اور باطن رُخ وہ ہے جو نظر نہیں آتا اسی طرح مَرد کا ظاہر رُخ مَرد کے خدوخال بن کر ہمارے سامنے آتا ہے اور باطن رُخ وہ ہے جو مخفی رہتا ہے۔ مطلب یہ ہے کہ مَرد بحیثیت مَرد جو نظر آتا ہے وہ اس کا ظاہر رُخ ہے اور عورت بحیثیت عورت جو نظر آتی ہے ور اس کا ظاہر رُخ ہے۔ مَرد کے ظاہر رُخ کا متضاد باطن رُخ "عورت" جو اس کے ساتھ لپٹا ہوا ہے اور عورت کے ظاہری رُخ کے ساتھ کا متضاد باطن رُخ "مَرد" لپٹا ہوا ہے۔ افزائش نسل اور جنسی کشش کا قانون بھی ان ہی دو رُخوں پر قائم ہے۔ عورت کا باطن رُخ مَرد چونکہ مغلوب ہے اور غالب خدوخال میں نمودار ہو کر مظہر نہیں بنا اس لئے وہ غالب اور مکمل رُخ کو حاصل کرنا چاہتا ہے اور اس کے اندر جذب ہونے کے لئے بے قرار رہتا ہے۔ اسی طرح مَرد کے اندر چھپا ہوا پَرَت "عورت" چونکہ مغلوب اور نامکمل ہے اسلئے وہ بھی عورت کے ظاہری رُخ سے ہم آغوش ہو کر اپنی تکمیل کرنا چاہتا ہے۔ علماء باطن فرماتے ہیں کہ قانون قُدرت کے مطابق اگر ذہنی مرکزیت کسی رُخ پر قائم ہو جائے اور اِنسان کے اندر کا رُخ جسے قُرآن میں "اَمر رب" کہا گیا ہے، متحرک ہو جائے تو مغلوب پَرَت متشکل ہو جاتا ہے۔ اور یہی بات حضرت آدم علیہ السلام کے ساتھ بھی پیش آئی۔

حوالہ جات:

1۔ کتاب "محمد رسول اللہ ﷺ جلد سوم" از الشیخ خواجہ شمس الدین عظیمی، باب حضرت حوا کی تخلیق، صفحہ نمبر 57 تا 59



Marfat.com

# مسلمانوں کی پسپائی کے بعد فتح

جونہی کفّار کی آنکھوں میں یہ آئی مٹی
جو نبیؐ پاک کی چاہت تھی دکھائی مٹی
ایسی پھر ان کی کمر ٹوٹی کہ سبحان اللہ
جانثاروں نے کیا زور سے ایسا حملہ
بچ گئے جو بھی وہاں بھاگے طائف و نخلہ
کچھ نے اوطاس کو جاتی تھی جو رہ کو پکڑا
چھ ہزار تھے وہ کفار بنے جو قیدی
مال و اسباب کی مقدار غنیمت ٹھہری
نخلہ کو جاتے ہوئے قابو درید آیا
ربیعہؓ نے پکڑا اُسے اور وہیں پہ مارا
ستر افراد نے کفّار کے جاں دے ڈالی
ابو عامر نے بھی اُس جگہ شہادت پائی

Marfat.com




Marfat.com

## رضاعی بہن سے ملاقات

جنگ حنین میں شیما بھی ہوئی تھیں قیدی
جونہی پہچانا انہیں آپؐ نے دی آزادی
اپنی چادر پہ بٹھایا تھا بنتِ حارث کو
اک علامت سے تھا پہچانا بنتِ حارث کو
ان سے فرمایا اگر چاہو رہو گھر میرے
اے مری بہن چلو آؤ رہو گھر میرے
بولیں وہ مجھ کو قبیلے میں ہے جا کے رہنا
بولے سرکارؐ کہ جو تیری رضا ہے بہنا
دے کے شیما کو تحائف بھی کیا تھا رخصت
گود میں جن کی بہت کھیلے نبیؐ رحمت

## طائف کا محاصرہ

فوج میدان سے بھاگی تھی جو طائف آئی
اُن کے سالار نے اس میں ہی پناہ لے لی تھی

Marfat.com



Marfat.com

اپنے لوگوں کو تباہی سے بچانے کے لیے
ایک مضبوط قلعہ تھا جو وہیں جا پہنچے
جو مقامی تھے وہاں لوگ قلعے میں آئے
کھانے پینے کی سبھی چیزیں وہاں پر لائے
تیراندازی میں ماہر تھے یہ طائف والے
جنگیں بھی لڑتے سدا رہتے یہ طائف والے
ایسے حالات میں سرکارؐ نے سوچا ایسا
دے کے خالدؓ کو وہاں چھوٹا سا لشکر بھیجا
اک ہزار اس میں صحابہؓ تھے چلے مکّے سے
کچھ دنوں بعد نبیؐ پاک وہاں تھے آئے
شہر طائف جو دیواروں کی پناہوں میں تھا
ابوسفیان کا داماد تھا سردار اس کا
انہوں نے لڑنے کا سامان بنا رکھا تھا
سال بھر کھانے کا سامان بچا رکھا تھا

Marfat.com

موضوع 51/84

# جنگِ بدر

## BATTLE OF BADAR

## سُوْرَةُ الْاَنْفَالِ (SPOILS OF WAR)

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

فَلَمْ تَقْتُلُوْهُمْ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ قَتَلَهُمْ ۖ وَمَا رَمَيْتَ اِذْ رَمَيْتَ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ رَمٰى ۚ

وَلِيُبْلِيَ الْمُؤْمِنِيْنَ مِنْهُ بَلَآءً حَسَنًا ؕ اِنَّ اللّٰهَ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ﴿۱۷﴾

ترجمہ: ان دشمنوں کو تم نے قتل نہیں کیا بلکہ انہیں اللہ نے قتل کیا اور اے نبی ﷺ جب تم نے ان پر خاک پھینکی تو یہ تم نے نہیں پھینکی بلکہ اللہ نے پھینکی تاکہ اللہ مومنوں کو ایک بہترین آزمائش میں کامیاب کرے یقیناً اللہ سننے اور جاننے والا ہے۔

*Ye (Muslims) slew them not, but Allah slew them. And thou (Muhammad) threwest not when thou didst throw, but Allah threw, that He might test the believers by a fair test from Him. Lo! Allah is Hearer, Knower.*

ہجرت کے دوسرے سال سترہ رمضان کو بدر کے مقام پر دونوں افواج کا آمنا سامنا ہوا۔ اس جنگ میں مسلمان تعداد کے لحاظ سے قریش کے مقابلے میں ایک تہائی تھے لیکن اللہ تعالیٰ نے ان کی مدد فرمائی اور فتح اور نصرت عطا فرمائی۔ قریش کی فوج کا سپہ سالار ابو جہل اس جنگ میں ہلاک ہوا۔ جنگ بدر میں مسلمانوں کی کامیابی کا تذکرہ قرآن نے ان الفاظ میں کیا ہے:

فَلَمْ تَقْتُلُوْهُمْ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ قَتَلَهُمْ ۖ وَمَا رَمَيْتَ اِذْ رَمَيْتَ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ رَمٰى ۚ وَلِيُبْلِيَ الْمُؤْمِنِيْنَ مِنْهُ بَلَآءً حَسَنًا ؕ اِنَّ اللّٰهَ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ﴿۱۷﴾

ان دشمنوں کو تم نے قتل نہیں کیا بلکہ انہیں اللہ نے قتل کیا اور اے نبی ﷺ جب تم نے ان پر خاک پھینکی تو یہ تم نے نہیں پھینکی بلکہ اللہ نے پھینکی تاکہ اللہ مومنوں کو ایک بہترین آزمائش میں کامیاب کرے یقیناً اللہ سننے اور جاننے والا ہے۔ (سورۃ انفال، پارہ 9، آیت 17)

جنگ بدر میں مسلمانوں کی فتح کی خبر مکہ پہنچی تو اہل مکہ نے ایک اور جنگ کے ذریعے مسلمانوں سے بدلہ لینے کا فیصلہ کر لیا۔

حوالہ جات:

1۔ کتاب "محمد رسول اللہ ﷺ جلد اوّل" از الشیخ خواجہ شمس الدین عظیمی، باب تین سو تیرہ بمقابلہ ایک ہزار، صفحہ نمبر 117 تا 118



Marfat.com

کر لیا اس کا بھی گھیراؤ مسلمانوں نے
ڈر کے قلعہ میں تھے کفار مسلمانوں سے
قلعہ سے ہوتی تھی لشکر پہ جو تیراندازی
بارہ اصحابؓ نے غزوہ میں شہادت پائی
تیس افراد قلعے سے تھے اُتر کر آئے
ان پہ آقاؐ کی محبّت کے پڑے تھے سائے
اُن کو آزاد کیا اور کہا آقاؐ نے
اے مسلمانو کرو آپ محبت ان سے
اب تھا یہ کام کہ دروازے کو کھولا جائے
یا کسی طور پہ دیوار کو توڑا جائے
منجنیق سے گرائے تھے وہاں پہ پتھر
ایک دیوار میں سوراخ کیا تھا آخر
اِسی سوراخ سے اصحابؓ جو اندر آئے
ان پہ لوہے کے گرائے تھے وہ جلتے ٹکڑے

Marfat.com

موضوع 84 /52

# حضرت ابو ایوب انصاریؓ

## سُوۡرَةُ الۡاَنۡفَالِ (SPOILS OF WAR)

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

وَالَّذِيۡنَ اٰمَنُوۡا وَهَاجَرُوۡا وَجٰهَدُوۡا فِىۡ سَبِيۡلِ اللّٰهِ وَالَّذِيۡنَ اٰوَوْا وَّنَصَرُوۡۤا اُولٰۤـئِكَ هُمُ الۡمُؤۡمِنُوۡنَ حَقًّا ؕ لَهُمۡ مَّغۡفِرَةٌ وَّرِزۡقٌ كَرِيۡمٌ ﴿۷۴﴾

ترجمہ: اور جو لوگ ایمان لائے اور گھر چھوڑے اللہ کی راہ میں اور جن لوگوں نے جگہ دی اور مدد کی وہی ہیں تحقیق ایمان والے اور ان کو بخشش ہے روزی عزّت کی۔

*And those who believed, and emigrated and strove hard in the cause of Allah as well as those who gave (them) asylum and aid; these are the believers in truth, for them is forgiveness and Rizqun Kareem.*

شہر مدینہ بلندی پر واقع ہے۔ اس کے شمال اور جنوب میں دو پہاڑ ہیں۔ مدینہ کے تین اطراف یعنی مشرق، مغرب، جنوب میں منجمد شدہ آتش فشاں پھیلا ہوا ہے۔ مدینہ کی آب و ہوا معتدل ہے اور وہاں جزیرہ عرب کے دوسرے علاقوں کی نسبت بارشیں زیادہ ہوتی ہیں۔ سیّدنا حضور ﷺ قصویٰ نامی اونٹنی پر سوار جب مدینہ میں داخل ہوئے تو مدینے کے باشندوں نے آگے بڑھ کر اونٹنی کی مہار تھام لی۔ ہر ایک کی خواہش تھی کہ سیّدنا ﷺ کی میزبانی کا شرف اسے نصیب ہو حضور ﷺ نے کہا: " میری اونٹنی کی لگام چھوڑ دو۔ میری اونٹنی وہاں بیٹھے گی جہاں خدا کی مرضی ہوگی اور میں بھی وہیں قیام کروں گا جہاں خدا چاہے گا"۔

سیّدنا ﷺ کی اونٹنی قصویٰ مدینے کے کئی محلوں سے گزری اور محلہ النجار میں داخل ہوگئی۔ مدینہ کے سارے مسلمان پیغمبر ﷺ کی اونٹنی کے پیچھے چل رہے تھے اور یہ جاننے کے مشتاق تھے کہ اونٹنی کہاں بیٹھے گی۔

قصویٰ کچھ دیر تک قبیلہ نجار کے محلے میں چکر لگاتی رہی پھر ایسے قطعہ زمین میں داخل ہوگئی جو بالکل خالی تھا اونٹنی وہاں پہنچ کر چند قدم اور آگے بڑھی پھر ٹھہر گئی اور زمین پر گھٹنے ٹیک دیے۔ اس جگہ پر جہاں اونٹنی نے گھٹنے ٹیکے تھے کوئی گھر موجود نہیں تھا۔ اور اس



Marfat.com

لومڑی جیسے یہ کفار چھپے بیٹھے تھے
نہ تھے میدان میں لڑنے کے ارادے ان کے
رائے کی پیش نبیؐ پاک کو یہ نوفلؓ نے
یا نبیؐ چھوڑیں یہ نقصان نہیں دے سکتے
سامنے جتنے تھے وہ بت بھی گرائے سارے
ذوالکفیل کا بھی بت خانہ گرایا جا کے

## مالِ غنیمت کی تقسیم

چل کے طائف سے نبیؐ پاک جعرانہ آئے
چونکہ اصحابؓ کو اموال یہاں تھے دینے
اونٹ چوبیں ہزار تھے غنیمت اس میں
اور چالیس ہزار تھیں بکریاں آئیں
کئی من چاندی مسلمانوں کے ہاتھوں آئی
چھ ہزار سے بھی زاید بنے تھے قیدی

Marfat.com

قطعہ زمین کو کھجوریں خشک کرنے کے لئے استعمال کیا جاتا تھا۔ البتہ وہاں سے کچھ فاصلے پر ایک گھر تھا۔ اور مسلمانوں نے اپنے پیغمبر ﷺ کو بتایا کہ یہ گھر ابوایوب انصاریؓ نامی شخص کی ملکیت ہے۔ جس جگہ حضور ﷺ کی اونٹنی بیٹھ گئی تھی وہ زمین دو یتیم بچوں کی تھی۔ حضور ﷺ نے مالیت سے زیادہ رقم دے کر وہ زمین خرید لی۔

مدینہ پہنچنے کے دوسرے دن پیغمبر اسلام ﷺ نے مسلمانوں کی مدد سے اس جگہ پر مسجد کی تعمیر شروع کر دی۔ بلا امتیاز سارے مرد جن میں خود حضور ﷺ بھی شامل تھے اپنے ہاتھوں سے مٹی ڈھوتے، پتھر لاتے، گارا بناتے، اور مسجد کی تعمیر میں ہمہ وقت مصروف رہتے تھے۔ مذکورہ مسجد کی تعمیر میں سات ماہ کا عرصہ لگا۔ مسجد کا قبلہ بیت المقدس تھا۔

مسجد میں ان مہاجرین کے لئے جن کے پاس رہنے کو جگہ نہ تھی اینٹوں اور گارے کی مدد سے ایک بہت بڑا چبوترہ بنایا جو کہ آج بھی صُفہ کے نام سے معروف ہے۔ صُفہ میں قیام کرنے والے لوگوں کو اہلِ صُفہ کے نام سے پکارا جاتا تھا۔ مکہ سے آنے والے مسلمان چونکہ تہی دست تھے۔ ان کے پاس رہنے کے لئے جگہ نہیں تھی پیغمبر اسلام ﷺ نے انصار سے فرمایا کہ مسلمانوں میں کسی ایک کے ساتھ عہدِ اخوّت باندھ لیں۔ اور انہیں اپنے گھروں میں جگہ دیں اور ایک دوسرے کے ساتھ مل کر حصولِ معاش کا کام کریں مکہ سے آنے والے 186 مسلمانوں نے مدینہ کے مسلمانوں یعنی انصار کے ساتھ عہد اخوت باندھا اور ان لوگوں کے گھروں میں پناہ گزین ہو گئے۔

وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَهَاجَرُوْا وَجٰهَدُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَالَّذِيْنَ اٰوَوْا وَّنَصَرُوْٓا اُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُؤْمِنُوْنَ حَقًّا ۭ لَهُمْ مَّغْفِرَةٌ وَّرِزْقٌ كَرِيْمٌ ۝

**اور جو لوگ ایمان لائے اور گھر چھوڑے اللہ کی راہ میں اور جن لوگوں نے جگہ دی اور مدد کی وہی ہیں تحقیق ایمان والے اور ان کو بخشش ہے روزی عزّت کی۔**

**( سورۃ انفال، پارہ 10، آیت 74)**

## انتخابِ درِ ایوب رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی وجہ:

بظاہر یہ بات تعجب خیز معلوم ہوتی ہے کہ اہل مدینہ تو حضور ﷺ کو اپنے پاس ٹھہرانے کے لئے قدم قدم پر التجائیں کرتے رہے لیکن اللہ تعالیٰ جل جلالہ نے حضور ﷺ کو قیام کرنے کے لئے مدینہ بھر میں صرف حضرت ابوایوب انصاریؓ کا مکان منتخب کیا ـــــ اس میں آخر کیا حکمت ہے؟

حضور ﷺ کی ولادت سے طویل عرصہ قبل ایک بادشاہ گزرا ہے جس کا نام تبع ابن حسان تھا۔ وہ زبور کا پیروکار تھا اور بہت نیک انسان تھا۔ ایک دفعہ تقریباً ڈھائی لاکھ افراد کو لے کر مکہ مکرمہ میں حاضر ہوا۔ اور زیارت کے بعد کعبہ پر ریشمی غلاف چڑھایا۔ واپسی پر اس کا گزر اس جگہ سے ہوا جہاں اب مدینہ طیبہ آباد ہے۔ تو اس کے ساتھ سفر کرنے والے چار سو علماء نے خواہش ظاہر کی کہ ہم یہاں مستقل طور پر قیام کرنا چاہتے ہیں۔ بادشاہ نے وجہ پوچھی تو انہوں نے بتایا کہ ہماری مذہبی روایات کے مطابق یہ جگہ ایک عظیم نبی



Marfat.com

مکّہ سے لڑنے رئیس جو وہاں پر آئے
آپؐ نے مالِ غنیمت سے نوازے سارے
اُن کو یوں دیکھا تو انصاری جواں بھی بولے
اپنی تلواروں سے خوں ٹپکا ہمیں بھی دیتے
جنگ کے موقعوں پہ ہم جان فدا کر دیتے
آج کچھ ہم کو بھی سرکارؐ عطا کر دیتے
آپؐ نے جونہی سنیں باتیں سبھی لوگوں کی
اس قدر آپؐ نے پھر ان کو تسلی دی تھی
کیا یہ بہتر ہے کہ وہ مالِ غنیمت لے لیں
اور انصار الٰہی کی یہ رحمت لے لیں
مال و زر لے کے گھروں کو یہ قریشی جائیں
اور انصارِ مدینہ یہ نبیؐ کو پائیں
رو پڑے سن کے نبیؐ پاک کی پیاری باتیں
ایسا لگتا تھا نکل آئیں گی رو کے آنکھیں

Marfat.com

احمد ﷺ کی جلوہ گاہ بنے گی۔ ہم یہاں اس لئے رہنا چاہتے ہیں کہ شاید ہمیں اس نبی ﷺ کے دیدار اور خدمت کی سعادت حاصل ہو جائے۔ نیک دل بادشاہ نے نہ صرف ان کو اجازت دے دی بلکہ سب کے لئے مکانات بھی تعمیر کرادیے۔ اور رہائش کی جملہ ضروریات بھی مہیا کر دیں۔ پھر ایک مکان خصوصی طور پر بنوایا اور آنے والے نبی ﷺ کے نام ایک خط تحریر کیا۔ جس میں اقرار کیا کہ میں آپ ﷺ پر ایمان لا چکا ہوں اور اگر آپ ﷺ کا ظہور میری زندگی میں ہوا تو آپ ﷺ کا دست و بازو بن کر رہوں گا۔

اس کے بعد یہ دونوں چیزیں مکان اور خط اس عالم کے حوالے کر دیں جو ان میں سے سب سے زیادہ متقی اور پرہیز گار تھا۔ اور کہا کہ فی الحال تم اس مکان میں رہو اور یہ خط سنبھال کر رکھو اگر تمہاری زندگی میں اس نبی ﷺ کا ظہور ہو گیا تو یہ دونوں چیزیں میری طرف سے ان کی خدمت میں پیش کر دینا۔ ورنہ اپنی اولاد کو یہی وصیت کر جانا تاکہ یہ دونوں چیزیں نبی ﷺ تک پہنچ جائیں۔

اس وصیت پر نسل در نسل عمل ہوتا رہا اور یہ چیزیں پرہیز گار اِنسان کی اولاد میں منتقل ہوتی رہیں اس طرح طویل عرصہ گزر گیا۔ اب اس مردِ صالح کی اولاد میں سے حضرت ابوایوب انصاری رضی اللہ عنہ اس مکان کے محافظ و نگہبان تھے اور خط بھی انہی کے پاس محفوظ تھا۔

حضور ﷺ کی خدمت میں پیش کیا گیا۔ تو حضور ﷺ نے اس خط کو پڑھوا کر سنا اور اس کے مندرجات سے اتنے مسرور ہوئے کہ تین بار فرمایا: "میرے نیک بھائی تبع کو خوش آمدید"



Marfat.com

اپنی قسمت پہ یہ انصار بڑے نازاں تھے
مکّہ والوں کے لیے مال نبیؐ تھے ان کے

## قیدیوں کی رہائی

اتنی تعداد میں موجود تھے جنگی قیدی
میرے آقاؐ کو تھی مطلوب رہائی اُن کی
کوئی وارث بھی نہ آیا تھا چھڑانے اُن کو
منتظر تھے کہ کوئی آئے لے جانے ان کو
یہ بنو سعد ہوازن کے قبیلے والے
ہو چکے قیدی جو تقسیم چلے آئے تھے
چھوڑ دیں آپؐ نبیؐ پاک ہمارے قیدی
بولے وہ ہم کو ہیں وابستہ اُمیدیں اتنی
آپؐ کی دایہ حلیمہؓ کے قبیلے سے ہیں
یا محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم ہے گزارش یہ ہماری سن لیں

Marfat.com

موضوع 53/84

# غارِ ثور

## THE CAVE OF SOAR

## سُوْرَةُ التَّوْبَةِ (REPENTANCE)

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اِلَّا تَنْصُرُوْهُ فَقَدْ نَصَرَهُ اللّٰهُ اِذْ اَخْرَجَهُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا ثَانِيَ اثْنَيْنِ اِذْ هُمَا فِي الْغَارِ اِذْ يَقُوْلُ لِصَاحِبِهٖ لَا تَحْزَنْ اِنَّ اللّٰهَ مَعَنَا ۚ فَاَنْزَلَ اللّٰهُ سَكِيْنَتَهٗ عَلَيْهِ وَاَيَّدَهٗ بِجُنُوْدٍ لَّمْ تَرَوْهَا وَجَعَلَ كَلِمَةَ الَّذِيْنَ كَفَرُوا السُّفْلٰى ؕ وَكَلِمَةُ اللّٰهِ هِيَ الْعُلْيَا ؕ وَاللّٰهُ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ﴿۴۰﴾

ترجمہ: اگر تم حضور ﷺ کی مدد نہیں کرو گے تو کچھ پرواہ نہیں۔ ان کی مدد تو اللہ نے اس وقت بھی فرمائی تھی جب منکرین حق نے انہیں اس حال میں مکہ سے نکالا تھا جب وہ دو کا دوسرا تھے۔ (یاد کرو) جب وہ دونوں اس غار (غار ثور) میں تھے اور اس وقت انہوں نے اپنے ساتھی سے کہا کہ غم نہ کرو۔ اللہ ہمارے ساتھ ہے۔ اس وقت اللہ نے ان پر سکون قلب نازل فرمایا اور ان کی مدد ایسے لشکروں سے کی جن کو تم نہیں دیکھ سکتے۔ اللہ نے منکرین حق کا بول نیچا کر دیا اور اللہ ہی کا کلمہ بلند رہا یقیناً اللہ غالب اور حکیم ہے۔

*If ye help him not, still Allah helped him when those who disbelieve drove him forth, the second of two; when they two were in the cave, when he said unto his comrade: Grieve not. Lo! Allah is with us. Then Allah caused His peace of reassurance to descend upon him and supported him with hosts ye cannot see, and made the word of those who disbelieved the nethermost, while Allah's word it was that became the uppermost. Allah is Mighty, Wise.*



Marfat.com

## مالک بن عوف کا اسلام لانا

آپؐ نے پوچھا کہ مالک وہ کہاں رہتا ہے
عرض کی جا کے ثقیف میں چھپا بیٹھا ہے
گر یہاں میری رسالت کی گواہی دے دے
اُس سے منسوب ہے جو مال وہ آ کے لے لے
ایک سو اونٹ اُسے آج میں زاید دوں گا
کر لے اسلام قبول ہے مقدر اُس کا
سن لیں مالک نے نبیؐ پاک کی باتیں ساری
اُس نے توحید و رسالت کی گواہی دے دی
آپؐ یہ بولے چلے آؤ ذرا محفل میں
جو بھی خواہش ہے یہاں آ کے سبھی سے کہہ دیں
انہوں نے ویسا کیا جو تھا کہا آقاؐ نے
آپؓ کو جو بھی ملا ان کو دیا آقاؐ نے

Marfat.com

قریش کے کارندے اسی رات مکہ کے آس پاس پھیل گئے۔ اور گردونواح کے بیابانوں میں حضور ﷺ کی تلاش شروع کردی۔ انہوں نے یہ اعلان بھی کروایا کہ جو شخص آپ ﷺ کو ڈھونڈ نکالے گا اسے سو اونٹ پیش کئے جائیں گے۔ اگلے روز قریش کے کارندے تیز رفتار اونٹوں کے ذریعے اس علاقے تک پہنچ گئے جہاں حضور ﷺ حضرت ابو بکرؓ کے ہمراہ تشریف فرما تھے۔ قریش کے افراد غار کے سامنے سے گزرے تعاقب کرنے والوں نے دیکھا کہ غار کے منہ پر مکڑی کا جالا بنا ہوا ہے۔ پیغمبر اسلام حضور ﷺ کا تعاقب کرنے والا دوسرا گروہ بھی غار کے قریب سے گزرا اور انہوں نے دیکھا کہ غار میں ایک پرندے کا گھونسلا بنا ہوا ہے اور اس کے انڈے بھی ہیں۔ قریش کی آمدورفت دیکھ کر حضرت ابو بکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ پریشان ہو گئے لیکن پیغمبر اسلام ﷺ نے انہیں تسلّی دیتے ہوئے خدا کی مدد کا یقین دلایا۔

حضرت محمد ﷺ اور حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ تین شب و روز اسی غار میں ٹھہرے رہے۔ تین روز کی جستجو کے بعد قریش بھی تھک گئے اور مکہ واپس چلے گئے۔ اسی اثناء میں حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا غلام عامر بن فہیرہ طے شدہ منصوبے کے مطابق دو سفید اونٹنیاں لے کر مذکورہ غار تک پہنچ گیا۔

حوالہ جات:

1۔ کتاب "محمد رسول اللہ ﷺ جلد اوّل" از الشیخ خواجہ شمس الدین عظیمی، باب دارالندوہ، صفحہ نمبر 107 تا 108



Marfat.com

اور فرمایا سنو میرے صحابہؓ سن لو
آپؐ کے پاس جو قیدی ہیں انہیں وہ دے دو
حکم سرکارؐ کی تعمیل کیے جاتے تھے
ان کے سب مال وہ احباب دیے جاتے تھے
ہے روایت میں سبھی لوگ ہوازن والے
ہو کے تائب نبیؐ پاک کے پاس آئے
اُن کا کل مال و متاع اُن کو عطا کر ڈالا
ایک سو اونٹ اضافی بھی انہیں دے دیا
آقاؐ کے خلق عظیم سے متاثر ہوئے
ابنؓ عوف نے بھی اشعار وہاں پڑھ ڈالے
مثل انسانوں میں احمدؐ کا سنا نہ دیکھا
آپؐ ہر حال میں کرتے ہیں ایفا ہر وعدہ
پوچھ لو ان سے جو تم چاہو تو کل کی باتیں
سب سے زاید وہ ہمیں مال عطا کرتے ہیں

Marfat.com

موضوع 54/84

# مشرکین کے لئے مغفرت

# FORGIVENESS TO IDOLATERS

## سُوْرَةُ التَّوْبَةِ (REPENTANCE)

بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

مَا كَانَ لِلنَّبِيِّ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَنْ يَّسْتَغْفِرُوْا لِلْمُشْرِكِيْنَ وَلَوْ كَانُوْٓا اُولِيْ قُرْبٰى

ترجمہ: پیغمبر اور وہ لوگ جو ایمان لائے مناسب نہیں کہ خدا سے مشرکوں کے لئے مغفرت طلب کریں چاہے وہ لوگ ان کے اقرباء میں سے ہوں۔

*It is not for the Prophet, and those who believe, to pray for the forgiveness of idolaters even though they may be near of kin (to them)*

ایک دن ابی لہب نے بنو ہاشم کے تمام افراد کو ایک ضیافت میں شرکت کی دعوت دی اور حضور ﷺ کو بھی مدعو کیا۔ جب سب لوگ جمع ہو گئے تو ابی لہب نے حضرت محمد ﷺ کو مخاطب کرتے ہوئے کہا!

"میں چاہتا ہوں کہ بنو ہاشم کے تمام افراد کے سامنے تجھ سے تیرے جد عبد المطلب کے بارے میں سوال کروں اور پوچھوں کہ تم جو یہ کہتے ہو کہ مشرکین جہنم میں جائیں گے تو تمہارے خیال میں عبد المطلب جنّت میں ہیں یا جہنم میں؟"

حضور ﷺ نے جواب میں قرآن کہ یہ آیت تلاوت فرمائی:

مَا كَانَ لِلنَّبِيِّ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَنْ يَّسْتَغْفِرُوْا لِلْمُشْرِكِيْنَ وَلَوْ كَانُوْٓا اُولِيْ قُرْبٰى

پیغمبر اور وہ لوگ جو ایمان لائے مناسب نہیں کہ خدا سے مشرکوں کے لئے مغفرت طلب کریں چاہے وہ لوگ ان کے اقرباء میں سے ہوں۔ (سورۃ توبہ، پارہ 10، آیت 113)

حوالہ جات:

1۔ کتاب "محمد رسول اللہ ﷺ جلد اوّل" از خواجہ شمس الدین عظیمی، باب ابو طالب کی گھاٹی، صفحہ نمبر 89



Marfat.com

سن کے اشعار نبیؐ پاک ہوئے خوش اُن سے
خیر کے کلمے بھی مالکؓ کے لیے کہہ ڈالے
کر دیا انؓ کو عطا آپؐ نے حلہ اپنا
سیرتِ ابن ہشام میں لکھا ہے ایسا

## عمرہ جعرانہ

پھر نبیؐ پاک نے عمرے کا ارادہ کیا
اور جعرانہ میں عمرے کا لباس پہنا
مکّہ میں آ کے کیا عمرہ نبیؐ اقدس نے
پھر نبیؐ پاک مدینے کی طرف چلنے لگے

## حاتم طائی کی بیٹی اور بیٹا مسلمان

اک شہر قلس میں رہتا تھا قبیلہ طی کا
اس کا بت خانہ گرانے کو علیؓ کو بھیجا
ڈیڑھ سو لے کے سواروں کو علیؓ آئے تھے
اس جگہ جتنے تھے بت خانے گرا ڈالے تھے

Marfat.com

موضوع 55/84

# عرش العظیم

THE GREAT THRONE

## سُوْرَۃُ التَّوْبَۃِ (REPENTANCE)

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ؕ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ ﴿١٢٩﴾

ترجمہ: اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں میں نے اسی پر بھروسہ کیا اور وہ بڑے عرش کا مالک ہے۔

*There is no deity except Him. On Him I have relied, and He is the Lord of The Great Throne.*

## لوحِ محفوظ:

کائنات بنانے کا خیال اللہ تعالیٰ کے ذہن میں آیا تو کائنات میں بے شمار مخلوقات وجود میں آگئیں۔ اللہ تعالیٰ نے "کُن" فرمایا یعنی" ہو جا" اور کُن کا ظہور اس طرح ہوا کہ اللہ تعالیٰ کے تصور میں جو کچھ اور جس طرح تھا اسی شکل وصورت کے ساتھ ایک سکرین پر نقش ہو گیا اور اللہ تعالیٰ کے ذہن میں موجود پروگرام کے کردار جس تختی پر نقش ہوئے اس کو مذہب لوحِ محفوظ کہتا ہے۔

## سات آسمان:

آسمان نظر کی حد ہے جب شعور لاشعور کی فضاؤں میں داخل ہوتا ہے تو شعور کی بینائی آہستہ آہستہ بڑھتی ہے اور اِنسان کی باطنی نظر لاشعور یا غیب کے عالمین میں دیکھتی ہے۔ غیب کے عالمین کو دیکھنے میں اللہ کی جانب سے کوئی رکاوٹ نہیں ہے مگر ہر آسمان کی حدود میں جو عالمین آباد ہیں وہاں اللہ کی مختلف صفات کی روشنیاں کام کر رہی ہیں۔ شعور کی نظر اس لئے آسمان کی حد کو پار نہیں کر سکتی کیونکہ شعور اسمائے الٰہیہ اور ان کی روشنیوں کے علوم سے ناواقف رہتا ہے۔ مگر جو بندہ اسمائے الٰہی کے علوم اور ان کے قوانین سے واقف ہو جاتا ہے اور وہ اپنے ارادے اور شعور کے ساتھ لاشعور کے اندر داخل ہو جاتا ہے۔ وہ بغیر کسی رکاوٹ کے غیب کی دنیا کا مشاہدہ اپنی باطنی نظر کے ساتھ کر لیتا ہے۔ ہر آسمان کی سطح اسمائے الٰہیہ کی ان روشنیوں سے بنی ہے جن کی روشنی یا شعاعیں ان عالمین میں داخل ہو کر عالمین کی تخلیق کرتی ہیں۔ آسمان کی سطح پر اسمائے الٰہیہ کی روشنیاں جمع ہونے کی وجہ سے نظر ان روشنیوں کے پار دیکھنے سے معذور



Marfat.com

عورتیں ہو کے مدینے میں جو قیدی آئیں
ان میں حاتم کی سخی تھا جو وہ بیٹی آئیں
حاتم طائی کا بیٹا نہ گیا تھا پکڑا
نام تھا اُس کا عدی شام کی جانب بھاگا
حاتم طائی کی بیٹی جو ملیں آقاؐ سے
بولیں اے پیارے نبیؐ مجھ پہ کرم کر دیجے
باپ تھا میرا سخی اور نہیں ہے زندہ
چھوڑ کر بھائی ضعیفی میں یہاں سے بھاگا
کر دیا اُن کو رہا اور سواری بھی دی
اس نے توحید و رسالت کی گواہی بھی دی
اپنے بھائی سے ملی شام میں جا کے بی بی
جا کے سرکارِ مدینہ کی بھی تعریف کری
سن کے وہ باتیں کریمانہ مدینے آئے
پڑھ لیا کلمہ نبیؐ پاک پہ ایماں لائے

Marfat.com

رہتی ہے۔ مگر جب بندہ اللہ کی ذات اور صفات میں تفکّر کرتا ہے تو اسمائے الٰہیہ کی یہ روشنیاں اس کے اندر جذب ہونے لگتی ہیں اور یہ روشنیاں خود اپنا تعارف بندے سے کراتی ہیں۔ اس طرح شعور ان روشنیوں سے واقف ہو جاتا ہے اور شعور کا واقف ہونا ہی شعور کا دیکھنا ہے۔

اس دنیا میں بندہ جس حد تک اسمائے الٰہیہ کے علوم سیکھتا جاتا ہے اور اس میں یہ روشنیاں جذب ہوتی جاتی ہیں۔ مرنے کے بعد بندے کا اعراف انہی حدود کے اندر قائم ہوتا ہے۔ یعنی مرنے کے بعد بندہ اپنے ظاہری حواس کے ساتھ اور ظاہری نظر کے ساتھ ان عالمین میں رہتا ہے۔

عرش




## کائنات کی چار جہتیں DIMENSIONS:

کائنات کی چار جہتیں یا DIMENSIONS ہیں - ایک جہت مادہ یا MATTER ہے۔ دوسری جہت روشنی ہے۔ تیسری جہت نور ہے۔ اور چوتھی جہت اللہ کا نور ہے۔ اللہ کے ذہن کو علم واجب کہتے ہیں۔ انسان کے علم کی معراج یہ ہے کہ کہ وہ علم واجب (حجاب محمود) کو دیکھ لیتا ہے۔ حجاب محمود سے مراد عرش اعظم کی انتہا ہے ہم جب عرش کہتے ہیں تو ہمارے سامنے زمین، سات آسمان، عرش، سدرۃ المنتہیٰ اور بیت المعمور ہوتا ہے۔ سدرۃ المنتہیٰ اور بیت المعمور سے آگے کے مقامات حجاب عظمت، حجاب کبریاء اور حجاب محمود ہیں۔

## عرش:

عرش مجموعہ ہے مراتب کے حساب سے بیت المعمور، سدرۃ المنتہیٰ، حجاب عظمت، حجاب کبریاء، حجاب محمود اور مقام محمود کا۔

## بیت المعمور:

سدرۃ المنتہیٰ سے نیچے ایک اور بلندی ہے اس بلندی کی وسعتوں کو بیت المعمور کہتے ہیں۔ یہ بالکل خانہ کعبہ کے اوپر ہے۔ اسے فرشتوں کا خانہ کعبہ بھی کہتے ہیں۔

## سدرۃ المنتہیٰ:

اللہ کے مقرب فرشتوں کی پرواز جہاں تک ہے اسے سدرۃ المنتہیٰ کہتے ہیں۔



Marfat.com

# غزوہ تبوک

یہ تبوک ہے کوئی چشمہ قلعہ یا کوئی
طیبہ سے چودہ منازل کی ہے اس سے دوری
ان دنوں گرم ہوائیں ہی وہاں چلتی تھیں
ساعتیں قحط وہاں آٹھوں پہر رہتی تھیں
تنگ دستی کا یہ عالم تھا کہ ساماں نہ تھا
اس میں شاطر کا منافق کا تھا حال برا
ماہِ رجب میں نو ہجری کو حضورؐ نکلے
دن جمعرات کا تھا یہ ہیں مورخ لکھتے
قیصرِ روم کا اک زیر اثر غسانی
خانداں جس کی وطن شام پہ سرکار تھی
قیصر روم نے اُکسایا اسے تھا اتنا
وہ کرے طیبہ پہ ناپاک عیسائی حملہ

Marfat.com

## حجابِ عظمت:

یہ وہ بلندیاں ہیں جن سے عرش کی ابتداء ہوتی ہے۔ نہرِ تطہیر اور نہرِ تشہید کے انوارات کا اسی سے تعلق ہے۔ رُوحِ حیوانی کے علوم اس سے حاصل ہوتے ہیں۔

## حجابِ کبریاء:

حجابِ عظمت اور حجابِ محمود کے درمیان کی بلندیاں حجابِ کبریاء کہلاتی ہیں۔ نہرِ تجرید کے انوارات اس کو سیر اب کرتے ہیں۔ رُوحِ اِنسانی کے علوم کا تعلق حجابِ کبریاء سے ہے۔

## حجابِ محمود:

یہ وہ بلندیاں ہیں جن سے عرش اعظم کی انتہا مراد ہے یہ عالم اللہ کے مقرب فرشتوں کی پرواز سے ماوراء ہے۔ اس کو نہرِ تسوید کے انوار سیر اب کرتے ہیں۔ جن سے رُوح اعظم کے علوم حاصل ہوتے ہیں۔

## مقامِ محمود:

اللہ تعالیٰ نے اِنسان کے لئے مقام محمود یعنی اِنسانیت کی معراج، منزل کمال مقرر کی ہے۔ مقام محمود وہ حد ہے جس تک اللہ تعالیٰ نے اِنسان کو اسمائے الٰہیہ کے علوم عطا فرمائے ہیں اور اللہ تعالیٰ کی صفات و کمالات، شعائر و عادات اور قوانین تجلّیات کو اللہ تعالیٰ کے اسماء قرار دیا گیا ہے۔ مقام محمود حضور ﷺ کا مقام ہے جس تک شاذ و نادر ہی کوئی آج کے دور میں آپ ﷺ کی نسبت، مرشد کریم کے فیض اور اللہ کی خصوصی رحمت سے پہنچتا ہے۔ اور وہاں کے علوم حاصل کرتا ہے۔

## عین اور صادر العین:

روشنی کی دو قسمیں ہیں۔ ایک روشنی وہ ہے جو ہم نگاہ کے ظاہری رخ سے دیکھتے ہیں اور دوسری قسم کی روشنی وہ ہے جو ہم نگاہ کے باطنی رخ سے دیکھتے ہیں۔ باطنی رخ سے نظر آنے والی روشنی ازل سے یکساں حالت پر قائم ہے اس میں کوئی تغیر نہیں ہوتا۔ اس روشنی میں نقش و نگار نہیں ہوتے البتہ ذات کا ادراک ہوتا ہے ازل سے یکسانیت پر قائم رہنے والی روشنی کا نام "صادر العین" ہے۔

روشنی کی دوسری اصل جو ازل سے یکسانیت پر قائم نہیں ہے اور یکسانیت پر قائم نہ رہنے کی وجہ سے اس میں تغیر ہوتا رہتا ہے کا نام "عین" ہے۔



K File-16 Back

Marfat.com

شام سے آتے تھے طیبہ کی طرف سوداگر
انہوں نے آ کے مدینے میں سنائی خبر
قیصرِ روم بڑی فوج لیے بیٹھا ہے
اس نے حملے کے لیے شام سے یاں آنا ہے

## فوج کی تیاری

کیسے ممکن تھا مسلمان یہاں چپ رہتے
دے دیا حکم تیاری کا نبیؐ اطہر نے
تیس ہزار صحابہؓ کا تھا لشکر جری
ہاتھوں میں لے کے سبھی بیٹھے تھے جانیں اپنی
اتنی تعداد میں افواج کو لڑنے کے لیے
جنگی ہتھیار فراہم بھی یہاں کرنے تھے
شاہِؐ کونین نے یہ بات ضروری سمجھی
ال و امداد قبائل سے طلب کر ڈالی

Marfat.com

## مثالیت اور عنصریت:

صادر العین اور عین یعنی غیر تغیر اور تغیر پذیر کی اصلیں عالم امر میں قائم ہیں۔ صادر العین اور عین کے بعد نقش و نگار اور خدوخال کا عالم شروع ہوتا ہے۔ نقش ونگار کے بھی دو رخ ہیں۔ ایک کا نام مثالیت ہے اور دوسرے کا نام عنصریت ہے۔

عنصریت کے جسم کا مرکز مادی دنیا میں ہوتا ہے روشنی کا جسم اور روشنی کے جسم کے خدوخال دونوں کا تعلق عالم امکان سے ہے۔ کائناتی تخلیق میں حدوں کا تعین، گریز اور کشش کا عمل دخل ہے۔ زید کی حدود کا تعین، بکر کی حدود کا تعین، زید میں کشش و گریز، بکر میں کشش و گریز ان کو تصوف میں "بعد" کہا گیا ہے۔

چار بعد کی تشریح یہ ہے:

1۔ "صادر العین" یعنی کائنات کی وہ اصل جو غیر متغیرّ ہے۔

2۔ "عین" روشنی کی وہ اصل جو تغیرّ پذیر ہے لیکن روشنی کی اس اصل میں ابعاد یا DIMENSIONS نہیں ہوتے۔

3۔ "مثالیت" روشنی کا ایسا جسم جس میں خدوخال نہیں ہوتے ہیں لیکن نقش و نگار کا تعلق مادی دنیا سے نہیں ہے۔

4۔ "عنصریت" روشنی کا ایسا جسم جو مادی دنیا سے تعلق رکھتا ہے۔ عنصریت وہ جسم ہے جو مادی آنکھ سے نظر آتا ہے۔

مثالیت۔ وہ جسم جو مادی آنکھ سے نظر نہیں آتا باطنی آنکھ سے نظر آتا ہے۔ سیدنا حضور ﷺ سے جب یہ سوال کیا گیا کہ کائنات سے پہلے کیا تھا؟ تو آپ ﷺ نے فرمایا:

" امعاء"

اس کے بعد سوال کیا گیا پھر کیا ہوا؟

فرمایا:

"ماء"

امعاء عربی اصطلاح میں ایسی منفیت کو کہتے ہیں جو عقل انسانی سے ماوراء ہے۔ امعاء میں خدوخال نہیں ہوتے۔ اور ماء عربی میں مثبت کو کہتے ہیں خدوخال نہ ہونے کے باوجود عقلِ انسانی اس کا اِدراک کر سکتی ہے۔ یہ مثبت عالم امر ہے۔ مثبت سے ماوراء امعاء عالم نور ہے۔ انسانی تفہیم و تعلیم اور شعور اور لاشعور کی معراج عالم انوار سے جس مقام تک ہے اس کا نام حجابِ محمود ہے۔ حجاب محمود عرش کی بلندی ہے۔ وہ بلندی جس کو عرش کی انتہا کہا جا سکتا ہے۔ انسان کے اندر اتنا ادراک موجود ہے کہ وہ حجابِ محمود کی تفہیم کا خود کو خوگر بنا سکتا ہے اور حجاب محمود میں اللہ کی تجلیات وصفات کو سمجھ سکتا ہے۔

یہ وہ مقام ہے جہاں مقرب فرشتے بھی نہیں پہنچ سکتے۔ اس عالم سے نیچے ایک اور عالم سدرۃ المنتہیٰ ہے۔ سدرۃ المنتہیٰ مقرب فرشتوں کی پرواز کی انتہا ہے۔ سدرۃ المنتہیٰ سے نیچے ایک اور بلندی بیت المعمور ہے۔



Marfat.com

گھر کا سامان تھا صدیقؓ بھی سارا لائے
وہ الٰہی کو نبیؐ پاک کو گھر چھوڑ آئے
حضرت عمرؓ نے بھی نصف کی قربانی دی
حضرت عثمانؓ نے دی ایک ہزار اشرفی
اونٹ بھی ایک ہزار تھے تو ستر گھوڑے
حضرت عثمانؓ لڑائی کے لیے لے آئے
عبدالرحمٰنؓ بھی دینار تھے آدھے لائے
اسّی ہزار جو دینار تھے بس پاس اُن کے
کئی من حضرت عاصمؓ نے کھجوریں دی تھیں
نصف صاع ابو عقیلؓ نے کھجوریں بھیجیں
رازداری سے نبیؐ کام کیا کرتے تھے
کس طرف جانا ہے ہرگز نہ بتایا کرتے
پر یہاں آج تو غزوہ کی تھی صورت ایسی
جنگِ تبوک پہ جانے کی تیاری کر لی

Marfat.com

حوالہ جات:

1۔ کتاب "راہِ سلوک" از میاں مشتاق احمد عظیمی، باب مقاماتِ رُوح، صفحہ نمبر 208 تا 211

2۔ کتاب "شرح لوح و قلم" از الشیخ خواجہ شمس الدین عظیمی، باب حجاب محمود، سدرۃ المنتہٰی، بیت المعمور، صفحہ نمبر 183 تا 184

3۔ کتاب "شرح لوح و قلم" از الشیخ خواجہ شمس الدین عظیمی، باب حجاب محمود، سدرۃ المنتہٰی، بیت المعمور، صفحہ نمبر 185



Marfat.com

پوری ہی فوج کے پاس تو سواری نہ تھی
ہر طرف دیکھی تھی اصحابؓ کی آہ و زاری
سورۂ توبہ میں بھی ذکر ہوا ہے انؓ کا
بے سرو ساماں کے عالم میں یہ رونا ان کا

## تبوک کی روانگی

آپؐ نے و مولا علیؓ کو تھا مدینے چھوڑا
ان کو طیبہ میں بنایا تھا خلیفہ اپنا
گرچہ حضرتؓ نے اسی بات پہ افسوس کیا
مجھ کو کیوں آج مرے آقاؐ یہاں چھوڑ دیا
بچوں میں اور خواتین میں انؓ کو چھوڑا
پر نبیؐ پاک کے احکام کو ہی مانا تھا
اے علیؓ آپؓ کو نسبت ہے وہی تو تجھ سے
وہ ہی نسبت جو کہ ہارونؑ کو موسیٰؑ سے ہے

Marfat.com

| | |
|---|---|
| موضوع 84/ 56 | وقت TIME |

## سُوۡرَةُ يُوۡنُسَ (JONAH)

بِسۡمِ اللهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

هُوَ الَّذِىۡ جَعَلَ الشَّمۡسَ ضِيَآءً وَّ الۡقَمَرَ نُوۡرًا وَّ قَدَّرَهٗ مَنَازِلَ لِتَعۡلَمُوۡا عَدَدَ السِّنِيۡنَ وَالۡحِسَابَ

ترجمہ: وہی ہے جس نے سورج کو روشن اور چاند کو منور کیا اور اس کے گھٹنے بڑھنے کے لئے منزلیں ٹھیک مقرر کیں تاکہ تم برسوں اور تاریخوں کے حساب معلوم کرو۔

*It is He Who made the sun a shining thing and the moon as a light and measured out its stages, that you might know the number of years and the reckoning.*

### وقت TIME :

وقت در حقیقت کیا ہے یہ سوال زمانہ قدیم ہی سے دانشوروں اور سائنسدانوں کے لئے معمہ رہا ہے۔ فلاسفر علماء نے اپنی اپنی حدودِ فکر کے مطابق وقت کے بارے میں مختلف نظریات پیش کئے ہیں۔

### وقت کے بارے میں نظریات THEORIES:

دو ہزار سال پہلے کے دانشوروں کا ماننا یہ تھا کہ کوئی سے دو واقعات کا درمیانی وقفہ ہی وقت ہے جس کی پیمائش ممکن ہے اور وقت سب کے لئے ایک سا ہی ہوتا ہے۔

کوئی کہتا ہے کہ وقت ایک بہتی نہر کی طرح ہوتا ہے۔ جو منظم طریقے سے اپنے منبع SOURCE سے مخرج DESTINATION کی طرف بہتا ہے۔ اس کا مطلب یہ ہوگا کہ وقت کی ابتدا بھی ہے اور انتہا بھی۔ تو یہاں سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ اگر اس کی ابتدا ہے تو یہ کہاں سے آیا ہے؟ اور انتہا ہے تو اس کا مطلب ہے کہ ایک وقت ایسا آئے گا جب وقت نہیں ہوگا۔۔۔!

بعض فلسفیوں کا عقیدہ تھا کہ:



Marfat.com

جیسی ہارونؑ کو موسیٰؑ سے تھی نسبت ایسی
تم کو ہے مجھ سے تو کیا تم بھی نہیں ہو راضی
اور فرمایا نبیؐ پاک نے یہ حیدرؓ سے
ہاں مرے بعد علیؓ کوئی نبیؐ تو نہ ہے
توشہ بھی کم تھا سواری بھی نہیں حاصل تھی
گرچہ امداد مسلمانوں نے از حد کردی
بعض اوقات درختوں کے بھی پتے کھائے
واسطے پانی کے کچھ اونٹ ذبح کر ڈالے
اونٹ کے معدے میں کچھ پانی جمع رہتا ہے
آنتوں میں ان کی نمی کا بھی اثر رہتا ہے
جیش عسرت کا تبھی نام دیا تھا اس کو
گرچہ گھر بار سے سامان ملا تھا اس کو

Marfat.com

وقت وجود نہیں رکھتا بلکہ وقت دراصل دو حرکتوں کے درمیانی فاصلے کا نام ہے۔ کوئی مرتّب شعور مخلوق جیسے اِنسان اس فاصلے کا احساس کرے تو یہ فاصلہ اس کے لئے زمانہ کی صورت میں سامنے آتا ہے۔



یعنی جن واقعات سے ہم گزرتے ہیں وہی ہمیں وقت کے گزرنے کا احساس دلاتے ہیں۔۔۔ تو کیا جن واقعات سے ہم گزرتے ہیں وہ پہلے سے تیار شدہ ہیں؟

بعض لوگ کہتے ہیں کہ شاید ایسا ہی ہے کہ واقعات پہلے ہی سے مرتب اور منظّم ہیں جن کے درمیان وقت کے متعیّن زمانے حائل ہیں یا پھر جیسا کہ کسی نے کہا کہ واقعات وقوع پذیر نہیں ہوتے بلکہ ہم ان میں سے گزرتے ہیں!

کچھ دوسرے فلسفیوں کا نظریہ یہ تھا کہ وقت ایسے چھوٹے چھوٹے ذرّات پر مشتمل ہے کہ جنہیں ہمارے حواسِ خمسہ محسوس نہیں کرپاتے۔ یہ ذرات مسلسل حرکت کررہے ہیں یعنی ماضی سے مستقبل کی طرف سفر کررہے ہیں۔ یونانی فلسفیوں نے اس کے علاوہ وقت کی ایک اور قسم بھی متعارف کروائی جسے ابدیّت کا نام دیا گیا۔ ان فلسفیوں کے بقول غیر متحرک زمانہ مافوق الفطرت ہستیوں یا دیوتاؤں کا زمانہ ہے اور متحرک زمانہ مخلوقات کا زمانہ ہے تمام موجودات اور مخلوقات میں تبدیلیاں واقع ہوتی رہتی ہیں اس لئے ان کا تعلق متحرک زمانے سے ہوتا ہے۔ ان کا خیال تھا کہ اگر کوئی مخلوق حرکت پذیر زمانے میں واقع ہونے والی تبدیلیوں کو روکنے پر قادر ہوجائے تو وہ بھی دیوتاؤں کے برابر ہوجائے گی۔

## وقت کے بارے میں ارسطو کا نظریہ:

دوسری جانب مشہور یونانی مفکّر ارسطو متحرک یا غیر متحرک وقت کی بجائے مطلق وقت یا زمان غیر متغیر ABSOLUTE TIME پر یقین رکھتا تھا۔ اس کا اعتقاد تھا کہ دو واقعات کا درمیانی وقت بغیر کسی ابہام کے ماپا جاسکتا ہے۔ اور اسے کوئی بھی ماپے وہ سب کے لئے یکساں ہوگا۔

## نیوٹن کا نظریہ:

1686ء میں نیوٹن SIR ISAAC NEWTON نے وقت کے اس نظریے کو اساس بناتے ہوئے اپنے نظریاتِ حرکت LAWS OF MOTION پیش کئے۔ نیوٹن کے نظریات کے مطابق وقت ہر آدمی کے لئے ایک ہی ہے بھلے سے کہیں بھی کیوں



Marfat.com

# دیارِ ثمود سے گزر

جب نبیؐ پاک تبوک کی جانب آئے
راہ میں آپؐ نے آثارِ ثمود پائے
اس میں وہ قوم ثمود ہی رہا کرتی تھی
جو چٹانوں میں مکانات بنایا کرتی
وادیٔ القریٰ اس کو کہا کرتے تھے
لوگ پتھر کے مکانوں میں رہا کرتے تھے
اس کے کنویں سے صحابہؓ نے لیا تھا پانی
حکم سرکارؐ سے ہرگز نہ پیا تھا پانی
گوندھ رکھا تھا صحابہؓ نے وہاں جو آٹا
انہوں نے آٹا یہ اونٹوں کو کھلا ڈالا تھا
یہ وہ وادی تھی جہاں آیا عذاب اللہ کا
اپنے اصحابؓ کو رُکنے سے یہاں روکا تھا
اپنی چادر سے نبیؐ جی نے تھا چہرہ ڈھانپا
تیزی سے چلتے ہوئے وادی کو پیچھے چھوڑا

Marfat.com

نہ ہو اور کسی بھی رفتار سے حرکت کر رہا ہو۔

بیسویں صدی عیسوی تک سائنسدان وقت کو مطلق ABSOLUTE گردانتے تھے۔ ان کے خیال میں وقت ایک ایسی ساکن چیز تھی جو کبھی تبدیل نہیں ہوتی اس کے علاوہ ان کی نظر میں وقت اپنی ذات میں مستقل تھا اور ایک منظّم بہاؤ رکھتا تھا۔ اس وقت تک سائنسدان اس بات تک نہیں پہنچ پائے تھے کہ وقت سست یا تیز ہوتا ہے یا رُک بھی سکتا ہے۔

## آئنسٹائن کا وقت کے بارے میں نظریہ:

بیسویں صدی کے آغاز تک طبیعات کی دنیا میں نیوٹن کے اصولوں کا راج تھا۔ آئنسٹائن ALBERT EINSTIEN وہ پہلی شخصیت تھی جس نے بتایا کہ مادہ اور توانائی دو الگ الگ چیزیں نہیں بلکہ سکے کے دو رُخ ہیں اور مادہ اور توانائی ایک دوسرے میں ڈھل سکتے ہیں اور یہ بھی کہ زمان اور مکاں بھی ایک ہی حقیقت کے دو رُخ ہیں۔ جب آئنسٹائن نے یہ بات کہی اس وقت سائنسدانوں کی نظر میں زمان و مکان میں سفر ایک ناممکن اور غیر منطقی سی بات تھی لیکن آئنسٹائن نے یہ نظریہ پیش کیا کہ خلا اور وقت کا تانا بانا ایک دوسرے سے جڑا ہوا ہے جسے اس نے زمان و مکان کے پھیلاؤ کا نام دیا۔

آئنسٹائن کے اس نظریہ اضافت THEORY OF RELATIVITY نے سائنسدانوں کے لئے تحقیق کی کئی راہیں ہموار کیں۔ 1905ء میں آئنسٹائن کے پیش کردہ نظریہ اضافت کے مطابق وقت کی رفتار کی تبدیلی کا انحصار کسی مادی شے کی رفتار پر اور کسی میدان کشش ثقل میں اس کے محل پر ہوتا ہے۔ جیسے جیسے مادی شے کی رفتار بڑھتی جائے گی ویسے ویسے وقت کی رفتار کم ہوتی جائے گی اور یہ گھٹنے یا سکڑنے لگے گی۔ یہ نظریہ سائنسی دنیا میں ایک بڑے مدّ و جزر کا باعث بنا۔

نظریہ اضافت کے مطابق اگر کوئی شے روشنی کی رفتار سے سفر کرنے لگے تو وہ توانائی یا روشنی کی لہروں میں تبدیل ہو جائے گی اس بات سے ہم یہ نتیجہ بھی اخذ کر سکتے ہیں کہ زمان در حقیقت روشنی ہے اور یہی مادہ یا میکانیت کی تخلیق کرتا ہے۔

1993ء میں آئی بی ایم ٹی جے واٹسن ریسرچ سینٹر نیویارک کے طبیعات داں CHARLES BANETT اور ان کے ساتھی محققین نے اس امر کی تصدیق کی کہ روشنی کی رفتار سے سفر ممکن ہے اور اس نظریہ کو عملی جامہ پہنانے کے لئے کوانٹم فزکس سے مدد لی گئی۔

## کوانٹم فزکس:

کوانٹم فزکس سائنس کی وہ شاخ ہے جس کے قوانین و نظریات کائنات کی باریک ترین جوہری ذرّات کے اسرار و رموز کو جاننے اور ان کے قوانین اور اسرار و رموز کی وضاحت کرنے کی کوشش کرتی ہے۔ کوانٹم فزکس کے سائنسدانوں نے دعویٰ کیا ہے کہ یہ ممکن ہے کہ انسانوں کو کائنات کے ایک گوشے سے کسی بھی دوسرے گوشے میں روشنی کی رفتار سے منتقل کیا جا سکے۔



Marfat.com

راہ میں چلتے ہوئے پانی کی قلّت دیکھی
واسطے پانی کے آقاؐ نے دعا بھی مانگی
اللہ نے آپؐ کی مرضی سے گرایا پانی
سارے اصحابؓ نے جی بھر کے پیا تھا پانی

## تبوک کا چشمہ

اپنے اصحابؓ سے فرمان تھا یہ آقاؐ کا
اللہ نے چاہا تو کل چشمے پہ لشکر ہوگا
اس پہ پہنچیں گے بلندی پہ جو سورج ہوگا
پانی پینے سے بھی ہر حال میں رُکنا ہوگا
آخرِکار تبوک کا وہ چشمہ آیا
ایک باریک سی دھاری سا تھا پانی آتا
آپؐ نے دست مبارک کو رکھا چشمے پے
پھر روانی سے بہا پانی لگا ہاتھوں سے

Marfat.com

## وقت کے بارے میں اسٹیفن ہاکنگ کی رائے:

موجودہ دور کے معروف سائنسدان اسٹیفن ہاکنگ نے اپنی کتاب میں لکھا ہے کہ ہمیں یہ تسلیم کرنا ہوگا کہ مکان، زمان سے مکمل طور پر آزاد اور الگ نہیں ہے بلکہ وہ اس سے مل کر ایک اور شے بناتا ہے جسے زمان و مکان TIME AND SPACE کہتے ہیں چنانچہ زمان و مکان کی حقیقی حیثیت کے پیش نظر کہیں وقت مسلسل پھیلا ہوا دکھائی دیتا ہے تو کہیں وہ سکڑ کر محض چند ثانیوں میں سمٹ آتا ہے۔

نظریہ اضافت کے مطابق مطلق وقت ABSOLUTE TIME کچھ معنی نہیں رکھتا۔ ہر فرد اور شے کے لئے وقت کا ایک الگ پیمانہ ہوتا ہے جس کا انحصار اس حقیقت پر ہوتا ہے کہ وہ کس اسپیس میں کس طریقے سے محو حرکت ہے۔

ہم جس چیز کو وقت سمجھتے ہیں دراصل یہ ایک طریقہ ہے جس کے ذریعے ہم ایک لمحے کا موازنہ دوسرے لمحے سے کرتے ہیں۔

## وقت الہامی کتابوں کے مطابق:

یہ تو تھی وقت کی سائنسی تشریح۔ اب الہامی راہنمائی DIVINE GUIDENCE کی طرف آتے ہیں۔ قرآن پاک سے وقت کی مختلف جہتوں اور زون کے بارے میں راہنمائی ملتی ہے۔ بعض آیات سے پتا چلتا ہے کہ وقت مختلف حالات میں مختلف رفتار سے بڑھتا ہے۔ کائنات کے مختلف خطوں میں وقت کی کیفیت و کمیت میں فرق ہوتا ہے۔

قرآن کریم میں ارشاد ہے۔

هُوَ الَّذِیْ جَعَلَ الشَّمْسَ ضِیَآءً وَّ الْقَمَرَ نُوْرًا وَّ قَدَّرَهٗ مَنَازِلَ لِتَعْلَمُوْا عَدَدَ السِّنِیْنَ وَالْحِسَابَ

وہی ہے جس نے سورج کو روشن اور چاند کو منور کیا اور اس کے گھٹنے بڑھنے کے لئے منزلیں ٹھیک ٹھیک مقرر کیں تا کہ تم برسوں اور تاریخوں کے حساب معلوم کرو۔ (سورۃ یونس، پارہ 11، آیت 5)

اس آیت پر غور کرنے پر معلوم ہوتا ہے کہ چاند سورج اور زمین کی انفرادی حرکت اور ان میں روشنی حرارت اور کشش کے باہمی واقعاتی ربط سے وقت کا احساس پیدا ہوتا ہے جب اِنسان موت کے بعد اس دنیاوی زندگی کے زون سے نکل جائے گا تو وہ محسوس کرے گا کہ اس کو بہت مختصر سی زندگی دی گئی ہے۔

یَوْمَ یَدْعُوْكُمْ فَتَسْتَجِیْبُوْنَ بِحَمْدِهٖ وَ تَظُنُّوْنَ اِنْ لَّبِثْتُمْ اِلَّا قَلِیْلًا ﴿۵۲﴾

جس دن بروز قیامت وہ تمہیں پکارے گا تو تم اس کی تعریف کے ساتھ جواب دو گے اور خیال کرو گے کہ تم دنیا میں بہت کم مدت رہے۔ (سورۃ بنی اسرائیل، پارہ 15، آیت 52)

قرآن کریم میں بے انتہا تیز رفتاری کے ساتھ پیش آنے والے واقعات کا ذکر بھی ملتا ہے۔



Marfat.com

اور فرمایا ہرا ایسا یہ جنگل ہوگا
دیکھے گا تم میں اسے وہ ہی جو ہوگا زندہ
پھر گرج اور کڑک جیسی تھی آواز آئی
نہر کی طرح ہُوا چشمے سے پانی جاری

## تیز آندھی

راستے میں یا تبوک میں یہ بات کی تھی
آج اس رات کو اک تم پہ چلے گی آندھی
اس لیے کہتا ہوں اس وقت اُٹھے نہ کوئی
اونٹ ہے جس کا اُسے باندھے وہ پکی رسّی
اک صحابیؓ نے یہ آقاؐ کا حکم نہ مانا
اُس کو آندھی نے پہاڑوں کے تھا بیچ پھینکا

## ذوالبجادین کی وفات

ذوالبجادین لقب ایک صحابیؓ کا تھا
نام تھا ان کا حسیں اور یہ تھا عبداللہ

Marfat.com




Marfat.com

ذوالبجادین انہیں آپؐ کہا کرتے تھے
ایک چادر تھی جنہیں آپؐ لیا کرتے تھے
ہاں تو جس روز مسلمان ہوئے تھے مزنی
اپنی ہی قوم کے یہ قیدی بنے تھے مزنی
مال واسباب سے کپڑوں سے ہوئے تھے محروم
سنگدلی پہ اُتر آئی تھی ان کی قوم
قید سے اپنے عزیزوں کی نکل آئے تھے
اور قدموں میں نبیؐ جی کے پہنچ پائے تھے
اپنی چادر کے کیئے ٹکڑے وہاں دو ایسے
ایک تہہ بند بنا ثانی کو اوڑھا لیتے
ابن مسعودؓ صحابی ہیں روایت کرتے
ذولبجادین بہت اعلیٰ ہوئے قسمت کے
پائی جس روز وفات تھی صحابیؓ اس نے
ان کی تُربت میں نبیؐ پاک تھے پہلے اُترے

Marfat.com

وَلَقَدْ خَلَقْنَا الْإِنسَانَ وَنَعْلَمُ مَا تُوَسْوِسُ بِهِ نَفْسُهُ
وَنَحْنُ أَقْرَبُ إِلَيْهِ مِنْ حَبْلِ الْوَرِيدِ

AND WE HAVE ALREADY CREATED MAN AND KNOW WHAT HIS SOUL WHISPERS TO HIM, AND WE ARE CLOSER TO HIM THAN HIS JUGULAR VEIN.

QURAN 50:16




Marfat.com

آقاؐ نے آپؐ لٹایا تھا انہیں تربت میں
عمرؓ و صدیقؓ تھے موجود وہاں خدمت میں

## ابن لعیت منافق

اونٹنی آپؐ کی چرنے کے لیے چل نکلی
اک جگہ پہنچی وہاں شاخ سے رسی اُلجھی
اک منافق نے وہاں بات انوکھی کر دی
غیب کی باتیں بتاتے ہیں تمہارے یہ نبیؐ
اونٹنی اُن کی کہاں پر ہے بتا دیں گر وہ
پھر یہ مانو کہ جانیں ہیں سبھی غیبوں کو
سن کے باتیں یہ منافق کی نبیؐ جی بولے
ایسی اُلجھی ہے پہاڑی میں کسی شاخ سے
آ کے اصحابؓ مکرم نے جو حالت دیکھی
ہو بہ ہو آپؐ کی ہر بات تھی ویسی نکلی

Marfat.com

وَ مَآ اَمْرُنَآ اِلَّا وَاحِدَةٌ كَلَمْحٍۭ بِالْبَصَرِ ﴿۵۰﴾

اور ہمارا حکم تو فقط یک بارگی واقع ہو جاتا ہے جیسے آنکھ کا جھپکنا۔
(سورۃ قمر، پارہ 27، آیت 50)

کئی آیات سے یہ رہنمائی ملتی ہے کہ وقت مختلف حالات میں مختلف رفتار سے بڑھتا ہے۔

يُدَبِّرُ الْاَمْرَ مِنَ السَّمَآءِ اِلَى الْاَرْضِ ثُمَّ يَعْرُجُ اِلَيْهِ فِىْ يَوْمٍ كَانَ مِقْدَارُهٗٓ اَلْفَ سَنَةٍ مِّمَّا تَعُدُّوْنَ ﴿۵﴾

وہ ہر کام کی تدبیر کرتا ہے۔ آسمان سے زمین تک پھر اسی کی طرف رجوع کرے گا اس دن کہ جس کی مقدار تمہارے حساب میں ایک ہزار برس ہے۔
(سورۃ سجدہ، پارہ 21، آیت 5)

وَاِنَّ يَوْمًا عِنْدَ رَبِّكَ كَاَلْفِ سَنَةٍ مِّمَّا تَعُدُّوْنَ ﴿۴۷﴾

بے شک تمہارے پروردگار کے نزدیک ایک روز تمہارے حساب کے رو سے ہزار برس کے برابر ہے۔ (سورۃ حج، پارہ 17، آیت 47)

تَعْرُجُ الْمَلٰٓئِكَةُ وَالرُّوْحُ اِلَيْهِ فِىْ يَوْمٍ كَانَ مِقْدَارُهٗ خَمْسِيْنَ اَلْفَ سَنَةٍ ﴿۴﴾

جس کی طرف رُوح الامین اور فرشتے چڑھتے ہیں اس روز نازل ہو گا جس کا اندازہ پچاس ہزار برس کا ہو گا۔
(سورۃ معارج، پارہ 29، آیت 4)

واقعہ معراج وقت کے مختلف زون اور وقت کے مختلف اسرار کی طرف نوع اِنسانی کی رہنمائی کرتا ہے حضرت سلیمانؑ، حضرت عزیرؑ اور اصحاب کہف کے واقعات بھی وقت کے بارے میں اِنسان کو تحقیق کی دعوت دے رہے ہیں۔

## مسلم مفکّرین کی وقت کے بارے میں رائے:

مسلم فلسفیوں فارابی، ابن رشد اور ابن سینا کے نظریات پر غزالی اور ابن رشد کے درمیان مباحث میں زماں کی ماہیت پر دلچسپ بحث ملتی ہے۔ اسی طرح ابن مسکویہ، رازی، رومی، شاہ ولی اللہ اور دیگر مسلم مفکّرین نے اس حوالے سے خیال افروز نکات بیان کئے جو اس مسئلے کی مختلف جہتوں کی جانب اشارے کرتے ہیں۔

اِسلامی تصوّف میں زمان و مکان کے موضوع پر خالصتاً علمی نوعیت کی بحث کی گئی ہے اور ان کی تشریحات بھی عام لوگوں کی شعوری استعداد سے بہت بلند ہیں۔ اس لئے جہاں کہیں بھی ٹائم اینڈ اسپیس زمان و مکاں کا تذکرہ ہوتا ہے وہاں مسلم صوفیاء کے ارشادات کا تذکرہ خال خال ہی کیا جاتا ہے۔ ضرورت ہے کہ ان تمام افکار و مباحث کا جائزہ لے کر تجسس اور تحقیق کو آگے بڑھایا جائے۔

اہلِ رُوحانیت ان ٹائم زون کو درج ذیل تین حصوں میں متعارف کراتے ہیں۔



Marfat.com

## رستے میں حضورؐ کا معمول

رستے میں جب بھی کبھی وقت نماز آتا تھا
اس جگہ آپؐ کا معمول ہُوا کرتا تھا
سنت شاہِؐ دو عالم کی تھی تنویر بھی
جمع تقدیم کیا کرتے تھے تاخیر بھی
ظہر کے ساتھ پڑھا کرتے نماز عصر
یا کبھی عصر کے ہمراہ نمازِ ظہر
وقت مغرب تھے ادا کرتے نماز عشاء
یا کبھی وقت عشاء کرتے تھے مغرب ادا

## اسلامی لشکر تبوک میں

گھوڑوں کے قدموں میں میدان تبوک آیا
اس جگہ آپؐ کے لشکر نے پڑاوَ ڈالا
اپنے خیّام لگانے کے لیے رہبرؐ نے
اہل لشکر کو دیا خطبہ نبیؐ اطہر نے

Marfat.com

1- زمانِ حقیقی REAL TIME

2- زمانِ غیر متواتر NON SERIAL TIME

3- زمانِ متواتر SERIAL TIME




## حضرت شاہ ولی اللہؒ کی رائے:

شاہ ولی اللہؒ ان تین زمانوں کو زمان سرمدی، زمان دوہری اور زمان لیل ونہار کا نام دیتے ہیں۔

## حضرت علامہ اقبالؒ کا نظریہ:

مشرق کے ممتاز فلسفی اور شاعر علامہ اقبالؒ نے بھی وقت کے اسرار ورموز پر غور کیا اقبالؒ کے کلام جاوید نامہ میں کئی فارسی اشعار وقت کے بارے میں علامہ اقبالؒ کے غور وفکر کی شہادت دے رہے ہیں۔ اقبالؒ نے اسرار خودی میں یہ بھی کہا کہ وقت گردش خورشید سے پیدا نہیں ہوتا کیونکہ خورشید فانی ہے اور وقت جاودانی ہے۔ وقت کے بارے میں اپنے ایک تصور کو علامہ اقبالؒ نے ان اشعار میں پیش کیا ہے۔

فریب نظر ہے سکون و ثبات
تڑپتا ہے ہر ذرّہ کائنات
ٹھہرتا نہیں کاروان وجود
کہ ہر لحظہ ہے تازہ شان وجود
سمجھتا ہے تو راز ہے زندگی
فقط ذوق پرواز ہے زندگی

پیائشی ٹائم SERIAL TIME اور غیر پیائشی ٹائم NON SERIAL TIME پر علامہ اقبالؒ کی سوچ کا اظہار ان اشعار میں ہو رہا ہے۔

تیرے شب و روز کی اور حقیقت ہے کیا
ایک زمانے کی رو جس میں نہ دن ہے نہ رات

اس طرف اقبالؒ کا یہ شعر بھی ایک اشارہ ہے:

زمانہ ایک حیات ایک کائنات بھی ایک
دلیل کم نظری قصہ جدید و قدیم



Marfat.com

میلوں تک فوج نہ قیصر کی کہیں بھی پائی
ہوگی موجود کہیں لڑنے نہ ہرگز آئی
خوف کی لہر بھی دوڑی تھی وہاں حلقوں میں
ٹکڑوں میں بٹتی گئی فوج وہاں شہروں میں
اس قدر خوف بھی طاری تھا کفر زادوں پر
اور تھا رحم و کرم آج مسلمانوں پر
حاکم ایلہ نے سرکارؐ کے پاس آ کے
صلح و جزیہ ادا کرنے کے کر لے وعدے
جزیا و ازرح کے لوگ بھی سارے آئے
ان پہ بھی رحم و کرم پاک کے پھیلے سائے
امن و امان کی تحریر حوالے کر دی
قافلے ان کے ہوں محفوظ تو جانیں اُن کی

Marfat.com

زمان و مکان دو چیزیں نہیں ہیں۔ روشنی سے ملنے والی اطلاعات کی وہ سطح جو نظر سے اوجھل ہے اس کا نام زمان یا TIME ہے۔ اور جو سطح نظر کے سامنے ہے اس کا نام مکان یا SPACE ہے۔

اپنے تحقیقی مقالے میں اقبالؒ نے اس موضوع پر ان الفاظ میں اظہار خیال کیا ہے:

"To exist in real time is not to be bound by the fetters of serial time, but to create it from moment to moment and to be absolutely free and original in creation, in fact all Creative activity as Free Activity" (The Reconstruction of Religious Thoughts in Islam)

**ترجمہ: "خالص وقت میں رہنے کے معنی ہیں پیائشی وقت کی زنجیروں سے آزاد ہونا اور لحہ بہ لحہ تخلیق میں مصروف رہنا اور اپنی تخلیق میں آزاد اور تازہ کار ہونا۔ در حقیقت تمام تخلیقی عمل آزاد عمل ہے"۔**

## وقت کے بارے میں حضور قلندر بابا اولیاؒ کا نظریہ:

عصر حاضر کے عظیم صوفی بزرگ اور رُوحانی مفکّر حضرت محمد عظیم برخیا المعروف حضور قلندر بابا اولیاؒ نے اس موضوع پر نہایت آسان پیرائے میں اظہار خیال کیا ہے۔ قلندر باباؒ کے مطابق زمان و مکان حرکت کے دو رُخ ہیں۔ جس رُخ میں تغیّر نہ ہو وہ زمان TIME ہے۔ جو رُخ متغیر ہو وہ مکان SPACE ہے۔

آپؒ تحریر فرماتے ہیں:

"وہ تمام صفات جو کسی ہستی، کردار یا زندگی کی اصلیں ہیں ان کا قیام زمان کے اندر ہے۔ ان اصلوں میں کوئی تغیر واقع نہیں ہوتا کیوں کہ اس کا مستقر یا مرکز زمان ہے۔ جو غیر متغیر ہے حرکت کا وہ رُخ جو زمان کے برعکس ہے مکاں کہلاتا ہے۔ ہر قسم کا تغیر اس ہی رُخ میں ہوتا ہے"۔

قلندر بابا اولیاؒ نے اپنی کتاب لوح و قلم میں وقت کی حقیقت پر روشنی ڈالی ہے انہوں نے زمان کی تین اقسام بیان کی ہیں۔

### 1۔ زمان حقیقی REAL TIME

زمان حقیقی (غیب الغیب TIME LESSNESS نُور غیر متغیر) جس کا تعلق کائناتی شعور سے ہے۔

### 2۔ زمان غیر متواتر NON SERIAL TIME

زمان غیر متواتر (غیب NON SERIAL TIME نُور متغیر) ہم اس کا مشاہدہ عالم خواب میں کرتے ہیں۔



Marfat.com

# رسول اللہ ﷺ کا خالدؓ بن ولید کو اُکیدرِ دومہ کی طرف روانہ فرمانا

حاکم دومتہ اُکیدر پہ تھے خالدؓ آئے
چار سو بیس صحابہؓ کو وہ ساتھ لائے
اُن کو سرکار ﷺ مقدس نے تھا یوں فرمایا
کر رہا ہوگا شکار وہ وہاں گائے کا
تھا یہ نصرانی تو نسبت میں بنی کندہ تھا
ایک مضبوط سے مضبوط قلعے میں رہتا
چاندنی رات میں لشکر جو چلا آیا تھا
اس قدر آیا قریب اور قلعہ دیکھا تھا
واقعہ ایسا ہوا رات کو گائے نکلی
اور قلعے کے وہ دروازے پہ گائے پہنچی
اس نے دروازے پہ اس زور سے ٹکر ماری
سن کے آواز اکیدر کی تھی بیوی آئی

Marfat.com

## 3۔ زمان متواتر SERIAL TIME

زمان متواتر (عالم شہادت SERIAL TIME نسمہ) یہ عالم ناسوت یعنی مادی دنیا میں جاری وساری رہتا ہے۔

قلندر بابا اولیاء فرماتے ہیں:

"زمان حقیقی اللہ تعالیٰ کا علم (علم حضوری) ہے۔ یہ وہ شعور ہے جو کائنات کے ہر ذرّہ میں کارفرما ہے۔ جب یہ شعور کائنات میں کام کرتا ہے۔ تو کائنات اس کو اپنا ذاتی شعور جانتی ہے۔ اور جب یہ شعور ذرّہ میں کام کرتا ہے تو ذرّہ اس کو اپنا انفرادی شعور سمجھتا ہے۔ جب تک یہ شعور کائنات سے ماوراء ہے زمان حقیقی ہے۔ جب کائنات میں سماجاتا ہے تو زمان غیر متواتر کہلاتا ہے اور جب ذرّہ کے اندر حرکت کرتا ہے تو زمان متواتر بن جاتا ہے"۔

دراصل زمان حقیقی اور زمان غیر متواتر دونوں ہمارے لاشعور میں موجود ہوتے ہیں قلندر بابا اولیاءؒ فرماتے ہیں:

"زمان اور مکان کی بہت واضح مثال راستہ اور مسافر سے دی جاسکتی ہے۔ راستہ زمان اور مسافر مکان۔ اگرچہ مسافر کا انہماک خود میں یعنی اپنے آثار و احوال میں ہوتا ہے تاہم مسافر بغیر راستہ کے اپنی ہستی قائم نہیں رکھ سکتا وہ راستہ سے کتنا ہی غافل رہے لیکن یہ ناممکن ہے کہ وہ راستہ سے لاتعلق ہو جائے۔ مسافر کی تمام حرکات و سکنات سارا کردار زندگی کی طرزیں اور فکریں راستہ کی حدود سے باہر نہیں جاسکتیں۔ اِنسانی زندگی میں راستہ لاشعور ہے اور مسافر شعور ہے۔"

ظاہری حواس میں اِنسان ایک لمحے میں ایک شے یا فعل کی جانب متوجہ ہو سکتا ہے۔ حواس کی یہ پابندی زمان متواتر یا SERIAL TIME کی تخلیق کرتی ہے زمان متواتر میں وہ تمام واقعات ایک تسلسل یعنی سیکنڈ، منٹ، گھنٹہ، دن وغیرہ کی صورت میں ظاہر ہوتے ہیں۔ پیر کے بعد جمعرات کا دن اس وقت تک نہیں آسکتا جب تک منگل اور بدھ نہ گزر جائیں۔

ظاہری حواس میں زمان متواتر کا لمحہ ہمارے لئے شعور میں ہوتا ہے۔ مگر اس کے ساتھ ہی زمان غیر متواتر NON SERIAL TIME میں اِنسان ترتیب کا پابند نہیں ہوتا مثلاً ہم دس سال پرانا کوئی واقعہ یاد کرنا چاہیں تو اس کے لئے ہمیں پورے دس سال کے واقعات ترتیب وار یاد کرنے کی ضرورت نہیں پڑتی۔ بلکہ فوراً ہی اس واقعہ کا لمحہ ہمارے ذہن میں آجاتا ہے۔ زمان غیر متواتر کی ایک مثال خواب دیکھنا بھی ہے۔

اگر اِنسان خواب یا نیند کے حواس کو بیداری میں منتقل کرنا سیکھ لے تو وہ زمان متواتر SERIAL TIME کی قید سے آزاد ہو جائے گا اور اپنی خواہش کے مطابق زمان و مکان میں سفر کرے گا۔

نُور کی لہریں جو ہمیں اطلاعات فراہم کرتی ہیں ظاہر میں مادی اشیاء کی تخلیق کرتی ہیں۔ مخلوقات کا آپس میں ربط اور تعلق برقرار رکھتی ہیں۔



Marfat.com

جنگلی گائے کو جو دیکھا تھا تو دیکھی ٹکریں
اپنے شوہر سے لگی جا کے وہ کرنے باتیں
تم نے دیکھا ہے کبھی گائے کو ایسے آتے
بولا وہ میں نے نہیں دیکھا کبھی یوں ہوتے
چھوڑتا ہوں میں کہاں اس کو اگر آئی ہے
یہ جو جنگل کی مجھے گائے نظر آئی ہے
لے کے ہتھیار چلا اس کو شکار کرنے
لے لیا بھائی تو کچھ لوگ لیے ساتھ اپنے
گائے کے پیچھے سبھی لوگ چلے جاتے تھے
سامنے ان کے مسلمان چلے آتے تھے
ان شکاریوں کو کر ڈالا شکار ایسا
بھائی جو اُس کا وہاں آیا گیا تھا مارا
تھی وہ دیباج کی پہنی تھی قبا جو اس نے
اس قدر سونا لگا رکھا تھا اُس نے اس پے

Marfat.com

## وقت کی زمینی اکائیاں:

### آٹو سیکنڈ ATTOSECOND:

ایک سیکنڈ کے اگر ایک کروڑ حصے کئے جائیں تو جو ایک حصّہ حاصل ہو اس کے بھی ایک کروڑ حصے کئے جائیں تو اس ایک حصے کو ایک ATTOSECOND کہیں گے۔ ایٹم کے اندر حرکت ATTOSECOND میں ہوتی ہے۔

### پیکو سیکنڈ PICOSECOND:

ایک سیکنڈ کے اگر ایک کروڑ حصے کئے جائیں اور پھر جو ایک حصّہ حاصل ہو اس کے مزید ایک ہزار حصے کئے جائیں تو ہزارویں حصے کو (یعنی ایک سیکنڈ کے 10 ارب ویں حصّہ کو) PICOSECOND کہتے ہیں۔ ہائیڈروجن کا ایٹم دوسرے عناصر کے ساتھ مل کر جو مرکبات بناتا ہے اس میں چند PICOSECOND سیکنڈ لگتے ہیں۔

### نینو سیکنڈ NANOSECOND:

ایک سیکنڈ کے ایک ارب ویں حصے کو کہتے ہیں۔

### مائیکرو سیکنڈ MICROSECOND:

اگر ایک سیکنڈ کے 10 لاکھ حصے کئے جائیں تو ایک حصے کو MICROSECOND سیکنڈ کہتے ہیں۔

### ملی سیکنڈ MILLISECOND:

ایک سیکنڈ کے ہزارویں حصے کو MILLISECOND کہتے ہیں۔

### ایک سیکنڈ:

اِنسانی دل ایک سیکنڈ میں تقریباً ایک مرتبہ دھڑکتا ہے۔ جتنی دیر میں دل ایک مرتبہ دھڑکتا ہے اتنے دیر میں چاند کی روشنی زمین تک پہنچتی ہے۔

### ایک گھنٹہ HOUR :

60 سیکنڈ کو جمع کیا جائے ایک منٹ بنتا ہے۔ 60 منٹ کو جمع کریں تو اس وقفے کو ایک گھنٹہ کہتے ہیں۔



Marfat.com

لے کے اصحابؓ قبا اُس کی تبوک آئے
دیکھتے اس کو وہاں جو بھی تعجب کرتے
دیکھی حالت جو صحابہؓ کی تو بولے آقاؐ
سن لو یہ بات حقیقت میں بھی ہے یہ ایسا
جس کے قبضہ میں ہے جاں میری ہے بہتر اس سے
حضرت سعدؓ کا رومال جو جنّت میں ہے
لے کے خالدؓ اُکیدر کو تبوک آئے
تھے جو حالات اکیدر کے سبھی بتلائے
کر دیا اُس کو رہا آقاؐ نے جزیہ لے کے
رہ کے دس روز تبوک میں مدینے لوٹے

## تبوک سے واپس آنے کے بعد مسجد ضرار کا بیان

جب نبیؐ پاک ذی اوان مقام پہنچے
جنگ تبوک سے واپس وہ مدینے آئے

Marfat.com

دن SOLAR DAY :

زمین کو اپنے محور پر اپنا چکر پورا کرنے میں 23.934 گھنٹے یعنی 23 گھنٹے 56 منٹ اور 4 سیکنڈ لگتے ہیں۔

ہفتہ WEEK:

7 دنوں کا مجموعہ ہوتا ہے۔ اور مہینے میں 28 سے 31 دن ہوتے ہیں اور ایک سال میں 12 مہینے ہوتے ہیں۔ اس حساب سے ہر ماہ کی مدت 30.43 دن ہوتی ہے۔

سال SOLAR YEAR :

اِنسانی تحقیق کے مطابق ایک سال کی مدت 365.2425 دن ہے ایک عام سال 365 دن اور لیپ کا سال 366 دن کے برابر ہوتا ہے۔ سو سال کی ایک صدی اور ہزار سال کا ایک قرن یا MELLENIUM ہوتا ہے۔

## زمان میں ردّوبدل:

غور کیا جائے تو یہ ظاہری زندگی کا عام مشاہدہ ہے کہ ہم زمان یا ٹائم کی گرفت کو اپنے اوپر سے توڑ بھی سکتے ہیں اور اپنے اوپر مسلط بھی کر لیتے ہیں۔ مثلاً ہمیں کوئی کام کرنا ہے۔ اس کام کو اگر قاعدے اور طریقے سے کیا جائے تو وہ ایک گھنٹے میں پورا ہو جاتا ہے۔ لیکن اگر ہم نہ چاہیں تو یہ ایک گھنٹے کا کام ہفتوں اور مہینوں میں بھی پورا نہیں ہوتا۔

ایک کام کرنا ہے اب سوچنا شروع کر دیجئے کہ یہ کام کرنا ہے۔ اس سوچ میں کہ یہ کام کرنا ہے، ہفتوں بھی لگ سکتے ہیں، مہینوں بھی لگ سکتے ہیں۔ سالوں بھی صرف ہو سکتے ہیں اور اگر ہم فوری طور پر کام شروع کر دیں تو یہ کام منٹوں، گھنٹوں یا دنوں میں پورا ہو جاتا ہے بات وہی ہے جو پہلے کہی جا چکی ہے زمان کا مختصر کرنا یا طویل کرنا انسان کا اپنا اختیاری عمل ہے۔

کہا جاتا ہے کہ زندگی کا وقت معیّن ہے۔ لیکن مشاہدات اور تجربات اس بات کا انکشاف کر رہے ہیں کہ زندگی کے ماہ و سال بھی آدمی اپنے اختیار اور ارادے سے گھٹا اور بڑھا سکتا ہے۔ ایک آدمی ان عوامل میں زندگی گزارتا ہے جن میں زندگی میں کام آنے والی طاقتوں اور صلاحیتوں کا اِسراف بے جا ہوتا ہے۔ وہ ایسی غذائیں استعمال کرتا ہے جن سے آدمی کی صحت متاثر ہوتی ہے۔ اس کے دماغ پر غم و فکر کے ایسے خیالات چھائے رہتے ہیں جن کے دباؤ سے اس کے اعصاب مضمحل اور ڈھیلے پڑ جاتے ہیں، نتیجے میں ایسے آدمی کی عمر کم ہوتی ہے۔

اس کے برعکس ایک آدمی لوازمات زندگی کو بہت مختصر کر دیتا ہے۔ غم و آلام اور فکر کو اپنے قریب پھٹکنے نہیں دیتا، ایسی



Marfat.com

بانی مسجد ضرّار ہوئے تھے حاضر
بولے کہ ہم نے بنا رکھا ہے اللہ کا گھر
جب بھی جاڑے میں کہیں لوگوں کا جانا ہوگا
یا کبھی رات اندھیری میں ٹھہرنا ہوگا
واسطے ان کے بڑی اچھی یہ مسجد ہوگی
اور آرام انہیں دے گی یہ مسجد اُن کی
یا نبیؐ آپ بھی تشریف یہاں لے آئیں
کوئی تو ایک نماز آپؐ یہاں پڑھائیں
ربّ اطہر نے وہ حالات تمام اُس کے
اپنے محبوبؐ محمدﷺ کو بتا دیے تھے
سورۃِ توبہ میں آیاتِ مبارک اُتریں
یہ جو مسجد تھی نئی اس کی تھیں ساری باتیں
بیٹھ کے اس میں منافق تھے جو سازش کرتے
دعوتِ حق کو نقصان بہت پہنچاتے

Marfat.com

غذائیں استعمال نہیں کرتا جو خون کو کمزور کرتی ہیں یعنی تمبا کو، منشیات وغیرہ ایسے صاف ستھرے ماحول میں رہتا ہے۔ جہاں فضا زہر آلود نہیں ہوتی نتیجے میں ایسے آدمی کی عمر بڑھ جاتی ہے۔

یہ وضاحت ہے اس بات کی کہ زمانیت کے بھی دو رخ ہیں۔ ایک رخ وہ ہے جس میں آدمی کے اندر کام کرنے والی انرجی (Energy) یعنی وہ صلاحیت، وہ طاقت یا وہ لہریں جو اس کی زندگی کو قائم رکھتی ہیں اتنی زیادہ خرچ ہوتی ہیں کہ آدمی اعصابی طور پر کمزور ہو جاتا ہے۔ اس کے اعصاب جواب دے جاتے ہیں اور وہ بالآخر مر جاتا ہے۔ زمانیت کا دوسرا رخ وہ ہے کہ جس رخ میں کام کرنے والی لہریں ضرورت کے مطابق خرچ ہوتی ہیں۔ اِسراف بے جا نہیں ہوتا چونکہ لہریں اعتدال میں خرچ ہوتی ہیں اس لئے ان کا ذخیرہ محفوظ رہتا ہے۔ ذخیرہ محفوظ رہنے سے آدمی کے اندر صلاحیتیں زیادہ طاقتور ہو جاتی ہیں اور وہ اس طاقت سے زمانیت کو مختصر اور بہت مختصر کر سکتا ہے۔

روحانیت میں مراقبہ ایک ایسا عمل ہے جس کے ذریعہ اس بات کی کوشش کی جاتی ہے کہ انسان کے اندر لہروں کا ذخیرہ زیادہ سے زیادہ حد تک محفوظ رہ سکے اور اس ذخیرے کی طاقت سے اس کا اپنا اختیار اور ارادہ اس طرف سفر کرنے لگے جہاں سکون اور راحت کی زندگی موجود ہے۔

ہم نے جس طاقت کو لہروں کا نام دیا ہے، سائنسدان ان لہروں کا نام (Calories) رکھتے ہیں۔

حوالہ جات:

1۔ ماہنامہ "رُوحانی ڈائجسٹ"، شمارہ جنوری 2016

2۔ ماہنامہ "رُوحانی ڈائجسٹ"، شمارہ اپریل 2007

3۔ کتاب" روح کی پکار" از الشیخ خواجہ شمس الدین عظیمی، باب زمان کی حدود، صفحہ نمبر 41 تا 42



Marfat.com

آپؐ نے مالکؓ و معنؓ عدی تھے بھیجے
دونوں اصحاب محمد ﷺ جو سگے بھائی تھے
دونوں شخصوں کو دیا حکم جلا دو اس کو
ظالموں کی ہے جو مسجد یہ گرا دو اس کو
اس کو پھر آگ لگا ڈالی انہوں نے آ کے
تھے جو موجود وہاں لوگ وہاں سے بھاگے

## مدینہ کو واپسی

جنگ تبوک سے لوٹے تھے مجاہد سارے
آج منصور و مظفر تھے صحابہؓ پیارے
لشکرِ روم کے حامی جو بنے بیٹھے تھے
وہ مسلمانوں کے اب حامی بنے جاتے تھے
جنگی حالات میں اللہ نے اعانت کی تھی
ان مسلمانوں کو کافی تھی اُسی کی ہستی

Marfat.com

موضوع 84 / 57 شک THE DOUBT

سُوْرَةُ يُوْنُس (JONAH)

بِسۡمِ اللهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

وَمَا كَانَ هٰذَا الۡقُرۡاٰنُ اَنۡ يُّفۡتَرٰى مِنۡ دُوۡنِ اللّٰهِ وَلٰكِنۡ تَصۡدِيۡقَ الَّذِىۡ بَيۡنَ يَدَيۡهِ وَتَفۡصِيۡلَ الۡكِتٰبِ لَا رَيۡبَ فِيۡهِ مِنۡ رَّبِّ الۡعٰلَمِيۡنَ ﴿۳۷﴾

ترجمہ: یہ قرآن کوئی ایسی چیز نہیں جو اللہ کی وحی کے بغیر گھڑ لیا گیا ہو بلکہ یہ تو تصدیق ہے ان کی جو اس کے پہلے سے موجود ہیں اور یہ الکتاب کی تفصیل ہے۔ اس کے رب العالمین کی طرف سے ہونے میں کسی شک کی گنجائش موجود نہیں۔

*And this Qur'an is not such as could ever be invented in despite of Allah; but it is a confirmation of that which was before it and an exposition of that which is decreed for mankind. Therein is no doubt from the Lord of the Worlds.*

## خیال، اطلاع اور وہم:

ہماری پوری زندگی خیال کے گرد گھومتی ہے۔ کائنات اور ہمارے درمیان جو مخفی رشتہ ہے وہ بھی خیال پر قائم ہے۔ رُوحانیت میں خیال اس اطلاع کا نام ہے جو ہر آن، ہر لمحہ ہمیں زندگی سے قریب کرتی ہے۔ پیدائش سے بڑھاپے تک زندگی کے سارے اعمال محض اطلاع کے دوش پر رواں دواں ہیں۔ کبھی ہمیں اطلاع ملتی ہے کہ ہم ایک بچہ ہیں۔ پھر ہمیں یہ اطلاع ملتی ہے کہ یہ دور جوانی کا ہے اور پھر یہی اطلاع بڑھاپے کا روپ دھار لیتی ہے۔

ضرورت اس امر کی ہے کہ زندگی کو لحہ بہ لحہ فیڈ کرنے والی اطلاع یا خیالات کے اندر شکست وریخت کو کم سے کم کیا جائے۔ یہ جان لینا بھی ضروری ہے کہ قوت ارادی کی کمزوری کی سب سے بڑی وجہ دماغ میں شک کی موجودگی ہے۔ آدمی زندگی کے تمام مراحل وقت کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑوں میں طے کرتا ہے یعنی ایک سیکنڈ کے بعد دوسرا سیکنڈ ایک منٹ کے بعد دوسرا منٹ وغیرہ۔



Marfat.com

واپسی آتے ہوئے دیکھے نقوشِ طیبہ
پھر یہ فرمایا خوشی سے ہی کہ ہے یہ طابہ
جبلِ اُحد کو جو دیکھا تو نبیؐ یوں بولے
کرتے ہیں اس سے محبّت تو کرے یہ ہم سے

## حجۃ الوِداع

ہجرتِ مکّہ کے بعد ایک ادا حج کیا
ساتھ ہی اس کے حضوؐر نے کیا تھا عمرہ
ماہِ ذی قعد کی پچیں وہ تاریخ تھی
ظہر کے بعد مدینے سے سواری نکلی
ذوالحلیفہ میں ادا عصر نماز کر لی
اور طیبہ میں مقرر تھا کیا نائب بھی
عام اعلان بھی فرمایا نبیؐ اطہر نے
ساتھ جانا ہے جسے حج پہ وہ آ جائے

Marfat.com

وسوسوں اور شک کی بنیاد وہم اور یقین پر ہے۔ بہت سی باتیں ہیں جن کو آدمی دشواری، مشکل، پریشانی، بیماری، بیزاری، بے عملی، بے چینی وغیرہ وغیرہ کہتا ہے۔ دوسری طرف وہ ایک چیز کا نام رکھتا ہے۔ سکون، یہی وہ سکون ہے جس میں وہ ہر قسم کی آسانیاں تلاش کرتا ہے۔

آدمی کے دماغ کا محور وہم اور شک ہے۔ یہی وہ وہم اور شک ہے جو اس کے دماغ کے خلیوں میں ہر وقت عمل کرتا رہتا ہے۔ جس قدر اس شک کی زیادتی ہوگی اسی قدر دماغی خلیوں میں ٹوٹ پھوٹ واقع ہوگی۔ یہی وہ دماغی خلیے ہیں جن کے زیر اثر تمام اعصاب کام کرتے ہیں اور اعصاب کی تحریکات ہی زندگی ہیں۔ آدمی ہمیشہ اپنی کمزوریوں کو چھپاتا ہے اور ان کی جگہ مفروضہ خوبیاں بیان کرتا ہے۔ جو اس کے اندر موجود نہیں ہیں۔ اس قسم کی زندگی گزارنے میں اسے بہت سی مشکلات پیش آتی ہیں۔ ایسی مشکلات جن کا حل اس کے پاس نہیں ہے۔ اب قدم قدم پر اسے خطرہ محسوس ہوتا ہے کہ اس کا عمل تلف ہو جائے گا اور بے نتیجہ ثابت ہوگا۔ بعض اوقات یہ شک یہاں تک بڑھ جاتا ہے کہ آدمی یہ سمجھنے لگتا ہے کہ اس کی زندگی تلف ہو رہی ہے۔ اگر تلف نہیں ہو رہی تو سخت خطرے میں ہے اور یہ سب کچھ ان دماغی خلیوں کی وجہ سے ہے جن میں تیزی سے ٹوٹ پھوٹ واقع ہو رہی ہے۔

آدمی کے دماغ کی ساخت اس کے اختیار میں ہے۔ ساخت سے مراد دماغی خلیوں میں تیزی سے ٹوٹ پھوٹ ہونا ہے۔ یہ محض اتفاقیہ امر ہے کہ دماغی خلیوں کی ٹوٹ پھوٹ کم سے کم ہو۔ جس کی وجہ سے یہ شک سے محفوظ رہتا ہے۔ لیکن جس قدر شک اور بے یقینی دماغ میں کم ہوگی اسی مناسبت سے آدمی کی زندگی کامیاب گزرے گی اور جس مناسبت سے بے یقینی اور شک زیادہ ہوگا۔ زندگی ناکامیوں میں بسر ہوگی۔

خیالات روشنی کے ذریعے ہم تک پہنچتے ہیں۔ یہ روشنی اس روشنی سے جدا ہے جو ظاہری آنکھوں سے نظر آتی ہے۔ آدمی ان قاعدے قوانین کی طرف متوجہ ہی نہیں ہوا جو روشنیوں کے خلط ملط سے تعلق رکھتے ہیں۔ اگر آدمی یہ طرز عمل اختیار کرتا تو اس کے دماغی خلیوں کی ٹوٹ پھوٹ کم سے کم ہو سکتی تھی۔ اس حالت میں وہ زیادہ سے زیادہ یقین کی طرف قدم اٹھاتا۔۔۔ آدمی صرف مٹّی کے پتلے سے واقف ہے۔ اس پتلے سے جس کے اندر اس کی اپنی کوئی زندگی موجود نہیں ہے۔

اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں:

**ہم نے اسے بجنی مٹّی (خلاء) سے بنایا ہے۔**

روشنیاں ہی اس کی زندگی ہیں اور اس کی حفاظت کرتی ہیں۔ روشنیوں کے عمل سے ناواقفیت اللہ تعالیٰ کے اس بیان سے منحرف ہونا ہے۔ جہاں تک انحراف واقع ہوتا ہے وہاں تک شک اور وہم بڑھتا ہے اور ایمان اور یقین ٹوٹ جاتا ہے۔ یاد رکھئے رُوحانیت اور دیگر تمام مخفی علوم میں یقین کو بنیادی اہمیت حاصل ہے۔ کیونکہ ہر ارادے اور عمل کے ساتھ یقین کی روشنیاں بھی کام کرتی ہیں۔

رُوحانیت میں یقین کی تعریف یہ ہے:



Marfat.com

آپؐ کے ساتھ جو اصحابؓ تھے مکّے آئے
لاکھ سے بڑھ کے ہیں تاریخ نے وہ گنوائے
فاطمہؓ آپؐ کی بیٹی بھی تو تھیں ساتھ آئیں
اور ازواجِ بھی تشریف وہاں پر لائیں
جس پہ تشریف نبیؐ لائے تھے ناقہ قصویٰ
بیٹھ کر اس پہ کیا خوب وقوفِ عرفہ
خطبہ عرفات کے میداں میں دیا آقاؐ نے
حج کے احکام کو ارشاد کیا آقاؐ نے
جاہلیت کے طریقے بھی مٹائے اس دن
اور اسلام کے دستور پڑھائے اس دن
پھر وہ قرآن کی آیاتِ جمیل اُتریں
جن سے ہوتی ہے حسیں دین کی تکمیل اُتریں
یومِ نحر کی وہ جس صبح سہانا دن تھا
صبح مزدلفہ میں پھر آپؐ نے وقوف کیا

Marfat.com

**یقین وہ عقیدہ ہے جس میں شک نہ ہو۔**

ارادہ یا یقین کی کمزوری دراصل شک کی وجہ سے جنم لیتی ہے۔ جب تک خیالات میں تذبذب رہے گا یقین میں کبھی بھی پختگی نہیں آئے گی۔ مظاہر اپنے وجود کے لئے یقین کے پابند ہیں۔ کیونکہ کوئی خیال یقین کی روشنیاں حاصل کر کے ہی مظہر بنتا ہے۔

قُرآن کریم میں ہے:

**لاریب ہے یہ کتاب اور اس کو ہدایت دیتی ہے جس کا یقین غیب پر ہے۔ سورۃ البقرہ**

یہاں اللہ تعالیٰ نے دو باتیں کہی ہیں۔

"لاریب" کہہ کر "ریب" یعنی شک کی نفی کر دی۔ اب صرف غیب باقی رہ گیا جس کو یقین کا درجہ حاصل ہے۔۔۔اس کے معانی یہ ہوئے کہ اللہ تعالیٰ دماغ میں شک کو جگہ دینے کی اجازت نہیں دیتے۔ صرف یقین کو اس بات کی اجازت ہے کہ آدمی کے ذہن میں داخل ہو جائے۔ اسی کا نام ایمان بالغیب ہے جو ہدایت دیتا ہے۔

ماہرین رُوحانیت نے جو اسباق سالکوں کے لئے مرتب کئے ہیں ان سب کا منشاء دراصل یقین کو پختہ کرنا ہے۔ مسلسل ارتکاز توجہ اور مشق سے کسی ایک نقطہ پر خیالات کی روشنیاں اس حد تک مرکوز رہیں کہ شک اور بے یقینی یقین کی روشنیوں کا درجہ حاصل کر لیں تو خیال اور ارادہ کے تحت اس کا مظہر بننا ضروری ہو جاتا ہے۔

حوالہ جات:

۱۔ کتاب "ذات کا عرفان" از الشیخ خواجہ شمس الدین عظیمی، باب شک کیا ہے؟ صفحہ نمبر 177 تا 179



Marfat.com

خطبے کے بعد وہ تشریف منیٰ لے آئے
اور فرمایا وہاں خطبہ رمی کر کے
مال و خوں سب کے معزز ہیں معزز لوگو
محترم سب کے لیے آج ہے عزّت سن لو
محترم دن ہے شہر اس میں یہ لوگو جیسے
اس مہینے میں جو حُرمت ہے شہر کی ویسے
پیدا فرمائی تھی جس روز یہ دنیا ساری
ہوبہو آج زمانے کی ہے حالت ویسی

## رفیق اعلیٰ کی جانب
## نبی کریمؐ نے وصال کی خود خبر دی

آپؐ رمضان میں دس روز معتکف ہوتے
آخری سال نبیؐ پاک بیس دن رہے
ساتھ جبریلؑ کے قرآن کا دور کرتے
آخری بار نبیؐ پاک نے دو دور کیے

Marfat.com

# قناعت اور استغناء

موضوع 84 / 58

THE CONTENTMENT

## سُوْرَةُ يُوْنُس (JONAH)

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَلَآ اِنَّ اَوْلِيَآءَ اللّٰهِ لَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَ لَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ﴿٦٢﴾

سنو اللہ کے دوستوں کے لیے نہ کوئی خوف ہوگا اور نہ وہ غمگین ہوں گے۔

*Lo! verily the friends of Allah are (those) on whom fear (cometh) not, nor do they grieve.*

### اللہ کے دوست:

خدا وہ ہستی ہے جو سب کے دل میں موجود ہے جس طرح دل کی حرکت کے بغیر زندگی کا تصور نہیں کیا جاسکتا اس طرح خدا کے بغیر دل کی حرکت کا تصور بے معنی ہے۔ خدا سب کا دوست ہے اور ایسا دوست ہے جو بار بار ہر جنم میں، پنگوڑے میں، لڑکپن میں، جوانی میں، بڑھاپے میں ہمارے ساتھ رہتا ہے۔ جہاں ایک فردِ واحد ہوتا ہے وہاں دوسری ہستی اللہ تعالیٰ کی ہوتی ہے اور جہاں ہم دو افراد ہوتے ہیں وہاں تیسری ہستی اللہ تعالیٰ کی ہوتی ہے۔

اللہ کے دوستوں کی تعریف یہ ہے کہ نہ ان کی زندگی میں خوف ہوتا ہے نہ حزن و ملال اور نہ غم ہوتا ہے۔ اس آیت مبارکہ کی تفسیر میں اگر تفکّر کیا جائے تو ایک ہی بات سمجھ آتی ہے اور یہ بات ایسی ہے جس کو کوئی بڑے سے بڑا عالم دین، بڑے سے بڑا مسند نشین، گدی نشین، بڑے سے بڑا پیر رد نہیں کر سکتا۔ یہ کہ اللہ کے دوستوں کو نہ خوف ہوتا ہے نہ غم۔

جن لوگوں کے اندر غم ہوتا ہے اور خوف ہوتا ہے وہ اللہ کے دوست نہیں ہو سکتے اور جو اللہ کے دوست نہیں ہوتے جنت کی فضا انہیں قبول نہیں کرتی۔ وہ دوزخ کا ایندھن ہوتے ہیں۔



Marfat.com

اپنی بیٹی سے یہ فرمایا مری جاں سن لو
وقت آیا ہے مرا تم سے جدا ہونے کو
رو پڑیں بیٹیؓ نبیؐ پاک کی باتیں سن کے
آخری بار نبیؐ پاک نے کی تھیں انؓ سے
اور فرمایا مری جان نہ تو گھبرانا
سب سے پہلے ہے مجھے تو نے ہی آ کے ملنا
عورتیں جتنی بھی ہیں خلد بریں میں بیٹی
تو ہی سردار وہاں آ کے سبھی کی ہوگی
اُمّ عیسیٰ ہی فقط اُن میں نہ شامل ہوں گی
ہنس دیں سُن کے نبیؐ پاک کے باتیں بیٹی
حضرت ابو سعیدؓ خدری نے کہا
روز اک آقاؐ نے لوگوں کو یہ خطبہ دیا
اور فرمایا کہ بندہ ہے یہاں پہ ایسا
اختیار اس کو یہ اللہ نے ہے ڈالا

Marfat.com

اگر کسی کے اندر غم اور خوف نہیں ہے تو اللہ کے بیان کردہ اصول کے مطابق وہ جنّتی ہیں۔ رُوحانی قدروں میں کسی شاگرد یا راہ سلوک پر چلنے والے کی تربیت اس طرح کی جاتی ہے کہ اس کے دل سے خوف اور غم نکل جاتا ہے۔ خوف اور غم اس وقت تک پیچھا نہیں چھوڑتے جب تک آدمی کے اندر قناعت اور استغنا موجود نہ ہو۔

> اللہ تعالیٰ کے بھروسے پر کوشش کرنے والے لوگوں کو عروج حاصل ہوتا ہے۔

## استغناء THE CONTENTMENT:

استغناء ایک ایسی طرز فکر ہے جس میں آدمی فانی اور مادّی چیزوں سے ذہن ہٹا کر حقیقی اور لافانی چیزوں میں تفکر کرتا ہے۔ یہ تفکّر جب قدم بہ قدم چل کر کسی بندے کو غیب میں داخل کر دیتا ہے تو سب سے پہلے اس کے اندر یقین پیدا ہوتا ہے جیسے ہی یقین کی کرن دماغ میں پھوٹتی ہے غیب کی دنیا آنکھوں کے سامنے آجاتی ہے۔

استغناء سے مراد صرف یہی نہیں ہے کہ آدمی روپے پیسے کی طرف سے بے نیاز ہو جائے۔ روپے پیسے اور خواہشات سے کوئی بندہ بے نیاز نہیں ہو سکتا۔ ضروریات زندگی اور متعلقین کی کفالت ایک لازمی امر ہے اور اس کا تعلق حقوق العباد سے ہے۔ استغناء سے مراد یہ ہے کہ آدمی جو کچھ کرے اس عمل میں اس کے ساتھ اللہ کی خوشنودی ہو اور اس طرز فکر یا عمل سے اللہ کی مخلوق کو کسی طرح کا نقصان نہ پہنچے۔

عام حالات میں جب استغناء کا تذکرہ کیا جاتا ہے تو اس کا مطلب یہ ہوتا ہے کہ کس آدمی کو اللہ تعالیٰ کے اوپر کتنا توکّل اور بھروسہ ہے۔ توکّل اور بھروسہ کم و بیش ہر آدمی کی زندگی میں داخل ہے لیکن جب ہم توکّل اور بھروسہ کی تعریف بیان کرتے ہیں تو ہمیں بجز اس کے کچھ نظر نہیں آتا کہ ہماری دوسری عبادات کی طرح بھروسہ اور توکّل بھی دراصل لفظوں کا ایک خوش نما جال ہے۔

توکّل اور بھروسہ سے مراد یہ ہے کہ بندہ اپنے تمام معاملات اللہ تعالیٰ کے سپرد کر دے لیکن جب ہم فی العمل زندگی کے حالات کا مشاہدہ کرتے ہیں تو یہ بات محض نعرہ اور غیر یقینی ہے اور یہ ایسی بات ہے کہ ہر آدمی کی زندگی میں اس کا عمل دخل جاری و ساری ہے۔ مثلاً ایک آدمی کسی فرم میں ملازمت کرتا ہے۔ اس کے پیش نظر یہ بات رہتی ہے کہ فرم کا مالک یا سیٹھ ساہوکار اگر مجھ سے ناراض ہو گیا تو ملازمت سے برخواست کر دیا جاؤں گا، یا میری ترقی نہیں ہو گی، یا ترقّی تنزّلی میں بدل جائے گی۔ ظاہر ہے یہ بات بھروسہ اور توکّل کے سراسر خلاف ہے۔ اس کے برعکس ہم زندگی میں یہ بات بار بار دہراتے ہیں کہ اگر کوئی کام نہیں کریں گے تو کھائیں گے کہاں سے؟

یہ بات بھی ہمارے سامنے ہے کہ جب کسی کام کا نتیجہ اچھا مرتّب ہوتا ہے تو ہم یہ کہتے ہیں کہ یہ نتیجہ ہماری عقل اور ہماری فراست و فہم سے مرتّب ہوا ہے۔ اس قسم کی بے شمار مثالیں ہیں جن سے یہ ثابت ہو جاتا ہے کہ بندے کا اللہ تعالیٰ کے اوپر توکّل اور بھروسہ محض مفروضہ ہے۔ جس بندے کے اندر توکّل اور بھروسہ پیدا نہیں ہوتا، اس کے اندر استغناء بھی نہیں ہوتا۔



Marfat.com

پاس اللہ کے جو کچھ ہے اور یہ دنیا
درمیاں ان کے ہے جو چاہے وہ ہی لے لے گا
اُس نے ہے پاس جو اللہ کے وہ ہی لے ڈالا
جس کا مطلب ہے کہ دنیا کو نہ حاصل ہے کیا
رو پڑے سُن کے یہ صدیقؓ نبیؐ کی باتیں
انؓ کو معلوم تھا یہ خود ہی نبیؐ پاک ہیں
آخری حج کے خطبے میں تھا یوں فرمایا
اس جگہ پھر نہ کبھی آپؐ سے مل پاؤں گا
جمرۂ عقبہ پہ فرمایا مسلمانوں سے
جو بھی اعمال ہیں حج کے ہی سیکھو آ کے
سورۂ نصر ہوئی آپؐ پہ نازل جونہی
آپؐ نے سمجھا کہ دنیا سے جدائی ہوگی
اُحد میں جا کے شہیدوں پہ دعا یوں مانگی
ایسا محسوس ہوا پھر نہ دعا یوں ہوگی

Marfat.com

اِستغناء سے مراد یہ ہے کہ ضروریات زندگی گزارنے میں بندے کا اپنا ذاتی اختیار شامل نہ ہو۔ اللہ تعالیٰ اگر مرغی کھلاتے ہیں اس میں خوش رہتا ہے، اللہ تعالیٰ اگر چٹنی سے روٹی دیتے ہیں اس میں بھی خوش رہتا ہے۔ اللہ تعالیٰ اگر کھدّر کے کپڑے پہناتا ہے بندہ اس میں بھی خوش رہتا ہے۔ مطلب یہ ہے کہ زندگی میں پیش آنے والے ہر عمل اور حرکت کو اللہ کی طرف موڑ دیا جاتا ہے۔ پہلے بندے کے اندر توکّل اور بھروسہ پیدا ہوتا ہے اور اس کے بعد وہ استغنا کے دائرے میں قدم بڑھاتا ہے۔ توکّل اور بھروسہ دراصل ایک خاص تعلق ہے جو بندے اور اللہ کے درمیان براہِ راست قائم ہے اور جس بندے کا اللہ کے ساتھ یہ رابطہ قائم ہو جاتا ہے اس بندے کے اندر سے دنیا کا تمام لالچ نکل جاتا ہے۔ ایسا بندہ دوسرے تمام بندوں کی امداد اور تعاون سے بے نیاز ہو جاتا ہے اور اس بندے کی حیثیت ایسی ہو جاتی ہے کہ جس حیثیت کا تذکرہ اللہ تعالیٰ نے سورۂ اخلاص کی 5 آیتوں میں کیا ہے۔

> محدودیت (شعور) کا پردہ کتنا ہی موٹا اور دبیز ہو جائے لیکن سوچ اور فکر کی بساط لامحدود ہی رہتی ہے۔ کسی بھی لمحہ لامحدودیت سے رشتہ نہیں ٹوٹتا لیکن شعور لامحدودیت سے متصل نہیں ہونا چاہتا اور اس کے اوپر لرزہ طاری ہو جاتا ہے۔ یہی وہ احساس ہے جسے ہم خوف کہتے ہیں اور یہی وہ خوف ہے جسے ہم موت کہتے ہیں۔ حالانکہ زمین پر پیدا ہونے والا کوئی فرد اس بات سے انکار نہیں کر سکتا کہ وہ مرے گا نہیں۔

قناعت اور استغناء کوئی لفظی معمّہ نہیں ہے یا کوئی حساب کا ہیر پھیر نہیں ہے۔ استغناء ایک کیفیت ہے ایک حقیقت ہے، ایسی حقیقت جو حقیقت مطلق سے متصل ہے جب تک کوئی بندہ حقیقت سے متعارف نہیں ہوتا، مشاہدہ نہیں کر لیتا اس وقت تک اس کے اندر استغناء پیدا نہیں ہوتا اور اگر ہوتا ہے تو وہ اتنا ہوتا ہے کہ محض اس کا تذکرہ کیا جا سکتا ہے۔ جس آدمی کے اندر جس مناسبت سے قناعت اور استغناء موجود ہے اس آدمی کے اندر اسی مناسبت سے ڈر، خوف اور غم بھی کم ہوتا ہے۔ پیراسائیکولوجی ایسے اسباق کی دستاویز ہے جن اسباق میں یہ بات وضاحت کے ساتھ بیان کی گئی ہے کہ سکون کے لئے ضروری ہے کہ آدمی کے اندر استغنا ہو، استغنا کے لئے ضروری ہے کہ قادر مطلق ہستی پر توکّل ہو۔ توکّل کو مستحکم کرنے کے لئے ضروری ہے کہ آدمی کے اندر ایمان ہو اور ایمان کے لئے ضروری ہے کہ آدمی کے اندر غیب بیّن نظر متحرک ہو۔ بصورت دیگر بندے کو سکون میسّر نہیں آسکتا۔

## استغناء کے انسانی صحت پر اثرات:

انسان جس ماحول میں زندگی گزارتا ہے اس کے اثرات کا ذہن اور جسم پر مرتب ہونا ایک لازمی امر ہے۔ اگر ماحول میں الجھاؤ نہیں ہے، ذہنی استقامت ہے تو انسان کے اندر روشنیوں کا ذخیرہ کم خرچ ہوتا ہے۔ یہ وہی روشنیاں ہیں جو لائف اسٹریم کی حیثیت سے ہر آدمی کے اندر ذخیرہ ہوتی ہیں۔ ان روشنیوں کا اعتدال سے خرچ ہونا ہی صحت بخش زندگی کی علامت ہے۔ سائنس بھی ہمیں بتاتی



Marfat.com

ایک دن آپؐ نصف رات بقیع میں آئے
ان کی بخشش کی دعائیں بھی رہے فرماتے
ان سے فرمایا کہ میرا ہو سلام تم پہ
اور پھر یہ بھی کہا آ کے قبر والوں سے
لوگ جس حال میں ہیں اس کے مقابل تمہیں
حال یہ ایسا مبارک ہو یہ ہم کہتے ہیں
رات تاریک کے ٹکڑوں کی طرح سے چلتے
ایک کے پیچھے چلے آتے ہیں فتنے سارے
اہل بقیع کو بشارت یہ نبیؐ نے دی تھی
ملنے والے ہیں تمہیں آ کے بہت ہی جلدی

## نبی کریمؐ نے وفات کے دن اور مقام کی خبر دے دی

پیر کے روز نبیؐ پاک تھے طیبہ آئے
پیر کے روز تھے تشریف وہ مکّہ لائے

Marfat.com

ہے کہ توانائی (کیلوریز) بنتی اور استعمال ہوتی رہتی ہے۔ آدمی کو اصولی طور پر اس دنیا میں بنیادی ضروریات کے علاوہ کچھ نہیں چاہئے۔ اب یہ اس کی مرضی ہے کہ وہ خود کو کس حد تک دنیوی معاملات میں الجھالیتا ہے۔

مثلاً ایک کمرہ جس میں صرف ایک چارپائی بچھی ہوئی ہے اور ایک دوسرا کمرہ ہے جس میں صوفہ سیٹ، دیوان، میز، قالین وغیرہ ہیں۔ قانون یہ ہے کہ جب ہم کسی چیز کی طرف متوجہ ہوتے ہیں یا اسے دیکھتے ہیں تو اس چیز کا عکس ہمارے دماغ کی اسکرین پر پڑتا ہے اور اس عمل میں کیلوریز خرچ ہوتی ہیں۔ جب ہم دوسرے کمرے میں موجود ہوتے ہیں تو اس وقت وہ انرجی جسے زندگی کا ایندھن بننا چاہئے، صوفہ سیٹ اور قالین وغیرہ کی نذر ہو جاتی ہے۔ علیٰ ہذا القیاس، زندگی میں کام آنے والی انرجی بے شمار وسائل کے حصول، اس کی فکر، رکھ رکھاؤ اور اس کے استعمال میں خرچ ہو جاتی ہے اور ترقی اور اسٹیٹس کا عفریت آدمی کو نگل کر موت کے منہ میں ڈال دیتا ہے۔

## خوش رہنے والے کا فارمولہ:

اگر اللہ چاہے تو آپ کی ایک لاکھ خواہشات روز پوری کر دے۔ اتنے بڑے اللہ میاں سے کوئی نہیں مانگتا۔ کوئی افسر سے خواہش کرتا ہے، کوئی ابّا سے توقعات وابستہ کر لیتا ہے اور کسی کو اپنا دوست نظر آتا ہے۔ خوش رہنے کا ایک ہی فارمولہ ہے کہ تمام خواہشات اور توقعات اللہ سے وابستہ کر لیں۔ اللہ ہی ہر چیز کا واحد کفیل ہے۔ اللہ ہی سے ہر چیز طلب کی جائے۔ آپ خوش بھی رہیں گے اور سکون کی دولت بھی میّسر آئے گی۔ اب یہ اللہ کی مصلحت، مرضی اور منشاء ہے کہ مطلوبہ چیز آپ کو عطا کرتا ہے یا کوئی دوسرا انتظام کر دیتا ہے۔ تمام پیغمبروں نے اسی بات کی تعلیم دی۔

## غم اور خوف کا قانون:

قانون یہ ہے کہ ڈر اور خوف دو اِنسانوں کے درمیان، اِنسان اور درندوں کے درمیان، اِنسان اور سانپ کے درمیان دُوری اور بُعد کی دیوار کھڑی کر دیتے ہیں۔ اس کے متضاد محبت سے قربت کا احساس وجود میں آتا ہے۔ اللہ، بھگوان، نروان، گاڈ GOD، ایل، ایلیا، ماوراء ہستی ہر خاص و عام کی سرپرست ہے، نگراں ہے، ابتدا ہے اور انتہا ہے۔ خوف بندہ کو عمیق سمندر میں پھینک دیتا ہے۔ محبت سے قربت کا احساس جنم لیتا ہے۔ ماوراء ہستی اللہ سے جتنی محبت کی جائے وہ ہستی اسی مناسبت سے دس گنا بندے کی طرف متوجہ ہوتی ہے۔ دوستی کا وصف قربت ہے نہ کہ دوری۔ دوست کو دوست سے نہ خوف ہوتا ہے اور نہ غم۔ آدم اور حوّا کے بیٹوں اور بیٹیوں کو عہد کرنا چاہئیے کہ ماوراء ہستی اللہ سے آج کے بعد ڈریں گے نہیں، اس سے محبت کریں گے اس لئے کہ ماوراء ہستی خود اعلان کر رہی ہے کہ:

اَلَآ اِنَّ اَوْلِيَآءَ اللّٰهِ لَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَ لَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ﴿٦٢﴾

**اللہ کے دوستوں کو نہ خوف ہوتا ہے اور نہ غم ہوتا ہے۔**

**(سورۃ یونس، پارہ 11، آیت 62)**

لوحِ محفوظ سے ایک نُور آتا ہے جو پوری کائنات میں پھیلتا ہے۔ اس میں ہر قسم کی اطلاعات ہوتی ہیں جو کائنات کے ذرّے



Marfat.com

پیر کے روز وحی اُن پہ ہوئی تھی نازل
پیر کے روز ہوئی آپؐ کی ہجرت کامل
پیر کے روز ہی دنیا پہ تھی رحمت چھائی
پیر کے روز نبیؐ پاک نے رحلت پائی

## مرض کا آغاز

انتیس صفر دو شنبہ تھا گیارہ ہجری
اک جنازے میں نبیؐ پاک نے شرکت کی تھی
خلد بقیع میں جنازہ یہ بڑھایا گیا
دردِ سر آپؐ نے محسوس وہیں پہ کیا
درد کے ساتھ ہی سر میں تھی جو حِدت آئی
آتے ہی گھر میں نبیؐ پاک نے پٹی باندھی
چودہ دن آپؐ کی تکلیف میں حالت یہ تھی
شدتِ مرض رہی آپؐ پہ جاری ایسی

Marfat.com

ذرّے کو ملتی ہیں۔ ان اطلاعات میں چکھنا، سونگھنا، سننا، دیکھنا، محسوس کرنا، خیال کرنا، وہم وگمان وغیرہ اور زندگی کا ہر شعبہ، ہر حرکت، ہر کیفیت کامل طرزوں کے ساتھ موجود ہوتی ہے۔ ان کو صحیح حالت میں وصول کرنے کا طریقہ صرف ایک ہے۔ اِنسان ہر معاملہ میں، ہر حالت میں کامل استغناء رکھتا ہو۔ مسخ کرنے والی اس کی اپنی مصلحتیں ہوتی ہیں۔ جہاں مصلحت نہیں ہے وہاں استغناء ہے، غیر جانب داری ہے اور اللہ کا شعار ہے۔ رُوحانیت کے راستے پر سفر کرنے والے سالکین کو یہ بات یاد رکھنی چاہیئے کہ رُوحانیت میں اللہ کے ساتھ کوئی دوسرا مقصد، کوئی دوسری غرض وغایت شریک کرنا کفر ہے۔

## رُوح کے تقاضے:

جسم کے تقاضوں کی طرح اِنسان کی رُوح کے بھی تقاضے ہوتے ہیں۔ روح کے تقاضے بھی اِنسانی شعور کو یہ احساس دلاتے ہیں کہ ان تقاضوں کی تکمیل ہونی چاہیئے۔ روحانی تقاضے اور ان کی تکمیل جسمانی تقاضوں سے زیادہ اہم اور نتیجہ خیز ہوتی ہیں۔ ان کے نتائج جسمانی تقاضوں کے مقابلے میں زیادہ مسلسل اور عظیم الشان ہوتے ہیں۔

روحانی تقاضوں میں سب سے اہم اور سب سے زیادہ بنیادی تقاضہ جو ہر اِنسان کے اندر پیدا ہوتا ہے وہ اِنسان کو احساس دلاتا ہے کہ اسے اپنے خالق سے رابطہ پیدا کرنا چاہئے اور اسے ان خوشیوں اور مسرّتوں سے بہرہ مند ہونا چاہئے جو کہ اس رابطے اور قربت کا لازمی نتیجہ ہے۔

جنّت کے باسی وہ لوگ ہیں جن کے سروں پر اللہ نے اپنا دست شفقت رکھ دیا ہے اور جن لوگوں پر اللہ نے اپنا دست شفقت رکھ دیا ہے وہ اللہ کے دوست ہیں۔ اللہ خوف، غم، پریشانی سے بے نیاز ہے۔ اس لئے اللہ کے دوست میں اللہ کی صفت کا عکس نمایاں ہو جاتا ہے اور اسے نہ خوف ہوتا ہے، نہ غم ہوتا ہے اور جو لوگ اللہ کے دوست نہیں ہیں جنّت کی فضا انہیں کبھی قبول نہیں کرے گی۔ وہ دوزخ کا ایندھن ہونگے اگر کسی کے اندر خوف وغم ہے تو وہ اللہ کے بیان کردہ قانون کے مطابق اللہ کا دوست نہیں ہے۔ اور جو بندہ اللہ کا دوست نہیں ہے جنّت اسے رد کر دیتی ہے۔

## مسرّت اور حزن کی کیفیات کا بغور جائزہ:

خوشی بھی محدود کیفیت کا نام ہے اور غم بھی محدود کیفیت کا نام ہے۔ اگر آپ محدود کیفیت سے باہر چلے جائیں، انفرادیت سے نکل کر اجتماعی ذہن حاصل کر لیں تو خوشی اور غم چونکہ دونوں کیفیتیں محدود ہیں اسکی گرفت آپ کے اوپر سے ٹوٹ جائے گی۔ اسی بات کو اللہ نے قُرآن پاک میں سورۃ یونس کی اس آیت میں بیان فرمایا ہے۔

محدود دائرے میں رہنے والا آدمی اللہ کا دوست نہیں ہو سکتا اس لئے کہ اللہ تولا محدود ہے بلکہ لامتناہیت ہے۔ انفرادی سوچ سے نکلنے کا ایک بڑا فائدہ یہ ہوتا ہے کہ آدمی خوشی اور غم دونوں سے بے نیاز ہو جاتا ہے اور اس کے اوپر ایک ایسی کیفیت طاری ہو جاتی



Marfat.com

اتنی وہ تیز حرارت تھی کہ گرمی اس کی
پٹی کو ہاتھ لگانے سے وہ جانی جاتی
گیارہ دن آپؐ نے ایسے ہی امامت کی تھی
حال یہ تھا کہ کمی اس میں نہ ہرگز ہوتی

## آخری ہفتہ

اس قدر آپؐ کی بوجھل سی طبیعت رہتی
یہ ہی ازواج مطہرات سے بات ہوتی
کل کہاں رہوں گا میں کل کہاں رہوں گا
انؐ کی ازواج سمجھ پائیں کہ مرضی ہے کیا
ایک آواز ہوئیں اور سبھی یہ بولیں
جس جگہ آپؐ کی خواہش ہے اُس جگہ ٹھہریں
عائشہؓ بی بی کے حجرے میں چلے آئے تھے
فضلؓ عباس و علیؓ آپ لیے آئے تھے

Marfat.com

ہے جس کو آپ سرور کہتے ہیں۔اس کا نام خوشی نہیں رکھ سکتے۔

اللہ کے قانون کے مطابق یہاں ہر چیز دورُخوں پر قائم ہے جب تک آپ خوش ہیں غم اس کے ساتھ چپکا ہوا ہے۔جب تک آپ غمگین ہیں خوشی اس کے ساتھ ساتھ چپکی ہوتی ہے۔خوشی اور غم الٹ پلٹ ہوتے رہتے ہیں یعنی ابھی خوشی ہے تو ابھی غم ہے۔

کبھی غم ہے تو کبھی خوشی ہے۔بالکل اسی طرح رات اور دن الٹ پلٹ ہوتے رہتے ہیں۔ابھی دن ہے ابھی رات ہے۔ابھی رات ہے تو ابھی دن ہے۔اسی صورت سے خوشی اور غم ایک دوسرے سے ردوبدل ہو رہے ہیں اور ردوبدل کا ہونا اس بات کی علامت ہے کہ آدمی کی سوچ محدود ہے۔جب آدمی محدود سوچ سے آزاد ہو جاتا ہے تو اس کے اندر سے خوشی اور غم دونوں نکل جاتے ہیں۔خوشی و غم نکلنے کے بعد ایک کیفیت ہوتی ہے جو اس کے اوپر طاری رہتی ہے اس کیفیت کا نام ہماری لغت میں لفظوں میں نہیں ہے۔اس کو سرور کہنا اس لئے ٹھیک نہیں کہ سرور جب ٹوٹتا ہے تو اس کے اوپر اذیت ناک کیفیت ہوتی ہے۔

حضور قلندر باباؒ نے ایک دفعہ فرمایا کہ اس کو کیفیت بھی نہیں کہہ سکتے۔یعنی اس کا مطلب یہ ہے کہ خوشی و غم دونوں سے نجات حاصل کر لیتا ہے۔اسے آپ لنگوٹی بندھوا دیں تو خوش ہے،اسے آپ اطلس و کمخواب کے کپڑے پہنا دیں تو ٹھیک ہے،اسے مرغی کھلا دیں تو ٹھیک ہے۔اسے روکھی روٹی کھلا دیں تو تب بھی خوش ہے۔اس لئے کہ وہ خوشی اور غم دونوں سے ماوراء کیفیت میں ہے۔ایسے بندوں کو اللہ اپنے پاس سے کھلاتا ہے،اپنے پاس سے پہناتا ہے اور وسائل اس کے تابع کر دیتا ہے۔بندہ وسائل کے تابع نہیں رہتا۔

حوالہ جات:


1۔ کتاب " توجیہات " از الشیخ خواجہ شمس الدین عظیمی، موضوع اللہ کے دوست، صفحہ نمبر 134

2۔ کتاب "کشکول" از الشیخ خواجہ شمس الدین عظیمی، موضوع 260، صفحہ نمبر 177

3۔ کتاب "کشکول" از الشیخ خواجہ شمس الدین عظیمی، موضوع 230، صفحہ نمبر 162

4۔ کتاب "کشکول" از الشیخ خواجہ شمس الدین عظیمی، موضوع 146، صفحہ نمبر 120

5۔ کتاب "خطباتِ لاہور" از الشیخ خواجہ شمس الدین عظیمی، صفحہ نمبر 169

6۔ کتاب "کشکول" از الشیخ خواجہ شمس الدین عظیمی، موضوع 16، صفحہ نمبر 29

7۔ کتاب "کشکول" از الشیخ خواجہ شمس الدین عظیمی، موضوع 33، صفحہ نمبر 46

8۔ کتاب "کشکول" از الشیخ خواجہ شمس الدین عظیمی، موضوع 85، صفحہ نمبر 90

9۔ کتاب " ذات کا عرفان" از الشیخ خواجہ شمس الدین عظیمی، موضوع اپنی سوچ بدلیں، صفحہ نمبر 44تا45

10۔ کتاب " روح کی پکار" از الشیخ خواجہ شمس الدین عظیمی، موضوع حقیقت مطلقہ کیا ہے، صفحہ نمبر 97تا99




Marfat.com

آخری ہفتہ مرے آقاؐ یہیں پہ ٹھہرے
سر پہ پٹی بھی نبیؐ پاک تھے باندھے رکھتے

## وصالِ مبارک سے پانچ دن پہلے

جسمِ اطہر کی حرارت میں تھی شدّت آئی
مختلف کنوؤں کا ڈلوایا بدن پہ پانی
آپؐ کے سر پہ ابھی تک تھی بندھی پٹی سی
اس سے تخفیف بھی محسوس نبیؐ نے کر لی
اپنی مسجد میں بھی تشریف نبیؐ جی لائے
آپؐ کے گرد صحابہؓ بھی سبھی بیٹھے تھے
خطبہ فرمایا تو ارشاد کیا آقاؐ نے
اللہ کی مار یہودیوں پہ نصاریٰ پے
قبروں کو آج مساجد بنا رکھا ہے
اپنے نبیوںؑ کی یہ قبروں سے کِیا ایسا ہے

Marfat.com



Marfat.com

پھر یہ فرمایا مسلمانو! نہ ایسا کرنا
میری تُربت کی کبھی آپ نہ پوجا کرنا
کہہ دیا اُن سے مسلمانو! قصاص لے لو
کر دیا اِس کے لیے پیش بدن اپنے کو
تین درہم میں مرے آپؐ کے ذمے آقاؐ
اتنے اصحابؓ سے بس ایک صحابیؓ بولا
فضلؓ عباسؓ سے آقاؐ نے کہا تم دے دو
جتنے کہتا ہے اسے اتنے ہی درہم دے دو
اپنے انصارؓ کے بارے میں وصیّت کر دی
مرے ذمے ہیں ابھی ان کے حقوق باقی
قلب و جگر ہیں یہ انصار مدینے والے
ہوں گے یہ کم مگر لوگ رہیں گے بڑھتے
والی اگر تم سے کوئی نفع و نقصاں کا ہو
نیکوکار ہیں جو انصار قبول کر لو

Marfat.com

حی یاقیوم

Marfat.com

درگزر ان سے کرو یہ ہے وصیت میری
جو خطاکار ہوں انصار کہو نہ کچھ بھی
پھر نبیؐ پاک نے فرمایا ہے بندہ ایسا
اختیار اس کو یہ اللہ نے ہے دے دیا
اللہ کے پاس ہے جو کچھ اور یہ دنیا
درمیاں ان کے ہے جو چاہے اسے لے لے گا
رو پڑے سن کے یہ صدیقؓ نبیؐ کی باتیں
انؓ کو معلوم تھا خود آپؐ نبی پاک ہیں
عرض کی آپؐ پہ ماں باپ سمیت قرباں
جو بھی حضرات تھے موجود ہوئے تھے حیراں
یہ بھی صدیقؓ کے بارے میں ہے فرماں انؐ کا
صاحب احساں مرے مال میں سب سے اعلیٰ
بعد اُس ربّ کے اگر میرا خلیل ہوتا
پھر ابوبکرؓ کے بارے میں وہ ایسا کہتا

Marfat.com

# کتاب المبین

موضوع 84/ 59

THE EVIDENT RECORD

## سُوْرَةُ يُوسُفَ (JOSEPH)

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

الٓرٰ ۚ تِلۡكَ اٰيٰتُ الۡكِتٰبِ الۡمُبِيۡنِ ۟

ترجمہ: الرٰ یہ واضح کتاب کی آیات ہیں۔

*Alif Laam Ra These are the verses of Clear Book.*

## کائنات:

کائنات ایک دنیا کا نام نہیں ہے بلکہ ہماری دنیا کی طرح اربوں دنیائیں ہیں۔

- ایک کتاب نہیں ہے۔
- قرآن کریم میں کتاب المبین کا تذکرہ اس طرح ہے۔

الٓرٰ ۚ تِلۡكَ اٰيٰتُ الۡكِتٰبِ الۡمُبِيۡنِ ۟

پھر لوح محفوظ ہے۔

بَلۡ هُوَ قُرۡاٰنٌ مَّجِيۡدٌ ۟ فِىۡ لَوۡحٍ مَّحۡفُوۡظٍ ۟ (سورۃ البروج پارہ 30- آیت 21 تا 22)

حضور نبی کریم ﷺ کے وارث اہل بیت اور علم الدنی کے حامل اولیاء اللہ رُوحانی علوم کی تشریح میں فرماتے ہیں۔

- ایک کتاب المبین میں۔۔۔۔ تیس کروڑ لوح محفوظ ہیں۔
- ہر لوح محفوظ میں اَسّی ہزار حضیرے ہیں۔
- ہر حضیرے میں ایک کھرب سے زائد مستقل آباد نظام اور بارہ کھرب غیر مستقل نظام ہیں۔
- ایک نظام کسی ایک سورج کا دائرہ وسعت ہوتا ہے۔ ہر سورج Star کے گرد نو، بارہ یا تیرہ سیارے گردش کرتے ہیں۔



Marfat.com

واسطہ ان سے ہے اسلام کی اخوّت کا
واسطہ ان سے ہے اسلام کی محبّت کا

## وصال سے ''چار دن پہلے''

سخت تکلیف سے دو چار تھے آقاؐ اس دن
اپنے اصحابؓ سے سرکارؐ نے مانگا اس دن
لاؤ کچھ چیز میں تحریر کیے دیتا ہوں
ہو سکو گے نہ کبھی گمراہ تمہیں کہتا ہوں
بولے فاروقؓ کہ رہنے دیں ہیں تکلیف میں
یہ جو قرآن ہے موجود ہے کافی ہے ہمیں
گھر میں موجود تھے جو لوگ ذرا سا جھگڑے
کوئی کہتا تھا کہ لکھواؤ تو کچھ ضد میں تھے
شور و شغب ہوا تو یہ کریمؐ بولے
میرے پاس سے اُٹھو اُن سے رحیمؐ بولے

Marfat.com

- سپر کمپیوٹر میں بھی حساب نہیں لگایا جاسکتا ایک کتاب المبین میں کل کتنی زمینیں۔۔۔۔ کہکشانی نظام۔۔۔ چانداور سورج کی زندگیاں ہیں۔

امریکی خلائی ادارے ناسا NASA نے کروڑوں ڈالر کی لاگت سے ایک پروگرام شروع کیا ہے جس کے تحت کائنات میں پوشیدہ دوسری مخلوقات کو تلاش کیا جائے گا اس پروگرام کو SETI (SEARCH FOR EXTRA TERRESTRIAL INTELLIGENCE) کا نام دیا گیا ہے۔

## کائنات کی ساخت

حوالہ کتاب قلندر شعور، تحریر خواجہ شمس الدین عظیمی، باب: پیش لفظ

| Detail | Original Count | Count (Short Form) | Count (Short Form) |
|---|---|---|---|
| Open Book / Universe (کتاب المبین) | (ایک کتاب المبین) 1 | 1 | کتاب المبین اللہ کے ذہن میں ہے |
| Total Guarded Tablets in Universe (کائنات میں الواحِ محفوظہ کی کل تعداد) | (30 کروڑ لوحِ محفوظ) 300,000,000 | $3 \times 10^8$ | تمام لوحِ محفوظ اسی ایک کتاب المبین کے اندر بند ہیں |
| Total Galaxies in Universe (کائنات میں حضیروں کی کل تعداد) | (تعداد فی لوحِ محفوظ 80 ہزار) 24,000,000,000,000 | $24 \times 10^{12}$ | تمام حضیرے اپنے اپنے لوحِ محفوظ میں بند ہیں |
| Minimum Number of Suns in Universe (کائنات میں سورجوں کی کم از کم تعداد) | (تعداد فی حضیرہ کم از کم 1 کھرب) 2,400,000,000,000,000 ,000,000,000 | $24 \times 10^{30}$ | تمام سورج اپنے اپنے حضیروں میں قید ہیں |
| Minimum Number of Earths in Universe (کائنات میں آباد نظاموں / زمینوں کی کم از کم تعداد) | (تعداد فی حضیرہ کم از کم 1 کھرب) 2,400,000,000,000,000 ,000,000,000 | $24 \times 10^{30}$ | تمام زمینیں اپنے اپنے سورجوں کے حصار میں گھوم رہی ہیں |

ستمبر 2014ء میں واشنگٹن میں منعقدہ امریکی خلائی ادارے کی کانفرنس میں MASSACHUSETTS INSTITUTE OF TECHNOLOGY میساچوسیٹس انسٹیٹیوٹ آف ٹیکنالوجی امریکہ کی پروفیسر SARA SEAGER نے انکشاف کیا کہ:

**"ہماری کہکشاں میں تقریباً دس کروڑ ایسی دنیائیں موجود ہیں جہاں انسانی زندگی کے آثار پائے جاتے ہیں"**

کانفرنس میں موجود دنیا بھر کے ماہرین اور سائنسدانوں نے بتایا کہ اس کائنات میں ہم اکیلے نہیں ہیں اور آئندہ 20 سال کے اندر ہم خلاء میں موجود بہت سی دنیاؤں سے رابطہ کرنے کے قابل ہو جائیں گے۔

امریکہ کی نیشنل ریڈیو آسٹرانومی رصد گاہ کو قریب ترین سیاروں سے ایسے سگنل ملے ہیں جن کو کامیابی کی پہلی سیڑھی قرار دیا جارہا ہے۔ ان سگنلز میں مردانہ اور زنانہ آوازوں میں عجیب زبانوں کی سرگوشیاں ملی ہیں۔ فلکیاتی ماہرین پروفیسر فرینک ڈریک FRANK DRAKE کے مطابق صرف ہماری کہکشاں ملکی وے میں سینکڑوں تہذیبیں ہمارے رابطے کا انتظار کر رہی ہیں انہوں نے 1961ء میں ایک فارمولا دیا تھا۔

$$N=R^{*}f_p.n_e.f_l.f_i.f_c.L$$

فرض کیا جائے کہ اگر صرف ہماری کہکشاں میں ہر سال ایک ستارہ پیدا ہوتا ہے۔($R^*$) اور ان میں 0.2 تا 0.5 فیصد ہی سیارے رکھتا ہو، یعنی سورج بنتا ہو($f_p$) اور اس کے گرد اگر 1 سے 5 سیارے ہوں($n_e$)۔ اور اگر ان میں سے ایک سیارے میں بھی زندگی



Marfat.com

کی وصیّت کہ جو ملنے کو وفود آئیں
جیسے کرتا تھا نوازش میں وہ ویسی پائیں
مشرکوں اور یہود کو یہاں نہ رکھنا
ان نصاریٰ کو جزیرے سے نکال دینا
غالباً بات اسامہؓ کی امارت ہوگی
انؓ کے لشکر کی یا قرآن کی بابت ہوگی
یہ بھی فرمایا غلاموں کا خیال رکھنا
لونڈیوں اور نمازوں کا خیال رکھنا
آپؐ نے ساری نمازیں بھی پڑھائیں اس دن
شدّتِ مرض کی موجود تھیں باتیں اس دن
عشاء کی تھی جو نماز نہ پڑھا پائے تھے
حکمِ سرکارؐ پہ صدیقؓ یہاں آئے تھے

Marfat.com

موجود ہو ($f_l$) اور وہ ذہانت بھی رکھتی ہو ($f_i$) اور ان میں 0.2 فیصد بھی اس حد تک ترقی کر چکے ہوں کہ خلاء میں رابطے کے لئے سگنل بھیج سکتے ہوں ($f_c$) اور اس کے سگنل بھیجنے کے وقت کا دورانیہ (L) ہمارے وقت سے میل کھائے۔ تو بھی آباد سیاروں کی تعداد (N) ایک ہزار سے دس کروڑ ہو سکتی ہے۔

ان تمام عالمین میں انسانوں جیسی مخلوق بھی ہے جنّات اور دیگر مخلوقات بھی ہیں۔ کہیں مخلوق ٹرانسپیرنٹ ہے۔ کہیں سیاہ ہے اور کہیں نُورانی ہے۔ ہر آبادی میں زندگی کی طرزیں اسی طرح قائم ہیں جس طرح زمین پر موجود ہیں۔ بھوک، پیاس، خواب، بیداری، محبت، غصہ، جنس، افزائش نسل وغیرہ۔ زندگی کا تقاضہ، ہر جذبہ اور ہر طرز ہر سیارہ میں جاری و ساری ہے۔ ہر نظام میں الگ الگ سماوات، ارض، جبال، حیوانات، جمادات، نباتات وغیرہ اسی طرح موجود ہیں جس طرح ہم اپنے نظام میں دیکھتے ہیں۔

ان تمام عالمین میں جہاں کہیں بھی یہ بے شمار مخلوقات آباد ہیں وہاں حضور ﷺ رحمت اللعالمین ہیں۔ حضور ﷺ اس مادی دنیا میں بشر ہیں اور اس دنیا میں جہاں روشنی کی مخلوق آباد ہے۔ فرشتوں کی دنیا میں جہاں نُورانی مخلوق آباد ہے حضور ﷺ بحیثیت نور بشر کے ہیں۔ یعنی حضور ﷺ جس عالم میں ہیں چاہے وہ مادی عالم ہو، روشنی کا عالم ہو یا ٹرانسپیرنٹ عالم ہو، بحیثیت بشر کے موجود ہیں اور ان عالمین میں اللہ کی ذات تجلّیات و انوار مہیا کرنے کی حیثیت سے نُور بھی ہیں۔ قُرآن پاک میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے:

**ترجمہ: "اے نبی کہو کہ اگر یہ سمندر میرے رب کی باتیں لکھنے کے لئے روشنائی بن جائے تو وہ ختم ہو جائے مگر میرے رب کی باتیں ختم نہ ہوں بلکہ اتنی ہی روشنائی ہم اور لے جائیں تو وہ بھی کفایت نہ کریں"**

قُرآن پاک میں جو کتاب المبین کا تذکرہ ہے۔ کتاب المبین ازل تا ابد کی مکمل تصویر ہے۔ ازل سے ابد تک جتنا بھی ریکارڈ ہے وہ سب کتاب کتاب المبین میں محفوظ ہے۔ جب ہم کوئی لفظ زبان سے ادا کرتے ہیں تو یہ لفظ ازل سے ابد تک تمام تصورات کا مجموعہ ہے۔ لفظ ظہور ہے اور اس کے اندر مخفی تصورات غیب ہیں۔ لفظ ذہن کی ایک حرکت ہے۔ ہم آدمی کا نام لیتے ہیں تو آدمی ظہور ہے اور جب ہم آدمی کے اندر اس کی صلاحیتوں کا تذکرہ کرتے ہیں تو یہ سب مخفی تصوّرات ہیں۔

حوالہ جات:

1۔ ماہنامہ "رُوحانی ڈائجسٹ" شمارہ اگست 2015، باب دوسرے سیاروں پر زندگی افسانہ یا حقیقت، صفحہ نمبر 51 تا 54

2۔ کتاب "شرح لوح و قلم" از الشیخ خواجہ شمس الدین عظیمی، باب لازمانی زاویے، لیکچر 36، صفحہ نمبر 311



Marfat.com

## وصالِ مبارک سے ایک دن یا دو دن پہلے

شدّت مرض بڑھی دے دی اجازت انؓ کو
اب تو کرنی تھی نمازوں کی امامت اُنؓ کو
ہفتہ تھا یا کہ تھی اتوار طبیعت سنبھلی
مسجدِ پاک میں لے آئے تھے عباسؓ و علیؓ
وقت ظہر نماز کی جو ساعت آئی
بیٹھے صدیقؓ کے پہلو میں نماز پڑھ لی
گرچہ صدیقؓ نے دیکھا تو وہ پیچھے آئے
کر دیا اُن کو اشارہ کہ نہ آئیں پیچھے
گھر میں بس سات ہی دینار پڑے تھے اس دن
وہ بھی تقسیم کرا ڈالے علیؓ سے اُس دن
کر دیے آپؐ نے آزاد غلام سارے
اپنے ہتھیار مسلمانوں کو سب دے ڈالے

Marfat.com

موضوع 84/ 60

# حضرت یعقوب علیہ السلام

## سُوْرَۃُ یُوْسُفَ (JOSEPH)

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

قَالَ بَلْ سَوَّلَتْ لَکُمْ اَنْفُسُکُمْ اَمْرًا ؕ فَصَبْرٌ جَمِیْلٌ ؕ

وَاللّٰہُ الْمُسْتَعَانُ عَلٰی مَا تَصِفُوْنَ ﴿۱۸﴾

ترجمہ: اس نے کہا نہیں بلکہ تم اپنے دل سے یہ بات بنالائے ہو اب صبر ہی بہتر ہے اور خدا ہی سے مدد مانگتا ہوں اس بارے میں جو تم بیان کرتے ہو۔

*He said: Nay, but your minds have beguiled you into something. (My course is) comely patience. And Allah it is whose help is to be sought in that (predicament) which ye describe.*

حضرت یعقوبؑ کے بارہ بیٹے تھے لیکن آپؑ کو حضرت یوسفؑ سے زیادہ محبت تھی۔ دوسرے بیٹے اس بات سے خوش نہیں تھے۔ سوتیلے بھائیوں نے حضرت یوسفؑ کو ایک دن جنگل میں اندھے کنویں میں پھینک دیا اور روتے دھوتے واپس آکر حضرت یعقوبؑ سے کہا کہ یوسفؑ کو بھیڑیا کھا گیا ہے۔ حضرت یعقوبؑ نے اس دکھ کو صبر وشکر سے برداشت کیا اور کہا!

قَالَ بَلْ سَوَّلَتْ لَکُمْ اَنْفُسُکُمْ اَمْرًا ؕ فَصَبْرٌ جَمِیْلٌ ؕ وَاللّٰہُ الْمُسْتَعَانُ عَلٰی مَا تَصِفُوْنَ ﴿۱۸﴾ **نہیں بلکہ تم اپنے دل سے یہ بات بنالائے ہو اب صبر ہی بہتر ہے اور خدا ہی سے مدد مانگتا ہوں اس بارے میں جو تم بیان کرتے ہو۔**

**(سورۃ یوسف، پارہ12، آیت18)**

آپؑ حضرت یوسفؑ کو یاد کر کے روتے رہتے تھے۔ روتے روتے آپؑ کی بینائی چلی گئی۔ دوسری طرف حضرت یوسفؑ کو ایک تجارتی قافلے نے کنویں میں سے نکالا اور اپنے ہمراہ مصر لے گئے۔ حالات نے آپؑ کو عزیز مصر کے محل میں پہنچا دیا۔ وہیں پل کر جوان ہوئے اور مصر کے فرمارواں بنے۔ حضرت یوسفؑ والی مصر مقرر ہوئے تو حضرت یعقوبؑ نے حضرت یوسفؑ کی خواہش کے مطابق اپنے اہل خاندان کے ہمراہ جن کی تعداد ستر تھی مصر کی طرف ہجرت کی۔ اس وقت آپؑ کی عمر ایک سو تیس برس تھی۔ آپؑ ہجرت کے بعد سترہ برس زندہ رہے۔



Marfat.com

تیس صاع جو کے عوض رہن میں رکھی زرّہ
گھر کے دیے کے لیے تیل پڑوسن سے لیا

## وصال کا دن

فجر کے وقت تھے اصحابؓ نماز پڑھتے
اور صدیقؓ وہاں پر تھے امام ان کے
آپؐ نے حجرے کا پردہ جو ہٹا کے دیکھا
ایسی حالت میں تبسم بھی تھا کچھ فرمایا
سمجھے صدیقؓ نبیؐ پاک بھی آنا چاہیں
ایڑھ کے بل ہٹے پیچھے وہ جانا چاہیں
اپنے ہاتھوں کے اشارے سے بتایا اُن کو
میں نے آگے تو نہیں آنا نماز پڑھ لو
دن چڑھے آپؐ نے بیٹی کو وہاں بلوایا
اور سرگوشی کے عالم میں تھا کچھ فرمایا

Marfat.com

حضرت یعقوبؑ کی عمر ایک سو سینتالیس برس ہوئی۔ وفات سے قبل آپؑ نے اپنے بچوں کو نصیحت کی۔ حضرت یوسفؑ نے آپؑ کا جسد خاکی آپؑ کی وصیت کے مطابق کنعان لے جا کر حضرت سارہ حضرت رفقہ اور حضرت اسحٰقؑ کے پہلو میں دفن کیا۔

صبر کرنے سے آدمی کے اندر نور کی مقدار یں داخل ہو جاتی ہیں جب بندہ صبر کرنے کا خوگر ہو جاتا ہے تو ہر مشکل آسان ہو جاتی ہے۔ بندہ کا رابطہ مستقل طور پر اللہ کے ساتھ قائم ہو جاتا ہے ایسے ہی لوگوں کو اللہ نے اولو العزم کہا ہے۔ ارشاد ہے:

آپ ﷺ صبر کیجئے جس طرح اولو العزم رسولوں نے صبر کیا۔

صبر آدمی کو اولو العزم بناتا ہے جو پیغمبروں کی صفت ہے۔ صبر زندگی کے آداب سکھاتا ہے۔ صبر بندے کو اسفل سے علیین کی جانب لے جانے والی قوت ہے۔

## حکمت:

قرآن کریم میں انبیاء علیہ السلام کے تذکرے ہمیں اس بات کی دعوت دیتے ہیں کہ ہم اللہ کے برگزیدہ بندوں کی طرز فکر سے وقوف حاصل کریں حضرت اسحٰقؑ اور حضرت یعقوبؑ سے منسوب واقعات کا بغور جائزہ لینے پر یہ حقیقت منکشف ہوتی ہے کہ انبیاء ایسے ذہن کے حامل ہوتے ہیں جن میں صبر اور شکر ادا کرنے کی طرز یں مستحکم ہوتی ہیں۔ وہ اللہ کی عطا کردہ نعمتوں کے حامل ہونے پر شکر ادا کرتے ہیں اور کسی نعمت کے حاصل نہ ہونے پر اس حد تک ملول و غمگین نہیں ہوتے کہ اللہ تعالیٰ کے ناپسندیدہ فرد بن جائیں۔

## اختیارات کا استعمال یا عجز و انکساری:

انبیاء مشیت الٰہی کی تابع ہوتے ہیں اور مظاہر قدرت کے تحت ترتیب پانے والے واقعات میں رضائے الٰہی ان کے پیش نظر ہوتی ہے باوجود اس کے کہ وہ وسیع تر اختیارات کے حامل ہوتے ہیں، واقعات کو اپنے حق میں استوار کرنے کے لئے ان میں کوئی تبدیلی نہیں کرتے بلکہ اللہ تعالیٰ کے حضور عجز و انکساری کا نذرانہ پیش کر کے التجا کرتے ہیں کہ اے رب کائنات! ثابت قدمی اور صبر واستقامت عطا فرما۔

حضرت یعقوبؑ نے اپنی پوری زندگی میں صبر و استقلال کا عظیم الشان مظاہرہ کیا۔ جب آپؑ کے فرزند اور جلیل القدر پیغمبر حضرت یوسفؑ اپنے بھائیوں کے حسد کا شکار ہو کر باپ سے جدا ہو گئے تو باوجود اس کے کہ حضرت یعقوبؑ اس حقیقت سے باخبر تھے مشیت الٰہی کے تحت خاموش ہو رہے اور انہوں نے اللہ کے بنائے ہوئے نظام کے تحت بیٹے سے ملنے کا انتظار کیا۔ بشری تقاضے کے تحت وہ بیٹے کی جدائی میں روتے رہے لیکن نافرمانی اور بے صبری کا ایک لفظ بھی زبان سے نہیں نکلا۔

## استغناء کی تعریف:

قانون یہ ہے کی استغناء CONTENTMENT یقین کے بغیر پیدا نہیں ہوتا اور یقین کی تکمیل مشاہدے کے بغیر نہیں ہوتی اور جس آدمی کے اندر استغناء نہیں ہوتا اس کا تعلق مادہ دنیا (اسفل) سے زیادہ رہتا ہے اور جس بندے کے اندر استغناء نہیں ہوتا اس کا



Marfat.com

اپنی بیٹی سے یہ فرمایا مری جاں سن لو
وقت آیا ہے مرا تم سے جدا ہونے کو
رو پڑیں بیٹی نبیؐ پاک کی باتیں سن کے
آخری بار نبیؐ پاک نے کی تھیں اُن سے
اور فرمایا مری جان نہ تو گھبرانا
سب سے پہلے ہے مجھے تُو نے ہی آ کے ملنا
عورتیں جتنی بھی ہیں دنیا کی پیاری بیٹی
تو ہی سردار وہاں خلد میں ان کی ہوگی
آپؐ نے حسنؓ و حسینؓ کو بلا کر چوما
ان کے بارے میں بھی خیر کے لیے فرمایا
ایسے حالات میں ازواجؓ مطہرہ آئیں
اپنی ازواج سے آقاؐ نے بھی باتیں کر لیں
انؐ کی تکلیف بڑھی جاتی تھی لمحہ لمحہ
مجھ کو محسوس ہوا ہے یہ سنو عائشہؓ

Marfat.com

ذہن بے یقینی اور وسوسوں میں گھرا رہتا ہے اس کے اوپر مستقبل کا خوف طاری رہتا ہے جو نعمتیں اسے ماضی میں حاصل ہو رہی ہیں ان کی طرف ذہن جاتا ہی نہیں۔

## مثال:

ایک بچہ پیدا ہوا ہے وہ اس حالت میں کہ نہ وہ کروٹ بدل سکتا ہے نہ ہاتھ سے کوئی چیز پکڑ سکتا ہے اور نہ پیروں سے چل سکتا ہے۔ اس کا ہر کام دوسرے لوگ کرتے ہیں۔ دودھ ماں پلاتی ہے، صفائی ستھرائی ماں کرتی ہے، کپڑے ماں تبدیل کرواتی ہے۔ اس طرح بچہ گھنٹوں، دنوں مہینوں اور سالوں کے زمانے کو عبور کرتا ہے۔ لڑکپن میں داخل ہوتا ہے۔ لڑکپن سے جوانی کا آغاز ہوتا ہے۔ پڑھتا لکھتا ہے۔ مزدوری کرتا ہے۔ کاروبار کرتا ہے۔ ایک دن کا بچہ جب جوان ہوتا ہے تو اس کی شادی ہو جاتی ہے شادی کے بعد بچے پیدا ہوجاتے ہیں۔ بچوں کی تقریبات ہیں۔ بوڑھا ہوجاتا ہے۔ لیکن جب وہ مستقبل کے بارے میں سوچتا ہے تو فکر مندی کا مظاہرہ کرتا ہے۔ وہ یہ نہیں سوچتا کہ ایک دن کی عمر ساٹھ سال سے یعنی اکیس ہزار نو سو دن تک سے ہر آسائش مہیاء کی گئی ہے۔ مزید عمر میں وہ اللہ کی نعمتوں سے کیسے محروم ہو سکتا ہے۔

استغناء کے حامل افراد میں یہ بات مستحکم ہوتی ہے کہ آدمی حالات کے ہاتھوں میں کھلونا ہے۔ حالات کھلونے میں جس طرح چابی بھرتے ہیں آدمی اسی طرح چلنے پر مجبور ہو جاتا ہے۔ اور کھلونے کی چابی کا رکھوالا، محافظ اور مطلق حاکم اللہ ہے۔

حوالہ جات:

1- کتاب "محمد رسول اللہ ﷺ جلد سوم" از الشیخ خواجہ شمس الدین عظیمی، باب حضرت یعقوبؑ، صفحہ نمبر 175 تا 180



Marfat.com

جنگ خیبر میں جو کھانا تھا کھلایا گیا
جسم اطہر میں اُسی کا تو زہر شامل تھا
میرے اصحابؓ غلاموں کا خیال رکھنا
لونڈیوں اور نمازوں کا خیال رکھنا

## بوقت وصال مسواک کا استعمال

عبدالرحمٰنؓ نبیؐ پاک سے ملنے آئے
ایک مسواک بھی ہاتھوں میں وہ اپنے لائے
حضرت عائشہؓ سے ٹیک لگا کر آقاؐ
بیٹھے تھے آپؐ نے مسواک کی جانب دیکھا
بی بی سمجھیں تھیں کہ مسواک وہ کرنا چاہیں
اُنہوں نے پوچھا نبیؐ پاک ہم ان سے لے دیں
آپؐ نے سر کے اشارے سے یہ فرمایا ہاں
اور مسواک کو رکھا تھا جو زیرِ دنداں

Marfat.com

# قرآنی اعلان

موضوع 84/ 61

## THE QURANIC ORDER

## سُوْرَةُ الرَّعْدِ (THUNDER)

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اِنَّ اللّٰهَ لَا يُغَيِّرُ مَا بِقَوْمٍ حَتّٰى يُغَيِّرُوْا مَا بِاَنْفُسِهِمْ ؕ

ترجمہ: حقیقت یہ ہے کہ اللہ کسی قوم کی حالت اس وقت تک نہیں بدلتا جب تک وہ خود اپنے رویے میں تبدیلی نہیں کر لیتی۔

*Verily Allah will not change the good condition of the people as long as they do not change their state of goodness themselves.*

جس قوم نے قرآنی اعلان پر تفکر کر کے کوشش اور جدوجہد کی وہ کامیاب ہوتی رہی اور آج بھی کامیاب ہے۔ اہل یورپ لوہے، تانبے اور زمین کے اندر خزانوں کی تلاش میں جب سرگرداں ہوئے تو قانون قدرت کے مطابق ان کے اوپر زمین کے خزانوں نے خود ہی اپنی افادیت ظاہر کرنا شروع کر دی اور انہوں نے لوہے، تانبے اور دیگر دھاتوں کے مرکب سے ایسی ایجادات میں کامیابی حاصل کر لی کہ وہ اقوام عالم میں ممتاز ہو گئے۔ ہواؤں میں اڑنا زندگی کا معمول بن گیا، سمندر اور دریا کی سطح پر تیرنا اور ہزاروں لاکھوں ٹن سامان ادھر سے ادھر پہنچانا ایک عام بات بن گئی۔ ان کی ذہنی کاوشوں سے زمین کے فاصلے سمٹ گئے۔ دنیا کی خبریں اس کونے سے دوسرے کونے تک پہنچنے لگیں۔ اسٹیم بھاپ کی دریافت سے ریل گاڑیوں کا نظام قائم ہوا۔ زمین کے اندر سے گیس اور پیٹرول نکلا تو موٹر کاریں زمین پر دوڑنے لگیں، لاسلکی نظام کے تحت دور دراز رہنے والے، رشتہ دار،

> ہر شخص روحانی علوم کے بارے میں یہ تصور رکھتا ہے کہ یہ پھونکوں کا علم ہے۔ پھونک ماردی اور دنیا روشن ہو گئی، پھونک ماردی اور آدمی گریجوایٹ ہو گیا۔ کسی بزرگ کی پھونک لگ گئی اور اس کے ہاتھ پی ایچ ڈی کی ڈگری آ گئی۔ سوال یہ ہے کہ جب آدمی پھونک سے میٹرک نہیں کر سکتا تو روحانی علوم کے بارے میں یہ خام خیالی کیوں جاگزیں رکھی گئی ہے؟ دنیا کا ہر کام محنت سے ہوتا ہے۔ آدمی جتنی بھی محنت کرتا ہے اللہ تعالیٰ اس کا صلہ عطا فرماتا ہے۔ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں،" اور وہ لوگ جو میرے لئے جدوجہد کرتے ہیں، میں ان کو راستوں کی ہدایت ضرور دیتا ہوں۔"



Marfat.com

وہ کڑی تھی جو چبائی نہ گئی تھی انؐ سے
اپنے دانتوں سے کیا نرم اسے بی بیؓ نے
اپنے دانتوں سے کیا نرم اُسے بی بیؓ نے
اور پھر خوب کی مسواک مرے ہادی نے
بدن اطہر کو جو دیکھا وہ ہوا بھاری تھا
آپؓ فرماتی ہیں کہ آقاؐ نے اوپر دیکھا
آپؐ کی پاک زباں پر یہ رواں آیت تھی
الرفیق الاعلیٰ من الجنۃ
مجھ سے رُخصت جونہی آقاؐ کا جمال ہوا
میری ہی گود میں پھر انؐ کا وصال ہوا
آپؐ فرماتی ہیں اس حال پہ فوراً بولی
جس نے مبعوث کیا حق سے قسم ہے اس کی
اختیار آپؐ کو اللہ نے دیا تھا ایسا
اپنی مرضی سے اسے آپؐ نے اپنایا تھا

Marfat.com

پیارے دوست ایک دوسرے کے قریب آ گئے۔ انہوں نے بادوباراں کے نظام سے باخبر ہو کر ایسے انکشافات کئے کہ جن سے اللہ تعالیٰ کی مخلوق حوادث سماوی سے محفوظ رہ سکے۔

یہ سب اس لئے ہوا کہ ان مفکّرین اور دانشوروں نے صحیفہء کائنات کے مطالعہ کے بعد اس کے قوانین اور آیات کو اپنی اور نوعِ انسانی کی بہتری کے لئے استعمال کیا۔

ایجادات و ترقی اور علم و ہنر کا سورج آج مغرب میں روشن ہے، کبھی مشرق میں چمکتا تھا اور جب مشرق اقوام نے بالعموم اور مسلمانوں نے بالخصوص علم و ہنر کے اس سورج سے اپنا رشتہ منقطع کر لیا تو علم و ہنر نے بھی مسلمانوں سے اپنا رشتہ توڑ لیا۔ اللہ عجز و انکساری اور اطاعت پسند فرماتا ہے جبکہ تکبّر اور نافرمانی اللہ کے نزدیک ناپسندیدہ اعمال ہیں۔ ناپسندیدہ اعمال جب حد سے زیادہ بڑھ جاتے ہیں تو قانون قُدرت حرکت میں آ کر نافرمانوں کو نیست و نابود کر دیتا ہے۔

اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے:

اِنَّ اللّٰہَ لَا یُغَیِّرُ مَا بِقَوۡمٍ حَتّٰی یُغَیِّرُوۡا مَا بِاَنۡفُسِہِمۡ ؕ

اللہ کسی قوم کے حال نہیں بدلتا جب تک وہ خود اپنے اوصاف کو نہیں بدل دیتی۔

(سورۃ الرعد، پارہ 13- آیت 11)



Marfat.com

آپؓ فرماتی ہیں اس وقت تو کم عمری تھی
اوروں کے ساتھ وہاں منہ میں اپنا پیٹی

## غسل دینے والے

حضرت علیؓ و عباسؓ تو انؓ کے بیٹے
اوسؓ بن خولی و شقرانؓ اسامہؓ بھی تھے

## کیفیتِ غُسل

مرحلہ یہ بھی مقدر میں علیؓ کے آیا
آپؐ نے سینے سے آقاؐ کو لگا رکھا تھا
غسل اطہر بھی دیا کپڑوں سمیت انؐ کو
جسم ملتے تھے مگر کپڑوں کے اوپر سے وہ
مل کے حیدرؓ سے یہ اصحابؓ بدلتے پہلو
دیتے شقرانؓ و اسامہؓ ہی تھے پانی ان کو

Marfat.com

# اللہ کا ذکر

موضوع 62/84

REMEMBERENCE OF ALLAH

## سُوْرَةُ الرَّعْدِ (THUNDER)

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَ تَطْمَىِٕنُّ قُلُوْبُهُمْ بِذِكْرِ اللّٰهِ ؕ اَلَا بِذِكْرِ اللّٰهِ تَطْمَىِٕنُّ الْقُلُوْبُ ﴿۲۸﴾

ترجمہ: وہ لوگ جو ایمان لائے ان کے دلوں کو اللہ کی یاد سے اطمینان نصیب ہوتا ہے۔ سن لو کہ اللہ کی یاد ہی سے دلوں کو اطمینان نصیب ہوتا ہے۔

*Those who believe and their hearts become calm and contented with the rememberence of Allah –know that it is the rememberence of Allah alone that brings calm to the hearts.*

رسول اللہ ﷺ نے صحابہ اکرام کو مخاطب کرتے ہوئے فرمایا:

**"ہر ایک کے لئے صفائی کی ایک چیز ہوتی ہے اور دلوں کی صفائی کے لئے اللہ کا ذکر ہے۔" (مشکوٰۃ)**

سکون اور خوشی کوئی خارجی شے نہیں ہے۔ یہ ایک اندرونی کیفیت ہے۔ اس اندرونی کیفیت سے جب ہم آشنا ہو جاتے ہیں تو سکون اور اطمینان کی بارش ہونے لگتی ہے۔ سکون آشنا زندگی سے واقف ہونے اور اطمینان قلب حاصل کرنے کے لئے ضروری ہے کہ آدمی اپنے آپ سے واقف ہو۔ خود سے وقوف حاصل کرنا حقیقت پسندانہ عمل ہے۔ اور حقیقت سے فرار FICTION اور مفروضہ زندگی ہے۔ ہر آدمی اپنی جنّت اور دوزخ ساتھ لئے پھرتا ہے اور اس کا تعلق طرز فکر سے ہے۔ طرز فکر انبیائے اکرام علیہ السلام کے مطابق ہے تو آدمی کی ساری زندگی جنّت ہے، طرز فکر میں اگر ابلیسیت ہے تو تمام زندگی دوزخ ہے۔

ذکر کے لغوی معنی یاد کرنے کے ہیں۔ تذکرہ کرنے کو بھی ذکر کہتے ہیں اس لئے کہ تذکرہ کرنا کسی کو یاد کرنے کا اظہار ہے۔ آدمی جب کسی کا نام لیتا ہے اس کی صفت بیان کرتا ہے تو یہ عمل، اس کا ذہنی تعلق مذکورہ ہستی کے ساتھ قائم کر دیتا ہے۔

## ذکرِ لسّانی:

ذکر کا پہلا مرتبہ یہ ہے کہ اللہ کے کسی اسم یا صفت کو زبان سے بار بار دہرایا جائے۔ جب تک کوئی انسان اس عمل میں مشغول



Marfat.com

میرے ماں باپ ہوں قربان حضورؐ انور
آپؐ ہر حال میں پاکیزہ و طیّب طاہر
سوچ میں سارے پڑے تھے یہ غسل کیسے ہو
ان کے کپڑوں کو اُتاریں نہ اُتاریں ان کو
آپؓ فرماتی ہیں پھر نیند تھی غالب انؓ پر
تھوڑیاں سینوں پہ آئیں تو جُھکے اُن کے سر
حالت نیند میں تھے ایک صدا یہ آئی
جس کی آواز سنی ہستی کہیں پر نہ تھی
کہنے والے نے سنایا تھا وہاں پہ سب کو
غسل اطہر حضورؐ کو تو کپڑوں میں دو
بارہ ربیع الاول تھا گیارہ ہجری
دن دو شنبہ کا تھا آپؐ کی یہ رحلت تھی
آپؐ کی ناف پہ پلکوں پہ بڑے تھے قطرے
فرطِ اُلفت میں عقیدت میں علیؓ نے چوسے

Marfat.com

رہتا ہے اس کا ذہن بھی کم و بیش اسی خیال پر قائم رہتا ہے۔ اگرچہ وقتی طور پر ذہن ذکر سے ہٹ بھی جاتا ہے۔ لیکن ذکر کی میکانکی حرکت غیر شعوری ارادے کو ذکر سے ہٹنے نہیں دیتی۔ اسے تصوّف میں ذکرِ لسّانی کہا جاتا ہے۔

## ذکرِ قلبی:

کسی اسم کو مسلسل دہرانے سے ایک ہی خیال ذہن پر نقش ہوتا رہتا ہے۔ شعوری ارتکاز بڑھنے لگتا ہے اور ذہن کو ایک خیال پر قائم رہنے کی مشق ہو جاتی ہے جب ایسا ہوتا ہے تو ذاکر زبان سے الفاظ ادا کرنے میں بار محسوس کرتا ہے۔ اور عالم خیال میں اسے الفاظ ادا کرنے میں اسے سرور حاصل ہوتا ہے چنانچہ وہ ذکر لسانی سے ہٹ کر ذکر خفی کرنے لگتا ہے اس درجہ کو ذکرِ قلبی کہا جاتا ہے۔

## مراقبہ MEDITATION:

پھر ایک موقع ایسا آتا ہے کہ آدمی عالم تصور میں پوری وجدانی کیفیت کے ساتھ اسم کے خیال میں ڈوب جاتا ہے۔ ذکر کا یہ مرتبہ یا طریقہ تصوّف میں مراقبہ کہلاتا ہے۔

بے قراری، عدم سکون اور اضطراب سے رستگاری حاصل کرنے کے لئے اسلاف سے جو ہمیں ورثہ ملا ہے اس کا نام مراقبہ MEDITATION ہے۔ مراقبہ کے ذریعے ہم اپنے اندر مخفی صفات کو منظر عام پر لا سکتے ہیں۔ خوف و دہشت میں مبتلا، عدم تحفظ کے احساس میں سسکتی اور مصائب و آلام میں گرفتار نوع اِنسانی کے لئے مراقبہ ایک ایسا لائحہ عمل ہے جس پر عمل پیرا ہو کر ہم اپنا کھویا ہوا اقتدار دوبارہ حاصل کر کے زندہ قوموں کی صفوں میں ممتاز مقام حاصل کر سکتے ہیں۔

مراقبہ ایک ایسی حالت کا نام ہے جس میں اِنسانی شعور آہستہ آہستہ لاشعوری واردات و کیفیات سے مغلوب ہو جاتا ہے اور لاشعور (رُوح کا شعور) متحرک ہو جاتا ہے۔ مختلف سلسلوں میں مختلف مشقوں کے ذریعہ اس حالت کو بیدار کیا جاتا ہے۔ مقصد سب سلسلوں کا ایک ہی ہے وہ یہ کہ ارادہ کے ساتھ نیّت بھی کام کرے اس لئے کہ بغیر نیّت کے ارادہ میں حرکت پیدا نہیں ہوتی۔

مراقبہ ایک ایسی کیفیت ہے جس میں زمان و مکاں کی LIMITATIONS حد بندیاں نہیں ہیں۔ زمان و مکان کی حد بندیاں اِنسانی ارادے اور نیّت میں خلل پیدا کرتی ہیں۔ اب دیکھنا یہ ہے کہ ہماری زندگی میں حد بندیاں کن حالات میں زیادہ اور شدید ہوتی ہیں اور وہ کونسی صورت ہے جس میں ہم ان حد بندیوں سے آزاد ہوتے ہیں۔

اِنسانی زندگی دو حصوں پر منقسم ہے۔ ایک حصّہ بیداری ہے اور دوسرا حصّہ خواب۔ بیداری میں اِنسان زمان و مکاں کا پابند ہے لیکن خواب میں اِنسان ان سے آزاد ہو جاتا ہے۔ بالفاظ دیگر جاگتے اِنسان کی نسبت سوتے اِنسان میں صلاحیتیں زیادہ بیدار ہوتی ہیں۔

مراقبہ کے ذریعہ خواب میں زمان و مکان سے آزاد کام کرنے والی صلاحیتیں بیداری میں منتقل ہو جاتی ہیں۔ سب سے پہلے مراقبہ میں اس بات کی کوشش کی جاتی ہے کہ اِنسان کے اوپر بیدار رہنے کی حالت میں ایسی کیفیت طاری ہو جائے جو خواب سے قریب



Marfat.com

چادریں تین تھیں جو آپؐ کو پہنائی تھیں
ایک تھی حیری تو دو باقی صحاری ہی تھیں

## قبر مبارک

قبر انور کو جو کھدوانے کی باری آئی
ایک تجویز صحابہؓ نے وہاں فرمائی
کچھ کی خواہش تھی کہ مکہ کے موافق ہوگی
کچھ کی چاہت تھی مدینہ کے موافق ہوگی
دو تھے اصحابؓ جو یہ کام کیا کرتے تھے
آپؐ کے چاچا نے دونوں ہی بلا بھیجے تھے
ابو عبیدہؓ مکے کی طرح کرتے تھے
آپؓ صندوق کے جیسا ہی گڑھا رکھتے تھے
ابوطلحہؓ تو مدینے کی طرح کرتے تھے
آپؓ تربت کو تھے بس بغلی بنایا کرتے

Marfat.com

ترین ہے۔ اس کا طریقہ یہ اختیار کیا گیا کہ اِنسان اپنی نیّت اور ارادے سے بیداری میں اپنے اوپر خواب کی زندگی طاری کر لے مثلاً یہ کہ اندھیرا ہو۔ آنکھیں بند ہوں۔ جسم ڈھیلا ہو۔ شعور بیداری کی جکڑ بندیوں سے آزاد ہو اور لاشعوری کیفیات کو قبول کرتا ہو۔ ذہن کسی ایک نقطہ پر مرکوز کر لیا جائے جو بظاہر سامنے نہیں ہے یہ مشق آہستہ آہستہ اِنسان کو اس مقام پر لے آتی ہے جہاں وہ خواب کی واردات کو بیداری کے حواس میں محسوس کرتا ہے اور اس کا آخری درجہ یہ ہوتا ہے کہ لاشعوری تحریکات کو اِنسان اس طرح قبول کرنے لگتا ہے جس طرح وہ شعور کی تحریکات کو قبول کرتا ہے۔

## اسفل کا دماغ:

اس ضمن میں یہ بتانا ضروری ہے کہ اِنسان کے اندر دو دماغ کام کرتے ہیں ایک دماغ وہ ہے جو آدم کے اندر اسفل السافلین میں پھینکے جانے سے پہلے کام کرتا تھا اور دوسرا دماغ وہ ہے جو اسفل میں بنا اور اسفل میں کام کرتا ہے لیکن وہ دماغ جو جنّت میں کام کرتا تھا وہ ختم نہیں ہوا۔ ہوتا یہ ہے کہ اسفل کا دماغ غالب رہتا ہے اور جنّت کا دماغ مغلوب۔ لیکن اس کی حرکات و سکنات ہر لمحہ اور ہر آن برقرار رہتی ہیں اور یہ حرکات و سکنات خواب میں سفر کرتی رہتی ہیں۔ لیکن مراقبہ کے ذریعے خواب کے حواس جب بیداری میں منتقل ہو جاتے ہیں تو صورت حال الٹ جاتی ہے یعنی اسفل کا دماغ مغلوب ہو جاتا ہے اور جنّت کا دماغ غالب آ جاتا ہے۔ لیکن اگر اسفل کا دماغ معطّل ہو جائے تو اِنسان کے اوپر جذب طاری ہو جاتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ اس راستہ میں سفر کرنے والے سالک کو استاد کی ضرورت پیش آتی ہے ایسا استاد جو اس راہ میں سفر کر کے منزل رسیدہ ہو اور وہ اس بات سے کماحقہ واقف ہو کہ سالک کی ذہنی استعداد کیا ہے۔ اور وہ جنّت کے دماغ کی تحریکات کو کس حد تک قبول کر سکتا ہے۔ اسی مناسبت سے وہ استاد ایسے اسباق تجویز کرتا ہے جو سالک کی ذہنی استعداد کے مطابق ہوں اور اس کی سکت کو بتدریج بڑھاتے رہیں۔ تصوّف کی زبان میں اس استاد کا نام شیخ ہے۔

## مراقبہ کے مدارج STAGES OF MEDITATTION:

جب مرید یا سالک آنکھیں بند کر کے ہر طرف سے ذہن ہٹا [illegible]
ہے تو اس کے اندر شیخ کی طرز فکر منتقل ہوتی ہے [illegible]
ذخیرہ ہے جو حواس بناتی ہیں۔ شعور بناتی ہیں، زندگی کی ایک ایک بنیادی ہیں، جب ہم
اپنے ارادے کے تحت شیخ کا تصور کریں گے تو تصور میں گہرائی پیدا ہونے کے بعد
شیخ کے اندر کام کرنے والی وہ روشنیاں جو اسے سیدنا حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام سے
منتقل ہوئی ہیں، ہمارے اندر منتقل ہو جائیں گی۔

مراقبہ کا سب سے آسان طریقہ تصور شیخ ہے۔ آنکھیں بند کر کے ذہن کی تمام صلاحیتوں کو اس بات میں استعمال کیا جائے کہ شیخ ہمارے سامنے ہے۔ اس سے پہلا فائدہ یہ ہوتا ہے کہ مرید چونکہ شیخ سے واقف ہے اور اس کے ذہن میں شیخ کی شکل و صورت اور سیرت کا ایک عکس بھی موجود ہے اس لئے تصور کرنے میں آسانی ہوتی ہے۔ جب ہم تصور شیخ کرتے ہیں تو خیالات کے ذریعے شیخ کی پاکیزگی ہمارے ذہن میں منتقل ہوتی ہے اور رفتہ رفتہ اس پاکیزگی کا اتنا



Marfat.com

ابوطلحہؓ نے وہاں آنے میں سبقت کر لی
اُن کے آنے پہ تو شاید تھی خدا کی مرضی

## تدفینِ مقدس

اختلاف ایسا ہوا قبر کہاں پر ہوگی
حل یہ مشکل تھی جو صدیقؓ نے فوراً کر دی
انؓ کا فرمان تھا یہ میں نے سنا ہے انؐ سے
جس جگہ فوت نبیؐ ہوں ہیں وہ مدفن اُن کے
ابوطلحہؓ نے ہی اس جگہ لحد کھودی تھی
جو جگہ حجرے میں سرکارؐ کے بستر کی تھی
جب جنازہ تھا تیار نمازی آئے
مردوں نے آ کر پڑھی سب سے نماز پہلے
عورتیں آئی تھیں پھر انؐ کی نماز پڑھنے
سب سے آخر میں ہوئے انؓ کے نمازی بچے

Marfat.com

غلبہ ہو جاتا ہے کہ تاریکی اور کثافت چھٹ جاتی ہے۔ جب تک دماغ کی سطح پر تاریکی اور کثافت باقی رہے گی۔ کوئی سالک رُوحانی سفر میں قدم نہیں بڑھا سکتا۔

## مراقبہ میں واردات وکیفیات:

مراقبہ کی تعریف ہو چکی اب دیکھیں کہ مراقبہ میں واردات وکیفیات کا نزول کس طرح ہوتا ہے۔ یہ دو طرح سے ہوتا ہے۔ پہلی صورت یہ ہے کہ آدمی آنکھیں بند کئے بیٹھا ہے اس کے اوپر آدھی نیند طاری ہوگئی جس کو ہم نیم غنودگی ABSORPTION کہہ سکتے ہیں اور اس حالت میں وہ غیب کی بہت سی چیزوں کا مشاہدہ کرتا ہے۔

## ورود، مکاشفہ اور مشاہدہ:

دوسری حالت میں وہ آنکھیں بند کئے بیٹھا ہے لیکن اس کے اوپر نیند طاری نہیں ہوتی۔ آنکھیں بند ہیں اور وہ غیب کی چیزوں کا مشاہدہ کر رہا ہے۔ اس کیفیت کا اصطلاحی نام ورود INFUSION ہے۔ جب کوئی شخص اس کیفیت سے پوری طرح آشنا ہو جاتا ہے تو پھر ورود کی حالت میں اس کی آنکھیں کھلنے لگتی ہیں اور کیفیت یہ ہوتی ہے کہ وہ ہر چیز بند آنکھوں سے دیکھ رہا ہے۔ آنکھوں پر ایک دباؤ پڑا اور آنکھیں کھل گئیں۔ رفتہ رفتہ یہ حالت اسی درجہ غالب آجاتی ہے کہ اس کو آنکھیں بند کرنے کی ضرورت پیش نہیں آتی اور وہ اپنے ارادہ کے ساتھ جہاں دیکھنا چاہتا ہے دیکھ لیتا ہے۔ اس کیفیت کا اصطلاحی نام کشف یا مکاشفہ ہے۔ لیکن اس حالت میں اِنسانی شعور کافی حد تک معطل اور دبا ہوا رہتا ہے۔ یعنی جب اس کے اوپر یہ حالت وارد ہوتی ہے تو ماحول سے اس کا تعلق منقطع ہو جاتا ہے اور جب اس کیفیت سے باہر آتا ہے تعلق بحال ہو جاتا ہے۔

مکاشفہ کی صلاحیت پوری طرح بیدار ہو جانے کے بعد ذہن ایک نئی کروٹ لیتا ہے اور اِنسان کھلی آنکھوں سے دور دراز اور پس پردہ چیزوں کو دیکھنے پر قادر ہو جاتا ہے پس پردہ چیزیں بھی دیکھتا ہے اور شعوری حواس میں بھی رہتا ہے۔ مطلب یہ کہ شعوری حواس میں وہ باتیں کر رہا ہے، کھا رہا ہے۔ چل رہا ہے اور مشاہدہ بھی کر رہا ہے۔ تصوّف میں اس کا نام مشاہدہ ہے، یہ مشاہدہ ہی ہے جو اِنسان کو درجہ بدرجہ وہاں لے جاتا ہے جہاں وہ عرفان صفات کے عِلم سے متصف ہو جاتا ہے۔

مشاہدہ میں اس بات کی مشق ہو جاتی ہے کہ اِنسان لاشعوری واردات وکیفیات میں جو دیکھتا ہے شعور اس کو نہ صرف محسوس کرتا ہے بلکہ اس کو ایک حقیقت جان کر اہمیت بھی دیتا ہے۔ نتیجہ میں لاشعوری اور شعوری کیفیات میں ایک توازن قائم ہو جاتا ہے۔ جب یہ کیفیت قائم ہو جاتی ہے تو کوئی سالک غیب اور ظاہر میں بیک وقت دیکھتا ہے، محسوس کرتا ہے اور عمل کرتا ہے۔ وہ اللہ تعالیٰ کی صفات کا مشاہدہ بھی کرتا ہے اور دنیاوی کاموں میں بھی مصروف رہتا ہے، فرشتوں سے ہم کلام بھی ہوتا ہے اور اپنے دوستوں سے محوِ گفتگو بھی رہتا ہے۔ یعنی اس کے اوپر ایک ایسی حالت وارد ہو جاتی ہے جس کو ہم لاشعوری اور شعوری کیفیات کا ایک جگہ جمع ہونا اور بیک وقت عمل کرنا کہہ سکتے ہیں۔ وہ خود کو زمین پر بھی موجود دیکھتا ہے اور آسمانوں کی سیر میں بھی مصروف پاتا ہے۔



Marfat.com

آپؐ کے حجرۂ اطہر میں نماز پڑھتے
تھوڑے تھوڑے سے ہی افراد چلے آتے تھے
کوئی امام نہ تھا پڑھتے نماز خود ہی
اس جنازے کی نہیں ملتی مثال کوئی
جسد اطہر کو لحد میں جو لٹانا چاہا
اپنے اصحابؓ کو صدیقؓ نے یہ فرمایا
ہے وصیّت یہ نبیؐ پاک کی سن لو سارے
مرحلے سارے ہی تجہیز کے تکفیں کے تھے
اہلِ بیت ہی تو انجام یہ دیں گے آ کے
ماسوا ان کے کوئی اور نہ آئے آگے
علیؓ عباسؓ و فضلؓ اور قثمؓ نے مل کر
لحدِ انور میں اُتارا تھا وہ جسدِ اطہر
آقاؐ کا جسدِ مبارک جو لحد میں آیا
کچی اینٹوں سے لحد پاک کے مونہہ کو ڈھانپا

Marfat.com

آیئے !دعا کریں کہ اللہ تعالیٰ اپنے کرم اور اپنے محبوب ﷺ کے صدقے میں ہمیں توفیق عطا فرمائیں کہ ہم اس کے محبوب ﷺ کے نقش قدم پر چل کر اپنا عِرفان حاصل کریں اور من عرف نفسہ فقد عرف ربہ یعنی جس نے خود کو پہچان لیا بیشک اس نے اپنے رب کو پہچان لیا کی وعید کے مطابق خود کو پہچانیں اور ذات باری تعالیٰ کا عِرفان حاصل کر لیں۔ آمین یارب العالمین۔

حوالہ جات:

1۔ ماہنامہ "رُوحانی ڈائجسٹ" شمارہ اگست 2015، موضوع نُور الٰہی نُور نبوت، صفحہ نمبر 8

2۔ کتاب "کشکول"، اَز الشیخ خواجہ شمس الدین عظیمی، موضوع 236، صفحہ نمبر 165



Marfat.com

اہل بیت نے کیا بند کواڑِ حجرہ
پھر ہی تجہیز کو تکفین کو پورا تھا کیا
اس دوراں حضرتِ صدیقؓ رہے تھے باہر
اور اصحابؓ وفا آپ کھڑے تھے در پر

## تدفین کا وقت

حضرت جعفرؓ صادق سے یہی ہے مروی
رات منگل کی تھی جب لحد تیار کی تھی
سوموار کو وصال تھا تو رات بدھ کی
حجرۂ پاک منور میں ہی تدفین تھی
طاہرہ سیّدہ عائشہؓ ہے یہ فرماتی
مجھ کو معلوم ہوئی ایسے ہی تدفین اُنؐ کی
سحر کے وقت کدالوں کی آوازیں آئی
لحدِ انور کی اسی وقت کھدائی کی تھی

Marfat.com

موضوع 63/84

# لوحِ محفوظ

## سُوْرَةُ الرَّعْدِ (THUNDER)

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

یَمۡحُوا اللّٰهُ مَا یَشَآءُ وَ یُثۡبِتُ ۚۖ وَ عِنۡدَهٗۤ اُمُّ الۡكِتٰبِ ﴿۳۹﴾

ترجمہ: اللہ جس چیز کو چاہتا ہے مٹا دیتا ہے اور جس چیز کو چاہتا ہے باقی رکھتا ہے۔ ام الکتاب اسی کے پاس ہے۔

*Allah effaceth what He will, and establisheth (what He will), and with Him is the source of ordinance.*

جس چیز کو ہم جانتے ہیں اور جن جذبات احساسات سے ہم واقف ہیں اس کا نام شعور ہے۔ اور جن خیالات کو ہم نہیں جانتے ان کا نام لاشعور ہے۔ یہ جاننا اور نا جاننا دونوں اِنسان کے اندر موجود ہیں۔

### عِلم لا اور اِلّا کی نفی:

ان طرزوں کو جو ہماری سمجھ میں ابھی تک نہیں آسکی ہیں "لا" کہا جاتا ہے۔ "لا" کی طرزوں میں داخل ہونے کے لئے اور لا کی طرزوں سے متعارف ہونے کے لئے ہمیں "اِلّا" کی نفی کرنی پڑتی ہے۔ مادی دنیا میں زمان و مکاں کی جس زندگی سے ہم لوگ واقف ہیں اور جو زندگی ہمارے اوپر مُسلّط ہے اس کی نفی کر کے ہی ہم علم "لا" میں داخل ہو سکتے ہیں۔

### القاء اور اس کی اقسام:

عِلم لا سے واقفیت "القاء" کہلاتی ہے۔ القاء کی چار اقسام ہیں جنہیں "تنزّلات" کہا جاتا ہے۔

### کائنات کے چار تنزّلات:

### تنزّل نمبر 1، عِلم القلم:

پہلا تنزّل یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کے ذہن میں کائنات جس طرح سے تھی اس کا مظاہرہ ہو گیا۔ یہ مظاہرہ "عِلم القلم" ہے۔



Marfat.com

ابن عبداللہ جابرؓ نے ہے یہ فرمایا
آپؐ کی قبر مبارک پہ تھا پانی چھڑکا
لے کے بلالؓ مزار پہ جو پانی آتے
سر کی جانب سے وہ پانی تھے چھڑکتے جاتے

Marfat.com

## تنزّل نمبر 2، تجلّیات:

تنزّل دوم میں اللہ تعالٰی کے اسرار و رموز تجلّیات میں ظاہر ہوتے ہیں یہ تجلّیات مشیت ایزدی کا مکمل احاطہ کرلیتی ہیں۔

## تنزّل نمبر 3، تقدیر مبرّم:

تنزّل سوم میں اسرار و رموز لوح محفوظ کے نقش و نگار کی صورت اختیار کرلیتے ہیں۔ یہی نقش و نگار تقدیر مبرّم ہے۔

## تنزّل نمبر 4، عنصریت:



تیسرے تنزّل کے بعد جب کوئی شے عالم ناسوت کی حدود میں داخل ہو کر عنصریت کا لباس پہنتی ہے اور میکانیّت کی بنیاد پڑتی ہے تو اسے تنزل چہارم کہتے ہیں۔

یہ سمجھنا ضروری ہے کہ ہر زمانے میں INVENTIONS AND INNOVATIONS اختراعات اور ایجادات کا سلسلہ دور ازلیہ سے قیامت تک اور قیامت سے ابد الآباد تک جو جو نئے اعمال پیش آتے رہیں گے، دور ازلیہ کی حدود سے باہر نہیں ہیں۔ ابد تک ممکنات کا ہر مظاہرہ ازل ہی کے احاطے میں مقید ہے اس ہی لئے علم القلم کا جو بھی تنزل پیش آرہا ہے یا پیش آئے گا وہ علم القلم ہے۔

اللہ تعالٰی جَلَّ جَلَالُہٗ فرماتے ہیں:

يَمْحُوا اللّٰهُ مَا يَشَآءُ وَ يُثْبِتُ ۚۖ وَعِنْدَهٗۤ اُمُّ الْكِتٰبِ ﴿۳۹﴾

ہر وعدہ ہے لکھا ہوا، مٹاتا ہے اللہ جو چاہے اور رکھتا ہے جو چاہے اور اس کے پاس ہے اصل کتاب۔ (سورۃ رعد، پارہ 13، آیت 39)



Marfat.com

# مآخذ


۱- ابن اسحاق، محمد بن اسحاق بن یسار (۸۵-۱۵۱ھ سیرت النبیؐ، لاہور پاکستان مکتبہ رحمانیہ۔

۲- ابن سعد، ابو عبداللہ محمد (۱۶۸-۲۳۰ھ/ ۷۸۴-۸۴۵ء طبقات ابن سعد کراچی پاکستان نفیس اکیڈمی

۳- سورۃ ترمذی محمد بن عیسیٰ ۲۱۰-۲۷۷ہجری / شرح شمائل ترمذی لاہور، پاکستان پروگریسو بکس (۸۲۵-۸۹۲ء)

۴- قاضی عیاض، ابو الفضل عیاض بن موسیٰ بن عیاض ۴۷۶-۵۴۴ھ (۱۰۸۳-۱۱۴۹ء) کتاب الشفاء لاہور، پاکستان مکتبۃ العلم

۵- ابن جوزی، ابو الفرج عبدالرحمٰن بن علی ۵۱۰-۵۷۹ہجری (۱۱۱۶-۱۲۰۱ھ) الوفا باحوال المصطفیٰؐ لاہور پاکستان، حامد اینڈ کمپنی۔

۶- ابن قیم، محمد ابی عبداللہ (۶۹۱-۷۵۱ھ زاد المعاد کراچی پاکستان نفیس اکیڈمی۔

۷- سیوطی، جلال الدین ابو الفضل عبدالرحمٰن بن ابی بکر محمد بن ابی بکر بن عثمان (۸۴۹-۹۱۱ھ/ ۱۴۴۵-۱۵۰۵ء۔ الخصائص الکبریٰ


Marfat.com

## مثال:

ایک مشین ہے۔ مشین کو چلانے والا کوئی OPERATOR ہے۔ مشین کے اوپر ایک فلمی ریل ہے اس ریل کا عکس کئی LENSES سے گزر کر خلاء میں ہوتا ہوا ایک SCREEN یا پردے پر ظاہر ہوتا ہے۔ غور طلب بات یہ ہے کہ آدمی سینما میں بیٹھا ہوا ہے۔ پردے کے اوپر متحرک تصویریں ہیں۔ اس کی نظر نہ تو خلاء میں ہوتی ہے اور نہ ہی مشین پر۔ نہ ان LENSES کو دیکھتا ہے جن سے گزر کر تصویریں پردے پر آ رہی ہیں نہ ہی اس کے سامنے مشین چلانے والا OPERATOR ہوتا ہے۔ لیکن پردے کے اوپر خدوخال کے ساتھ تصویریں متحرک ہوتی ہیں آنکھ ان تصاویر کو دیکھتی ہے۔

یوں سمجھیئے کہ جب تک مخلوق اللہ کے ذہن میں تھی خدوخال نہیں تھے لیکن واجب کے LENS سے گزرنے کے بعد جیسے ہی لوح محفوظ میں قدم رکھا، حکم کے خدوخال مرتّب ہو گئے۔ پھر عالم تمثال میں یہ تصویریں وجود میں آگئیں۔ لیکن ان تصویروں میں جسد خاکی کا لباس ظاہر نہیں ہوا جب تک خدوخال کے اوپر جسد خاکی یا جسمانی لباس نہیں آتا تصویر احساس سے روشناس نہیں ہوتی۔

1۔ القاء کی پہلی منزل میں موجودات اللہ کے علم میں موجود ہیں لیکن ان میں خدوخال نہیں بنے تھے۔

2۔ احکامات اور تصویروں نے اس وقت خدوخال اختیار کئے جب وہ لوح محفوظ پر نقش ہوئیں۔

3۔ اور جب احکامات لوح محفوظ سے گزر کر برزخ میں آئے تو روشنیوں کا جسم بن گیا۔

4۔ جب یہ تصویریں جسد خاکی کا لباس پہن لیتی ہیں ان میں میکانیّت اور زمانیّت کا احساس پیدا ہو جاتا ہے وہ خود کو زمانیّت اور مکانیّت میں قید محسوس کرتی ہیں۔ یہی القاء کی چوتھی منزل ہے۔

## لوحِ محفوظ تک رسائی:

مراقبہ کی بہت سی اقسام ہیں۔ براہِ راست مراقبہ یہ ہے کہ آدمی آنکھیں بند کر کے یہ تصوّر کرے کہ میں روشنی کا ایک نقطہ ہوں۔ یہ مراقبہ آدھی رات گزرنے کے بعد یا صبح صادق کے وقت شمال رُخ منہ کر کے آرام دہ نشست میں بیٹھ کر اس طرح کیا جاتا ہے کہ سالک اپنے دل کا تصوّر کرے اور دیکھے کہ دل کے اندر چھوٹا سا اک سیاہ رنگ نقطہ گردش کر رہا ہے۔ مراقبہ کی کامیابی اس بات کا مظہر بن جاتی ہے کہ آدمی اپنی زندگی کے آثار فنا ہوتے دیکھتا ہے اور خود کو صرف روشنی کا ایک نقطہ دیکھتا ہے۔ یہ نقطہ جب پوری طرح واضح ہو جاتا ہے۔ تو نقطہ کی سیاہی چمک دمک میں تبدیل ہو جاتی ہے۔ پھر اس نقطہ میں پھیلاؤ پیدا ہوتا ہے اور یہ پھیلاؤ سکرین بن جاتا ہے۔ ایسی سکرین جس کے اوپر کائنات کا پورا پروگرام نشر ہو رہا ہے یہ وہی سکرین ہے جس کو قرآن پاک نے لوحِ محفوظ کہا ہے۔

اِنسانی زندگی کے تمام دور بشمول ماضی اور مستقبل لوح محفوظ پر نقش ہیں۔ کائنات کا ہر ذرّہ اس نقش کی تفصیلی تصویر ہے۔ ہر ذرّے کے وجود کی گہرائی میں اسی نقش کا سراغ ملتا ہے۔ اسی طرح پتھر میں پتھر کے زمانے کی ساری فلم موجود ہے۔ یہ فلم پتھر کے اندر جھانکنے سے نظر آتی ہے۔ اسی ریکارڈ یا فلم کا مشاہدہ کر کے رُوحانی آدمی ماضی اور مستقبل کے تمام واقعات سے مطلع ہو جاتا ہے۔ آدم کی



Marfat.com

قُلْ هُوَ اللهُ أَحَدٌ

Marfat.com




Marfat.com

تخلیق میں جو فارمولے کام کر رہے ہیں وہ ازل سے ایک ہی پیٹرن PATTERN یا طرز پر قائم ہیں۔ زمانے کی تبدیلی کے ساتھ ساتھ ان کی مظاہراتی طرزوں میں تغیر VARIATION تو رونما ہوتا رہتا ہے لیکن بنیادوں میں کوئی تبدیلی واقع نہیں ہوتی۔ انسانی طبیعت میں تقاضے، رنج و غضب، پیار، جنس، وغیرہ یکساں ہیں۔ البتہ ہر دور میں ان کی مظاہراتی صورتیں تبدیل ہوتی رہتی ہیں۔

## لوحِ محفوظ پر تبدیلی:

ایک ولی سے ولایت چھن گئی جس کی وجہ سے لوگ اسے مردود کہنے لگے۔ بے شمار اولیاء اللہ نے اس کا نام لوحِ محفوظ پر اشقیاء کی فہرست میں لکھا ہوا دیکھا وہ بندہ نہایت سراسیمگی اور مایوسی کے عالم میں پیران پیر دستگیرؒ کی خدمت میں حاضر ہوا اور رو رو کر اپنی کیفیت بیان کی۔ حضرت غوث پاکؒ نے اس کے لئے دعا کی۔ اللہ تعالیٰ کی طرف سے آواز آئی، "اسے میں نے تمہارے سپرد کیا، جو چاہے کرو۔ آپ نے اسے سر دھونے کا حکم دیا اور اس کا نام بدبختوں کی فہرست سے دھل گیا۔

اس کرامت کی توجیہہ یہ ہے:

حضرت شیخ عبد القادر جیلانیؒ کو حضور ﷺ سے وراثتاً علوم اور اختیارات منتقل ہوئے ہیں۔ یہ علوم اور اختیارات ان لوگوں کو اللہ تعالیٰ کی طرف سے تفویض ہوتے ہیں جن کے بارے میں اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں:

"میں اپنے بندے کو دوست رکھتا ہوں میں اس کے کان آنکھ زبان بن جاتا ہوں پھر وہ میرے ذریعے سنتا ہے میرے ذریعے بولتا ہے میرے ذریعے چیزیں پکڑتا ہے"۔

شیخ عبد القادر جیلانیؒ علم لدنّی کے حامل بندے ہیں جب انہوں نے اللہ تعالیٰ سے دعا فرمائی تو اس بندے کا نام اشقیاء کی فہرست سے نکل کر سعید رُوحوں میں درج ہو گیا۔

حوالہ جات:

1۔ کتاب "شرح لوح و قلم" از الشیخ خواجہ شمس الدین عظیمی، باب لیکچر 13 قوت القاء، صفحہ نمبر 105 تا 107

2۔ ماہنامہ "قلندر شعور" شمارہ دسمبر 2014، باب شرح لوح و قلم، صفحہ نمبر 46

3۔ کتاب "کشکول" از الشیخ خواجہ شمس الدین عظیمی، موضوع نمبر 26، صفحہ نمبر 39



Marfat.com

موضوع 64/84

# زمین کے کنارے

## THE REDUCING LAND

## سُوْرَةُ الرَّعْدِ (THUNDER)

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَوَلَمْ يَرَوْا اَنَّا نَاْتِي الْاَرْضَ نَنْقُصُهَا مِنْ اَطْرَافِهَا ؕ

ترجمہ: کیا وہ نہیں دیکھتے؟ کہ ہم زمین کو اس کے کناروں سے گھٹاتے چلے آرہے ہیں۔

*See they not how We visit the land, reducing it of its outlying parts?*

ہماری یہ دنیا یہ کرہ ارض، جس پر ہم رہتے ہیں قدرت کا ایک عجوبہ اور انمول شاہکار ہے۔ جنت نظیر وادیاں، معدنی دولت کے انبار اپنے سینوں میں چھپائے، زندگی کے مختلف رنگ، شجر، حجر، معدنیات، ہوا، پانی، جنگلات، حیوانات، چرند و پرند اور خود انسان سبھی اس ماحول کا حصہ ہیں۔

لیکن یہ صرف زمین کی وہ تعریف ہے جو اس کی سطح کے متعلق ہے۔ سائنس ہمیں بتاتی ہے کہ زمین کے اندر بھی ایک الگ سسٹم موجود ہے جو اس کی سطح زمین کی بنیاد ہے، جس کی وجہ سے ہماری دنیا اور اس میں بسنے والی تمام مخلوق میں اپنی تخلیق سے اب تک تبدیلیوں کا عمل لاکھوں کروڑوں سال سے جاری ساری ہے۔

جب سے ہماری زمین وجود میں آئی ہے تب ہی سے اس پر تبدیلیوں کا سلسلہ ایک ترتیب و تنظیم کے ساتھ جاری ہے، انہی تبدیلیوں کے نتیجے میں زمین کے بہت سے خشک حصے سمندر میں ڈوب جاتے ہیں اور بہت سے نئے جزائر سطح سمندر پر ابھر آتے ہیں۔ یہ بھی ہوتا ہے کہ ہزاروں میل تک خشکی کا بڑا حصہ سمندر کی نذر ہو جاتا ہے۔ یا پھر سمندر کے پیچھے ہٹنے سے نئے ساحل ابھر آتے ہیں۔

کہا جاتا ہے آج جہاں عظیم الشان شہر آباد ہیں جنہوں نے انسانوں کے ٹھاٹھے مارتے سمندروں کو اپنے اندر سمو رکھا ہے وہاں کبھی حقیقی سمندروں کا راج ہوتا تھا اور جہاں کہیں پر شکوہ آبادیاں تھیں اب وہاں گہرے سمندروں کی حکمرانی ہے۔

گزرے زمانوں میں ہماری یہ زمین تبدیلیوں کے کتنے انقلابات سے گزر چکی ہے اس کا صحیح علم تو نہیں مگر عقل و شعور کی بدولت انسان نے بھی جو تحقیقات کی ہیں ان سے کئی سربستہ رازوں سے پردے اٹھ چکے ہیں۔



Marfat.com

بیسویں صدی کی ابتداء میں سائنسدان سمجھتے تھے کہ ساری زمین پانی پر کھڑی ہے اور وہ سات بڑی چٹانیں ٹکڑوں میں بٹی ہوئی ہیں جنہیں ہم براعظم کہتے ہیں لیکن جب سے علم ارضیات کے ضمن میں انقلابی جہتیں سامنے آئیں اور زمین کی طبعی تبدیلیوں کا جائزہ لیا گیا تو گذشتہ نصف صدی میں سائنسدان یہ جان کر حیران رہ گئے کہ ہماری زمین براعظموں پر نہیں بلکہ پندرہ چھوٹی بڑی مسطح چٹانوں پر کھڑی ہے یہ چٹانیں مسلسل سرک رہی ہیں۔ سرکنے کے اس عمل کا ہمیں ادراک نہیں ہو پاتا تاہم ان کے سرکنے سے ہونے والی ارضیاتی تبدیلیوں سے ہی براعظموں کی ہیئت اور ساخت میں تبدیلی ہوتی ہے۔

بیسویں صدی کے اوائل میں ایک جرمن سائنسدان الفریڈ ویجزALFRED WEGES نے تاریخ میں پہلی بار یہ انکشاف کیا کہ ابتداء میں دنیا کے تمام براعظم ایک دوسرے کے ساتھ جڑے ہوئے تھے مگر بعد میں مختلف اطراف میں سرکتے سرکتے بالکل ہی جدا ہو گئے۔ماہرین علم الارض کو اس کی وفات کے تقریباً پچاس سال بعد 1960 کے عشرے میں اس کی بات کے درست ہونے پر یقین اس وقت آیا جب نظریہ ساختمائی ارضیاتTHEORY OF TECTONICS کی دریافت ہوئی۔

الفریڈ ویجز نے 1912 میں ایک مضمون لکھا جس میں انہوں نے لکھا کہ 50 کروڑ سال پہلے پورا خطہ زمین ایک عظیم براعظم "براعظم پنجیا"PANGAEA کی صورت میں قطب جنوبی میں موجود تھا۔ یہ مٹی کا دور تھا اس دور میں قطبین کا وجود نہیں تھا زمین پر شاز ہی کبھی برف باری ہوتی تھی۔ خشکی کا سارا رقبہ گھنے جنگلوں پر مشتمل تھا۔بارش کثرت سے ہوتی تھی اس وقت اس واحد براعظم پر عظیم الجثہ دیو ہیکل جانوروں کی حکمرانی تھی جنہیں ہم ڈائنوسار کہتے ہیں۔ مٹی کے دور کے خاتمے کے ساتھ ہی زمین پر زبردست آتش فشانی دور شروع ہوا۔ جگہ جگہ آتش فشاں پھٹ پڑے۔زیرزمین چٹانوں کی شکست وریخت سے زبردست ارضیاتی تبدیلیاں واقع ہوئیں۔ زلزلوں اور زمین طوفانوں سے نہ صرف یہ واحد براعظم تقسیم ہونا شروع ہوا بلکہ زیر سمندر آتش فشانی کے اس سلسلے نے سر اٹھایا تو اربوں کھربوں ٹن لاوا اگل کر سمندر پر جم گیا اور جگہ جگہ نئے نئے جزائر اور براعظم بننے لگے۔ براعظم کے بعض حصے سمندر کی نظر ہونے لگے اور ڈائنوسارس کا خاتمہ ہو گیا۔ اٹھارہ کروڑ سال پہلے یہ براعظم دو حصوں میں تقسیم ہو جانے کے بعد دو مختلف سمتوں میں حرکت کرنے لگا اس میں سے ایک بڑا گونڈواناGONDWANA تھا۔ جس میں افریقہ، آسٹریلیا، انٹارکٹکا اور انڈیا شامل تھے۔ دوسرا لاریشیا LAURASIA تھا جو یورپ، شمالی امریکہ، اور ایشیا ماسوائے انڈیا پر مشتمل تھا۔ اس علیحدگی کے پندرہ کروڑ سال بعد گونڈوانا اور لاریشیا چھوٹے چھوٹے حصوں میں تقسیم ہو گئے جو پنجیا کے ٹوٹنے کے بعد کرہ ارض پر مسلسل حرکت میں رہے ان کی یہ حرکت چند سینٹی میٹر فی سال کی شرح سے تھی اس عمل کے دوران سمندر بھی زمین کی نسبت سے اپنی شکل تبدیل کرتے ہیں۔ براعظموں کے الگ ہونے اور فضا میں تبدیلی سے برفانی دور کا آغاز ہوا۔ زمین کسی فریج کی طرح سرد اور سمندر منجمد ہو گئے برف نے براعظموں کو ڈھانپ دیا شمال اور جنوب میں قطبین تشکیل پا گئے۔ سمندر کا رقبہ کم ہو گیا۔

برسوں بعد زیرزمین آتش فشاں پھر سر اٹھانے لگے زمین کا ماحول کسی قدر گرم ہوا اس گلوبل وارمنگ سے کئی براعظموں کی



Marfat.com

برف پگھل گئی اور سمندر کے رقبہ میں اضافہ ہو گیا جگہ جگہ طوفان آئے جس سے کئی جزائر غرق ہو گئے۔

اس کے بعد زمین پر دوبارہ برفانی دور شروع ہو گیا۔ ابتداء میں اس کا دورانیہ چالیس سے پچاس ہزار سال کو ہوتا تھا۔ بعد میں اس کی رفتار میں تیزی آنے لگی اور پھر یہ برفانی دور ہر دس ہزار سال بعد آنے لگا۔ سائنسدانوں نے اس عمل کو TERMINATION کا نام دیا ہے۔ سائنسدانوں کا خیال ہے کہ زمین پر کئی برفانی دور آ چکے ہیں آخری برفانی دور کا خاتمہ یا TERMINATION دس ہزار سال قبل ہوا تھا۔ جس میں اٹلانٹس، مو، لیموریا جیسے براعظم سمندر میں روپوش ہو گئے اور سمیر، مصر اور سندھ کی تہذیب اس آخری برفانی دور کے خاتمے کے بعد ہی وجود میں آئی۔

جب ہماری زمین کی اندرونی کرے میں موجود پگھلے ہوئے مادے میگما میں ہلچل پیدا ہوتی ہے تو یہ پلیٹس بھی اس جھٹکے سے متحرک ہونے لگتی ہیں۔ میگما ان پلیٹوں کی حرکت میں توانائی فراہم کرتا ہے۔ زمین پر موجود پہاڑ میگما کی ہلچل میں توازن رکھتے ہیں اور اس کے دباؤ کو روک لیتے ہیں۔ مسلسل تیرنے اور حرکت کرنے سے زمین میں ارضیاتی تبدیلیاں رونما ہوتی ہیں۔ اگر اس دوران کبھی میگما کی طغیانی اچانک بڑھ جاتی تو جڑی ہوئی پلیٹیں آپس میں ٹکراتی ہیں اس باہمی ٹکراؤ سے زیرِ زمین غیر معمولی توانائی یا دباؤ پیدا ہوتا ہے جو ارد گرد کی چٹانوں کے لئے ناقابل برداشت ہو جاتا ہے اور یہ توانائی زبردست دھماکوں اور خوفناک گڑگڑاہٹ کی صورت میں پلیٹوں کی دراڑوں پر آباد بستیوں پر زلزلے کی صورت اور سمندری سطح پر سونامی کی شکل میں ظاہر ہوتی ہے، اور کبھی کبھی میگما کو شدید دباؤ زمین کی پلیٹوں کی سطح بھی تبدیل کر دیتا ہے، جس سے اچانک ارضیاتی تبدیلیاں رونما ہو جاتی ہیں اور زمین میں مد و جزر پیدا ہو جاتا ہے۔ زمین کے بعض حصے ابھر کر نئے جزیرے بن جاتے ہیں اور بعض جزیرے سمندر میں غرق ہو جاتے ہیں۔ بعض براعظم ایک دوسرے کے قریب آ جاتے ہیں اور بعض دور ہو جاتے ہیں۔

زمین کی پلیٹوں میں یہ تبدیلی عموماً بیس لاکھ سالوں کے دورانیے پر مشتمل ہوتے ہیں لیکن مسلسل زلزلوں اور آتش فشاں پہاڑوں کے پھٹنے سے یہ تبدیلی تیزی سے نمودار ہو رہی ہے ایسی ہی ارضیاتی تبدیلیوں کی حالیہ مثال بحر الکاہل اور قرنِ افریقہ میں پلیٹوں کی سطح میں ہونے والی تبدیلیاں ہیں!

بحر الکاہل اپنے ارضیاتی محل وقوع کے اعتبار سے ہمیشہ سے قدرتی آفات کی زد میں رہا ہے۔ ماہرین ارضیات کے مطابق بحر الکاہل میں واقع خطے صدیوں سے زلزلہ، سونامی اور آتش فشانوں کی تباہی کا شکار رہے۔ 1883ء میں کراکاٹو آتش فشاں کی تباہی اور 2004ء کی سونامی کی وجہ یہاں کے زیر سمندر متحرک فالٹ لائین اور آتش فشانی پہاڑی سلسلے موجود ہیں، جو ایک قوس کی شکل میں واقع ہے۔ دنیا بھر میں سب سے زیادہ آتش فشاں پہاڑ بھی اس خطے پر موجود ہیں۔

رواں برس اپریل میں بھی انڈونیشیا کے جزیرے ساٹرا کو 8 اعشاریہ 7 میگنی چوڈ کی شدت کا زلزلہ جھیلنا پڑا تھا جس نے دنیا بھر کے ماہرین کو پریشان کر دیا ہے اس زلزلے کے بعد خطے کی باریک بینی سے مطالعے اور جائزے کے بعد ماہرین اور سائنسدان نے انکشاف



Marfat.com

کیا ہے کہ زمین کی وہ پرت جسے اس خطے کی مناسبت سے انڈو آسٹریلین ٹیکٹونک پلیٹ کا نام دیا گیا ہے، بتدریج دو حصوں میں تقسیم ہو رہی ہے۔

ماہرین کا کہنا ہے کہ زمینی پرت کی اس نوعیت کی ٹوٹ پھوٹ کی ماضی میں کوئی مثال موجود نہیں اور یہی وجہ ہے کہ سماٹرا کو جس زلزلے نے نشانہ بنایا وہ عمودی نہیں بلکہ افقی صورت کا تھا اور اپنی نوعیت کا پہلا زلزلہ تھا۔

زلزلوں کے ماہرین کا کہنا ہے 11 اپریل 2012ء کو سماٹرا میں آنے والے زلزلے کے نتیجے میں بیک وقت چار فالٹ لائینز میں ٹوٹ پھوٹ ہوئی۔

اس موضوع پر کی جانے والی تحقیق کے مطابق انڈو آسٹریلین پلیٹ شمال کی جانب آگے سرک رہی ہے، لیکن اس کے مغرب میں ہمالیہ کا سلسلہ اس کے آگے بڑھنے کے لئے رکاوٹ ہے۔ زلزلہ کے نتیجے میں پلیٹ کے مرکزی علاقے میں انڈونیشیا اور دیگر جزائر کی زمین سکڑ رہی ہے اور شدید زلزلہ کا دباؤ اس میں مزید کریکنگ کر سکتا ہے۔ اس بات کا غالب گمان موجود ہے کہ اگر انڈو آسٹریلین پلیٹ تقسیم ہوئی تو آنے والے وقتوں میں آسٹریلیا شمال کی جانب بڑھ سکتا ہے اور شاید مستقبل بعید میں جنوب مشرقی ایشیا کے جزائر انڈونیشیا، ملائیشیا، اور جاپان وغیرہ صفحہ ہستی سے مٹ جائیں گے۔

ایک ایسا ہی دوسرا واقعہ گذشتہ برس افریقہ میں ہوا تھا جہاں ستمبر 2011ء میں آنے والے زلزلے کے بعد سات کلومیٹر لمبی دراڑ پڑ گئی تھی یہ دراڑ ایتھوپیا سے بحر احمر کے جنوبی کنارے تک پھیلی ہوئی ہے۔

سیٹلائیٹ سے حاصل ہونے والی معلومات کے مطابق ایتھوپیا میں زمین کی سطح میں پڑنے والی گہری دراڑ صدیوں میں نہیں تو دہائیوں میں پڑنے والی سب سے بڑی دراڑ ہے۔ امید کی جاسکتی ہے کہ یہ دراڑ افریقہ میں ایک اور سمندر کا روپ دھار سکتی ہے۔ ماہرین ارضیات کے مطابق ایک سال پہلے پڑنے والی یہ دراڑ بحر احمر تک پہنچ سکتی ہے اور اس کی وجہ سے ایتھوپیا اور ایریٹیریا کا علاقہ جیسے قرن افریقہ HORN OF AFRICA کہا جاتا ہے، باقی افریقہ سے الگ ہو جاتے ہیں۔

سائنسدانوں کا کہنا ہے کہ اگر ایسا ہوا تو زمین میں یہ خلیج ایک سمندر کی شکل اختیار کر لے گی۔ انہوں نے اس بات پر حیرت کا اظہار کیا کہ صرف تین ہفتے میں سات کلومیٹر طویل یہ دراڑ بنتی ہی چلی گئی۔

تجزیاتی رپورٹوں کے مطابق یہ دراڑ اتنی تیزی سے بڑھ رہی ہے کہ اس کی مثال پہلے نہیں ملتی اس دراڑ سے زمین کی گہرائی میں ہونے والی تبدیلیوں کا مشاہدہ کیا جاسکتا ہے۔ جہاں پر افریقہ کی ٹیکٹونک پلیٹ عرب کی ٹیکٹونک پلیٹ سے دور ہٹ رہی ہے، جس کی وجہ سے زمین کی سطح پر کھچاؤ پیدا ہو رہا ہے اور وہ چوڑی ہو رہی ہے جیسے جیسے دراڑ نمودار ہو رہی ہے، پگھلا ہوا لاوا سطح کے نیچے سے ابل کر باہر آ رہا ہے اور سخت ہو کر سمندر کی سخت سطح میں تبدیل ہو رہا ہے۔



Marfat.com

آکسفورڈ یونیورسٹی کے ڈاکٹر ٹم رائیٹ کا کہنا ہے کہ اگر یہ دراڑ اسی طرح بڑھتی رہی تو ہارن آف افریقہ HORN OF AFRICA آہستہ آہستہ باقی براعظم سے الگ ہو جائے گا۔ اگر یہ عمل جاری رہا تو ایک نیا سمندر آہستہ آہستہ بن جائے گا۔ یہ بحیرہ احمر سے مل جائے گا اور اس کا پانی اس میں جائے گا۔

سائنسدان اس بات پر اتفاق کرتے ہیں کہ اٹلانٹک جیسے بڑے بڑے موجود سمندر تب پیدا ہوئے تھے جب کروڑوں سال قبل ماضی میں بڑے براعظم ٹوٹ کر ایک دوسرے سے الگ ہو گئے تھے۔ بلکہ سائنسدانوں کا کہنا ہے کہ شمالی امریکہ اور یورپ کے بر اعظم اب بھی ایک دوسرے سے دور ہوتے جا رہے ہیں ماہرین کے بقول گو کہ پلیٹ کی تقسیم کا عمل کئی ہزار سال میں مکمل ہوتا ہے اور ان کی رفتار کچھ اتنی سست ہوتی ہے جتنے کہ ناخن کے بڑھنے کی رفتار۔ یہ صرف ایک سال میں صرف چھ انچ (147 ملی میٹر) فاصلہ طے کرتے ہیں لیکن تحقیق سے ظاہر ہوتا ہے کہ اس دوران زلزلوں اور مسلسل آتش فشاں پہاڑوں کے پھٹنے سے یہ تبدیلی تیزی سے نمودار ہو رہی ہے۔

ارضیاتی تبدیلیوں کے ادارے انٹر گورنمنٹل پینل ان کلائمنٹل چینج IPCC کی سالانہ رپورٹ کے مطابق درجہ حرارت میں اضافہ، گلیشیر اور قطبین کی برف پگھلنے سے ان پلیٹوں کی حرکت میں اضافہ بھی ہو سکتا ہے جس سے مجموعی طور پر دو سوستاون سے نو سو سترہ ملی میٹر سالانہ کی رفتار سے ساحلی زمین سمندر کی نظر ہو سکتی ہے۔

حوالہ جات:

1- ماہنامہ "روحانی ڈائجسٹ" شمارہ نومبر 2012 مضمون ابن وصی، صفحہ نمبر 24 تا 30



Marfat.com

موضوع 65/84

# عِلم البروج

## سُوۡرَۃُ الۡحِجۡرِ (THE ROCKY TRACT)

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

وَ لَقَدۡ جَعَلۡنَا فِی السَّمَآءِ بُرُوۡجًا وَّ زَیَّنّٰہَا لِلنّٰظِرِیۡنَ ﴿۱۶﴾

وَ حَفِظۡنٰہَا مِنۡ کُلِّ شَیۡطٰنٍ رَّجِیۡمٍ ﴿۱۷﴾

ترجمہ: اور ہم نے بنائے ہیں آسمان میں بروج اور زینت بخشی دیکھنے والوں کے لئے اور محفوظ کرلیا شیطان راندہ درگاہ سے۔

*And verily in the heaven We have set mansions of the stars, and We have beautified it for beholders. And We have guarded it from every outcast devil,*

## عِلم البروج:

آسمانوں کو زینت بخشی اہل نظر کے لئے اور جو لوگ اہل نظر نہیں ہیں ان سے اس زینت کو مخفی فرمادیا۔ قُرآن پاک میں یہ بات بھی ارشاد ہوئی ہے کہ ہم کوئی نئی بات نہیں کہہ رہے ہیں بلکہ جو بات پہلے کہی گئی ہے اس کا اعادہ کیا جارہا ہے۔

قُرآن پاک کی ان آیات سے تیر نجات کی تصدیق ہو جاتی ہے۔ جوتش، نجوم بھی تیر نجات کا ہی ایک حصہ ہیں۔ تیر نجات بروج سے متعلق مخفی علوم کا ذخیرہ ہے۔

موجودہ سائنس کی دنیا کہکشانی اور شمسی نظاموں سے کسی حد تک روشناس ہے۔ کہکشانی اور شمسی نظاموں کی روشنی سے ہماری زمین کا کیا تعلق ہے۔ اور ان نظاموں کی روشنی زمین کی نوعوں، اِنسان، حیوانات، نباتات، جمادات پر کیا اثر کرتی ہے یہ مرحلہ اب سائنس کے سامنے آچکا ہے۔ سائنسدانوں کو یہ سمجھنا پڑے گا کہ شمسی نظاموں کی روشنی اِنسان کے اندر، نباتات کے اندر، جمادات کے اندر کس طرح اور کیا عمل کرتی ہے۔ کس طرح جانوروں، اِنسانوں، نباتات اور جمادات کی کیفیات میں ردّوبدل کرتی ہے۔ سائنس کا عقیدہ یہ ہے کہ زمین پر موجود ہر شے کی بنیاد یا قیام صرف اور صرف لہر پر ہے۔ ایسی لہر جس کو روشنی کے علاوہ کوئی نام نہیں دیا جاسکتا۔



Marfat.com

عِلم البروج میں ایسے علوم سے بحث کی جاتی ہے جو حواس کے پس پردہ شعور میں چھپ کر کام کرتے ہیں یہ عِلم ہمیں بتاتا ہے کہ ہمارے حواس اور حواس کی گرفت محض ایک مفروضہ ہے۔

## مثال:

ہم جب کسی سخت چیز کو دیکھتے ہیں تو ہمیں اس چیز کی سختی کا عِلم ہو جاتا ہے۔ حالانکہ ہمارے دماغ کے اوپر وہ سخت چیز نہیں ٹکراتی، سائنس کے نقطہ نظر اور مخفی علوم کی روشنی میں ہر شے دراصل شعاعوں یا لہروں کے مجموعے کا نام ہے، جب ہم لکڑی یا لوہے کی طرف کسی بھی طریقہ سے متوجہ ہوتے ہیں تو لکڑی یا لوہے کی شعاعیں ہمارے دماغ کو باخبر کر دیتی ہیں۔

غور طلب بات یہ ہے کہ شعاع یا لہر اپنے اندر نہ سختی رکھتی ہے نہ ہی وزن پھر ہمیں یہ عِلم کیسے ہو جاتا ہے کہ فلاں چیز سخت ہے اور فلاں چیز نرم؟ ہم پانی کو دیکھتے ہیں یا چھوتے ہیں تو فوراً ہمارے دماغ میں یہ بات آجاتی ہے کہ یہ پانی ہے حالانکہ ہمارے دماغ میں پانی کا کوئی اثر نہیں ہوتا یعنی دماغ بھیگتا نہیں ہے۔ جب ہمارا دماغ بھیگا نہیں تو ہم یہ بات کیسے کہہ دیتے ہیں کہ یہ پانی ہے؟ قُرآن پاک سے بیان کردہ حقائق یہ ہیں کہ ہر شے الگ اور معیّن مقدار کے ساتھ وجود پزیر ہے۔ لہروں یا شعاعوں کی مقداریں ہی ہر شے کو ایک دوسرے سے الگ کرتی ہیں اور ہر شے کی لہریں یا شعاعیں ہمیں اپنے وجود کی اطلاع فراہم کرتی ہیں۔ کہنا یہ ہے کہ ہر موجودہ شے دراصل لہروں یا شعاعوں کا دوسرا نام ہے۔ اور ہر شے کی لہریں یا شعاع ایک دوسرے سے الگ اور مختلف ہیں۔ عِلم البروج اس بات کی وضاحت کرتا ہے کہ لوہا، تانبا، سونا، لکڑی، اِنسان، حیوانات اور جمادات میں کس کس قسم کی لہر کام کرتی ہے اور ان لہروں میں کس طرح تبدیلی کی جاسکتی ہے۔ عِلم البروج جو تقریباً 10000 سال سے کسی نہ کسی نام سے رائج ہے ہمیں اس بات کا عِلم دیتا ہے کہ شے کے اندر لہروں یا شعاعوں کا فارمولہ کیا ہے۔

## سبعہ طلسم:

طلسم کا لفظ عام ہے۔ طلسم ایک حرکت ہے جس کے ذریعے ہر چیز کے اندر ردوبدل کیا جاسکتا ہے۔ اس زمین پر بسنے والی مخلوق کے لئے سات حرکات متعیّن ہیں جن کو عِلم البروج میں سبع طلسم کہتے ہیں ان سات طلسم یا حرکات کے ارد گرد ہی خیال و عمل گھومتے ہیں چنانچہ یہ حرکات بھی اشیاء میں تصرف کرتی ہیں۔

## طلسم نمبر 1 (یاقوت) ■ :

یہ حرکت حیوانات سے متعلق تخلیقی فارمولہ ہے یعنی اس حرکت سے حیوانات کے حواس میں حسب دلخواہ تبدیلی کی جاسکتی ہے۔ حیوانات کی پانچ قسمیں ہیں۔ چرندے، پرندے، درندے، حشرات الارض اور اِنسان۔



Marfat.com

## طلسم نمبر 2 (تیلسان) O :

یہ حرکت نباتات میں تصرف کرنے کے لئے استعمال کی جاتی ہے نباتات میں گھاس پھونس، جڑی بوٹی، پودا، بیل اور ہر قسم کے درختوں کا شمار ہوتا ہے۔ خواہ وہ خشکی پر ہوں یا سمندر اور دریا کی تہہ میں۔

## طلسم نمبر 3 / :

اس حرکت کے تحت جمادات میں اپنی مرضی کے مطابق تصرف کیا جا سکتا ہے۔ جمادات میں چاندی، سونا، تانبا، ہیرا، زمرد، نیلم، عقیق، یاقوت ہر قسم کی دھات، پتھر اور کاغذ وغیرہ کی اشیاء شمار ہوتی ہیں۔

## طلسم نمبر 4 (حرز) > :

یہ فارمولہ مائع، بہنے والی اشیاء میں استعمال ہوتا ہے مثلاً پانی، لاوا اور دودھ وغیرہ

## طلسم نمبر 5 (موّاج) VV :

یہ حرکت یا فارمولہ جنّات یا جنّات کی دنیا میں تصرف کی تشریح کرتا ہے۔

## طلسم نمبر 6 (ہلال) ∩ :

یہ نرم گیسوں میں تصرّف کا فارمولہ ہے گیسوں میں ہوا بھی شمار ہوتی ہے۔

## طلسم نمبر 7 (ہیکل) ⊙ :

اس حرکت کے ذریعے روشنیوں میں تصرّف کیا جاتا ہے۔

حوالہ جات:

1۔ کتابچہ "نیرنجات" از الشیخ خواجہ شمس الدین عظیمی



Marfat.com

موضوع 84/ 66

# سبع مثانی

## سُوْرَةُ الْحِجْرِ (THE ROCKY TRACT)

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

وَلَقَدْ اٰتَيْنٰكَ سَبْعًا مِّنَ الْمَثَانِيْ وَ الْقُرْاٰنَ الْعَظِيْمَ ﴿۸۷﴾

ترجمہ: اور بے شک ہم نے آپ کو سات آیتیں (نُور) عطا فرمائیں جو دہرائی جاتی ہیں اور عظمت والا قرآن۔

*And We have certainly given you, {O Muhammad}, seven of often repeated verses and the great Quran.*

سات انوار کا بیان حسب ذیل ہے۔

اللہ تعالیٰ نے سورہ فاتحہ میں جو تمام آسمانی صحیفوں کی تمہید ہے اور قرآن پاک کا بھی دیباچہ ہے ارشاد فرمایا ہے...

1- اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ

وہی اللہ لائق حمد ہے جس کا نُور کائنات کی پرورش کر رہا ہے۔ یہ پہلا نُور ہے۔

2- الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

جس کا نُور رحم و کرم بن کر محیط ہے۔ یہ دوسرا نُور ہے۔

3- مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ

اسکا نُور چھایا ہوا ہے ابتداء سے انتہا تک۔

4- اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَ اِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ

اسکا نُور ہر بندے کا محافظ اور مددگار ہے۔ یہ چوتھا نُور ہے۔

5- اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ

اس کا نُور ہی سیدھا راستہ ہے۔ یہ پانچواں نُور ہے۔



Marfat.com

6- صِرَاطَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ

اس کانُور ہی نُور ہے-یہ چھٹانُور ہے-

7- غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّآ لِّيْنَ

اس کانُور ہی جلال بن کر کائنات کو تنبیہہ کرتا ہے-یہ ساتواں نُور ہے-

قُرآن پاک کی زبان میں ساتوں نُور مل کر سبع مثانی کہلاتے ہیں اور انہی کی ملاوٹ کا نام رُوح ہے جو قدم قدم پر اِنسان کو مطلع کرتی ہے ہر چیز فراہم کرتی ہے ہر بات بتاتی ہے۔ اس ہی رُوح کا نام "ورائے محسوسیت" ہے۔

حوالہ جات:

1- کتاب "یادِ عظیم" باب تفسیر عظیم



Marfat.com

موضوع 84/ 67

## اپنے حبیب ﷺ کی دلجوئی

## سُوْرَةُ الْحِجْرِ (THE ROCKY TRACT)

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

فَاصْدَعْ بِمَا تُؤْمَرُ وَاَعْرِضْ عَنِ الْمُشْرِكِيْنَ ﴿۹۴﴾ اِنَّا كَفَيْنٰكَ الْمُسْتَهْزِءِيْنَ ﴿۹۵﴾
الَّذِيْنَ يَجْعَلُوْنَ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ ۚ فَسَوْفَ يَعْلَمُوْنَ ﴿۹۶﴾ وَ لَقَدْ نَعْلَمُ اَنَّكَ
يَضِيْقُ صَدْرُكَ بِمَا يَقُوْلُوْنَ ﴿۹۷﴾ فَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ وَ كُنْ مِّنَ السّٰجِدِيْنَ ﴿۹۸﴾
وَاعْبُدْ رَبَّكَ حَتّٰى يَاْتِيَكَ الْيَقِيْنُ ﴿۹۹﴾

ترجمہ: (اے نبی ﷺ) جس چیز کا تمہیں حکم دے دیا گیا ہے اسے علی الاعلان کہہ دو ان مشرکین سے منہ پھیر لو۔ ہم تمہاری طرف سے ان مذاق اڑانے والوں سے نمٹنے کے لئے کافی ہیں۔ جو اللہ کے ساتھ دوسرے معبود بھی شریک کرتے ہیں عنقریب انہیں معلوم ہو جائے گا (کہ رسول ﷺ کے مقابلے میں یہ سب مخالفین اسی دنیا میں تباہ و برباد ہو جائیں گے اور رسول ﷺ کے ساتھیوں کو اس سرزمین پر غلبہ حاصل ہو جائے گا)۔ (اے نبی ﷺ) ہمیں معلوم ہے کہ جو باتیں یہ لوگ (تمہارے متعلق) بناتے ہیں ان سے تمہارے دل کو دکھ ہوتا ہے (ان باتوں کی کوئی پرواہ نہ کرو)۔ اور اپنے رب کی حمد کے ساتھ اس کی تسبیح کرو سجدہ کرنے والوں میں سے بنو اور اپنے رب کی عبادت میں لگے رہو۔ یہاں تک کہ وہ یقینی کام ہو جائے۔

*So proclaim that which thou art commanded, and withdraw from the idolaters. Lo! We defend theefrom the scoffers, Who set some other god along with Allah. But they will come to know. Well know We that thy bosom is at times oppressed by what*



Marfat.com

نبی کریم وصلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا
،"تکلیف دہ بات سن کر
اللہ سے زیادہ صبر کرنے والا
کوئی نہیں۔ کم بخت مشرک
کہتے ہیں، اللہ اولاد رکھتا ہے
پھر بھی
وہ انہیں معاف کرتا ہے اور
انہیں روزی دیتا ہے۔"
(صحیح بخاری)

*they say, But hymm the praise of thy Lord, and be of those who make prostration and be (unto Him). And serve thy Lord till the inevitable cometh unto thee.*

حضور صلی اللہ علیہ وسلم جب بھی گھر سے باہر نکلتے تو ام جمیل اور ابی لہب کے اکسانے پر گلی کوچوں کے بچے اور دوسرے آوارہ لوگ انہیں پتھروں کا نشانہ بناتے۔ جس سے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے چہرے اور سر سے خون بہنے لگتا تھا۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم اپنے دامن سے خون پونچھتے اور جب گھر واپس پہنچتے تو حضرت خدیجہ انہیں اس حال میں دیکھ کر دکھ بھرے لہجے میں پوچھتیں:

**"یا محمد صلی اللہ علیہ وسلم کیا آج بہت رنج اٹھایا ہے؟"**

حضور صلی اللہ علیہ وسلم جواب میں کہتے:

**"اے خدیجہ جب اِنسان یہ جان لے کہ وہ کس مقصد کے لئے اور کس کی خاطر رنج اٹھارہا ہے تو اسے دکھ اور درد کا احساس نہیں رہتا۔"**

ابی لہب کی بیوی حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی راہ میں نوکیلے کانٹے بچھاتی تھی تاکہ وہ ان کے پاؤں میں چبھ جائیں۔ اور جب حضور صلی اللہ علیہ وسلم گھر پہنچ کر اپنے پاؤں سے کانٹے نکالتے تو خون جاری ہو جاتا تھا حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے خاندان والوں نے انہیں اتنی تکالیف پہنچائیں کہ ایک دن دلبر داشتہ ہو کر خدا کے حضور عرض کیا:

**"اے اللہ تو بہتر جانتا ہے ان میں سے کوئی بھی تیرے دین کو قبول کرنے پر تیار نہیں"۔**

اس موقع پر اللہ تعالیٰ نے اپنے حبیب صلی اللہ علیہ وسلم کی دلجوئی کی:

فَاصۡدَعۡ بِمَا تُؤۡمَرُ وَاَعۡرِضۡ عَنِ الۡمُشۡرِكِيۡنَ ﴿۹۴﴾ اِنَّا كَفَيۡنٰكَ الۡمُسۡتَهۡزِءِيۡنَ ﴿۹۵﴾ الَّذِيۡنَ يَجۡعَلُوۡنَ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ ۚ فَسَوۡفَ يَعۡلَمُوۡنَ ﴿۹۶﴾ وَ لَقَدۡ نَعۡلَمُ اَنَّكَ يَضِيۡقُ صَدۡرُكَ بِمَا يَقُوۡلُوۡنَ ﴿۹۷﴾ فَسَبِّحۡ بِحَمۡدِ رَبِّكَ وَ كُنۡ

(اے نبی صلی اللہ علیہ وسلم) جس چیز کا تمہیں حکم دے دیا گیا ہے اسے علی الاعلان کہہ دو ان مشرکین سے منہ پھیر لو۔ ہم تمہاری طرف سے ان مذاق اڑانے والوں سے نمٹنے کے لئے کافی ہیں۔ جو اللہ کے ساتھ دوسرے معبود بھی شریک کرتے ہیں عنقریب انہیں معلوم ہو جائے گا (کہ رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے مقابلے میں یہ سب مخالفین اسی دنیا میں تباہ و برباد ہو جائیں گے اور رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھیوں کو اس سرزمین پر غلبہ حاصل ہو جائے گا)۔ (اے نبی صلی اللہ علیہ وسلم) ہمیں معلوم ہے کہ جو باتیں یہ لوگ (تمہارے متعلق) بناتے ہیں ان



Marfat.com

مِنَ السّٰجِدِیۡنَ ﴿۹۸﴾ۙ
وَ اعۡبُدۡ رَبَّکَ حَتّٰی یَاۡتِیَکَ الۡیَقِیۡنُ ﴿۹۹﴾ؑ

سے تمہارے دل کو دکھ ہوتا ہے( ان باتوں کی کوئی پرواہ نہ کرو)۔ اور اپنے رب کی حمد کے ساتھ اس کی تسبیح کرو سجدہ کرنے والوں میں سے بنو اور اپنے رب کی عبادت میں لگے رہو۔ یہاں تک کہ وہ یقینی کام ہو جائے۔ (سورۃ حجر، پارہ14، آیت94 تا99)

ابی لہب نے جب یہ دیکھا کہ سیّدنا حضور صلی اللہ علیہ وسلم حق بات کہنے سے نہیں رکتے تو اس نے کمینگی کی انتہا کر دی۔

حوالہ جات:

1۔ کتاب " محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جلد اوّل " از الشیخ خواجہ شمس الدین عظیمی، باب دعوتِ حق، صفحہ نمبر34 تا35



Marfat.com

موضوع 84/ 68 سائے SHADES

# سُوْرَۃُ النَّحْلِ (THE BEE)

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

وَاللّٰہُ جَعَلَ لَکُمۡ مِّمَّا خَلَقَ ظِلٰلًا وَّ جَعَلَ لَکُمۡ مِّنَ الۡجِبَالِ اَکۡنَانًا وَّ جَعَلَ لَکُمۡ
سَرَابِیۡلَ تَقِیۡکُمُ الۡحَرَّ وَ سَرَابِیۡلَ تَقِیۡکُمۡ بَاۡسَکُمۡ ؕ
کَذٰلِکَ یُتِمُّ نِعۡمَتَہٗ عَلَیۡکُمۡ لَعَلَّکُمۡ تُسۡلِمُوۡنَ ﴿۸۱﴾

ترجمہ: اسی اللہ نے اپنی پیدا کی ہوئی بہت سی چیزوں سے تمہارے لئے سائے کا انتظام کیا تمہارے لئے پہاڑوں میں پناہ گاہیں بنائیں تمہیں گرمی سے بچانے والے لباس بخشے اور ایسے لباس بھی جو جنگ کے دوران تمہیں محفوظ رکھتے ہیں اسی طرح تم پر اللہ اپنی نعمت پوری کرتا ہے تاکہ تم اس کے فرمانبردار بنو۔

*And Allah has made for you out of that which He has created shades, and has made for you places of refuge in the mountains, and has made for you the garments to protect you from the heat (and cold) and coats of mail to protect you from your violence. Thus does He perfect His favour unto you, that you may submit yourselves to His Will.*

لاشعور کے ACTIVE ہونے سے لطافت میں اضافہ ہو جاتا ہے اور زیادہ اضافہ سے اِنسان کسی بھی میڈیم سے عارضی لباس کے ساتھ گزر جاتا ہے۔ کائنات میں موجود ہر شے حواس رکھتی ہے اگر اِنسان ان اشیاء کے لاشعور سے واقف ہو جائے تو ان سے بات بھی کر سکتا ہے۔

حضرت بابا تاج الدینؒ فرماتے ہیں:

**"مظاہر جتنے بھی ہیں ان سب کا سایہ ہے اور یہ سب حواس رکھتے ہیں۔"**

قرآن کریم میں ارشاد ہے:



Marfat.com

اَوَلَمۡ یَرَوۡا اِلٰی مَا خَلَقَ اللّٰہُ مِنۡ شَیۡءٍ یَّتَفَیَّؤُا ظِلٰلُہٗ عَنِ الۡیَمِیۡنِ وَالشَّمَآئِلِ سُجَّدًا لِّلّٰہِ وَ ھُمۡ دٰخِرُوۡنَ ﴿۴۸﴾

کیا ان لوگوں نے اللہ کی مخلوقات میں سے ایسی چیزوں کو نہیں دیکھا جن کے سائے دائیں سے (بائیں کو) اور بائیں سے (دائیں کو) جھک جھک کر اللہ کے سامنے سربسجود ہوتے اور عاجزی کا اظہار کرتے ہیں۔

(سورۃ نحل، پارہ14، آیت48)

قُدرت نے ان سایوں کے ذریعے اِنسان سمیت تمام مخلوقات کو سکون بخشتا ہے۔

ارشادِ ربانی ہے:

وَاللّٰہُ جَعَلَ لَکُمۡ مِّمَّا خَلَقَ ظِلٰلًا وَّ جَعَلَ لَکُمۡ مِّنَ الۡجِبَالِ اَکۡنَانًا وَّ جَعَلَ لَکُمۡ سَرَابِیۡلَ تَقِیۡکُمُ الۡحَرَّ وَ سَرَابِیۡلَ تَقِیۡکُمۡ بَاۡسَکُمۡ ؕ کَذٰلِکَ یُتِمُّ نِعۡمَتَہٗ عَلَیۡکُمۡ لَعَلَّکُمۡ تُسۡلِمُوۡنَ ﴿۸۱﴾

اور اللہ ہی نے تمہارے آرام کے لئے اپنی پیدا کی ہوئی چیزوں کے سائے بنائے اور پہاڑوں میں غار بنائے اور تمہارے لئے کُرتے بنائے جو تم کو گرمی سے بچائیں۔ اور ایسے کُرتے بھی جو تم کو اسلحہ جنگ کے ضرر سے محفوظ رکھیں۔ اسی طرح اللہ اپنا احسان تم پر پورا کرتا ہے تاکہ تم فرمانبردار بنو۔

(سورۃ نحل، پارہ14، آیت81)

سورج کے بڑھنے اور گھٹنے کے ساتھ ساتھ سائے بھی گھٹتے اور بڑھتے ہیں اس کا مشاہدہ ہم اس طرح کر سکتے ہیں کہ ایک عمارت کا سایہ ایک وقت میں جتنا ہوتا ہے سورج کے گھٹنے کے ساتھ اس کا سایہ بھی مختلف ہو جاتا ہے اس طرح تمام مظاہر بشمول آدمی کے سائے کی بھی یہی حالت ہوتی ہے رات میں چاندنی کی روشنی اور مصنوعی روشنی میں بھی سائے بنتے ہیں بہرحال سورج ایک روشن دلیل ہے جس کی وجہ سے سائے حرکت میں رہتے ہیں۔

ارشادِ ربانی ہے:

اَلَمۡ تَرَ اِلٰی رَبِّکَ کَیۡفَ مَدَّ الظِّلَّ ۚ وَلَوۡ شَآءَ لَجَعَلَہٗ سَاکِنًا ۚ ثُمَّ جَعَلۡنَا الشَّمۡسَ عَلَیۡہِ دَلِیۡلًا ﴿ۙ۴۵﴾

تب بھلا تم نے اپنے پروردگار (کی قُدرت) کو نہیں دیکھا کہ وہ سائے کو کس طرح دراز کر کے پھیلا دیتا ہے اور اگر وہ چاہتا تو اس کو (بے حرکت) ٹھہرائے رکھتا پھر ہم نے سورج کو اس کا رہنما (اس پر دلیل) بنایا۔"

(سورۃ فرقان، پارہ 19، آیت45)

حضور قلندر بابا اولیاءؒ نے اندھیرے کو بھی روشنی فرمایا ہے۔ اگر اندھیرا روشنی نہ ہو تو رات میں فعال ہونے والے حیوانات نہ دیکھ پائیں۔



Marfat.com

الحمد لله رب العالمين

Marfat.com

ولله الأسماء الحسنى فادعوه بها

# المحيي المميت

Marfat.com

## سائے SHADOW کا بننا:

سورج کی کرنوں کا چھوٹے سے چھوٹا ذرّہ PHOTON فوٹان ہے جس میں SPACE نہیں ہوتی کسی عنصر سے فوٹان کا ٹکراؤ اسے اسپیس دیتا ہے۔ اسپیس کے چھوٹے سے چھوٹے ذرے کو ELECTRON کہتے ہیں۔ جہاں فوٹان اور الیکٹران دونوں ٹکراتے ہیں وہیں سے نگاہ دیکھنا شروع کرتی ہے۔ یعنی جب تک فوٹان کسی حلقے سے نہیں ٹکراتا سایہ نہیں بنتا۔

فضاء دراصل گیسوں کا ایک آمیزہ ہے جس میں گیسوں کے سائے ہوتے ہیں اگر رنگ کے سائے نہ ہوں تو آپ کو کوئی چیز نظر نہیں آئے گی۔ اس کا مطلب ہے دیکھنا، رنگ، روشنی، اندھیرا یہ ایک درجہ بندی ہے، فارمولا ہے۔ اگر کسی بھی صورت آدمی اس فارمولے سے واقف ہو جائے تو اندھیرے میں بھی دیکھ سکتا ہے۔



Marfat.com

موضوع 84/ 69 الوان THE COLORS

## سُوْرَۃُ النَّحْلِ (THE BEE)

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

وَمَا ذَرَاَ لَكُمْ فِي الْاَرْضِ مُخْتَلِفًا اَلْوَانُهٗ ؕ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً لِّقَوْمٍ يَّذَّكَّرُوْنَ ﴿۱۳﴾

ترجمہ: بہت سی چیزیں طرح طرح کے رنگ کی اس نے تمہارے لئے زمین پر پھیلا رکھی ہیں۔ بے شک نصیحت قبول کرنے والوں کے لئے اس میں بڑی بھاری نشانی ہے۔

*And [He has subjected] whatever He multiplied for you on the earth of varying colors. Indeed in that is a sign for people who remember.*

دنیا کی ہر شے یعنی جمادات، نباتات، حیوانات اور انسان روشنی سے متاثر ہوتے ہیں۔ ہم جب کسی بھی دھات کو دھوپ میں رکھتے ہیں تو اس کا رنگ بدل جاتا ہے۔ کسی دھات پر جلد اثر ہوتا ہے تو کچھ دھاتیں دیر سے متاثر ہوتی ہیں۔ حتیٰ کہ سونا بھی ایک عرصے کے بعد تھوڑا بہت ضرور بدرنگ ہو جاتا ہے۔ ہر جاندار کی کھال بھی روشنی کو جذب کرتی ہے۔

آنکھ دو مختلف کام سرانجام دیتی ہے۔ آنکھ کے بصری اعصاب OPTIC NERVE کے ذریعے ہم دیکھتے ہیں لیکن ساتھ ساتھ آنکھ کا RETINA روشنی کی ترسیل کے ساتھ ایک ایسے نظام سے بھی وابستہ ہے جس کا نظر سے کوئی تعلق نہیں۔ دماغ کے نچلے حصے میں یہ روشنی کرنٹ کی صورت میں پہنچتی ہے۔ جو نظام جسم کو کنٹرول کرنے والے غدود کو فعال بناتی ہے۔

جب ہم روشنی کو آنکھ یا کھال کے ذریعے وصول کرتے ہیں تو ہم غیر ارادی طور پر اس کو استعمال میں لاتے ہیں۔ یہ الگ بات ہے کہ ہم اس کا صحیح استعمال کرتے ہیں یا غلط، روشنی ہماری صحت پر بہت گہرے اثرات مرتّب کرتی ہے اور جسم کی گہرائیوں میں جو کچھ واقع ہوتا ہے اسے کنٹرول کرتی ہے۔

رنگ صرف آرائش اور آنکھوں کی فرحت بخشنے کا ذریعہ نہیں ہیں۔ یہ درحقیقت روشنی کے ٹوٹنے اور مختلف پیمائش کی لہروں میں تقسیم ہونے کا نام ہے۔ وہ شے سیاہ کہلاتی ہے جو روشنی کی تمام لہروں کو جذب کرے اور کسی ایک لہر کو بھی منعکس نہ ہونے دے اور سفید اس شے کو کہتے ہیں جو روشنی کی کسی بھی لہر کو جذب نہ کرے اور تمام لہروں کو منعکس کر دے۔ ہم سرخ رنگ اس وقت دیکھتے ہیں جب کوئی شے سرخ رنگ کے علاوہ SPECTRUM کے دیگر تمام رنگوں کو جذب کرلے۔



Marfat.com

تمام رنگ ارتعاش کی کم یا زیادہ لہریں خارج کرتے ہیں جو کسی سے ٹکرانے کے بعد گرمی یا ٹھنڈک کا احساس پیدا کرتے ہیں۔ سرخ رنگ کا طول موج WAVE LENGTH طویل ترین ہے چنانچہ کم ترین FREQUENCY ارتعاش پیدا ہوتا ہے۔ بنفشی رنگ کا طول موج مختصر ترین ہے چنانچہ تیز ترین ارتعاش کا حامل ہے۔ لوگوں کی توقعات کے بر خلاف نیلے رنگ اونچے درجہ کی ارتعاشی ٹھنڈک کا احساس دلاتے ہیں۔ جبکہ سرخ رنگ نچلے درجے کی ارتعاشی حدت کا احساس پیدا کرتے ہیں۔ یہ ایسا تضاد ہے جو سائنسدان بڑی مشکل سے ماننے کو تیار ہونگے۔

دراصل سرخ رنگ کا بھاری پن DENSITY اس کی حرکت اور شرح ارتعاش کو محدود کرتا ہے۔ بر خلاف اس کے نیلا رنگ ماحول میں وسعت کا احساس دلاتا ہے۔

مختلف رنگ مختلف احساس پیدا کرتے ہیں مثلاً سرخ رنگ سے جلن، نارنجی سے گرمی، زرد سے معمولی گرمی، سبز سے نہ گرمی نہ سردی اور عنابی سے ٹھنڈک کے ساتھ چبھن کا احساس پیدا ہوتا ہے۔

ہم میں سے بیشتر لوگ رنگ کے بارے میں زیادہ نہیں سوچتے۔ ہم تصاویر میں رنگوں کے امتزاج کو دیکھتے ہیں یا زیادہ سے زیادہ کار خریدتے وقت رنگ زیر بحث آتے ہیں۔ لیکن ہم یہ بھول جاتے ہیں کہ رنگوں کی اہمیت اس سے کہیں زیادہ ہے۔

مصر، یونان، چین اور تبت کی پرانی تہذیبیں رنگوں کے باطنی اثرات سے واقف تھیں۔ مثال کے طور پر مصری ایسی عبادت گاہیں تعمیر کرتے تھے جہاں رنگ و روشنی سے استفادہ کیا جاتا تھا۔ عبادت خانوں میں ایک حصّہ ضرور اس کام کے لئے مختص کیا جاتا تھا۔

ایک محقق نے حال ہی میں یہ بیان کیا ہے کہ ایک خاص قسم کے گلابی رنگ سے جارحانہ اور متکبرانہ جذبات منٹوں میں مغلوب ہو جاتے ہیں۔ گلابی رنگ کو رگ پٹھوں پر اثرات، جنسی اور خاندانی معاملات، جیل خانوں کی اصلاحات اور کاروباری معاملات میں بھی استعمال کیا جارہا ہے۔ بات یہ ہے کہ گلابی رنگ کے ماحول میں رہتے ہوئے کوئی شخص غصہ کرنا چاہے تو چاہتے ہوئے بھی نہیں کر سکتا۔ وجہ یہ ہے کہ اس رنگ کے زیر اثر پٹھوں میں تیزی پیدا نہیں ہو پاتی۔

بچوں کے کلاس رومز میں ان کی عمر کے مطابق رنگوں کے استعمال میں بچوں کی ذہنی نشونما میں نمایاں فرق پڑتا ہے۔ پہلی کلاس کے بچوں کے لئے سرخ رنگ بہترین ثابت ہوا ہے۔ جیسے جیسے بچے بڑے ہوتے جائیں ان کے کلاس روموں کا رنگ بھی تبدیل ہونا چاہئے۔ ساتھ ہی یہ بھی ہونا چاہیئے کہ پوری کلاس کا رنگ ایک جیسا نہ ہو یعنی اس میں گولائی یا دیگر انداز شامل کر دیئے جائیں مقصد یہ کہ جب ان پر روشنی پڑے تو مختلف شیڈز کا احساس ہو۔

وجہ یہ ہے کہ صبح سے شام تک روشنی یکساں نہیں رہتی اس میں ہمہ وقت تبدیلی واقع ہوتی رہتی ہے۔ علی الصبح فضا گہری، عنابی رنگ میں نہائی ہوئی ملتی ہے آہستہ آہستہ اس کا رنگ ہلکا ہونا شروع ہو جاتا ہے حتیٰ کہ سورج نکلنے سے پہلے ہلکا نیلا ہونا شروع ہو جاتا ہے لیکن ہم اس رنگ کو سورج کی چکا چوند کی وجہ سے محسوس نہیں کر پاتے۔ شام کے قریب روشنی دور ہو جاتی ہے اور جب سورج غروب ہو جاتا



Marfat.com

ہے تو بہت ہی خوبصورت سرخ رنگ پوری فضا پر چھا جاتا ہے۔

دنیا میں ہر لمحہ روشنی کی قدریں تبدیل ہوتی رہتی ہیں۔ چنانچہ ہمارا جسم روشنی کی تبدیلی سے، یا پھر ایک یا ایک جیسی یکساں روشنی سے مانوس ہے۔ چنانچہ جب ہم اپنا بنایا ہوا روشنی کا نہ تبدیل ہونے والا نظام لمبے عرصے کے لئے استعمال کرتے ہیں تو گویا ہم خود کو قدرت کی ہم آہنگی سے دور کر لیتے ہیں۔ چنانچہ قدرتی روشنی کی کمی اور دیگر روشنی کے زیادہ سے زیادہ استعمال سے جسمانی اور ذہنی امراض میں اضافہ ہو رہا ہے۔

اب ہم یہ سمجھ چکے ہیں کہ زندگی روشنی سے شروع ہوتی ہے۔ اور روشنی ہی زندگی برقرار رکھتی ہے۔ اس لئے ہماری جسمانی اور ذہنی صحت کا دارومدار اس بات پر ہے کہ ہم رنگوں کے توازن کو برقرار رکھیں۔ رنگوں میں جو مختلف ارتعاش پائے جاتے ہیں ان کے ذریعے ہم اپنے ذاتی ارتعاشات کو صحیح سطح پر لا سکتے ہیں جو غلط طرز زندگی سوچ اور حسیات کی وجہ سے ہم آہنگی کھو دیتے ہیں۔

فی زمانہ ہم اس بات کو اچھی طرح سمجھ سکتے ہیں کہ ہماری جسمانی یا ظاہری آنکھ اور تیسری یا باطنی آنکھ کے درمیان، گوشت پوست کے جسم اور جسم مثالی کے درمیان جسم کے غدودی نظام اور نظر نہ آنے والی قوت حیات کے درمیان تعلق قائم ہے۔ ان تمام تعلقات کے مظہر کا نام رنگ ہے۔

ساری کائنات اللہ تعالیٰ کے ذہن میں موجود کائنات کا عکس ہے چنانچہ تمام مخلوق جس طرح اللہ کے ارادے میں محفوظ تھی اب بھی اسی طرح محفوظ ہے۔ اللہ تعالیٰ کے ذہن میں موجود کائنات کا عکس مختلف رنگ وروپ اور شکل وصورت میں ظاہر ہو رہا ہے۔ کائنات کا نقش اللہ تعالیٰ کے ذہن سے منعکس ہو رہا ہے اس عکس کے معیّن وجود ہیں۔

1۔ پہلے وجود کا قیام لوحِ محفوظ ہے۔

2۔ دوسرے وجود کا قیام عالم تمثال میں ہے۔

3۔ تیسرے وجود کا عکس عالم رنگ ہے۔

عالم رنگ سے مراد کائنات کے مادی اجسام ہیں جو رنگوں کی اجتماعیت ہیں۔ کائنات میں جو کچھ ہے موجودات میں جتنے اجسام ہیں ان کی حیثیت نوعِ ملائکہ کی ہو نوعِ جنات کی ہو نوع انسان کی ہو یا اجرام سماوی کی ہو سیاروں ستاروں چاند اور سورج کی ہو سب رنگوں کا مجموعہ ہیں۔ اور یہ رنگ مخصوص حرکات سے وجود میں آتے ہیں۔

نسمہ کی ایک حرکت ایک رنگ ہے۔ مثلاً اگر نسمے کی طوالت، حرکت کا عددی مجموعہ "A" گلاب کے لئے مخصوص ہے تو اس مجموعے سے ہمیشہ گلاب ہی وجود میں آئے گا کوئی اور شے وجود میں نہیں آئے گی۔ اگر آدمی کی تخلیق رنگوں کی "C" تعداد سے ہوتی ہے تو اس طوالت حرکت سے دوسرا کوئی حیوان نہیں بنے گا۔ صرف نوع انسانی کے افراد ہی وجود میں آئیں گے۔ اسی طرح اگر ملائکہ کے نوع کے افراد کا مجموعہ "B" ہے تو اس عددی مجموعے سے ہمیشہ فرشتوں ہی کی تخلیق ہوگی کسی اور شے کی تخلیق نہیں ہوگی۔ ہر نوع کے



Marfat.com

لئے الگ الگ رنگ معیّن ہے۔ یہ معیّن رنگ جس طرح طوالت میں حرکت کرتے ہیں اسی مناسبت سے نوع میں لاشمار افراد تخلیق ہوتے رہتے ہیں۔

اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں:

فِطْرَتَ اللّٰهِ الَّتِیْ فَطَرَ النَّاسَ عَلَیْهَا ؕ لَا تَبْدِیْلَ لِخَلْقِ اللّٰهِ ؕ

اللہ کی فطرت کو جس پر اس نے لوگوں کو پیدا کیا ہے اختیار کئے رہو اللہ کی بنائی ہوئی فطرت میں تغیر و تبدل نہیں ہوسکتا۔

(سورہ روم، آیت30)

فطرت سے مراد

اول: نسمہ کی حرکت کا طول

دوم: نسمہ کی حرکت کی رفتار

سوم: نسمہ کا ہجوم ہے۔

نسمے کی حرکت کا طول ہی کائنات میں رنگ بن کر تخلیقی عوامل پورے کرتا ہے۔ عالم رنگ میں جتنی اشیاء پائی جاتی ہیں وہ سب رنگین روشنیوں کا مجموعہ ہیں۔ ان ہی رنگوں کے ہجوم سے مادی اشیاء وجود میں آتی ہیں۔

اگر مادے کی شکست و ریخت انتہائی قدروں تک منتشر کر دیا جائے تو محض رنگوں کی جداگانہ شعاعیں باقی رہ جائیں گی۔ اگر بہت سے رنگ لے کر پانی میں تحلیل کر دیئے جائیں تو ایک خاکی مرکب بن جائے گا، جس کو ہم مٹی کہتے ہیں۔ یہ بات عام مشاہدے میں ہے کہ زمین ایک ہے خاکی مرکب ایک ہے اس خاکی مرکب زمین میں مختلف پھل پھول اگتے ہیں۔ لیکن ساتھ ہی ساتھ ہر درخت کی شکل و صورت ہر درخت کا رنگ، پھولوں اور پھلوں کا رنگ مختلف اور ذائقے الگ الگ ہوتے ہیں۔

جب ہم کسی درخت کو یا گھاس کو زمین میں بوتے ہیں تو بے شمار رنگوں کے تحلیل شدہ مرکب (مادہ) جڑ کو پکڑ لیتے ہیں اور پانی کی مدد سے مٹی کے ذرات رنگوں میں تبدیل ہو کر درختوں کے اندر خون بن کر دوڑتے ہیں۔ ذرات کی یہ شکست و ریخت ہی نوع کو الگ الگ رنگ منتقل کرتی ہے۔ جس جس طرح رنگ درخت میں دور کرتے ہیں اسی مناسبت سے پتیوں، پھولوں اور پھلوں میں رنگ نمایاں ہو جاتے ہیں۔ جس طرح گھاس پودے درخت اور پھول میں رنگ نمایاں ہو کر مظہر بنتے ہیں اسی طرح مخلوقات کی زندگی اس کیمیائی عمل پر قائم ہے۔ نسمے کی حرکت داخل کی زندگی سے خارج تک عمل کرتی ہے۔ اور خارج کی زندگی کو مظہر بناتی ہے۔ اصول یہ بنا کہ ہر شکل و صورت دراصل رنگوں کی اجتماعیت ہے۔ اور یہ رنگ نسمے کی وہ حرکت ہے جو طوالت میں سفر کرتی ہے۔ نسمے کے اندر دو قسم کے مظاہر ہوتے ہیں۔

1۔ اوّل حرکت کا طول (مکانیت) SPACE

2۔ دوئم حرکت کی رفتار (زمانیت) TIME



Marfat.com

پھول اگر رنگین ہے تو درخت کا پھول الگ رنگ لئے ہوئے ہے۔ اس کی رنگ سازی کا عالم یہ ہے کہ کوئی پھول اس قدر سرخ ہوتا ہے کہ نوعِ انسانی کا اس قدر سرخ رنگ بنانا آسان نہیں۔ پھول کے رنگوں میں کہیں سفید کہیں سبز اور کہیں اُودا (جامنی)۔ مطلب یہ ہے کہ بے شمار رنگ زمین سے پھوٹتے رہتے ہیں۔

اللہ تعالیٰ کی شان بھی کیسی شان ہے کہ زمین ایک ہے، ہَوا بھی ایک ہے، سورج کی روشنی بھی ایک ہے، پانی بھی ایک ہے، پیدائش کا طریقہ بھی ایک ہے لیکن ہر چیز دوسرے سے مختلف ہے!

اور دوسری بات جو بہت زیادہ توجہ طلب ہے وہ یہ ہے کہ ہر پیدا ہونے والی شئے میں کسی نہ کسی رنگ کا غلبہ ضرور رہتا ہے۔ مطلب یہ ہے کہ کوئی ایسی چیز موجود نہیں ہے جو بے رنگ ہو۔ یہ بے رنگ اور رنگ دراصل خالق اور تخلیق کے درمیان ایک پردہ ہے۔ خالق سے مخلوق کو جو چیز الگ اور ممتاز کرتی ہے وہ رنگ ہے۔

انسان کے اندر جب تخلیقی صفات کا مظاہرہ ہوتا ہے یا اللہ تعالیٰ اپنے فضل و کرم سے اس کے اندر تخلیقی صلاحیتوں کا علم بیدار کر دیتے ہیں تو اس کے اوپر یہ بات منکشف ہو جاتی ہے کہ تخلیق کا مطلب ہی یہ ہے کہ کوئی خیال ہے بے رنگ خیال جب رنگین ہو جاتا ہے تو تخلیق بن جاتی ہے۔ اللہ تعالیٰ بحیثیت خالق کے جو کچھ بھی ہیں اس کا الفاظ میں احاطہ ممکن نہیں ہے۔ جن لوگوں پر اللہ تعالیٰ بحیثیت خالق کے ظاہر ہو گئے ہیں ان کا ارشاد بھی یہی ہے کہ اللہ تعالیٰ کی ذات کو الفاظ میں بیان نہیں کیا جا سکتا۔ اللہ تعالیٰ ایسی ماوراء ہستی ہیں کہ جو تمام مخلوقات سے الگ اور ممتاز ہیں۔

حضور قلندر بابا اولیاءؒ نے "لوح قلم" میں اللہ تعالیٰ کی ذات کو ورائے بے رنگ فرمایا ہے۔ یعنی:

1. رنگ
2. بے رنگ، اور
3. ورائے بے رنگ۔

اللہ تعالیٰ نے جب کائنات کو بنانے کا ارادہ فرمایا تو جو کچھ اللہ تعالیٰ کے ذہن میں موجود تھا اس کا ارادہ کیا اور فرمایا کُن اور وہ چیز وجود میں آگئی یعنی ورائے بے رنگ سے نزول کر کے اللہ تعالیٰ کے خیال نے ایک رنگ اختیار کیا۔ جس کو سمجھنے کے لئے تصوف نے بے رنگی کا نام دیا۔ یعنی ایسا رنگ جس کو بیان نہیں کیا جا سکتا اور جس کی الفاظ میں تشریح نہیں کی جا سکتی۔

پھر اس بے رنگی میں حرکت پیدا ہوئی تو رنگین وجود تخلیق میں آگیا اور یہی وجود مختلف صورتوں میں اور مختلف رنگوں میں اور مختلف صلاحیتوں کے ساتھ مجسّم اور متشکّل ہو گیا۔ اس بات سے یہ پتہ چلا کہ کائنات کی تخلیق میں بنیادی عنصر یا بنیادی مسالہ رنگ ہے۔



Marfat.com

## انسانی زندگی پر رنگوں کے اثرات:

مظاہر قدرت پر نظر ڈالئے بہت سے پودے، پھول اور پھل نظر آئیں گے۔ آپ دیکھیں گے کہ درختوں کے سب کے سب پتے سبز ہوتے ہیں۔ لیکن غور سے دیکھنے پر معلوم ہوتا ہے کہ ان میں کچھ نہ کچھ فرق ضرور ہوتا ہے۔ اس طرح پھولوں میں بھی ہوتا ہے۔ بظاہر ایک ہی رنگ جسے آپ سرخ کہتے ہیں، سبز کہتے ہیں یا کسی اور رنگ کا نام دیتے ہیں، نظر آتا ہے لیکن بغور دیکھنے پر معلوم ہوتا ہے کہ ہر رنگ کی الگ الگ بہت قسمیں ہیں۔ قدرت کی طرف سے رنگ کا جو قانون ہماری زمین پر جاری و ساری ہے اس کا اس بات سے پتہ چلتا ہے کہ جو رنگ انسان کے ظاہری روپ، چہرے پر اثر ڈالتا ہے۔ وہ شخصیت پر بھی گہرا اثر رکھتا ہے۔ ظاہر ہے کہ انسان کی شخصیت رنگوں کے اجزاء کا مجموعہ ہوتی ہے۔ رنگ خواہ شیشے کا ہو یا جواہرات کا ہو یا لباس کا ہو، شخصیت کی تعمیر یا تخریب میں اہم کردار ادا کرتا ہے۔ یہ بات صرف رنگوں کی فطرت جاننے والے ہی سمجھتے ہیں کہ کسی شخص کے لئے کون سا رنگ تعمیری ہے اور کون سا تخریبی۔ ایک چھوٹے سے نگینے میں رنگین لہروں کا بہت بڑا اجتماع ہوتا ہے جو نگینے سے مسلسل خارج ہوتی رہتی ہیں اور انسان کے جسم میں دور کرتی رہتی ہیں۔

روحانی علم کا باب "انسان کی زندگی پر رنگوں کا اثر" ہمیں بتاتا ہے کہ انسان کے اندر ہمہ وقت بے شمار رنگوں کی لہریں دوڑتی رہتی ہیں۔ ان بے شمار لہروں میں سے تقریباً ساٹھ رنگ سائنس نے دریافت کر لئے ہیں۔ اندر کا آدمی (روحانی انسان) اس بات کو جانتا اور سمجھتا ہے کہ رنگین لہروں کی کمی بیشی سے فہم و فراست، صحت اور بیماری کا براہِ راست تعلق ہے۔ اگر رنگوں میں اعتدال باقی نہ رہے تو آدمی بیمار ہو جاتا ہے اور اس کے فیصلے صحیح نہیں ہوتے۔ کوئی نگینہ یا پتھر مخصوص رنگ کی کمی کو دور کر کے رنگوں کو اعتدال میں لے آتا ہے۔

حوالہ جات:

1۔ ماہنامہ قلندر شعور

2۔ کتاب "شرح لوح و قلم" از الشیخ خواجہ شمس الدین عظیمی، باب خلق اور امر، صفحہ نمبر 217 تا 219

3۔ کتاب "روح کی پکار" از الشیخ خواجہ شمس الدین عظیمی، باب کائنات کا بنیادی مسالہ، صفحہ نمبر 203 تا 204

4۔ کتاب "روح کی پکار" از الشیخ خواجہ شمس الدین عظیمی، باب کون سا رنگ کون سا پتھر، صفحہ نمبر 194 تا 195



Marfat.com

موضوع 84/70

# حضرت عمّار بن یاسرؓ

## سُوۡرَۃُ النَّحۡلِ (THE BEE)

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

مَنۡ کَفَرَ بِاللّٰہِ مِنۡۢ بَعۡدِ اِیۡمَانِہٖۤ اِلَّا مَنۡ اُکۡرِہَ وَ قَلۡبُہٗ مُطۡمَئِنٌّۢ بِالۡاِیۡمَانِ وَ لٰکِنۡ مَّنۡ شَرَحَ بِالۡکُفۡرِ صَدۡرًا فَعَلَیۡہِمۡ غَضَبٌ مِّنَ اللّٰہِ ۚ وَ لَہُمۡ عَذَابٌ عَظِیۡمٌ ﴿۱۰۶﴾

ترجمہ: جو شخص بھی ایمان لانے کے بعد پھر حق کا انکار کرے گا اگر وہ مجبور کیا گیا ہو اور اس کا دل ایمان پر مطمئن ہو تو تب تو خیر لیکن جس نے دل کی رضامندی سے کفر کو قبول کر لیا تو ایسے لوگوں پر اللہ کا غضب ہے اور ان کے لئے آخرت میں دردناک سزا ہے۔

*Whoso disbelieveth in Allah after his belief save him who is forced thereto and whose heart is still content with Faith but whoso findeth ease in disbelief: On them is wrath from Allah. Theirs will be an awful doom.*

حضرت عمار بن یاسرؓ بنو مخذوم کے غلام تھے۔ انہوں نے اور ان کے والدین نے اِسلام قبول کیا تو کفار نے اس قدر ظلم کیا کہ وہ اپنی جانوں سے ہاتھ دھو بیٹھے۔ سخت دھوپ کے وقت انہیں پتھریلی زمین پر لٹا کر سینے پر سرخ پتھر رکھ دیتے تھے اور کبھی پانی میں ڈبویا جاتا تھا۔ مشرکین ان سے اس بات کا مطالبہ کرتے کہ جب تک محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کو برا بھلا نہیں کہو گے یا لات و عزیٰ کے بارے میں کلمہ خیر نہ کہو گے ہم تمہیں نہیں چھوڑیں گے۔ حضرت عمارؓ ان کی بات ماننے پر مجبور ہو گئے روتے ہوئے خدمت اقدس میں حاضر ہوئے تو یہ آیت نازل ہوئی۔

مَنۡ کَفَرَ بِاللّٰہِ مِنۡۢ بَعۡدِ اِیۡمَانِہٖۤ اِلَّا مَنۡ اُکۡرِہَ
وَ قَلۡبُہٗ مُطۡمَئِنٌّۢ بِالۡاِیۡمَانِ وَ لٰکِنۡ مَّنۡ شَرَحَ
بِالۡکُفۡرِ صَدۡرًا فَعَلَیۡہِمۡ غَضَبٌ مِّنَ اللّٰہِ ۚ
وَ لَہُمۡ عَذَابٌ عَظِیۡمٌ ﴿۱۰۶﴾

**جو شخص بھی ایمان لانے کے بعد پھر حق کا انکار کرے گا اگر وہ مجبور کیا گیا ہو اور اس کا دل ایمان پر مطمئن ہو تو تب تو خیر لیکن جس نے دل کی رضامندی سے کفر کو قبول کر لیا تو ایسے لوگوں پر اللہ کا غضب ہے اور ان کے لئے آخرت میں دردناک سزا ہے۔**

**(سورۃ نحل، پارہ 14، آیت 106)**

حوالہ جات:

1۔ کتاب "محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جلد اوّل" از الشیخ خواجہ شمس الدین عظیمی، باب کفار اور رفقائے محمد صلی اللہ علیہ وسلم، صفحہ نمبر 55



Marfat.com

موضوع 84/ 71

# معراج

## سُوْرَةُ بَنِیْٓ اِسْرَآءِیْلَ (THE NIGHT JOURNEY)

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

سُبْحٰنَ الَّذِیْٓ اَسْرٰی بِعَبْدِهٖ لَیْلًا مِّنَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ اِلَی الْمَسْجِدِ الْاَقْصَا الَّذِیْ بٰرَکْنَا حَوْلَهٗ لِنُرِیَهٗ مِنْ اٰیٰتِنَا ؕ اِنَّهٗ هُوَ السَّمِیْعُ الْبَصِیْرُ ﴿۱﴾

ترجمہ: اللہ کی ذات نقص و عیب سے پاک ہے وہی اللہ ایک رات اپنے بندے یعنی نبی ﷺ کو مسجد حرام سے اس دور والی مسجد تک لے گیا جس کے ماحول کو اللہ تعالیٰ نے برکت بخشی تاکہ حضور ﷺ کو اپنی کچھ نشانیوں کا مشاہدہ کرائے یقیناً وہی اللہ سب کچھ سننے والا اور دیکھنے والا ہے۔

*Glorified be He Who carried His servant by night from the Inviolable Place of Worship to the Far Distant Place of Worship the neighbourhood whereof We have blessed, that We might show him of Our tokens! Lo! He, only He, is the Nearer, the Seer.*

## جبرائیل امین علیہ السلام:

رجب کی ستائیسویں شب کو سیّدنا حضور علیہ الصلوۃ والسلام اپنی چچا زاد بہن ام ہانیؓ بنت ابو طالب کے گھر تشریف لے گئے۔ وہاں حضور علیہ الصلوۃ والسلام آرام فرمارہے تھے کہ گھر کی چھت شق ہوئی۔ حضور علیہ الصلوۃ والسلام نے دیکھا جبریل امینؑ فرشتوں کے ہمراہ تشریف لائے اور حضور علیہ الصلوۃ والسلام کو زم زم کے کنویں کے پاس لے گئے۔ وہاں جبرائیلؑ نے سینہ مبارک کھول کر دل نکالا اور آب زم زم سے دھونے کے بعد دوبارہ سینے میں رکھ دیا۔ حضور علیہ الصلوۃ والسلام براق پر سوار جبرائیلؑ کے ساتھ بیت المقدس تشریف لے گئے۔ مسجد اقصیٰ میں حضور علیہ الصلوۃ والسلام نے انبیائے اکرام علیہم السلام کی امامت فرمائی۔ اس کے بعد حضور علیہ الصلوۃ والسلام کی خدمت میں دودھ اور شراب کے پیالے پیش کئے گئے۔ آپ نے دودھ پسند فرمایا۔ اس پر جبرائیلؑ نے فرمایا:

**"حضور علیہ الصلوۃ والسلام نے فطرت کو پسند فرمایا۔"**



Marfat.com

## انبیائے کرام علیہم السلام سے ملاقات:

> انبیاء کے بارے میں مراتب کا جو تعین کیا جاتا ہے کہ فلاں نبی کا مقام وہ آسمان ہے اور فلاں نبی کا مقام وہ آسمان ہے یہ لاشعور کے متعارف مراتب کا تذکرہ ہے۔ تمام آسمانی حدیں کسی فصل یا کسی سمت کی بناء پر متعین نہیں بلکہ لاشعور کی بناء پر متعین ہیں۔
> (اقتباس کتاب "لوح وقلم از قلندر بابا اولیاء رحمۃ اللہ علیہ)

حضور علیہ الصلوۃ والسلام کو بیت المقدس سے عالم بالا کی طرف لے جایا گیا۔ آسمانوں میں حضور علیہ الصلوۃ والسلام نے جلیل القدر پیغمبروں سے ملاقات کی۔ پہلے آسمان پر حضرت آدمؑ نے حضور علیہ الصلوۃ والسلام کا استقبال کیا۔ پھر حضور علیہ الصلوۃ والسلام کو دوسرے آسمان پر لے جایا گیا حضور علیہ الصلوۃ والسلام نے وہاں حضرت یحیٰؑ بن زکریاؑ اور حضرت عیسیٰؑ کو دیکھا۔ دونوں سے ملاقات کی اور سلام عرض کیا دونوں نے سلام کا جواب دیا اور مبارکباد دی۔

تیسرے آسمان پر آپ ﷺ کو حضرت یوسفؑ سے ملے پھر چوتھے آسمان پر لے جایا گیا وہاں حضور علیہ الصلوۃ والسلام نے حضرت ادریسؑ کو دیکھا اور سلام کیا۔ پھر پانچویں آسمان پر لے جایا گیا وہاں حضور علیہ الصلوۃ والسلام نے حضرت ہارونؑ بن عمران کو دیکھا اور سلام کیا۔ پھر حضور علیہ الصلوۃ والسلام کو چھٹے آسمان پر لے جایا گیا وہاں حضور ﷺ کی ملاقات حضرت موسیٰؑ سے ہوئی۔ حضور علیہ الصلوۃ والسلام نے سلام کیا انہوں نے مرحبا کہا اور اقرار نبوت کیا۔
اس کے بعد حضور علیہ الصلوۃ والسلام ساتویں آسمان پر تشریف لے گئے وہاں حضور علیہ الصلوۃ والسلام کی ملاقات حضرت ابراہیمؑ سے ہوئی انہوں نے حضور علیہ الصلوۃ والسلام کو خوش آمدید کہا اور حضور علیہ الصلوۃ والسلام کی نبوت کا اقرار کیا۔ وہاں حضور علیہ الصلوۃ والسلام نے بیت المعمور دیکھا۔ ساتویں آسمان کے بعد سدرۃ المنتہیٰ تک حضرت جبرائیلؑ حضور علیہ الصلوۃ والسلام کے ساتھ رہے اس کے بعد حضور علیہ الصلوۃ والسلام نے خالق کائنات کی تسبیح اور تقدیس فرمائی۔
غور طلب بات یہ ہے کہ حضور علیہ الصلوۃ والسلام کی معراج میں بھی رات کا تذکرہ ہے:

سُبۡحٰنَ الَّذِیۡۤ اَسۡرٰی بِعَبۡدِهٖ لَیۡلًا مِّنَ الۡمَسۡجِدِ الۡحَرَامِ اِلَی الۡمَسۡجِدِ الۡاَقۡصَا

**پاک ہے وہ ذات جو لے گئی اپنے بندے کو راتوں رات مسجد حرام سے مسجد اقصیٰ تک۔** (سورۃ بنی اسرائیل، پارہ 15، آیت 1)

مطلب وہی ہے کہ سیّدنا علیہ الصلوۃ والسلام کے اوپر غیب کی دنیا کا انکشاف ہوا اور اللہ تعالیٰ نے اپنی قربت عطا فرمائی تو وہ بھی رات کے حواس تھے۔



Marfat.com

## مراقبہ شب معراج:

اس رات ادب واحترام سے تمام آداب کے ساتھ زیادہ سے زیادہ یاحی یا قیوم اور درود شریف پڑھنا چاہیئے۔ پھر رسول اللہ ﷺ کے روضہ اقدس کا مراقبہ کریں یا رسول صلی اللہ علیہ وسلم کا تصور کر کے مراقبہ کریں اور جس طرح واقعہ معراج بیان کیا گیا ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم مکہ مکرمہ سے بیت المقدس تشریف لے گئے۔ تمام انبیاء نے آپ ﷺ کی اقتداء میں صلوٰۃ قائم کی اور پھر آپ ﷺ آسمان پر تشریف لے گئے۔ جس طرح بھی سمجھ آئے آنکھیں بند کر کے اس واقعہ کو اپنے دماغ میں دہرائیں اور نوافل پڑھیں۔

مسلمانوں کو بطور حضور کے اُمّتی ہونے کے حضور ﷺ کی نسبت حاصل ہے۔ اس سعادت اور نسبت کو ذہن میں رکھتے ہوئے معراج کے واقعہ کا تصوّر کریں کہ رسول ﷺ مکہ مکرمہ سے بیت المقدس تشریف لے گئے اور وہاں تمام انبیاء جمع ہیں۔ حضور ﷺ نے امامت کرائی اور پھر آسمانوں سے گزر کر حق تعالیٰ کے پاس تشریف لے گئے۔ جنّت و دوزخ ملاحظہ فرمائی اور پھر واپس تشریف لائے۔ فلم کی طرح اس واقعہ کو ذہن میں دہرانے سے دماغ یکسو ہو جاتا ہے اور اللہ کی قربت کا احساس ہونے لگتا ہے۔

حضور ﷺ کو نوافل ادا کرنے کا بہت شوق تھا۔ آپ ﷺ آپ اتنی لمبی لمبی رکعت ادا کرتے تھے کہ آپ کے پاؤں مبارک پر ورم آجاتا تھا۔ شب معراج میں حسب استطاعت زیادہ سے زیادہ نوافل قائم کریں۔ جب مومن پوری ذہنی یکسوئی کے ساتھ صلوٰۃ قائم کرتا ہے تو غیب اس کے مشاہدہ میں آجاتا ہے۔ معراج میں اللہ تعالیٰ نے حضور ﷺ کو بشری لباس میں اپنا دیدار کرایا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے اس دنیا میں رسول اللہ ﷺ کے بشری تعارف کے لئے ایک لاکھ چوبیس ہزار پیغمبر بھیجے اور سب سے آخر میں سیّدنا حضور ﷺ اس دنیا میں بشری صورت میں تشریف لائے واقعہ معراج میں اللہ نے آپ ﷺ کو اسی صورت میں اپنا دیدار کرایا۔

ہمیں حضور ﷺ کی محبت اپنی زندگی میں داخل کرنی چاہیے شب معراج بڑی بابرکت گھڑی ہے اس ساعت اپنے گناہوں کی سیاہ بختی دور کر کے اس پردہ کو ہٹانا چاہیئے جو محدودیت اور شقاوت کا باعث بن گیا ہے کلمہ گو مسلمان کی حیثیت سے ہر ایک نے رسول اللہ ﷺ کی رسالت کی شہادت دی ہے مسلمانوں کا یہ بہت بڑا اعزاز ہے کہ رسول اللہ ﷺ کی رحمت اور اکرام ہم پر محیط ہیں۔ اس نسبت سے ہمارے اندر موجود نُورِ نبوت میں ضیاء پاش ہو جائے تو ہماری رُوح معراج کے انوارات سے منّور ہو جائے گی۔

حوالہ جات:

1۔ کتاب "شرح لوح وقلم" از الشیخ خواجہ شمس الدین عظیمی، لیکچر 7 نیابت وخلافت

2۔ کتاب "اللہ کے محبوب" از الشیخ خواجہ شمس الدین عظیمی، موضوع مراقبہ شب معراج، صفحہ نمبر 235 تا 237



Marfat.com

موضوع 72/84

# نبی اور رسول

## سُوْرَةُ بَنِیْٓ اِسْرَآءِیْلَ (THE NIGHT JOURNEY)

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

وَمَا كُنَّا مُعَذِّبِیْنَ حَتّٰى نَبْعَثَ رَسُوْلًا ﴿۱۵﴾

ترجمہ: ہم صرف اس وقت سزا دینے والے بنتے ہیں جب ایک رسول اس گروہ پر بھیج دیں۔

*And We never punish until We have sent a messenger (to give warning)*

### پیغمبر-غیب کا نمائندہ:

پیغمبر انسان کو اپنے اصل ORIGIN سے متعارف کرواتا ہے اور وہ اصل صرف اور صرف غیب ہے۔ غیب کے علاوہ کچھ بھی نہیں۔ پیغمبر صرف اور صرف غیب کا نمائندہ ہوتا ہے۔

غیب کے نمائندے بھی دو طرح کے ہوتے ہیں ایک نبی کہلاتا ہے اور ایک رسول کہلاتا ہے۔ ان کا کام ایک دوسرے سے مختلف ہوتا ہے۔ ضروری نہیں کہ کوئی پیغمبر نبی ہو۔ اور ضروری نہیں کہ کوئی پیغمبر نبی بھی ہو اور رسول بھی۔

### نبی-غیب بین:

نبی کا مطلب ہے غیب بین۔ یہ عبرانی زبان کا لفظ ہے۔ نبی ایسے اِنسان کو کہتے ہیں جو غیب کو دیکھتا ہو، غیب کا مشاہدہ کرتا ہو اور غیب کے اندر تصرّف کرنے کا اختیار رکھتا ہو۔ نبی کی تعلیمات یہ ہوتی ہیں کہ کسی طرح اِنسان کو غیب میں داخل کر دیا جائے۔ نبی کا کام یہ ہوتا ہے کہ اِنسان کو وہ علوم سکھائے جائیں جن کے حصول کے لئے مادی حواس کی نفی کرنا پڑتی ہے۔ اور رُوح کی صلاحیتوں کو عروج دے کر درجہ بدرجہ اللہ تعالیٰ کا عرفان حاصل ہوتا ہے۔

### رسول-غیب کا قاصد:

جبکہ رسول کہتے ہیں غیب کے قاصد کو۔ اللہ اور مخلوق کے درمیان وہ ایک رابطے کا باعث ہوتے ہیں۔ کچھ پیغمبر ایسے ہوتے ہیں جو صرف رسول ہیں جبکہ چند پیغمبر ایسے ہیں جو نبی بھی ہیں اور رسول بھی۔ رسول شریعت نافذ کرتا ہے اور شریعت کی انتہا معاشرتی



Marfat.com

نظم وضبط ہے شریعت وہ علم ہے جس کے ذریعے معاشرے میں معاملات احسن طریقے سے انجام پائے جائیں یعنی زندگی کا وہ حصّہ جس میں آپ کا ظاہر INVOLVE ہے اور آپ ایک دوسرے سے روابط رکھے ہوئے ہیں یہ شریعت ہے۔ شریعت کے علم کی حیثیت یہ ہے کہ معاشرہ کس حد تک آرام وسکون سے مطمئن طریقے سے رہ سکتا ہے۔



Marfat.com

موضوع 84/ 73

# مقام حیرت

## سُوْرَةُ بَنِیْٓ اِسْرَآءِیْلَ (THE NIGHT JOURNEY)

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

وَ مَنْ اَرَادَ الْاٰخِرَةَ وَسَعٰى لَهَا سَعْیَهَا وَ هُوَ مُؤْمِنٌ فَاُولٰٓئِكَ كَانَ سَعْیُهُمْ مَّشْكُوْرًا ﴿۱۹﴾

ترجمہ: جس کا ارادہ آخرت کا ہو اور جیسی کوشش اس کے لئے ہونی چاہئیے، وہ کرتا بھی ہو اور وہ باایمان بھی ہو بس یہی لوگ ہیں جن کی کوشش کی اللہ کے ہاں پوری قدردانی کی جائے گی۔

*But whoever desires the Hereafter and exerts the effort due to it while he is a believer. it is those whose effort is ever appreciated [by Allah].*

قرآن مجید میں اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ آخرت یعنی عالم بالا کے لئے جو شخص جتنی کوشش کرتا ہے اسی کے مطابق اسے کامیابیاں عطا کی جاتی ہیں۔

ایک مرتبہ حضور ﷺ جہاد سے واپس آرہے تھے تو لوگوں سے فرمایا کہ ہم جہاد اصغر سے جہاد اکبر کی طرف جارہے ہیں۔ لوگوں نے پوچھا جہاد اکبر کیا ہے؟ فرمایا" اپنے نفس سے جہاد"۔

## مقام حیرت:

اس حدیث میں واضح نشاندہی موجود ہے کہ نفسانی کمزوریوں کو دور کرنا جہاد اکبر ہے۔ رُوحانی علوم کی تدریس میں نفسانی خرابیوں کو دور کر کے پیغمبرانہ طرز فکر کا بیج بویا جاتا ہے۔ اور اس عمل کے دوران جن کیفیات سے آدمی گزرتا ہے اسے مقام حیرت کہا جاتا ہے۔ حضرت داتا گنج بخشؒ نے اپنی کتاب کشف المحجوب میں ایک حدیث بیان کی ہے۔ پیغمبر ﷺ نے فرمایا،" اپنے شکموں کو بھوکا رکھو پھر اس کو چھوڑ دو، آرزو کم کر دو، اپنے آپ کو پیاسا رکھو تا کہ اللہ کو اپنے دل سے دیکھ سکو"۔ حدیث مبارکہ سے واضح ہے کہ اللہ کی معرفت حاصل کرنے کے لئے بعض تجرباتی مشقوں سے گزرنا ضروری ہے۔



Marfat.com

ایک مرتبہ حضور ﷺ کی خدمت میں حضرت حارثہؓ اس حالت میں آئے کہ جسم کمزور اور نحیف تھا۔ حضور ﷺ نے دریافت فرمایا، " اے حارثہ تم نے صبح کیسے کی؟"۔ انہوں نے کہا: " میں نے صبح ایسے حال میں کی کہ میں اللہ پر سچا ایمان رکھنے والا ہوں "حضور ﷺ نے فرمایا: "اے حارثہ ہر چیز کی کوئی نہ کوئی حقیقت ہے یہ بتاؤ کہ تمہارے ایمان کی کیا حقیقت ہے؟" انہوں نے عرض کیا: " میں نے اپنے نفس کو دنیا سے الگ کر لیا۔ اس لئے اب میرے نزدیک سونا چاندی اور مٹّی کا ڈھیلا سب برابر ہیں۔ بس رات کو بیدار اور دن کو بھوکا پیاسا رہا۔ یہاں تک کہ میری یہ حالت ہو گئی کہ میں اپنے رب کے عرش کو اپنی آنکھوں سے دیکھتا ہوں اہل جنّت کو دیکھتا ہوں کہ وہ آپس میں ملاقات کر رہے ہیں۔ اور اہل جہنم کو دیکھتا ہوں کہ وہ آپس میں جھگڑ رہے ہیں" ۔ حضور ﷺ نے فرمایا، "تم نے اپنے رب کو خوب پہچانا اب اسی عرفان کو اپنے اوپر لازم کر لو"۔

اصحاب صفہؓ نے خود کو معرفت الٰہی کے لئے وقف کر دیا تھا۔ اور وہ مجاہدے کی کیفیت میں رہتے تھے۔ ایک مرتبہ حضور ﷺ نے ان صحابہ سے مخاطب ہو کر فرمایا: " میری اُمّت میں جو شخص اس صفت پر قائم رہے جس پر تم ہو بشرطیکہ کہ تم اس حالت پر راضی ہو، میرے رفقاء میں سے ہو گا"۔

یہ پاکیزہ افراد سخت کسمپرسی میں رہا کرتے اکثر کے پاس مناسب لباس تک نہیں تھا۔ ایک صحابی کا نام دو چادروں والا پڑ گیا تھا کیونکہ ان کے پاس ان چادروں کے علاوہ کچھ نہ تھا۔ حالانکہ اس سے قبل وہ اتنے نفاست پسند تھے کہ لباس پر لگی خوشبو آپ کے جانے کے بعد تک آتی رہتی تھی۔ اتنے خوبصورت تھے کہ عرب کی دوشیزائیں فریفتہ ہو جاتی تھیں۔ اس لئے چہرہ ڈھانک کر چلتے تھے۔ لیکن جب راہ سلوک پر قدم رکھا تو ساری شان و شوکت کو چھوڑ دیا۔

## اصحاب صفہؓ کی رُوحانی تربیّت:

مؤرخین اس بات پر متفق ہیں کہ اصحاب صفہؓ کی تعداد کم و بیش ہوتی رہتی تھی۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ نفس کشی ان کی پوری زندگی پر محیط نہیں تھی۔ جب تحصیل علم ہو جاتی تو رسول ﷺ انہیں واپس میدان عمل میں بھیج دیتے۔ بعد میں اصحاب صفہؓ مختلف صوبوں کے گورنر، جج اور دیگر اہم ذمہ داریوں پر معمور ہوتے۔ یعنی یہ سخت مجاہدے انہوں نے تمام عمر اختیار نہیں کئے۔ یہ ایک مختصر دورانیہ تھا جب رسولؐ ان کی رُوحانی تربیت فرماتے تھے۔ حضرت بلالؓ بھی اصحاب صفہ میں شامل تھے۔ آپؓ نے صفہ میں قیام کے دوران نہایت سخت و دشوار حالات کا مقابلہ کیا۔ حضرت عمرؓ کے دور خلافت کا ایک واقعہ ہے کہ جب حضرت عمرؓ نے حبشہ کے تمام وظائف حضرت بلالؓ کے نام جاری کئے۔ تو آپ نے حضرت ابو رویحہؓ کو بھی اس فنڈ میں شامل کر لیا کیونکہ ابو رویحہؓ کو حضورؐ نے مواخات میں حضرت بلالؓ کا بھائی بنایا تھا۔ حبشہ کے وظائف کوئی سو پچاس روپے نہیں ہونگے بلکہ یہ زبردست مال و دولت کا ذخیرہ تھا۔ جو ہر سال حضرت بلالؓ کو ملتا تھا۔ بتانا یہ مقصود ہے کہ مخصوص تربیتی دور گزرنے کے بعد جب صحابہ کرامؓ کو عرفان الٰہی حاصل ہو گیا تو وہ اپنی ذمہ داریوں میں سرگرم عمل ہو گئے اور دنیاوی لحاظ سے بھی ترقی کی لیکن ان کی طرز فکر میں یہ بات شامل ہو گئی تھی کہ یہ مال و



Marfat.com

اسباب صرف اور صرف اللہ کی طرف سے ہے۔ اللہ کے سوا یہاں کچھ نہیں۔

ہمارے جذبات اور احساسات کا بھی وزن ہوتا ہے مثلاً کسی شخص نے گالی دی تو مخاطب پر اس کا اثر وزن کی صورت میں پڑتا ہے۔ فرض کریں اس کا وزن 50 گرام ہے تو مقام حیرت میں اس کا وزن دگنا کر دیا جاتا ہے۔ یعنی مبتدی کو کوئی گالی دے تو اس کا وزن 100 گرام محسوس ہوتا ہے۔ جب وہ 100 گرام وزن برداشت کرنے کے قابل ہو جاتا ہے۔ تو اسے 200 گرام کر دیا جاتا ہے۔ جب اس کا عادی ہو جاتا ہے تو اسے بھی دگنا کر دیا جاتا ہے۔ یہاں تک کہ دگنا کرتے کرتے ایک وقت ایسا آجاتا ہے کہ اس پر گھن برسائے جاتے ہیں۔ آدمی کو یوں محسوس ہوتا ہے کہ اس پر پہاڑ آ گرا۔ یہاں سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ آخر یہ چوٹیں لگائی کیوں جاتی ہیں؟

## سلاسل طریقت میں تربیّت:

جب کوئی اس راستے پر قدم رکھتا ہے تو اگر وہ دو روٹیاں کھاتا ہے تو اس کی آدھی روٹی چھین لی جاتی ہے۔ اور وہ ڈیڑھ روٹی کھانے پر مجبور ہو جاتا ہے۔ جب وہ اس کا عادی ہو جاتا ہے تو وہ آدھی روٹی مزید چھین لی جاتی ہے۔ اور وہ ایک روٹی کھانے لگتا ہے۔ جب وہ اس کا عادی ہو جاتا ہے تو اس کی مقدار مزید کم کر کے آدھی روٹی کر دی جاتی ہے پھر یہ آدھی روٹی بھی اس سے چھین لی جاتی ہے۔ اور اس کی حالت یہ ہو جاتی ہے کہ دین و دنیا اس کے لئے اندھیر ہو جاتی ہے۔ زمین اس کے لئے تنگ ہو جاتی ہے اور وہ خود کو کائنات میں بے یار و مددگار محسوس کرتا ہے۔ جب وہ ہر طرف سے مایوس ہو جاتا ہے۔ تو مرشد کریم اس کے اندر معرفت الٰہی کی شمع روشن کر دیتے ہیں اور وہ جان لیتا ہے کہ کائنات میں اگر کوئی مددگار اور حامی و ناصر ہے تو وہ صرف اللہ ہے۔ اللہ کی مرضی اور منشا کے بغیر کچھ بھی نہیں ہو سکتا۔

واقف اسرار و رموز، حامل علم لدنّی حضور قلندر بابا اولیاءؒ رُوحانی تربیّت کے اس پراسس کو جامع الفاظ میں سمیٹتے ہیں: "ذہن لوہے کی چادر کی طرح ہے اس میں چھید ہو گئے یا خرابیاں پیدا ہو گئیں۔ ان کو مٹانے یا دور کرنے کا یہی طریقہ ہے کہ پہلے اس چادر کو گرم کیا جائے۔ پھر اس پر گھن مارے جائیں اور جب چھید بند ہو جائیں یا خرابی دور ہو جائے تب اس چادر سے جو چاہیں بنا لیں۔ ایسا کرنے سے ذہن پر چوٹیں پڑتی ہیں مگر ایسا کرنا ناگزیر ہے۔ لوہار لوہے کی موٹی سلاخوں کو گرم کر کے گھن مارتا ہے اور وہ ٹیڑھی ہو جاتی ہیں۔ اس کے برعکس سونے چاندی کے ورق بنانے والا سونے چاندی کے ٹکڑوں پر بار بار آہستہ آہستہ چوٹیں مارتا ہے تب اس کا ورق بنتا ہے۔ لوہے کے گھن سے لوہا اتنا نہیں پھیلتا جتنا چاندی سونا ہلکی چوٹ سے۔ اگر ذہن پر کوئی گھن لگ جائے تو اس کا اثر اتنا نہیں ہوتا جتنا لگاتار اور مسلسل باریک چوٹیں پڑنے سے ہوتا ہے۔ اسی طرح اِنسان کے ذہن کی ٹریننگ ہوتی ہے۔ اس کی کثافت دور کر کے اس پر پالش کر کے چمکا دیا جاتا ہے"۔

حوالہ جات:

1۔ کتاب "راہِ سلوک" از میاں مشتاق احمد عظیمی، باب مقام حیرت اور راہِ سلوک، صفحہ نمبر 337



Marfat.com



Marfat.com




Marfat.com

# عمدہ ضابطہ حیات

موضوع 84/ 74

## CODE OF CONDUCT

## سُوْرَةُ بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ (THE NIGHT JOURNEY)

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

رَبُّكَ اَلَّا تَعْبُدُوْٓا اِلَّآ اِيَّاهُ وَ بِالْوَالِدَيْنِ اِحْسَانًا ؕ اِمَّا يَبْلُغَنَّ عِنْدَكَ الْكِبَرَ
اَحَدُهُمَآ اَوْ كِلٰهُمَا فَلَا تَقُلْ لَّهُمَآ اُفٍّ وَّلَا تَنْهَرْهُمَا وَقُلْ لَّهُمَا قَوْلًا كَرِيْمًا
﴿٢٣﴾ وَ اخْفِضْ لَهُمَا جَنَاحَ الذُّلِّ مِنَ الرَّحْمَةِ وَقُلْ رَّبِّ ارْحَمْهُمَا كَمَا رَبَّيٰنِيْ
صَغِيْرًا ﴿٢٤﴾ رَبُّكُمْ اَعْلَمُ بِمَا فِيْ نُفُوْسِكُمْ ؕ اِنْ تَكُوْنُوْا صٰلِحِيْنَ فَاِنَّهٗ كَانَ
لِلْاَوَّابِيْنَ غَفُوْرًا ﴿٢٥﴾ وَاٰتِ ذَا الْقُرْبٰى حَقَّهٗ وَالْمِسْكِيْنَ وَ ابْنَ السَّبِيْلِ وَلَا
تُبَذِّرْ تَبْذِيْرًا ﴿٢٦﴾ اِنَّ الْمُبَذِّرِيْنَ كَانُوْٓا اِخْوَانَ الشَّيٰطِيْنِ ؕ وَ كَانَ الشَّيْطٰنُ
لِرَبِّهٖ كَفُوْرًا ﴿٢٧﴾ وَ اِمَّا تُعْرِضَنَّ عَنْهُمُ ابْتِغَآءَ رَحْمَةٍ مِّنْ رَّبِّكَ تَرْجُوْهَا فَقُلْ
لَّهُمْ قَوْلًا مَّيْسُوْرًا ﴿٢٨﴾ وَلَا تَجْعَلْ يَدَكَ مَغْلُوْلَةً اِلٰى عُنُقِكَ وَ لَا تَبْسُطْهَا كُلَّ
الْبَسْطِ فَتَقْعُدَ مَلُوْمًا مَّحْسُوْرًا ﴿٢٩﴾ اِنَّ رَبَّكَ يَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَنْ يَّشَآءُ
وَ يَقْدِرُ ؕ اِنَّهٗ كَانَ بِعِبَادِهٖ خَبِيْرًا بَصِيْرًا ﴿٣٠﴾ ؏ وَ لَا تَقْتُلُوْٓا اَوْلَادَكُمْ خَشْيَةَ



Marfat.com

إِمْلَاقٍ ؕ نَحْنُ نَرْزُقُهُمْ وَإِيَّاكُمْ ؕ إِنَّ قَتْلَهُمْ كَانَ خِطْأً كَبِيرًا ﴿٣١﴾ وَلَا تَقْرَبُوا
الزِّنَىٰ إِنَّهُ كَانَ فَاحِشَةً ؕ وَسَاءَ سَبِيلًا ﴿٣٢﴾ وَلَا تَقْتُلُوا النَّفْسَ الَّتِي حَرَّمَ اللَّهُ
إِلَّا بِالْحَقِّ ؕ وَمَنْ قُتِلَ مَظْلُومًا فَقَدْ جَعَلْنَا لِوَلِيِّهِ سُلْطَانًا فَلَا يُسْرِفْ فِي
الْقَتْلِ ؕ إِنَّهُ كَانَ مَنْصُورًا ﴿٣٣﴾ وَلَا تَقْرَبُوا مَالَ الْيَتِيمِ إِلَّا بِالَّتِي هِيَ أَحْسَنُ
حَتَّىٰ يَبْلُغَ أَشُدَّهُ ۖ وَأَوْفُوا بِالْعَهْدِ ۚ إِنَّ الْعَهْدَ كَانَ مَسْئُولًا ﴿٣٤﴾ وَأَوْفُوا
الْكَيْلَ إِذَا كِلْتُمْ وَزِنُوا بِالْقِسْطَاسِ الْمُسْتَقِيمِ ؕ ذَٰلِكَ خَيْرٌ وَأَحْسَنُ
تَأْوِيلًا ﴿٣٥﴾ وَلَا تَقْفُ مَا لَيْسَ لَكَ بِهِ عِلْمٌ ؕ إِنَّ السَّمْعَ وَالْبَصَرَ وَالْفُؤَادَ كُلُّ
أُولَٰئِكَ كَانَ عَنْهُ مَسْئُولًا ﴿٣٦﴾ وَلَا تَمْشِ فِي الْأَرْضِ مَرَحًا ۚ إِنَّكَ لَنْ تَخْرِقَ
الْأَرْضَ وَلَنْ تَبْلُغَ الْجِبَالَ طُولًا ﴿٣٧﴾

ترجمہ: اور تمہارے پروردگار نے ارشاد فرمایا ہے کہ اس کے سوا کسی کی عبادت نہ کرو اور ماں باپ کے ساتھ بھلائی کرتے رہو۔ اگر ان میں سے ایک یا دونوں تمہارے سامنے بڑھاپے کو پہنچ جائیں تو ان کو اف تک نہ کہنا اور نہ انہیں جھڑکنا اور ان سے بات ادب کے ساتھ کرنا۔ اور عجز و نیاز سے ان کے آگے جھکے رہو اور ان کے حق میں دعا کرو کہ اے پروردگا جیسا انہوں نے بچپن میں (شفقت سے) پرورش کیا ہے تو بھی ان (کے حال) پر رحمت فرما۔ جو کچھ تمہارے دلوں میں ہے تمہارا پروردگار اس سے بخوبی واقف ہے اگر تم نیک ہو گے تو وہ رجوع لانے والوں کو بخش دینے والا ہے۔ اور رشتہ داروں اور محتاجوں اور مسافروں کو ان کا حق ادا کرو اور فضول خرچی سے مال نہ اڑاؤ کہ فضول خرچی کرنے والے تو شیطان کے بھائی ہیں اور شیطان اپنے پروردگار (کی نعمتوں) کا کفران کرنے والا ہے۔ اور اگر تم نے اپنے پروردگار کی رحمت کے انتظار میں جس کی تمہیں امید ہو ان (مستحقین) کی طرف توجہ نہ کر سکو ان سے نرمی سے بات



Marfat.com

کہہ دیا کرو۔اور اپنے ہاتھ کو نہ تو گردن سے بندھا ہوا (یعنی بہت تنگ) کر لو (کہ کسی کو کچھ دو ہی نہیں) اور نہ بالکل کھول ہی دو (کہ سب ہی دے ڈالو کہ انجام یہ ہو) کہ ملامت زدہ اور درماندہ ہو کے بیٹھ جاؤ۔ بے شک تمہارا پروردگار جس کی روزی چاہتا ہے فراخ کر دیتا ہے۔اور (جس کی روزی چاہتا ہے) تنگ کر دیتا ہے اور وہ اپنے بندوں سے خبردار ہے اور (ان کو) دیکھ رہا ہے۔اور اپنی اولاد کو مفلسی کے خوف سے قتل نہ کرنا (کیونکہ) ان کو اور تم کو ہم ہی رزق دیتے ہیں۔ کچھ شک نہیں کہ ان کا مار ڈالنا بہت سخت گناہ ہے۔اور زنا کے بھی پاس نہ جانا کہ وہ بے حیائی اور بری راہ ہے۔اور جس جاندار کا مارنا اللہ تعالیٰ نے حرام کیا ہے اسے قتل نہ کرنا مگر جائز طور پر اور جو شخص ظلم سے قتل کیا جائے ہم نے اس کے وارث کو اختیار دیا ہے تو اس کو چاہیئے کہ قتل میں زیادتی نہ کرے کہ وہ منصور و فتح یاب ہے۔اور یتیم کے مال کے پاس نہ پھٹکنا مگر ایسے طریق سے کہ بہت بہتر ہو یہاں تک کہ وہ جوانی کو پہنچ جائے اور عہد کو پورا کرو کہ عہد کے بارے میں ضرور پرسش ہو گی۔اور جب کوئی چیز (ناپ کر) دینے لگو تو پیمانہ پورا بھرا کرو اور (جب تول کر دو تو) ترازو سیدھی رکھ کر تولا کرو یہ بہت اچھی بات اور انجام کے لحاظ سے بھی بہت بہتر ہے۔اور (اے بندے) جس چیز کا تجھے علم نہیں اس کے پیچھے نہ پڑ کہ کان اور آنکھ اور دل ان سب سے ضرور باز پرس ہو گی۔اور زمین پر اکڑ کر مت چل کی تو زمین کو پھاڑ تو نہیں ڈالے گا اور نہ لمبا ہو کر پہاڑوں (کی چوٹی) تک پہنچ جائے گا۔

*And your Lord has decreed that you worship none but Him. And that you be dutiful to your parents. If one of them or both of them attain old age in your life , say not to them a word of disrespect, nor shout at them but address them in term of honour. And lower unto them a wing of submission and humility through mercy, and say: My Lord! Bestow on them Your mercy as they did bring me up when I was young. Your Lord knows best what is in your innerselves. If you are righteous, then, verily He is Ever More Forgiving to those who turn unto Him again and again in obedience, and in repentance. And give to the kinsman his due and to the Miskin (poor) and to the wayfarer. But spend not wastefully (your wealth) in the manner of a spendthrift. Verily spendthrifts are brothers of the Shayatin (devils), and the (Devil Satan) is ever ungrateful to his Lord.And if You (O Muhammad Sallalla ho Alaihy Wasallam) turn away from them(kindered, poor. Whom We have ordered you to give their rights, but if you have no money at the time they ask you for it) and you are awaiting a mercy from your Lord for which you hope, then, speak unto them a soft, kind Word. And let*



Marfat.com

*not your hand be tied (like a miser) to your neck nor stretch it forth to its utmost reach (like a spendthrift), so that you become blameworthy and in severe poverty. Truly your Lord enlarges the provisions for whom He will straitens. Verily He is Ever All Knower, All seer of His slaves. And kill not your children for fear of poverty. We shall provide for them as well as for you. Surely the killing of them is a great sin.And come not near to the unlawful sex. Verily it is Fahishah, and an evil way. And do not kill anyone whose killing Allah has forbidden, except for a just cause. And whoever is killed wrongfully, We have given his heir the authority, But let him not exceed limits in the matter of taking life. And come not near to the orphan's property except to improve it until he attains the age of full strength. And fulfil (every) covenant. Verily! The covenant, will be questioned about And give full measure when you measure, and weigh with a balance that is straight. That is good (advantageous) and better in the end And follow not that of which you have no knowledge. Verily The hearing, and the sight, and the heart, of which of those ones will be questioned. And walk not on the earth with conceit and arrogance. Verily you can neither rend nor penetrate the earth nor can you attain stature like the mountains in height.*

حضور علیہ الصلوۃ والسلام اللہ تعالیٰ کے دربار میں حاضر ہوئے۔ اللہ تعالیٰ حضور علیہ الصلوۃ والسلام سے اتنے قریب ہوئے کہ دو کمانوں کے برابر یا اس سے بھی کم فاصلہ رہ گیا۔

وَالنَّجْمِ اِذَا هَوٰى ﴿١﴾ مَا ضَلَّ صَاحِبُكُمْ
وَمَا غَوٰى ﴿٢﴾ وَمَا يَنْطِقُ عَنِ الْهَوٰى ﴿٣﴾
اِنْ هُوَ اِلَّا وَحْيٌ يُّوْحٰى ﴿٤﴾ عَلَّمَهٗ شَدِيْدُ
الْقُوٰى ﴿٥﴾ ذُوْمِرَّةٍ ؕ فَاسْتَوٰى ﴿٦﴾ وَهُوَ
بِالْاُفُقِ الْاَعْلٰى ﴿٧﴾ ثُمَّ دَنَا فَتَدَلّٰى ﴿٨﴾ فَكَانَ
قَابَ قَوْسَيْنِ اَوْ اَدْنٰى ﴿٩﴾ فَاَوْحٰٓى اِلٰى
عَبْدِهٖ مَآ اَوْحٰى ﴿١٠﴾ مَا كَذَبَ الْفُؤَادُ مَا
رَاٰى ﴿١١﴾ اَفَتُمٰرُوْنَهٗ عَلٰى مَا يَرٰى ﴿١٢﴾

قسم ہے تارے کی جب وہ غروب ہوا۔ تمہارا رفیق نہ بہکا ہے نہ بھٹکا ہے۔ وہ اپنی خواہش نفس سے نہیں بولتا یہ تو ایک وحی ہے جو اس پر نازل کی جاتی ہے، اسے زبردست قوت والے نے تعلیم دی ہے جو بڑا صاحبِ حکمت ہے وہ سامنے آکر کھڑا ہو گیا۔ جبکہ وہ افق اعلیٰ پر تھا پھر قریب آیا اور اوپر مُعلّق ہو گیا یہاں تک کہ دو کمانوں کے برابر یا اس سے بھی کم فاصلہ رہ گیا تب اس نے اللہ تعالیٰ کے بندے کو وحی پہنچائی جو بھی وحی اسے پہنچانی تھی۔ نظر نے جو دیکھا دل نے اس میں جھوٹ نہ ملایا۔ اب کیا تم اس چیز پر اس سے جھگڑتے ہو جسے وہ آنکھوں سے دیکھتا ہے۔

(سورۃ نجم، پارہ 27، آیت 1 تا 12)



Marfat.com

معراج میں حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے زمین پر سینکڑوں میل کا فاصلہ طے کیا اور لاکھوں نوری سالوں کے فاصلے پر آسمان کی حدود میں داخل ہوئے۔ فرشتوں کی حد سے آگے تشریف لے گئے اور خدائے کریم سے ہم کلام ہوئے۔

## سولہ احکام:

اللہ تعالیٰ نے اپنے محبوب بندے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام پر سولہ احکام نازل فرمائے جو انتہائی جامع ہیں اور نہایت عمدہ ضابطہ حیات کی عکاسی کرتے ہیں۔

> ہم اپنے افکار کو جتنا محدود کرتے چلے جائیں گے اتنا ہی کائنات کے رازوں سے لاتعلق ہوتے چلے جائیں گے۔ نوعِ انسانی کی یہ روش کتنی حیرت ناک ہے کہ وہ اپنے ہاتھ اپنی ہی تباہی کے درپے رہتی ہے اور وہ اعلیٰ اوصاف جو اسے قدرت کے نقشِ قدم پر چلنے کی دعوت دیتے ہیں کھو بیٹھتی ہے۔ ایک طرف پابہ گل ہو کر خود کو ناکام اور مجبور پاتی ہے اور دوسری طرف آئندہ نسلوں کے لئے زندگی کو رائیگاں کرنے والا ورثہ چھوڑ جاتی ہے۔ کتنی اندوہناک طرز ہے کہ انسان اپنی صحیح زندگی بیان کرنے کی جرأت نہیں رکھتا۔ یہ نوعِ انسانی کی موروثی زندگی کا معمول ہے۔

1۔ تیرے رب نے فیصلہ کر دیا ہے کہ تم لوگ کسی کی عبادت نہ کرو مگر صرف اسی کی۔

2۔ والدین کے ساتھ نیک سلوک کرو اگر تمہارے پاس اُن دونوں میں سے کوئی ایک یا دونوں بوڑھے ہوں تو انہیں اُف تک نہ کہو نہ انہیں جھڑک کر جواب دو بلکہ ان کے ساتھ احترام سے بات کرو اور نرمی اور رحم سے ان کے سامنے جھک کر رہو اور دعا کیا کرو کہ پروردگار ان پر رحم فرما جس طرح انہوں نے رحمت اور شفقت سے مجھے بچپن میں پالا تھا۔

3۔ تمہارا رب خوب جانتا ہے کہ تمہارے دلوں میں کیا ہے۔ اگر تم صالحین بن کر رہو تو ایسا بندہ سب کے لئے درگزر کرنے والا ہوتا ہے۔ ایسا بندہ اپنی غلطی پر متنبہ ہو کر بندگی کی طرف پلٹ آتا ہے۔

4۔ رشتہ دار کو اس کا حق دو اور مسکین اور مسافر کو اس کا حق دو۔

5۔ فضول خرچی نہ کرو فضول خرچ لوگ شیطان کے بھائی ہیں اور شیطان اپنے رب کا ناشکرا ہے۔

6۔ اگر تم حاجت مند، رشتہ داروں، مسکینوں اور مسافروں کی حاجت پوری نہیں کر سکتے تو انہیں نرمی سے جواب دو۔

7۔ نہ اپنے ہاتھ گردن سے باندھ کر رکھو اور نہ بالکل ہی کھلا چھوڑ دو کہ ملامت زدہ اور عاجز بن کر رہ جاؤ۔

8۔ تیرا رب جس کے لئے چاہتا ہے رزق کشادہ کر دیتا ہے وہ اپنے بندوں کے حال سے باخبر ہے اور انہیں دیکھ رہا ہے۔

9۔ اپنی اولاد کو افلاس کے اندیشے سے قتل نہ کرو ہم انہیں بھی رزق دیں گے اور تمہیں بھی دراصل ان کا قتل ایک بڑی خطا ہے۔

10۔ زنا کے قریب نہ پھٹکو۔ وہ بہت برا فعل ہے اور بہت ہی برا راستہ ہے۔



Marfat.com

11۔ قتل نفس کا ارتکاب نہ کرو جسے اللہ تعالیٰ نے حرام کیا ہے مگر حق کے ساتھ اور جو شخص مظلومانہ قتل کیا گیا ہو، اس کے ولی کے لئے ہم نے قصاص کے مطالبے کا حق دیا ہے پس چاہئے کہ وہ قتل میں حد سے نہ گزرے اس کی مدد کی جائے۔

12۔ یتیم کے مال کے پاس نہ پھٹکو مگر احسن طریقے سے یہاں تک کہ وہ اپنے شباب کو پہنچ جائے۔

13۔ عہد کی پابندی کرو، بیشک عہد کے بارے میں تم کو جواب دہی کرنی ہوگی۔

14۔ پیمانے سے دو تو پورا بھر کر دو اور تولو تو ٹھیک ترازو سے تولو یہ اچھا طریقہ ہے اور اس کا انجام بھی اچھا ہے۔

15۔ کسی ایسی چیز کے پیچھے نہ لگو جس کا تمہیں علم نہ ہو۔ یقیناً آنکھ کان اور دل سب کی باز پرس ہوگی۔

16۔ زمین پر اکڑ کر نہ چلو۔ تم نہ زمین کو پھاڑ سکتے ہو نہ پہاڑوں کی بلندی کو پہنچ سکتے ہو۔

حضور نبی کریم ﷺ نے ہمیشہ یہ کوشش فرمائی ہے کہ سارے مسلمان بھائی بھائی بن کر رہیں اور آپس میں نہ لڑیں، ایک دوسرے کی حق تلفی نہ کریں بلکہ ایک دوسرے سے پیار محبت سے رہیں اور ایک دوسرے کے دُکھ میں شریک ہوں۔ بلاشبہ حضور ﷺ کا یہی مشن ہے۔ مسلمان کو مسلمان سے لڑانا، مسلمانوں کو آپس میں دست و گریباں کر کے فساد و خون خرابہ کرنا شیطان کا مشن ہے۔ اگر کوئی شیطانی خصلتوں یعنی تعصب، نفرت، حقارت اور تفرقہ کو اپناتا ہے تو وہ ایسے راستے پر چل پڑا جو شیطان کا پسندیدہ ہے۔

## بارگاہ ربُّ العزّت سے عطیات:

معراج شریف میں بارگاہ ربُّ العزّت سے انعامات اور عطیات مرحمت کیے گئے۔ مفسرین نے تین اِکرامات کا بطور خاص تذکرہ کیا ہے۔

1۔ سورہ بقرہ کی آخری آیات جن میں اِسلام کے رہنما اصول بیان کئے گئے ہیں۔

2۔ اُمت محمدی علیہ الصلوٰۃ والسلام کی بخشش کا وعدہ مگر جو لوگ شرک کے مرتکب ہوں گے وہ اس انعام سے محروم ہوں گے۔

3۔ پانچ وقت فرض نماز کی تاکید۔



Marfat.com

موضوع 75/84 رُوح THE SOUL

سُوْرَةُ بَنِیۤ اِسۡرَآءِیۡلَ (THE NIGHT JOURNEY)

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

وَ یَسۡـَٔلُوۡنَكَ عَنِ الرُّوۡحِ ؕ قُلِ الرُّوۡحُ مِنۡ اَمۡرِ رَبِّیۡ وَمَاۤ اُوۡتِیۡتُمۡ مِّنَ الۡعِلۡمِ اِلَّا قَلِیۡلًا ﴿۸۵﴾

ترجمہ: اے نبی ﷺ یہ لوگ تم سے رُوح کے متعلق سوال کرتے ہیں ان سے کہہ دو رُوح میرے رب کے حکم سے ہے اور تمہیں تو بس تھوڑا سا علم عطا ہوا ہے۔

*They will ask thee concerning the Spirit. Say: The Spirit is by command of my Lord, and of knowledge ye have been vouchsafed but little.*

بات روشن ہے کہ "رُوح کا قلیل علم دیا گیا ہے"۔ توجہ طلب بات یہ ہے کہ جس قلیل علم کا تذکرہ کیا جارہا ہے وہ اللہ کا علم ہے اور اللہ کے تمام علوم لامتناہی ہیں۔ لامتناہی کا قلیل علم بھی لامتناہی ہوتا ہے۔ مقصد یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے رُوح کا جو علم عطا کیا ہے وہ اللہ کے علوم کے مقابلے میں قلیل ہے۔ یہ نہیں کہا جارہا کہ رُوح کا علم کسی کو حاصل ہی نہیں ہے یا کسی کو حاصل نہیں ہو سکتا۔ فرمان باری تعالیٰ ہے:

قُلِ الرُّوۡحُ مِنۡ اَمۡرِ رَبِّیۡ — آپ فرمادیجئے کہ رُوح میرے رب کے اَمر سے ہے۔

اِنَّمَاۤ اَمۡرُهٗۤ اِذَاۤ اَرَادَ شَیۡـًٔا اَنۡ یَّقُوۡلَ لَهٗ كُنۡ فَیَكُوۡنُ ﴿۸۲﴾ — اَمرِ رب یہ ہے کہ جب وہ کسی چیز کا ارادہ کرتا ہے تو کہتا ہے کہ ہو جا اور وہ ہو جاتی ہے۔

اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں:

اِنسان ناقابلِ تذکرہ شے تھا ہم نے اس کے اندر اپنی رُوح پھونک دی۔ یہی بات اللہ تعالیٰ حضرت عیسیٰؑ سے بھی فرمائی:

وَرَسُوۡلًا اِلٰى بَنِیۡۤ اِسۡرَآءِیۡلَ ۙ اَنِّیۡ قَدۡ — اور عیسیٰ بنی اسرائیل کی طرف پیغمبر ہو کر جائیں گے اور کہیں گے



Marfat.com

جِئْتُكُمْ بِاٰيَةٍ مِّنْ رَّبِّكُمْ ۙ اَنِّيْٓ اَخْلُقُ لَكُمْ مِّنَ الطِّيْنِ كَهَيْـَٔةِ الطَّيْرِ فَاَنْفُخُ فِيْهِ فَيَكُوْنُ طَيْرًاۢ بِاِذْنِ اللّٰهِ ۚ وَاُبْرِئُ الْاَكْمَهَ وَالْاَبْرَصَ وَاُحْيِ الْمَوْتٰى بِاِذْنِ اللّٰهِ ۚ وَاُنَبِّئُكُمْ بِمَا تَاْكُلُوْنَ وَمَا تَدَّخِرُوْنَ ۙ فِيْ بُيُوْتِكُمْ ۙ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً لَّكُمْ اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ﴿٤٩﴾

کہ میں تمہارے پاس تمہارے پروردگار کی طرف سے نشانی لے کر آیا ہوں۔ وہ یہ کہ تمہارے سامنے مٹی سے پرندے کی صورت بناتا ہوں پھر اس میں پھونک مارتا ہوں تو وہ اللہ کے حکم سے سچ مچ پرندہ ہو جاتا ہے۔ اور پیدائشی اندھے اور ابرص کو تندرست کر دیتا ہوں۔ اور اللہ کے حکم سے مُردوں کو زندہ کر دیتا ہوں۔ اور جو کچھ تم کھا کر آتے ہو اور جو اپنے گھروں میں جمع کر رکھتے ہو سب تم کو بتا دیتا ہوں اگر تم صاحب ایمان ہو تو ان باتوں میں تمہارے لئے نشانی ہے"۔ (سورہ آل عمران، پارہ3، آیت49)

کہ جب تو بناتا ہے مٹّی سے جانور کی صورت میرے حکم سے یعنی میری مرضی اور میرے دیے ہوئے علوم سے پھر اس میں پھونک مارتا تو ہو جاتا وہ جانور۔ مفہوم یہ ہے کہ حضرت عیسیٰؑ تخلیقی فارمولے کے تحت یا اسم رحیم کی صفت کے تحت مٹّی کے جانور میں پھونک مارتے تھے تو وہ اُڑ جاتا تھا۔ پیدائشی اندھے اور کوڑھی کے اوپر دم کرتے تھے تو بھلا چنگا ہو جاتا تھا۔

قرآن پاک میں ارشاد ہوا:

وَيَسْـَٔلُوْنَكَ عَنِ الرُّوْحِ ۭ قُلِ الرُّوْحُ مِنْ اَمْرِ رَبِّيْ

اے رسول ﷺ! آپ سے سوال کرتے ہیں کہ رُوح کیا ہے؟ آپ فرما دیجئے کہ رُوح میرے رب کا امر ہے۔

(سورہ بنی اسرائیل، پارہ15، آیت85)

ذاتِ انسانی یا نفس جس کو روح بھی کہتے ہیں روشنی کا ایک ہیولیٰ ہے جو ایک طرف اپنی اصل کے ساتھ اور دوسری طرف اپنی نوع کے ساتھ منسلک ہے۔ اس کی اصل صفاتِ الٰہیہ کا وہ مجموعہ ہے جس کے ذریعے تمام کائنات کے حواس ایک رشتہ میں بندھے ہوئے ہیں۔

(حضور قلندر بابا اولیاء رحمتہ اللہ علیہ)

اب دیکھئے! قرآن پاک امر کی تعریف کن الفاظ میں کرتا ہے۔

**"اللہ کا امر یہ ہے کہ جب وہ (امر) کسی چیز کو وجود میں لانے کا ارادہ کرتا ہے تو کہتا ہے "کُن" وجود میں آجا، "فیکون" وہ وجود میں آجاتی ہے"**

اس کی وضاحت اس طرح کی جا سکتی ہے:

بشر پتلا ہے، پتلا خلاء ہے، خلاء یا بشر میں اللہ تعالیٰ کا امر (روح) ہے جس کو اللہ تعالیٰ آدم فرماتے ہیں، رُوح اللہ کا امر ہے



Marfat.com

اور اللہ کا اَمر یہ ہے کہ جب وہ کسی چیز کے تخلیق کرنے کا اِرادہ کرتا ہے تو کہتا ہے۔ عدم سے وجود میں آجا اور وہ ہو جاتی ہے۔

جسمانی وجود کا انحصار رُوح پر ہے۔ رُوح کا انحصار جسمانی وجود پر نہیں ہے اور اس کی مثال یہ ہے کہ رُوح کے بغیر آدمی کی حیثیت ایک لاش کے علاوہ کچھ نہیں۔ جب تک رُوح گوشت پوست کے وجود سے تعلق قائم رکھتی ہے۔ گوشت پوست کے وجود میں حرکت موجود رہتی ہے۔ یہ گوشت پوست کا وجود دیکھتا بھی ہے، سنتا بھی ہے، چھوتا بھی ہے، بولتا بھی ہے، تپش اور ٹھنڈک کی لہروں کو محسوس بھی کرتا ہے لیکن اگر رُوح اس گوشت پوست کے وجود سے اپنا رشتہ توڑ لیتی ہے تو یہ جسمانی وجود نہ سنتا ہے، نہ بولتا ہے، نہ محسوس کرتا ہے۔ رُوح کی عدم موجودگی میں کسی تیز دھار والے ہتھیار کی مدد سے جسم کا ایک ایک عضو کاٹ دیا جائے، الگ کر دیا جائے تو وجود کچھ بھی محسوس نہیں کرتا اور نہ اس کے اندر کوئی قوتِ مدافعت ہوتی ہے۔

> روح کو سمجھنے، جاننے اور پہچاننے کے لئے اگر کوئی معتبر اور حقیقی ذریعہ ہے تو وہ علم حضوری ہے۔ علم حصولی سے روح کا سراغ نہیں ملتا۔ اگر کوئی آدمی علم حصولی کے ذریعے روح کو سمجھنا چاہتا ہے تو وہ عقلی اور منطقی دلیلوں میں الجھ کر راستہ بھٹک جاتا ہے۔ ہر انسان اپنی فکر کے مطابق روح کے بارے میں قیاس آرائیاں کرتا ہے۔ مثلاً کوئی کہتا ہے انسان پہلے بندر تھا۔ کسی نے کہا انسان سورج کا بیٹا ہے۔ کوئی انسان کی تخلیق کو مچھلی کی تخلیق کے ساتھ وابستہ کرتا ہے اور زیادہ سوجھ بوجھ کے لوگ، جب انہیں روح کے بارے میں کوئی حقیقی بات معلوم نہیں ہوتی تو روح سے قطع نظر کر کے مادی زندگی کو ہی سب کچھ سمجھ لیتے ہیں۔

زندگی کے اس عمل سے یہ بات ثابت ہو جاتی ہے کہ اِنسان کی اصل رُوح ہے، گوشت پوست کا وجود نہیں ہے۔ اگر کوئی بندہ اپنے من، اپنی رُوح سے واقف ہے تو وہ اپنا دوست ہے اور اس کے برعکس اگر کوئی بندہ صرف اپنے گوشت پوست کے وجود کو سب کچھ سمجھتا ہے تو وہ اپنا دشمن ہے۔ جس شخص کے اندر رُوحانی زندگی کا کوئی تصور موجود نہ ہو تو یہ بات اپنے من سے دشمنی مول لینے کے مترادف ہے۔ اگر کوئی بندہ من سے کوئی کثیف کام لینا چاہتا ہے تو من اس کی خدمت کرنے سے انکار نہیں کرتا۔ وہ اسے مادیت اور ٹائم اسپیس کے جال میں جکڑ دیتا ہے اور اگر بندہ من سے رُوح کا سراغ چاہتا ہے تو من اسے ایک اچھے اور مخلص دوست کی طرح رُوحانی رشتوں سے متعارف کرا دیتا ہے اور من اُسے نہ صرف بتا دیتا ہے بلکہ دکھا بھی دیتا ہے کہ رُوح پاک ہے۔

## مقاماتِ رُوح:

رُوح کے چھ شعبے ہیں۔ دو شعبے باطنی ہیں اور چار شعبے ظاہری ہیں۔ باطنی شعبوں سے مراد تجلّی مطلق ہے اور ظاہری شعبوں سے مراد حرکت اور نقش و نگار ہیں۔

تجلّی کی پہلی رو کا نام نہر تسوید ہے یعنی تجلّی کا پہلا نزول جہاں ہوتا ہے اس کا نام نہر تسوید ہے۔ اس کے بعد تجلّی کا نزول جہاں ہوتا



Marfat.com

ہے اس کا نام نہر تجرید ہے۔ تجلّی کا جب مزید نزول ہوتا ہے تو اس تیسری رو کا نام نہر تشہید اور چوتھی رو کا نام نہر تظہیر ہے۔

رُوح اِنسانی کا پہلا شعبہ سِرّی ہے اس مقام سے وسوسوں کی ابتداء ہوتی ہے۔ اخفیٰ، خفی، سِرّ، رُوح، قلب اور نفس یہ سب چھ لطائف ہوئے۔ دراصل یہ چھ حرکتوں کے نام ہیں۔ ان میں سے ہر ایک حرکت ہر نوع میں ایک طول رکھتی ہے۔ ان چھ حرکات میں سے تین حرکات نزولی ہوتی ہیں اور تین صعودی ہوتی ہیں۔ تین نزولی حرکات کے مقابل دوسرے رُخ پر تین صعودی حرکات بیک وقت وقوع میں آتی ہیں۔

## مادی دنیا کی دوئی:

جسم کی ساری خوشیاں جسم کی طرح عارضی ہیں اور رُوح چونکہ خود مستقل خوشی ہے اس لئے رُوحانی لوگ خوش رہتے ہیں۔ یہ مادی دنیا اور گوشت پوست کے جسم کی دنیا دوئی کی دنیا ہے۔ ابھی ہم سکھی ہیں اور چند لمحوں بعد ہم دکھی ہوتے ہیں۔ جو بات ہمارے لئے عزّت کا باعث ہے وہی بات لمحہ بھر بعد ہمارے لئے بے عزّتی بن جاتی ہے۔ دوئی کی اس مادی دنیا میں کسی چیز کو سمجھنا اسی وقت ممکن ہے جب ہم سکھ، دکھ، عزّت، بے عزّتی، سردی اور گرمی کے تضاد کو سمجھ لیں۔ اس تضاد سے گزرنے کے لئے مادی دنیا کی دوئی سے خود کو آزاد کرنا ہو گا۔ جب کوئی شخص مادی دنیا کی اس دوئی سے گزر کر خود شناسی کا طالب بن جاتا ہے تو ہر چیز کو ایک ہی نظر سے دیکھتا ہے۔ خواہ وہ کنکر ہو، پتھر ہو یا سونا ہو۔ اور جب تک کوئی بندہ خود شناسی کے علم سے ناواقف رہتا ہے اس کا من بے چین اور بے قرار رہتا ہے۔ من کی بے چینی اور بے قراری دور کرنے کے لئے ایک مخصوص طرز فکر کو اپنانا ضروری ہے اور یہ طرز فکر آزاد طرز فکر ہے۔

## قلندر شعور NEUTRAL THINKING:

یہ آزاد طرز فکر دراصل قلندر شعور ہے۔ من سے دوستی کا رشتہ مستحکم کرنے کے لئے قلندر شعور ہمیں راستہ دکھاتا ہے اور وہ راستہ یہ ہے کہ یہاں ہمارا نہ کوئی دشمن ہے نہ کوئی دوست ہے۔ ہم خود ہی اپنے دوست ہیں، خود ہی اپنے دشمن ہیں۔ قلندر شعور جب حرکت میں آجاتا ہے تو بندہ یہ دیکھتا ہے کہ ساری کائنات ایک اسٹیج ہے، ڈرامہ ہے۔ اس اسٹیج پر کوئی باپ ہے، کوئی ماں ہے، کوئی بچہ ہے، کوئی دوست ہے، کوئی دشمن ہے، کوئی گناہگار ہے، کوئی پاکباز ہے۔ جب اسٹیج پر کام کرنے والے کردار اسٹیج سے اُتر جاتے ہیں تو سب ایک ہو جاتے ہیں اور ان کے اوپر سے دنیا کی دوئی کا طلسم ٹوٹ جاتا ہے۔

## خلاء اور رُوح:

اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ میں نے اِنسان کو خلاء سے بنایا ہے اور اس کی کھوپڑی کے اندر، ناک، حلق، منہ، ہونٹ، ڈھانچہ اور دل میں خلاء ہے۔ پھیپھڑے تو سارا کا سارا ہی خلاء کا نظام ہے سوراخ ہی سوراخ ہیں۔ گردوں میں خلاء، مثانوں میں خلاء نہیں ہوتا تو اس کے اندر انرجی کیسے دوڑتی ہے۔ وریدیں، شریانیں نہ ہوتیں تو خون کیسے دوڑتا۔ اِنسانی جسم میں خلاء کے علاوہ کوئی چیز نظر نہیں آتی۔ پنڈلی کی



Marfat.com

ہڈی اس میں بھی خلاء ہے۔ پسلی میں بھی خلاء، آنکھ کے اندر خلاء ہے۔

کوئی چیز آپ ایسی نہیں بتا سکتے جس میں خلاء یا سوراخ نہ ہوں۔ زمین بھی خلاء ہے۔ اگر زمین کے اندر خلاء نہ ہو تو ہل نہیں چل سکتا۔ بیج ہی نہیں اُگیں گے۔ درختوں کی نشوونما نہیں ہوگی۔

اس خلاء کو کون چلا رہا ہے؟ یہ خلاء متحرک کیوں ہے؟ حقیقی بات یہ ہے کہ اس خلاء کو رُوح نے اپنا مسکن بنایا ہوا ہے۔ جب تک رُوح اس خلاء کے اندر رہتی ہے۔ یہ خلاء چلتا پھرتا ہے۔ گھومتا، بولتا، ہنستا، روتا رہتا ہے۔ اور جب خلاء سے رُوح رشتہ منقطع کر دیتی ہے تو خلاء ہنستا ہے نہ بولتا ہے۔ ایک بیکار شئے ہو جاتا ہے۔

حاصل کلام یہ ہے کہ میرا چلنا سونا جاگنا اٹھنا بیٹھنا اس لئے ہے کہ میرے اندر اللہ کی رُوح یعنی اللہ کا نُور کام کر رہا ہے۔ میری زندگی کا ضامن نُور ہے۔ نُور مجھے بھوک پیاس لگا رہا ہے۔ نُور میری پیاس بجھا رہا ہے۔ ہائے افسوس میں نے کبھی نُور کی طرف توجہ نہیں دی اور روٹی میرے لئے اتنی اہم بن گئی کہ میں اس کے لئے دین و دنیا بیچ سکتا ہوں۔ خود کو بھی فروخت کر سکتا ہوں۔ اللہ تعالیٰ نے اتنے بڑے انعام و اکرام اِنسان کے اوپر نازل کئے ہیں اور تسلسل کے ساتھ نازل ہو رہے ہیں۔ آنے والی کل بھی نازل ہوتے رہیں گے اور گذشتہ کل بھی نازل ہو رہے تھے۔ آدم علیہ السلام سے لے کر اب تک اور جب تک قیامت آئے گی۔ انعام و اکرام کا یہ سلسلہ ختم نہیں ہوگا۔

یہ سب کیوں ہو رہا ہے۔ اس لئے ہو رہا ہے کہ اللہ تعالیٰ یہ چاہتے ہیں کہ اِنسان اپنی رُوح کی طرف متوجہ ہو۔

جب اِنسان کا ذہن اپنی رُوح کی طرف متوجہ ہوگا تو خود بخود اللہ کی طرف متوجہ ہو جائے گا اور اگر اِنسان اپنے اندر اور اپنی رُوح کے اندر متوجہ نہیں ہوگا تو کبھی بھی اسے اللہ کی قُربت نصیب نہیں ہوگی۔ رُوح اللہ کی جان ہے۔ جان سے جانا پہچانا جاتا ہے۔

## رُوح میں سے رُوح:

قُرآن میں ہے۔

وَ نَفَخۡتُ فِیۡهِ مِنۡ رُّوۡحِیۡ

**اور ہم نے اپنی رُوح میں سے رُوح ڈال دی۔**

(سورۃ الحجر، پارہ 14، آیت 29)

## مثال سے سمجھئے!

سمندر کا ایک قطرہ سمندر کے علاوہ کچھ نہیں ہے۔ اس کا مطلب یہ نہیں کہ سمندر کا قطرہ سمندر بن گیا۔ اسی طرح جب اللہ کی رُوح یعنی اللہ کی جان جسم میں ڈالنے کا تذکرہ ہوگا تو یہ مفہوم نہیں نکلے گا کہ اِنسان نعوذ باللہ خدا بن گیا۔ یا اس کے اندر وہ تمام صفات پیدا ہو گئیں جو اللہ کی ذاتی صفات ہیں۔ اِنسان کے اندر وہی صفات منتقل ہوئی ہیں جو اللہ تعالیٰ نے اِنسان کے اندر منتقل کر دیں۔ اللہ تعالیٰ نے یہ بھی فرمایا ہے کہ:



Marfat.com

"میں نے اِنسان کو اپنی صورت پر بنایا ہے۔" صحیح بخاری 6227

اس کا مطلب یہ بھی نہیں کہ اللہ تعالیٰ اِنسانوں کی طرح ہیں۔ اِنسانوں کی طرح ان کی آنکھیں ہیں۔ کان ہیں۔ اگر صورت سے مراد اِنسانی صورت لے لی جائے تو یہ بھی سوچنا پڑے گا کہ اللہ تعالیٰ سوتے ہیں، جاگتے ہیں۔ کھانا کھاتے ہیں وغیرہ وغیرہ۔ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ اللہ کو کوئی احتیاج نہیں ہے۔ اللہ ہر چیز سے بے نیاز و بے احتیاج ہے۔

## صُورت پر تخلیق کرنے کا مفہوم:

صورت پر تخلیق کرنے کا مفہوم یہ ہے کہ اللہ نے اپنی لامحدود صفات میں سے تقریباً ساڑھے گیارہ ہزار صفات اِنسان کے اندر منتقل کر دی ہیں اور ہر صلاحیت سمندر کی طرح محدود تو ہے لیکن لامحدود بھی ہے۔ لامحدود کو کتنا بھی محدود کر دیا جائے۔ اس کی اصل لامحدود ہی رہتی ہے مَرد اور عورت کی بنیاد اللہ تعالیٰ کی جان یعنی رُوح ہے۔ جب تک رُوح اِنسان کے اندر رہتی ہے۔ جسم میں حرکت رہتی ہے اور جیسے ہی رُوح اس مادی جسم کو چھوڑ دیتی ہے۔ یہ جسم بے جان ہو جاتا ہے۔ عورت اور مَرد دراصل ایک کھلونا ہے جو چابی سے چلتا ہے۔ جب تک کھلونے کے اندر چابی رہتی ہے کھلونا چلتا رہتا ہے اور جب چابی ختم ہو جاتی ہے تو کھلونا نہیں چلتا۔ ایک مُردہ جسم کی حیثیت ایسے کھلونے کی ہے جس میں رُوح نہ ہو۔ اِنسان کی مشینری اور مشینری کے کل پرزے دماغ، دل، گردے اور پھیپھڑے اس وقت تک قابلِ ذکر ہیں جب تک ان کے اندر رُوح ہے۔

ایک لاکھ چوبیس ہزار پیغمبروں اور ان کے فیض یافتہ اولیاء اللہ نے ایک ہی بات بتائی ہے کہ مادی جسم رُوح کا لباس ہے۔ اصل اِنسان رُوح ہے۔ مادی جسم کی حفاظت اِس لئے کرو کہ مادی جسم رُوح کے لئے پردہ ہے۔ اس لباس کو زندگی کا مقصد نہ بناؤ۔ یہ جسم گھٹنے بڑھنے والی چیز ہے۔ آدمی ہر روز پیدا ہوتا ہے ہر روز مرتا ہے۔ ایک دن کے بچہ پر موت وارد نہ ہو وہ دو دن کا بچہ نہیں ہو سکتا۔ ایک سال کے بچے پر فنائیت غالب نہ آئے تو وہ دو سال کا نہیں ہو سکتا۔ اگر جوانی کو بڑھاپا نہ نگل لے تو کوئی آدمی بوڑھا نہیں ہو سکتا۔ ہر چیز فنا ہو رہی ہے۔ موت زندگی کو کھا رہی ہے۔ اور زندگی موت کو کھا رہی ہے۔ یہاں کا ہر لمحہ موت و زیست کے دوش پر رقصاں ہے۔ اگر رُوح سے واقفیت نہیں ہو گی تو ساری زندگی گھاٹے اور خسارے کی زندگی ہے۔

## BUILT IN کمپیوٹر:

جب ہم زندگی کا تجزیہ کرتے ہیں تو ایک ہی بات سامنے آتی ہے کہ اِنسان کے اندر کوئی کمپیوٹر نصب ہے جو اِنسان کو زندگی کی اطلاعات فراہم کر رہا ہے کبھی وہ ایسی اطلاع دیتا ہے کہ آدمی رنجیدہ ہو جاتا ہے اور کبھی ایسی اطلاع دیتا ہے کہ وہ خوش ہو جاتا ہے اور کبھی ایسی اطلاع دیتا ہے اور اِنسان اس اطلاع پر عمل کرتا ہے اور کھانا کھاتا ہے کبھی پانی کی اطلاع دیتا ہے اور اِنسان پانی پی کر پیاس بجھاتا ہے۔ کبھی کمپیوٹر ایسی اطلاع دیتا ہے کہ اب اعصاب میں مزید عمل کرنے کی صلاحیت موجود نہیں سو جاؤ۔ پھر یہ اطلاع ملتی ہے کہ اب مزید چارپائی پر لیٹے رہنے اور شعوری حواس میں داخل نہ ہونے سے اعصاب مضمحل ہو جائیں گے اور آدمی اس اطلاع کو قبول کر کے بیدار ہو جاتا ہے۔



Marfat.com

غرضیکہ جب تک دماغ کے اندر نصب شدہ BUILT IN کمپیوٹر کوئی اطلاع نہیں دیتا آدمی یا کوئی بھی ذی رُوح کوئی کام نہیں کر سکتا۔ ذی رُوح میں انسان بھیڑ، بکری، چرند، پرند، درند، نباتات، جمادات سب شامل ہیں۔ سب کے اندر یہ اطلاع دینے والی مشین نصب ہے یہ مشین وہی اطلاع فراہم کرتی ہے جس کی ضرورت ہوتی ہے۔ یہ کمپیوٹر آدمی کی رُوح ہے۔ موجودات میں جتنی ذی رُوح اور غیر ذی رُوح ہیں ان سب میں ایک ہی طرح کا کمپیوٹر نصب ہے یعنی ان کی زندگی کے لئے اطلاعات کا منبع ایک ہی ہے۔ کوئی مخلوق اس کمپیوٹر کے علم سے واقف نہیں ہے۔ اللہ تعالیٰ نے صرف انسان کو اس کمپیوٹر یعنی رُوح کا علم سکھایا ہے۔ اسی علم کا آدم اور فرشتوں کے قصے میں بیان ہوا ہے۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:

اِنِّیۡ جَاعِلٌ فِی الۡاَرۡضِ خَلِیۡفَۃً ؕ قَالُوۡۤا اَتَجۡعَلُ فِیۡہَا مَنۡ یُّفۡسِدُ فِیۡہَا وَ یَسۡفِکُ الدِّمَآءَ ۚ وَ نَحۡنُ نُسَبِّحُ بِحَمۡدِکَ وَ نُقَدِّسُ لَکَ ؕ قَالَ اِنِّیۡۤ اَعۡلَمُ مَا لَا تَعۡلَمُوۡنَ ﴿۳۰﴾ وَ عَلَّمَ اٰدَمَ الۡاَسۡمَآءَ کُلَّہَا ثُمَّ عَرَضَہُمۡ عَلَی الۡمَلٰٓئِکَۃِ ۙ فَقَالَ اَنۡۢبِـُٔوۡنِیۡ بِاَسۡمَآءِ ہٰۤؤُلَآءِ اِنۡ کُنۡتُمۡ صٰدِقِیۡنَ ﴿۳۱﴾ قَالُوۡا سُبۡحٰنَکَ لَا عِلۡمَ لَنَاۤ اِلَّا مَا عَلَّمۡتَنَا ؕ

میں زمین میں اپنا نائب بنانے والا ہوں۔ فرشتوں نے کہا۔ یہ تو فساد برپا کرے گا اور ہم آپ کی تسبیح اور تقدیس کے لئے کافی ہیں۔ اللہ نے فرمایا۔ ہم جو جانتے ہیں وہ تم نہیں جانتے۔ فرشتوں کو یہ بات سمجھانے کے لئے آدم علیہ السلام کو علم الاسماء سکھا دیا اور آدم علیہ السلام سے کہا۔ "اس علم کو ظاہر کرو۔" اور فرشتوں سے کہا۔ "اگر تم سمجھتے ہو تو اس علم کے بارے میں بتاؤ۔ فرشتوں نے عرض کیا۔ ہم تو صرف وہی جانتے ہیں جو آپ نے ہمیں سکھا دیا ہے۔ (سورۃ بقرۃ، پارہ 1، آیت 30 تا 32)

آدم علیہ السلام کی اولاد بحیثیت آدم کے اس بات کا مشاہدہ کرتی ہے جن مشاہدات سے آدم علیہ السلام گزرے ہیں اگر کوئی آدم زاد اس بات کا مشاہدہ نہ کر سکے جس کا مشاہدہ آدم علیہ السلام نے کیا یعنی خود کو فرشتوں کو مسجود دیکھنا اللہ اور فرشتوں کے درمیان مکالمہ ہونا، اللہ کا یہ کہنا کہ "ہم نے آدم کو اپنی صفات کا علم سکھا دیا۔" اور فرشتوں کا یہ کہنا کہ "ہم صرف اس حد تک واقفیت ہیں جس حد تک آپ نے علم عطا فرما دیا ہے۔" تو وہ ہرگز آدم علیہ السلام کی اولاد کہلانے کی مستحق نہیں ہے۔ اس کی حیثیت اس آدم کی نہیں جس آدم علیہ السلام کے بارے میں اللہ نے فرمایا کہ یہ میرا نائب اور خلیفہ ہے۔

اس گفتگو کا اجمال یہ ہوا کہ آدم زاد اگر ازل میں دی گئی نیابت سے واقف نہیں ہے اور ان واقعات کو اگر اس نے دنیا کی زندگی میں نہیں دیکھا تو وہ آدم علیہ السلام کی باسعادت اولاد نہیں ہے۔ محض شکل و صورت کی بنا پر اس کو آدم زاد کہہ دیا جائے تو اس کو ناخلف اولاد سے زیادہ اہمیت نہیں دی جا سکتی۔ اس لئے کہ اگر کوئی بندہ اللہ کے اسماء کا علم نہیں جانتا تو وہ اللہ کا نائب نہیں ہے۔ آدم زاد کو دوسری مخلوقات پر صرف اس لئے شرف حاصل ہے کہ وہ اسمائے الٰہیہ کا علم رکھتا ہے۔



Marfat.com

## سلسلہ عظیمیہ کا پیغام:

سلسلہ عظیمیہ کا یہ پیغام ہے کہ نوع اِنسانی کو یہ بتا دیا جائے کہ مادی زندگی عارضی زندگی ہے۔ مادی زندگی فکشن زندگی، تراش ہے، خراش ہے۔ ڈسٹربنس ہے، پریشانی ہے، اضطراب ہے، بے چینی ہے، بے قراری ہے۔ رد عمل ہے اور رُوحانی زندگی میں رد عمل نہیں ہے۔ بے چینی نہیں ہے۔ بے قراری نہیں ہے۔ اضطراب نہیں ہے۔ خوف نہیں ہے۔ غم نہیں ہے۔ اصل یہ ہے کہ یہاں کوئی اِنسان مادی وجود میں اصل اِنسان نہیں ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ یہاں ہر مادی وجود اس لئے قائم ہے کہ اس کے اندر رُوح موجود ہے۔

اسوہ محمدی ﷺ یا اسوہ حسنہ ﷺ سے اس وقت مسلمان قوم فائدہ اٹھا سکتی ہے جب وہ اس بات کی تمیز کرے گی کہ:

رُوح کیا ہے؟ اور جسم کیا ہے؟

جسم محض خاک ہے مٹّی ہے اور اصل اِنسان جو ہے وہ اس کی رُوح ہے۔ سلسلہ عظیمیہ کے کارکنان کی یہ کوشش ہے کہ حضور قلندر بابا اولیاءؒ نے جس طرح اپنے شاگردوں کو ان کی رُوح سے واقف کرا دیا۔ اسی طرح ہم بھی اپنی بہنوں اور اپنے بھائیوں کو بلا تخصیص مذہب وملت رُوح سے متعارف کرا دیں۔ آمین یارب العالمین۔

حوالہ جات:

1۔ کتاب " شرح لوح وقلم " از الشیخ خواجہ شمس الدین عظیمی، باب تدلّی صفحہ نمبر 73
2۔ کتاب " ذات کا عرفان " از الشیخ خواجہ شمس الدین عظیمی، موضوع رُوح کی تعریف، صفحہ نمبر 134
3۔ کتاب " ذات کا عرفان " از الشیخ خواجہ شمس الدین عظیمی، موضوع رُوح اور جسم، صفحہ نمبر 11 تا 12
4۔ کتاب " ذات کا عرفان " از الشیخ خواجہ شمس الدین عظیمی، موضوع ذات، رُوح اور جسم، صفحہ نمبر 12
5۔ کتاب " ذات کا عرفان " از الشیخ خواجہ شمس الدین عظیمی، موضوع اللہ کی جان، موضوع 118 تا 119
6۔ کتاب " ذات کا عرفان " از الشیخ خواجہ شمس الدین عظیمی، موضوع اللہ کی جان، صفحہ نمبر 123



Marfat.com

# اصحابِ کہف

موضوع 84/ 76

## PEOPLE OF THE CAVE

## سُوْرَةُ الْكَهْفِ (THE CAVE)

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَمْ حَسِبْتَ اَنَّ اَصْحٰبَ الْكَهْفِ وَ الرَّقِيْمِ ۙ كَانُوْا مِنْ اٰيٰتِنَا عَجَبًا ﴿٩﴾ اِذْ اَوَى
الْفِتْيَةُ اِلَى الْكَهْفِ فَقَالُوْا رَبَّنَآ اٰتِنَا مِنْ لَّدُنْكَ رَحْمَةً وَّ هَيِّئْ لَنَا مِنْ اَمْرِنَا
رَشَدًا ﴿١٠﴾ فَضَرَبْنَا عَلٰٓى اٰذَانِهِمْ فِى الْكَهْفِ سِنِيْنَ عَدَدًا ﴿١١﴾ ثُمَّ بَعَثْنٰهُمْ لِنَعْلَمَ
اَىُّ الْحِزْبَيْنِ اَحْصٰى لِمَا لَبِثُوْٓا اَمَدًا ﴿١٢﴾

ترجمہ: کیا تم کہف اور رقیم والوں کو ہماری نشانیوں میں سے بہت عجیب خیال کرتے ہو جبکہ وہ چند نوجوان غار میں پناہ گزین ہوئے اور دعا کی: اے ہمارے رب ہمیں اپنی خاص رحمت سے نواز دے اور ہمارے (اس) معاملے میں ہمارے لئے رہنمائی کا سامان کر دے۔ چنانچہ ہم نے اس غار میں ان کے کانوں پر تھپکی دی اور انہیں کئی برس کے لئے سلا دیا۔ پھر ہم نے ان کو بیدار کیا، تا کہ دیکھیں کہ ان کے دو گروہوں میں سے کون ٹھیک شمار کرنے والا نکلتا ہے۔

*Or deemest thou that the People of the Cave and the Inscription are a wonder among Our portents? When the young men Red for refuge to the Cave and said: Our Lord! Give us mercy from Thy presence and shape for us right conduct in our plight. Then We sealed up their hearing in the Cave for a number of years. And afterward We raised them up that We might knowwhich of the two parties would best calculate the time that they had tarried.*



Marfat.com

مکہ کے مشرکین (عیسائی اور یہود) نے حضور اکرم ﷺ کا امتحان لینے کے لئے تین سوال کئے:

1۔ اصحاب کہف کون تھے؟

2۔ خضر علیہ السلام کی کیا حقیقت ہے؟

3۔ آپ کو ذوالقرنین کا قصہ معلوم ہے؟

ان قصوں کا تعلق عیسائیوں اور یہود کی تاریخ سے تھا لیکن عرب میں ان کا چرچا عام نہ تھا۔ یہ سوال کرنے سے اہل کتاب حضرات کا منشا یہ تھا کہ وہ معلوم کریں کہ رسول اکرم ﷺ غیبی علوم جانتے ہیں۔

روم کا شہر افیسس EPHEUSUS جس میں اصحاب کہف کا واقعہ پیش آیا تقریباً گیارہویں صدی قبل مسیح میں تعمیر ہوا تھا۔ بعد میں یہ بت پرستی کا بہت بڑا مرکز بن گیا۔ لوگ DAYANA ڈائنا نامی دیوی کی پوجا کرتے تھے۔ جس کی شہرت پوری دنیا میں تھی۔ دور دور سے لوگ اس کی پوجا کے لئے آتے تھے۔ شہر کے جادوگر، عامل، فال گر اور تعویز نویس دنیا بھر میں مشہور تھے۔ شام و فلسطین اور مصر تک ان کا فسوں چلتا تھا۔ اس کاروبار میں یہودیوں کا بھی بڑا حصّہ تھا۔ جو اپنے علم کو حضرت سلیمانؑ کی طرف منسوب کرتے تھے۔ شرک اور اوہام پرستی پورے ماحول میں رچی بسی ہوئی تھی۔ عربی میں کہف وسیع غار کو کہتے ہیں۔

روایت ہے کہ ملک روم میں ایک بادشاہ تھا۔ جس کا نام دقیہ نوس تھا اس کی بہت وسیع سلطنت تھی۔ فوج اور لشکر کی تعداد کثیر تھی۔ ایک مرتبہ دوسرے ملک کے بادشاہ نے اس کے ملک پر چڑھائی کر دی۔ دقیہ نوس نے دشمن کا مقابلہ کیا۔ اور اسے فتح حاصل ہو گئی۔ دشمن بادشاہ مارا گیا۔ اس کے بیٹے گرفتار کر لئے گئے۔ بعض مورخین کے مطابق اس بادشاہ کے چھ بیٹے تھے۔ اور بعض کہتے ہیں پانچ بیٹے تھے۔ بادشاہ روم نے ان سب کو اپنی خدمت میں رکھ لیا۔

قیصر روم خدائی کا دعویٰ کرتا تھا۔ سب سے اپنے آپ کو سجدہ کرواتا تھا۔ ایک روز رات کو سب بھائی مل کر بیٹھے اور صلاح و مشورہ کرنے لگے۔ بڑا بھائی بولا یہ ملعون ہمیں روز تنگ کرتا ہے۔ اور سجدہ بھی کرواتا ہے۔ ہم کو واجب ہے کہ اس کی خدمت سے باز رہیں۔ اور یہاں سے نکل جائیں اور اپنے خالق ارض و سما کی خدمت کریں جو آخرت میں ہمارے کام آئے۔ سب بھائیوں نے اس بات کو بسر و چشم قبول کیا۔ ایک بھائی بولا اب کسی صورت و تدبیر سے یہاں سے نکل جانا چاہئے۔ ایک بھائی نے تجویز دی۔ کہ جب بادشاہ چوغان کھیلنے جائے گا۔ تو میں چوغان میدان سے باہر پھینک دوں گا۔ جب میں اس کو لینے میدان سے باہر جاؤں تو تم لوگ بھی میرے پیچھے میدان سے باہر نکل آنا۔ اور کوئی پرانے کپڑے پہن لینا۔ سب اس تجویز پر متفق ہو گئے۔

دوسرے دن بادشاہ چوغان کھیلنے گیا اور ان لوگوں کو بھی ساتھ لے گیا۔ شام ہوئی کھیل ختم ہونے کے بعد تمام بھائیوں نے تجویز پر عمل درآمد کیا۔ اور آہستہ آہستہ دور ہوتے چلے گئے۔ اور بادشاہ کی حدود سے باہر چلے گئے۔



Marfat.com




Marfat.com



Marfat.com

## مسیح روایات کا خلاصہ:

گریگری آف ٹارس GREGORY OF TOURUS نے اپنی کتاب MERACULORUM LIBER میں اس قصے کی جو تفصیلات مسیح روایات کے مطابق جمع کی ہیں ان کا خلاصہ یہ ہے۔

حضرت عیسیٰؑ کے بعد جب مسیحی دعوت رومی سلطنت میں پہنچنی شروع ہوئی تو اس شہر کے چند نوجوان بھی شرک سے تائب ہو کر خدائے واحد پر ایمان لے آئے۔

یہ سات نوجوان تھے ان کے مذہب کے تبدیل کرنے کی خبر سن کر قیصر ڈیسس نے ان کو طلب کیا اور پوچھا: تمہارا مذہب کیا ہے؟ انہیں معلوم تھا کہ قیصر پیروان مسیح کے خون کا پیاسا ہے۔ مگر انہوں نے بغیر کسی خوف کے کہا ہمارا رب وہ ہے جو زمین آسمان کا رب ہے اس کے سوا ہم کسی معبود کو نہیں مانتے اگر ہم ایسا کریں تو بہت بڑا گناہ کریں گے۔ قیصر یہ سن کر مشتعل ہو گیا اور غصہ سے بولا: "اپنی زبان بند کرو ورنہ میں تمہیں قتل کر دوں گا۔ ابھی تم بچے ہو۔ میں تمہیں تین دن کی مہلت دیتا ہوں۔ اس مدت کے دوران اگر تم نے اپنا رویہ بدل لیا۔ اور اپنی قوم کی طرف پلٹ آئے تو خیر ورنہ تمہاری گردن مار دی جائے گی۔"

اس مہلت سے فائدہ اٹھا کر یہ نوجوان شہر سے بھاگ نکلے اور پہاڑوں کی طرف چل نکلے تا کہ کسی غار میں چھپ جائیں راستے میں ایک کتا ان کے ساتھ ہو لیا۔ ایک بڑے غار کو اچھی جائے پناہ دیکھ کر اس میں چھپ گئے۔ کتا غار کے دہانے پر جا کے بیٹھ گیا۔ وہ تھکے ماندے تھے اس لئے فوراً سو گئے، قرآن کریم میں اس کا تذکرہ یوں ہے۔

اَمۡ حَسِبۡتَ اَنَّ اَصۡحٰبَ الۡكَهۡفِ وَ الرَّقِيۡمِ ۙ كَانُوۡا مِنۡ اٰيٰتِنَا عَجَبًا ۝٩ اِذۡ اَوَى الۡفِتۡيَةُ اِلَى الۡكَهۡفِ فَقَالُوۡا رَبَّنَاۤ اٰتِنَا مِنۡ لَّدُنۡكَ رَحۡمَةً وَّهَيِّئۡ لَنَا مِنۡ اَمۡرِنَا رَشَدًا ۝١٠ فَضَرَبۡنَا عَلٰۤى اٰذَانِهِمۡ فِى الۡكَهۡفِ سِنِيۡنَ عَدَدًا ۝١١

کیا تم سمجھتے ہو کہ غار اور کھوہ والے ہماری کوئی بڑی عجیب نشانیوں میں سے تھے جب وہ چند نوجوان غار میں پناہ گزیں ہوئے اور انہوں نے کہا اے پروردگار ہم کو اپنی رحمت خاص سے نواز اور ہمارا معاملہ درست کر دے۔ تو ہم نے انہیں اسی غار میں تھپک کر سالہا سال کے لئے گہری نیند سلا دیا۔

(سورۃ کہف، پارہ 15، آیت 9 تا 11)

دقیہ نوس کو جب معلوم ہوا کہ یہ لوگ اس غار کے اندر چھپے ہوئے ہیں تو اس نے حکم دیا کہ اس غار کو ایک دیوار بنا کر بند کر دیا جائے تا کہ وہ اس میں مر جائیں اور غار ان کی قبر بن جائے۔ یہی ان کی سزا ہے۔

کچھ عرصہ بعد دقیہ نوس مر گیا زمانے گزرے سلطنتیں تبدیل ہو گئیں یہاں تک کہ ایک نیک بادشاہ فرمانروا ہوا۔ اس کا نام



Marfat.com

بید روس تھا۔ اس نے 68 سال حکومت کی ملک میں جب حیات و ممات کے فلسفے پر فرقے بن گئے تو بعض لوگ مرنے کے بعد جی اٹھنے کے منکر ہو گئے۔ بادشاہ بہت فکر مند تھا وہ چاہتا تھا کہ لوگوں کے دلوں میں موت کے بعد دوبارہ جی اٹھنے کا یقین پیدا ہو جائے اس نے گریہ زاری سے بارگاہ الہی میں دعا کی۔

"یارب کوئی ایسی نشانی ظاہر فرما جس سے تیری مخلوق کو مرنے کے بعد جی اٹھنے اور قیامت آنے کا یقین آ جائے۔"

ایک شخص نے اپنی بکریوں کے لئے آرام کی جگہ حاصل کرنے کے لئے اسی غار کو منتخب کیا اور دیوار گرا دی۔

دیوار گرانے والوں پر کچھ ایسی ہیبت طاری ہوئی کہ وہ بھاگ نکلے۔

لَوِاطَّلَعۡتَ عَلَيۡهِمۡ لَوَلَّيۡتَ مِنۡهُمۡ فِرَارًا وَّ لَمُلِئۡتَ مِنۡهُمۡ رُعۡبًا ﴿۱۸﴾

اگر تم کہیں جھانک کر انہیں دیکھتے تو الٹے پاؤں بھاگ کھڑے ہوتے اور تم پر ان کے نظارے سے دہشت بیٹھ جاتی۔

(سورۃ کہف، پارہ 15، آیت 18)

اصحاب کہف بحکم الٰہی فرحاں اور شاداں اٹھے چہرے شگفتہ، طبیعتیں خوش، زندگی کی تر و تازگی موجود۔ ایک نے دوسرے کو سلام کیا نماز کے لئے کھڑے ہو گئے۔ فارغ ہو کر آپس میں پوچھنے لگے۔ ایک بولا کتنی دیر سوتے رہے؟ کسی نے کہا ہم سوتے رہے ایک دن یا اس سے کم۔

وَ لَبِثُوۡا فِىۡ كَهۡفِهِمۡ ثَلٰثَ مِائَةٍ سِنِيۡنَ وَازۡدَادُوۡا تِسۡعًا ﴿۲۵﴾

اور اصحاب کہف اپنے غار میں نو اوپر تین سو سال رہے"۔

(سورۃ کہف، پارہ 15، آیت 25)

اس کے بعد انہوں نے اپنے ایک ساتھی کو چاندی کے چند سکے دے کر کھانا لانے کے لئے شہر بھیجا اور کہا ذرا احتیاط سے کام لینا کہیں لوگ تمہیں پہچان نہ جائیں۔ انہیں ڈر تھا کہ اگر لوگوں کو پتہ چل گیا تو وہ ہمیں پکڑ لیں گے۔

وَ كَذٰلِكَ بَعَثۡنٰهُمۡ لِيَتَسَآءَلُوۡا بَيۡنَهُمۡ ؕ قَالَ قَآئِلٌ مِّنۡهُمۡ كَمۡ لَبِثۡتُمۡ ؕ قَالُوۡا لَبِثۡنَا يَوۡمًا اَوۡ بَعۡضَ يَوۡمٍ ؕ قَالُوۡا رَبُّكُمۡ اَعۡلَمُ بِمَا لَبِثۡتُمۡ ؕ فَابۡعَثُوۡۤا اَحَدَكُمۡ بِوَرِقِكُمۡ هٰذِهٖۤ اِلَى الۡمَدِيۡنَةِ فَلۡيَنۡظُرۡ اَيُّهَاۤ اَزۡكٰى طَعَامًا فَلۡيَاۡتِكُمۡ بِرِزۡقٍ مِّنۡهُ وَلۡيَتَلَطَّفۡ وَلَا

اب اپنے میں سے کسی کو چاندی کا یہ سکّہ دے کر شہر بھیجیں اور وہ دیکھے کہ سب سے اچھا کھانا کہاں ملتا ہے وہاں سے وہ کچھ کھانے کیلئے لائے اور چاہیئے کہ ذرا ہوشیاری سے کام کرے ایسا نہ ہو کہ وہ کسی کو ہمارے یہاں ہونے سے خبر دار کر بیٹھے۔ اگر کہیں ان لوگوں کا ہاتھ ہم پر پڑ گیا تو بس سنگسار ہی کر ڈالیں گے یا پھر زبردستی ہمیں اپنی ملت میں واپس لے جائیں گے اور ایسا ہوا تو ہم کبھی فلاح نہ پا سکیں گے۔

(سورۃ کہف، پارہ 15، آیت 19، 20)



Marfat.com

يُشْعِرَنَّ بِكُمْ اَحَدًا ﴿۱۹﴾ اِنَّهُمْ اِنْ يَّظْهَرُوْا عَلَيْكُمْ يَرْجُمُوْكُمْ اَوْ يُعِيْدُوْكُمْ فِيْ مِلَّتِهِمْ وَلَنْ تُفْلِحُوْٓا اِذًا اَبَدًا ﴿۲۰﴾

وہ شہر پہنچا تو یہ دیکھ کر حیران رہ گیا کہ دنیا ہی بدلی ہوئی ہے، سب لوگ مسیح ہو گئے ہیں اور ڈائنا کو پوجنے والا کوئی نہیں ہے۔

## کوتوال شہر:

ایک دکان پر پہنچ کر اس نے روٹیاں خریدیں اور دکاندار کو چاندی کا ایک سکّہ دیا جس پر دقیانوس کی تصویر تھی دکاندار یہ سکّہ دیکھ کر حیران ہو گیا پوچھا، تمہیں یہ سکّہ کہاں سے ملا۔ یملیخا نے کہا، یہ میرا اپنا مال ہے دونوں میں تکرار ہونے لگی۔ لوگ جمع ہو گئے۔ معاملہ کوتوال شہر تک جا پہنچا۔ کوتوال نے یملیخا سے کہا، مجھے وہ دفینا بتاؤ جہاں سے تم یہ سکہ لائے۔ یہ صدیوں پرانا سکہ ہے تم تو ابھی جوان لڑکے ہو ہمارے بڑے بوڑھوں نے بھی کبھی یہ سکہ نہیں دیکھا۔ یہ ضرور کوئی راز ہے۔ یملیخا نے جب یہ سنا کہ قیصر ڈیسیس کو مرے ہوئے زمانہ گزر چکا ہے تو وہ حیرت زدہ ہو گیا۔ اور کچھ دیر تک وہ دم بخود رہ گیا۔ پھر اسے ہوش آیا اس نے کہا کل ہی تو میں اور میرے ساتھی اس شہر سے بھاگ کر گئے تھے۔ اور ایک غار میں ہم نے پناہ لی تھی۔ تاکہ ڈیسیس کے ظلم سے بچے رہیں۔ میرے ساتھی قریب کے پہاڑ میں ایک غار کے اندر پناہ گزین ہیں۔ چلو میں تمہاری ان سے ملاقات کروا دوں۔ حاکم شہر کے عمائدین اور ایک خلقت ان کے ہمراہ غار پر پہنچی۔

## اصحابِ کہف کے نام:

اصحاب کہف ساتھی کے انتظار میں تھے بہت بڑے ہجوم کو دیکھ کر وہ سمجھے کہ یملیخا پکڑا گیا۔ اور دقیانوسی فوج ہماری تلاش میں آ رہی ہے۔ وہاں پہنچ کر یہ امر پوری طرح تحقیق ہو گیا کہ یہ واقعی قیصر ڈیسیس کے زمانے کے لوگ ہیں اور اللہ کے حکم سے اتنی طویل مدت تک سوتے رہے اور اب اس لئے اٹھائے گئے ہیں کہ لوگوں کے لئے موت کے بعد زندگی کی دلیل بن جائیں حاکم نے تانبے کا صندوق دیکھا۔ اس کو کھولا تو ایک تختی برآمد ہوئی۔ اس تختی میں ان اصحاب کے اسماء اور ان کے کتے کا نام لکھا تھا جو یہ ہیں۔

مکسلمینا، یملیخا، مرطونس، بینونس، ساربینونس، زونونس، کشفیط، طونس اور ان کے کتے کا نام کتمیر تھا۔

یہ جماعت اپنے دین کی حفاظت کے لئے دقیانوس کے ڈر سے اس غار میں پناہ گزین ہوئی۔ دقیانوس نے خبر پا کر ایک دیوار سے انہیں غار میں بند کر دینے کا حکم دیا۔

**[اصحاب کہف کے بارے میں اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے کہ بعض لوگ کہیں گے کہ وہ تین ہیں چوتھا ان کا کتا ہے اور کچھ لوگ کہیں گے کہ وہ پانچ ہیں اور چھٹا ان کا کتا ہے اور بعض لوگ کہیں گے کہ وہ سات ہیں اور آٹھواں ان کا کتا ہے۔ آپ ﷺ کہ**



Marfat.com

دیجئے کہ میرا رب ان کا شمار خوب جانتا ہے۔اس ارشاد کے بعد اصحاب کہف کے ناموں کی تعداد متعیّن کرنا قرآن پاک کے مطابق نہیں ہے۔]

یہ لوح پڑھ کر سب کو تعجب ہوا اور لوگ اللہ کی حمد و ثنا بجالائے۔ کہ اس نے ایسی نشانی ظاہر فرمادی جس سے موت کے بعد اٹھنے کا یقین حاصل ہوتا ہے۔ حاکم نے اپنے بادشاہ بیدروس کو اس واقعہ کی اطلاع دی۔ امراء و عمائدین کو لے کر غار پر حاضر ہوا اور سجدہ شکر بجالایا کہ اللہ تعالیٰ نے اس کی دعا قبول کی۔ اصحاب کہف نے بادشاہ سے ملاقات کی اور اپنی خواب گاہ کی طرف چلے گئے۔

## حکمت:

اس زمانے میں قیامت اور آخرت کے مسئلے پر زور و شور سے بحث جاری تھی یہودیوں کا ایک فرقہ "صدوقی" کھلم کھلا آخرت کا منکر تھا۔ صدوقی توریت کی ایسی دلیلیں پیش کرتے تھے۔ جن سے آخرت کی زندگی مشکوک ہو جاتی تھی۔ اس کے ساتھ ساتھ عیسائی علماء کے پاس کوئی وزنی اور حتمی دلیل نہیں تھی۔ جس سے وہ ثابت کر دیتے کہ اس دنیا کے بعد آخرت کی زندگی بھی ہے۔ صدوقیوں کے شعور اتنے پست تھے کہ ان کے ذہن میں یہ بات نہیں آتی تھی کہ مرنے کے بعد دوبارہ جی اٹھنے کے بعد حساب کتاب کا عمل شروع ہو گا۔ اس بحث و تمحیص میں منکرین آخرت کا پلّہ بھاری تھا۔ اللہ تعالیٰ نے اس گمراہی کو ختم کرنے کے لئے اصحابِ کہف کا واقعہ بیان فرمایا ہے۔ اللہ تعالیٰ کے لئے یہ کوئی مشکل کام نہیں ہے کہ وہ کسی کو 300 سال یا اس سے زیادہ سلا کر دوبارہ بیدار کر دے اور اتنا عرصہ گزر جانے کے بعد بھی اس شخص یا اشخاص کی شکل و صورت میں کوئی تغیّر نہ ہو۔ اللہ تعالیٰ جب اور جہاں چاہے غیر معمولی مظاہر عام ہو جاتے ہیں۔

حوالہ جات

1۔ کتاب "محمد رسول اللہ ﷺ جلد سوم" از الشیخ خواجہ شمس الدین عظیمی، باب تین سوال، صفحہ نمبر 212 تا 218



Marfat.com

موضوع 84/ 77 **اللہ کے دوست**

## سُوْرَۃُ الْکَھْفِ (THE CAVE)

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

وَاصْبِرْ نَفْسَكَ مَعَ الَّذِيْنَ يَدْعُوْنَ رَبَّهُمْ بِالْغَدٰوةِ وَالْعَشِيِّ يُرِيْدُوْنَ وَجْهَهٗ وَ
لَا تَعْدُ عَيْنٰكَ عَنْهُمْ ۚ تُرِيْدُ زِيْنَةَ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۚ وَلَا تُطِعْ مَنْ اَغْفَلْنَا قَلْبَهٗ
عَنْ ذِكْرِنَا وَاتَّبَعَ هَوٰىهُ وَكَانَ اَمْرُهٗ فُرُطًا ﴿۲۸﴾

ترجمہ: اور جو لوگ صبح شام اپنے پروردگار کو پکارتے ہیں اور اس کی خوشنودی کے طالب ہیں۔ ان کے ساتھ صبر کرتے رہو اور تمہاری نگاہیں ان میں (گزر کر اور طرف) نہ دوڑیں کہ تم آرائش زندگانی دنیا کے خواستگار ہو جاؤ اور جس شخص کے دل کو ہم نے اپنی یاد سے غافل کر دیا ہے اور وہ اپنی خواہش کی پیروی کرتا ہے اور اس کا کام حد سے بڑھ گیا ہے۔

*And keep yourself patiently with those who call on their Lord morning and afternoon seeking His Face; and let not your eyes overlook them, desiring the pomp and glitter of the life of the world; and obey not him whose heart We have made heedless of Our Rememberence, and who follows his own lusts and whose affairs has been lost.*

حضرت غوث علی شاہ صاحب ؒ فرماتے ہیں کہ گروہ کاملین تین قسموں پر منقسم ہے۔ کامل، اکمل اور مکمل۔

### کامل:

کامل اس کو کہتے ہیں جو خود تو صاحب کمال ہو مگر کسی کو فیض اور فائدہ نہ پہنچا سکے۔

### اکمل:

اکمل وہ ہے جو خود بھی صاحب کمال ہو اور فیضان باطنی اور ہدایت ظاہری سے اور اوروں کو فائدہ پہنچائے۔ یہ شخص اوّل سے بدرجہا بزرگ ہوتا ہے۔



Marfat.com

## مکمل:

مکمل اس کو کہتے ہیں کہ اوروں کو مشیّتِ ایزدی اور تقدیرِ الٰہی کے موافق خواہ گھنٹہ میں خواہ مہینہ میں خواہ سال میں کامل اور مکمل بنادے اور جو کرامات اور مکاشفات اپنی ذات میں رکھتا ہے مرید کو عطا فرمادے اور ایسا شخص مذکورہ بالا سے بھی نہایت معظم اور مکرم ہوتا ہے۔

گروہ مکمل کی تعلیم و تلقین کا طریقہ یہ ہے کہ اوّل طالب کو خاندان کے موافق بیعت کر کے ذکر ارشاد فرماتے ہیں خواہ اسم ذات خواہ نفی اثبات مگر اس زمانے کے مشائخین کی طرح سامنے بٹھا کر توجہ نہیں دیتے البتہ قلبی توجّہ دیتے ہیں جہاں کہیں مرید ہو چاہے ہزار فرلانگ چاہے چند میل اس توجہ کا اثر طالب کے دل سے زائل نہیں ہوتا۔

حضور قلندر بابا اولیاءؒ فرماتے ہیں:

**"اولیاء اللہ کے دل ہدایت خلوص ایثار محبت اور عشق کے چراغ ہیں۔ یہ اللہ اور اس کے رسول ﷺ کے ایسے دوست ہیں جن کو اللہ اور اس کے رسول ﷺ عزیز رکھتے ہیں ان سے محبت کرتے ہیں"۔**

حضور علیہ الصلوۃ والسلام کا ارشاد ہے کہ اللہ کے دوستوں کا دشمن خدا اور اس کے رسول کا دشمن ہے۔ فرمایا رسول علیہ الصلوۃ والسلام نے جو شخص کہ دشمنی رکھے خدا کے کسی دوست کے ساتھ بے شک اس نے اللہ کے ساتھ لڑائی کا ارادہ کیا۔ تحقیق اللہ دوست رکھتا ہے ایسے برگزیدہ پوشیدہ حال بندوں کو جن کے دل ہدایت کے چراغ ہیں۔

ایک روز امرائے عرب میں سے کچھ لوگ رسول علیہ الصلوۃ والسلام کی خدمت میں حاضر ہوئے اور عرض کیا:

**"ہمارا دل چاہتا ہے کہ ہم آپ کی خدمت میں حاضر ہوں لیکن یہ شکستہ حال اصحاب آپ کے ہم نشین ہیں اگر ہمیں تنہائی فراہم کر دی جائے تو ہم آپ سے دینی مسائل حاصل کر لیا کریں گے۔"**

اللہ تعالیٰ دانا اور علیم و خبیر ہے جیسے ہی یہ بات ان کے منہ سے نکلی اللہ تعالیٰ نے فرمایا:

**"ان لوگوں کو اپنے سے دور نہ کریں جو اپنے رب کو صبح شام پکارتے ہیں اور اس کی دید کے متمنی رہتے ہیں آپ پر نہیں ہے ان کے حساب سے کچھ اور نہ آپ کے حساب میں سے ان پر ہے کچھ کہ آپ ان کو دور کرنے لگیں"۔**

غور طلب بات یہ ہے کہ اگر ان فقراء کو تھوڑی دیر کے لئے ہٹا دیا جاتا تو عرب کے بڑے بڑے امراء مسلمان ہو جاتے لیکن اللہ کی غیرت نے اس کو پسند نہیں کیا کہ اس کے دوستوں کو کوئی حقارت سے دیکھے۔

ایمان ایک ایسا جوہر ہے جس کی چاشنی اور حلاوت دنیا کی ہر چیز سے زیادہ ہے مگر یہ حلاوت اور چاشنی اسی بندے کو حاصل ہوتی ہے جو دنیا کی ہر چیز سے زیادہ اللہ کو دوست اور محبوب رکھتا ہے۔ وہ بندہ جو اللہ سے زیادہ دوسری چیزوں کو عزیز رکھتا ہے، اللہ کا سچا بندہ نہیں ہے۔ جب ہم دوستی اور محبت کا تذکرہ کرتے ہیں تو دوستی ہم سے کچھ تقاضے کرتی ہے اور وہ تقاضہ یہ ہے کہ دوستی ہمیشہ قربانی



Marfat.com

چاہتی ہے۔ سب جانتے ہیں کہ دوستی ایک ایسی قلبی کیفیت کا نام ہے جو ظاہراً آنکھوں سے نظر نہیں آتی۔ لیکن انسان کا عمل اس بات کی شہادت فراہم کرتا ہے کہ اس کے اندر دوستی اور محبت کا سمندر موجزن ہے یا نہیں۔ ایک آدمی زبانی طور پر اگر اس بات کا دعویٰ کرتا ہے کہ میں اپنے دوست سے دوستی یا محبت کرتا ہوں لیکن جب ایثار اور قربانی کا وقت آتا ہے تو وہ اپنے قول میں سچا ثابت نہیں ہوتا، بلاشبہ اس کی دوستی قابل تسلیم نہیں سمجھی جائے گی۔

اگر آپ اپنے اللہ، اپنے خالق سے متعارف ہو کر اس کی قربت اختیار کر کے کائنات پر اپنی حاکمیت قائم کرنا چاہتے ہیں تو اللہ کی مخلوق کی خدمت کو اپنا شعار بنالیجئے۔ بلاشبہ اللہ کی مخلوق سے محبت رکھنے والے لوگ اللہ کے دوست ہیں اور دوست پر دوست کی نوازشات و کرامات کی ہمیشہ بارش ہوتی رہتی ہے۔

حوالہ جات:

1۔ کتاب "کشکول" از الشیخ خواجہ شمس الدین عظیمی، موضوع 45، صفحہ نمبر 58

2۔ کتاب "کشکول" از الشیخ خواجہ شمس الدین عظیمی، موضوع 263، صفحہ نمبر 178



Marfat.com

موضوع 78/84

# صاحب باطن

## سُوْرَةُ الْكَهْفِ (THE CAVE)

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَبْلُغَ مَجْمَعَ الْبَحْرَيْنِ اَوْ اَمْضِيَ حُقُبًا ﴿٦٠﴾ فَلَمَّا بَلَغَا مَجْمَعَ بَيْنِهِمَا نَسِيَا
حُوْتَهُمَا فَاتَّخَذَ سَبِيْلَهٗ فِي الْبَحْرِ سَرَبًا ﴿٦١﴾.........فَوَجَدَا عَبْدًا مِّنْ عِبَادِنَآ
اٰتَيْنٰهُ رَحْمَةً مِّنْ عِنْدِنَا وَعَلَّمْنٰهُ مِنْ لَّدُنَّا عِلْمًا ﴿٦٥﴾

ترجمہ: جب تک دو دریاؤں کے ملنے کی جگہ نہ پہنچ جاؤں ہٹنے کا نہیں خواہ برسوں چلتا رہوں۔ جب ان کے ملنے کے مقام پر پہنچے تو اپنی مچھلی بھول گئے تو اس نے دریا میں سرنگ کی طرح رستہ بنا لیا۔------- پھر دونوں ہمارے بندوں میں سے ایک بندے کو پایا جس کو ہم نے اپنی خاص رحمت سے نوازا تھا اور جس کو اپنی طرف سے خاص علم عطا کیا تھا۔

*I will not give up until I reach the point where the two rivers meet, though I march on for ages. And when they reached the point where the two met, they forgot their fish, and it took its way into the waters, being free --------------Then found they one of Our slaves, unto whom We had given mercy from Us, and had taught him knowledge from Our presence.*

## صاحب باطن:

حضرت موسیٰؑ کے واقعات میں سے ایک اہم واقعہ اس ملاقات کا ہے جو ان کے اور ایک صاحب باطن کے درمیان ہوئی۔

حضور علیہ الصلوۃ والسلام کا ارشاد مبارک ہے:

"ایک روز حضرت موسیٰؑ تبلیغ کر رہے تھے کہ ایک شخص نے سوال کیا اس زمانے میں سب سے بڑا عالم کون ہے؟

حضرت موسیٰؑ نے فرمایا:



Marfat.com

**"اللہ تعالیٰ نے مجھے سب سے زیادہ علم عطا کیا ہے۔"**

اللہ تعالیٰ جَلَّ جَلَالُہٗ نے فرمایا:

**"اے موسیٰ جہاں دو سمندر مجمع البحرین ملتے ہیں وہاں ہمارا ایک بندہ ہے جو بعض امور میں تم سے زیادہ عالم و دانا ہے۔"**

حضرت موسیٰؑ نے عرض کیا:

**پروردگار اس بندے تک پہنچنے کا طریقہ کیا ہے؟**

اللہ تعالیٰ نے فرمایا:

**مچھلی کو توشہ دان میں رکھ لو جس مقام پر مچھلی گم ہو جائے اسی جگہ وہ شخص ملے گا۔**

حضرت موسیٰؑ نے مچھلی کو توشہ دان میں رکھا اور حضرت یوشعؑ کو ساتھ لے کر مرد صالح کی تلاش میں روانہ ہو گئے۔

اس صاحب باطن سے ملاقات کے بعد حضرت موسیٰؑ اور وہ بندہ کشتی میں بیٹھے بندے نے کشتی میں سوراخ کر دیا پھر ایک گھر میں مہمان رہے اور ایک بچے کو قتل کر دیا۔ دیوار گرنے لگی تو بغیر معاوضے کے جبکہ وہ بھوکے پیاسے تھے اس دیوار کو بنا دیا۔ حضرت موسیٰؑ نے جب اس بات پر اعتراض کیا تو اس بندے نے کہا کہ میں نے جو بھی کچھ کیا ہے اپنے رب کے حکم سے کیا ہے۔ اور پھر اس بندے اور حضرت موسیٰؑ میں جدائی ہو گئی اور حضرت موسیٰؑ نے اس بندے سے اقرار کیا۔ بے شک میں اپنی بات پر قائم نہیں رہ سکا۔

حضرت موسیٰؑ کا علم اس طرز سے وابستہ ہے جس طرز پر اچھائی اور برائی کا تصور قائم ہے اور اس بندے کا علم اس طرز سے وابستہ ہے جس طرز پر اللہ کے سوا کچھ نہیں ہے۔ یہاں یہ بتانا ہرگز مقصود نہیں کہ حضرت موسیٰؑ کی حیثیت کم تھی یا اس بندے کی حیثیت زیادہ تھی۔ غور طلب بات یہ ہے کہ حضرت موسیٰؑ تلاش کرتے ہوئے اس بندے تک پہنچے۔ جبکہ وہ بندہ حضرت موسیٰؑ تک نہیں آیا۔

اللہ تعالیٰ بڑے قانون دان ہیں جس بندے کا ذہن مشیئت کے ساتھ قائم ہو جاتا ہے وہ بجائے خود قانون بن جاتا ہے اور قانون پر عمل درآمد کرنا ہر بندے کے اوپر اور پوری کائنات کے اوپر واجب ہے۔

## صاحبِ تکوین:

اس بندے نے گفتگو کے دوران یہ بھی بتایا کہ یہ اللہ کی حکمت ہے کہ اس نے مجھے یہ علم (تکوین) عطا فرمایا۔

## صاحبِ ارشاد:

اور آپ کو یعنی حضرت موسیٰؑ کو وہ علم یعنی (ارشاد کا) علم عطا فرمایا ہے۔



Marfat.com

موضوع 79/84 کُنْ فیکون BE! AND IT IS

سُوْرَةُ مَرْيَمَ (MARY)

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اِذَا قَضٰى اَمْرًا فَاِنَّمَا يَقُوْلُ لَهٗ كُنْ فَيَكُوْنُ ﴿۳۵﴾

**ترجمہ: جب وہ کسی چیز کا ارادہ کرتا ہے تو اس کو یہی کہتا ہے کہ ہو جا تو وہ ہو جاتی ہے۔**

*When He decreeth a thing, He saith unto it only: Be! and it is.*

## آغازِ کائنات:

کائنات کا یکجائی پروگرام اللہ تعالیٰ کا علم ہے۔ اللہ تعالیٰ نے جب چاہا کہ اللہ کے علم میں کائنات کے خدوخال جس طرح موجود ہیں ان کا مظاہرہ ہو تو اللہ تعالیٰ نے "کُن" فرمایا اور کائنات بن گئی۔ جب کائنات بن گئی تو کائنات کو صرف اپنے وجود کا علم تھا۔ کائنات کے افراد یہ نہیں جانتے تھے کہ وہ کون ہیں؟ کیوں ہیں؟ اور ان کو تخلیق کرنے والی ہستی کون ہے؟ اس جمود کو توڑنے کے لئے اللہ تعالیٰ خود کائنات کے سامنے آگئے۔ اور کہا، "میں ہوں تمہارا رب" کائنات کے افراد کو سب سے پہلے جس چیز کا علم ہوا وہ اللہ تعالیٰ کی آواز تھی۔ کائنات جب اس آواز کی طرف متوجہ ہوئی تو اس نے دیکھا کہ ایک ہستی ہے جو رب کی حیثیت سے اپنا تعارف کرا رہی ہے۔ یعنی ایک ایسی ہستی جس نے تمہیں پیدا کیا تمہیں علم بخشا تمہیں سماعت اور نگاہ منتقل کی اور تمہارے لئے وسائل پیدا کئے۔

جب ہم انسان کا تذکرہ اس وقت کے حالات میں کرتے ہیں جب اسے سماعت اور نگاہ نہیں منتقل ہوئی تھی تو ہم اسے صرف احساس کا نام دیتے ہیں اور جب اللہ تعالیٰ نے اپنے رب ہونے کا اعلان کیا اور کائنات نے یہ آواز سن کر اللہ تعالیٰ کی طرف نگاہ اٹھائی اور اللہ تعالیٰ کو دیکھ کر اس کی ربوبیت کا اقرار کیا تو اسے اپنے ہونے کا ادراک مل گیا۔ لیکن رمز کی بات یہ ہے کہ انسان کو سب سے پہلے نگاہ منتقل ہوئی یعنی انسان نگاہ کے علاوہ کچھ نہیں ہے۔ اسی بات کو مولانا روم رحمۃ اللہ نے اس طرح فرمایا ہے کہ آدمی نگاہ ہے۔ اس کے علاوہ باقی سب فکشن ہے۔ اور نگاہ یہ ہے کہ آدمی اس بات سے واقف ہے کہ میں مخلوق ہوں اور میرا بنانے والا اللہ ہے۔ جب آدم کی نظر اللہ تعالیٰ کی ربوبیت کے اوپر نہیں ٹھہری اس کی حیثیت صرف ایک احساس کی تھی اور جب اس کی نگاہ اللہ تعالیٰ کے اوپر ٹھہر گئی تو اس کی حیثیت علم کی بن گئی اور اس کے اندر سننے دیکھنے کے حواس پیدا ہو گئے۔



Marfat.com

## کُن فَیَکُوْن کی تشریح:

کن فیکون کی مختصر تشریح اس طرح ہے:

1۔ اس کا مطلب یہ نہیں کہ وہ چیز ہو چکی اور ماضی میں چلی گئی۔

2۔ نہ اس کا مطلب یہ ہے کہ وہ چیز ہو رہی ہے اور نامکمل ہے۔

3۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ وہ چیز نافذُ العمل ہے اور مکمل ہے یعنی مکمل صورت میں نافذُ العمل ہے۔ وضاحت اس کی یہ ہوئی کہ وہ چیز لازمانیّت میں مکمل ہو چکی اور زمانیّت میں نافذ العمل ہے۔

4۔ صرف ایک سیکنڈ (وقفہ کا چھوٹے سے چھوٹا یونٹ) ہے جو حقیقی ہے اور اس ایک سیکنڈ کی تقسیم سے اَزَل تا اَبَد کا وجود صادر ہوا ہے یعنی وہ ایک حقیقی سیکنڈ تقسیم ہو کر وقت کے لامتناہی یونٹوں میں رونما ہو رہا ہے۔

5۔ اس ایک سیکنڈ کے تکوینی مراحل کا اظہار اس عمل پر ہے کہ اس کی تقسیم لامتناہی یونٹوں کی شکل و صورت اختیار کر لے۔ اس شکل و صورت کا نام مظاہر کائنات یا عالم ناسوت، جبروت اور لاہوت ہے۔

## کُن اور کائنات کی تخلیق:

کائنات کی تخلیق اور اللہ تعالیٰ کے اس ارشاد پر جب ہم غور کرتے ہیں، جس ارشاد کی بنا پر کائنات اپنے تمام تخلیقی اجزاء اور عناصر کے ساتھ موجود ہو گئی تو ہم اس کے علاوہ دوسری کوئی بات نہیں کہہ سکتے کہ اللہ تعالیٰ کا حکم کائنات کی صورت میں وجود پذیر ہو گیا۔ جس حکم کی بنا پر وسیع و عریض اور لامتناہی کائنات، کھربوں کہکشانی نظام، سنکھوں کی تعداد میں سیارگان اور کروڑوں کی تعداد میں ستارے یا STARS وجود میں آنے کا سبب صرف اللہ تعالیٰ کا ایک حکم ہے اور وہ حکم کیا ہے، "کُن"۔

کُن کا مطلب ہے "ہو جا"۔ جب ہم اِس "ہو جا" کے اوپر غور کرتے ہیں تو یہ بات سامنے آتی ہے کہ "ہو جا" کہنے والی ہستی کے ذہن میں کوئی ایسا پروگرام ہے جس پروگرام کے تحت وہ کسی چیز کو نہ صرف یہ کہ وجود میں لانا چاہتا ہے بلکہ اسے قائم رکھنے کے لئے وسائل بھی فراہم کرتا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے یہ نہیں فرمایا کہ کیا ہو جا، صرف یہ فرمایا "کن" یعنی ہو جا۔ کیا ہو جا؟ یہ اللہ تعالیٰ کے ذہن میں موجود ہے۔ اللہ تعالیٰ کا ذہن اللہ تعالیٰ کا عِلم ہے اور اللہ تعالیٰ کا تمام کا تمام عِلم اللہ تعالیٰ کی صِفات ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے جب کُن فرمایا تو کائنات موجود ہونے کے ساتھ ساتھ کائنات کے اندر وہ تمام صفات بھی موجود ہو گئیں۔ جن صفات کے اوپر اللہ تعالیٰ نے کائنات کو تخلیق کیا ہے۔ پھر اس تخلیق میں ایک نئی بات پیدا ہوئی۔ وہ یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے اپنی بنائی ہوئی تخلیق کو نظر عطا کی اور نظر فعال اور متحرک بنانے کے لئے ارشاد فرمایا۔ "اَلَسْتُ بِرَبِّکُم" میں ہوں، میں تمہارا رب۔

اللہ تعالیٰ نے جب یہ فرمایا کہ میں تمہارا رب ہوں تو کائنات میں موجود تمام تخلیقات، بشمول فرشتے، اِنسان اور جنّات، سب نے برملا یہ کہا۔ "جی ہاں! ہم یہ بات جانتے ہیں کہ آپ ہمارے رب ہیں۔" اللہ تعالیٰ کے یہ فرمانے سے پہلے کہ میں تمہارا رب ہوں کائنات



Marfat.com

کی حیثیت ایک گونگی، بہری شے کی تھی۔ اس کو اپنا ادراک تو تھا لیکن وہ نہیں جانتی تھی کہ میں کیا ہوں، کیوں ہوں، کون ہوں اور میرا بنانے والا کون ہے؟ یہ نہ جاننا کہ میں کون ہوں، کیوں ہوں اور میرا بنانے والا کون ہے۔ اس بات کی علامت ہے کہ کائنات کو ابھی نظر نہیں ملی تھی۔ اس کائنات میں چونکہ بنیادی حیثیت اِنسان کی ہے اس لئے ہم کائنات کی بجائے اِنسان کا تذکرہ کرینگے۔ کسی جگہ بے شمار اِنسان موجود ہیں لیکن وہ یہ نہیں جانتے کہ ہم کون ہیں؟ کیا ہیں، کیوں ہیں اور ہمارا بنانے والا کون ہے؟ اس لاعلمی کو علم سے بدلنے کے لئے اللہ تعالیٰ نے اپنی ذاتِ اقدس کو کائنات کے سامنے پیش کیا اور با آواز بلند فرمایا۔ "میں تمہارا رب ہوں۔" کائنات یا اِنسان اس آواز کی طرف متوجہ ہوا اور اس نے اللہ تعالیٰ کو دیکھا اور اللہ تعالیٰ کی خالقیت کا اعتراف کیا۔ اب اس بات کو اس طرح کہا جائے گا کہ نظر کا پہلا ٹارگٹ یا مرکزیت اللہ ہوا۔ اللہ کو دیکھنے کے بعد اللہ کا عکس دماغ کے اوپر منتقل ہوا۔

یہی نظر کا قانون ہے یعنی آنکھ کسی عکس کو قبول کر کے دماغ کی سکرین پر منتقل کرتی ہے۔ یہ منتقلی پندرہ سیکنڈ ہلکی گہری قائم رہ کر تبدیل ہو جاتی ہے۔ اللہ تعالیٰ کے اس فرمان کے پیش نظر ہم یہ جانتے ہیں کہ نظر اس وقت کام کرتی ہے۔ جب نظر کے لئے کوئی مرکزیت ہو، اِنسان کی نظر کی پہلی مرکزیت اللہ ہے۔ اس دنیا میں آنے کے بعد مرکزیت میں تبدیلی واقع ہوئی۔ ہم علم حضوری سے ہٹ کر ہم عِلم حصولی کے جال میں بند ہو گئے۔ نتیجے میں ہماری نگاہ کی مرکزیت مفروضہ اور فکشن حواس بن گئے۔ لیکن قانون اپنی جگہ بحال رہا جس طرح حقیقت دماغ کی سکرین پر منتقل ہوتی ہے اسی طرح فکشن حواس بھی دماغ کی سکرین پر منتقل ہوتے ہیں۔ بات صرف اتنی سی ہے فکشن حواس کی منتقلی ہمیں پابند حواس میں قید رکھتی ہے اور غیر فکشن حواس کی منتقلی ہمیں آزاد حواس سے روشناس کراتی ہے۔

## نسبت اور طرزِ فکر:

رُوحانی سلسلوں، اسباق، قواعد وضوابط، اعمال واشغال، تفکّر، مراقبہ، تصوّرِ شیخ ان تمام باتوں کو بہ نظر غائر دیکھا جائے تو ایک ہی بات سامنے آتی ہے کہ کسی ہستی کو مرکزیت بنا کر بار بار دماغ کی سکرین پر منتقل کیا جائے۔ جتنا زیادہ ایک خیال یا ایک مرکزیت دماغ کی سکرین پر منعکس ہوتی ہے اسی مناسبت سے دماغ کا ایک پیٹرن بن جاتا ہے اور یہی پیٹرن تصوّف کی اصطلاح میں طرز فکر ہے۔ ہم جب استاد، پیرومرشد یا شیخ کا تصور کرتے ہیں تو ازلی قانون کے مطابق شیخ کے اندر کام کرنے والی اللہ تعالیٰ کی صفات کا علم بار بار ہمارے دماغ کے اوپر وارد ہوتا ہے اور جیسے جیسے شیخ کے اندر کام کرنے والی روشنیاں سالک کے اندر منتقل ہوتی ہیں۔ اسی مناسبت سے سالک کا ذہن شیخ کی روشنیوں کو قبول کرتا رہتا ہے یہاں تک کہ شیخ اور مرید کا ذہن ایک نقطہ پر قائم ہو جاتا ہے۔

اسی کو تصوّف کی اصطلاح میں نسبت قرار دیا گیا ہے۔ رُوحانیّت میں نسبت حاصل کرنے کا اہم ذریعہ اپنے مرشد سے قربت کا حاصل ہونا ہے۔ جُوں جُوں اس قُربت میں اضافہ ہوتا ہے مرید میں محبت و عشق کی لہریں موجزن ہوتی ہیں اسی مناسبت سے شیخ کا ذہن منتقل ہوتا رہتا ہے اور ایک وقت ایسا آتا ہے کہ شیخ کے اندر کام کرنے والی روشنیاں اور انوار بلکہ اللہ تعالیٰ کی تجلّیات بھی سالک کو حاصل



Marfat.com

ہو جاتی ہیں یا سالک ان انوار اور تجلّیات سے متعارف ہو جاتا ہے۔

اس صورت کا نام تصوّف میں "فنافی الشیخ" ہے۔ شیخ کی روشنیاں اور شیخ کے اندر کام کرنے والے انوار اور تجلّیات بھی شیخ کا اپنا ذاتی وصف نہیں ہیں۔ جس طرح ایک سالک نے اپنی تمام تر توجہ اور ذہنی ارتکاز کے ساتھ شیخ کے علم اور شیخ کی صفات کو اپنے اندر منتقل کیا ہے اسی طرح شیخ نے اپنی تمام تر توجہ کے ساتھ سیّدنا حضور ﷺ کے علم اور صفات کو اپنے اندر منتقل کیا ہے۔ فنافی الشیخ کے بعد شیخ کے اندر کام کرنے والی وہ صلاحیتیں سالک کے اندر بیدار اور متحرک ہو جاتی ہیں جن صلاحیتوں کی بنیاد پر شیخ نے سیّدنا حضور ﷺ کی نسبت حاصل کی ہے۔ اس مقام کو تصوّف میں "فنافی الرسول" کہا جاتا ہے۔

حضور ﷺ کا ارشاد ہے کہ میں تمہاری طرح بشر ہوں۔ اتنی بات ضرور ہے کہ میرے اوپر وحی آتی ہے۔ بشریت کے دائرے سے باہر ہو کر دیکھا جائے تو حضور ختم المرسلین ﷺ کی فضیلت یہ ہے کہ ان کے اوپر وحی نازل ہوتی ہے اور وحی خدا کی طرف سے نازل ہوتی ہے یعنی سیّدنا حضور ﷺ کے ذہن مبارک پر اللہ تعالیٰ کے علوم، اللہ تعالیٰ کے انوار اور اللہ تعالیٰ کی تجلّیات منعکس ہوتی ہیں۔ فنافی الرسول کے بعد کوئی سالک قدم بقدم محبت و عشق اور گداز کے ساتھ حضور ﷺ کے علوم کا عارف ہوتا رہتا ہے اور ایک وقت ایسا آتا ہے کہ حضور ﷺ کے علوم سالک کو اس کی استطاعت کے مطابق حاصل ہو جاتے ہیں۔ جتنی استطاعت کسی سالک کے اندر موجود ہے اور جس مناسبت سے حضور ﷺ کے علوم اسے منتقل ہوئے اسی مناسبت سے وہ حضور ﷺ کی نسبت سے فائز ہوا۔ تصوّف میں اس نسبت کو نسبت محمدی ﷺ کہا جاتا ہے۔ نسبت محمدی ﷺ حاصل ہونے کے بعد سالک کا ذہن اللہ تعالیٰ کی صفات کی طرف متوجہ ہو جاتا ہے اور بالآخر وہ حضور ﷺ کی نسبت اور ہمت کے وسیلے سے اس مقام پہ جا ٹھہرتا ہے جس مقام پہ رہتے ہوئے اس نے اس بات کا اعتراف کیا تھا کہ جی ہاں! آپ ہمارے رب ہیں۔ اس نسبت کو تصوّف میں نسبت وحدت کہا جاتا ہے اس کے بعد اگر اللہ تعالیٰ فضل فرمائیں تو وہ مقامات کھلتے ہیں جن کے بارے میں لکھنا یا بتانا، شعوری سکت سے باہر ہے۔ مقصد اس تمام گفتگو کا یہ ہے کہ اِنسان کے اندر دماغ ایک ایسی سکرین ہے جس پہ عکس مسلسل اور متواتر بغیر وقفہ کے منتقل ہوتا رہتا ہے یہ الگ بات ہے کہ عکس کی معنویت جدا جدا ہے اگر عکس کی یہ منتقلی عِلم حصولی کے دائرہ کار میں ہے تو اس عِلم کی تمام معنویت مفروضہ اور فکشن ہے اور اگر اس عکس کی منتقلی عِلم حضوری کے دائرہ کار میں ہے تو عکس کے اندر موجود تمام علوم حقیقت پر مبنی ہوتے ہیں لیکن قانون تو اپنی جگہ قانون ہے۔ جب تک ذہن اِنسانی پر کوئی عکس منتقل نہیں ہوتا۔ اِنسان کی نظر کام نہیں کرتی۔ یہاں یہ سوال کیا جا سکتا ہے کہ آدمی اندھا ہے، اس کی آنکھیں نہیں ہیں۔ وہ بھی دوسری چیزوں کو محسوس کرتا ہے سمجھتا ہے، ان کی عِلمی حیثیت کو جانتا ہے۔ ہم یہ بتا چکے ہیں کہ دیکھنے کا عمل ڈیلوں کی حرکت اور پلک جھپکنے پر قائم ہے۔

اس ساری گفتگو کا لب لباب یہ ہوا کہ رُوحانی علوم حاصل کرنے کے لئے نسبت حاصل ہونا ضروری ہے۔ نسبت سے مراد دراصل اس استاد یا پیر و مرشد کی طرز فکر ہے جس سے رُوحانی علوم منتقل ہوتے ہیں۔ رُوحانی علوم منتقل ہونے سے مراد ہے کہ یہ ایک



Marfat.com

قسم کا ایسا ورثہ ہے جو شیخ کی رُوحانی اولاد کو منتقل ہوتا ہے۔ جس طرح ایک باپ کی دنیاوی دولت اولاد میں تقسیم ہوتی ہے۔ نسبت یا طرز فکر کے دو رُخ ہیں ایک رُخ یہ کہ ایسے بندے کی طرز فکر منتقل ہو جس کے ذہن میں دنیاوی جاہ و جال، عزّت و شہرت کی اہمیت ہو۔

دوسری نسبت یہ ہے کہ ایسے استاد کی طرز فکر منتقل ہو جس کی طرز فکر میں اور جس کے ذہن میں دنیاوی جاہ و جلال کی کوئی خاص وقعت نہ ہو۔ اس حد تک وہ دنیا سے متعلق ہو کہ اس کی ضروریات پوری ہوتی رہیں۔ ضروریات کے سلسلے میں بھی اس کی طرز فکر میں یہ بات واضح ہوتی ہے کہ بنیادی طور پر دنیاوی ضروریات کم سے کم ہونی چاہئیں۔

موجودات کی حیثیت علم کے علاوہ کچھ نہیں ہے۔ علم حقیقت ہے اور لاعلمی لاموجود ہے۔ علم کی حیثیت اور علم کی تفصیلات ہمیں اللہ تعالیٰ کے اسماء سے منتقل ہوتی ہیں یہ وہی علم ہے جو اللہ نے آدم کو سکھایا ہے۔

علم کی درجہ بندی چار درجوں میں قائم ہے۔ صفت کی پہلی موجودگی کا نام "اطلاق" ہے۔ دوسری موجودگی کا نام "عین" ہے۔ تیسری موجودگی کا نام "کون" ہے اور تینوں موجودگیوں کی یکجائی کا نام "مظہر" ہے۔

| | | |
|---|---|---|
| 1۔ | "اطلاق" | صفت کی پہلی موجودگی |
| 2۔ | "عین" | صفت کی دوسری موجودگی |
| 3۔ | "کون" | صفت کی تیسری موجودگی |
| 4۔ | "مظہر" | تین صفات کا یکجا ہونا |

اگر ہم اللہ تعالیٰ کے ذہنی پروگرام کو ایک فلم کا نام دے دیں اور اس فلم کو نشر کرنے والی روشنیوں کو "کُن" قیاس کر لیں تو بات آسانی کے ساتھ سمجھ میں آ جاتی ہے۔ اللہ تعالیٰ کے ذہن میں موجود کائنات کی فلم اس وقت نشر ہوئی جب "کُن" سے سوچ آن ہوا۔ اور اللہ تعالیٰ کا اپنا ذاتی علم اللہ تعالیٰ کے اپنے ارادے کے ساتھ حرکت میں آ گیا۔ یعنی کائنات کا ہر ذرہ اللہ تعالیٰ کے علم کا مظاہرہ ہے۔ زندگی کی ہر حس اور زندگی میں کام آنے والے تمام حواس علم کے سوا کچھ نہیں ہیں۔

حوالہ جات:

1۔ کتاب "شرح لوح و قلم" از الشیخ خواجہ شمس الدین عظیمی، باب کثرت کا اجمال، صفحہ نمبر 47 تا 48

2۔ کتاب "توجیہات" از الشیخ خواجہ شمس الدین عظیمی، باب حقیقت پسندانہ طرزِ فکر" صفحہ نمبر 96 تا 101

3۔ کتاب "شرح لوح و قلم" از الشیخ خواجہ شمس الدین عظیمی، باب علم لدنی صفحہ نمبر 77 تا 78



Marfat.com

موضوع 80/84 **دوست احباب کے آداب**

## سُوْرَةُ مَرْيَمَ (MARY)

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ سَيَجْعَلُ لَهُمُ الرَّحْمٰنُ وُدًّا ﴿۹۶﴾

ترجمہ: جو لوگ ایمان لے آئے ہیں اور عملِ صالح کر رہے ہیں ان کے لئے رحمٰن عنقریب لوگوں کے دلوں میں محبت پیدا کر دے گا۔

*Verily, those who believe and work deeds of righteousness, the most gracious (Allah) will bestow love for them (in the hearts of beleivers)*

جن لوگوں کا کردار اچھا ہوتا ہے حق تعالیٰ ان کو دوست بنا لیتے ہیں یا انہیں دوستی کے قابل بنا دیتے ہیں اس لئے کہ وہ حقوق پورے کرتے ہیں۔ سالکین کو چاہئے کہ وہ کسی کے ساتھ محبت محض اللہ تعالیٰ کے لئے کریں نہ کہ نفسانی خواہش اور کسی غرض اور کسی مراد کے حصول کے لئے۔

حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کا ارشاد مبارک ہے:

**"ہر شخص اپنے دوست کے دین پر ہوتا ہے پس تم میں سے ہر ایک کو سوچنا چاہئے کہ وہ کس سے دوستی کر رہا ہے۔"**

سالکین کے لئے ضروری ہے کہ وہ نیک لوگوں کو ساتھ میل جول رکھیں اور ان لوگوں کے ساتھ میل جول رکھیں جن کو اِس سے کوئی فائدہ حاصل ہو۔

حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کا ارشاد ہے:

**"کمال تقویٰ یہ ہے کہ تُو اسے دین کا علم سکھائے جو کچھ نہیں جانتا۔"**

اِنسان وہی دین وراستہ اختیار کرتا ہے جس پر اس کے دوست گامزن ہوتے ہیں۔ اگر نیک لوگوں سے صحبت ہوگی تو خود اگرچہ براہی کیوں نہ ہو نیکی کی طرف آئے گا اور ان کی صحبت انہیں نیک کر دے گی اور اگر برے لوگوں کے ساتھ صحبت رکھتا ہے تو اگرچہ خود نیک ہو بالآخر خود بھی برا ہو جائے گا۔

حضور قلندر بابا اولیاءؒ فرماتے ہیں:



Marfat.com

"اِنسان جب کسی کوئلے کی دُکان جا کر بیٹھتا ہے اور کچھ دیر بیٹھنے کے بعد جب وہ وہاں سے واپس آتا ہے تو وہ اپنے کپڑوں پر ان کوئلوں کی سیاہی دیکھے گا اگرچہ کہ اس نے کاروبار نہ ہی کیا ہو۔ اور اِنسان جب کسی عطر فروش کی دکان پر بیٹھتا ہے اور کچھ دیر کے بعد واپس جاتا ہے تو اس کے کپڑوں سے عطر کی خوشبو آئے گی حالانکہ اس نے عطر کا کاروبار نہیں کیا۔"

دوستوں کی صحبت میں بیٹھ کر وہی رجحانات اور خیالات پیدا ہوتے ہیں جو دوستوں میں کام کر رہے ہیں۔ قلبی لگاؤ اسی سے بڑھانا چاہئے جس کا ذوق، افکار و خیالات اور دوڑ دھوپ اسوہ حسنہ کے مطابق ہو۔ دوستوں پر اعتماد کیجئے، انہیں افسردہ نہ کیجئے۔ ان کے درمیان ہشاش بشاش رہیئے۔ دوستی کی بنیاد خلوص، محبت اور رضائے الٰہی پر ہونی چاہیئے نہ کہ ذاتی اغراض پر۔ ایسا رویہ اپنائیے کہ دوست آپ کے پاس بیٹھ کر مسرت، زندگی اور کشش محسوس کرے۔

دوسروں کی صحبت بڑا اثر رکھتی ہے اِنسان دوسروں سے شعوری اور لاشعوری طور پر متاثر ہوتا ہے۔ اہلِ طریقت کے نزدیک محبت ایک فریضہ کا درجہ رکھتی ہے۔

دوستوں کے انتخاب میں اس بات کو پیشِ نظر رکھیئے کہ جس سے آپ تعلق بڑھا رہے ہیں اس کے رجحانات اور اس کی سوچ کیسی ہے؟ اس کے خیالات صحت مند اور سوچ تعمیری ہے یا نہیں؟ اللہ جَلَّ جَلَالُہٗ اور رسول صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم کے معاملے میں اس کے اندر کتنا ایثار ہے۔

دوستوں سے ربط اور تعاون بالخصوص اور دیگر لوگوں سے محبت بالعموم اللہ جَلَّ جَلَالُہٗ کی رضا کے لئے رکھیئے۔ اس میں منفعت اور غرض کا پہلو ہرگز نہ ڈھونڈیے۔

حضور اکرم صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم کا ارشاد ہے:

**"قیامت میں خدا فرمائے گا وہ لوگ کہاں ہیں جو صرف میرے لئے لوگوں سے محبت کیا کرتے تھے۔ آج میں ان کو اپنے سائے میں جگہ دوں گا۔"**

اپنی اور اپنے دوستوں کی مصروفیات میں اللہ اور اس کے رسول صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم کے معاملات کو مرکزی حیثیت دیجئے۔

حضور اکرم صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم نے فرمایا:

**"اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے کہ مجھ پر واجب ہے کہ میں ان لوگوں سے محبت کروں جو لوگ میری خاطر آپس میں محبت اور دوستی کرتے ہیں اور میرا ذکر کرنے کے لئے ایک جگہ جمع ہو کر بیٹھتے ہیں اور میری محبت کے سبب ایک دوسرے سے ملاقات کرتے ہیں اور میری خوشنودی چاہنے کے لئے ایک دوسرے کے ساتھ نیک سلوک کرتے ہیں"۔**



Marfat.com



Marfat.com




Marfat.com

موضوع 84 / 81

# حضرت ادریسؑ

## سُوْرَةُ مَرْيَمَ (MARY)

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

وَاذْكُرْ فِي الْكِتٰبِ اِدْرِيْسَ ۡ اِنَّهٗ كَانَ صِدِّيْقًا نَّبِيًّا ﴿٥٦﴾

وَّرَفَعْنٰهُ مَكَانًا عَلِيًّا ﴿٥٧﴾

ترجمہ: اس مقدس کتاب (قرآن مجید) میں ادریس کا ذکر کیجیے بلاشبہ وہ بھی نہایت سچے نبی تھے۔ اور ہم نے ان کو اونچی جگہ اٹھالیا تھا۔

*And mention in the Book (Al Quran) Idris. Verily, He was a man of truth, (and) a Prophet. And We raised him to a high station.*

## نام ونسب اور جائے پیدائش:

حضرت ادریسؑ مصر کے شہر "منفیس" یعنی "منف" میں پیدا ہوئے۔ لوگ انہیں "ہرمس الہرامسہ" کہتے تھے یہ سریانی زبان کا ایک لفظ ہے۔ "ہرموس" کا معنی ہے "تجربہ کار، مضبوط رائے والا"۔ بعض اہلِ علم کا خیال ہے کہ آپ بابل شہر میں پیدا ہوئے۔ پھر ہجرت کر کے مصر پہنچے۔

علمِ انساب کے اکثر علماء کے مطابق حضرت ادریس علیہ السلام نبی کریم ﷺ کے سلسلہ نسب میں شامل ہیں۔ آدم علیہ السلام اور شیث علیہ السلام کے بعد سب سے پہلے انہیں نبوت کا شرف حاصل ہوا۔ حضرت ادریس علیہ السلام کا نام قرآن میں دو مقامات پر آیا ہے۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے:

وَاذْكُرْ فِي الْكِتٰبِ اِدْرِيْسَ ۡ اِنَّهٗ كَانَ صِدِّيْقًا نَّبِيًّا ﴿٥٦﴾ وَّرَفَعْنٰهُ مَكَانًا عَلِيًّا ﴿٥٧﴾

اس مقدس کتاب (قرآن مجید) میں ادریس کا ذکر کیجیے بلاشبہ وہ بھی نہایت سچے نبی تھے۔ اور ہم نے ان کو اونچی جگہ اٹھالیا تھا۔

(سورۃ مریم، پارہ 16، آیت 56، 57)



Marfat.com

وَ اِسۡمٰعِیۡلَ وَ اِدۡرِیۡسَ وَ ذَا الۡکِفۡلِ ؕ کُلٌّ مِّنَ الصّٰبِرِیۡنَ ﴿ۚۖ۸۵﴾ وَ اَدۡخَلۡنٰہُمۡ فِیۡ رَحۡمَتِنَا ؕ اِنَّہُمۡ مِّنَ الصّٰلِحِیۡنَ ﴿۸۶﴾

اور (اے نبی) اسماعیل، ادریس اور ذوالکفل کا ذکر کیجیے۔ یہ سب صابر لوگ تھے۔ ہم نے انہیں اپنی رحمت میں داخل فرمایا۔ بلاشبہ یہ نیک لوگ تھے۔ (سورۃ الانبیا، پارہ 17، آیت 85،86)

سورہ مریم کی آیت میں اللہ تعالیٰ نے ادریس علیہ السلام کی تعریف کرتے ہوئے انہیں نبی اور راست باز قرار دیا ہے۔ اللہ تعالیٰ کے فرمان:

وَّ رَفَعۡنٰہُ مَکَانًا عَلِیًّا

اور ہم نے ان کو اونچی جگہ اٹھالیا تھا۔

صحیحین میں مذکور معراج کی احادیث سے ہوتی ہے جس میں بیان ہوا ہے کہ چوتھے آسمان پر ان سے رسول ﷺ کی ملاقات ہوئی تھی۔ [حوالہ: صحیح البخاری، الصلاۃ باب کیف فرضت الصلوۃ فی الاسرا، حدیث149 صحیح مسلم الایمان باب الاسرابرسول اللہ ﷺ ۔۔۔ الحدیث164]

حضرت عبداللہ بن مسعود اور عبداللہ بن عباس سے مروی ہے کہ الیاس علیہ السلام اور ادریس علیہ اسلام ایک ہی شخصیت کے دو نام ہیں۔ [صحیح البخاری، احادیث الانبیا، حدیث3342] اس کی تائید میں حضرت انس سے مروی معراج کی حدیث پیش کی جاتی ہے۔ جس میں مذکور ہے کہ جب نبی ﷺ ان کے پاس سے گزرے تو انہوں نے آپ ﷺ کا استقبال کرتے ہوئے فرمایا تھا: "نیک بھائی اور نیک نبی کو خوش آمدید"۔

جبکہ حضرت آدم علیہ السلام اور حضرت ابراہیم علیہ اسلام نے فرمایا تھا: "نیک نبی اور نیک بیٹے کو خوش آمدید"۔ اگر ادریس علیہ السلام آپ کے اجداد میں سے ہوتے تو وہ ان دونوں کی طرح آپ کو بیٹا کہتے۔

لیکن یہ استدلال ایسا نہیں کہ جس کا جواب نہ دیا جاسکے کیونکہ ہو سکتا ہے کہ راوی کو الفاظ اچھی طرح سے یاد نہ رہے ہوں۔ اور یہ بھی ہو سکتا ہے کہ کسر نفسی کرتے ہوئے خود کو باپ کے بجائے بھائی کہا ہو۔ آدم علیہ السلام تو تمام انسانوں کے باپ ہیں۔ اس لئے ان کا نبی کو بیٹا کہنا ہی مناسب تھا۔ اور حضرت ابراہیم علیہ السلام اللہ کے خلیل ہیں۔ جو اولوالعزم پیغمبروں میں نبی کریم ﷺ کے بعد سب سے بلند مقام رکھتے ہیں۔ ان سب حضرات پر درود و سلام نازل ہو۔

## قلم کے موجد:

امام بن اسحاق نے ذکر کیا ہے کہ حضرت ادریس علیہ السلام ہی نے سب سے پہلے قلم سے لکھا۔ ان کی پیدائش کے وقت حضرت آدم علیہ السلام حیات تھے۔ اور آدم علیہ السلام کی وفات کے وقت ان کی عمر 308 سال تھی۔ [حوالہ: البدایۃ والنہایہ: 1/92]



Marfat.com

## حضرت عمرؓ کا قبولِ اسلام

موضوع 84/ 82

## HAZRAT UMAR'S ACCEPTENCE OF ISLAM

## سُوْرَۃُ طٰہٰ (TAHA)

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

طٰہٰ ۱ مَآ اَنْزَلْنَا عَلَیْکَ الْقُرْاٰنَ لِتَشْقٰٓی ۲ اِلَّا تَذْکِرَۃً لِّمَنْ یَّخْشٰی ۳
تَنْزِیْلًا مِّمَّنْ خَلَقَ الْاَرْضَ وَالسَّمٰوٰتِ الْعُلٰی ۴ اَلرَّحْمٰنُ عَلَی الْعَرْشِ اسْتَوٰی
۵ لَہٗ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی الْاَرْضِ وَمَا بَیْنَہُمَا وَمَا تَحْتَ الثَّرٰی ۶ وَاِنْ
تَجْہَرْ بِالْقَوْلِ فَاِنَّہٗ یَعْلَمُ السِّرَّ وَاَخْفٰی ۷ اَللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ہُوَ ط لَہُ الْاَسْمَآءُ
الْحُسْنٰی ۸ وَ ہَلْ اَتٰکَ حَدِیْثُ مُوْسٰی ۹ اِذْ رَاٰ نَارًا فَقَالَ لِاَہْلِہِ امْکُثُوْٓا اِنِّیْٓ
اٰنَسْتُ نَارًا لَّعَلِّیْٓ اٰتِیْکُمْ مِّنْہَا بِقَبَسٍ اَوْ اَجِدُ عَلَی النَّارِ ہُدًی ۱۰ فَلَمَّآ اَتٰہَا
نُوْدِیَ یٰمُوْسٰی ۱۱ اِنِّیْٓ اَنَا رَبُّکَ فَاخْلَعْ نَعْلَیْکَ ج اِنَّکَ بِالْوَادِ الْمُقَدَّسِ طُوًی ۱۲
وَاَنَا اخْتَرْتُکَ فَاسْتَمِعْ لِمَا یُوْحٰی ۱۳ اِنَّنِیْٓ اَنَا اللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنَا فَاعْبُدْنِیْ لا
وَاَقِمِ الصَّلٰوۃَ لِذِکْرِیْ ۱۴

ترجمہ: طٰہٰ۔ اے نبی ہم نے یہ قرآن تم پر اس لئے نہیں نازل کیا ہے کہ تم کسی مصیبت میں پھنس جاؤ۔ یہ تو ایک نصیحت ہے ان لوگوں کے لئے جو اللہ سے ڈریں۔ یہ (قرآن) نہایت اہتمام کے ساتھ اس ذات کی طرف سے اتارا گیا ہے جس نے زمین اور بلند



Marfat.com

آسمان کو پیدا کیا ہے۔ وہی رحمٰن سلطنت کے تخت پر قائم ہے۔ اسی کے اختیار میں ہے وہ سب کچھ جو زمین و آسمان اور ان کے درمیان ہے اور جو کچھ زمین کے نیچے ہے۔ چاہے تم اپنی کوئی بات بلند آواز سے کہو (یا چپکے سے) وہ اعلانیہ اور پوشیدہ سب کو جانتا ہے۔ اللہ ہی معبود ہے اس کے سوا کوئی معبود نہیں اور تمام اچھی صفتیں اسی کے لئے ہیں۔ کیا موسیٰؑ کی سرگزشت تمہارے علم میں آئی ہے (یہ اس وقت کی بات ہے) جب اس نے ایک شعلہ دیکھا تو اس نے اپنے خاندان والوں سے کہا: ذرا ٹھہرو، مجھے آگ نظر آئی ہے۔ (میں وہاں چلتا ہوں) تاکہ اس میں سے تمہارے لئے ایک انگارہ لے آؤں یا ممکن ہے کہ مجھے وہاں راستے کا کچھ سراغ مل جائے۔ جب وہ وہاں پہنچا تو اس کو آواز آئی: اے موسیٰؑ میں ہی تمہارا رب ہوں جوتیاں اتار دو کیونکہ تم طویٰ کی مقدس وادی میں ہو۔ میں نے تم کو پیغمبری کے لئے چن لیا ہے۔ (اب) جو وحی تم پر کی جارہی ہے اسے غور سے سنو۔ بے شک میں ہی اللہ ہوں، میرے سوا کوئی معبود نہیں اس لئے تم میری بندگی کرو اور میری یاد کے لئے نماز کا اہتمام کرو۔

*Ta. Ha. We have not revealed unto thee (Muhammad) this Qur'an that thou shouldst be distressed, But as a reminder unto him who feareth, A revelation from Him Who created the earth and the high heavens, The Beneficent One, Who is established on the Throne Unto Him belongeth whatsoever is in the heavens and whatsoever is in the earth, and whatsoever is between them, and whatsoever is beneath the sod. And if thou speakest aloud, then Lo! He knoweth the secret (thought) and (that which is yet) more hidden. Allah! There is no God save Him. His are the most beautiful names. Hath there come unto thee the story of Moses? When he saw a fire and said unto his folk: Wait! I see a fire afar off. Peradventure I may bring you a brand therefrom or may find guidance at the fire. And when he reached it, he was called by name: O Moses! Lo! I, even I, am thy Lord. So take off thy shoes, for Lo! thou art in the holy valley of Tuwa. And I have chosen thee, so hearken unto that which is inspired. Lo! I, even I, am Allah. There is no God save Me. serve Me and establish worship for My remembrance.*

## حضرت سعید بن زیدؓ کی تلاوت:

حضور ﷺ کے چچا حضرت حمزہؓ کے مسلمان ہو جانے کے بعد کچھ اور لوگ بھی مسلمان ہو گئے اور یوں مسلمانوں کی تعداد تیس سے زیادہ ہو گئی مکہ کے رہنے والے اور خاص طور پر قبیلہ قریش کے افراد اسلام کو پھیلتا دیکھ کر مزید تشویش میں مبتلا ہو گئے اور انہوں نے دارالندوۃ میں جمع ہو کر مشورہ کرنا شروع کر دیا کہ محمد (ﷺ) کے دین کو کس طرح نابود کیا جا سکتا ہے۔ لیکن وہ لوگ اپنے مذاکرات سے کوئی خاص نتیجہ اخذ نہیں کر سکے۔ جب دارالندوۃ کا اجلاس ختم ہوا تو عمر بن خطاب نے یہ اعلان کر دیا کہ میں خود ہی



Marfat.com

محمد (ﷺ) کو قتل کر کے اہل مکہ کو اِس مشکل سے نجات دلا دوں گا۔ راستے میں نعیم بن عبد اللہؓ نے عمر کو تیز تیز قدموں سے جاتے دیکھا تو پوچھا اے عمر کہاں جا رہے ہو۔ عمر نے کہا کسی نے ہمارے اجداد کی اتنی توہین نہیں کی جتنی محمد (ﷺ) کرتا ہے۔ اِس شخص نے اپنے نئے دین کی وجہ سے تمام اہل مکہ کا چین و آرام ختم کر دیا ہے۔ ہمارے بزرگوں کے دین کو باطل قرار دیتا ہے۔ کہتا ہے کہ ہمیں اپنے خداؤں کی پرستش چھوڑ دینی چاہئے۔ میں جا رہا ہوں کہ اسے موت کے گھاٹ اُتار دوں۔ نعیم نے کہا یا عمر تمہارے دو قریبی عزیز بھی مسلمان ہیں ان میں سے ایک تمہاری بہن فاطمہؓ اور دوسرا اس کا شوہر سعید بن زیدؓ ہے۔ جب عمر گھر میں داخل ہوئے تو انہوں نے دیکھا کہ ان کی بہن فاطمہؓ ان کے شوہر سعید بن زیدؓ اور ایک دوسرے مسلمان حضرت خبابؓ قرآن کی تلاوت کر رہے ہیں۔ عمر غصہ میں لال بھبھوکے ہو گئے اور اپنی بہن اور ان کے خاوند پر اتنے کوڑے برسائے کہ جسم میں جگہ جگہ سے خون بہنے لگا۔ عمر نے اپنی بہن کو حکم دیا کہ محمد (ﷺ) کا دین چھوڑ دے۔ فاطمہؓ نے جواب دیا کہ اگر تم مجھ پر اتنے کوڑے برساؤ کہ میری جان نکل جائے تو بھی میں محمد ﷺ کے دین کو نہیں چھوڑوں گی۔ اور اگر تم بھی قرآن کی تلاوت کر و تو جان جاؤ گے کہ یہ دین سچا اور برحق ہے۔ عمر نے اپنی بہن کے خاوند کو کہا کہ وہ قرآن سنائیں۔ سورۃ طٰہٰ کی چند آیات تلاوت کی گئیں:

طٰهٰ ﴿١﴾ مَآ اَنْزَلْنَا عَلَيْكَ الْقُرْاٰنَ لِتَشْقٰٓى ﴿٢﴾ اِلَّا تَذْكِرَةً لِّمَنْ يَّخْشٰى ﴿٣﴾ تَنْزِيْلًا مِّمَّنْ خَلَقَ الْاَرْضَ وَالسَّمٰوٰتِ الْعُلٰى ﴿٤﴾ اَلرَّحْمٰنُ عَلَى الْعَرْشِ اسْتَوٰى ﴿٥﴾ لَهٗ مَا فِى السَّمٰوٰتِ وَمَا فِى الْاَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا وَمَا تَحْتَ الثَّرٰى ﴿٦﴾ وَ اِنْ تَجْهَرْ بِالْقَوْلِ فَاِنَّهٗ يَعْلَمُ السِّرَّ وَاَخْفٰى ﴿٧﴾ اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۭ لَهُ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰى ﴿٨﴾ وَ هَلْ اَتٰىكَ حَدِيْثُ مُوْسٰى ﴿٩﴾ اِذْ رَاٰ نَارًا فَقَالَ لِاَهْلِهِ امْكُثُوْٓا اِنِّيْٓ اٰنَسْتُ نَارًا لَّعَلِّيْٓ اٰتِيْكُمْ مِّنْهَا بِقَبَسٍ اَوْ اَجِدُ عَلَى النَّارِ هُدًى ﴿١٠﴾ فَلَمَّآ اَتٰىهَا نُوْدِيَ

طٰہٰ۔ اے نبی ہم نے یہ قرآن تم پر اس لئے نہیں نازل کیا ہے کہ تم کسی مصیبت میں پھنس جاؤ۔ یہ تو ایک نصیحت ہے اُن لوگوں کے لئے جو اللہ سے ڈریں۔ یہ (قرآن) نہایت اہتمام کے ساتھ اس ذات کی طرف سے اتارا گیا ہے جس نے زمین اور بلند آسمان کو پیدا کیا ہے۔ وہی رحمان سلطنت کے تخت پر قائم ہے۔ اسی کے اختیار میں ہے وہ سب کچھ جو زمین و آسمان اور ان کے درمیان ہے اور جو کچھ زمین کے نیچے ہے۔ چاہے تم اپنی کوئی بات بلند آواز سے کہو (یا چپکے سے) وہ اعلانیہ اور پوشیدہ سب کو جانتا ہے۔ اللہ ہی معبود ہے اس کے سوا کوئی معبود نہیں اور تمام اچھی صفتیں اسی کے لئے ہیں۔ کیا موسیٰؑ کی سرگزشت تمہارے علم میں آئی ہے (یہ اس وقت کی بات ہے) جب اس نے ایک شعلہ دیکھا تو اس نے اپنے خاندان والوں سے کہا: ذرا ٹھہرو، مجھے آگ نظر آئی ہے۔ (میں وہاں چلتا ہوں) تاکہ اس میں سے تمہارے لئے ایک انگارہ لے آؤں یا ممکن ہے کہ مجھے وہاں راستے کا کچھ سراغ مل جائے۔ جب



Marfat.com

يٰمُوْسٰى ﴿١١﴾ اِنِّىْۤ اَنَا رَبُّكَ فَاخْلَعْ نَعْلَيْكَ ۚ
اِنَّكَ بِالْوَادِ الْمُقَدَّسِ طُوًى ﴿١٢﴾ وَ اَنَا
اخْتَرْتُكَ فَاسْتَمِعْ لِمَا يُوْحٰى ﴿١٣﴾ اِنَّنِىْۤ اَنَا
اللّٰهُ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّاۤ اَنَا فَاعْبُدْنِىْ ۙ وَ اَقِمِ الصَّلٰوةَ
لِذِكْرِىْ ﴿١٤﴾

وہ وہاں پہنچا تو اس کو آواز آئی: اے موسیٰ میں ہی تمہارا رب ہوں جوتیاں اتار دو کیونکہ تم طویٰ کی مقدس وادی میں ہو۔ میں نے تم کو پیغمبری کے لئے چن لیا ہے۔(اب) جو وحی تم پر کی جارہی ہے اسے غور سے سنو۔ بے شک میں ہی اللہ ہوں، میرے سوا کوئی معبود نہیں اس لئے تم میری بندگی کرو اور میری یاد کے لئے نماز کا اہتمام کرو۔ (سورۃ طٰہٰ، پارہ 16، آیت 1 تا 14)

حضرت عمرؓ قرآن سن کر غور و فکر میں ڈوب گئے۔ پھر گویا ہوئے۔ مجھے محمد ﷺ کے پاس لے چلو۔ میں بھی مسلمان ہونا چاہتا ہوں۔

حوالہ جات:

1۔ کتاب "محمد رسول اللہ ﷺ جلد اوّل" از الشیخ خواجہ شمس الدین عظیمی، باب پاک باطن لوگ، صفحہ نمبر 71 تا 74



Marfat.com

موضوع 84/ 83

# ذاتِ مُطلق کی روشنی

## سُوۡرَۃُ طٰهٰ (TAHA)

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

وَ هَلۡ اَتٰٮكَ حَدِيۡثُ مُوۡسٰى ۘ‏ ﴿۹﴾ اِذۡ رَاٰ نَارًا فَقَالَ لِاَهۡلِهِ امۡكُثُوۡۤا اِنِّىۡۤ اٰنَسۡتُ نَارًا

لَّعَلِّىۡۤ اٰتِيۡكُمۡ مِّنۡهَا بِقَبَسٍ اَوۡ اَجِدُ عَلَى النَّارِ هُدًى‏ ﴿۱۰﴾ فَلَمَّاۤ اَتٰٮهَا نُوۡدِىَ يٰمُوۡسٰىؕ‏

﴿۱۱﴾ اِنِّىۡۤ اَنَا رَبُّكَ فَاخۡلَعۡ نَعۡلَيۡكَ‌ۚ اِنَّكَ بِالۡوَادِ الۡمُقَدَّسِ طُوًىؕ‏ ﴿۱۲﴾ وَاَنَا

اخۡتَرۡتُكَ فَاسۡتَمِعۡ لِمَا يُوۡحٰى‏ ﴿۱۳﴾

ترجمہ: کیا موسیٰؑ کی سرگزشت تمہارے علم میں آئی ہے۔(یہ اس وقت کی بات ہے) جب اُس نے ایک شعلہ دیکھا تو اُس نے اپنے خاندان والوں سے کہا: ذرا ٹھہرو، مجھے آگ نظر آئی ہے۔(میں وہاں چلتا ہوں) تاکہ اس میں سے تمہارے لئے ایک انگارہ لے آؤں یا ممکن ہے کہ مجھے وہاں راستے کا کچھ سراغ مل جائے۔ جب وہ وہاں پہنچا تو اس کو آواز آئی: اے موسیٰ میں ہی تمہارا رب ہوں جوتیاں اتار دو کیونکہ تم طویٰ کی مُقدّس وادی میں ہو۔ میں نے تم کو پیغمبری کے لئے چُن لیا ہے۔(اب) جو وحی تم پر کی جارہی ہے اسے غور سے سنو۔

*Hath there come unto thee the story of Moses? When he saw a fire and said unto his folk: Wait! I see a fire afar off. Peradventure I may bring you a brand therefrom or may find guidance at the fire. And when he reached it, he was called by name: O Moses! Lo! I, even I, am thy Lord. So take off thy shoes, for Lo! thou art in the holy valley of Tuwa. And I have chosen thee, so hearken unto that which is inspired.*

حضرت موسیٰ علیہ السلام نے جب کوہ طور پر روشنی دیکھ کر سوال کیا:

کون؟



Marfat.com

خالق کائنات جَلّ جَلالُہٗ نے جواب دیا۔

**میں ہوں تیرا رب۔**

حضرت موسیٰ علیہ السلام نے جو روشنی دیکھی وہ روشنی امر رب تھی۔ وہ روشنی کس کی تھی؟

وہ روشنی ذات مطلق کی تھی۔ اس واقعہ سے ذات مطلق اور ذات امر کی حدود کا تعین ہو جاتا ہے۔ موسیٰ علیہ السلام ذات امر ہے۔ خالق کائنات ذات مطلق ہے۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے ذات امر ہونے کے باوجود امر کو روشنی میں مشاہدہ کر کے یہ سوال کیا کہ کون؟ یعنی امر نے اس بات کی احتیاج محسوس کی کہ وہ ذات مطلق کو پہچانے۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے روشنی دیکھ کر یہ جان لیا کہ یہ میرا رب ہے۔ موسیٰ علیہ السلام کو اس بات کی احتیاج ہوئی کہ روشنی امر سے اپنا تعارف کرائے۔

امر ذات مطلق کا محتاج ہے اور ذات مطلق کسی چیز کی محتاج نہیں ہے۔ بعض لوگوں نے ذات مطلق کو حقیقت مطلقہ کہا اور امر مطلق کو کائنات کہا ہے۔ یہ طرزِ بیان ان لوگوں کا ہے جن لوگوں کی طرز تلاش یہ ہے کہ وہ پہلے ظاہر کو دیکھتے ہیں اور ظاہر جس باطن پر قائم ہے اس کو تلاش کرتے ہیں اور اس تلاش سے کسی نتیجہ پر پہنچتے ہیں۔ ہم دیکھتے ہیں کہ کائنات میں بے شمار لامحدود چیزیں ایسی ہیں جو ظاہر نہیں ہیں۔

(آج کے سائنسی دور میں ایسی چیزوں کا انکشاف ہوا ہے اور ہو رہا ہے جو چیزیں آنکھ نے نہیں دیکھی تھیں)۔

سائنسدان جن چیزوں کی علامتیں خارج میں نہیں دیکھتے ان کو نظر انداز کر دیتے ہیں۔ ان کے اس عمل سے کائنات کے اندر مخفی حقائق زیادہ سے زیادہ تر انجانے رہ جاتے ہیں۔ سائنسدانوں کے برعکس انبیاء کا عمل حقیقت پر مبنی ہے۔ اس لئے کہ وہ ظاہر سے باطن کو تلاش نہیں کرتے بلکہ باطن سے ظاہر کو تلاش کرتے ہیں۔ وہ ذات مطلق کے ذریعے امر مطلق کو تلاش کرتے ہیں۔ اس طرح ان کی فکر ایسے اجزاء کو پالیتی ہے جو مظاہر کے پابند نہیں ہیں۔ انبیاء مظاہر کو نظر انداز نہیں کرتے تاہم وہ مظاہر کو اصل قرار دے کر صرف مظاہر کی روشنی میں گم نہیں ہو جاتے۔

وہ مظاہر کو بھی اتنی اہمیت دیتے ہیں جتنی مظاہر کی اصلوں کو۔ انبیاء کی فکر میں ذات مطلق ہی حیات ہے۔ اس لئے وہ حیات کو ابدی قرار دیتے ہیں اور کائنات کو ثانوی درجہ دیتے ہیں۔ انبیاء کہتے ہیں کہ پہلے حیات ہے پھر کائنات ہے۔ ایسا نہیں ہے کہ پہلے کائنات پھر حیات ہو۔ حیات ہے تو کائنات ہے۔ اس کے برخلاف مظاہر کو اولیت دینے والے سائنسدان اس لئے حیات کی پنہائیوں اور گہرائیوں تک نہیں پہنچ سکتے کہ وہ پہلے کائنات کو اہمیت دیتے ہیں پھر حیات کو اہمیت دیتے ہیں۔ انبیاء نے یہ بات اپنی طرز فکر سے تحقیق کی ہے کہ فکر انسانی میں ایسی روشنی موجود ہے جو کسی ظاہر کے باطن کا کسی حاضر کے غیب کا مشاہدہ کر سکتی ہے۔

بالفاظ دیگر انسانی ذہن پر یہ بات منکشف ہو جاتی ہے کہ حیات کی ابتداء کہاں سے ہوئی ہے؟ اور انتہا کہاں تک ہے؟۔ جب ہم ابتداء اور انتہا پر تفکر کرتے ہیں تو منکشف ہوتا ہے کہ ہر ابتداء انتہا تک پہنچنے کے لئے قائم ہے۔ یہی وجہ ہے کہ انبیائے کرام موت کے



Marfat.com

بعد کی زندگی کو سمجھنے پر زور دیتے ہیں۔ آخری نبی محمد الرسول اللہ ﷺ کا فرمان ہے: **"مر جاؤ مرنے سے پہلے۔"**

حوالہ جات:

1۔ کتاب " ذات کا عرفان " از الشیخ خواجہ شمس الدین عظیمی، باب ذات مطلق کی شناخت، صفحہ 87 تا 89



Marfat.com

موضوع 84 /84 جسمِ مثالی ASTRAL BODY

## سُوْرَةُ طٰهٰ (TAHA)

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

مِنۡهَا خَلَقۡنٰكُمۡ وَ فِيۡهَا نُعِيۡدُكُمۡ وَ مِنۡهَا نُخۡرِجُكُمۡ تَارَةً اُخۡرٰى ﴿۵۵﴾

ترجمہ: اِسی زمین میں سے ہم نے تم کو پیدا کیا اور اِسی میں ہم تمہیں واپس بھیجیں گے اور اِسی زمین سے تم کو دوبارہ نکالیں گے۔

*Thereof We created you, and thereunto we return you and thence We bring you forth a second time.*

جسمِ اِنسانی کے اوپر ایک اور اِنسان ہے جو روشنیوں کا بنا ہوا ہے جتنی بیماریاں، اُلجھنیں اور پریشانیاں اِنسان کے اوپر آتی ہیں، روشنیوں کے اِنسان میں آتی ہیں۔ گوشت پوست کے خاکی جسم میں نہیں ہوتیں۔ جسم دراصل ایک اسکرین ہے اور روشنیوں کا اِنسان فلم ہے۔ فلم میں سے اگر داغ دھبوں کو دور کر دیا جائے تو اسکرین واضح اور صاف نظر آتی ہے۔ بالفاظ دیگر روشنیوں کے اِنسان میں سے بیماریوں کو نکال دیا جائے تو جسم خود بخود صحت مند ہو جاتا ہے۔

مرشدِ کریم الشیخ خواجہ شمس الدین عظیمی صاحب نے درج ذیل خط رئیس امروہی صاحب کے ایک کالم کے جواب میں تحریر کیا تھا۔ اس مکتوبِ گرامی میں جسمِ مثالی پر بحث کی گئی ہے۔

محترم بندہ، مشفق اور محب، کرم فرما بزرگ رئیس امروہی صاحب،

السلام علیکم،

13 اور 20 اکتوبر 1968ء کو مضمون بعنوان "سائنس جنّات کی روشنی میں اور جنّات سائنس کی روشنی میں" نظر نواز ہوا۔ چند معروضات پیش ہیں اگر قبول فرمائیں تو عزّت افزائی ہو گی۔

بھوت، پریت، آسیب، ڈائن وغیرہ کے الفاظ عام طور پر بولے جاتے ہیں۔ لیکن اس کی تحقیق کی طرف کسی نے دھیان نہیں دیا کہ یہ سب بالآخر ہیں کیا؟

آپ نے قبرستان میں دیکھا ہو گا کہ جب قبر تختوں سے بند کر دی جاتی ہے تو میّت کے ساتھ جانے والے سوگوار ہاتھوں میں مٹّی لے کر قبر کے اندر ڈالتے ہیں۔ مذہب کا کوئی بھی عمل لایعنی اور زائد نہیں ہو سکتا مٹّی ڈالتے وقت جو آیت تلاوت کی جاتی ہے وہ بھی اپنے مفہوم کے اعتبار سے انتہائی توجہ طلب ہے۔



Marfat.com

ارشادِ باری تعالیٰ ہے:

مِنۡهَا خَلَقۡنٰكُمۡ وَ فِيۡهَا نُعِيۡدُكُمۡ وَ مِنۡهَا نُخۡرِجُكُمۡ تَارَةً اُخۡرٰى ﴿۵۵﴾

**ترجمہ: اِسی زمین میں سے ہم نے تم کو پیدا کیا اور اِسی میں ہم تمہیں واپس بھیجیں گے اور اِسی زمین سے تم کو دوبارہ نکالیں گے۔**

**(سورۃ طٰہٰ، پارہ16، آیت55)**

اِنسان تین پَرَت LAYERS کا مجموعہ ہے۔ ہر پَرَت متعیّن صفات رکھتا ہے۔ ہم ان پَرَتوں میں سے ایک پَرَت کو ہمزاد، ہیولیٰ، سایہ، جسم مثالی، اور نسمہ AURA کہتے ہیں۔ جس وقت گوشت پوست کے آدمی کو قبر میں اتارا جاتا ہے۔ نسمہ بھی اس کے ساتھ چپکا ہوتا ہے۔ کیونکہ باصلاحیت، باشعور اور بااختیار ہوتا ہے اس وجہ سے فرشتے ایک انتظام کے تحت اس بات کی نگرانی کرتے ہیں کہ وہ نسمہ راہِ فرار نہ اختیار کر لے۔ بعض اِنسان (نسمہ) اتنے چالاک ہوتے ہیں کہ وہ فرشتوں کو چکمہ دے کر اطراف کی حد بندیوں سے آزاد ہو جاتے ہیں۔ اس عمل سے ان کی کوئی جائے قیام متعیّن نہیں ہوتی اب وہ آوارہ اور دربدر کی ٹھوکریں کھاتے پھرتے ہیں۔ طبیعت میں شرارت کی وجہ سے لوگوں کو پریشان اور ہراساں کر کے خوش ہوتے ہیں ان کو ہمیشہ ایسے لوگوں کی تلاش ہوتی ہے۔ جو دماغ سے کمزور ہوتے ہیں۔ جب یہ دیکھتے ہیں کہ کسی آدمی کے نسمہ میں قوت مدافعت نہ ہونے کے برابر ہے تو یہ اس کو اپنا معمول بنالیتے ہیں۔ دماغی عارضہ، مالیخولیا، وغیرہ بھی نسمہ میں قوت مدافعت نہ ہونے کی وجہ سے پیدا ہوتے ہیں۔ لیکن ان بیماریوں کا سایہ یا آسیب سے کوئی تعلق نہیں ہے۔

عرض یہ کرنا ہے کہ نوعِ اِنسانی میں نادیدہ مخلوق جنّات کو بدنام کرنے کے لئے یہ ڈھونگ رچایا گیا ہے۔ کہ اِنسان کے اوپر جن سوار ہو جاتا ہے۔ اِنسان کے اوپر جن نہیں بلکہ خود اِنسان (بھٹکا ہوا نسمہ) سوار ہوتا ہے۔

نوعِ اجنّہ کے حق میں اِنسان کی یہ بہت بڑی زیادتی ہے، اور ظلم ہے کہ بغیر کسی تحقیق اور تدقیق کے پوری نوع کے اوپر الزام تراشی کی جائے۔ میں نوعِ اجنّہ سے واقفیّت کی بنیاد پر یہ بات یقین کے ساتھ عرض کرتا ہوں کہ جنّات ہم اِنسانوں سے زیادہ سنجیدہ، رحمدل، ہمدرد، ایثار کرنے والے اور غم خوار ہوتے ہیں۔ جنّات کے بارے میں اس قسم کی جتنی بھی کہانیاں مشہور ہیں ان سب کا مخزن ایسے اِنسان ہیں جو احساسِ کمتری میں مبتلا ہیں۔ ہوتا یہ ہے کہ جب ہم کسی مسئلے کو حل نہیں کر سکتے تو اس کے لئے قیاس کو استعمال کر کے غلط فیصلہ صادر کر دیتے ہیں۔

عرفِ عام میں جس کو مرنا یا مُردہ ہو جانا کہتے ہیں اس کے بارے میں یہ سمجھا جاتا ہے کہ اِنسان مرنے کے بعد اپنی صلاحیتوں کو کھو بیٹھتا ہے حالانکہ ایسا نہیں ہے واقعہ یہ ہے کہ اِنسان کی وہ صلاحیتیں جن کی وجہ سے اس کو اشرف المخلوقات کہا گیا ہے، بیدار نہیں ہوتیں۔

موت بظاہر بھیانک لیکن باطن میں اس قدر خوشنما اور حسین شے ہے جس کے اوپر ہزاروں جانیں قربان کی جاسکتی ہیں۔ اِنسانی زندگی میں موت ہی ایسا عمل ہے جس کو حاصلِ زندگی قرار دیا جاسکتا ہے۔ مرنے کے بعد اِنسان زمان و مکان کی قید و بند سے آزاد ہو کر تصوّر اور خیال کی رفتار سے سفر کرتا ہے۔ اس کو نہ ہوائی جہاز کی ضرورت پیش آتی ہے اور نہ اسپیس شپ کی۔ اس کی وہ خفیہ صلاحیتیں جو بیداری میں متحرک نہیں ہوتیں وہ سب کی سب بیدار ہو جاتی ہیں۔

اگر کسی اِنسان میں یہ صلاحیت موجود ہے کہ وہ ایک ٹن وزن اٹھا سکتا ہے تو وہ اس عالمِ آب و گل میں مہینوں اور برسوں ریاضت اور مجاہدہ کر کے اس پر دسترس حاصل کرتا ہے اور اس کے لئے بھی ہرگز یہ نہیں کہا جاسکتا کہ یہ مستقل ہے۔ اگر کوئی اِنسان قوتِ ارادی کی مشقوں پر عبور حاصل کر لینے کے بعد کسی آدمی کو متاثر کر سکتا ہے تو اس کے لئے کم و بیش تین سال کا کورس مقرر ہے۔ اور یہ ضروری نہیں کی وہ ہر آدمی کو متاثر ہی کر سکے۔ اگر کوئی عامل عمل کے نتیجہ میں کسی فرد کو اپنا معمول بنالیتا ہے تو اس بات کی کوئی ضمانت نہیں دی جاسکتی کہ نوع کا ہر ذی نفس اس کا معمول بن جائیگا۔ برخلاف اس کے مُردہ جسم گوشت پوست کا جسم نہیں لیکن اس میں یہ صلاحیت بدرجہ اتم موجود ہوتی ہے کہ بغیر کسی مشق اور عمل کے، کسی بھی شخص یا حیوان کو متاثر کر سکتا ہے۔ لیکن معمول وہی حضرات بنتے ہیں جو دماغی اعتبار سے کمزور اور کند ذہن ہوتے ہیں۔



Marfat.com

ارشادِ ربانی ہے:

**"ہم زندگی کو موت سے نکالتے ہیں۔"**

مفہوم بالکل صاف ہے موت اور زندگی ایک الگ شے نہیں ہے موت اور زندگی نام ہے اِنسانی صلاحیتوں اور اوصاف کا۔ ایک وصف زندگی ہے اور ایک وصف موت ہے۔ زندگی سے پہلے ہم جہاں بھی تھے اس کا نام موت کے علاوہ کچھ بھی نہیں رکھا جاسکتا اِس زندگی کو گزار کر دوسری زندگی کو اپنانے کا نام بھی موت ہے۔

اِنسانی زندگی کا وصف جس کا نام موت ہے سب کا سب غیب ہے یہ وصف اِنسان کو مکانی اور زمانی قید سے آزاد کر کے ایسی زندگی سے روشناس کرتا ہے جہاں اِنسان کا ارادہ حکم کی حیثیت رکھتا ہے۔ اِنسان کی خواہش اگر یہ ہے کہ وہ سیب کھائے تو اس کے لئے صرف سیب کھانے کا ارادہ کر لینا ہی سیب کی موجودگی کا سبب بن جاتا ہے۔ موت کی دنیا میں مظاہر وسائل کے پابند نہیں ہوتے۔ عالم قید و بند دنیا میں کوئی اِنسان اس وقت تک سیب نہیں کھا سکتا جب تک سیب کو وجود میں لانے والے پورے وسائل بروئے کار نہ آجائیں۔

یہاں سیب کے لئے تخم ریزی سے پھل بننے تک کے پورے مراحل سے گزرنا ضروری ہے۔ ان طویل اور تکلیف دہ مراحل کا انتظار اگر محسوس کیا جائے کتنا صبر آزما اور کس قدر شدید ہے۔ سیب کے حصول کے لئے ہمیں اتنا وقت گزارنا لازمی ہے جو سیب کی موجودگی کے لئے متعین ہے۔

اگر ہم کسی طریقے سے مرنے کے بعد کی زندگی کا سراغ لگالیں، تو ہم زندگی میں بھی صبر آزما اور ہمت شکن انتظار سے نجات پا سکتے ہیں۔ حضور سرورِ کائنات ﷺ نے اِسی زندگی کو اپنانے کے لئے فرمایا ہے:

**موتو قبل انت موتو**

**ترجمہ: مر جاؤ مرنے سے پہلے**

یعنی اسی زندگی میں موت کے بعد کی زندگی حاصل کر کے اپنے اوپر سے قید و بند کی تہہ در تہہ اور دبیز چادر کو اتار پھینکیں۔

حضور سرورِ کونین علیہ الصلوٰۃ والسلام کے اس حکم پر عمل کرنے والے ہر زمانے میں موجود رہتے ہیں یہی وہ لوگ ہیں جن کے دماغ پس پردہ عمل میں آنے والے مناظر کو براہِ راست دیکھتے ہیں اور سمجھتے ہیں۔ ان کا ذہن خیال اور تصور کے اندر بھی قدرت کے اشارے تلاش کر لیتا ہے۔ ایسے حضرات کے اندر غیر معمولی صلاحیتیں کام کرتی ہیں۔ اتنی غیر معمولی کہ جو چیزیں سامنے نہیں ہوتیں ان کو بھی سامنے لے آتے ہیں۔ مرنے سے پہلے مر جانے والے یعنی اس دنیا میں موت کی زندگی سے روشناس اور متعارف لوگ اتنی زبردست صلاحیت اور قوت کے مالک ہو جاتے ہیں کہ کائنات میں موجود ہر شے ان کے ذہن کے ساتھ حرکت کرتی ہے۔ فی الواقع یہ صلاحیتیں حیرت انگیز نہیں ہیں۔ البتہ ان کا تلاش کرنا بڑا اور بہت بڑا کارنامہ ہے۔

بات جنّات سے شروع ہوئی تھی۔ جنّات، آسیب، بھوت، پریت کا عقیدہ اس لئے چیستاں ہے کہ ہم نے اس زندگی سے راہ فرار اختیار کر رکھی ہے جو اس قسم کے تمام معاملوں کو حل کرتی ہے۔ یہ زندگی جو ہماری زندگی کا نصف حصّہ ہے لاشعوری زندگی ہے۔

## جسمِ مثالی اور معنویت:

قرآن پاک میں تفکّر کرنے سے یہ بات سامنے آتی ہے کہ کھانا جنّت میں بھی میّسر ہے اور کھانا دوزخ میں بھی میسر ہے۔ جنّت کا کھانا دودھ، پھل، فروٹ اور شہد ہے۔ اور دوزخ کا کھانا زقوم، تھور اور ایسی غذائیں ہیں جن سے آدمی کے اندر کراہت پیدا ہوتی ہے۔ بتانا یہ مقصود ہے کہ کھانے کا علم دونوں جگہ موجود ہے۔ کھانے کے اسباب اور سامان بھی دونوں جگہ موجود ہیں۔ لیکن دونوں کی معنویت



Marfat.com

الگ الگ ہے۔ جنّت کا کھانا اس لئے اچھاہے کہ اس کی معنویت اچھی ہے۔ بھوک کا جو علم ہے اس علم کے اندر جو مفہوم ہے وہ آرام و آسائش کا ہے۔ علیٰ ہذا القیاس دوزخ کے اندر بھوک کا جو علم ہے اس کے اندر کراہت، پریشانی، تکلیف اور آہ و بکا ہے۔ مختصر طور پر اِس بات کو اس طرح کہا جائے گا کہ یہ ساری کائنات دراصل ایک علم ہے۔ علم کی طرزیں یہ ہیں کہ اس میں معنی پہنائے جاتے ہیں۔ جسمِ مثالی ایک ایسی ایجنسی ہے جو علم میں معنی پہناتی ہے جب آدمی عالمِ ارواح سے نزول کر کے اس دنیا میں وارد ہوتا ہے تو جسمِ مثالی اس عالم کے اندر ایسے معنی و مفہوم اخذ کرتا ہے جس میں آدمی قید ہے، بند ہے، گرفتار ہے، ہر ہر قدم پر قید و بند میں بندھا ہوا ہے۔ جسمِ مثالی جب عالمِ ناسوت سے باالفاظ دیگر اس گوشت پوشت کے جسم سے اپنا رشتہ منقطع کر کے دوسرے عالم میں جاتا ہے، وہاں کی فضاء اور ماحول سے اپنے لئے ایک نیا لباس بناتا ہے تو اس کے معانی و مفاہیم بدل جاتے ہیں۔

## آسیب زدہ شخصیت :

دیکھا گیا ہے کہ زیادہ تر عورتوں اور کسی حد تک مَردوں پر جب جن آتا ہے تو ان کی شخصیت میں حیرت انگیز تبدیلی واقع ہو جاتی ہے، آواز بدل جاتی ہے۔ حیرت ناک قوت کا مظاہرہ ہوتا ہے بعض اوقات آسیب زدہ یا جن زدہ ایسی زبان بولتا ہے جو وہ خود نہیں جانتا، وہ شخص اپنا تعارف بھی ایک جن کی حیثیت سے کراتا ہے وغیرہ وغیرہ۔ اس کی عِلمی توجیہہ اس طرح سے ہے کہ پوری نوع انسانی میں کوئی شخص ایسا نہیں ہے جس کو کبھی کبھی ایسی صلاحیتوں کا تجربہ نہ ہوا ہو چاہے بیداری میں یا خواب میں۔ انسانی حواس دو طرح کام کرتے ہیں۔ براہ راست اور بالواسطہ، بالواسطہ کام کرنے کا مطلب یہ ہے کہ ہم آنکھوں سے دیکھتے، کانوں سے سنتے، ہاتھوں سے پکڑتے اور پیروں سے چلتے ہیں۔ حواس کے اِس براہِ راست کام کرنے کا مطلب یہ ہے کہ ہم بغیر جسمانی نظام کی مدد کے خواب میں خود کو چلتے پھرتے غرض ہر وہ کام کرتے دیکھتے ہیں جو بیداری میں ہم سے سرزد ہوتا ہے۔ حالانکہ ہمارا جسم بالکل مُعطّل ہے۔

کبھی کبھی بیداری میں بھی حواس براہ راست کام کرنے لگتے ہیں اور اعصابی نظام بالکل معطّل ہو جاتا ہے۔ حتیٰ کہ حافظہ بھی کام نہیں کرتا مرض" کابوس" اس کی مثال ہے۔ سوال مرض کا نہیں۔ حواس کے براہ راست کام کرنے کا ہے "کابوس" کی حالت میں آدمی اپنے بستر سے اٹھتا ہے، کپڑے بدل کر دفتر جاتا ہے، وہاں کام کرتا ہے، واپس آکر کپڑے بدل کر سو جاتا ہے لیکن اسے یہ قطعی یاد نہیں رہتا میں نے سونے کی حالت میں کیا عمل کیا ہے؟ یہ بھی حواس کے براہ راست استعمال ہونے کی ایک طرز ہے۔ یہی کابوس کی کیفیت ہپناٹزم کے ذریعے اِنسان پر مُسلّط کر دی جاتی ہے۔ تو اس وقت بھی وہ بالکل بے ارادہ ہو کر عامل کے حکم کی تعمیل کرتا ہے۔ بیداری میں یہ کیفیت بعض اوقات از خود مُسلّط ہو جاتی ہے۔ کوئی دوسرا شخص اسے ہپناٹائز نہیں کرتا بلکہ وہ خود ہی اپنے آپ کو ہپناٹائز کر لیتا ہے۔ یہ اس وقت ہوتا ہے جب کسی جذبہ رجحان یا تقاضہ میں اتنی شدت پیدا ہو جائے کہ یہ شدت اعصاب کو مفلوج کر دے جیسے ہی اعصاب مفلوج ہوتے ہیں حواس کا براہ راست استعمال شروع ہو جاتا ہے۔ شدت کی وجہ سے حواس کا رویّہ معاندانہ ہوتا ہے۔ اعصاب کے مفلوج ہو جانے سے جن خلیوں میں یادداشت کا ریکارڈ رہتا ہے وہ اپنا عمل ترک کر دیتے ہیں اور یادداشت کی ترتیب ختم ہو



Marfat.com

جاتی ہے۔ اب حواس اس عادت کی بناء پر ایک کہانی بنالیتے ہیں اور اپنے ہی جسم پر وہ کہانی عملاً استعمال کرتے ہیں کہتے ہیں کہ فلاں جن ہوں، میرا نام یہ ہے، میں چڑیل ہوں، میں فلاں ہوں وغیرہ وغیرہ۔

براہ راست فعل کی وجہ سے حواس بہت سی ایسی باتوں کا بھی انکشاف کردیتے ہیں جو پس پردہ ہوتی ہیں۔

## نسمہ اور نمک:

قانون یہ ہے کہ ہر آدمی روشنیوں کے تین پَرَت LAYERS سے مُرکّب ہے۔ سب سے پہلے پَرَت کو عرف عام میں ہیولیٰ یا سائنسی زبان میں AURA کہتے ہیں یہ ہر آدمی کے جسم سے 9 انچ اوپر روشنی کا بنا ہوا مکمل اور مجسم آدمی ہوتا ہے اور یہ جسم یا پَرَت خاکی جسم کو متحرک رکھتا ہے یا یوں سمجھئے کہ یہ جسم رُوح اور گوشت پوست کے بنے ہوئے جسم کے درمیان میڈیم ہے۔ قلندر بابا اولیاءؒ نے اس جسم کو نسمہ کہا ہے اور بہت سے لوگ اسے جسم مثالی بھی کہتے ہیں یہی ہمزاد بھی کہلاتا ہے۔ جسم مثالی کی تحریکات اور جسم مثالی کے خیالات و تصوّرات ہی دراصل آدمی کی زندگی قرار پاتے ہیں اگر جسم مثالی کے اندر تحریکات تعمیر سے متعلق ہیں تو آدمی تعمیری زندگی بسر کرتا ہے اور اگر جسم مثالی میں تخریبی طرزیں ہیں تو آدمی تخریب کی طرف مائل ہو جاتا ہے۔

اگر جسم مثالی متحرّک ہو جاتا ہے یا اس کی طاقت بڑھ جاتی ہے تو ایسی باتیں سرزد ہونے لگتی ہیں جو عقل و فہم میں نہیں آتیں۔ اگر کسی گھر میں موجود صاحب یا صاحبہ کا جسم مثالی متحرک ہو گیا ہو اور ان سے جسمانی طرز پر بھی تخریبی اعمال سرزد ہو رہے ہوں تو جسم مثالی متحرک ہو جانے کی وجہ سے بھی براہ راست ایسے اعمال سرزد ہونے لگتے ہیں جن میں تخریب ہے۔

جسم مثالی متحرک ہونے کی دو وجوہات ہو سکتی ہیں۔ ایک کسی عامل کی نگرانی کے بغیر بہت زیادہ وظائف پڑھنا اور دوسرے کھانوں میں مٹھاس کی نسبت نمک کا زیادہ استعمال ہونا۔ اگر پہلی وجہ ہے تو وظائف کو فوراً ترک کر دینا چاہئے گھر میں اگر پسا ہوا نمک استعمال ہوتا ہو تو اس کو ترک کر دینا چاہئے کیونکہ اس میں جپسم کی ملاوٹ ہوتی ہے اس کے ساتھ ساتھ کھانوں میں نمک کم کر کے چوتھائی کر دیں اور نسبتاً میٹھا زیادہ استعمال کریں جلد ہی مٹھاس اور نمک کا توازن اعتدال پر آجائے گا۔

حوالہ جات:

1۔ کتاب "کشکول" از الشیخ خواجہ شمس الدین عظیمی، موضوع 239، صفحہ نمبر 167

2۔ کتاب "رُوحانی ڈاک" از الشیخ خواجہ شمس الدین عظیمی، موضوع بھوت، صفحہ نمبر 72



Marfat.com

# ماخذ کتب کے حوالہ جات


| نمبر شمار | مصنف | کتب |
|---|---|---|
| 1 | خواجہ شمس الدین عظیمی | 1- محمد رسول اللہ ﷺ جلد اول |
| | | 2- محمد رسول اللہ ﷺ جلد دوم |
| | | 3- محمد رسول اللہ ﷺ جلد سوم |
| | | 4- ذات کا عرفان |
| | | 5- توجیہات |
| | | 6- رُوحانی ڈاک |
| | | 7- رُوح کی پکار |
| | | 8- شرح لوح و قلم |
| | | 9- رُوحانی نماز |
| | | 10- کشکول |
| | | 11- خطبات لاہور |
| | | 12- تجلیات |
| | | 13- کتابچہ نیر نجات |
| | | 14- اللہ کے محبوب |
| | | 15- احسان و تصوف |
| | | 16- آگہی |
| | | 17- خواب اور تعبیر |
| | | 18- باران رحمت |
| | | 19- صدائے جرس |
| | | 20- نظریہ رنگ و نُور |
| | | 21- رُوحانی ڈاک جلد اول، دوم، سوم، چہارم |
| | | 22- خطبات ملتان |
| | | 23- قلندر شعور |
| | | 24- شرح رباعیات |
| | | 25- شرح لوح و قلم |




Marfat.com

2 میاں مشتاق احمد عظیمی

3 سیّدہ سعیدہ خاتون عظیمی

26۔ رُوحانی نماز
27۔ 101 اولیاء اللہ خواتین
28۔ اسم اعظم
29۔ آوازِ دوست
30۔ ماہنامہ رُوحانی ڈائجسٹ
31۔ ماہنامہ قلندر شعور
32۔ آدابِ مریدین
33۔ خانقاہی نظام
34۔ یہ تیرے بندے
35۔ معرفت عشق



Marfat.com



Marfat.com



Marfat.com